فَاسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ؕ

○

اِمْدَادُ الْاَحْکَام

امداد الفتاویٰ کا تکملہ جو سنہ ۱۳۴۰ھ کے بعد کے تقریباً سوا دو ہزار
فتاویٰ پر مشتمل ہے،

تالیف

حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانیؒ ② حضرت مولانا مفتی عبدالکریم صاحب گمتھلویؒ

زیر نگرانی و رہنمائی

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ

جلد سوم

ناشر

زکریا بکڈپو دیوبند ضلع سہارنپور

Made searchable using ScribeTools.com

نام کتاب :- امداد الاحکام جلد سوم
تالیف :- حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ
تبویب :- مولانا محمود اشرف عثمانی مولانا رفیع اللہ عثمانی
ترتیب و مقدمہ :- مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب صدر دار العلوم کراچی
زیر ہدایت :- ذوالفقار علی
ناشر :- زکریا بکڈپو دیوبند، سہارنپور
فون نمبر :- ۲۳۲۲۳ - ۰۱۳۳۶
فیکس :- ۲۲۹۲۲ - ۰۱۳۳۶
طباعت :- اشرفی آفسیٹ پریس دیوبند

فہرست مضامین "امداد الاحکام" جلد سوم

مضمون	صفحہ
کتاب الزکوٰۃ	
پیشگی زکوٰۃ اگر زائد ادا کر دیجائے تو اسکا حکم۔	۱
وکیلِ زکوٰۃ کا زکوٰۃ کی رقم میں خیانت کرنا۔	〃
مسافر کو زادِ راہ کے واسطے زکوٰۃ دی اگر وہ مسافر بعد میں واپس کرے تو کیا زکوٰۃ ادا ہو جائیگی؟۔	۲
مدیون بدینِ مہر پر وجوبِ زکوٰۃ کا حکم۔	۳
مالِ مغصوب بالحرام پر وجوبِ زکوٰۃ کا حکم۔	
حکم ادائے زکوٰۃ بصورتِ سپردگی وکیل۔	۹
ادائے زکوٰۃ بلفظِ قرض اور اسمیں رجوع کی ایک صورت کا حکم۔	〃
زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس مال سے کوئی تجارت نہیں کی تو دوسرے سال اسپر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟	۱۰
بذریعۂ نوٹ زکوٰۃ ادا کرنیکا حکم۔	۱۱
کیا منی آرڈر کے ذریعہ زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے؟	〃
ایک شخص پر کئی سالوں کی زکوٰۃ واجب تھی، بعد میں مال ضائع ہوگیا، تو سنینِ گذشتہ کی زکوٰۃ اسپر واجب رہے گی یا نہیں؟۔	۱۲
ایک شخص اللہ واسطے محتاج کو زکوٰۃ کی نیت سے رقم دیدے تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں؟	
نوٹ سے زکوٰۃ ادا کرنیکا حکم۔	۱۳
حکم زکوٰۃ برمنافعِ کارخانہ۔	۱۴
امانتِ زکوٰۃ بطورِ قرض دینے کا حکم۔	۱۵
ختمِ سال پر جتنی رقم ہو سب پر زکوٰۃ واجب ہوگی	〃
دینِ محیط مانع وجوبِ زکوٰۃ ہے۔	۱۶
پراویڈنٹ فنڈ پر زکوٰۃ کا مسئلہ۔	〃
نابالغ کے نکاح میں والدین نے زوجہ کو زیور چڑھایا، بلوغ کے بعد والدین نے کہا کہ زیور ہم تمہیں ہبہ کر چکے ہیں، تو اس پر زکوٰۃ کب سے واجب ہوگی؟	۱۸
کیا موٹر پر زکوٰۃ ہے؟	۱۹
بیوی صاحبِ نصاب ہو تو زکوٰۃ و قربانی اسی پر واجب ہوگی۔	〃
زکوٰۃ یکمشت کے بجائے سال بھر میں تھوڑی تھوڑی ادا کرنا۔	۲۰
بذریعہ منی آرڈر زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟	〃
مقدارِ فرض سے زائد زکوٰۃ ادا کی تو وہ آئندہ سال زکوٰۃ میں محسوب ہو سکتی ہے یا نہیں؟	۲۲

مضمون	صفحہ
نصابِ زکوٰۃ کی تحقیق۔	۲۲
مسئلہ وجوبِ زکوٰۃ۔	۲۴
پراویڈنٹ فنڈ پر وجوبِ زکوٰۃ کا مسئلہ۔	〃
بینک کا دیوالہ نکل جائے تو اسمیں جمع کردہ روپے پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟۔	۲۵
مسئلہ وجوبِ زکوٰۃ۔	〃
مہرِ مؤجل مانعِ وجوبِ زکوٰۃ ہے یا نہیں؟	〃
قرض پر وجوبِ زکوٰۃ کی ایک صورت کا حکم۔	۲۶
مثل سوالِ مذکور۔	〃
اگر اپنے مال کے ساتھ زکوٰۃ کا مال بھی چوری ہوگیا، تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں؟۔	۲۷
حکم وجوبِ زکوٰۃ در زیورات۔	〃
مسئلہ زکوٰۃ۔	〃
قرض ہر حال میں مانعِ وجوبِ زکوٰۃ ہے۔	۲۸
مسودۂ زکوٰۃ بل کے بارے میں ایک استفتاء	〃
باب زکوٰۃ مال التجارۃ	
کتبِ تجارت میں زکوٰۃ کا حکم	۳۱
باب صدقۃ السوائم	
بکریوں کی زکوٰۃ کا حکم۔	۳۲
علوفہ اور تجارتی مواشی پر وجوبِ زکوٰۃ کا حکم۔	۳۳
باب العُشر والخراج	
مسجد کی زمین پر عُشر کا حکم۔	۳۵
زمینِ عُشری اور خراجی کی تعریف، اور بعض زمینوں کے عشری یا خراجی ہونے کی تحقیق	۳۵
انگریزی حکومت کو مالگذاری دینے سے عشر ادا نہ ہوگا۔	۳۷
ارضِ حربی میں عشر و خراج کا واجب نہ ہونا۔	〃
ہندوستان کی زمینوں پر عشر واجب ہے یا کیا؟۔	۳۸
وجوبِ عشر و خراج کی ایک صورت کا حکم۔	〃
حکومت کے لگان سے عشر ادا نہیں ہوتا۔	۳۹
کچی فصل کی کٹائی میں عشر ہے یا نہیں؟	〃
باب صدقۃ الفطر	
صدقۂ فطر کی ادائیگی میں دوسرے شہر کے بھاؤ کا اعتبار نہیں۔	۳۹
صدقۂ فطر میں غیر منصوص چیزوں میں قیمت کا اعتبار ہے۔	〃
چاول اور دھان سے صدقۂ فطر ادا کرنیکا حکم۔	۴۰
صدقۂ فطر میں موضع مال کی قیمت کا اعتبار ہوگا، یا صدقہ ادا کرنیکی جگہ کا؟۔	〃
صدقۂ فطر کئی مسکینوں کو دینا۔	۴۱
غیر منصوص اشیاء میں صدقۂ فطر ادا کرنیکا طریقہ۔	〃
وزنِ صاع کی تحقیق۔	۴۲
فطرہ اور چرمِ قربانی کی قیمت میں تملیک شرط ہے۔	۴۳
تحقیقِ مدارِ صدقہ۔	〃
غیر منصوص اشیاء میں قیمت کا اعتبار ہے۔	۴۴
صدقۂ فطر وصول کرنیکی غرض سے کمیٹیاں قائم کرنا۔	۴۵

مضمون	صفحہ
باب المصارف	
سو بیگھہ زمین کے مالک کا عیالدار ہونیکی صورت میں زکوٰۃ لینا۔	۴۵
تراویح سُنانیوالے کو اجرت میں دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی۔	۴۶
بیوی، شوہر، باپ اور بیٹے کو صدقہ دندہ دینا جائز نہیں۔	〃
زکوٰۃ کے روپیہ سے ضیافت کرکے فقیروں کو کھانا کھلانا۔	۴۷
کافر کو زکوٰۃ و دیگر صدقاتِ واجبہ دینے کے متعلق "بہشتی زیور" کے مسئلہ پر شبہ کا جواب۔	〃
اپنے لڑکے کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں۔	۴۹
جس پر قربانی واجب ہو، زکوٰۃ واجب نہ ہو، وہ زکوٰۃ لے سکتا ہے؟	〃
ایضاً ایضاً ایضاً	〃
الاحتیاط اللازم فی التصدق علی بنی ہاشم۔	۵۰
رسالہ رفع التشکیک فی دفع الزکوٰۃ بالتملیک۔	۵۵
مبلغین کی تنخواہ میں زکوٰۃ صرف کرنا۔	۸۲
اولویت صرفِ زکوٰۃ ببلدے کہ مال موجود باشد۔	۸۶
واپسی زکوٰۃ کی ایک صورت کا حکم	۸۷
وکیل نے زکوٰۃ کی رقم ہاشمی کو دیدی تو وکیل پر ضمان لازم آئیگا یا نہیں؟۔	۸۸
ہاشمی کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ہے۔	۸۹
بغیر اجازتِ مزکی غیر مصرف میں زکوٰۃ خرچ کرنے کا حکم۔	۸۹
مدارسِ عربیہ میں زکوٰۃ دینے کے متعلق ایک استفتاء مشتمل بر چند سوالات۔	۹۰
مالِ وصیت بالتصدق سے اغنیاء کو دینا۔	۹۵
صاحبِ نصاب کے لئے زکوٰۃ، صدقۂ فطر وغیرہ لینے کا حکم۔	〃
جسکا صرف باپ سید ہو اسکو زکوٰۃ دینا کیسا ہے؟	۹۶
کمپنی کے شیئرز کی زکوٰۃ	
ریلوے کمپنی کے حصص پر وجوبِ زکوٰۃ کا حکم۔	۹۷
کتاب الصوم	
افطار میں جلدی کرنا۔	۹۸
حکم صوم یوم الشک	۱۰۰
مسجد میں افطار کرنا جائز ہے یا نہیں؟۔	۱۰۳
ایضاً ایضاً ایضاً	
تفصیل الآثار فی تعجیل الافطار۔	۱۰۴
نیتِ معلق سے صوم متحقق نہیں ہوتا۔	۱۰۸
سحری کے وقت طلوعِ فجر سے قبل اذان دینے کا حکم۔	۱۰۹
حکم افطار قبل از اذان۔	۱۱۰
فصل فی رویۃ الہلال	〃

Made searchable using ScribeTools.com

مضمون	صفحہ
رویتِ ہلال کی شہادت عید کے دن طلوعِ آفتاب سے قبل مِل جائے تو کیا حکم ہے؟	۱۱۰
کیا خط اور تار کے ذریعہ رویتِ ہلال کی خبر معتبر ہے؟	۱۱۲
تحقیق رویت ہلال در حالتِ غیم وقبولِ شہادت وغیرہ	〃
رویتِ ہلال اور صوم یوم الشک کے بارے میں ایک استفتاء۔	۱۱۷
شعبان کے تیس دن پورے ہونے پر چاند نظر نہ آئے تو کیا حکم ہے؟۔	۱۱۹
رویتِ ہلال کے متعلق ایک استفتاء	۱۲۰
خط اور ٹیلیفون کے ذریعہ رویت ہلال کی خبر کا حکم۔	۱۲۱
رویتِ ہلال کے متعلق سرکاری فتاویٰ کا حکم۔	۱۲۲
ثبوتِ رویت کے بارے میں۔	〃
ٹیلیفون کے ذریعہ رویتِ ہلال کی خبر کا اعتبار ہے یا نہیں؟۔	۱۲۵
فصل فیما یفسد الصوم وما یکرہ للصائم	
روزہ کی حالت میں سعوطِ تمباکو منہ میں رکھنا۔	۱۲۸
ادخالِ منتہائے بواسیری بیدِ مبلولہ در صوم۔	〃
طاغوتی ٹیکہ لگوانا مفسدِ صوم ہے یا نہیں؟۔	۱۳۰
بعد افطار انداماً نہانی دوا رکھی جو بحالتِ صوم باقی رہی تو کیا حکم ہے؟۔	۱۳۳
طاغوتی ٹیکہ اور فصد لگوانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔	〃
صومِ معذور کا حکم۔	۱۳۴
کیا اگر بتی کا دھواں حلق میں جانے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے؟۔	۳۴
فصل فی القضاء والکفارۃ	
مسافر روزہ افطار کرلے تو کفارہ نہیں۔	۱۳۵
کفارہ میں بہت بوڑھے کو کھلانا جائز ہے۔	〃
حکم نیتِ کفارۂ رمضان بالتعلیق۔	۱۳۶
کفارۂ صوم میں رمضان کا توسط مبطل تتابع ہے۔	〃
نذر روزے اگر کسی عذر کیوجہ سے نہ رکھ سکے تو کتنا کفارہ ہوگا؟	۱۳۷
استفتاء متعلق کفارۂ صوم۔	〃
فصل فی الاعذار المبیحۃ للافطار	
فصل کی کٹائی کے لئے روزہ افطار کرنیکا حکم۔	۱۳۸
عذر کی بناء پر افطار کرنیوالے کو افطار کا اعلان نہیں چاہیئے؟	۱۳۹
عورت کو حالتِ روزہ میں حیض آجائے تو کھا پی سکتی ہے یا نہیں؟	〃
معذور کے لئے افطار کا حکم۔	۱۴۰
فصل فی صوم النذر والقضاء	
قضا روزے رکھنے والا اگر مطلق قضاء رمضان کی نیت کرے۔ تو کیا حکم ہے؟	۱۴۱

مضمون	صفحہ
باب الاعتکاف	
معتکف کیلئے مسجد میں رتج صادر کرنیکا حکم۔	۱۴۱
معتکف کیلئے خارج مسجد نماز ادا کرنیکا حکم۔	۱۴۲
معتکف حاجتِ ضروریہ سے نکلنے کے بعد کیا غسل جمعہ کرسکتا ہے؟	〃
گاؤں میں اعتکاف کرنیوالے کیلئے نماز جمعہ کا حکم۔	〃
کسی عذر کی بناء پر اعتکاف نہ کرنیکا حکم۔	۱۴۳
سحری کھانے کے بعد کلی کرنے کے لئے معتکف کا مسجد سے نکلنا۔	۱۴۴
جو حجرہ جزوِ مسجد نہ ہو اسمیں اعتکاف باطل ہے۔	۱۴۵
کیا معتکف اذان دینے کے لئے مسجد سے باہر جاسکتا ہے؟	〃
معتکف مسجد میں جہاں چاہے اُٹھ بیٹھ سکتا ہے۔	〃
معتکف کے بارے میں متعدد سوالات پر مشتمل ایک استفتاء۔	〃
عشرۂ اخیر کامل کا اعتکاف سنتِ مؤکدہ ہے۔	۱۴۶
معتکف کے متعلق متعدد سوالات پر مشتمل ایک اور استفتاء۔	۱۴۸
مثل استفتاءِ مذکور۔	۱۴۹
اعتکاف میں مسجد کی خدمت کرنا۔	۱۵۰
اعتکاف میں ورزش کرنا اور خط لکھنا۔	〃
جسکو زکام کا عارضہ ہو کیا وہ مسجد میں اعتکاف کرسکتا ہے؟	〃
کتاب الحج!	
فصل فیمن یفرض علیہ الحج	
صاحبِ استطاعت معذور شخص کے حج کا حکم۔	۱۵۱
جس کے پاس صرف جائیداد ہو اس پر وجوبِ حج کا حکم۔	۱۵۲
تعمیرِ مکان سے حجِ فرض مقدم ہے	۱۵۴
جسکا ذریعۂ آمدنی صرف جائیداد ہو تو کیا اس پر حج فرض ہے؟	〃
ایضاً ایضاً ایضاً	۱۵۵
اولاد ادائے قرض کا وعدہ کرے تو مدیون باپ کو حج پر جانا جائز ہے۔	〃
مہرِ مؤجل مانعِ وجوبِ حج نہیں ہے۔	۱۵۶
عورت بے پالک لڑکے یا ہمسایہ عورتوں کے ساتھ حج پر نہیں جاسکتی۔	〃
مسئلہ وجوبِ حج علی الفور اور کیا	۱۵۷
بعد وجوب حج وہ رقم حوائجِ ضروریہ میں صرف کرنا جائز ہے۔	〃
ادائے حج سے قبل زیارتِ روضۂ اقدس کا حکم۔	۱۵۸
کیا ہندو سے روپیہ قرض لیکر حج کرنا بہتر ہے؟	۱۵۹
جس نے حج فرض ادا نے سے پہلے کرلیا تو کیا فرض ادا ہو جائے گا؟	〃
کیا حجام سفر میں اپنا پیشہ اختیار کرسکتا ہے؟	〃

مضمون	صفحہ
بارہویں کی رمی زوال سے پہلے جائز نہیں۔	١٦٠
کیا بارہویں کو بعد مغرب طوافِ زیارت ہوسکتا ہے؟۔	〃
حج فرض ہونیکے بعد اسمیں تاخیر کرنا جائز نہیں۔	〃
کسی نے راستہ کے مخدوش ہونیکی وجہ سے حج نہ کیا پھر مال خرچ ہوگیا تو کیا حکم ہے۔	١٦١
جس روپیہ سے زکوٰۃ نہیں نکالی اس سے اور قرض کے روپیہ سے حج کرنا۔	〃
بدونِ عذر رمی میں نیابت کا حکم۔	١٦٢
کیا بیت اللہ دیکھنے سے بچہ پر حج فرض ہوجاتا ہے؟۔	١٦٣
ملازمت ختم ہونیکے خوف سے حج میں تاخیر کرنا۔	
صاحبِ جائیداد وسیع کے پاس نقد روپیہ نہ ہو تو کیا ہندو سے سودی قرض لیکر حج کرسکتا ہے؟۔	١٦٤
اشہرِ حج میں حج سے پہلے مدینہ جانا جائز ہے۔	١٦٥

فصل فی الاحرام وما ہو محذور فیہ

محرم یا حلال کا حدودِ حرم کے اندر شکار لانے کے متعلق غنیۃ اور زبدہ کی عبارتوں میں تعارض کی تحقیق۔	١٦٦
احرام میں اعذارِ متعددہ کیوجہ سے مختلف سلے ہوئے کپڑے پہننے سے کفارہ واحدہ واجب ہوگا یا متعددہ؟	١٧٢
رفضِ احرام حج سے ایک دم اور ایک حج لازم ہوگا یا دو دم اور دو حج؟	١٧٤
احرام میں ازار بدلنا جائز ہے۔	١٧٦
احرام میں ہمیانی باندھنے کا حکم۔	١٧٧
محظوراتِ احرام کا ارتکاب عمداً کرے اور دم وصدقہ ادا کرنے سے عاجز ہو تو کیا حکم ہے؟	〃
عورت حالتِ احرام سے چہرہ کس چیز سے ڈھانپے؟	١٧٩
حالتِ احرام میں عورت کو مردانہ جوتا پہننا کیسا ہے؟	〃
مکہ جانے کا ارادہ نہ ہو تو میقات سے احرام باندھنے کا حکم۔	١٨٠
محرم عینک لگا سکتا ہے یا نہیں؟	〃

فصل فی القِران والتمتع

آفاقی جدہ سے احرام باندھ کر عمرہ کرکے مدینہ چلا جائے تو واپسی میں قِران یا تمتع کرسکتا ہے یا نہیں؟	〃

فصل فی الوصیۃ بالحج والحج عن الغیر

حج بدل کرنیوالے کیلئے تمتع کا حکم۔	١٨٢
ایصال الخیر فی مسائل الحج عن الغیر	١٨٤

مضمون	صفحہ
والدین کی طرف سے حج بدل کرنا جبکہ انہوں نے وصیت نہ کی ہو۔	١٨٨
حج بدل کرنے والے کے پاس خرچ نہ رہے اور وہ قرض لے تو کیا حکم ہے؟۔	〃
اجنبی کے مال سے بغیر وصیت واذنِ ورثہ حج بدل کی ایک صورت۔	١٨٩
متعلق حجِ بدل۔	١٩٠
مامور اپنی جائے قیام سے حج کرے تو کیا حج آمر کا صحیح ہوجائے گا؟۔	١٩٣
حجِ بدل میں واپسی شرط نہیں۔	١٩٤
ایضاً ایضاً	〃
معذور کے حجِ بدل کرانیکی ایک صورت کا حکم۔	١٩٥
حجِ بدل اور ضمانِ مامور کی ایک صورت کا حکم۔	١٩٦
جس نے اپنا حج نہ کیا ہو اس کے حج بدل کرنے کا حکم۔	١٩٧
سفرِ حج سے عاجز ہونے کی صورت میں حجِ بدل کرانے کا حکم۔	١٩٨
حج بدل کی ایک صورت کا حکم۔	〃
جس نے اپنا حج نہ کیا ہو اسکے حجِ بدل کا حکم۔	١٩٩

بحری اور ہوائی جہازوں پر سفر اور متعلقہ احکام

ہوائی جہازوں میں وقوفِ عرفہ اور طوافِ کعبہ کا حکم۔	〃

کتاب النکاح

دولہا نے وقتِ نکاح صرف الحمد للہ کہا تو کیا حکم ہے؟	٢٠١
منگنی کے وقت کا ایجاب وقبول ایک قسم کا وعدہ ہے۔	〃
منگنی میں اولیاءِ طرفین کا ایجاب وقبول ایک قسم کا وعدہ ہے۔	٢٠٣
نکاح بیوہ کا حکم۔	〃
زنا سے حاملہ کے نکاح کا حکم۔	٢٠٣
سنّی عورت کا شیعہ کے ساتھ نکاح کا حکم۔	〃
اس شرط کیساتھ نکاح کرنا کہ بیوی شوہر کے وطن سے باہر نہیں جائیگی۔	٢٠٥
حلالہ کے بعد نکاح کا حکم جبکہ محلِّل منکرِ وطی ہو۔	٢٠٧
منگنی کے وقت ایجاب وقبول کا حکم۔	٢٠٨
مشرک عورت کو جبراً مسلمان کرکے اس سے نکاح کرنا۔	٢١٠
حکم نکاح سنّیہ بارافضی۔	٢١١
جو زوجِ اوّل سے اپنا مطلقہ ہونا بیان کرے اس سے نکاح کرنا۔	٢١٣
اس شرط پر نکاح کرنا کہ پانچ سال یہاں رہنا ہوگا	٢١٦
مطلقہ ثلاثہ کا بغیر حلالہ کے نکاح کرنیکا حکم۔	〃
نومسلمہ محصنہ کو دارالاسلام میں لاکر نکاح کرنیکا حکم۔	٢١٧

Made searchable using ScribeTools.com

مضمون	صفحہ
زنا سے نکاح نہیں ٹوٹتا۔	۲۱۹
مطلقہ ثلاث نے مرتد ہوکر کافر سے نکاح کر لیا اگر اس نے طلاق دی تو کیا مسلمان ہونے کے بعد وہ زوج اوّل کیلئے حلال ہوگئی۔	〃
حکم نکاح بالکتابت۔	۲۲۰
رافضی کے ساتھ سنّی لڑکی کی نکاح کے بعض صورتوں کی تفصیل۔	۲۲۱
بوقتِ نکاح غلطی سے دوسری لڑکی کا نام بتا دیا تو کیا حکم ہے۔	۲۲۶
کیا بیوہ یا مطلقہ پر والد کے حکم سے نکاحِ ثانی فرض ہو جاتا ہے۔	۲۲۷
جوازِ نکاح بالکتابت کی ایک صورت۔	〃
احکامِ وطی زوجۂ صغیرہ۔	۲۲۸
بصیغۂ حال قبول کافی ہے یا نہیں؟	۲۳۰
بوقتِ نکاح لڑکی نام سننے میں لڑکے کو اشتباہ ہوگیا مگر وہ لڑکی کو جانتا ہے۔	〃
نکاح کو مخفی رکھنا گناہ ہے۔	۲۳۱
زنا سے نکاح فاسد نہیں ہوتا	۲۳۲
اجنبی عورت اور سردیہ کہیں کہ ہمارے نکاح میں کوئی شرعی امر مانع نہیں تو کیا قاضی انکا نکاح کرا سکتا ہے؟	۲۳۳
استفتاء ضمیمۂ سابق۔	۲۳۴
نکاحِ سرّی کی تعریف اور اس کا حکم۔	۲۳۷
حرّہ عورت کو خریدنا اور اپنے ساتھ اسکا نکاح کرنا۔	〃
چار بیویوں میں سے ایک کا انتقال ہو جائے تو دوسری عورت سے فوراً نکاح جائز ہے۔	۲۳۸
لونڈی سے کراہتِ نکاح کی وجہ۔	〃
عورت مجلسِ نکاح میں موجود ہو تو شاہدوں کو نام وغیرہ بتانا ضروری نہیں۔	〃
ولی کی طرف اضافت کی ایک صورت کا حکم۔	۲۳۹
مسئلہ نکاح۔	۲۴۰

فصل فی المحرمات

مضمون	صفحہ
ممانی اور چچی سے نکاح جائز ہے۔	۲۴۲
ولدِ زانی کے مزنیہ کی بیٹی سے نکاح کی ایک صورت کا حکم۔	〃
بھتیجے کی بیوہ سے نکاح جائز ہے۔	۲۴۴
جمع بین الاختین کے متعلق ایک استفتاء۔	۲۴۵
دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے۔	〃
زانی کی اولاد کا نکاح فروعِ مزنیہ سے جائز ہے۔	۲۴۶
ایضاً ایضاً	۲۴۷
سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح جائز ہے۔	〃
کیا بیوی کے انتقال کے فوراً بعد سالی سے نکاح جائز ہے؟۔	〃
سوتیلی والدہ کی بہن سے نکاح جائز ہے۔	۲۴۸
اپنے بیٹے کی سالی سے نکاح جائز ہے۔	۲۴۹
ماں کے شوہر کی بیٹی سے نکاح جائز ہے۔	〃
سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح جائز ہے۔	۲۵۰

مضمون	صفحہ
بیوی کے انتقال کے بعد فوراً سالی سے نکاح جائز ہے۔	۲۵۰
ساس کی سوتیلی ماں محرمات میں داخل نہیں ہے۔	〃
حکم نکاح دختر پسر اخت عینیہ و علاتیہ و اخیافیہ۔	〃
مزنیہ کے لڑکے سے زانی کی لڑکی کے نکاح کا حکم۔	۲۵۱
باپ کی ربیبہ سے نکاح جائز ہے۔	〃
رضیعہ مزنیہ سے نکاح حرام ہے۔	〃
حکم نکاح کتابیہ۔	۲۵۴
پھوپھی، بھتیجی ایک نکاح میں جمع نہیں ہو سکتیں۔	۲۵۵

فصل فی الانکحۃ الفاسدۃ

مضمون	صفحہ
شوہر قید ہو تو زوجہ کا نکاحِ ثانی کرنا باطل ہے۔	۲۵۵
غیر کی منکوحہ سے نکاح باطل اور اسکی اولاد حرامی ہے	۲۵۷
زوجۂ عنین کا بغیر طلاق کے نکاحِ ثانی کرنا باطل ہے	۲۵۸
زوجہ کی موجودگی میں اسکی بھانجی سے نکاح فاسد ہے۔	۲۵۹
غیر کی منکوحہ سے نکاح کرنا اور اس سے اولاد ہونا۔	۲۶۰
عورت کا عدتِ وفات میں نکاح کرنا اور شرائطِ متارکہ۔	۲۶۲
مزنیہ کی بیٹی سے نکاح کا حکم اور طریق متارکت۔	۲۶۷
باپ نے نابالغہ کا نکاح کیا، بعد میں معلوم ہوا شوہر مشرابی ہے۔	۲۶۸
عدتِ وفات میں نکاح کرنے اور چھ ماہ بعد تجدیدِ نکاح کرنے کا حکم۔	۲۶۹
نکاحِ باطل و فاسد کی تعریف اور مزید چند صورتوں کا حکم۔	۲۷۲
نکاحِ معتدہ۔	۲۷۶
نومسلمہ سے قبل از انقضاءِ عدت نکاح کا حکم۔	۲۷۷
حکم نکاح بین الرضیعین۔	〃
نومسلمہ سے قبل از انقضاءِ عدت نکاح جائز نہیں۔	۲۸۰
دورانِ عدت نکاح کی خاص صورت کا حکم۔	〃
ایضاً ایضاً	۲۸۱
اقرار نامہ کے خلاف ورزی کی صورت میں بیوی کے نکاحِ ثانی کی ایک صورت۔	۲۸۴

فصل فی الاولیاء والاکفاء

مضمون	صفحہ
نابالغہ کا نکاح چچا نے کر دیا اور ماں ناراض ہے۔	۲۸۵
والدین کی رضامندی سے نکاح ہو تو لڑکی کو خیارِ بلوغ نہیں ہے۔	۲۸۶
ولیِ ابعد نکاح کرا دے اور ولی اقرب سکوت اختیار کرے تو کیا حکم ہے۔	〃
احکامِ کفاءت اور نسب مرد میں معتبر ہے یا عورت میں؟	۲۸۸
جہاں سیدہ کا نکاح غیر سید کے ساتھ عار سمجھا جاتا ہو وہاں یہ دونوں کفو نہیں ہیں۔	۲۸۹
دھوکہ سے غیر کفو میں نکاح کا حکم۔	۲۹۰
مسلمان کنندہ کی ولایت سے نابالغہ نومسلمہ کے نکاح کا حکم۔	۲۹۴
چودہ سال کی عمر میں لڑکی کا دعویٰ بلوغ اور باپ کا غیر کفو میں بلا اجازت نکاح کرنا۔	۲۹۵

مضمون	صفحہ
حکم تولیت نکاحِ یتیمہ ۔	۲۹۸
گونگے نے اشارہ سے اذن دیکر نابالغہ لڑکی کا نکاح کرادیا تو کیا حکم ہے؟	۲۹۹
صورت ولایتِ نکاح و جائیدادِ نابالغان ۔	۳۰۰
کفارت کا اعتبار مرد کی جانب سے ہے ۔	۳۰۱
بالغہ حرہ کا نکاح بلا اجازت اسکے باپنے کردیا۔	۳۰۲
ماموں اور خالو نے بالغہ کا نکاح بلا اسکی اجازت کے کردیا تو کیا نکاح ہو جائیگا۔	۳۰۳
باپ کا لڑکی کے نکاح پر روپیہ طلب کرنا کیا اسکی رضامندی کی دلیل ہے ۔	۳۰۶
قاضی ولی کی غیر موجودگی میں نابالغ لڑکے اور لڑکی کا ایجاب وقبول کرادے تو کیا حکم ہے ۔	۳۰۷
ماں کی ولایت سے نابالغ کے نکاح کی ایک صورت ۔	۳۰۸
ماموں نے نابالغ بھائی کی موجودگی میں نابالغہ کا نکاح کردیا۔	۳۰۹
جس گونگی بہری لڑکی کا کوئی ولی نہ ہو اس کا نکاح کس طرح کیا جائے۔	۳۱۱
اب وجد کے کیئے ہوئے نکاحِ صغیر میں خیارِ بلوغ نہ ہونے کی دلیل ۔	〃
نابالغہ لڑکی کا غیر کفو میں بلا اجازتِ اولیاء نکاح باطل ہے ۔	۳۱۳
باپنے نابالغہ لڑکی کا نکاح کیا بعد میں معلوم ہوا کہ لڑکا شرابی اور فاسق ہے ۔	۳۱۴
ولایت نکاح میں حقیقی بہن ماموں اور اخیافی بھائی سے مقدم ہے	۳۱۵
ولی نے نابالغہ کا حقِ نکاح ماں کو دیا، ماں نے نکاح کردیا پھر ولی نے بھی کسی اور سے نکاح کردیا۔	۳۱۵
بالغہ بدونِ اذنِ ولی کفو میں مہرِ مثل سے کم پر اپنا نکاح کرے تو نکاح صحیح ہوگا یا نہیں۔	۳۱۶
نکاحِ بالغہ کی ایک صورت کا حکم ۔	۳۱۹
باپ نے ایک جگہ نکاح کی وصیت کی تو ولی دوسری جگہ نکاح کرسکتا ہے ؟	۳۲۲
باپ بالغہ کا نکاح اس کے اذن سے غیر کفو میں کردے تو نکاح ہو جائیگا۔	〃
ولی خود نابالغہ سے نکاح کرے تو کس کی ولایت سے نکاح ہوگا۔	۳۲۳
دھوکہ سے غیر کفو میں نکاح ہوگیا تو فسخ نکاح کا حق ہوگا ۔	۳۲۶
بیان الحق والصواب فی مسئلۃ الکفاءۃ بالانساب	۳۲۷
باب الوکالۃ بالنکاح !	
ولی نے بوقتِ نکاح عورت کے نام میں غلطی کردی تو نکاح نہیں ہوا ۔	۳۵۰
معتدہ نے کسی کو وکیل بنایا، جب اس نے نکاح کروادیا تو کسی اور سے خود نکاح کرلیا ۔	۳۵۱
غیر ولی کی اجازت طلب کرنے پر بالغہ کا سکوت اذن سمجھا جائیگا یا نہیں ؟	۳۵۲
حکم بایجابِ وکیل بالفاظ اذن دادہ است ۔	۳۵۴

مضمون	صفحہ
فصل فی الجہاز والمہر	
زوجہ کے مہر میں مبلغ اضافہ کرنا ۔	۳۵۴
ناقابلِ جماع عورت کے مہر کا حکم۔	۳۵۵
ولی صغیرہ کے معاف کرنے سے مہر ساقط نہیں ہوتا	۳۵۶
مطالبہ مہر کیواسطے ڈگری کرنا جائز ہے یا نہیں۔	۳۵۷
الزیادۃ فی مہر احدی الزوجتین بعد العقد ھل توجب تسویۃ الاخری فیہا أم لا ؟	〃
رضاعی بہن سے لاعلمی میں نکاح ہوجائے تو اس کے مہر کا حکم۔	۳۶۲
مہر کو یکمشت ادا کیا جائے یا قسط وار ۔	۳۶۳
حکم منع المرأۃ نفسہا عن زوجہا بقبض المعجل۔	۳۶۴
صحیح مہر معلوم نہ ہو اور وارث کے دعوی پر گواہ نہ ہو تو مہرِ مثل پر فیصلہ ہوگا۔	۳۶۵
جس کی مہر ادا کرنے کی نیت نہ ہو تو کیا اس کی اولاد کو ولد الحرام کہہ سکتے ہیں ۔	۳۶۶
مجلسِ نکاح میں زیادتِ مہر کے لئے دوبارہ نکاح پڑھا گیا تو کونسا مہر واجب ہوگا۔	〃
جو عورت جماع کے قابل نہ ہو اسکے مہر کا حکم۔	۳۶۸
ایضاً ایضاً ۔	۳۷۰
جہیز وغیرہ دینے کا حکم۔	۳۷۱
ادائیگی مہر میں میاں بیوی کے درمیان بعض شرائط کا حکم۔	۳۷۲
مہرِ مثل کی تحقیق نہ ہوسکے تو کس مہر پر فیصلہ کیا جائے۔	۳۷۳
سقوطِ مہر کے متعلق "بیان القرآن" کی ایک عبارت کی تشریح ۔	۳۷۴
عورت مہر کا روپیہ کس کس کام میں لاسکتی ہے ۔	〃
مہرِ مثل کے بارے میں ۔	۳۷۵
فصل فی القسم عند تعدد الازواج	
دن میں بیویوں کے درمیان عدل کرنا واجب نہیں	۳۷۷
بیویوں کے درمیان عدل کرنے کے معنی اور فقہاء کے کلام پر ایک اشکال کا جواب ۔	〃
مسائل متفرقہ متعلقہ نکاح	
حضرت حسینؓ اور حضرت شہربانو کے نکاح کی تحقیق۔	۳۷۷
بیوی پر گھر کا کام اور روٹی پکانا واجب ہے یا نہیں؟	۳۷۸
نومسلمہ اگر بت خانہ جاکر افعالِ شرکیہ کرے تو مسلمان ہے یا نہیں ۔	۳۷۹
سالی سے زنا کرنے سے بیوی حرام نہیں ہوتی ۔	〃
شوہر اپنی بیوی کو والدین کے گھر سے جبراً لاسکتا ہے ۔	۳۸۰
بیوی سے کتنی مدت تک نہ ملنے کی اجازت ہے۔	۳۸۱
کیا عورت کا مرد پر حق ہے کہ وہ اسے رات کو اپنے بستر پر لٹائے ۔	〃
خریدی ہوئی آزاد عورت سے بغیر نکاح وطی کا حکم۔	〃
کیا بدون ادائیگی مہرِ معجل بیوی سے مجامعت درست ہے ۔	۳۸۲

Made searchable using ScribeTools.com

مضمون	صفحہ
بیوی کے بعض حقوق کی وضاحت۔	۳۸۲
کتاب الطلاق	
باب ایقاع الطلاق	
بیوی کو کہا کہ میں نے تجھے صاف دل سے چھوڑ دیا ہے۔	۳۸۴
"ہم تم کو طلاق دیدیں گے" کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔	۳۸۵
انتہائی غصہ کی حالت میں طلاق دی تو کیا حکم ہے۔	۳۸۶
شوہر نے طلاق دی مگر یاد نہیں کہ دو دیں یا تین۔	〃
صیغۂ مضارع سے طلاق دینے کا حکم۔	۳۸۷
"طلاق دادم" کہنے کے بعد طلاقِ بائن دی۔	۳۸۸
عصار سے تین لکیریں کھینچیں اور کہا "ایک، تین میرے گھر سے چلی جا"۔	۳۸۹
کابین نامہ کے مطابق طلاق واقع ہو جانیکا حکم۔	۳۹۱
زوج طلاق کا منکر ہے اور ایک مرد و ایک عورت طلاق کے گواہ ہیں۔	〃
إزالۃ الاغلاق عن اضافۃ الطلاق۔	۳۹۲
تفصیل الجواب۔	۳۹۵
طلاق کے بارے میں زوجین میں اختلاف ہو تو عورت کے قول کا اعتبار ہے۔	۴۰۲
کابین نامہ میں لکھا کہ دوسرا عقد کروں تو اسپر ایک دو تین طلاق ہو جائیگی پھر اسکی خلاف ورزی کی	۴۰۳
مجھ کو تمہاری لڑکی کی ضرورت نہیں الخ کہنے سے طلاق نہیں ہوتی۔	۴۰۶
حکم طلاق بلفظ "اگر گیہے نزد تو کلام دروغ گویم تا بعد نکاح زوجہ ام سہ طلاق خواہد شد"۔	۴۰۶
اگر تو اپنے باپ سے ملے گی یا اپنے باپ کے گھر جائیگی تو تجھ پر طلاق، اور عورت باپ کے مرنے کے بعد اسکے گھر گئی۔	۴۰۷
اگر تو چاند جیسی حسینہ نہیں تو تجھے تین طلاق کہنے سے طلاق نہیں ہوگی۔	۴۰۸
بطور وظیفہ صیغۂ طلاق کہنے سے قضاءً طلاق ہو جاتی ہے۔	۴۰۹
حکم طلاقِ ہازل۔	۴۱۰
طلاق کی ایک صورت کا حکم۔	۴۱۲
طلاق اور رجعت کی ایک صورت کا حکم۔	۴۱۳
طلاق کے ساتھ انشاء اللہ ماشاء اللہ کہنا۔	۴۱۵
طلاق کا مطالبہ کرنے پر شوہر نے کہا "طلاق ہی سی ہے"۔	۴۱۶
مسئلہ طلاق۔	۴۱۷
طلاق اور مطلقہ وغیرہ الفاظ سے بیوی کو مخاطب کرنا۔	۴۱۸
طلاق کے مطالبہ پر شوہر نے کہا جادی، جادی، اسکی بیوی کہتی ہے کہ تین مرتبہ یہ لفظ کہا۔	۴۱۹
بوقت نکاح یہ طے ہوا کہ شوہر کہیں اور چلے جانیکو تین طلاق سمجھا جائے گا اس کے بعد شوہر چلا گیا تو کیا حکم ہے؟۔	۴۲۱
بیوی کا نام بدل کر طلاق دینا۔	۴۲۳
حکم طلاق بلفظ طلاق ہی سمجھو۔	〃

مضمون	صفحہ
تحقیق مسئلہ ہذا بزبانِ عربی۔	۴۳۳
شوہر نے کہا کہ خدا کی قسم تیرے ہاتھ کا کھانا کھاؤں تو اپنی ماں سے زنا کروں، اور پھر اس کے ہاتھ کا کھانا کھایا۔	۴۳۶
وقوع طلاق کیلئے الفاظِ طلاق کا تلفظ شرط ہے۔	〃
حکم طلاقِ مدہوش وغیرہ۔	۴۴۰
فصل فی الطلاق الصریح	

امداد الاحکام جلد سوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الزکوٰۃ

پیشگی زکوٰۃ اگر زائد ادا کردیجائے تو اس کا حکم

سوال (۱) اگر پیشگی زکوٰۃ غلطی سے زائد ادا کردی جائے تو اسے آئندہ سالوں میں محسوب کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ مثلاً دس ہزار کی مالیت کا اندازہ کرکے سال حال اور ایک سال آئندہ کی زکوٰۃ ادا کردی، اور بعد میں حساب کے جانچ کرنے سے معلوم ہوا کہ اصل مالیت آٹھ ہی ہزار کی ہے، تو یہ جو دو ہزار سال حال اور دو ہزار سال آئندہ کی جملہ چار ہزار کی زکوٰۃ غلطی سے پیشگی ادا ہوگئی ہے یہ اس کے بعد کے سال میں وضع کی جاسکتی ہے؟

الجواب: وضع کی جاسکتی ہے، قال فی العالمگیریۃ: رجل لہ اربع مائۃ درھم فظن ان عندہ خمسمائۃ فادی زکوٰۃ خمسمائۃ ثم علم فلہ ان یحسب الزیادۃ للسنۃ الثانیۃ اھ (ص ۱۱۳ ج ۱) ۲۶ ربیع الثانی ۴۰ھ۔

وکیلِ زکوٰۃ کا زکوٰۃ کی رقم میں خیانت کرنا

سوال (۲) ایک شخص کو وکیل بنایا کہ وہ رقمِ زکوٰۃ اپنی ماں کو لے جاکر دیدے، اس نے درمیان میں خیانت کی، کہ کچھ رقم خود صرف کرڈالی، اور کچھ اپنی ماں کو دیدی وہ شخص خود بھی مصرفِ زکوٰۃ ہے، مگر اس کو وکیل بنایا گیا تھا مالک نہیں بنایا گیا تھا اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوجائے گی یا بقدرِ خیانت پھر ادا کرنا پڑے گی؟

الجواب: اگر وکیل خود بھی فقیر ہے جب بھی زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، البتہ جس قدر اس نے اپنی ماں کو دیدیا ہے اس قدر زکوٰۃ ادا ہوگئی، باقی کا ضمان وکیل سے لے سکتے ہیں، قال فی الدر: ولو خلط زکوٰۃ موکلیہ ضمن وللوکیل ان یدفع لولدہ الفقیر وزوجتہ الفقیرۃ لا لنفسہ الا اذا قال ربہا ضعہا حیث شئت اھ قال فی الشامیۃ: وھذا حیث لو یأمرہ بالدفع، اذ لو خالف ففیہ قولان اھ (ص ۱۷ ج ۲) ۲۶ ربیع الثانی ۴۰ھ۔

کسی مسافر کو زادِ راہ کے واسطے کچھ رقم بطور زکوٰۃ دی، اگر وہ مسافر رقم واپس کردے تو کیا زکوٰۃ ادا ہوجائے گی

سوال (۳) ایک مسافر کہ جس نے بطور قرض زادِ راہ مانگا مگر میں نے یہ کہہ کر دیا کہ یہ قرض نہیں ہے تم واپس کرنا اور بہ نیت زکوٰۃ اُسے دیدیا اور وہ بحالتِ قیام بھی مصرفِ زکوٰۃ ہے، اب وہ روپیہ واپس کرنا چاہتا ہے، اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوگئی یا نہیں؟

الجواب، ادا ہوگئی۔

(بقیہ سوال) اگر ادا ہوگئی تو اس کا واپس کیا ہوا روپیہ کیا کیا جائے؟

الجواب: بہتر یہ ہے کہ وہ روپیہ واپس نہ لیا جائے، اور اگر لے لیا ہے تو افضل یہ ہے کہ اس کو صدقہ کردیا جائے، اور اگر خود بھی رکھ لیں تو جائز ہے۔

دلیل الجواب: ماذکرہ فی الدر بقولہ وتسقط الزکوٰۃ عن موھوب لہ فی نصاب مرجوع فیہ مطلقا سواء رجع بقضاء او غیرہ بعد الحول لورود الاستحقاق علی عین الموھوب ولذا لا رجوع بعد ھلاکہ، قید بہ (ای بقولہ عن موھوب لہ) لانہ لا تسقط الزکوٰۃ علی الواھب اتفاقا لعدم الملک اھ قال الشامی (قولہ اتفاقا لعدم الملک) لان ملک الواھب انقطع بالھبۃ واشار بقولہ اتفاقا الی ان فی سقوطھا عن الموھوب لہ خلافا لان زفر یقول بعدمہ ان رجع الواھب بلا قضاء لانہ لما ابطل ملکہ باختیارہ صار ذلک کھبۃ جدیدۃ وکستھلک، قلنا بل ھو غیر مختار لانہ لو امتنع عن الرد اجبر بالقضاء فصار کانہ ھلک، شرح درر البحار اھ، ص ۵۹ ج ۲، قلت واما فی الصورۃ المسئولۃ فلا شک فی کون رد الموھوب لہ ھبۃ جدیدۃ لانہ لا جبر علیہ من الواھب فیسقط الزکوٰۃ عن الواھب قطعا الا انہ ینبغی للواھب ان لا یقبل ھذا الرد لما ورد فی الصحیح عن عمر رضی اللہ عنہ انہ حمل رجلا علی فرس فی سبیل اللہ ثم رآہ یباع فی السوق فاراد شراءھا فنھاہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن ذلک وقال لا تعد فی صدقتک اھ واللہ اعلم

۲۰ رمضان ۴۱ھ

مدیون بدینِ مہر پر وجوبِ زکوٰۃ کا حکم

سوال (۴) اگر کسی کے ذمہ اب تک دینِ مہر باقی ہے تو اس پر احکامِ نصاب عائد ہوتے ہیں یا نہیں، دراں حالیکہ علاقے دینِ مہر سے زیادہ مالیت کے موجود ہوں؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب؛ احکامِ نصاب دو قسم کے ہیں، ایک وجوبِ زکوٰۃ، دوسری جوازِ اخذِ مالِ زکوٰۃ، وجوبِ زکوٰۃ تو محض علاقہ کے موجود ہونے سے نہیں ہوتا، جب تک چاندی یا سونا بقدرِ نصاب موجود نہ ہو، اور اُس پر حولانِ حول نہ ہو، یا مالِ تجارت نہ ہو، ہاں علاقے کی پیداوار پر عشر ہوگا اگر یہ خود کاشت کرتا ہے، پس اگر اس شخص کے پاس چاندی یا سونا یا مالِ تجارت بقدرِ نصاب فاضل از حوائجِ اصلیہ ضروریہ موجود ہو، اور اس پر سال بھی گذر جائے، تو اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی، اور دَینِ مہر وجوبِ زکوٰۃ سے اس وقت مانع ہے جبکہ اس رقم کو دَینِ مہر میں ادا کرنے کی نیت ہو، اور اگر مہر میں ادا کرنے کی نیت نہیں تو زکوٰۃ واجب ہوگی، اور صورتِ اوّل میں بھی قدرِ مالیتِ مہر سے زائد رقم میں زکوٰۃ واجب ہوگی، اگر وہ نصاب کو پہونچ جائے، اور زکوٰۃ لینے کا جواز اس وقت ہے جبکہ زمین کی آمدنی اس کے اہل وعیال کے نفقہ قوت کو سال بھر کے لئے کافی نہ ہوتی ہو مگر سوال کرنا جائز نہیں، کوئی خود دیدے تو لینا جائز ہوگا، اور اگر آمدنی نفقہ سالانہ کے لئے کافی ہے تو زکوٰۃ کا روپیہ لینا اس شخص کو جائز نہیں، اسی طرح صدقۂ فطر وچرمِ قربانی کا حکم ہے، قال فی العالمگیریۃ ولو کان لہ ضیعۃ تساوی ثلثۃ آلاف ولا تخرج ما یکفی لہ ولعیالہ اختلفوا فیہ قال محمد بن مقاتل: یجوز لہ اخذ الزکوٰۃ اھ (ص ۱۲۲ ج ۱) وفیہ ذکر البزدوی فی شرح الجامع الکبیر قال مشائخنا رحمہم اللہ فی رجل علیہ مہر مؤجل لامرأتہ وھو لا یرید اداءہ لا یجعل مانعا من الزکوٰۃ لعدم المطالبۃ بہ عادۃ وانہ حسن ایضا ھکذا فی جواہر الفتاوی اھ (ص ۱۱۱ ج ۱) - ۲۵ شعبان ۱۳۴۲ھ -

مال مخلوط بالحرام پر وجوبِ زکوٰۃ کا حکم

سوال (۵) ایک شخص ہے جسکو دس ہزار روپے سالانہ آمدنی تو جائز مثلاً زمین کے اناج وغیرہ سے اور پانچہزار سالانہ مشکوک ذرائع سے، مثلاً لاٹری وجُوا وگھوڑدوڑ کے انعام ورشوت سے آتا ہے، تو کیا یہ شخص اگر اپنے نوکروں کو تنخواہ دے گا، تو ملازم لوگوں کی آمدنی جائز ہے یا کہ نہیں، اور زکوٰۃ اس کو دس ہزار روپے پر دینا چاہئے یا کہ پندرہ ہزار پر، جس میں کہ پانچہزار مشکوک رقم ہے؟

الجواب؛ گھوڑدوڑ کے انعام میں جو رقم اس کو ملتی ہے اس کو تو مطلقاً حرام نہیں کہا جاسکتا، بلکہ اس کی بعض صورتیں حلال بھی ہیں، البتہ جُوا اور سود ورشوت سے جو رقم آتی ہے وہ حرام ہے، اور اس کو اگر جائز آمدنی سے مخلوط نہیں کرتا تو اس پر زکوٰۃ

نہیں بلکہ اصلی مالکوں کو واپس کرنا لازم ہے، اور اگر حلال آمدنی سے اُس کو مخلوط کر دیا ہے اور دونوں میں تمیز نہیں ہوسکتی تو زکوٰۃ مجموعہ پر فرض ہوگی، اور اصل مالکوں کو مال کا واپس کرنا بھی لازم ہے، اور ملازموں کو اس حرام آمدنی سے عدمِ خلط کی حالت میں تو تنخواہ لینا جائز نہیں اور حلال آمدنی کے ساتھ خلط کی صورت میں امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جائز ہے۔
قال فی الدر ولو خلط السلطان المال المعصوم بمالہ ملکہ فتجب فیہ الزکوٰۃ ویورث عنہ لان الخلط استہلاک اذا لم یمکن تمییزہ الخ قال الشامی قولہ بمالہ متعلق بخلط واما لو خلطہ بمغصوب اخر فلا زکوٰۃ فیہ کما یذکرہ فی قولہ کما لو کان الکل خبیثا اھ (ص ۳۹ ج ۲) قلت ظھر بذلک انہ لا یملک شیئا بخلط مال القمار والربوٰا ما لم یخلط بمالہ وقال فی قاضی خان ان کان غالب مال المھدی من الحلال لا بأس بان یقبل الھدیۃ ویاکل ما لم یتبین عندہ انہ حرام لان اموال الناس لا تخلو عن قلیل حرام فیعتبر الغالب کما مرّ فی ص ۱۸۲ من ھذا الجزو والملقب بالقال المضبوط (تتمۃ الکلام علی الجواب) فی حکم المال المخلوط، قال فی الدر وجاز اخذ دَین علی کافر من ثمن خمر لصحۃ بیعہ بخلاف دَین علی المسلم لبطلانہ الا اذا وکل ذمیا ببیعہ فیجوز عندہ خلافا لھما وعلی ھذا الومات مسلم وترک ثمن خمر باعہ لمسلم لا یحل لورثتہ کما بسطہ الزیلعی، وفی الاشباہ: الحرمۃ تنتقل مع العلم الا للوارث الا اذا علم ربہ قلت و مرّ فی البیع الفاسد لکن فی المجتبیٰ مات وکسبہ حرام فالمیراث حلال ثم رمز وقال لا نأخذ بھذہ الروایۃ اھ قال الشامی تحت قولہ کما بسطہ الزیلعی الخ حیث قال لانہ کالمغصوب وقال فی النہایۃ قال بعض مشائخنا کسب المغنیۃ کالمغصوب لم یحل اخذہ وعلی ھذا قالوا لو مات الرجل وکسبہ من بیع الباذق او الظلم او اخذہ الرشوۃ یتورع الورثۃ ولا یأخذون منہ شیئا وھو اولی بھم ویردونہا علی ارباہا ان عرفوھم والا تصدقوا بہا لان سبیل الکسب الخبیث التصدق اذا تعذر الردّ علی صاحبہ اھ وتحت قولہ فی الاشباہ الخ قال الشیخ عبد الوھاب الشعرانی فی کتاب المنن

Made Searchable by ScribeTools.com

وما نقل عن بعض الحنفیۃ من ان الحرام لایتعدی الی ذمتین سالت عنہ الشہاب بن الشلبیؒ (الحنفی) فقال ھو محمول علی ما اذا لم یعلم بذلک امّا من رأی المکاس یأخذ من احد شیئا من المکس ثم یعطیہ اٰخر ثم یأخذہ من ذلک الاٰخر فھو حرام اھ وفی الذخیرۃ سئل ابو جعفر عمن اکتسب مالہ من امر السلطان والغرامات المحرمۃ وغیر ذلک ھل یحل لمن عرف ذلک ان یأکل من طعامہ قال احب الیّ فی دینہ ان لا یأکل ویسعہ حکمًا ان لم یکن غصبًا ورشوۃً اھ وفی الخانیۃ امرأۃ زوجھا فی ارض الجور اذا اکلت من طعامہ ذلک ولم یکن عینہ غصبًا او اشتری طعامًا او کسوۃ من مال اصلہ لیس بطیب فھی فی سعۃ من ذلک والاثم علی الزوج اھ حموی تحت قولہ وھو حرام مطلقا علی الورثۃ الخ ای سواء علموا اربابہ اولا فان علموا اربابہ ردوہ علیھم والاتصدقوا بہ کما قدمناہ انفا عن الزیلعی اقول ولا یشکل ذلک بما قدمناہ انفا عن الذخیرۃ والخانیۃ لان الطعام او الکسوۃ لیس عین المال الحرام فانہ اذا اشتری بہ شیئا یحل اکلہ علی تفصیل تقدم فی کتاب الغصب بخلاف ما ترکہ میراثا فانہ عین المال الحرام وان ملکہ بالقبض والخلط عند الامام فانہ لا یحل[ع] لہ التصرف فیہ قبل اداء ضمانہ وکذا الوارثہ فی الدیانۃ لا الحکم فلا یجوز لوصی القاصر التصدق بہ ویضمنہ القاصر اذا بلغ تأمل اھ (ص ۳۸۰ ج ۵) وفی الدر فی باب الغصب فان غصب وغیّر المغصوب فزال اسمہ واعظم منافعہ ای اکثر مقاصدہ او اختلط المغصوب بملک الغاصب بحیث یمتنع امتیازہ کاختلاط برہ ببرہ او یمکن بحرج کبُرّہ بشعیرہ ضمنہ وملکہ بلا حل انتفاع قبل اداء ضمانہ ای رضا مالکہ باداء او ابراء او تضمین قاض و القیاس حلہ وھو روایۃ فلو غصب طعامًا فمضغہ حتی صار مستھلکًا یبتلعہ حلالًا فی روایۃ وحرامًا علی[ع] المعتمد حسمًا لمادۃ الفساد اھ قال الشامی

ع قلت ھذا مبنی علی قولھما لا علی قولہ کما یظھر ۱۲ منہ قلت نعم یفتی بالحرمۃ فی حق الغاصب وھو کاف لحسم مادۃ الفساد واما فی حق غیرہ فالافتاء بالحل ارفق لدفع الحرج کما سیأتی

تحت قولہ وھو روایۃ الخ جعلھا فی الخلاصۃ وغیرھا قول الامام والاستحسان قولھما وفی البزازیۃ وکان الامام نجم الدین النسفیؒ ینکران یکون ھذا قول الامام ویقول اجمع المحققون من اصحابنا انہ لا یملکہ الا باحدی الامور الثلٰثۃ[ع] وقالوا اجمیعًا الفتوی علی قولھما اھ قلت نما قالہ المحققون مخالف لعامۃ المتون کما مرّ فتدبّر، ثم رأیت بعضھم نقل ان العلامۃ قاسم تعقبہ اھ (ص ۱۸۷ ج ۵) قلت وقد ذکر الشامیؒ قبل ذلک فی (ص ۱۸۶ ج ۵) وما افادہ کلامہ ای کلام المصنف من ان الملک فی المغصوب ثابت قبل اداء الضمان وانما المتوقف علی اداء الضمان الحل ھو مافی عامۃ المتون اھ ثم ردّ علی صاحب النوازل فی توقیفہ الملک ایضا علیہ وفی الدر فی باب البیع الفاسد الحرام ینتقل فلو دخل بامان واخذ مال حربی بلا رضاہ و اخرجہ الینا ملکہ وصح بیعہ لکن لا یطیب لہ ولا للمشتری منہ بخلاف البیع الفاسد فانہ لا یطیب لہ لفساد عقدہ ویطیب للمشتری منہ لصحۃ عقدہ وفی حظر الاشباہ الحرمۃ تتعدی مع العلم بھا الا فی حق الوارث وقیدہ فی الظھیریۃ بان لا یعلم ارباب الاموال وسنحققہ ثمہ اھ قال الشامی وفی منیۃ المفتی مات رجل ویعلم وارثہ ان اباہ کان یکسب من حیث لا یحل ولکن لا یعلم الطالب بعینہ لیردعلیہ حل لہ الارث والافضل ان یتورع ویتصدق بنیۃ خصماء ابیہ اھ وکذا لا یحل اذا علم عین الغصب مثلا وان لم یعلم مالکہ لما فی البزازیۃ اخذ مورثہ رشوۃً او ظلمًا ان علم ذلک بعینہ لا یحل لہ اخذہ والا فلہ اخذہ حکمًا امّا فی الدیانۃ فیتصدق بہ بنیۃ ارضاء الخصماء اھ والحاصل انہ ان علم ارباب الاموال وجب ردّہ علیھم والّا فان علم عین الحرام لا یحل لہ ویتصدق بہ بنیۃ صاحبہ وان کان مالًا مختلطًا مجتمعا من الحرام ولا یعلم اربابہ ولا شیئًا منہ بعینہ حل لہ حکمًا والاحسن دیانۃ

ع ای بالاداء او الابراء او تضمین قاض قلت ومقتضاہ ان لا یجب علی الخالط الزکوٰۃ بعد الخلط وقد صرح اصحاب المتون بخلافہ کما ذکرناہ ۱۲ منہ

Made searchable using ScribeTools.com

التنزہ عنہ اھ (ص ۲۰۱ ج ۴) قلت ومفادہ ان الحرمۃ انما تتعدی الی الغیر اذا علم شیئاً بعینہ حراماً وعلم ربہ والا فیحل لہ اخذہ والتورع التنزہ عنہ وھذا ھو الذی قلتہ فی المختلط ویؤیدہ ما فی قاضی خان ان کان غالب مالہ الھدی حلالاً لا بأس بان یقبل الھدیۃ ویأکل مالم یتبین عندہ انہ حرام لان اموال الناس لا تخلو عن قلیل حرام فیعتبر الغالب اھ قیل لیس فیہ تصریح بالخلط قلت قولہ لان اموال الناس لا تخلو عن قلیل حرام یشعر بالخلط والا لقال لان احداً لا یخلو عن کسب حرام وایضاً فالحکم یدور مع العلۃ وھی فی المسئلۃ المذکورۃ دفع الحرج ولا یخفی کثرۃ اختلاط اموال الناس بقلیل حرام وفی الافتاء بحرمۃ اخذھا حرج عظیم فیعتبر الغالب مطلقاً سواء کان قلیل الحرام مخلوطاً او غیر مخلوط وفی الدر ولو خلط السلطان المال المعصوم بمالہ ملکہ فتجب الزکوٰۃ فیہ ویورث عنہ لان الخلط استھلاک اذا لم یمکن تمییزہ عند ابی حنیفۃؒ وقولہ ارفق اذ قل ما یخلو مال عن غصب اھ (ص ۲۹ ج ۲) قلت وفی قولہ دلالۃ علی انتقال الحرمۃ عن الاخذ اذا خذ المال المختلط بالحرام بحیث لا یمکن تمییزہ والا فلا رفق بالناس مع بقاء الحرمۃ وفی الھندیۃ ولا یجوز قبول ھدیۃ امراء الجور لان الغالب فی مالھم الحرمۃ الا اذا علم ان اکثر مالہ حلال بان کان صاحب زرع او تجارۃ فلا بأس بہ لان اموال الناس لا تخلو عن قلیل حرام فالمعتبر الغالب وکذا اکل طعامھم کذا فی الاختیار (ص ۲۲۸ ج ۶) وحملہ علی غیر المخلوط بعید وکیف یقال ان مقتضاہ ان اموال الناس الغیر المخلوطۃ لا تخلو عن قلیل حرام ای والمخلوطۃ تخلو عنہ کلا فان التفسیر بھذا المعنی لا یقبلہ احد، وفیہ ایضاً قال الفقیہ ابو اللیث اختلف الناس فی اخذ الجائزۃ من السلطان قال بعضھم یجوز ما لم یعلم انہ یعطیہ من حرام قال محمدؒ وبہ نأخذ ما لم یعرف شیئاً حراماً بعینہ وھو قول ابی حنیفۃؒ واصحابہ کذا فی الظھیریۃ وفیہ ایضاً ولا ینبغی للناس ان یأکلوا من اطعمۃ الظلمۃ لتقبیح الامر علیھم وزجرھم عما یرتکبون وان کان یحل کذا فی الغرائب اھ وفیہ ایضاً لو ان فقیراً یأخذ جائزۃ السلطان

مع علمہ ان السلطان یأخذھا غصباً یحل لہ قال ان خلط ذلک بدراھمہ اخری فانہ لا بأس بہ وان دفع عین المغصوب من غیر خلط لم یجز قال الفقیہ وھذا الجواب خرج علی قیاس قول ابی حنیفۃ لان من اصلہ ان الدراھم المغصوبۃ من اناس متی خلط البعض بالبعض فقد ملکھا الغاصب ووجب علیہ مثل ما غصب وقالا لا یملک تلک الدراھم وھی علی ملک صاحبھا فلا یحل لہ الاخذ کذا فی الحاوی اھ (ص ۲۲۸ ج ۶)۔

وحاصل الکلام ان خلط دراھم الغیر بمالہ بحیث لا یمکن التمییز بینھما سبب الملک عند الامام فیملک الغاصب ولا یحل لہ الانتفاع بھا قبل الضمان بالامور الثلثۃ فی روایۃ ویحل قبلہ فی روایۃ والمعتمد فی حق الغاصب الافتاء بالروایۃ الاولی ای لا یجوز لہ الانتفاع بھا قبل الاداء واما فی حق الغیر فینبغی الافتاء لہ بالحل والجواز فی قبول الھدیۃ واکل الطعام والبیع والشراء معہ اذا کان غالب مالہ حلالاً ولم یعرف شیئاً بعینہ حراماً لان اموال الناس لا تخلو عن قلیل حرام فالمعتبر الغالب وفی الافتاء بخلاف ذلک حرج عظیم علی الامۃ والحرج مدفوع والمتورع ماجور واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ الاحقر ظفر احمد عفا عنہ ۸ ج ۲ سنہ ۴۵ھ

احقر اشرف علی جو ان روایات کے مجموعے سے سمجھا ہی جس سے سب روایات عملاً جمع ہوجاتی ہیں یہ ہی کہ حرام غیر مخلوط تو یقیناً حرام ہے، اور اس میں جہاں حل کا حکم کیا گیا ہے، مراد اس سے حرمتِ خاصہ کی نفی ہے، یعنی جو حرمت ملکِ غیر ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے، اور نفیِ خاص سے نفیِ عام لازم نہیں، اور مخلوط میں یہ تفصیل ہی کہ جہاں خلط یقینی نہ ہو محض بناء بر عادۃ عامہ مظنون ہو وہاں غالب کا اعتبار ہے، اور جہاں خلط یقینی ہو وہاں خالط کے لئے تو مطلقاً حرام ہے، گو حرام قلیل ہو، اور غیر خالط کے لئے اگر وہ غیر مضطر ہے یعنی بچ سکتا ہے بدون حرج، غلبۂ حلال کے وقت قضاءً حلال اور دیانۃً حرام ہے، اور مضطر کے لئے جو بچنے سے حرج میں داخل ہوجائے غلبۂ حلال کے وقت گنجائش ہی دیانۃً بھی۔

۹ ج ۲ سنہ ۴۵ھ

حکم ادائے زکوٰۃ بصورت سپردگی وکیل

سوال (۶) کیا زکوٰۃ دینے والا جب زکوٰۃ کا روپیہ کسی شخص کو تقسیم کرنے کے واسطے دیدے یا بذریعہ منی آرڈر وغیرہ کے بھیجدے، پھر بھی وہ اس بات کا ذمہ دار رہتا ہے کہ جس شخص کو روپیہ تقسیم کرنے کو دیا ہے وہ اس کو مستحق لوگوں کو دے گا، اور جائز مصرف میں صرف کرے گا؟

الجواب: قاعدہ یہ ہے کہ محض وکیل کو دیدینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی، جب تک کہ وکیل اس کو مستحقین میں صرف نہ کردے، پس اگر وکیل ثقہ، معتبر، دیندار ہے جس پر اطمینان ہے کہ وہ مستحقین ہی میں صرف کرے گا، غیر مستحقین کو نہ دے گا، اس وکیل کو رقم دیکر مؤکل اپنے کو فرض زکوٰۃ سے سبکدوش سمجھ سکتا ہے، ہاں اگر بعد میں تحقیق سے معلوم ہوا کہ وکیل نے مستحقین کو نہیں دیا بلکہ غیر مستحقین کو دیا ہے، اور وکیل بھی دیتے وقت اُن کو غیر مستحق جانتا تھا، تو اس صورت میں مؤکل کو زکوٰۃ دوبارہ دینا پڑے گی، لیکن جب وکیل معتبر دیندار ثقہ ہے تو مؤکل کے ذمہ یہ تحقیق واجب نہیں، ہاں اگر بعد میں خود معلوم ہوجائے کہ وکیل نے بے موقعہ صرف کیا، تو اب آئندہ اس وکیل کو ثقہ نہ سمجھے اور گذشتہ زکوٰۃ جو اس نے بے موقع صرف کی ہے دوبارہ ادا کرے، واللہ اعلم۔ ۲ رجب ۴۵ھ

ادائے زکوٰۃ بلفظ قرض اور اس میں رجوع کی ایک صورت کا حکم

سوال (۷) زید نے عمرو سے کہا کہ ہمیں دس روپے قرض دو ہم چند روز میں ادا کردیں گے، عمرو نے خیال کیا بیچارہ زید غریب ہے، اور مستحق زکوٰۃ ہے مگر غیرت مانع ہو رہی ہے، اس نے دس روپے زکوٰۃ کے دیدیئے، زکوٰۃ کی نیت سے اور بری الذمہ ہوگیا، مگر سوال یہ ہے کہ زید بعد میں اگر دس روپے لاکر عمرو کو دے کہ لو بھائی آپ کے دس روپے، تو عمرو کو لینے جائز ہیں، یا نہیں؟ (جبکہ یہ بھی خطرہ ہو کہ اگر نہ لوں گا تو زید بگڑے گا، اور کہے گا کہ کیا تم نے ہمیں ایسا گمان کیا تھا، اور کوئی سبیل بھی زید کے سمجھانے کی نہ ہو) اور اگر جائز ہے تو پھر اس دس روپے کو اور کسی غریب مستحق زکوٰۃ کو دینے ضروری ہوں گے یا کہ عمرو کو اپنے کام میں لانے جائز ہیں؟

الجواب: اگر زید نے عمرو کو روپے دیتے ہوئے یہ کہہ دیا تھا کہ یہ روپیہ قرض مت سمجھنا، بلکہ تمھاری ملک ہیں تم کو ویسے ہی ہبۃً بلا قرض دیتا ہوں (گو یہ نہ کہا ہو کہ زکوٰۃ دیتا ہوں) تب تو زید پر سے زکوٰۃ ساقط ہوگئی، اور اس صورت میں عمرو اگر اس کو دس روپے دے گا تو یہ ہبہ مستأنفہ ہوگا، اس کا لینا جائز ہے، مگر خلاف اولیٰ ہے

اور لے لینے کے بعد صدقہ کردینا بہتر ہے احترازاً عن صورۃ العود فی الصدقۃ، اور اگر زید نے عمرو سے اس کے سوالِ قرض کے بعد یہ نہیں کہا کہ یہ روپیہ قرض نہیں بلکہ ہبہ ہیں تو زکوٰۃ بوجہ نیتِ زکوٰۃ کے اس صورت میں بھی ادا ہوگئی، لیکن اس رقم کو عمرو سے واپس لینا جائز نہیں کیونکہ اس صورت میں یہ بالکل عود فی الصدقہ ہے، عمرو اس رقم کو اپنے اوپر قرض سمجھکر واپس کررہا ہے، اور زید کی نیت قرض دینے کی نہ تھی، تو اب زید کو اس کی واپسی کا کچھ حق نہیں بخلاف صورتِ اُولیٰ کے کہ وہاں عمرو کو بوقتِ عطاء یہ معلوم ہوگیا تھا کہ یہ رقم قرض نہیں، پس صورتِ ثانیہ میں اگر زید نے اس رقم کو واپس لے لیا تو لازم ہے کہ اس کو پھر کسی حیلہ سے عمرو ہی کو واپس کردے، ورنہ ادائے زکوٰۃ میں شبہ رہے گا، قال فی الشامیۃ تحت قول الدر: وشرط صحۃ ادائہا نیۃ مقارنۃ لہ ای للاداء ما نصہ اشار الی انہ لا اعتبار للتسمیۃ فلو سماہا ھبۃً او قرضًا تجزیہ علی الاصح اھ (ص ۱۶ ج ۲)، قلت ای وراعی مع تسمیتہ قرضًا حقیقۃ معنی التصدق باللہ ولم یرجع علی الفقیر اما لو رجع علیہ بما ادی فالحکم عدم جواز الرجوع لاخذہ ملک الغیر وشبہۃ عدم سقوط الزکوٰۃ عنہ لو رجع علی الفقیر، واللہ تعالیٰ اعلم۔

قال الشامی فی مسئلۃ تصادق الدائن والمدیون علی ان لا دین علیہ یستردہ الدافع ولیس للمدیون ان یأخذہ زیلعی اھ ثم قال نا قلاً عن النہر: ان اطلاق مسئلۃ التصادق محمول علی ما اذا کان الوفاء بغیر امر المدیون اما لو کان بامرہ فینبغی ان یرجع علی المدیون الخ قال وھو ملخص من کلام الفتح لکن قولہ فینبغی ان یرجع علی المدیون لیس فی عبارۃ الفتح وھو سبق قلم لان ھذا اذا لم ینو بالدفع الزکوٰۃ کما قدمناہ والکلام الآن فیما اذا نواھا و حینئذ لا رجوع لہ ای للدافع علی احد لوقوعہ زکوٰۃ اھ (ص ۱۰۰ ج ۲)۔

زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس مال سے کوئی تجارت نہیں کی ویسا ہی پڑا رہا تو دوسرے سال اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

سوال (۸) زکوٰۃ جس مال کی دیدی گئی ہے اور اس مال سے کوئی تجارت وغیرہ نہیں کی وہ بدستور موجود ہے، تو اب دوسرے سال یا آئندہ اس مال پر کیا پھر زکوٰۃ دی جاوے گی یا نہیں؟

الجواب: جب تک یہ رقم مقدارِ نصاب یا اس سے زائد رہے گی اس وقت تک

Made searchable using ScribeTools.com

ہر سال اُس پر زکوٰۃ واجب ہوگی، ہاں جب زکوٰۃ ادا کرتے کرتے مقدارِ نصاب سے کم رہ جائے پھر سال پورا ہونے سے زکوٰۃ واجب نہ ہوگی، مگر یہ کہ سال پورا ہونے سے پہلے کچھ اور رقم اس میں مل کر نصاب کامل ہوجائے، تو پھر زکوٰۃ واجب ہوگی، دعلیٰ ہذا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۵ ذی الحجہ ۴۴ھ

بذریعہ نوٹ زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم

سوال (۹) بدون سیم وزرِ خالص کے نوٹ اور گلٹ کی اکنی دونی چونی اور نانبہ کے پیسہ سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں؟

الجواب؛ چونکہ نوٹ مال نہیں ہے بلکہ سند ہے مال کی اور محض حوالہ ہے، یعنی سرکار کے جو ذمہ جو قرضہ ہے اس کے وصول کرنیکا، اور زکوٰۃ مال کی تملیک سے ادا ہوتی ہے، بدونِ تملیکِ مال ادا نہیں ہوتی، اور فقط وصولِ قرض کا وکیل بنانے سے وکیل مالک نہیں ہوجاتا، بلکہ جب وصول کرلے اور قبضہ کرلے اس وقت مالک ہوتا ہے، اس لئے نوٹ دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی، لیکن جسکو زکوٰۃ میں نوٹ دیئے گئے ہیں اگر وہ اُن کے بدلے میں کسی سے روپیہ وغیرہ لے لے تو ادا ہوجائے گی، اور اگر اس نے یعنی جس کو زکوٰۃ میں نوٹ دیئے گئے تھے کسی کو قرض یا ادائیگیِ قرض میں نوٹ ہی دیدیئے تو زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی، فی تنویر الابصار متن الدر المختار ھی تملیك جزء مال عینه الشارع الخ اور بعد توکیل بالقبض قبضِ دین سے ادائے زکوٰۃ کی روایت صفحہ آئندہ میں درج ہے، باقی اکنی دونی وغیرہ سے زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے، کیونکہ زکوٰۃ خلافِ جنس سے ادا کرنا جائز ہے جس چیز پر زکوٰۃ واجب ہے اس کی قیمت کا چالیسواں حصہ ان سکوں سے دیدیا جاوے، کما فی الشامی ص ۲۷ ج ۲، تحت قول الدر (والمعتبر وزنهما اداء ووجوبا) واجمعوا علی انه لو ادی من خلاف جنسه اعتبرت القیمة، واللہ اعلم، احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۶ شوال ۴۳ھ

الجواب صحیح، - ظفر احمد عفا عنہ ۱۶ شوال ۴۳ھ

کیا منی آرڈر کے ذریعہ زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے؟

سوال (۱۰) ڈاکخانہ کے ذریعہ زکوٰۃ کا روپیہ کسی مستحق کے پاس بھیجنے کی صورت میں جو روپیہ ڈاک خانہ میں داخل کیا جاتا ہے، وہ روپیہ مستحق کو نہیں ملتا بلکہ اس کے عوض میں دوسرا روپیہ ملتا ہے تو اس طرح پر زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں؟

الجواب؛ فی الدر المختار (تملیك الدین ممن لیس علیه الدین

بالمال الا) فی ثلاث حوالة ووصیة وراث (اذا سلطه) ای سلط المملك غیر المدیون (علی قبضه) ای الدین (فیصح حینئذ ومنه ما لو وهبت من ابنها ما علی ابیه فالمعتمد الصحة للتسلیط، وقال الشامی تحت (قوله علی قبضه) و حینئذ یصیر وکیلا فی القبض عن الآمر ثم اصیلا فی القبض لنفسه ومقتضاه صحة عزله عن التسلیط قبل القبض واذا قبض بدل الدراهم دنانیر صح لانه صار الحق للموهوب له فملك للاستبدال واذا نوی فی ذلك التصدق بالزکوٰة اجزأه کما فی الاشباه (شامی ج ۲ ص ۲۹۵)۔

اس میں تصریح ہے کہ اگر کسی شخص کو اپنا قرض وصول کرنے کے لئے کہہ دیا جاوے تو وہ شخص وکیل بالقبض ہوجاتا ہے، اور جب وہ وصول کرے گا تو مؤکل کی طرف سے وکیل اور اپنی طرف سے اصیل ہوکر وصول کرے گا، اور اگر وہ درہم کی جگہ دینار وصول کرلے تب بھی صحیح ہے، پس جب ڈاک خانہ داخل شدہ روپے کو بعینہٖ نہیں پہونچاتا تو وہ اس کے ذمہ قرض ہوجاتا ہے، اور مرسل الیہ وکیل عن الآمر اور اصیل عن نفسہ ہونیکی حیثیت سے اس کو وصول کرتا ہے، تو وہ اس کا مالک ہوجاتا ہے اور زکوٰۃ کی نیت روانگی منی آرڈر کے وقت کرچکا تھا، اس لئے زکوٰۃ ادا ہوگئی، دوبارہ یعنی وقت قبض نیت ادائیگیِ زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے، (کما ہو مصرح فی قوله واذا نوی من ذلك التصدق بالزکوٰة اجزأه) واللہ اعلم، البتہ اگر ڈاک خانہ سے مرسل الیہ کو نوٹ وصول ہوئے تو زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی، بلکہ ان کے بدلہ میں روپیہ وغیرہ جب کسی سے لے گا تب ادا ہوگی، کما مر فی الجواب عن السوال الاوّل، احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۶ شوال ۴۳ھ، الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ ۱۶ شوال ۴۳ھ

ایک شخص پر کئی سالوں کی زکوٰۃ واجب تھی بعد میں مال ضائع ہوکر وہ مقروض ہوگیا، تو سنینِ گذشتہ کی زکوٰۃ اس پر واجب رہیگی یا نہیں۔

سوال (۱۱) ایک شخص کے ذمہ پر کئی سال کی زکوٰۃ ادا کرنی واجب تھی، اس شخص نے اپنے مال کو جس کی زکوٰۃ واجب تھی تجارت میں لگایا، تجارت میں نقصان ہوا یعنی خسارہ آیا، اور تجارت کے باعث وہ مقروض ہوگیا، تو اس صورت میں اس شخص کے ذمہ سے زکوٰۃ معاف ہوگئی یا واجب رہی؟ بہشتی زیور کے تیسرے حصہ میں، زکوٰۃ کے بیان میں اس طرح لکھا ہے، کسی کے مال پر پورا سال گذر گیا، لیکن ابھی زکوٰۃ نہیں نکالی تھی کہ سارا مال چوری ہوگیا، یا اور کسی طرح جاتا رہا، تو زکوٰۃ بھی معاف ہوگئی،

زکوٰۃ کے بیان کے ختم کے دو مسئلوں سے پیشتر یہ مسئلہ ہے۔

الجواب: فی الدر المختار والتوی بعد القرض والاعارۃ واستبدال مال التجارۃ بمال التجارۃ هلاك ويعتبر مال التجارۃ والسائمۃ بالسائمۃ استهلاك وفی الشامی تحت قوله (ويعتبر مال التجارۃ الخ) تتمه وحكم النقود مثل مال التجارۃ ففی الفتح رجل له الف حال حولها فاشتری بها عبدًا للتجارۃ فمات او عروضًا للتجارۃ فهلك بطلت عنه زكوٰۃ الالف ولو كان العبد للخدمۃ لم تسقط بموته وتمامه فيه (ص ۳۳ ج ۲)۔

اس سے معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں (یعنی جبکہ ایسے مال کو تجارت میں لگایا جس میں زکوٰۃ واجب تھی، اور اس تجارت میں خسارہ ہوا تو) زکوٰۃ ساقط ہو گئی، البتہ اگر تجارت میں بیع وشراء غبنِ فاحش کے ساتھ کی ہو تو غبن کی مقدار ساقط نہ ہو گی، کما فی الشامی (صفحہ مذکورہ) عن البدائع وان حابی بما لا يتغابن فيه ضمن قدر زكوٰۃ المحاباۃ الخ

کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ، ۲۶ رجب ۴۴ھ ، الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ ۲۹ رجب ۴۴ھ

ایک شخص اللہ واسطے محتاج کو ماہانہ رقم دیتا ہے شعبان اور رمضان کے مہینہ میں، اگر زکوٰۃ کی نیت سے رقم دیدے تو زکوٰۃ ادا ہو گی یا نہیں

سوال (۱۲) ایک محتاج شخص کو عمر دپانچ روپیہ ماہوار بلا کسی محنت واحسان کے للہ دیا کرتا ہے، عمر دپر دس روپیہ زکوٰۃ واجب ہوتی ہے، ماہِ شعبان ورمضان شریف میں پانچ روپے دیتے وقت ادائگی زکوٰۃ کی نیت کر لیتا ہے، کیا اس صورت سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی؟

الجواب: ہاں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، زکوٰۃ دینے کے لئے یہ زبان سے کہنا ضروری نہیں، کہ یہ رقم زکوٰۃ کی ہے، واللہ اعلم، ۱۱ رشعبان ۴۵ھ۔

نوٹ سے زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم

سوال (۱۳) ۱ زکوٰۃ یا عشر ادا کرنے کے لئے نوٹ اگر فقیر کو دیا جائے تو زکوٰۃ یا عشر ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

۲ ، اگر نوٹ زکوٰۃ میں دینا جائز نہیں تو جو لاعلمی کی وجہ سے زکوٰۃ میں نوٹ دیئے جا چکے ہیں جن کی تعداد بھی معلوم اور یاد نہیں اس کا کیا حکم ہے؟ وہ زکوٰۃ یا عشر ادا ہوا یا نہیں؟

الجواب: اصل یہ ہے کہ نوٹ خود مال نہیں ہے، بلکہ سند مال ہے، اس لئے اس کے دینے سے زکوٰۃ اس وقت تک ادا نہ ہو گی جب تک فقیر اس کو بنا کر اسی کو مسلم نہ

قبضہ نہ کرے یا اس سے کوئی شے خرید کر اس شے پر قبضہ نہ کر لے، اگر اس نوٹ کو بھنا کر روپیہ پر قبضہ نہ کیا اور نہ اس سے کوئی شے خرید کر قبضہ میں کی بلکہ بعینہٖ وہی نوٹ کسی کو اپنے قرضہ میں دیدیا یا نوٹ اس کے پاس سے گم ہو گیا، یا وہ اس نے کسی کو ہبہ کر دیا تو زکوٰۃ ادا نہ ہو گی، کیونکہ فقیر کے قبضہ میں مال نہیں پہنچا۔

۲ ۔ گذشتہ کے متعلق دو صورتیں ہیں، ایک تو تحقیق: کہ جسقدر بدون تعب شدید کے تحقیق ہو سکے، دریافت کر کے معلوم کیا جائے کہ جن لوگوں کو زکوٰۃ میں نوٹ دیا گیا تھا انھوں نے اس کو کس طرح صرف کیا، دوسرے تخمینی کہ جس مقدار کے متعلق تحقیق دشوار ہو اس کے متعلق یہ سوچا جائے کہ عادۃً اتنے آدمیوں میں جن کو ہم نے نوٹ دیئے ہیں ایسے آدمی کتنے ہوں گے جنھوں نے نوٹ کو ہم سے لیتے ہی اپنے قرضہ میں دیدیا ہو گا، یا صدقہ کر دیا ہو گا، یا کسی کو ہبہ کر دیا ہو گا، اس کو سوچا جائے، اندازہ سے اگر کوئی مقدار ذہن میں آئے تو جو مقدار راجح اور غالب ہو اس کے موافق زکوٰۃ کا اعادہ کر دیا جائے، اور اس انداز میں اپنے دو چار احباب سے امداد لینے کا مضائقہ نہیں، واللہ اعلم، ۱۲ رمضان شریف ۴۵ھ

حکم زکوٰۃ بر منافع کارخانہ

سوال (۱۴) میرے یہاں جو کارخانہ ہے اس میں ہڈی کی پسائی ہوتی ہے، اور چکی سے آٹا پیسا جاتا ہے، ہڈی کی فروختگی پر اور چکی کی پسائی پر زکوٰۃ پوری قیمت ہڈی اور پوری قیمت چکی کی پسائی پر ہو گی یا قیمتِ خرید ہڈی اور خرچہ تیل اور تنخواہِ ملازماں غرضکہ کُل اخراجات مجری ہو کر منافع پر ہو گی؟ جواب سے مطلع فرمایا جائے۔ خاکسار حسین علی خان

الجواب: ہڈی کی فروختگی پر زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ زکوٰۃ ختم سال سے پہلے واجب نہیں ہوتی، حولانِ حول (سال تمام) ہونے پر واجب ہوتی ہے، پس سال تمام ہونے کے بعد دیکھا جائے کہ اسوقت کتنا مال جود ہے، اور کتنی رقم موجود اور کتنے لوگوں کے ذمہ چڑھی ہوئی ہے، پس ختم سال پر جتنی ہڈی موجود ہو اور جتنی رقم باقی ہو اس پر زکوٰۃ واجب ہے، اور اس کا چالیسواں حصہ نکال دیا جاوے، اور درمیان سال میں جتنی رقم تنخواہِ ملازماں اور صرفہ تیل وغیرہ میں خرچ ہو چکی یا جو اپنی ذاتی ضروریات میں صرف ہوئی یا قرضہ میں دی گئی اُس پر زکوٰۃ نہیں، زکوٰۃ صرف اُس سرمایہ پر ہے جو اُس دن موجود ہو جس دن سال ختم ہوا، اور اس کے ساتھ وہ رقم بھی ملائی جائے گی جو کارخانہ کے منافع سے جمع ہو یا خریداروں کے ذمہ قرض ہو، اور پسائی آٹا میں چونکہ اناج وغلہ

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

دوسروں کا ہوتا ہے، اپنا سرمایہ نہیں ہوتا، اس میں زکوٰۃ کی صورت یہ ہے کہ ختم سال پر پسائی آٹا کی جو رقم موجود ہو یا پسوانے والوں کے ذمہ ہو اُس کا چالیسواں حصہ نکال دیا جائے اور جو رقم خرچ ہو گئی اس پر زکوٰۃ نہیں۔

یہ جواب حضرت مولانا کا فرمودہ ہے، والسلام۔ ۱۷ رجب ۴۶ھ

امانتِ زکوٰۃ بطور قرض دینے کا حکم

سوال (۱۵) زید کے پاس بکر کے زکوٰۃ کے روپے ہیں، اور اس کو زکوٰۃ کی ادائیگی کا وکیل بنایا ہے، چنانچہ حسبِ موقع ومحل اُس زکوٰۃ کی امانت کو فقراء ومساکین پر تقسیم کرتا ہے، اور کبھی کوئی حاجت مند اگر قرض مانگتا ہے تو قرض کی نیت سے اس کو دیدیتا ہے، اور واپسی پر پھر اس روپیہ کو زکوٰۃ کے مد میں رکھ دیتا ہے، اور اس قرض کے ثواب کو بھی بکر کو بخش دیتا ہے، چونکہ زید کو معلوم ہے کہ بکر میرے اس تصرف کو بخوشی اجازت دیدے گا، اس لئے ایسا کرتا ہے، تو ایسی صورت میں یہ تصرفِ اقراض زکوٰۃ کے روپے میں جائز ہے یا نہیں، یا صریحی اجازت کی ضرورت ہوگی؟ ایسے تصرف کے بعد تدارک کی کیا صورت ہوگی، آیا بکر کو اطلاع دینا کافی ہوگا؟

الجواب: زکوٰۃ کی رقم کو بمدِ قرض استعمال کرنا چونکہ غرضِ معطی کے خلاف ہے اس لئے اس کا ایک ثمرہ تو یہ ہوگا کہ درصورتِ ضیاعِ رقم کے وکیل قرض دینے کی صورت میں اس رقم کا ضامن ہوگا، اور اگر وہ قرض نہ دیتا بلکہ اس رقم کو بجنسہٖ محفوظ رکھتا تو ضامن نہ ہوتا، دوسرے اس میں احتیاط کے بھی خلاف ہے، کہ بدون صریح اجازت مؤکل کے اس کے خلاف تصرف کیا جائے، پس لازم ہے کہ وکیل ماضی ومستقبل دونوں کے متعلق مؤکل کو اطلاع کرے، اور اجازت حاصل کرے، اور جب بکر کو معلوم ہے کہ زید اُس کے اس تصرف کو بخوشی قبول کرے گا تو اطلاع کرنے میں کیا حرج ہے، واللہ اعلم، ۱۲ رشعبان ۴۶ھ

ختمِ سال پر جتنی رقم ہو سب پر زکوٰۃ واجب ہوگی

سوال (۱۶) بندہ صاحبِ نصاب تمام سال رہا، اور بندہ زکوٰۃ کا حساب ہر سال ۲۸ رشعبان کو کرتا ہے، اب سوال یہ ہے کہ بندہ نے اپنی زمین اجارہ پر ۸ رذیقعدہ میں بعوض مبلغ ۵۰۰ پانچسو روپے دی اور یہ وعدہ جانبین سے ہوا کہ فصل کٹنے کے بعد یعنی آئندہ ذیقعدہ میں مبلغ ۵۰۰ روپے دوں گا، کیونکہ ہمارے یہاں اسی طرح اجارہ پر دیتے ہیں، اس مدت سے قبل نہ میں مانگ سکتا ہوں نہ وہ دیتا ہے اب جبکہ بندہ ۲۸ رشعبان کو زکوٰۃ کا حساب کرے گا، تو جس قدر روپیہ زیور ہونگے اس کے

ساتھ اجارہ کی اجرت کے روپے پانچ سو کی بھی زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

الجواب: ختم سال پر زکوٰۃ اسی رقم کی واجب ہوتی ہے جو ختمِ سال پر اُس شخص کے پاس ہو، اور دین قوی پر زکوٰۃ واجب ہے، مگر بعد وصول کم از کم چالیس درہم کے ادا واجب ہوتی ہے، اور دین مؤجل جس کی اجل ختمِ سال سے متجاوز ہو اس کے مطالبہ کا قبل از اجل حق نہیں، نہ اُس پر قبضہ ہے، اس لئے وہ اس رقم کے ساتھ شمار کرنا واجب نہیں، جس کی زکوٰۃ ختمِ سال پر واجب الادا ہے، لیکن اس رقم کی زکوٰۃ بھی قبل از وصول دیدی جاوے تو ادا ہو جائے گی، اور اسی میں سہولت ہے، ورنہ بعد وصول کے ادا کرنا واجب ہے۔

۲۰ ررمضان المبارک ۴۶ھ

دَینِ محیط مانعِ وجوبِ زکوٰۃ ہے

سوال (۱۷) میری جائداد تقریباً ڈیڑھ ہزار کی ہے، اس پر بارہ سو روپے قرضہ ہے، اور جائداد میں اپنی دخلی رہن کر چکا ہوں، اس کا منافع مجھے کچھ نہیں ملتا، اور سود بھی دینا نہیں پڑتا، میرے پاس تقریباً چار سو ساڑھے چار سو روپیہ کا زیور طلائی ونقری ہے، ایسی صورت میں مجھ پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟

الجواب: صورتِ مسئولہ میں قرض کی وجہ سے زیور پر زکوٰۃ واجب نہیں، قال فی الدر مع الشامیۃ یصرف الدین اولا الی مال الزکوٰۃ لا الی غیرہ ولو من جنس الدین خلافا للزفر رح اھ واللہ اعلم، ۲۵ رشوال ۴۶ھ

پراویڈنٹ فنڈ پر زکوٰۃ کا مسئلہ

سوال (۱۸) زید محکمۂ تعلیم میں ملازم ہے، اس کے ایک نابالغ لڑکی ہے، جس کی ماں مر چکی ہے، زید نے مرتے وقت لڑکی کی ماں سے مہر معاف نہ کرایا تھا، بعد میں حساب کر کے جملہ حقداروں کو مہر دیا گیا، چونکہ لڑکی کے حصہ کا مہر زیادہ تھا اور زید کی طاقت سے باہر تھا، کہ ایک دم سے ادا کر سکے، لہٰذا اس نے ایک ماہوار رقم کے ذریعہ سے ادا کرنے کا ارادہ کیا، پھر یہ خیال کر کے کہ روپے کی کافی حفاظت نہ ہو سکے گی اس نے اپنی تنخواہ سے پراویڈنٹ فنڈ کٹوانا شروع کر دیا، یعنی وہ ماہوار رقم جو سرکار ہر ماہ میں تنخواہ سے کاٹ لیتی ہے، اور اس پر سود دیتی ہے، اور سرکار میں لکھ دیا کہ اگر زید کی موت واقع ہو جائے تو یہ کل رقم جو جمع ہو زید کی لڑکی کو دی جائے، اور اگر لڑکی اُس وقت بھی نابالغ ہو تو ولی کے ذریعہ سے دی جاوے، چنانچہ اب وہ رقم ماہ بماہ جمع ہوتے ہوتے ایک خاصی تعداد میں ہو چکی ہے، مگر ابھی بہت دنوں تک اسی طرح

جمع ہونا چاہئے، تین سال سے یہ رقم جمع ہو رہی ہے، اور سود اور اصل دونوں مل کر اس میں ماہ بماہ اضافہ ہو رہا ہے، اب تک کچھ خیال نہ کیا گیا، مگر اب یکایک خیال آیا کہ زکوٰۃ نہیں دی گئی، لہٰذا دریافت طلب یہ امر ہے کہ زکوٰۃ اس مال پر واجب ہی یا نہیں، اور یہ کہ اصل ہی پر زکوٰۃ ہوگی یا سود اور اصل دونوں پر، اگر زکوٰۃ واجب ہو تو اس کا طریقہ سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہی کہ آئندہ جو رقم ماہوار جمع ہوئی ہے اس میں سے زکوٰۃ بہرے کا روپیہ نکال کر زکوٰۃ ادا کر دی جائے اور بقیہ جمع کر دیا جائے، کیونکہ جو روپیہ جمع ہو چکا ہے اس میں سے واپس ملنا فی الحال بہت مشکل ہی، یا اگر کوئی اور طریقہ ادائیگی کا ہو تو اس سے مطلع کیا جائے، زید یہ بھی سمجھتا ہی کہ جو کچھ اصل روپیہ جمع ہو رہا ہے اُتنا ہی مہر کے قرضہ سے وضع ہو رہا ہے، باقی جو سود ملتا ہے وہ نابالغہ کے مال پر ہے، اور مہر کے قرضہ میں وضع نہیں ہو سکتا، کیا زید کا یہ خیال صحیح ہے، جواب باصواب سے مطلع فرمایا جاوے؟

الجواب؛ صورتِ مسئولہ میں یہ رقم ابھی زید کی ملک میں نہیں آئی، اس لئے بھی ادا ءِ زکوٰۃ واجب نہیں، ہاں یہ رقم چونکہ گورنمنٹ کے ذمہ دَین ہے، اور یہ دَین ضعیف ہی اس لئے ادا ءِ زکوٰۃ بعد قبضِ مال و حَولانِ حَول کے واجب ہوگا، ہاں اگر مال پر زید نے اپنی زندگی ہی میں قبضہ کر لیا اور وقت قبضہ کے اس کے پاس پہلے سے نصاب موجود ہو تو اس کے ساتھ ملا کر سب کی زکوٰۃ دیدے، یعنی جس وقت نصاب سابق کا سال پورا ہوا اسی وقت اس رقم کی بھی زکوٰۃ ادا کرنا واجب ہے، اور اگر زندگی میں قبضہ نہ ہوا تو زید کے ذمہ اس کے متعلق وصیت کرنا لازم نہیں اور نہ وارث کے ذمہ گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ ہے،

قال الشامی مقتضی ما مرّ من ان الدین القوی والمتوسط لا یجب اداء زکوٰته الا بعد القبض ان المورث لو مات بعد سنین قبل قبضه لا یلزمه الایصاء باخراج الزکوٰة عند قبضه لانه لم یجب علیه الاداء فی حیاته رای فکان کما اذا مات قبل الحول ۱۲) ولا علی المورث ایضا لانه لا یملکه الا بعد موت مورثه فابتداء حوله من وقت الموت وفیه ایضا عن المحیط ان اجرة دار التجارة او عبد التجارة علی الروایة الاولی من الدین الضعیف لان المنفعة لیست بمال حقیقة فصار کالمهر) وعلی ظاهر الروایة من المتوسط (لان المنافع مال حقیقة لکنها لیست بمحل لوجوب الزکوٰة لانها لا تصلح

نصاباً اذ لا تبقی سنة) ووقع فی البحر عن الفتح انه کالقوی فی صحیح الروایة ثم رأیت فی الوالوالجیة التصریح بان فیه ثلاث روایات اھ (ص ۵۰۷ ج ۲)۔

قلت: وهذا انما هو فی اجرة دار التجارة وعبد التجارة واما اجرة الحر فینبغی ان تکون کالمهر بلا خلاف لان منافع الحر لیست بمال حقیقة وعلی هذا فهی من الضعیف لا تجب فیه الاداء الا بعد القبض وحولان الحول ....

واللہ اعلم۔

تتمّہ؛ اور اس رقم میں جو بطور فنڈ کے وضع کرائی گئی ہے بعد وصول کے صرف اصل تنخواہ پر زکوٰۃ واجب ہی، اور سود کی رقم کو بتمامہ صدقہ کر دیا جاوے، اور یہ تصدّق زید پر واجب ہے، لڑکی پر واجب نہیں، جبکہ اس کے قرض میں اصل اور سود کو ملا کر دیا جائے، فقط۔ ۴ ذیقعدہ ۴۶ھ

سوال (۱۹) زید نابالغ کا نکاح ہوا، اس کے والدین نے بیوی کو زیور چڑھایا، بعدہٗ زید بالغ ہوا اور بلوغت سے دس بارہ سال کے بعد والدین سے یہ کہا کہ میں علیحدہ ہوتا ہوں، اور یہ زیور جو تم نے میری زوجہ کو دیا تھا واپس لیلو، والدین نے کہا کہ یہ زیور تو ہم تمہیں ہبہ کر چکے ہیں، چڑھانے کے ہی وقت سے، مگر زید کو اس ہبہ کا علم نہ تھا، صورتِ ہذا میں زید پر زکوٰۃ اس وقت سے ہے کہ جب سے اُسے ہبہ کا علم ہوا ہے، یا اُس وقت سے جبکہ والدین نے زیور چڑھایا ہے، اور بے علمی کے زمانے کی قربانی کی قضا ہی یا نہیں، زید کے والدین اپنے مال سے کبھی کبھی زید کی طرف سے قربانی کرتے تھے، اگر زید پر قربانی واجب ہوئی ہو تو یہ قربانی جو والدین زید کی طرف سے کرتے تھے زید کی قضاء قربانی میں مجری ہو سکتی ہے یا نہیں، اگر قربانی واجب ہوئی تو ہر سال کتنے دام نکالنے چاہئیں؟

الجواب؛ زید پر اس زیور کی زکوٰۃ وقت بلوغ سے ہے، زمانۂ قبل بلوغ کی زکوٰۃ واجب نہیں، اور وہ بھی اس شرط پر واجب ہے کہ زید والدین کے قول کو سچا سمجھتا ہو اور اگر گمان غالب یہ ہو کہ اس وقت انھوں نے مجھے شرما کر یا اور کسی وجہ سے یہ بات کہدی ہے تو زید پر اس زیور کی زکوٰۃ اُس وقت سے واجب ہے جس وقت سے اس کو ہبہ کا علم ہوا،

Made searchable using ScribeTools.com

خدا سے معاملہ ہے، اس لئے زید بلاوجہ والدین پر بدگمانی نہ کرے، ہاں اگر واقعی کسی وجہ سے گمان غالب ان کے قول کے خلاف ہو جاوے تو گمان غالب پر عمل کرنا جائز ہے، اور یہی حکم تفصیل کے ساتھ قربانی کا ہے، اور قربانی کی قضا متوسط بکری کی قیمت صدقہ کرنے سے ہوتی ہے، ہمارے یہاں تو پانچ چھ روپے متوسط بکری کی قیمت ہے، زید اپنے یہاں کا نرخ بھی دیکھ لے، اگر اس کے یہاں اس سے کم یا زائد ہو تو اسی جگہ کا نرخ معتبر ہے، پس ہر سال کی طرف سے ایک متوسط بکری کی قیمت مساکین و غرباء کو صدقہ کر دی جائے، اور صدقہ میں اپنے خاندان کے غرباء کو مقدم کرنا چاہئے، نانا، نانی، دادا دادی، باپ، ماں، اولاد، میاں بیوی کے سوا اور سب قرابت داروں کو زکوٰۃ وغیرہ دینا جائز ہے، واللہ اعلم، ۶ رمضان ۴۷ھ

موٹر اگر تجارت کے لئے نہ ہو اس پر زکوٰۃ نہیں، البتہ اس سے حاصل شدہ کرایہ پر زکوٰۃ واجب ہوگی

سوال (۲۰) زید کے پاس تعدادی چار ہزار روپیہ نقد ہے، جس میں سے اس نے دو ہزار دے کر مبلغ چار ہزار روپے کا موٹر کرایہ پر چلانے کے واسطے خرید کیا، اور کمپنی کا دو ہزار روپیہ اس پر قرض رہا، خریدنے کے بعد پانچ مہینہ موٹر چلا اور بذریعہ کرایہ مبلغ پانچ سو روپیہ وصول ہوا، اب زید کا زکوٰۃ نکالنے کا سال پورا ہو گیا، اور حال یہ ہے کہ زید دو ہزار روپے موٹر کی قیمت میں دے چکا ہے اور دو ہزار نقد پاس موجود ہیں، مگر دو ہی ہزار کا کمپنی کا قرضدار ہے، اور مبلغ پانچسو روپے منافع موٹر کا موجود ہے، تو اب کمپنی کے قرض کو جدا کر کے صرف پانچسو روپیہ جو منافع موٹر کے ہیں اُن کی زکوٰۃ ادا کرے، یا دو ہزار جو گھر میں ہیں اُن کو بھی ملا کر زکوٰۃ دے، یا اُس منافع اور اُن دو ہزار کو جو گھر میں ہیں اور ان دو ہزار کو جو قیمت موٹر میں دے چکا کُل ساڑھے چار ہزار کی زکوٰۃ نکالے، ہر سہ صورت میں کون صورت اختیار کرے، اور یہ موٹر مالِ تجارت مانا جائے گا یا آلۂ تجارت؟ بینوا توجروا، فقط

الجواب؛ زید کے ذمہ صرف پانچسو روپے کی زکوٰۃ واجب ہے، جو منافع میں وصول ہوئے، موٹر پر، اور دو ہزار جمع پر زکوٰۃ واجب نہیں، یہ موٹر مالِ تجارت نہیں بلکہ مثل مکان کرایہ کے ہے، ولا زکوٰۃ فیہ الا فی المنافع، اور دو ہزار جمع فاضل عن الدین نہیں، فلا زکوٰۃ فیہ ایضاً، واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۳ رمضان ۴۷ھ

بیوی صاحبِ نصاب ہو تو زکوٰۃ و قربانی اسی پر واجب ہوگی، شوہر پر واجب نہیں اور یہ کہ بیوی کو شوہر کی خدمت کا معاوضہ لینا جائز نہیں

سوال (۲۱) کسی عورت کو مہر کے عوض سونا ملے

چاندی یا سونے کے زیورات ملے، اس کے سوا اور کچھ مال اس کے پاس نہیں، اب اس پر زکوٰۃ و قربانی واجب ہے تو کیونکر ادا کرے، کیا زیورات بیچ کر دے گی یا اس کے شوہر کو اپنی بیوی کی طرف سے ادا کرنا لازم ہوگا، کیونکہ عورت مرد کے لئے ایک نوکری کا کام بھی انجام دیتی ہے، لیکن اجرت کے لئے کوئی عقد نہیں، یوں ہی شوہر کی رضاجوئی کے لئے اپنی غیر متعلق کام تک کو بھی انجام دیتی ہے، اس صورت میں اگر شوہر اپنی بیوی کی طرف سے زکوٰۃ یا قربانی نہ دے تو مواخذہ عورت پر ہوگا یا مرد پر؟

الجواب؛ زکوٰۃ و قربانی عورت پر واجب ہے، اس کی طرف سے مرد پر ادا کرنا واجب نہیں، اور عورت کو شوہر سے اپنی خدمت کا معاوضہ لینا بھی جائز نہیں، کیوں کہ خدمتِ زوج طاعت ہے اور طاعت کی اجرت لینا حرام ہے، الا ما استثناہ الفقہاء للضرورۃ البتہ عورت اپنے مہر کا زوج سے مطالبہ کر سکتی ہے، اگر مرد مہر بھی نہ دے تو عورت زیور بیچ کر زکوٰۃ و قربانی ادا کرے، فقط۔ ۲۹ ربیع الآخر ۴۸ھ

زکوٰۃ یکمشت کے بجائے سال بھر میں تھوڑی تھوڑی ادا کرنا

سوال (۲۲) زید صاحبِ نصاب ہے، اور بجائے سال تمام پر حساب کر کے کُل رقم زکوٰۃ یکمشت ادا کرنے کے دورانِ سال میں اپنی سہولت کے لئے وقتاً فوقتاً تھوڑی تھوڑی رقم علی الحساب شروع سال سے ادا کرتا رہتا ہے، ختم سال پر حساب سے اگر کمی رہتی ہے تو اس کو پورا کر دیتا ہے، اور اگر زیادتی ہو جاتی ہے تو اس کو آئندہ سال کی زکوٰۃ کی ادائیگی میں درج کر لیتا ہے، اور ختم سال پر حساب کے وقت اس پچھلی زیادتی کو اس سال کی ادائیگی میں شمار کر لیتا ہے، اسی طرح آئندہ بھی، دریافت طلب یہ ہے کہ یہ عمل شرعاً جائز ہے یا نہیں اور زکوٰۃ ادا ہوتی یا نہیں؟

الجواب؛ یہ صورت بھی جائز ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ سال تمام پر اس سال کی کُل زائد زکوٰۃ ادا کر دی جائے، کیونکہ موت و حیات کا اعتبار نہیں، اگر مرضِ موت میں مبتلا ہو گیا تو وہ رقم جو زکوٰۃ کے لئے الگ رکھی ہے ورثہ کی ملک ہو جائے گی، پھر وہ کیا خبر دیں یا نہ دیں۔ ۲۰ جمادی الاول ۴۸ھ

بذریعہ منی آرڈر زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے یا نہیں

سوال (۲۳) زکوٰۃ بذریعہ منی آرڈر ارسال کرنے میں بڑی دشواری یہ ہوتی ہے، کہ ڈاک خانہ اس کا پابند نہیں ہے کہ وہاں روپیہ ہی ادا کرے بلکہ اکثر نوٹ ہی ادا کئے جاتے ہیں، اور نوٹ سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی، اگر قواعد فقہیہ سے

قطع نظر کر کے منشاء شارع پر نظر کی جائے تو نوٹ سے زکوٰۃ علی وجہ الکمال ادا ہونا چاہئے، ایک تو اس لئے کہ نوٹ میں بھی اغناءِ مساکین حاصل ہے، بلکہ بعض اعتبارات سے یہ روپیہ سے بھی انفع ہے، روپیہ میں تو کھرا کھوٹا بھی ہے، اور پھر کھرے میں آواز بے آواز اور آوازدار میں گھسا اور بے گھسا بھی دیکھا جاتا ہے، اور نوٹ پھٹا چٹا میلا کچیلا ہر طرح کا آسانی سے چل جاتا ہے، پھر جس شخص نے نوٹ ہی پائے ہوں، یا حولانِ حول کے وقت اُس کے پاس نوٹ ہی ہوں تو وہ اور بھی زیادہ اس کا مستحق ہے کہ نوٹوں میں سے نوٹ ہی زکوٰۃ میں دیدے،

الجواب من حضرت حکیم الامت مدظلہم: نص کے ہوتے ہوئے ہم لوگوں کا قیاس کافی نہیں، اور پھر قیاس بھی حقیقی قیاس نہیں، جس میں علتِ جامعہ سے حکم متعدی ہوتا ہے، یہاں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ حکمت ہے، اور حکمت سے حکم کا تعدیہ نہیں ہوتا، وجہ یہ کہ حکمت حکم پر مرتب ہوتی ہے، اور علت پر حکم مرتب ہوتا ہے، سو اوّل حکم کا تحقق ہونا چاہئے، اس میں حکمتیں نکالی جاسکتی ہیں، اور حکم ہے زکوٰۃ کا، اور زکوٰۃ کا محل مال ہے اور نوٹ مال نہیں سندِ مال ہے، اور منی آرڈر سے ادا ہونے کی صرف یہ صورت ہے کہ کسی اور شخص کے پاس بھیجدے کہ وہ اُس کے روپے بھنا کر مسکین کو دیدے، فقط۔

اس کے بعد اُن کا دوسرا خط آیا جس کا جواب جامع امداد الاحکام نے تحریر فرمایا جو مع جواب کے ذیل میں مذکور ہے:۔

خط

دراصل ابتلائے عام کی وجہ سے حیلہ کی ضرورت ہے، بذریعہ منی آرڈر دوسرے کے نام سے بھیجنے میں اوّل تو مسکین کی دل شکنی اور اس دوسرے شخص کی بددیانتی کا احتمال ہے، سوائے اس کے کہ روپے کا پارسل کیا جائے، دوسرے اگر زکوٰۃ اس طرح ادا ہو سکتی ہے کہ زید نے ایک رقعہ عمر کو لکھدیا کہ حامل ہذا کو اتنا روپیہ ہمارے حساب میں دیدیا جاوے، اور اسے یہ ہدایت کی کہ تم ہمارے جس ایجنٹ یا وکیل یا نمائندہ کو چاہو یہ رقعہ دکھلا کے اتنے روپے لے لینا اور زید نے اپنی جگہ پر یہ نیت کر لی کہ جو کچھ دلا رہا ہوں یہ زکوٰۃ ہے، اگر اس طرح زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے تو پھر نوٹ بھی اسی طرح کی سندِ حوالہ ہے، اب اسی نوٹ سے وہ مسکین جو روپیہ وصول کرے وہ زکوٰۃ ہے یا جو دوسری اشیاء حاصل کریں وہ بھی زکوٰۃ ہیں، یہ نوٹ خود زکوٰۃ نہیں؟

الجواب من جامع امداد الاحکام: آپ نے جو صورت بیان کی ہے اس میں بھی محض رقعہ دینے سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، جب تک وہ شخص کسی ایجنٹ سے روپیہ وصول نہ کرے، اور اگر ایجنٹ نے اس کو روپے نہ دیئے، بلکہ کاغذ ہی دیدیا کہ فلاں سے لے لو جب بھی زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، جب تک وہ روپیہ وصول نہ کرے، اور اگر فقیر نے تاجر کا رقعہ کسی کو اپنے قرض میں دیدیا کہ تم فلاں ایجنٹ سے اپنا قرض یہ رقعہ دکھلا کر وصول کر لو تو زکوٰۃ بالکل ادا نہ ہوگی، پس یہ صورت مسئلہ نوٹ کے خلاف حکم نہیں رکھتی، بلکہ جو احکام اس کے ہیں وہی اس کے ہیں، اور نوٹ سے زکوٰۃ کا ادا نہ ہونا صرف اس صورت میں ہے جبکہ فقیر بعینہٖ اس نوٹ کو اپنے قرض میں دیدے یا ہبہ کر دے، یا اس سے چوری ہو جائے یا چھوڑ کر مر جائے، اور اگر اس کے روپے وصول کر کے اپنے قبضہ میں لائے، یا اس سے سودا خرید کر اپنی ملک میں لے آئے، تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، پس دشواری کچھ نہیں، صرف اتنی ضرورت ہے کہ مرسل الیہ کو کوپن میں تنبیہ کر دی جائے کہ پوسٹ مین سے نوٹ نہ لے، اور اگر لے تو نوٹ کو بعینہٖ اپنے قرض وغیرہ میں نہ دے، بلکہ روپیہ حاصل کر کے قرض ادا کرے، یا جمع رکھے۔

مقدار فرض سے زائد زکوٰۃ ادا کی تو وہ آئندہ سال زکوٰۃ میں محسوب ہو سکتی ہے یا نہیں

سوال (۲۴) یہ امر دریافت طلب ہے کہ دورانِ سال میں وقتاً فوقتاً زکوٰۃ تقسیم کی جاتی ہے، اور سال تمام پر حساب پورا کر دیا جاتا ہے، اگر زکوٰۃ امسال مقدارِ فرض سے زائد تقسیم ہو جائے تو اس زائد رقم تقسیم شدہ کو آئندہ سال کی زکوٰۃ میں مجرٰی و محسوب کر دیا جائے یا نہیں؟

الجواب: مقدار واجب سے زائد جو رقم زکوٰۃ میں دی گئی ہے وہ آئندہ سال کی زکوٰۃ میں محسوب ہو سکتی ہے، کما فی الشامی ص ۴۲ ج ۲ ودفی الولوالجیۃ لو کانت عندہ اربعمأۃ درھم فادّی زکوٰۃ خمسمأۃ ظانًا انہا کذلک کان لہ ان یحسب الزیادۃ للسنۃ الثانیۃ لانہ امکن ان تجعل الزیادۃ تعجیلًا اھ

احقر عبد الکریم عفی عنہ ۲۴ صفر ۴۵ھ. الجواب صحیح ظفر احمد ۲۵ صفر ۴۵ھ.

نصاب زکوٰۃ کی تحقیق

سوال (۲۵) صاحب زکوٰۃ فریضہ کس کو کہتے ہیں، اور اس پر کب زکوٰۃ کا حکم دیا جائے گا، کہتے ہیں کہ اگر اس کے پاس دو سو درہم ہوں تو اس کو

Made searchable using ScribeTools.com

نصاب کہتے ہیں اور اس پر پانچ درہم زکوٰۃ واجب ہی، لیکن یہ یقینی نہیں معلوم ہوا کہ درہم کی کیا قیمت ہی، پھر بعض علماء سے معلوم ہوتا ہے کہ ۳۹ یا ۴۰ یا ۵۰ یا ۵۲ ہو یا اس قدر کی چاندی ہو تو صاحبِ نصاب ہے، اور پھر ایک روپیہ چار آنہ زکوٰۃ واجب ہے، سکہ مروجہ سے ایک روپیہ[ع] چار آنہ ہے، اور درہموں سے پانچ درہم، نہ معلوم درہم سکہ مروجہ انگریزی سے کتنے بھر ہوتا ہے، اور اختلاف مابین علمائے کرام میں کیوں ہے، صحیح قول بالآخر مفتیٰ بہ کون ہے، حساب سے الگ الگ کر کے صورت بتلائی جائے، جو کہ ذہن نشین علی الفور ہو، ایسا ہی سونے کے بارے میں جب دریافت کیا جاتا ہے، کہ سونے پر کس قدر زکوٰۃ واجب ہے؟ تو جواب دیا جاتا ہے کہ بیس مثقال سونے پر نصف مثقال، پھر عدم فہم پر فرماتے ہیں کہ سات مثقال دس درہم کا ہوتا ہے، بلکہ دوسری جگہ ہے کہ فی کلّ اربعۃ مثاقیل قیراطان، لہٰذا دونوں شقوں کو لکھ دیا جائے کہ پہلی صورت سے کیا مراد ہے؟ اور ثانی سے کیا، وجہِ اختلاف کیا ہے؟ حساب کی صورت میں ملا کر تحریر فرمائیے کہ بیس مثقال انگریزی تول کے حساب سے کس قدر ہوگا اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ بیس مثقال ساڑھے سات تولہ کا وزن ہوتا ہے، اور اس میں ۲ ماشہ[ع] اڑھائی رتی زکوٰۃ نکلتا ہے یہ کس حساب کی بناء پر ہے، خلاصۂ حساب صحیح صحیح تحریر فرما کر ممنون و مشکور فرمایا جائے، نیز یہ بھی تحریر کیجئے کہ جتنا وزن زکوٰۃ کا سونا نکلے بعینہ وہی سونا مخرجہ زکوٰۃ دیا جائے یا اس کی قیمت دی جائے؟ مدلّل اور مصرّح جواب تحریر فرمایا جائے؟ بینوا بالدّلیل و توجروا عند اللہ الاجر الجزیل من جناب ربّ الجلیل۔

الجواب: حساب مذکورۂ بالا کی رُو سے صاحبِ مظاہر حق وغیرہ علمائے کرام کے نزدیک چاندی کا نصاب باون[ع] تولہ چھ ماشہ ہی، ہمارے اکابر اسی پر فتویٰ دیتے ہیں، دوسرے اقوال کی بناء وہی اختلاف فی الوزن ہے۔

نوٹ (۱):۔ سونے چاندی میں وزن کا اعتبار ہے، قیمت معلوم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، وہ ہر زمانہ میں بدلتی رہتی ہے، البتہ وزن کے اعتبار سے حساب کر کے پھر اس کی قیمت وقتیہ ادا کر دے تو یہ جائز ہے۔

نوٹ (۲):۔ قولِ فقہاء فی حل اربعۃ مثاقیل قیراطان) محض تمثیل کے طور پر ہے،

ع۵ صحیح حساب سے ایک روپیہ پانچ آنہ ہوتے ہیں ۱۲ مجیب۔ ع۵ صحیح یہ ہے کہ ۲ ماشہ ۱ رتی زکوٰۃ نکلتی ہے ۱۲ مجیب۔

یا بیس مثقال سے زائد کا حساب ہے، اس سے یہ مقصود نہیں کہ فقط چار مثقال میں زکوٰۃ واجب ہے۔ کتبہ الاحقر عبد الکریم، ۱۳ر جمادی الاولیٰ ۴۸ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ، ۱۳ر جمادی الاولیٰ ۴۸ھ۔

مسئلہ وجوبِ زکوٰۃ

سوال (۲۶) فرض کیا زید کے پاس سو روپے ہیں، اس نے سال کے آخر میں جب یہ دیکھا کہ یہ سو روپے اس کے خرچ سے بچ رہا ہے، تو اس نے ڈھائی روپے زکوٰۃ دیدی، لیکن یہی ساڑھے ستانوے روپے جو اُسی سو روپے میں ڈھائی روپے زکوٰۃ دینے کے بعد بچا ہے پھر سال تمام کے اخراجات کے بعد بچ گیا تو کیا اس ساڑھے ستانوے روپے کی بھی زکوٰۃ دی جاوے یا وہی اڑھائی روپے جو سو روپے کی زکوٰۃ تھا، اس رقم کے لئے کافی تھا، غرض یہ ہے کہ وہی سو روپیہ کی رقم رکھی ہے، نہ اُس میں شامل کوئی رقم کی گئی، نہ اس میں سے کوئی رقم لی، اس کی زکوٰۃ کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب: دو روپیہ آٹھ آنہ تو ایک سال کی زکوٰۃ ہے، دوسرے سال اگر یہ روپیہ رہ گیا تو اس کی زکوٰۃ دوبارہ دینی پڑے گی، اسی طرح آئندہ بھی ہر سال موجودہ رقم کا چالیسواں حصہ دینا چاہئے جب تک کہ مقدارِ نصاب رہی، اور جب مقدارِ نصاب نہ رہی تب واجب نہ رہے گی۔ احقر عبد الکریم عفی عنہ، ۷ر جمادی الاولیٰ ۴۸ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ، ۱۸ر جمادی الاولیٰ ۴۸ھ۔

پراویڈنٹ فنڈ پر وجوبِ زکوٰۃ کا مسئلہ

سوال (۲۷) زید سرکاری ملازم ہے، اس کی تنخواہ سے بیس روپے ماہوار سرکار کاٹ لیا کرتی ہے، وہ رقم اس کی جو بیس روپے ماہوار سے سرکار میں جمع ہو رہی ہے بعد پنشن یکمشت سرکار ادا کر دے گی، تو ایسی رقم پر بھی زکوٰۃ واجب ہے؟

الجواب: صورتِ مسئولہ میں زکوٰۃ اس وقت واجب نہیں، بلکہ یہ رقم جب اس کے قبضہ میں آجائے اور حولانِ حول ہو جائے تو ــــ زکوٰۃ واجب[ع] ہوگی، قال قاضی خان: اذا اجر داره او عبده بمائتی درهم لا تجب الزكوٰة ما لم يحل الحول بعد

ع۵ اور اگر اس پر اس رقم کے آنے سے پہلے بھی زکوٰۃ واجب ہی تو اس رقم کے وصول ہونے کے بعد جب پہلے مال کا سال تمام ہو اسی وقت اُس سب رقم کی زکوٰۃ بھی اس کے ساتھ دی جائے ۱۲

Made Searchable by Scribe Tools.com

القبض وفی قول ابی حنیفہؒ فان کانت الدار اداۃ العبد للتجارۃ وقبض اربعین درھما بعد الحول کان علیہ ادرھم بحکم الحول الماضی قبل القبض الخ (ص۲۱ ج۲) قلت واذا لم یکن علیہ زکوۃ فی اجرۃ الدار والعبد الا اذا کانا للتجارۃ فاجرۃ نفسہ اولی فان الحر لیس بمال - احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۷ جمادی الاولی ۴۸ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ ۱۸ جمادی الاولی ۴۸ھ۔

بنک کا دیوالہ نکل جائے تو اس میں جمع کردہ روپے پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں

سوال (۲۸) زید نے کچھ روپیہ بنک میں جمع کیا، بنک کا دیوالہ نکل گیا، بنک سے روپیہ ملنے کی امید بھی ہے، اور اسی قدر ناامیدی بھی کیونکہ یہ نہیں کہ روپیہ ملے بھی کہ نہ ملے، یا کچھ ملے اور کچھ نہ ملے، ایسی صورت میں کیا جمع کنندہ پر زکوٰۃ واجب ہے؟

الجواب: اس روپے کی زکوٰۃ واجب رہے گی، مگر ہر دست ادا کرنا لازم نہیں بلکہ جب دس روپے آٹھ آنہ کی وصولی کے بعد وصول شدہ رقم کی سب گذشتہ برسوں کے متعلق زکوٰۃ ادا کرنا پڑے گی۔ احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۷ جمادی الاولی ۴۸ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ ۱۸ جمادی الاولی ۴۸ھ۔

مسئلہ وجوب زکوٰۃ

سوال (۲۹) زید کے پاس دس ہزار روپے کی مالیت کی زمین ہے، اور اس زمین کا کچھ حصہ بعوض پانچ ہزار رہن ہے، اور شخص مذکور کے پاس پانچسو روپے کی مالیت کا زیور ہے، آیا اس زیور پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟

الجواب: اس زیور پر زکوٰۃ واجب ہے۔ عبد الکریم عفا عنہ ۷ ج ۲ ۴۸ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ، ۷ جمادی الثانیہ ۴۸ھ۔

مہر مؤجل مانع وجوب زکوٰۃ ہے یا نہیں

سوال (۳۰) زید کے پاس پانچسو روپے کا زیور ہے، اور ایکہزار روپیہ اس کی زوجہ کا مہر اس کے ذمہ واجب الادا ہے آیا اس زیور پر مرد کے ذمہ زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟

الجواب: اگر باوجود مہر مؤجل ہونے کے یہ شخص فی الحال ادا کرنے کی فکر میں ہے تب تو اس زیور پر زکوٰۃ واجب نہیں، ورنہ واجب ہے، کما فی العالمگیریۃ وذکر البزدوی فی شرح الجامع الصغیر قال مشائخنا فی رجل علیہ دین مؤجل لامرأتہ وھو لا یریہ اداءہ (ای فی الحال) لا یجعل مانعا من الزکوٰۃ لعدم المطالبۃ ف

العادۃ انہ حسن ایضا هکذا فی جواهر الفتاوی فقط۔ حبہ الکریم عفا عنہ، ج ۲ ۴۸ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ، ۷ جمادی الثانیہ ۴۸ھ۔

قرض پر وجوب زکوٰۃ کی ایک صورت کا حکم

سوال (۳۱) کسی کے پاس کچھ روپیہ تھا جس پر وہ زکوٰۃ نکالا کرتا تھا، اب وہ روپیہ دوسرے شخص کو قرض دیدیا، اب وہ مقروض کہتا ہے کہ مجھ سے نقد روپیہ نہیں ادا ہو سکتا، بلکہ اس کے عوض کچھ جائداد مجھ سے لکھالو اور اس کو بھی ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی، ایسی صورت میں زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟

الجواب: اس صورت میں مدیون منکر تو نہیں ہے بلکہ قرض کا مقر ہے، اور جائداد رقم قرض کے عوض دینے کو تیار ہے، اس لئے قرض دینے والے کے ذمہ سے سنین ماضیہ کی زکوٰۃ ساقط نہیں، ہاں جب جائداد لے لے گا تو آئندہ زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔

واستبدال مال التجارۃ بمال التجارۃ ھلاک وبغیر مال التجارۃ استھلاک، قال الشامی تشمل مالو استبدل بعوض مالیس بمال اصلا او بعوض ھو مال لکنہ لیس بمال الزکوٰۃ بان باعہ بعبد الخدمۃ او ثیاب البذلۃ فیضمن الزکوٰۃ فی ذلک کلہ لانہ استھلاک اھ (شامی ۲۳ ج ۲)۔

مثل سوال مذکور

سوال (۳۲) کسی شخص کے ذمہ کچھ روپیہ باقی ہے، اور وہ کہتا ہے کہ ایک دم روپیہ نہیں ادا ہو سکتا ہے، بلکہ دفعہ دفعہ ادا کریں گے، اور دفعہ دفعہ کرنے سے روپیہ اس قدر نہیں ہوتا ہے کہ جس کی زکوٰۃ فرض ہے، بلکہ کل روپیہ جو اس کے ذمہ ہے یکمشت ادا کرنے سے زکوٰۃ فرض ہو جاتی ہے، تو ایسی صورت میں کیا حکم ہے؟

الجواب: جب اس قرض میں سے گیارہ روپے چار آنہ وصول ہوں خواہ یکمشت یا تدریجاً تو اس گیارہ روپے چار آنہ کی زکوٰۃ یعنی چالیسواں حصہ دینا واجب ہوگا، اور جتنے برسوں کے بعد وصول ہوا ہو سب کی طرف سے اس گیارہ روپے چار آنہ کی زکوٰۃ واجب ہے، اس کے بعد پھر جب کبھی گیارہ روپے چار آنہ وصول ہوں تو اس کا بھی یہی حکم ہے، جب تک پورے گیارہ روپے چار آنے پر قبضہ نہ ہو اس وقت تک زکوٰۃ واجب نہیں، قال الشامی فاذا قبض ذلک کلہ او اربعین درھما منہ باقتطاع ذلک من اجرۃ الدار ترتب زکوٰتہ لما مضی من السنین والناس عنہ غافلون (ص۵۶ ج ۲) کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ ۲۵ رجب ۴۸ھ۔ الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ ۵ شعبان ۴۸ھ۔

Made searchable using ScribeTools.com

زکوٰۃ کی رقم اور دیگر سامان دینے کی نیت سے علٰحدہ رکھا تھا، مگر اپنے مال کے ساتھ زکوٰۃ کا مال بھی چوری ہوگیا تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں

سوال (۳۳) زید نے اپنے مال کی زکوٰۃ نکالی، اور اس زکوٰۃ کے پیسے سے کچھ تو مستحقین زکوٰۃ پر خرچ کیا، اور کچھ کپڑے مستحقین کے واسطے خرید کر رکھ لئے، اور پھر بھی کچھ نقد باقی رہ گئے تھے کہ اس کے ہاں چوری ہوئی، چوری میں زکوٰۃ کے پیسے اور کپڑے اور اس کا اپنا مال بھی چوری ہوگیا، سوال یہ ہے کہ زکوٰۃ سے سبکدوش ہوا یا نہیں، اگر نہیں تو کس طریقہ سے ادا کرے، بینوا بالصواب توجروا بالثواب ؟

الجواب؛ اگر فقط وہ مال چوری ہوتا جو کہ زکوٰۃ کی نیت سے الگ رکھا ہوا تھا تب تو زکوٰۃ سے سبکدوشی نہ ہوتی، لیکن جب دوسرا مال بھی چوری ہوگیا ہے تو اس مال مسروقہ کی زکوٰۃ معاف ہوگئی ہے، البتہ اگر کچھ مال صاحبِ واقعہ کے پاس باقی رہ گیا ہو تو اس باقی کی زکوٰۃ ادا کرنا لازم ہے، کما فی الدر المختار ولا یخرج عن العهدة بالعزل بل بالاداء للفقراء وقال الشامی فلو ضاعت لا تسقط عنه الزکوٰة الخ (ص ۱۸ ج ۲) وفی هالك بعد وجوبها منع الساعی فی الاصح لتعلقها بالعین لا بالذمة وان هلك سقط حظه فقط واللہ اعلم، ۱۴ رجب سنہ ۵۰ھ۔

حکم وجوب زکوٰۃ در زیورات

سوال (۳۴) کسی عورت کے پاس دو سو تولہ کے زیورات ہیں، اس کے ہاتھ پیر کان اور گلے میں مدام باون تولہ سے زائد رہتا ہے، اور یہ اس کی ضروریہ میں سے ہے، اس کو پورے زیورات کی زکوٰۃ دینی ہوگی، یا ما بقیہ زیور کی دینی ہوگی کتاب کا حوالہ ارسال فرمائیے؟ آپ کی اصلاح تحریر ادلہ ہوگا۔

الجواب؛ اس عورت کے تمام زیورات پر زکوٰۃ واجب ہے، اُن پر بھی جو رکھے رہتے ہیں اور اُن پر بھی جو استعمال میں رہتے ہیں، صرح به فی الدر وغیره من المتون و الشروح، واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۷ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۸ھ۔

مسئلۂ زکوٰۃ

سوال (۳۵) گورنمنٹ نے بعض فوجی پنشنر اشخاص کو مربعہ جات (اراضی جو نہر کے پانی سے سیراب ہو) بطور عطیہ کے عطا کئے ہیں، جن پر مطالبہ مال آبیانہ ششماہی لگتا رہتا ہے، علاوہ ازیں یہ شرط ٹھہرائی گئی کہ عرصہ پانچ سال تک بمع معاملہ کچھ رقم بطور مالکانہ ادا کرنی پڑے گی، اس وقتِ معینہ کے بعد مبلغ گیارہ صد روپیہ قیمت فی مربعہ ادا کرنے کے ہر شخص مالکِ مربعہ بن سکتا ہے، اور وہ مالکانہ بند ہو جائیگا اور ساتھ یہ بھی اختیار دیا گیا ہے کہ اگر وہ مالک نہیں بننا چاہتا تو مالکانہ

بدستور ادا کرتا رہے جبراً قیمت نہیں لی جائیگی، اب جس شخص کے پاس قیمت مربعہ قبل از عطیہ موجود ہے اور اس نے اس نیت سے رکھی ہوئی ہے کہ قیمت مربعہ ادا کر کے مالکِ مربعہ بنوں گا اس پر بعد گذرنے سال کے زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟

الجواب؛ ہاں اس رقم پر زکوٰۃ واجب ہے، کیونکہ وہ قرض سے فارغ ہے، گورنمنٹ کی رقم اس پر قرض نہیں، جبکہ یہ خود مختار ہے کہ اس رقبہ کا مالک نہ بنے اور اس زمین کو خریدے یا نہ خریدے، تو عقد کا تحقق نہ ہوا، اور نہ ثمن اس کے ذمہ لازم ہوا، واللہ اعلم۔

۱۰ ذیقعدہ سنہ ۴۸ھ

قرض ہر حال میں مانعِ وجوبِ زکوٰۃ ہے

سوال (۳۶) ایک شخص نے چار ہزار روپے میں ایک زمین خریدی، جس کی ادا دس قسطوں میں قرار پائی ہے، ایک قسط وہ ادا کر چکا اور زمین پر قابض ہوگیا، دوسری قسط کے لئے مائۃ و پچیس روپیہ اس کے پاس رکھا ہے، جس پر حولانِ حول ہو چکا ہے، تو اس رقم پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں، اور زمین کا قرض مانع وجوبِ زکوٰۃ ہے یا نہیں؟

الجواب؛ اس رقم پر زکوٰۃ واجب نہیں، قرض بہر حال مانعِ وجوب زکوٰۃ ہے، خواہ زمین کی وجہ سے ہو یا کسی اور وجہ سے، اور خواہ اس کی ادا بالاقساط مشروط ہو یا بلا اقساط، واللہ اعلم، ۱۳ ذی الحجہ سنہ ۴۸ھ۔

مسوّدۂ زکوٰۃ بل کے بارے میں ایک استفتاء۔

سوال (۳۷) حضرت حکیم الامۃ دام مجدہم کی خدمت میں ایک سوال اس مضمون کا آیا تھا کہ تنظیم زکوٰۃ کے لئے مرکزی اسمبلی میں زکوٰۃ بل پیش کرنے کا ارادہ ہے جس کا مسوّدہ ارسالِ خدمت ہے، شرعی نقطۂ نظر سے اس مسوّدے کے متعلق جو رائے ہو اس سے مطلع فرمایا جائے، اس کا جواب حضرت کے ایماء سے یہ دیا گیا:۔

الجواب؛ مکرمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

مسوّدۂ زکوٰۃ بل دیکھا گیا، آپ کی نیت کے نیک ہونے اور خیر خواہی پر مبنی ہونے میں شبہ نہیں، مگر ہم اس بل کی تائید سے بوجوہ چند معذور ہیں:۔

الف؛ کافر گورنمنٹ کے ذریعہ سے شرائعِ اسلام کی ترقی جب طلب کی جاتی ہے بجائے ترقی کے تنزل ہی ہوتا ہے، وقف بل، اور خلع بل کی نظائر سامنے ہیں، کہ ان دونوں سے بجائے فائدہ کے شرعی حیثیت سے نقصان ہی ہوا۔

ب ؛ چونکہ قانون کا پاس کرنا صرف مسلمانوں کے ہاتھ میں نہیں بلکہ اکثریت کے ہاتھ میں ہے، اس لئے جس صورت سے بل پیش کیا جاتا ہے اس سے بدتر صورت میں پاس ہوتا ہے، چنانچہ خلع بل جس صورت سے پاس ہوا ہے وہ سب کے سامنے ہے کہ حاکم مسلم کی شرط جو اس بل کی جان تھی حذف کر دی گئی، اور سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ خود مسلمان ہی بوجہ جہل کے مخالف ہو جاتے ہیں، اور احکام شرع میں رائے زنی کرتے ہیں، کہ اس قید کی کیا ضرورت ہے؟

ج ؛ اموالِ باطنہ کی زکوٰۃ میں خلیفۃ المسلمین وامیر المؤمنین کو بھی جبر کا حق نہیں، یہ بل ان میں بھی جبر کا حق دیتا ہے۔

د ؛ اموالِ ظاہرہ میں خلیفہ وامام کو حق جبر ضرور حاصل ہے، مگر اس کو عشر یا ربع عشر سے زیادہ مسلمانوں سے وصول کرنے کا حق نہیں، یہاں کافر حکومت پہلے ہی سے زمینوں پر لگان اور تجارتوں پر ٹیکس وصول کر رہی ہے، اور اب کانگریسی حکومت رات دن مسلمانوں کو پیسے کی فکر میں لگی ہوئی ہے، اگر اس کو عشر اور ربع عشر کے وصول کا حق بھی دیدیا گیا اور اس کی تشخیص بھی اس کے ہی ہاتھ میں رکھی گئی، جیسا کہ بل میں ظاہر کیا گیا ہے تو مسلم مزارعین اور مسلم تجار پر وہ جتنا بار ڈالیں گے ظاہر ہے۔

ہ ؛ زکوٰۃ کی رقوم میں سے دو فی صد گورنمنٹ کے عاملین کے لئے رکھا گیا ہے، جس میں کچھ تصریح نہیں کہ وہ عاملین مسلمان ہی ہوں گے، یا مسلم وغیر مسلم دونوں ہو سکتے ہیں، شقِ ثانی میں یہ حصہ زکوٰۃ کا غیر مصرف میں جائے گا۔

و ؛ زکوٰۃ کا ۲۰ فی صد دیگر اغراض کے لئے رکھا گیا ہے اس کی کوئی تشریح نہیں کی گئی، کہ کن مصارف میں صرف ہوگا، صرف کرنے والے مسلمان بھی ہوں گے تو مسائل سے ناواقف ہوں گے نہ معلوم کہاں کہاں صرف کریں اور مسلمانوں کی زکوٰۃ برباد ہو، اس طرح ۸۰ فی صد بطور سرمایہ محفوظ رکھا گیا ہے، جس کے معنی یہ ہیں کہ زکوٰۃ دینے والوں کی پوری زکوٰۃ ہر سال ادا نہ ہوگی، بلکہ اس کا کچھ ادا سے رہ جائے گا۔

ز ؛ افسر مشخص کا مسلم ہونا تو بل میں مصرح ہے، مگر اس کے فیصلہ کی اپیل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے یہاں رکھی گئی ہے، جس کا مسلم ہونا شرط نہیں کیا گیا، اگر وہ غیر مسلم ہوا تو اس کے فیصلہ سے زکوٰۃ کا جو حشر ہوگا ظاہر ہے۔

ح ؛ انجمنوں کے اور رامن کے بیت المال کے معائنہ کے لئے جو انسپکٹر اور ان انسپکٹروں کے

تقرر کا اختیار گورنمنٹ کو دیا گیا ہے، اس میں بھی یہ تصریح نہیں کہ وہ انسپکٹر مسلم ہوں گے یا غیر مسلم بھی ہو سکتے ہیں، شقِ ثانی میں اُن کی تنخواہ جو زکوٰۃ کی مد سے دی جائے گی، وہ محض برباد ہوگی، اور کافروں کو مسلمانوں کی زکوٰۃ اور بیت المال پر جو حق تصرف ہوگا وہ جدا رہا، اس سے آئندہ جو کچھ خرابیاں پیدا ہوں گی وہ احکامِ وقت کے حالات سے باخبر طبقہ پر مخفی نہیں۔

ط ؛ وزیرِ اوقاف اور افسر مشخص اگر نام کا مسلمان ہوا اور عقیدۃً قادیانی یا اور کسی فرقہ کا ہوا (جو عامۂ مسلمین کے نزدیک مسلمان نہیں بلکہ مرتد ہے) اور پورے مسائل سے سب ہی ناواقف ہوں گے، تو اس کے برائے نام اسلام سے بجائے نفع کے ضرر کا اندیشہ ہے، اس خطرہ سے حفاظت کی کیا سبیل ہے؟

ی ؛ خلیفۂ اسلام جو عاملین کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے مقرر کرتا ہے، چونکہ خلیفہ تمام مسلمانوں کا نائب ہے جن میں فقراء بھی داخل ہیں تو خلیفہ یا اس کے عاملین کے ہاتھ میں زکوٰۃ پہونچتے ہی ارباب اموال کے ذمہ سے ادا ہو جاتی ہے، گویا فقراء کے ہاتھ میں پہنچ گئی مگر حاکم غیر مسلم یعنی غیر مسلم گورنمنٹ کا شرعًا یہ حکم نہیں اس کے یا اس کے عاملین کے قبضہ میں زکوٰۃ پہونچنے سے فورًا ادا ہونا شرعًا باطل ہے، پس اگر کوئی شخص زکوٰۃ ادا کر کے مر گیا، اور اس کی زکوٰۃ ابھی تک مصرف میں صرف نہ ہوئی تھی تو وہ رقم ورثہ کی طرف منتقل ہو کر ترکہ میں داخل ہوگی، اور اس کو مصارفِ زکوٰۃ میں صرف کرنا جائز نہ ہوگا، اس کا کوئی حل اس بل میں نہیں۔

الغرض جب تک باقاعدہ اسلامی حکومت نہ ہو زکوٰۃ کا انتظام غیر مسلم حکومت کے ذریعہ سے نہیں کیا جا سکتا، اس کی واحد صورت یہی ہے کہ گورنمنٹ مسلمانوں کو اجازت دے کہ وہ اپنا ایک حاکم مسلم مقرر کر لیں جس پر گورنمنٹ کا ویسا ہی اقتدار ہو جیسا والیانِ ریاست پر ہوتا ہے، اندرونی نظم ونسق میں وہ بالکل آزاد ہو، پھر حاکم مسلم زکوٰۃ کو قاعدۂ شرعیہ کے موافق وصول کرے تو یہ صورت جائز ہے۔

آپ نے اس بل کی ضرورت پر روشنی ڈالتے ہوئے ہندوؤں کے کھاتہ پن کا تذکرہ کیا ہے، مگر ہندوؤں کا کھاتہ پن گورنمنٹ کے قانون کی طاقت سے نہیں چل رہا بلکہ خود ہندوؤں کی قومی طاقت سے چل رہا ہے، اگر مسلمان بھی اپنے یہاں کوئی خیراتی فنڈ ایسا قائم

Made searchable using ScribeTools.com

کریں جو قومی طاقت سے چلے تو یہ ایک مفید صورت ہوگی، اور ہم خوشی کے ساتھ اس کی تائید کریں گے۔

اس میں شک نہیں کہ مسلمانوں میں اس وقت دس فی صد زکوٰۃ دینے والے ہوں گے مگر غالباً یہی اوسط نماز پڑھنے والوں کا ہے، تو کیا کل کو نماز کے لئے بھی کوئی قانون بنوایا جائے گا، اور غالباً حج کرنے والے تو اس سے بھی بہت کم ہوں گے، تو کیا حج کیواسطے قانون بنوایا جائے گا؟ اگر نہیں تو زکوٰۃ ہی کے لئے قانون بنوانے کی کیا ضرورت ہے؟

دراصل ضرورت اس کی ہے کہ مسلمانوں کو احکامِ دین سے واقف کیا جائے، مذہبی تعلیم کو عام طور سے رواج دیا جائے، تبلیغ کی طرف پوری توجہ کی جائے، مسلمانوں کو نماز اور زکوٰۃ، روزہ اور حج اور تمام احکام کی ضرورت سے مطلع کیا جائے، ایسی انجمنیں قائم کی جائیں جن کا فریضہ تبلیغِ احکام ہو، جن کا کام مسلمانوں میں مذہبی روح پیدا کرنا ہو، جس دن قوم میں مذہبی بیداری پیدا ہو جائے گی وہ ہندوؤں کے کھاتہ پُن سے بہتر نظام قائم کرے گی، اور اگر مذہب اور احکامِ مذہب سے یہی غفلت رہی جو اس وقت ہے تو زکوٰۃ بل بھی کچھ مفید نہ ہوگا، بلکہ بجائے مصارفِ خیر کے گورنمنٹ کا عملہ اور افسر مشخص یا وزیر اوقاف کا خاندان اس بیت المال کو لقمۂ تر سمجھ کر ہضم کر جائے گا، اور مسلمان دیکھتے کے دیکھتے رہ جائیں گے، جس چیز کی ضرورت ہے کہ مسلمانوں کو حقیقی معنی میں مسلمان بنایا جائے، اور اس کی سہل صورت یہ تھی کہ مسلمانوں کا اونچا طبقہ جو علمی اور مالی اعتبار سے بڑا ہے وہ دین کی طرف توجہ کرتا، خود دیندار بنتا اور دوسروں کے لئے نمونہ ہوتا، جس سے اعلیٰ درجہ کی تنظیم ہو جاتی، اس سے تو سب دُور بھاگتے ہیں اور بجائے اس کے اپنی عبادات تک گورنمنٹ کے ہاتھ میں دیتے جا رہے ہیں جس کا انجام نہایت ہی خراب ہے، ظفر احمد والسلام۔

باب زکوٰۃ مال التجارۃ

کتبِ تجارت میں زکوٰۃ کا حکم

سوال (۱) میں نے دو سو پچپن روپے خرچ کر کے ۱۵۵۵ کتاب چھپوائیں اور فروخت کے لئے دُکان دار کے پاس رکھدیں (ابھی) میرے ہاتھ میں روپیہ پیسہ کچھ بھی نہیں) ختم سال پر مجھ کو ۴۵۵ روپے ملیں گے، پھر وہی ۴۵۵ روپے بھی دوسری بار کتاب چھاپنے میں خرچ کیا جائے گا، میرا کچھ اور مال و متاع نہیں ہے، پس مجھ پر زکوٰۃ واجب

ہے یا نہیں؟

الجواب: آپ پر زکوٰۃ واجب ہے، اور مالِ تجارت کی زکوٰۃ کے لئے روپیہ پیسہ ہاتھ میں ہونے کی ضرورت نہیں، بلکہ مالِ تجارت کا موجود ہونا اور اس پر سال گذرنا شرط ہے، پس جب وہ ۱۰۰۰ کتابیں آپ کے پاس موجود ہیں، اور اُن پر سال گذر گیا تو انہی ایک ہزار میں سے ۲۵ عدد کتابیں زکوٰۃ میں نکال دی جائیں، یا ۲۵ کتابوں کی قیمت دیدی جائے، جو آسان ہو اور انفع للفقراء ہو، واللہ اعلم، ۱۲ رمضان ۴۵ھ۔

باب صدقۃ السوائم

بکریوں کی زکوٰۃ کا حکم و نیز سرکاری اور زمیندار کی زمین میں اُن کے چرانے کا حکم

سوال (۱) ایک شخص رئیس کے پاس کچھ بکریاں بھی ہیں، اور اس کی زمین میں اس کے نوکر چراتے ہیں، ان میں زکوٰۃ ہے یا نہیں؟

الجواب: بکریاں اگر چالیس یا اس سے زیادہ ہوں تو سال گذر جانے پر زکوٰۃ واجب ہوگی، اگر بکریاں محض کھانے کے واسطے نہیں پالتا بلکہ اصل مقصود مال کا بڑھانا ہے، گو طبعاً کبھی کھا بھی لیتا ہو جس کا مفصل بیان کتبِ فقہ میں موجود ہے، خواہ وہ اپنی زمین میں چراتا ہو یا سرکاری زمین میں یا زمیندار کی زمین میں، سب صورتیں برابر ہیں، البتہ اگر چالیس سے کم ہوں تو زکوٰۃ واجب نہیں۔

سوال (۲) ایک شخص کے پاس بکریاں ہیں، دو سو، مگر زمین نہیں ایک اُنگل، سرکاری زمین میں یا زمینداروں کی زمین میں چرا کر لاتا ہے، بازار میں دودھ بیچکر گذر کرتا ہے، اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں؟

الجواب: سرکاری اور زمیندار کی زمین میں چرانا درست ہے، بشرطیکہ کھیتوں اور درختوں کا نقصان نہ کرے، خود رو گھاس یا پتے چرائے، اور جس شخص کے پاس دو سو بکریاں ہیں اور وہ دودھ بیچکر گذارا کرتا ہے اس کا مقصود بکریوں کے پالنے سے کیا ہے، آیا صرف دودھ بیچنے ہی کے واسطے بکریاں پالتا ہے، یا مقصود مال کا بڑھانا ہے، اور بکریوں سے بچے لینا اور تبعاً دودھ سے بھی نفع حاصل کر لیتا ہے، ان دونوں باتوں میں سے جو مقصود ہو اس کو واضح لکھا جائے تو جواب دیا جائے گا۔

سوال ۳۰: چند زمیندار آپس میں ایک دوسرے کی زمین میں ڈنگر بکریاں چرا لیتے ہیں آپس کی رضامندی سے عام رواج سے یہ کیسا ہے؟

الجواب: جائز ہے، بشرطیکہ کھیتوں اور درختوں کا نقصان نہ کرے، ۱۸ رمضان ۱۳۴۲ھ

علوفہ اور تجارتی مواشی پر وجوب زکوٰۃ کا حکم

سوال (۲) زید کے پاس ایک سو علوفہ بھینسیں ہیں، جن کا دودھ فروخت کرتا رہتا ہے، اور جب کبھی ان بھینسوں میں سے کسی بھینس کا دودھ کم ہوجاتا ہے تو معاً بھینس کا خسارہ برداشت کرتے ہوئے اگر چار سو کی بھی ہو تب بھی ایک سو یا کچھ کم وبیش سے قصابوں کو فروخت کردی جاتی ہے، اور فوراً اگر اس کی جگہ پر دوسری بھینس خرید کرکے ایک سو کی تعداد پوری کرلی جاتی ہے، چھ یا سات ماہ کے بعد ہر ایک بھینس کا دودھ کم ہوجانا لابدی امر ہے، اور دودھ کم ہونے پر اسے فروخت کردینا اور اس کے قائم مقام دوسری رکھ چھوڑنا بھی ضروری ہے، غرض کہ کامل سال کسی بھینس پر بھی نہیں گذرتا، بلکہ مرقومہ بالا صورت سے فروخت ہوتی رہتی ہیں اور نئی آتی رہتی ہیں۔

زید روزانہ اپنا حساب اس طور سے کرتا رہتا ہے کہ روزانہ جس قدر آمدنی ہوتی ہے اس میں سے خرچ شدہ رقم کے علاوہ ہر ایک بھینس کے عوض میں ایک روپیہ کاٹتا رہتا ہے، اور اسی ایک روپے کے عوض میں بھینس کو روزانہ ایک روپیہ کم قیمت کی سمجھتا رہتا ہے مثلاً ایک روز دودھ ۱۵ روپیہ کا فروخت ہوا تو ان میں سے سو خرچ کے نکال دیئے اور ایک سو روپے ہر ایک بھینس کی قیمت میں سے ایک ایک کاٹا ہوا الگ خرچ میں لیا گیا تو گویا کل ۱۵ روپے خرچ ہوکر ۱۵ سالم بچے، ان کو اس روز کا نفع تصور کرتے ہوئے حساب میں لاتا ہے، اور بھینس کی قیمت میں سے کم کرنے کی مثال یہ ہے کہ مثلاً تین سو روپے کی ایک بھینس دودھ فروخت کرنے کے لئے آج خریدی، تو آج ہی سے اس کی قیمت میں سے ایک روپیہ کم کرتے ہوئے وہ بھینس ۲۹۹ روپے کی تصور کی گئی، علیٰ ہذا القیاس ایک روپیہ روزانہ اس کی قیمت میں سے کم سمجھتا رہا، حتیٰ کہ دو سو دنوں کے بعد دو سو روپے کم تصور کرتے ہوئے بھینس صرف ۱۰۰ کی تصور کی گئی، اور دودھ کم ہونے پر ۵۰ روپے میں قصاب کو فروخت کیگئی اور اپنے دل کو طفل تسلی کے طور پر یوں سمجھا لیا کہ ڈھائی سو کی بھینس گویا ڈھائی سو ہی میں فروخت کی گئی، اب جو اس کی جگہ پر نئی بھینس خریدی جائے گی اس کے لئے پچاس روپے تو یہ بھینس کی قیمت کے وصول شدہ موجود ہیں، اور دو سو ایک ایک روپیہ روزانہ قیمت میں

Made Searchable by ScribeTools.com

کم کئے ہوئے اور آمد میں سے کاٹ کر خرچ میں لئے ہوئے موجود ہیں. تو اس صورت سے کاٹنے سے کیا علوفہ بھینس تجارت کی بن جاتی ہے؟ بینوا، توجروا۔

ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ دودھ فروخت کرنے کی وجہ سے یہ کل علوفہ بھینسیں مالِ تجارت بن جائیں، فلہٰذا اُن پر زکوٰۃ واجب ہے، حالانکہ متون میں سے کسی کتاب سے بھی علوفہ پر زکوٰۃ ثابت نہیں ہے، بلکہ تمام میں نفی موجود ہے، صاحبِ درمختار وجوبِ زکوٰۃ کے لئے نیتِ تجارت کو شرط قرار دیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں، ولا فی العوامل وعلوفة ما لم تکن العلوفة للتجارة، جلد دوم۔

صاحب ہدایہ علوفہ پر عدمِ وجوبِ زکوٰۃ کی علت بایں طور تحریر فرماتے ہیں کہ لان فی العلوفة تراکم المؤنة، صورتِ مسئولہ میں تو ہجومِ مؤنت ونفقات کا یہ عالم ہے کہ طویلہ کا کرایہ الگ دیا جاتا ہے اور بھینسوں کی خدمت کے لئے جو نوکر رکھے جاتے ہیں ان کو تنخواہیں الگ دی جاتی ہیں، اور دونوں وقت صبح وشام بھینسوں کو چارہ بانٹا الگ دیا جاتا ہے، فقہاء نے چوپاؤں میں علتِ وجوبِ زکوٰۃ نمو کو قرار دی ہے، کہ نما خواہ حقیقۃً ہو خواہ حکماً، لیکن زید کی نیت اپنی موجودہ بھینسوں کے متعلق بھی اور آئندہ جو خرید کرے گا اُن کے بارے میں بھی یہ ہوتی ہے کہ جب کبھی کسی بھینس کا دودھ کم ہوجائے گا تو خسارہ برداشت کرتے ہوئے چار سو کی بھینس بھی سو یا سوا سو تک قصابوں کو فروخت کرڈالوں گا، تو اس صورت میں بایں طور نیت کرنے سے نما نہ تو حقیقی پایا گیا، اور نہ حکمی، پھر کیا یہ نیت وجوبِ زکوٰۃ کے لئے مؤثر ثابت ہوگی یا لغو جائے گی؟

حضرت مولانا مولوی مفتی محمد حسین صاحب صدر المدرس مدرسہ راندیر تحریر فرماتے ہیں کہ صورتِ مسئولہ میں زکوٰۃ واجب نہیں، درمختار کی یہ عبارت اس کے لئے شاہد ہے کہ ولو نوی التجارة بعد العقد او اشتری شیئاً للقنیة ناویاً بانه ان وجد ربحاً باعه لا زکوٰة علیه، جلد دوم قبیل باب السائمة۔

لیکن مولوی صاحب موصوف اسے تسلیم نہیں کرتے، براہِ کرم ان تمام امور کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جواب مع حوالہ کتب محقق ومدلل تحریر فرماتے ہوئے عند اللہ ماجور ہوں۔

سوال ۳۱، جوہرہ نیرہ مطبوعہ خیریہ جلد اوّل صفحہ ۱۲۰ میں سائمہ کے متعلق قولہ والسائمة الخ کے تحت میں درج ہے کہ لان اصحاب التوائم قد لا یجدون بدا من

Made searchable using ScribeTools.com

ان یعلفوا سوائمھم فی بعض الاوقات فیجعل الاقل تابعًا للاکثر ثم ھذا الذی ذکرہ من الاسامۃ فی حق ایجاب زکوٰۃ السوائم انما یصح ان لو کانت الاسامۃ للدر والنسل اما اذا کانت للتجارۃ او للحمل والرکوب فلا تجب فیھا الزکوٰۃ اصلا، یہ عبارت کسی اور کتاب میں نہیں ہے، فلہذا دریافت طلب یہ امر ہے کہ آیا یہ عبارت صحیح ہے یا غلط؟ بینوا توجروا۔

الجواب وھو الموفق للصواب: یہ بات تو ظاہر ہے کہ جب وہ بھینسیں علوفہ ہیں تو اُن پر زکوٰۃ سوائم واجب نہیں، اور درمختار کی عبارت ولا فی العوامل وعلوفہ میں زکوٰۃ سوائم ہی کی نفی ہے، ونیز جوہرہ نیرہ کی عبارت مرقومہ بالا یعنی اما اذا کانت للتجارۃ او للحمل والرکوب فلا تجب فیھا الزکوٰۃ اصلا میں زکوٰۃ سوائم ہی کی نفی ہے، اور درمختار کی عبارت مذکورہ ولو نوی التجارۃ بعد العقد الخ سے معلوم ہوا کہ اگر فروخت کرنے کا حتمی قصد نہیں ہے تو علوفہ میں زکوٰۃ تجارت بھی واجب نہیں۔

اب رہی یہ بات کہ زید کی نیت مذکورہ فی السوال حتمی نیت ہے یا نہیں اور دودھ فروخت کرنا بھی تجارتِ مواشی ہے یا نہیں، سو بظاہر یہ نیت بیع مواشی کی حتمی نہیں اور نہ تجارتِ لبن کو تجارتِ مواشی کہہ سکتے ہیں، لہٰذا زکوٰۃِ تجارت ان بھینسوں پر نہ ہوگی، واللہ اعلم

عبدالکریم عفی عنہ۔ ۱۹ ذی الحجہ ۴۳ھ

باب العشر والخراج

مسجد کی زمین پر عشر کا حکم

سوال (۱) کیا وقف زمین متعلق مسجد پر عشر ہے؟

الجواب: زمین وقف متعلق مسجد پر بھی عشر ہے، قال فی العالمگیریۃ وکذلک الارض لیس بشرط للوجوب لوجوبہ فی الاراضی الموقوفۃ اھ (ص ۱۹۱ ج ۱)۔

۲۶ ربیع الثانی سنہ ۴۰ھ۔

زمین عشری اور خراجی کی تعریف اور بعض زمینوں کے عشری یا خراجی ہونے کی تحقیق

سوال (۲) ۱؎ زمین عشری کی تعریف کیا ہے اور زمین خراجی کس کو کہتے ہیں، اور دوسرے سوال میں جو جزئیات مرقوم ہیں وہ عشری ہیں یا خراجی؟

۲؎ لاخراج بازیافتی اس زمین کو کہتے ہیں جو نصاریٰ کے تسلط کے قبل لاخراج تھی،

اور اس میں خزانہ وغیرہ دینا نہیں پڑتا تھا، جب اُن کا غلبہ ہوا اور مالکِ زمین لاخراج ہونیکا کوئی ثبوت نہ دے سکا تو سرکار نے کچھ خزانہ وٹیکس مقرر کرکے مالک زمین کو وہ زمین واپس کردیتے ہیں

۳؎ نیا باد اس زمین کو کہتے ہیں جسکو رعایا نے گورنمنٹ سے میعادی اجازت لیکر آباد کیا، اور جو خزانہ سرکار نے اس پر مقرر کیا وہ ادا کرتا ہے، اور جب میعادِ اجازت ختم ہوجاتی ہے گورنمنٹ خزانہ وغیرہ بڑھا دیتی ہے، اگر وہ لوگ زیادتی کو قبول کریں تو زمین ان کے پاس بحالہ رہتی ہے، ورنہ جو اس پر راضی ہو اس کو دیدیتے ہیں۔

۴؎ طرف دوسری قسم کی زمین والوں سے سرکار نے بوجہ ضرورت کے ایک روپیہ خزانہ کے مقابلہ میں دس روپے لیکر انھیں قائمی بندوبستی دیا، اور اُن سے وعدہ کیا کہ میں اُس زمین کو تم لوگوں سے لے کر دوسروں کو نہ دوں گا۔

۵؎ دررعایتی اس زمین کو کہتے ہیں جسکو زمینداروں نے سرکار سے خزانہ پر بندوبستی کرکے رعایا کو میعادی بندوبستی دیا بعض سے کچھ نذر وغیرہ لے کر بعض کو یوں ہی مثلاً ۹ سال کے لئے بندوبستی دیا اور ان سے وعدہ کیا میں یہ زمین تم لوگوں سے واپس نہ کروں گا، لیکن زمیندار اگر ان سے واپس کرنا چاہیں رعایا کو رکھنے کی کچھ قدرت نہیں۔

۶؎ زمین خراجی میں جو غلہ ایک سال کی خورد وپوش سے زائد پیدا ہوتا ہو اس کی زکوٰۃ دینا واجب ہے یا نہیں، بر تقدیر اوّل اس کا حکم مالِ تجارت کی طرح ہے یا نہیں؟

الجواب: (۱) الارض العشریۃ ما فتحھا المسلمون عنوۃ وقسموھا بین الغانمین او اسلم اھلھا برضاھم واقروا علیھا ولم یملکھا کافر منذ فتحوھا الی الآن، والخراجیۃ ما فتحوھا صلحا واقرّ اھلھا علیھا او کانت عشریۃ فملکھا کافر فی وقت۔

(۲) یہ زمین عشری ہے، (۳) یہ زمین خراجی ہے (۴) یہ بھی خراجی ہے، (۵) اگر وہ زمین پہلے سے مسلمانوں ہی کے قبضہ میں تھی تو عشری اور اگر کسی وقت بعد قبضہ اہلِ اسلام کے کسی کافر کی ملک میں آچکی ہے تو خراجی ہے، اور اگر مسلمانوں کے قبضہ میں اس وقت ہے اور پہلے کسی کافر کے قبضہ میں آنا معلوم نہیں تب بھی عشری ہے، (۶) زمین خراجی یا عشری کی پیداوار زائد میں زکوٰۃ نہیں البتہ پیداوار کو فروخت کرکے جو رقم جمع کی جاوے، اگر وہ ضرورتِ اصلیہ سے فاضل ہو تو بعد حولانِ حول کے اس میں زکوٰۃ ہوگی۔ ۸ رجب سنہ ۴۱ھ۔

انگریزی حکومت کو مالگذاری دینے سے عُشر ادا نہ ہوگا

سوال (۳) زمینداری میں یہ ہے کہ چالیسواں حصہ غلہ سے زکوٰۃ دیا جاتا ہے، عشر نہیں دیا جاتا ہے، صاحبِ ہدایہ نے لکھا ہے کہ جب کہ اس زمین کی مالگذاری (جیسا کہ اس زمانہ میں ہے) اگر نہ دی جاوے اُس وقت عشر ہوگا اس وقت زمین کی ہم گورنمنٹ کو مالگذاری دیتے ہیں، تو اس وقت میں عشر یا چالیسواں حصہ ساقط ہو جانا چاہئے، کچھ زکوٰۃ نہ آنا چاہئے؟

الجواب؛ انگریزوں کو مالگذاری دینے سے عشر ادا نہ ہوگا، اگر زمین عشری ہے تو عشر کا ادا کرنا لازم ہے، زمین کی پیداوار میں زکوٰۃ نہیں بلکہ عُشر ہی واجب ہے، ۸ رجب ۴۱ھ۔

ارضِ حربی میں عُشر و خراج کا واجب نہ ہونا

سوال (۴) ایک شخص کے پاس ہزار بیگہ زمین ہے، اور چھ آنہ بیگہ سرکار میں بھرتا ہے، باقی پھر کچھ کاشت کرتا ہے، کچھ دوسرے لوگوں کو ۸ بیگہ مال لے کر دیتا ہے، وہ اس میں کھیتی کرتے ہیں، کچھ تہائی چوتھائی حصہ بٹائی پر دیتا ہے، وہ لوگ کاشت کرتے ہیں، اگر نہر کا پانی دیتے ہیں تو اس کا الگ مال دیتے ہیں، کنویں کا دیتے ہیں تو خود دیتے ہیں، بعض بارش کے پانی سے کھیتی کرتے ہیں، اب سوال یہ ہے کہ جس کی زمین ہے وہ کیا زکوٰۃ نکالے یا نہیں، اور نکالے تو کس قدر نکالے، دسواں یا بیسواں یا چالیسواں، روپیہ سے یا جنس سے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ انگریزی میں جو زمیندار ہیں اُن پر زکوٰۃ فرض نہیں، یہ مسئلہ کیسے ہے اور جو لوگ دوسرے زمیندار کی زمین لے کر کھیتی بیچتے ہیں، بتفصیل مذکور الصدر تو ان پر زکوٰۃ فرض ہے یا نہیں، اگر ہے تو کس قدر اور روپیہ سے یا جنس سے؟

الجواب؛ قال فی ردّ المحتار تحت قول الدر فی تعریف الرکاز وجدہ مسلم اوذمی فی ارض خراجیۃ اوعشریۃ مانصہ قال فی فتح القدیر قید بالخراجیۃ والعشریۃ لیخرج الدار فانہ لاشئ فیہا لکن ورد علیہ الارض التی لاوظیفۃ فیہا کالمفازۃ اذ یقتضی انہ لاشئ فی الماخوذ منہا ولیس کذلک فالصواب ان لایجعل ذلک لقصد الاحتراز واقول یمکن الجواب بان المراد بالعشریۃ والخراجیۃ ماتکون وظیفتہما العشر والخراج سواء کانت بید احد، ولا فتشمل المفازۃ وغیرہا بدلیل ماقدمناہ عن الخانیۃ من ارض الجبل عشریۃ فیکون المراد الاحتراز بہما عن دار الحرب ویدلّ علیہ انہ فی متن درر البحار عبر بمعدن غیر الحرب فعلم انّ المراد معدن ارضنا ولہذا قال القہستانی بعد قولہ فی ارض خراج اوعشر

الاخصر فی ارضنا سواء کانت جبلا او سہلا مواتا او ملکا واحترز بہ عن دارہ وارضہ وارض الحرب اھ ثم رأیت عین ما قلتہ فی شرح الشیخ اسمٰعیل حیث قال ویحتمل ان یکون احترازا عما وجد فی دار الحرب فان ارضہا لیست ارض خراج او عشر اھ رص ۲ ج ۲۰۷) وفی العالمگیریۃ ثم ہذہ الدار ای دار الاسلام ۱۲) اذا صارت دار الحرب لو افتتحہا الامام ثم جاء اہلہا قبل القسمۃ اخذوہا بغیر شئ وبعد القسمۃ بالقیمۃ ولو افتتحہا الامام عادت الی الحکم الاوّل الخراجی یصیر خراجیا والعشری یصیر عشریا اھ رص ۱۴۶ ج ۲) قلت فیہ دلالۃ علی ان ارض الاسلام اذا صارت دار الحرب لا تبقی خراجیۃ ولا عشریۃ دلّ علیہ قولہ عادت الی الحکم الاوّل فافہم۔

ان عبارات کا مقتضیٰ یہ ہے کہ اس وقت ہندوستان کی زمین نہ خراجی ہے نہ عشری، پس نہ زمیندار پر زمین کی پیداوار میں کچھ واجب ہے، نہ کاشتکار پر (ایضاً یؤیدہ ما فی ردالمحتار رص ۳۸۶ ج ۲) تحت قول الدر کما یمنع لو وضع علیہ (ای علی العربی المستامن) الخراج بان التزم بہ واخذ منہ عند حلول وقتہ لان خراج الارض کخراج الرأس اھ ونصہ: ای فی انہ اذا التزمہ صار ملتزما المقام فی دارنا، بحرام، دلّ علی اختصاص الخراج بدارنا کالجزیۃ، قال الشامی ناقلا عن السرخسی ولا یترک ان یخرج الی دارہ لان خراج الارض لا یجب الا علی من ہو من اہل دار الاسلام اھ رص ۳۸۷ ج ۳) ۱۸ رمضان ۴۲ھ۔

ہندوستان کی زمینوں پر عُشر واجب ہے یا کیا

سوال (۵) اس ملک کی پیداوار پر عشر واجب ہے یا نہیں؟

الجواب؛ روایاتِ فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دار الحرب میں عُشر واجب نہیں، لیکن اس ملک کے دار الحرب ہونے میں علماء کا اختلاف ہے، اس لئے احتیاط اسی میں ہے کہ عُشر دیا جاوے، واللہ اعلم، احقر عبد الکریم عفا اللہ عنہ ۸ ر ۲ ۴۴ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۸ ر ربیع الثانی ۴۴ھ۔

وجوبِ عشر و خراج کی ایک صورت کا حکم

سوال (۶) بندہ کے یہاں ۲۰ رشعبان کو دس بیس من روئی پک کر آئی اور نصف سے زائد ابھی کھیت میں کچی ہے، وہ ۲۰ ر رمضان تک تمام آجائے گی، تو ۲۸ رشعبان کو اگر زکوٰۃ کا حساب لگائے تو اس روئی پر بھی زکوٰۃ واجب ہوگی، یا

Made searchable using ScribeTools.com

اس کی قیمت کا اندازہ کرکے دینا واجب ہی یا نہیں، اور اگر زکوٰۃ واجب ہوگی تو جس قدر مکان میں آگئی اسی قدر پر واجب ہوگی یا جو کچی ہے اس پر بھی دینا ہوگا؟

الجواب، یہ روئی تجارتی ہے، یا تجارتی نہیں، اگر اپنی زمین کی پیداوار ہے تو اس پر حولانِ حول واجب نہیں، بلکہ جب پیداوار حاصل ہوجائے اُسی وقت عُشر یا خراج واجب ہے، اگر زمین عشری ہی یا خراجی، اور اگر تجارتی ہی تو سوال واضح لکھا جائے، ۲۰ رمضان ۴۶ھ۔

حکومت کے لگان سے عُشر ادا نہیں ہوتا

سوال (۷) ہمارے علاقہ کی زمین صرف بارش کے پانی سے سیراب ہوتی ہی کوئی نہر وغیرہ نہیں، لہٰذا گورنمنٹ کی طرف سے آبیانہ وغیرہ کچھ نہیں لگتا صرف مطالبۂ مال یعنی زرِ لگان بحساب مقررہ گورنمنٹ ہر ششماہی لگ جاتا ہے، کیا یہ زرِ لگان عُشر میں سے منہا کرلیا جاسکتا ہے، یا عشر پورا الگ دیا جائے اور گورنمنٹ کو مطالبہ الگ؟

الجواب، گورنمنٹ کے زرِ لگان سے عُشر نہیں ادا ہوسکتا، ۱۰ ذیقعدہ ۴۸ھ۔

کچی فصل کی کٹائی میں عُشر ہے یا نہیں

سوال (۸) ہمارے یہاں بہت فصل کچی کاٹ لی جاتی ہے، مثلاً جوار، نخود وغیرہ اور دانہ اُن سے نہیں حاصل ہوتا، ایسی سبز کاٹی ہوئی فصل پر عشر ہے یا نہیں؟

الجواب، امام صاحبؒ کے نزدیک اس پر بھی عُشر ہے، جتنا کاٹا جائے اس کا دسواں حصہ نکال دیا جائے، ۱۰ ذیقعدہ ۴۸ھ۔

بابُ صدقۃ الفِطر

صدقۂ فطر کی ادائیگی میں دوسرے شہر کے بھاؤ کا اعتبار نہیں

سوال (۱) جہاں گیہوں نہ ملے اور آٹا نہایت گراں قیمت ہو تو اگر دوسرا کسی اور شہر کے گیہوں کے بھاؤ سے صدقۂ فطر ادا کرے تو جائز ہوگا یا نہ؟

الجواب، دوسرے شہر کی قیمت کا اعتبار نہ ہوگا، اگر گیہوں نہ ملے تو ایک صاع جَو کی قیمت ادا کردے، اور اگر کچھ نہ ملے تو تجار سے پوچھے کہ اگر یہاں گیہوں اس وقت ہوتا تو اس کا کیا بھاؤ ہوتا، اس کے حساب سے قیمت ادا کرے، واللہ اعلم، ۲۲ رمضان ۴۰ھ۔

صدقۂ فطر میں غیر منصوص چیزوں میں قیمت کا اعتبار ہے مقدار کا نہیں

سوال (۲) چاول فطرہ میں گیہوں جَو کی قیمت کے حساب سے دیا جائے گا یا ہر ایک کی مقدار مشروع کے حساب سے دیا جائے

چاول کا اصل کہیں ہی یا نہیں؟ فقط۔

الجواب، فطرہ میں چاول دینا جائز ہے، مگر وزن اس کا مقرر نہیں، بلکہ نصف صاع گندم کی جو قیمت ہو اتنی قیمت کے چاول دیوے یا قیمت ہی دیدے، کما فی الدر المختار ص ۱۲۲ ج ۲ ومالم ینص علیہ کذرۃ وخبز یعتبر فیہ القیمۃ فقط۔

احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۰ رشوال ۴۳ھ الجواب صحیح ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۱۰ رشوال ۴۳ھ۔

چاول اور دھان سے صدقۂ فطر ادا کرنے کا حکم

سوال (۳) ہمارے ملک بنگالہ میں گیہوں نہیں ہے، دھان ہے، اور چاول ہے، اگر کسی نے روزہ کا فطرہ چاول سے یا دھان سے ادا کرنا چاہا تو ادا کرسکتا ہے یا نہیں، اور اگر ادا کرسکتا ہے تو کس طور پر حساب لگانا پڑے گا، گیہوں چار آنہ سیر اور چاول پونے تین آنہ سیر اور دھان دو آنہ سیر ہے، امید قوی ہی کہ ابد الآباد کے لئے ایک خلاصہ حکم فرما کر اطمینان فرمادیں؟

الجواب، نصف صاع گندم وغیرہ یا ایک صاع جَو وغیرہ کی جو قیمت ہو اس قیمت کے جتنے چاول یا دھان آتے ہوں اتنے دیئے جادیں، فی الدر المختار مع الشامی ج ۲ ص ۱۲۲: ومالم ینص علیہ کذرۃ وخبز یعتبر فیہ القیمۃ اھ احقر عبد الکریم عفی عنہ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۲۱ رشوال ۴۳ھ۔

صدقۂ فطر میں موضع مال کی قیمت کا اعتبار ہوگا یا صدقہ ادا کرنے کی جگہ کا

سوال (۴) ایک آدمی تھانہ بھون میں رہتا ہے، اور یہاں کے گیہوں سیر چھ آنہ کرکے خرید کرتا ہے، اور شہر مراد آباد میں تاجر لوگ گیہوں چار آنہ کرکے خرید کرتا ہے، اس تقدیر پر جو آدمی تھانہ بھون کا رہنے والا ہے وہ اگر مراد آباد کے بھاؤ سے فطرہ ادا کرے تو ادا ہوگا یا نہیں، یا تھانہ بھون کے بھاؤ سے دینا ہوگا؟

الجواب، قیمت صدقۂ فطر میں قیاس علی الزکوٰۃ کا مقتضیٰ تو یہ ہے کہ موضع مال کی قیمت کا اعتبار ہو قال فی الدر ویقوم فی البلد الذی فیہ المال ولو فی مفازۃ ففی اقرب المواضع الیہ اھ (ص ۱۲۵ ج ۲) وفیہ ایضاً صدقۃ الفطر کالزکوٰۃ فی المصارف وفی کل حال الا فی جواز الدفع الی الذمی وعلم سقوطہا بہلاک المال وقد مر اھ (ص ۱۲۷ ج ۲) اور اس فرق پر نظر کی جائے کہ زکوٰۃ کا سببِ وجوب مال ہے، (اس لئے موضع مال معتبر ہوا) اور صدقۂ فطر کا سببِ وجوب راس ہے تو اس کا مقتضا یہ ہی کہ صدقۂ فطر

میں اُس جگہ کی قیمت کا اعتبار کیا جاوے جہاں متصدق وقت ادائے صدقۂ فطر کے موجود ہے، والثانی راجح عندی نظراً الی العلۃ ولم اره صریحا فلیراجع، واللہ اعلم، ۲۴ رجب ۴۵ھ۔

ایک شخص ایک مسکین کو صدقۂ فطر دے یا کئی مسکینوں کو دینا بھی جائز ہے

سوال (۵) فتاویٰ امدادیہ میں ہے: وجاز دفع کل شخص فطرته الی مسکین علی المذهب کما جاز دفع صدقة جماعة الی مسکین واحد بلاخلاف، اور عالمگیریہ جلد اوّل کتاب الزکوٰۃ میں ہے کہ ویجب دفع صدقة فطر کل شخص الی مسکین واحد حتی لو فرقه علی مسکینین او اکثر لم یجز ویجوز دفع ما یجب علی الجماعة الی مسکین واحد کذا فی التبیین ص ۱۲۴ ج ۱، پس ان دونوں قول میں کس کا قول مرجح ہے، اور کس پر عمل کرے، ادلۂ شرعیہ سے ارشاد فرماویں؟

الجواب: قال فی الدر وجاز دفع کل شخص فطرته الی مسکین او مساکین علی ما علیه الاکثر وبه جزم فی الولوالجیة والخانیة والبدائع والمحیط وتبعهم الزیلعی فی الظهار من غیر ذکر خلاف وصححه فی البرهان فکان هو المذهب کتفریق الزکوٰة والامر فی حدیث اغنوهم للندب فیفید الاولویة کما دفع صدقة جماعة الی مسکین واحد بلاخلاف یعتد به اھ ص ۱۵۲ ج ۲۔

اس سے معلوم ہوا کہ فتاویٰ امدادیہ میں جو لکھا ہے وہی صحیح ہے، اور عالمگیریہ میں جو ایک شخص کا صدقۂ فطر ایک ہی مسکین کو دینا واجب اور تفریق کو غیر جائز لکھا ہے وہ قولِ ضعیف پر مبنی ہے، ہاں عمل میں اَولیٰ وہی ہے جو عالمگیریہ میں ہے، گو اس کے خلاف بھی جائز ہے، واللہ اعلم۔

۲۲ رجمادی الثانیہ ۴۶ھ۔

جس جگہ گندم اور دوسری منصوص اشیاء موجود نہ ہوں وہاں صدقۂ فطر ادا کرنیکا طریقہ

سوال (۶) دریں دیار بر ہمازراعت گندم نیست، اگر بعوض گندم قیمتش دادہ شود، پس قیمتِ گندم وغیرہ منصوص علیہ کرام جا کردہ صدقۂ فطر دادہ شود، از روئے مہربانی رفع اشتباہ فرمایند؟

الجواب: والمعتبر فی الزکوٰة مکان المال وفی الوصیة مکان الموصی وفی الفطرة مکان المؤدی عند محمد وهو الاصح درّ بل صرح فی النهایة والعنایة بانه ظاهر الروایة وهو المذهب کما فی البحر، شامی (ص ۱۱۲ ج ۲) وفی الدر ایضا ولو فی مفازة ففی اقرب الی مصار الیه، فتح (ص ۳۵ ج ۲)۔

جس شہر میں گندم نہ ہو اگر وہاں جَو (شعیر) موجود ہو یا اور کوئی منصوص تو صدقۂ فطر ایک صاع جَو کی یا دوسرے منصوص کی قیمت سے ادا کیا جائے، اگر گندم اور جَو وغیرہ منصوص نہ ہوں تو اس شہر سے قریب تر شہر جو ایسا ہو جس میں گندم وجَو موجود ہوں تو اس قریب تر شہر میں نصف صاع گندم یا ایک صاع جَو کی قیمت جو کچھ ہو اس سے صدقۂ فطر ادا کیا جائے، واللہ تعالیٰ اعلم

۲۷ رذیقعدہ ۴۷ھ

وزنِ صاع کی تحقیق

سوال (۷) صدقۂ فطر جو کہ ہر شخص کے ذمہ نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جَو وغیرہ واجب بتلایا جاتا ہے، مگر یہ یقینی نہیں بتلایا جاتا کہ نصف صاع یا ایک صاع انگریزی تول کے حساب سے جو کہ اسّی تولہ کا ہوتا ہے، کیا ہونا چاہئے؟ بعض کہتے ہیں کہ احناف کے نزدیک ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے، مگر یہ معلوم نہیں کہ رطل کتنے وزن کا ہوتا ہے، اور کیا قیمت رکھتا ہے؟ بعض کا قول ہے کہ صاع انگریزی تول کے حساب سے ساڑھے تین سیر یا تین سیر دس چھٹانک کا ہوتا ہے، اور نصف صاع ایک سیر تیرہ چھٹانک یا ساڑھے بارہ چھٹانک یا ساڑھے نو چھٹانک یا دو سیر پختہ بتاتے ہیں، اب یہ بات دریافت طلب ہے کہ صاع اور نصف صاع کو حساب کی شکل میں لاکر بالتفصیل تحریر فرمایا جاوے تاکہ یقینی طور پر صاع اور نصف صاع کی بابت معلوم ہو جاوے کہ وہ اسّی تولہ کے حساب سے کتنے کا ہوتا ہے، بیّنوا!

الجواب: درّ مختار میں صاع کا وزن ایک ہزار جالیس درہم لکھا ہے، اور درہم کے بارے میں اختلاف ہے، لیکن شرح وقایہ میں دس درہم کو سات مثقال کے برابر لکھا ہے اور مثقال کا صحیح وزن بقول غیاث اللغات ۴/۱۰ ماشہ ہے، پس درہم ۳ ماشہ ۵/۱ ارتی کا ہوا، (مظاہر حق میں بھی درہم کا یہی وزن لیا ہے) اور صاع دو سو تہتر تولہ کا ہوا، جیسا کہ مولانا محمد یعقوب صاحبؒ نے اپنی بیاض میں درج کر دیا ہے، اب اُن کے سیر ہر شخص اپنے اپنے علاقہ کے مطابق کر سکتا ہے، اسّی کے حساب سے نصف صاع پونے دو سیر کا ہوتا ہے، اور ہمارے علمائے کرام کا یہی قول ہے، مگر احتیاطاً پورے دو سیر ادا کرنے کے لئے فرمایا کرتے ہیں، اسّی پر عمل کرنا چاہئے، اور دوسرے اقوال جو صاع کے متعلق ہیں ان کی بناء درہم کے وزن

ع خاصکر اس وجہ سے کہ مذکور وزن ماش یا مسور کا ہے یعنی جس برتن میں دو سو تہتر تولہ مسور سماتی ہو اس میں گیہوں بھر کر دینا چاہئے اور ظاہر ہے کہ گیہوں کا وزن اور ماش ومسور کا وزن متفاوت ہے، ۳ ونیز گیہوں خود ہلکی وبھاری ہوتی ہے، پس احتیاط دو سیر میں ہے تاکہ یقیناً صدقۂ فطر ادا ہو جاوے ۱۲ منہ

Made searchable using ScribeTools.com

میں اور خود صاع کے وزن میں (کہ وہ کتنے درہم کا ہے) اختلاف ہوتا ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

فائدۂ عظیمہ؛ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ کے پاس ایک مُدّ تھا جس کی سند حضرت زید بن ثابتؓ تک مسلسل ہے کہ حضرت زیدؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مُدّ سے ناپ کر وہ مُدّ بنایا تھا، اُس مُدّ کو حضرت مولانا تھانوی مدظلہم العالی نے دو مرتبہ بھر کر وزن کیا تو اسّی کے سیر سے پونے دو سیر ہوا تھا، جو حساب مذکورہ بالا کے مطابق ہے، والحمد للہ علیٰ ذلک حمداً کثیراً کثیراً۔

نوٹ؛ نصف صاع ۶ ماشہ، ۱۳۶ تولہ کا ہوا، اور چونکہ روپیہ ۱۱ ماشہ کا ہوتا ہے، اس واسطے ۲ رتی ۸ ماشہ تولہ کا اضافہ کرکے روپیوں کے حساب سے نصف صاع ۲ رتی ۲ ماشہ ۱۴۲ روپیہ بھر ہوتا ہے، کتبہ الاحقر عبد الکریم، ۱۳ر جمادی الاولیٰ ۴۸ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ ۱۳ر جمادی الاولیٰ ۴۸ھ۔

فطرہ اور جرم قربانی کی قیمت میں تملیک شرط ہے

سوال (۸) میرے محلہ والے لوگ اکثر قرضدار ہیں اور بعضے تونگر نہیں ہیں، اس لئے چاہتا ہوں کہ اپنے محلہ کی قربانیوں کے چمڑے اور روزوں کے فطرے ایک جگہ جمع کرکے ایک تحویل بناکے اس کے روپے سے محلہ والوں کو نفع پہونچاؤں، خواہ نسیئۃً بیع کے طریقہ پر خواہ قرض حسنہ کی روش پر تاکہ محلہ والے لوگ سودی قرض سے بچیں، شرعاً یہ معاملہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب؛ یہ صورت جائز نہیں ہے، کیونکہ جرم قربانی کی قیمت اور صدقۂ فطر کا بطور تملیک دینا ضروری ہے، اور صورت مذکورہ فی السؤال میں تملیک مفقود ہے، کما لایخفی، واللہ اعلم، احقر عبد الکریم عفا عنہ، ۱۵ر رمضان ۴۸ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ۔

تحقیق مقدار صدقۂ فطر

سوال (۹) مقدار صدقۂ فطر بحساب بنگالہ کہ از دوازدہ ماشہ تولہ واز پنج تولہ چھٹانک واز شانزدہ چھٹانک یا ہشتاد تولہ سیر باشد چیست؟

الجواب؛ تقدیرش موقوف بر تحقیق صاع است، لما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ادّوا صدقاتکم الخ و دراں اختلاف کثیر است، لیکن بقول فقہائے محققین وزن صاع ۵۴۰ درم است، (کذا فی الدر المختار وغیرہ، و دہ درم ازانہا وزن ہفت مثقال (کذا فی الدر و شرح الوقایہ وغیرہما)، و مثقال بقول صحیح چہار دنیم ماشہ (کذا فی

پس از ۵۴۰ درم مبلغ ۳۲۷۶ ماشہ و بحساب مسئول از یک صاع ۲۷۳ تولہ باشد، (چنانچہ در بیاض یعقوبی و مظاہر حق ہمیں حساب موجود است) و صدقۂ فطر نصف صاع از گندم یک سیر و یازدہ چھٹانک یک تولہ شش ماشہ گردید (بوقتیکہ تولہ بوزن بارہ ماشہ گرفتہ شود) (چنانچہ در بیاضِ یعقوبی و مظاہر حق ہمیں حساب موجود است) لیکن علماء کرام یک سیر دوازدہ چھٹانک بلکہ برائے مزید احتیاط دو سیر ہم فرمودہ اند، واللہ اعلم و علمہ اتم واحکم، احقر عبد الکریم عفی عنہ، ۲۵ر شوال المکرم ۴۸ھ، الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ۔

غیر منصوص اشیاء سے صدقۂ فطر ادا کرنے میں قیمت کا اعتبار ہے مقدار کا نہیں

سوال (۱۰) آفتابِ دولت سراج ملت جناب حکیم الامت دام ظلہٗ۔ السلام علیکم، بعد تمنائے قدمبوسی عرض خدمتِ اقدس یہ ہے کہ فدوی کو بوجہ کم علمی ذیل کے مسئلوں میں نہایت شک پیدا ہوا، لہٰذا امید واثق ہے کہ جواب بالمراد عطا فرماکر فلاح دارین بخشیں گے۔

۱؎، صدقۂ فطر گیہوں اور جَو وغیرہ وغیرہ کے علاوہ چاول جو ہمارے ملک میں خاص غلہ ہے سال بسال انگریزی تول سے ڈھائی سیر بمقابل نصف صاع دینے سے ادا ہوگا یا نہ، یا ہندوستان سے گیہوں کا بھاؤ سال بسال دریافت کرکے اس کی قیمت کے مقابل جتنے سیر چاول آئے دینا ہوگا، یہاں کے بعض عالم یہ بتاتے ہیں کہ جس ملک میں جس غلہ کا زیادہ تر رواج ہے، اور اسی سے اوقات بسری ہوتی ہے، مذکورہ بالا مقدار پر دینے سے ادا ہوگا، اگر ہو یہ ہمارے مذہب میں ہے یا نہ، مگر یہاں کی اصلی خوراک صرف چاول ہے۔

الجواب؛ قال فی الدر: و فی الفطرۃ مکان المؤدّی عند محمّد وھو الاصح اھ وفیہ ایضاً وما لم ینص علیہ کذرۃ وخبز یعتبر فیہ القیمۃ اھ (ص ۱۲۲ ج ۲) جس ملک میں چاول کا رواج زیادہ ہو وہاں چاول کا نصف صاع ادا کرنے سے صدقۂ فطر ادا نہ ہوگا، بلکہ نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جَو یا ایک صاع چھوارہ کی قیمت ادا کرنے سے صدقۂ فطر ادا ہوگا، اور گیہوں کی ہندوستانی قیمت سال بہ سال معلوم کرنا معتبر نہیں، بلکہ بنگال ہی میں نصف صاع گیہوں کی جو قیمت ہو اس کا لحاظ لازم ہوگا پس یا تو نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جَو یا ایک صاع چھوارہ ادا کیا جائے، یا ان میں سے کسی ایک کی قیمت نقد یا اس قیمت کے برابر چاول ادا کئے جائیں۔

۱؎ بدائع ۲ کتاب صدقۂ فطر میں جو ایک صاع مذکور ہے چاول اس کے مقابل

Made Searchable by ScribeTools.com

میں دوچند دینے سے انگریزی تول سے اس کی مقدار کتنی ہوگی؟

الجواب؛ اس سوال کی حاجت کیا ہے، نصف صاع کا وزن پونے دو سیر ہے، انشی کے سیر سے اس کا دوچند خود معلوم کرلیا جائے، لیکن اگر ایک صاع چاول بھی نصف صاع گیہوں کی یا ایک صاع جَو وچھوارہ کی قیمت کو نہ پہونچے تو صدقۂ فطر ادا نہ ہوگا، ذیقعدہ ۴۸ھ

صدقۂ فطر وصول کرنے کی غرض سے کمیٹیاں قائم کرنا

سوال (۱۱) بعض لوگ کوشش کر رہے ہیں کہ جابجا کمیٹیاں قائم کرکے لوگوں سے صدقۃ الفطر وصول کریں، اور اس کی تقسیم کا انتظام کمیٹیاں کریں، آیا یہ صورت جائز ہے یا نہیں، ؟

الجواب؛ آجکل کمیٹیوں کی جو حالت ہے اس سے یہ امید نہیں کہ صدقۃ الفطر کو صحیح طور پر مصارف میں صرف کیا جائے گا، نیز یہ بھی اندیشہ ہے کہ کمیٹی والے مسلمانوں سے صدقۃ الفطر جبراً وصول کریں گے، حالانکہ اس میں جبر کا کسی کو حق نہیں، اس لئے یہ صورت درست نہیں، ہر شخص جہاں چاہے اور جسکو چاہے اپنا صدقہ دے، یہی بہتر ہے، واللہ اعلم بالصواب ظفر احمد عفا عنہ ۲۴ر ج ۲ ۵۸ھ ، الجواب صحیح، اشرف علی عفی عنہ ۲۹ر ج ۲ ۵۸ھ

باب المصارف

تنو بیگہہ زمین کے مالک کو عیال دار ہونے کی صورت میں زکوٰۃ لینے کا حکم

سوال (۱) زید غریب ہے مسکین ہے، مگر اس کی دختر مرحومہ کا زرِ مہر مبلغ ہزار دو ہزار روپے زید کے داماد کے ذمہ واجب ہے، جو کہ نالش کرنے پر ممکن ہے وصول ہوجائیں اور ممکن ہے وصول نہ ہوسکیں مگر زید کا عزم نالش کرکے وصول کرنے کا ہے معاف کرنے کا نہیں ہے۔

اور ایسے ہی بکر مفلس خستہ حال عیال دار ہے مگر اس کے نام ایک موضع ویران شدہ میں اراضی زرعی ہزار بیگہ ہے، جو کہ موضع ویران ہوجانے سے محض بیکار پڑی ہے، کچھ آمد نہیں، البتہ فروخت کرے تو کئی ہزار مل سکتے ہیں، تو ایسے دونوں شخصوں کو زکوٰۃ کا مال شرعاً جائز ہے یا نہیں، جواب باصواب معہ دستخط مرحمت فرمادیں؟

الجواب؛ صورتِ مسئولہ میں ان دونوں شخصوں کو زکوٰۃ لینا جائز ہے، مگر جس کے پاس افتادہ زمین ہے اس کو لازم ہے کہ اس کو فروخت کرنے کی کوشش کرے، اور جب تک خریدار نہ پیدا ہو زکوٰۃ کا مال لے سکتا ہے، قال فی الدر ومنہ مالو کان مالہ مؤجلاً او

علی غائب او معسر او جاحد ولو لہ بینۃ فی الاصح امام قال الشامی وفی الفتح دفع الی فقیرۃ لھا دین مھر علی زوجھا یبلغ نصابا وھو موسر بحیث لو طلبت اعطاھا لا یجوز وان کان لا یعطی لو طلبت جاز امام ص ۹۹ ج ۲ ذکر فی الفتاوی فی من لہ حوانیت ودور للغلۃ لکن غلتھا لا تکفیہ ولعیالہ انہ فقیر ویحل لہ اخذ الصدقۃ عند محمد وعند ابی یوسف لا یحل امام ص ۱۰۳ ج ۲ شامی و لو کان لہ ضیعۃ تساوی ثلاثۃ الاف ولا تخرج ما یکفی لہ ولعیالہ اختلفوا فیہ قال محمد بن مقاتل یجوز لہ اخذ الزکوٰۃ عالمگیریہ ص ۱۲۲ ج ۱، ۲۲ر ۱ ۳۰ھ

تراویح سنانے والے کو اجرت میں رقم دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی

سوال (۲) میرے ملکوں میں بعض حافظ بعض مسجدوں میں باجرت تراویح میں قرآن سناتے ہیں، اور بعض کو بعد ختم کے للہ وغیرہ کہہ کر دیتے ہیں، ایسے ملک میں جو حافظ اجرت وشبہ اجرت کو ناجائز بتاتے ہیں اگر اس کو مصلیوں نے صدقۂ فطر وزکوٰۃ کہہ کر کچھ روپیہ پیسہ دیں، لینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب؛ جو حافظ اُجرت پر قرآن سُناتے ہیں اُن کو زکوٰۃ وفطرہ دینے سے واجب ذمہ سے ساقط نہ ہوگا، کیونکہ مالِ زکوٰۃ وفطرہ کا تصدّق وتملیک مجاناً ضروری ہے، اور یہاں اجرت میں دیا گیا، البتہ جو حفاظ باجرت نہیں سُناتے، بلکہ اجرت وشبہ اجرت کو ناجائز سمجھتے ہیں اگر وہ فقیر ہوں صاحبِ نصاب نہ ہوں ان کو زکوٰۃ وفطرہ کا روپیہ دینا جائز ہے، مگر یہ تصریح کردینی چاہیئے کہ یہ تم کو اجرت میں نہیں دیا گیا نہ تمہارا کچھ حق تھا، محض غریب سمجھ کر دیا گیا ہے، نیز جب ان حفاظ کے پاس قدر نصاب رقم جمع ہوجاوے اس کے بعد ان کو زکوٰۃ وفطرہ نہ دیا جاوے، ورنہ واجب ادا نہ ہوگا، الّا ان یکون مدیوناً بقدر ما یحیط بمالہ فیصح فافہم، ۳ر شعبان ۵۳ھ

بیوی، شوہر، باپ، بیٹے کو صدقہ ونذر دینا جائز نہیں

سوال (۳) معروض اینکہ حضور فیض گنجور دریں دیار در مسئلۂ مذکور اختلاف افتاد، ولہذا بخدمتِ حضور عرض کنم تاکہ از ہمگنان تنازع برخیزد وحق ظہور شود واقتداء ہمگناں بر رائے حضور زند، جناب از روئے مہربانی مسئلہ مرقومۃ الذیل را بیان فرمودہ فیصلہ کنند کہ اگر زوج محتاج باشد زوجہ صدقۂ نذر وغیرہ خود را دادن جائز است یا نہ، یا بالعکس، اگر پدر محتاج باشد پسر پدر خود را صدقۂ نذر دادن جائز است یا نہ یا بالعکس مسئلہ نذر فتاویٰ عزیزی از مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی ج جلد دوم صفحہ ۱۰۶

Made searchable using ScribeTools.com

مرقوم است ومجموعہ فتاویٰ جلد دوم ص ۲۹۹ وجلد سوم ص ۱۲۳ از مولانا عبدالحیٔ صاحب مرقوم است وبہشتی زیور حصہ سوم ص ۶۳ مرقوم است لیکن ہمگناں رازیں کتب مسئلہ مذکور بالتصریح درفہم نمی آید لاجرم بخدمت حضور عرض نمایم، زیادہ والسلام۔

الجواب؛ فی العالمگیریۃ (ص ۱۲۱ ج ۱) ولایدفع الی اصلہ وان علا وفرعہ وان سفل کذا فی الکافی ولایدفع الی امرأتہ للاشتراک فی المنافع عادۃ ولاتدفع المرأۃ الی زوجہا عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ کذا فی الہدایۃ وھکذا فی الدر وقال الشامی تحت قول الدر مصرف الزکوٰۃ الخ وھو مصرف لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبۃ کما فی القہستانی، پس زوج وزوجہ وپدر وپسر را صدقہ نذر دادن جائز نیست، فقط

کتبہ اعبدالکریم عفی عنہ ۸ جمادی الاوّل ۴۴ھ الجواب صحیح ظفر احمد عفا اللہ عنہ۔

زکوٰۃ کے روپیہ سے ضیافت کرکے فقیروں کو کھلانے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی

سوال (۴) زکوٰۃ کے روپے سے اگر ضیافت کرکے فقیروں کو کھلادیوے تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں؟

الجواب؛ فقیروں کو کھانا کھلانے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی، البتہ اگر ان کو کھانا بطور ملک دیدیا جاوے تو ادا ہوجاوے گی، کما فی الشامی (ص ۳ ج ۲) فلو اطعم یتیما ناویا للزکوٰۃ لایجزیہ الا اذا دفع الیہ المطعوم (کتبہ الاحقر عبدالکریم ۸ جمادی الاولیٰ ۴۴ھ)۔

کافر کو زکوٰۃ ودیگر صدقات واجبہ دینے کے متعلق بہشتی زیور کے مسئلہ پر شبہ کا جواب

سوال (۵) بہشتی زیور مدلل ومکمل جلد سوم صفحہ ۴۴ مسئلہ نمبر ۸ میں بحوالہ درمختار ص ۲۶۷ ج ۲ مرقوم ہے کہ زکوٰۃ کا پیسہ کسی کافر کو دینا درست نہیں، مسلمان ہی کو دیوے، اور زکوٰۃ اور عشر اور صدقۂ فطر اور نذر اور کفارہ کے سوا اور خیر خیرات کا کافر کو بھی دینا درست ہے، درمختار میں دیکھا گیا تو یہ عبارت ملتی ہے۔

وجاز دفع غیرھا وغیر العشر والخراج الیہ ای الذمی ولو واجبا کنذر وکفارۃ وفطرۃ خلافا للثانی وبقولہ یفتی حاوی القدسی، اور شامی میں خلافا للثانی کے تحت مرقوم ہے، حیث قال ان دفع سائر الصدقات الواجبۃ الیہ

---

۵ بقدر اس کھانے کے قیمت کے خواہ اس کی تیاری میں لاگت کم لگی ہو یا زیادہ ۱۲ از حضرت مولانا مدظلہم العالی۔

لایجوز اعتبارا بالزکوٰۃ وصرح بہ فی الہدایۃ وغیرھا بان ھذا روایۃ عن الثانی و ظاھرہ ان قولہ المشہور کقولھما اور بقولہ یفتی کے تحت میں ہے الذی فی حاشیۃ الرملی عن الحاوی وبقولہ ناخذ قلت ولکن کلام الہدایۃ وغیرھا یفید ترجیح قولھما وعلیہ المتون، ان عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ابو یوسفؒ سے صرف ایک روایت ہے، کہ نذر وکفارہ ودیگر صدقات واجبہ کافر کو دینا جائز نہیں ہے، مگر طرفین کے نزدیک اور خود امام ابو یوسفؒ کے نزدیک جیسا کہ دوسری روایۃ عنہ سے ظاہر ہے، زکوٰۃ کے علاوہ باقی تمام صدقات واجبہ اور نافلہ کا دینا جائز ہے۔

اور بہشتی زیور کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ وصدقات واجبہ کے سوا کا دینا جائز ہے، اور صدقات واجبہ نہیں دے سکتا، اب شبہ یہ ہو رہا ہے کہ متون اور طرفین رحمہما اللہ کے خلاف بہشتی زیور میں کیوں درج ہوا، کیا کوئی دوسری دلیل ان سب دلائل پر فوقیت رکھنے والی موجود ہے، اگر موجود تھی تو کیوں نہیں درج فرمائی گئی، اور اگر نہیں موجود ہے تو یہ دلائل کیوں نظر انداز کر دیئے گئے، امید کہ شافی جواب سے تشفی بخشی جاوے؟

الجواب؛ چونکہ امام ابو یوسفؒ کی وہ روایت مفتیٰ بہ ہے جس میں نذر وکفارہ کو زکوٰۃ کے حکم میں داخل کیا ہے، (چنانچہ سوال میں بقولہ یفتی وبقولہ ناخذ خود نقل کیا ہے) پس اس بناء پر بہشتی زیور میں نذر وکفارہ کو زکوٰۃ کے ساتھ درج کیا ہے، باقی رہی یہ بات کہ متون کے خلاف کیوں لکھا، اس کا جواب یہ ہے کہ متون کے خلاف اگر فتویٰ کی تصریح موجود ہو تو فتوے پر عمل کیا جاوے گا، کما فی الشامی (ص ۴۰۷ ج ۱) اما لو ذکرت مسئلۃ فی المتون ولم یصرحوا بتصحیحھا بل صرحوا بتصحیح مقابلیھا فقد افاد العلامۃ قاسم ترجیح الثانی لانہ تصحیح صریح ومافی المتون تصحیح التزامی والتصحیح الصریح مقدم علی التصحیح الالتزامی، اور ہم کو فقہاء کی تصریح کے بعد وجہ تلاش کرنے کی چنداں ضرورت نہیں، لیکن ان کی تصریح بالفتویٰ کے بعد اس کے کہنے کی جرأت ہو سکتی ہے، کہ امام ابو یوسفؒ کی روایت میں احتیاط ہی، اس لئے وہی مفتیٰ بہ ہے، کافر کو نذر وغیرہ دے کر ادا ہونا محتمل ہے، کما ہو الظاہر، بلکہ ہندوستان میں تو طرفینؒ کے قول کو لے کر بھی نذر وغیرہ صدقات واجبہ نہ دینا چاہئے، کیونکہ طرفین کے نزدیک بھی ہر کافر کو دینا جائز نہیں، بلکہ ذمی کی قید ہے، جیسا کہ سوال کی عبارت میں موجود ہے، دیز در مختار ہی میں عبارت مذکورہ فی السوال کے بعد ہے: واما

واما الحربی ولو مستامنًا فجمیع الصدقات لا تجوز له اتفاقا بحر عن الغایہ (شامی ص ۱۰۸ ج ۲) اور ہندوستان کے کفار کا ذمی ہونا مختلف فیہ ہے، ہذا ما سنح لی واللہ اعلم بالصواب، کتبہ الاحقر عبد الکریم ۶ رمضان المبارک ۴۴ھ۔

زکوٰۃ اپنے لڑکے کو دینے سے ادا نہیں ہوتی

سوال (۶) خالد اپنے مال کی زکوٰۃ خود نکالتا ہے اس زکوٰۃ کا پیسہ سے اپنے لڑکے کے لئے کتابیں خرید دیتا ہے، آیا یہ زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں، اور یہ لڑکا حقیقی اور شامل حال ہے، شرعًا کیا حکم ہے؟

الجواب: اس صورت میں زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی، کیونکہ اولاد والدین وزوجین زکوٰۃ کا مصرف نہیں ہیں، واللہ اعلم، ۲۱ شعبان ۴۵ھ۔

جس شخص پر قربانی واجب ہو مگر زکوٰۃ واجب نہ ہو وہ زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں

سوال (۷) بندہ کے اسباب مکان کی رُو سے قربانی تو واجب ہے، اور بوجہ نہ جمع ہونے روپیہ کے زکوٰۃ واجب نہیں، اب میرے پاس جاڑے کا لحاف نہیں ہے، جو کچھ روپیہ حساب کا ہے وہ اگر لحاف میں خرچ کیا جاوے تو ضروری خرچ میں تنگی ہوگی، اب مدرسہ میں جو لحاف بمد زکوٰۃ آئے ہیں بندہ کو لینا جائز ہوگا یا نہیں؟

الجواب، جو شخص صاحب نصاب زکوٰۃ نہ ہو مگر صاحب نصاب صدقۃ الفطر و قربانی ہو اس کو زکوٰۃ لینا جائز نہیں، قال فی الدر فی بیان نصاب صدقۃ الفطر و بہ ای بھذا النصاب تحرم الصدقۃ کما مر وتجب الاضحیۃ اھ رص، ۱۱ ج ۲ قال الشامی قولہ تحرم الصدقۃ ای الواجبۃ اما النافلۃ فانما یحرم علیہ سوالہا واذا کان النصاب لمذکور مستغرقًا بحاجتہ فلا تحرم علیہ الصدقۃ ولا یجب بہ ما بعدھا اھ قلت ولکن السوال یفید فراغ النصاب عن الحاجۃ لقول السائل انہ ممن تجب علیہ الاضحیۃ وھی لا تجب الا علی الذی عندہ نصاب غیر نام فارغ عن الحاجۃ الاصلیۃ فلا یجوز للسائل ان یاخذ مال الزکوٰۃ، واللہ اعلم، ۱۸ جمادی الاولیٰ ۴۶ھ۔

ایضًا ایضًا ایضًا

سوال (۸) السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، گذارش ہے کہ بندہ پر بوجہ اسباب مکان کے اضحیہ اور صدقۃ الفطر تو واجب ہے، لیکن بوجہ نہ ہونے نصاب نامی کے زکوٰۃ واجب نہیں، اور اس وقت مسافری کی حالت میں دفعیہ جاڑے کے واسطے

لحاف کی ضرورت ہے، اور اگر اپنے پاس سے خرچ دے کر تیار کرا لیا جاوے تو آئندہ ضروری خرچوں میں تنگی کا احتمال ہے، پس اس صورت میں مدرسہ میں جو لحاف بمد زکوٰۃ آئے ہیں، بندہ کو لینا جائز ہوگا، والسلام،

الجواب: ہاں اس صورت میں بوجہ ابن السبیل ہونے کے آپ کو زکوٰۃ کی چیز لینا جائز ہے، لیکن سوال کرنا جائز نہیں، بدون سوال کے مل جائے تو جائز ہے، اور اگر مالِ زکوٰۃ تقسیم کرنے والا یہ کہے کہ جسکو حاجت ہو وہ درخواست پیش کرے خواہ آپ سے کہے یا عام طور پر خانقاہ والوں سے کیا جائے تو اس صورت میں حاجت کی اطلاع کرنا سوال میں داخل نہیں، پس اطلاع کر دینا جائز ہے، واللہ اعلم، ۱۸ جمادی الاولیٰ ۴۶ھ۔

الاحتیاط اللازم فی التصدق علی بنی ہاشم (نام دیگر) والقول الخاتم فی حرمۃ الزکوٰۃ علی بنی ہاشم

السوال (۹) ما قولکم دام ظلکم فی رجل اعطی زکوٰۃ مالہ سنین عدیدۃ لبنی ھاشم عارفًا ایاھم وھو یظن انھم من مصارف الزکوٰۃ فھل یجب علیہ ان یعید ما دفعہ الیھم بعد ما علم انہ لا یجوز لھم دفع الزکوٰۃ ام کیف الامر وھل ترون دفع الزکوٰۃ الی بنی ھاشم فی زماننا ھذا بناء علی روایۃ ابی عصمۃ رحمہ اللہ؟ فانہ لا تخفی علی سیادتکم الحالۃ البائسۃ التی نزلت بالمسلمین عامۃ و ببنی ھاشم خاصۃ بالدیار الھندیۃ والناس لا یکادون ان یتوجھوا الیھم بما یسد فاقتھم بید ان البعض ممن یخاف اللہ سبحانہ تکاد نفسہ ان تسمح بدفع بعض الصدقات الواجبۃ ھذا وللہ الفضل والمنۃ ولرسولہ ثم لکم۔

الجواب عن مسئلۃ الصدقۃ علی بنی ھاشم

اقول لا یخفی علی فضیلتکم ان مذھب ائمتنا الثلثۃ تحریم الصدقۃ علی بنی ھاشم مطلقًا فریضتھا ونافلتھا الا ما کانت بطریق الھدیۃ والھبۃ کما ذکرہ الطحاوی فی شرح الآثار وقواہ بالدلائل النقلیۃ والنظریۃ ثم قال فلما حرم علی بنی ھاشم اخذ الصدقات المفروضات حرم علیھم اخذ الصدقات غیر المفروضات ھذا ھو المنظر فی ھذا الباب وھو قول ابی حنیفۃ وابی یوسف ومحمد رحمھم اللہ (ص ۳۰۱ ج ۱) قال المحقق ابن الھمام فی الفتح

Made searchable using ScribeTools.com

وھو رای تحریم الصدقۃ علیہم مطلقاً (۱۲ منہ) الموفق للعمومات فوجب اعتبارہ فلا یدفع الیہم النافلۃ الاعلی وجہ الھبۃ مع الادب وخفض الجناح تکرمۃ لاھل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ص ۲۱۲ ج ۲) ولکن المشائخ توسعوا فی ذلک وقالوا لجواز النافلۃ لھم واجابوا عن العمومات بانھا وان کانت عامۃ لفظاً کقولہ صلی اللہ علیہ وسلم انا ال محمد لا ناکل الصدقۃ وفی روایۃ انا اھل بیت قد نھینا ان ناکل الصدقۃ وفی لفظ ان ال محمد لا یحل لھم الصدقۃ ولکنھا مخصوصۃ معنیً بدلیل ما اخرجہ مسلم من روایۃ عبد المطلب بن ربیعۃ مرفوعاً ان ھذہ الصدقات انما ھی اوساخ الناس وانہا لا تحل لمحمد ولا لال محمد الحدیث ففیہ ما یشعر بعلۃ حرمۃ الصدقۃ علیہم وھی کونہا من اوساخ الناس والمال لیس بنجس وانما یتدنس خلافا القیاس باسقاط الفرض ضرورۃ انہ صار مطھرا بالنص وھو قولہ تعالی خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم وتزکیھم بھا لا یقال ان الصدقۃ النافلۃ مطھرۃ ایضا لانا نقول لا دلیل علی کونہا مطھرۃ بل یجوز ان تکون محسنۃ مزنیۃ مجلیۃ والتحسین والتزیین والجلاء محلہ بعد التطھیر فلا یلزم منہ تدنس ما یحصل بہ ذلک فیبقی ما وراءہ علی ما یقتضیہ القیاس من الطھارۃ الاصلیۃ فان الثابت خلاف القیاس یقتصر علی موردہ والنص وھو قولہ من اوساخ الناس ورد فی المکتوبۃ خاصۃ کما ھو ظاھر حدیث عبد المطلب بن ربیعۃ فیجوز ما سوی الزکوٰۃ ونحوھا من الواجبات لبنی ھاشم وھذہ التوسعۃ التی وسع بھا المشائخ علی بنی ھاشم ھی غایۃ ما یصار الیہ ولا یتصور عندنا الزیادۃ

(۱۲) ویرد علیہ ان حرمۃ الصدقۃ علی بنی ھاشم کحرمتھا علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم سواء بسواء کما ھو ظاھر النصوص ولیس فیہا ما یفید الفرق ولا یخفی انہا کانت محرمۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مطلقا یدل علیہ حدیث سلمان انہ اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بصدقۃ حین قدم المدینۃ فردھا علیہ وقال انا لا ناکل الصدقۃ وکان سلمان عبدا ممن لا یجب علیہ الزکوٰۃ وقد صح انہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا علم بنی انہ صدقۃ امسک عنہ مطلقا ولم یسئل انہ صدقۃ من زکوٰۃ او غیر ذلک فتأمل ۱۲ ط

علیہ واما ما رواہ ابو عصمۃ عن الامام واشار الیہ الطحاوی اینا انہ یجوز دفع سائر الصدقات الیہم فی زمانہ لان عوضہا وھو خمس الخمس لم یصل الیہم الخ کما فی ردّ المحتار (ص ۱۰۶ ج ۲) فھو ضعیف روایۃ ودرایۃ لا یجوز الاخذ بہ اصلا اما ضعفہ روایۃ فلان ابا عصمۃ ضعیف رواہ ابن المبارک وغیرہ بالکذب والوضع واما ضعفہ درایۃ فلان مبناہ علی کون خمس الخمس لبنی ھاشم عوضا عن تحریم الصدقۃ علیہم فان کان قالہ الامام بالرای قلنا ھذا تعلیل بمعرض النص فان حدیث عبد المطلب بن ربیعہ عند مسلم دال علی ان علۃ التحریم کون الصدقات من اوساخ الناس وان قالہ بالنص فلا بد لہ من نص یدل علی کون ذلک عوضا عن ھذا ولم یرد نص صحیح بذلک اصلا فیما علمناہ واما اللفظ الذی رواہ صاحب الھدایۃ انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یا بنی ھاشم ان اللہ تعالی حرم علیکم غسالۃ الناس واوساخھم وعوضکم منہا بخمس الخمس فغریب جدا کما صرح بہ الزیلعی وانما الصحیح ما اخرجہ مسلم بلفظ ان ھذہ الصدقات انما ھی اوساخ الناس وانہا لا تحل لمحمد ولا لال محمد ولیس فیہ ما زادہ فی الھدایۃ من قولہ وعوضکم منہا بخمس الخمس نعم قد رواہ الطبرانی بطریق حنش عن عکرمۃ عن ابن عباس وفی اخرہ فقال لہما صلی اللہ علیہ وسلم انہ لا یحل لکم اھل البیت من الصدقات شئ وان لکم فی خمس الخمس ما یغنیکم انتھی کما فی نصب الرایۃ (ص ۴۱۸ ج ۱۲) ولکن لیس فیہ دلالۃ علی کون خمس الخمس لبنی ھاشم عوضا عن تحریم الصدقات علیہم بل یحتمل ان یکون قولہ ان لکم فی خمس الخمس ما یغنیکم تسلیۃ لہما ومعناہ انہ لا حاجۃ لکم الی الصدقات الآن لان لکم فی خمس الخمس ما یغنیکم ولا یجب عموم التسلیۃ ولا بقاؤھا علی حالہا دائما بل یجوز ان یسلی واحد بشئ واخر بشئ وان یکون التسلیۃ فی زمان لشئ وفی زمان اخر لشئ اخر وذلک لان التسلیۃ لا تکون علۃ للحکم بل المقصود منہا حض المخاطب علی الامتثال وتقویۃ قلبہ لذلک کما لا یخفی۔

وان سلمنا کونہ دالا علی معنی التعویض فنقول لفظ الطبرانی ھذا لم یصح سندہ لان حنشا متروک ولا یروی عن عکرمۃ مولی ابن عباس احد غیرہ

ممن یلقب بحلش کما لا یخفی علی من مارس الاسانید) واسمه حسین بن قیس ابو علی الرحبی (تقریب) وروی ابن ابی شیبة فی مصنفه حدثنا وکیع ثنا شریك عن خصیف عن مجاهد قال کان آل محمد صلی الله علیه وسلم لا تحل لهم الصدقة فجعل لهم خمس الخمس ورواه الطبری فی تفسیره ثنا ابن وکیع به (سنداً ومتناً) کما فی نصب الرایة وفیه تائید للفظ الهدایة فانه مشعر بکون خمس الخمس عوضاً عن تحریم الصدقة علیهم ولکنه موقوف علی مجاهد وفی سنده خصیف وهو صدوق شیء الحفظ خلط بآخره ولقائل ان یقول ان حدیث مثله حسن فی الدرجة الثانیة وهو صالح للاحتجاج به والاعتذار عن وقفه ممکن بان معناه مما لا یدرك بالرأی واذا روی التابعی ما لا یدرك بالرأی کان فی حکم المرسل المرفوع وهو حجة عند الحنفیة. تامل، ویرد علیه ان الاحتجاج بقول مجاهد یقتضی ان یکون سهم ذوی القربی وهو خمس الخمس باقیاً، ویجب علی الامام ان یصرف خمس الخمس من الغنیمة علی بنی هاشم وهذا انما هو قول الشافعی دون ابی حنیفة فعندنا یقسم الخمس علی ثلثة اسهم سهم للیتامی وسهم للمساکین وسهم لابن السبیل یدخل فقراء ذوی القربی فیهم ولا یدفع الی اغنیائهم کما صرح به فی الهدایة (ص ۵۶۰ ج ۲) ولیس لهم خمس الخمس عندنا متعیناً ولو کان ذلك عوضاً عن تحریم الصدقات علیهم لوجب صرفه الیهم وذلك یقتضی تخمیس الغنیمة لا تثلیثه وهذا خلاف المشهور من مذهب ابی حنیفة وصاحبیه کما لا یخفی علی من مارس الفقه واذا کان کذلك فالقول باباحة صرف الصدقات الی بنی هاشم لعدم وصول خمس الخمس الیهم انما یصح لمن قال بتعین حقهم فی خمس الخمس فی حیاة النبی صلی الله علیه وسلم وبعد وفاته کما قاله ابن عباس واخذ به الشافعی واما من قال ان خمس الخمس لم یکن لبنی هاشم لا فی حیاة النبی صلی الله علیه وسلم ولا بعد مماته وانما ذکر الله ذوی القربی فی الآیة مع الیتامی والمساکین، بحال فقرهم وحاجتهم قادخلهم مع الفقراء والمساکین وقدم فقراءهم ومساکینهم علی فقراء غیرهم فلا یخرج لهم سهم من الغنیمة علی حدة بل سهم الفقراء والمساکین یکفیهم ویقدمون علی غیرهم من الفقراء کما هو مذهب

واصحابه فلا یجوز له القول باباحة صرف الصدقات الی بنی هاشم الآن لعدم وصول خمس الخمس الیهم ولا یصح منه القول بذلك ابداً لانه لا یقول بحقهم فی خمس الخمس فافهم والله تعالی اعلم هذا ما عندنا ولا یخفی ان الاصل فی المذهب هو الصحیح روایة ودرایة ولا یجوز الافتاء بالضعیف مع العلم بضعفه وبعد ذلك فالذی لازم علی الرجل المسئول عنه اعادة زکوٰة هذه السنین التی انفق زکوٰتها علی بنی هاشم عارفاً ایاهم وظنه انهم من مصارف الزکوٰة باطلاً فعلیه ان یعید زکوٰتها وان لم یستطع ذلك لعدم المال فلیعدها بحیلة الاسترداد من الفقیر والاستیهاب منه وهی لا تخفی علی مثلکم واما ما ذکرتم من الحالة البائسة التی نزلت بالمسلمین فهی لا تختص ببنی هاشم منهم بل تعمهم وغیرهم ولو ابحنا لهم الحرام لاجل ذلك فلنبح الربوا والرشوة لغیرهم ایضاً لاجل هذه الحالة البائسة ولا یجترئ علی ذلك احد، والسلام۔

فان قیل: قال فی البحر عن الحاوی القدسی وعن ابی یوسف: ان الخمس یصرف لذوی القربی والیتامی والمساکین وابن السبیل وبه ناخذ اه فهذا یقتضی ان الفتوی علی الصرف الی الاقرباء الاغنیاء فلیحفظ اه (رس ۱۹ ج ۵) وهذا یؤید روایة ابی عصمة ویدفع الایراد الذی اورد قبل علم الاستدلال باثر مجاهد بانه یقتضی تخمیس الخمس لا تثلیثه وهذا خلاف مذهب ابی حنیفة واصحابه وانما هو مذهب الشافعی الخ فان ما رواه الحاوی القدسی عن ابی یوسف یدل علی بقاء التخمیس فی مذهب الحنفیة ایضاً ولو کان ذلك خلاف المشهور فلیؤخذ به للضرورة .....

قلت هذا لا یجدی شیئاً فان ما رواه الحاوی یفید کون خمس الخمس حقاً لبنی هاشم کلهم غنیهم وفقیرهم فلو کان تحریم الصدقة عوضاً عنه کما یفیده اثر مجاهد للزم جواز الصدقة علی اغنیاء هم ایضاً اذا لم یصل الیهم خمس الخمس ولم یقل به احد ولما علمت فی النظر الاول عرفت ان روایة ابی یوسف هذه تفید تحریم الصدقة

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools

علی بنی ھاشم مطلقا لکونھما الۃ علی ان حقھم فی خمس الخمس باق واثر مجاھد قد افاد ان علۃ التشریع فی تحریم الصدقہ علی بنی ھاشم کونھم قد عوضوا منھا بخمس الخمس فمادام ھذا التشریع باقیا کان الحکم باقیا ولا ینعدم الا بانعدام التشریع واما بظلم الولاۃ ومنعھم بنی ھاشم عن حقھم فلا ینعدم الحکم بہ اصلا فان مدار الاحکام انما ھو علی التشریع وعلتہ لا علی افعال الولاۃ والامراء فاذا کان الشارع قد شرع تحریم الصدقہ علی ذوی القربیٰ بعلۃ تفویضہ خمس الخمس لھم عنہ ووضعہ حقھم فیہ وجب ان یبقی حکم التحریم ببقاء حکم ھذا التعویض لھم وھذا ظاھر جدا۔ ومبنی ھذا الجواب علی تسلیم ان اثر مجاھد یدل علی ان کون خمس الخمس لبنی ھاشم علۃ لتحریم الصدقہ علیھم ولقائل ان یقول ان اثر مجاھد فیہ بیان حکمۃ ھذا التشریع لا علۃ والعلۃ انما ھی کون الصدقۃ من اوساخ الناس وھی المنصوصۃ فی کلام الشارع والحکم انما یدور مع العلل دون الحکم واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۲ صفر ۱۳۴۷ھ

رسالہ رفع التشکیک فی دفع الزکوٰۃ بالتملیک

مذاکرہ در مصارفِ زکوٰۃ

سوال (۱۰) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ سید نا محمد و آلہ وصحبہ اجمعین، اما بعد واضح ہو کہ دینی ضروریات روز بروز بڑھتی جاتی ہیں، اور ان میں سے اکثر کے لئے آمدنیوں کی قلت ہوتی ہے، اور شرعاً آجکل زکوٰۃ کے سوا کوئی ایسی مد نظر نہیں آتی جس کے ترک پر وعید شدید شرعی سنائی جائے، اور اس زکوٰۃ میں حضرات فقہائے کرام نے تملیک کی شرط لگائی ہے، جس کی وجہ سے مساجد، مدارس دینی، تبلیغ واشاعت اسلام اور تصنیف وتالیف کتب دینیہ کے بہتیرے کام رُک جاتے ہیں یا جیسے چلنے کی ضرورت ہو ویسے چلنے نہیں پاتے، کیونکہ اُن پر مال زکوٰۃ، فطرہ اور چرم قربانی خرچ نہیں کئے جاسکتے، اس لئے کہ امور مذکورہ میں تملیک نہیں ہو سکتی، اور ان مذکورہ میں تملیک جاری کرنا ہو تو حیلہ کی تلاش کرنا پڑتی ہے، جس کا ثبوت آیات واحادیث اور اقوالِ سلف سے نہیں ملتا ہے، پس امور مذکورہ کا اجراء یا تو صدقاتِ غیر واجبہ سے کیا جاوے، جن کے نہ دینے سے مسلمان وعید کے مستحق نہیں ہو سکتے، یا آیات واحادیث کے عموم ہی سے کیوں نہ ہو، ان امور مذکورہ کو مصارف زکوٰۃ میں داخل کیا جائے۔

مسئلہ بالا کے متعلق ایک عرصہ دراز سے بلکہ زمانہ طالب علمی سے خلجان رہا، اور حضرات شیوخ کرامؒ کے افادات سے کچھ کچھ منزل مقصود کا نشان نظر آرہا تھا، بالآخر دو چار سال کے عرصہ میں بعض معزز ومحترم خیر خواہ حضرات اس مسئلہ کو چھیڑتے رہے، جس پر فاضل محقق عالی جناب مولانا محمد عبد الوہاب صدر مدرس جامعہ دار السلام عمر آباد نے آیت "فی سبیل اللہ" کی تعمیم اور چند احادیث سے استدلال فرما کر امور مذکورہ کو مصارف زکوٰۃ میں شامل فرمایا، مولانا ممدوح کی تحریر سے خاکسار کے خیالات میں امید وجرأت پیدا ہوئی، جس کے بعد خاکسار بغرض استفادہ اپنے ناچیز منتشر خیالات کو حضرات رہنمایانِ دین کی خدمات میں پیش کرتا ہے، جن کے متعلق امید کہ آنحضرات اپنے اپنے تنقیدانہ وتحقیقانہ افادات سے ممنون فرمائیں گے، اِنَّمَا شِفَاءُ الْعِیِّ السُّؤَالُ۔

جمیع حضرات علمائے کرام پر یہ امر بخوبی روشن ہے کہ امت محمدیہ کے پاس مصارف زکوٰۃ کی دلیل آیت عظیمہ ذیل ہے:۔

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

"صدقے صرف فقیروں کے لئے ہیں اور محتاجوں کے لئے اور اُن لوگوں کے لئے جو صدقات پر کام کرتے ہیں اور اُن لوگوں کے لئے جن کی تالیف قلوب کی جاوے، اور غلاموں کے آزاد کرنے اور قرضداروں کے قرض ادا کرنے اور اللہ کی راہ میں اور مسافر کی مدد میں خرچ کئے جاویں، خداوند پاک کی جانب سے یہ حکم ہے، اور اللہ تعالیٰ جاننے والا اور حکمت والا ہے"

(۱) للفقراء کا لام جمیع سلف صالحین کے پاس تملیک کے لئے ہے یا نہ؟ تفاسیر وشروحِ حدیث کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس طرف بھی ائمہ کرام کی ایک جماعت گئی ہے کہ لام اس آیت میں تملیک کے لئے نہیں ہے، چنانچہ حافظ ابن حجرؒ نے شرح بخاری میں یہ رقم فرمایا ہے کہ:۔

ان اللام فی قولہ ثم للفقراء لبیان المصرف لا للتملیک اھ

"لام" فقراء" کے شروع میں مصرف بیان کے لئے ہے تملیک کے لئے نہیں"

اور علامہ سیوطیؒ نے اتقان کی کتاب الادوات میں لام کے متعدد معنی جو پندرہ سے زیادہ ہوں گے بیان کئے ہیں، اُن میں سے صرف لام تعلیل کے متعلق حقیقی یا مجازی معنی ہونے کا اختلاف اہلِ لسان سے ذکر کیا ہے، معلوم ہوتا ہے کہ باقی معانی حقیقی ہیں۔

اصولِ فقہ کی کتاب "حصول المامول من علم الاصول" مطبوعہ مصر میں لام کے بائیس معنی ذکر کئے ہیں، جن میں سے ہر ایک کی مثال قرآن پاک سے دی گئی ہے۔

اور کتبِ نحو میں عموماً اور شرح جامی میں خصوصاً یوں مرقوم ہے:۔

اللام للاختصاص بملکیۃ او بغیر ملکیۃ،	"لام اختصاص کے لئے آتا ہے خواہ ملکیۃ کے طور پر ہو یا بلا ملکیت کے"۔

امام فخر الدین رازیؒ نے اپنی تفسیر میں پہلے چار مصرفوں میں لام کے آنے اور بعد کے چار مصرفوں میں فی کے آنے کا فرق یوں بیان فرمایا ہے کہ پہلے چار مصرف والوں کو اپنے حاصل کردہ مال زکوٰۃ میں مالکانہ تصرف کا اختیار ہے اور پچھلے چار مصرف والوں کو اپنے حسبِ منشا تصرف کا اختیار نہیں، پس لام سے تملیک کی شرط اجتہادی محتمل چیز ہوئی نہ کہ قطعی اور منصوص۔

(۲) فی سبیل اللہ کے معنی میں تعیین اور اس تعیین پر اجماع ہوا ہے یا نہ؟ اگر تعیین اور اس پر اجماع ہو چکا ہے تو کتبِ فقہ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ شافعیہ کے پاس اغنیار مجاہدین کو مالِ زکوٰۃ سے دے سکتے ہیں، اور یہ امر حنفیہ کے پاس ناجائز ہے، اور امام ابو یوسفؒ نادار مجاہدین کو ہی مال کی زکوٰۃ دینے کی اجازت دیتے ہیں، اور امام محمدؒ نادار حاجیوں کو بھی مالِ زکوٰۃ سے دیکر حج کرانے کی اجازت اس لفظ فی سبیل اللہ سے نکالتے ہیں۔

اتنے مختلف اقوال کے بعد اگر کوئی یہ کہے کہ ان اقوال و مذاہب کے سوا نیا قول گویا اجماع کے مرکب کا خرق ہے، اس لئے وہ نیا قول ناجائز قرار دیا جائے، تو یہ عرض ہے کہ جن لوگوں نے اس مقام میں اجماع کا ذکر فرمایا ہے وہ اصولی اصطلاحی اجماع نہیں معلوم ہوتا کیونکہ اجماعِ امت کا لفظ اس مقام میں کسی نے ذکر کیا ہو، دیکھنے میں نہیں آیا، بلکہ اجماع الجمہور لکھا ہے، اجماع اور جمہور کی اضافت خود اصولی اصطلاحی اجماع ہونے سے انکار کرتی ہے۔

علاوہ بریں امام قفال نے بعض ائمہ سے عام مصارفِ خیر جیسے کہ امور مذکورہ اوقاف وغیرہ کو فی سبیل اللہ کے معنی میں نقل فرمایا ہے جسکو امام رازیؒ، علامہ بیضاویؒ اور صاحب خازنؒ نے اپنی اپنی تفسیروں میں بیان فرمایا ہے اور سب کے الفاظ قریب قریب حسب ذیل ہیں:۔

وقال بعضهم ان اللفظ عام فلا یجوز قصرہ علی الغزاۃ فقط ولهذا اجاز بعض الفقهاء صرف سهم سبیل الله الی جمیع وجوہ الخیر من تکفین الموتی وبناء الجسور والحصون وعمارۃ المساجد وغیر ذلک وقال لان قولہ تعالیٰ وفی سبیل الله عام فی الکل فلا یختص بصنف دون غیرہ، اھ	"اور کہا بعض علماء نے کہ لفظ عام ہے اس کو صرف مجاہدین پر قصر کرنا جائز نہیں، اسی لئے بعض فقہائے کرام نے "سبیل اللہ" کا حصہ سب نیک کام مثلاً تکفینِ موتی، پلوں اور قلعوں اور مساجد وغیرہ کے بنانے میں خرچ کرنے کو جائز رکھا، اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان "فی سبیل اللہ" سب نیک کاموں کو شامل ہے، صرف ایک جماعت کے ساتھ خاص کرنا نہیں چاہئے"۔

اور شرح وقایہ کے حاشیہ عمدۃ الرعایہ میں حضرت مولانا عبد الحی صاحب لکھنویؒ نے مصارفِ زکوٰۃ کے مقام میں فقہ کی کتاب بدائع سے نقل فرمایا ہے کہ:۔

وذکر فی البدائع انہ یشمل جمیع القُرَب،	"فی سبیل اللہ کا لفظ جمیع نیک مصرفوں کو شامل ہے"۔

(۳) امام بخاریؒ اپنی جامع صحیح بخاریؒ کے "باب العرض فی الزکوٰۃ" میں ابو ہریرہؓ سے ابن جمیلؓ، خالد بن ولیدؓ اور حضرت عباسؓ کے منع زکوٰۃ کی توجیہ والی حدیث نقل فرماتے ہیں اور اسی روایت کو "باب والغارمین وفی سبیل اللہ" میں مکرر لائے ہیں، امام بخاریؒ کا مدعا امام ابن حجرؒ نے فتح الباری میں یوں ذکر فرمایا ہے:۔

واستدل البخاری بقصۃ خالد علی مشروعیۃ تحبیس الحیوان والسلاح وان الوقف یجوز بقاءہ تحت ید محتبسہ علی جواز اخراج العروض فی الزکوٰۃ،	"امام بخاریؒ نے حضرت خالدؓ کے قصہ سے جانوروں اور ہتھیاروں کے وقف کرنے اور وقف کی ہوئی چیزوں کا واقف کی نگرانی میں رہنے اور زکوٰۃ میں نقد کے عوض متاع کے دینے پر دلیل پکڑی ہے (بہر طور مالِ زکوٰۃ وقف میں دیا گیا)"۔

پس شرح بخاریؒ سے معلوم ہوا کہ امام بخاریؒ نے خالدؓ کے واقعۂ وقف کو زکوٰۃ میں شمار فرمایا، اور آیت "فی سبیل اللہ" میں تملیک کو غیر ضروری سمجھا جو حضرات احنافِ کرام

Made searchable using ScribeTools.com

کے خلاف ہے، اور وقف منقول کو بھی جائز سمجھا، اور یہ اور فقہائے کوفہ کے مخالف ہے، اور زکوٰۃ میں نقد کے عوض متاع دینا ثابت کیا، جو فقہائے حنفیہ کے موافق ہے، جس کو مولانا حافظ احمد علی صاحب حنفی محدث سہارنپوریؒ محشی صحیح بخاری نے اپنے حاشیہ بخاری میں یوں رقم فرمایا ہے:۔

قال العینی احتج اصحابنا فی جواز دفع القیم فی الزکوٰۃ ولھذا قال ابن رشید وافق البخاری فی ھذا المسئلۃ الحنفیۃ مع کثرۃ مخالفتہ لھم، قال الکرمانی: وفیہ دلیل علی صحۃ وقف المنقول وبہ قالت الائمۃ باسرھا الا بعض الکوفیین،

"علامہ عینیؒ نے فرمایا کہ ہمارے حضرات نے زکوٰۃ میں قیمتوں یعنی متاع کو دینا جائز کہا، اور اس پر اس حدیث سے دلیل پکڑی، اور اسی لئے ابن رشید نے کہا کہ بخاریؒ نے اس مسئلہ میں حنفیہ کی موافقت کی، حالانکہ وہ اُن کے اکثر مسائل میں مخالفت کرتے ہیں، علامہ کرمانیؒ نے فرمایا کہ اس حدیث میں منقولات کے وقف کی اجازت ثابت ہوتی ہے جس کی قائل بعض اہل کوفہ کے سوا ساری اُمت ہے"

الحاصل امام بخاریؒ کے استدلال کے جواب میں کوئی آیت یا حدیث صریح حضرات مانعین پیش فرما سکتے ہیں؟ رہے مانعین کے احتمالات وہ مجوزین کے پاس ناشی عن الدلیل نہ ہوں، اور مجوزین کی تجویز اُن کے احتمالات کی بہ نسبت واضح ترین اور اقرب الی الدلیل ہو تو امام بخاریؒ کے استدلالات کا قطعی اور تشفی بخش جواب کیا ہوگا؟

مذکورہ بالا معروضہ پیش کرنے کے بعد مجوزین کا مطلب یہ سمجھ میں آتا ہے کہ آیت مصارف میں سے سات حصہ خاص خاص افراد یا جماعتوں پر خرچ کئے جائیں، اور ایک حصہ عام مصارفِ خیر کے لئے رکھدیا جاوے تاکہ آٹھویں مصرف میں سہولت کے ساتھ امور مذکورہ ادا کئے جائیں، ورنہ تبرعات اور تطوعات اختیاری امور میں جن پر جبر و اکراہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ کرنے والوں پر وعید بھی نہیں ہوتی، اور بناءِ مساجد و مدارس دینی اور مصارفِ تبلیغ وغیرہ خدانخواستہ بالکل متروک کئے جائیں گے۔

چونکہ زمانہ موجودہ میں یہ مسئلہ مہمات مسائل میں سے ہے، لہٰذا بغرض استفادہ یہ امر بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بوقت شدتِ حاجت حضرات فقہائے کرام نے بھی

اپنے امام کے خلاف دوسرے امام کے فتوے پر عمل کرنے کی اجازت دی ہے، چنانچہ اجرت تعلیم قرآن کی بابت صاحبِ ہدایہ نے فرمایا ہے کہ اجرت علی تعلیم القرآن جائز نہیں، مگر متاخرین نے بوجہ ضرورت اجازت دی ہے، تاکہ تعلیم قرآن معدوم نہ ہو، اور اسی طرح مفقود الزوج کے نکاح کا مسئلہ معروف بین العلماء ہے۔

انہی امور کو مدِ نظر رکھ کر حضرت شیخ الاسلام شاہ ولی اللہ صاحب دہلویؒ نے حجۃ اللہ البالغہ میں گویا امام بخاریؒ کا مسلک اختیار فرماتے ہوئے یوں ارشاد فرمایا ہے:۔

وعن ابی الاسدؓ حملنا النبی صلعم علی اھل الصدقۃ للحج وفی الصحیح واما خالد فانکم تظلمون خالدًا وقد احتبس ادرعہ واعتدہ فی سبیل اللہ وفیہ شیئان جوازان یعطی مکان شیءٍ شیئًا اذا کان انفع للفقراء وان الحبس مجزیءٌ عن الصدقۃ قلت وعلی ھذا فالحصر فی قولہ تعالیٰ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ اضافی بالنسبۃ الی ما طلبہ المنافقون فی صرفھا فیما یشتھون علی یقتضیہ سیاق الآیۃ والسر فی ذلک ان الحاجات غیر محصورۃ ولیس فی بیت المال فی البلاد الخالصۃ للمسلمین غیر الزکوٰۃ کثیر مال فلابد من توسعۃ لتکفی نوائب المدینۃ واللہ اعلم۔

"ابو الاسدؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو صدقہ (زکوٰۃ) کے اونٹوں پر حج کے لئے سوار کرایا، اور صحیح بخاری میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم خالد پر ظلم کرتے ہو، جو اس سے زکوٰۃ طلب کرتے ہو، حالانکہ اس نے بکتر اور ہتھیار اللہ کی راہ میں وقف کئے ہیں، اس حدیث سے دو چیزیں ثابت ہوتی ہیں ایک تو ایک چیز کے عوض دوسری چیز زکوٰۃ میں دے سکتے ہیں، جبکہ دوسری چیز فقراء کے لئے زیادہ نافع ہو اور یہ کہ وقف صدقہ زکوٰۃ کے بدلے کافی ہے، میں کہتا ہوں (یعنی حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں) کہ اس صورت میں حصر فرمانِ خداوندی اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ کے جملہ میں اضافی ہے، منافقوں کے مطلب کے مقابلہ میں کہ وہ چاہتے تھے کہ ان کی خواہشوں کے مطابق زکوٰۃ کی رقم بیجا خرچ کی جاوے، جیسا کہ آیت کی روانی کا مقتضا ہے، اور زکوٰۃ کے مصرف میں وقف کو داخل کرنے میں راز یہ ہے کہ ضروریات بے شمار ہیں، اور مسلمانوں کے خالص شہروں

میں زکوٰۃ کے سوا کوئی معتد بہ مد نہیں ہوتی، لہٰذا ضرور ہوا کہ مصرفِ زکوٰۃ میں وسعت ہو، جو کافی حاجات ہو جیسا کہ آیت کے نزول کے موقع پر مدینہ مسلمانوں کا خالص شہر تھا واللہ اعلم۔

الجواب؛ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی، لاسیما علی سیدنا النبی محمد الذی قد افلح من بہ اقتفی، وبسنتہ وسنۃ خلفائہ المہدیین المجتہدین اقتدی وبہا اکتفی، ومن احدث فی امرہ وشرعہ ما لیس منہ واتبع ہواہ فقد خاب وخسر وظلم نفسہ وجفا، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ رؤس اہل الوفاء وافضل الخلق بعد الانبیاء وسادات اہل الصفاء،

امّا بعد، اس سوال کے جواب میں سب سے پہلے میں اُن دلائل کو ذکر کر دینا ضروری سمجھتا ہوں جن کی بناء پر ائمہ مجتہدین نے زکوٰۃ کی تعریف میں تملیکِ فقیر کی قید بڑھائی، اور بدون اس کے عدم ادا، زکوٰۃ کا حکم فرمایا ہے۔

مبحث اوّل در دلائل رکنیتِ تملیک برائے زکوٰۃ؛

(۱) اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں نماز کے حکم کے ساتھ جہاں بھی زکوٰۃ کا حکم فرمایا ہے وہاں لفظ ایتاء اختیار فرمایا ہے، اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ، وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّہٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ وَالسَّآئِلِیْنَ وَفِی الرِّقَابِ الی قولہ وَالْمُقِیْمِیْنَ الصَّلٰوۃَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وقولہ رِجَالٌ لَّا تُلْہِیْہِمْ تِجَارَۃٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَآءِ الزَّکٰوۃِ وغیرہا من الآیات اور لغۃً ایتاء کے معنی اعطاء یعنی تملیک کے ہیں، صاحب بدائع فرماتے ہیں: وقد امر اللہ تعالیٰ الملاک بایتاء الزکوٰۃ لقولہ عزّ وجلّ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ والایتاء ھو التملیک اھ (ص ۳۹ ج ۲)

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے مالکانِ (اموال) کو ایتاءِ زکوٰۃ کا حکم فرمایا ہے، اور ایتاء کے معنی مالک بنا دینا ہے، وفی الحدیث المشہور بنی الاسلام علی خمس شہادۃ ان لا الٰہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ واقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ الحدیث اخرجہ الشیخان والجماعۃ۔

(۲) مصارفِ زکوٰۃ کے متعلق جو آیتِ عظیمہ ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کو صدقات سے تعبیر فرمایا ہے، اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ الآیۃ اور صدقہ اور تصدق

بھی تملیک کو چاہتا ہے، صاحب بدائع فرماتے ہیں؛ ولذا سمی اللہ تعالیٰ الزکوٰۃ صدقۃ بقولہ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالتَّصَدُّق تملیک اھ (ص ۳۹ ج ۲) اور شرح سیر کبیر للامام محمد بن الحسن میں ہے لان ھذا اجعل ثلث مالہ فی سبیل اللہ علی وجہ الصدقۃ والصدقۃ تملیک من اھل الحاجۃ قال اللہ تعالیٰ انما الصدقات للفقراء الخ (ص ۲۴۴ ج ۴)

اور محمد بن حسن رحمہ اللہ امام عربیت ہیں، اُن کا قول لغت میں حجت ہے، اسی شرح سیر کبیر میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول وقف منقول کے بارہ میں جو ذکر کیا ہے اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ صدقہ کے معنی تملیک ہیں، فاما ابو حنیفۃ رحمہ اللہ فانہ کان لا یجوز الوقف والحبس فی حالۃ الحیوٰۃ فلا یجوز عندہ اذا اوصی بعد موتہ الا ما کان لہ اصل فی الشریعۃ والوصیۃ بالغلّۃ لہا اصل فی الشریعۃ فانہ لو اوصی بان یصرف غلّۃ بستانہ علی الفقیر فذلک جائز لما یقع فیہ من التملیک فکذلک حبس الاراضی والعبد والدار لیکون غلتہا فی سبیل اللہ یجوز لان فیہ معنی التملیک لان الغلّۃ یتصدق بہا علی اھل الحاجۃ ممن یغزو فتصیر ملکا لمن یأخذھا یصنع بہا ما شاء فاما ما لیس فیہ معنی التملیک ولکن فیہ انتفاع بالعین نحو سکنی الدار ورکوب الفرس وقرأۃ المصحف ولبس السلاح وخدمۃ العبید لا اصل لہ فی جوازہ فی الشرع اذا وقع لاقوام مجہولین والمعنی فی ذلک انہ اذا لم یکن فیہ تملیک العین لم یکن صدقۃ اھ (ص ۲۶۳ ج ۴)۔

اس میں صاف تصریح ہے کہ شریعت میں صدقہ بدون تملیک عین کے کوئی اصل نہیں، نیز اس سے پہلے امام ابو یوسفؒ کا قول وقف منقول میں اس طرح مذکور ہے:

وکان (ابو یوسف) یقول القیاس ان لا یجوز وقف الاراضی لما فیہ من تعطیل الملک ولا تملیک من احد الا ان الشرع عطل ملکنا عن المساجد لقربۃ تعلقت بہا عائد نفعہا الینا من حیث الثواب فجوزنا فی مثلہ فی وقف الاراضی لانہا من جنس المساجد فانہا تبقی وعائد نفعہا کالمساجد، فاما الاموال المنقولۃ ما وجدنا فیہا قربۃ اوجبہا اللہ تعالیٰ الا قربۃ تقع بتملیک الفقیر فکذلک لا یجوز (ایجاب القربۃ من العبد الا علی وجہ التملیک اذ ایجاب العبد معتبر بایجاب اللہ تعالیٰ، اس میں صاف تصریح ہے کہ کوئی قربۃ

Made searchable using ScribeTools.com

مالیہ واجبہ منقولات میں بدون تملیک فقیر کے شریعت میں نہیں، اور امام ابو یوسفؒ کے اس دعویٰ میں کوئی کلام نہیں کرسکتا، نہ کسی کو کلام ہے، اور جو لوگ وقفِ منقول کو جائز کرتے ہیں وہ اس کے جواب میں صرف یوں کہیں گے کہ قربتِ نافلہ تو شریعت میں بدونِ تملیک کے واقع ہے، پس ایجاب قربت من العبد کے لئے قربتِ نافلہ کی نظیر کافی ہے، قربت واجبہ کے مثل ہونا لازم نہیں، بہرحال امام ابو یوسفؒ کا یہ ارشاد کہ کوئی قربت مالیہ واجبہ منقولات میں شرعاً بدونِ تملیکِ فقیر نہیں ہے، اس بات کو بتلا رہا ہے کہ صدقہ کے معنی تملیک کے ہیں۔

اور کشاف اصطلاحات الفنون میں ہے الصدقۃ بفتحتین من الصدق سمی بہا عطیۃ یراد بہا المثوبۃ لا التکرمۃ (لان بہا یظہر صدقۃ فی العبودیۃ) کما فی جامع الرموز اھ (ص ۸۵۱) اس میں صدقہ کی تفسیر عطیہ سے کی ہے، اور عطیہ میں تملیک ظاہر ہے، کیونکہ عطیہ وہبہ لغۃً متحد ہیں، اسی لئے فقہاء نے فرمایا ہے، الصدقۃ کالہبۃ فلا تجوز الا مقبوضۃ، کذا فی الدرر۔

(۳) حدیث مشہور قصۂ بعث معاذ الی الیمن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:۔ فان ہم اطاعوا لک بذلک فاخبرہم ان اللہ قد فرض علیہم صدقۃ تؤخذ من اغنیاءہم فترد علی فقرائہم، الحدیث رواہ الشیخان وغیرہما، (ترجمہ) "اگر وہ لوگ اس بارہ میں (یعنی نماز کی فرضیت کے بارہ میں) تمہاری اطاعت کرلیں تو اس کے بعد اُن کو خبر کردو کہ اللہ تعالیٰ نے اُن پر صدقہ فرض کیا ہے، جو اُن کے اغنیاء سے لیا جائے گا، پھر اُن کے فقراء پر واپس کیا جائے گا"، یہ حدیث بھی اس بات کو بتلاتی ہے کہ زکوٰۃ تملیکِ فقیر ہی کے لئے موضوع ہے۔

اور اسی کے مثل حدیث ضمام بن ثعلبہ میں وارد ہے:۔ قال انشدک اللہ آللہ امرک ان تأخذ ہذہ الصدقۃ من اغنیائنا فنقسمہا فی فقرائنا قال اللہم نعم، الحدیث رواہ الشیخان وغیرہما وہو مشہور ایضاً،

(ترجمہ) "ضمام بن ثعلبہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی عرض کیا کہ میں آپ کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ امر فرمایا ہے کہ آپ یہ صدقہ ہمارے اغنیاء سے لیں، پھر اس کو ہمارے فقراء میں تقسیم فرمادیں؟ حضورؐ نے فرمایا بخدا ہاں (اللہ تعالیٰ ہی نے مجھ کو یہ حکم دیا ہے) یہ حدیث بھی بتلا رہی ہے کہ زکوٰۃ فقراء

میں تقسیم کرنے کے موضوع ہے، اور یہ تقسیم بطور تملیک ہی کے ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔

(۴) تعریف زکوٰۃ میں شرعاً تملیک فقیر بالاتفاق معتبر ہے، قال الحافظ فی الفتح قال ابن العربی وتعریفہا فی الشرع اعطاء جزء من النصاب الحولی الی فقیر ونحوہ غیرہا ہاشمی ولا مطلبی ثم لہا رکن وہو الاخلاص وشرط ہو السبب وہو ملک النصاب الحولی وشرط من تجب علیہ وہو العقل والبلوغ والحریۃ الخ قال الحافظ وہو جید لکن فی شرط من تجب علیہ اختلاف اھ (ص ۲۰۰ ج ۳)، قلت: فدل علی ان ماسواہ متفق علیہ عند الکل، یہ عبارت صاف بتلا رہی ہے کہ زکوٰۃ کی تعریف میں تملیک فقیر اتفاقاً معتبر ہے۔

کشاف اصطلاحات الفنون (ص ۶۲۳) میں ہے، انہا فی اللغۃ النمو الحاصل من برکۃ اللہ تعالیٰ وفی الشریعۃ قدر معین من النصاب الحولی یخرجہ الحر المسلم المکلف للہ تعالیٰ الی الفقیر المسلم الغیر الہاشمی ولا لمولاہ مع قطع المنفعۃ عنہ من کل وجہ، وفی جامع الرموز ان الزکوٰۃ فی الشریعۃ القدر الذی یخرجہ الی الفقیر وفی الکرمانی انہا فی القدر مجاز شرعاً فانہا ایتاء ذلک القدر وعلیہ المحققون کما فی المضمرات انتہی ویؤیدہ انہا توصف بالوجوب وہو من صفات الافعال ویؤید الاول قولہ تعالیٰ واٰتوا الزکوٰۃ اذ ایتاء الایتاء محال والاظہر ان الزکوٰۃ فی الشرع یجیء بکلا المعنیین کذا فی البرجندی اھ، اس میں زکوٰۃ کے شرعاً دو معنی بیان کئے ہیں، اور دونوں میں تملیک فقیر معتبر ہے، جیسا کہ اہل علم پر مخفی نہیں۔

(۵) مال زکوٰۃ کو ایسے مواقع میں صرف کرنا جن میں تملیک نہ ہو، باتفاق ائمہ مذاہب و باجماعِ جملہ مجتہدین جائز نہیں، رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ میں تصریح ہے:۔

واتفقوا علی منع الاخراج لبناء مسجد او تکفین میت اھ (ص ۴۵)

(ترجمہ) "اور علماء نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ زکوٰۃ بناء مسجد اور کفنِ میت میں صرف کرنا ممنوع ہے"، اور یہ اتفاق صرف ائمہ اربعہ ہی کا نہیں، بلکہ جملہ ائمہ مجتہدین کا اتفاق ہے، مثل اوزاعیؒ و مکحولؒ و سفیان ثوریؒ و حسن بصریؒ وغیرہم، کیونکہ صاحب رحمۃ الامۃ نے مقدمہ کتاب میں اس کی تصریح کی ہے کہ جس مسئلہ میں ائمہ اربعہ کا اتفاق ہو اور

Made Searchable by ScribeTools.com

کسی دوسرے کا اختلاف ہو تو میں مخالف کا قول بھی نقل کردوں گا، تاکہ مسئلہ کا اختلافی ہونا معلوم ہوجائے، اور یہاں کسی کا اختلاف نقل نہیں کیا، اس سے معلوم ہوا کہ اس مسئلہ میں تمام مجتہدین کا اتفاق ہے، وھذا نصہ اذا کان فی المسئلۃ خلاف لاحد من الائمۃ الاربعۃ اکتفیت بذلک ولا اذکر من خالف فیھا من غیرھم فان لم یکن احد منھم خالف فی تلک المسئلۃ وکان فیھا خلاف لغیرھم احتجت الی ذکر المخالف لیظھر ان فی المسئلۃ خلافاً اھ ص ۲ و ۳)۔

مبحثِ دوم؛ سائل کے جواب سے پہلے میں اس کو بھی ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ آیت اِنما الصدقات للفقراء میں حصر حقیقی مقصود ہے کہ زکوٰۃ مفروضہ کے مصارف یہی مصارفِ ثمانیہ ہیں ان کے سوا مصرفِ زکوٰۃ کوئی نہیں۔

دلائل ملاحظہ ہوں:۔

(۱) عن زیاد بن الحوث الصدائی قال اتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبایعتہ فاتی رجل فقال اعطنی من الصدقۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لم یرض بحکم نبی ولا غیرہ فی الصدقات حتی حکم فیھا ھو فجزّاھا ثمانیۃ اجزاء فان کنت من تلک الاجزاء لاعطیتک، رواہ ابوداؤد وسکت عنہ وسندہ حسن[۵]،

زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے بیعت ہوا، پھر ایک شخص آیا اور کہا یا رسول اللہ مجھ کو صدقہ (کے مال) میں سے دیجئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ صدقات کے بارے میں نہ رسول کے فیصلہ پر راضی ہوئے نہ کسی اور کے، یہاں تک کہ اس کا فیصلہ خود ہی فرمایا ہے، اور صدقہ کو آٹھ حصوں پر تقسیم کیا، پس اگر تو اُن آٹھ حصوں میں سے (کسی حصہ میں داخل) ہو تو میں تجھ کو دیدوں گا

(اس کو ابوداؤد نے روایت کیا ہے، اور اس کی سند حسن ہے)۔

یہ حدیث صاف تصریح کر رہی ہے کہ صرف اموالِ زکوٰۃ انہی مصارفِ ثمانیہ میں منحصر ہے، ان کے سوا اور کسی مصرف میں صرف نہیں کی جاسکتی، اور اس کے بعد کسی دلیل کے

[۵] فیہ عبدالرحمٰن بن زیاد بن انعم الافریقی وثقہ غیر واحد وتکلم فیہ لبعضھم ومثلہ حسن الحدیث وقد حسنہ الترمذی

بیان کی حاجت نہیں، مگر تائیداً اور دلائل بھی ذکر کئے جاتے ہیں۔

(۲) امام رازیؒ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں المسئلۃ الاولیٰ، قولہ انما الصدقات للفقراء الآیۃ تدل علی انہ لاحق فی الصدقات لاحد الا لھذہ الاصناف الثمانیۃ وذلک مجمع علیہ وایضا فلفظۃ انما تفید الحصر ویدل علیہ وجوہ ثم ذکرھا واطال (ص ۴۵۹ ج ۴)۔

تفسیر کبیر ہی میں ص ۴۶۴ ج ۴ میں ہے اتفقوا علی ان مال الزکوٰۃ لا یخرج عن ھذہ الثمانیۃ واختلفوا انہ ھل یجوز وضعہ فی بعض الاصناف فقط وقد سبق ذکر الدلائل المسئلتین اھ، اس میں صاف تصریح ہے کہ مال زکوٰۃ کا ان مصارف ثمانیہ میں منحصر ہونا متفق علیہ اجماعی مسئلہ ہے۔

(۳) صاحبِ کشافؒ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں انما الصدقات للفقراء قصر لجنس الصدقات علی الاصناف المعدودۃ وانھا مختصۃ بھا لاتتجاوزھا الی غیرھا کانہ قیل انما ھی لھم لالغیرھم ونحوہ قولک انما الخلافۃ لقریش ترید لا تتعداھم ولا تکون لغیرھم اھ (ص ۲۷۳ ج ۲) اس میں بھی صاف تصریح ہے کہ آیت کا مقصود و مطلب یہ ہے کہ جنس صدقات اصنافِ ثمانیہ پر مقتصر اور انہی میں منحصر ہے، ان کے سوا دوسروں کو صدقہ، زکوٰۃ نہیں دیا جاسکتا، اور صاحبِ کشاف امامِ عربیت ہیں، ان کی تفسیر معانیِ عربیت میں حجت ہے۔

مبحث سوم فی سبیل اللہ کے معنی میں؛ چونکہ سائل نے فی سبیل اللہ کے معنی میں تعمیم کی کوشش کی ہے، اس لئے اس پر بھی گفتگو لازم ہے، اس میں کچھ شبہ نہیں کہ لغۃً لفظ فی سبیل اللہ ہر طاعت کو عام ہے، مگر اصطلاحِ قرآن وحدیث میں غزات و مجاہدین کے ساتھ مخصوص ہے، مفسرین کا اس پر اتفاق ہے:۔

(۱) امام رازیؒ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں:۔ الصنف السابع قولہ تعالیٰ وفی سبیل اللہ، قال المفسرون یعنی الغزاۃ اھ (ص ۴۶۳ ج ۴) المفسرون جمع معرف باللام ہے جو عموم کے لئے موضوع ہے، مطلب یہ ہے کہ تمام مفسرین نے فی سبیل اللہ کی تفسیر غزاۃ سے کی ہے۔

(۲) امام حافظ انام علامہ طبریؒ نے بھی فی سبیل اللہ کی تفسیر یہی کی ہے اور فرمایا ہے

Made searchable using ScribeTools.com

کہ اہلِ تفسیر کا یہی قول ہے۔

وھذا نصہ واما قولہ فی سبیل اللہ فانہ یعنی وفی النفقۃ فی نصرۃ دین اللہ وطریقتہ وشریعتہ التی شرعھا لعبادہ بقتال اعداءہ وھو غزوا لکفار وبالذی قلنا فی ذلک قال اھل التاویل ذکر من قال ذلک حدثنی یونس انا ابن وھب قال قال ابن زید فی قولہ وفی سبیل اللہ قال الغازی فی سبیل اللہ اھ (ص ۱۱۴ ج ۱۰)

ثم سرد احادیث عدیدۃ۔

اہلِ علم جانتے ہیں کہ امام ابن جریر طبریؒ اپنی تفسیر میں ہر آیت کے تحت میں علماء قرآن وائمہ تفسیر کے مختلف اقوال بکثرت بیان کرتے ہیں، اور اختلاف نقل کرنے کے بعد کسی ایک معنی کو ترجیح دیا کرتے ہیں، لیکن فی سبیل اللہ کی تفسیر میں انھوں نے بجز غزو کفار کے کچھ نہیں بیان کیا، اور حصر کے ساتھ یہ دعویٰ کیا ہے وبالذی قلنا فی ذلک قال اھل التاویل فان تقدیم ما حقہ التاخیر یفید الحصر فتقدیم الجار والمجرور فی قولہ وبالذی قلنا افاد انھم لم یقولوا بغیر ذلک اصلاً، کہ جو تفسیر ہم نے کی ہے ائمہ تفسیر نے بھی صرف یہی تفسیر کی ہے، اس سے یہ بات روشن ہے کہ مفسرین کا اس پر اتفاق ہے، اور اگر کسی کا اختلاف منقول ہے تو وہ ائمہ تفسیر میں سے نہیں ہے، بلکہ علماء حدیث وفقہ میں سے ہوگا۔

اور در منثور میں جو ابن ابی شیبہ وابن المنذر کے حوالہ سے ابن عباسؓ کا (جو ائمہ تفسیر میں سے ہیں) یہ قول مذکور ہے: انہ کان لا یری بأسًا ان یعطی الرجل من زکوتہ فی الحج الخ (ص ۱۵۲ ج ۳) اس سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ ابن عباسؓ نے فی سبیل اللہ کی تفسیر بمعنی عام کی اور حج میں زکوٰۃ دینا اس لئے جائز سمجھا ہے کہ ان کے نزدیک حج بھی فی سبیل اللہ میں داخل ہے بلکہ ممکن ہے کہ انھوں نے حاج کو ابن السبیل میں داخل کرکے زکوٰۃ سے اس کی امداد کو جائز سمجھا ہو جیسا کہ مدونہ میں مالکؒ سے منقول ہے کہ انھوں نے حاج منقطع کو ابن السبیل میں داخل کرکے مستحقِ زکوٰۃ قرار دیا، وھذا نصہ قال مالک یعطی من الزکوٰۃ ابن السبیل وان کان غنیًا فی بلدہ قلت فالحاج المنقطع بہ فقال قال مالکؒ ھو ابن السبیل یعطی من الزکوٰۃ اھ (ص ۲۵۰ ج ۱)۔

اس توجیہ سے میرا مقصود یہ ہے کہ فی سبیل اللہ کی تفسیر میں ائمہ تفسیر کا اس پر اتفاق ہے کہ مراد غازی ہے، مفسرین سے اس کا خلاف منقول نہیں، بلکہ سب اس پر متفق ہیں کہ ابن عباسؓ

سے جو منقول ہے وہ اس کے خلاف میں نص نہیں۔

(۳) علامہ امام ابوبکر بن العربی نے احکام القرآن میں امام مالکؒ سے نقل کیا ہے کہ مجھے اس میں کسی اختلاف کا علم نہیں ہے کہ فی سبیل اللہ سے آیت صدقات میں صرف غزو جہاد مراد ہے، اس کے بعد امام ابن العربیؒ نے احمدؒ واسحٰقؒ سے نقل کیا ہے کہ ان کے نزدیک سبیل اللہ صرف حج ہے، پھر یہ کہا کہ ان کا صحیح قول یہ ہے کہ حج بھی غزو کے ساتھ سبیل اللہ میں داخل ہے اس پر امام ابن العربیؒ فرماتے ہیں کہ یہ قول قانون شریعت کو توڑتا اور قیاس کی لڑی کو بکھیرتا اور مضبوط گرہ کو کھولتا ہے، اور ہرگز کسی اثر میں یہ وارد نہیں ہوا کہ زکوٰۃ حج میں دی جائے، وھذا نصہ قولہ فی سبیل اللہ قال مالکؒ سُبُل اللہ کثیرۃ ولکنی لا اعلم خلافا فی ان المراد بسبیل اللہ ھھنا الغزو ومن جملۃ سبیل اللہ الآثار المأثورۃ عن احمدؒ واسحٰقؒ فانھما قالا انہ الحج والذی یصح عندی من قولھما ان الحج من جملۃ السبیل مع الغزو لانہ طریق برٌ فاعطی منہ باسم السبیل وھذا یحل عقد الباب ویخرم قانون الشریعۃ وینثر سلک النظر وما جاء قط باعطاء الزکوٰۃ فی الحج اثر اھ (ص ۳۹۶ ج ۱)۔

امام مالکؒ کا لا اعلم خلافًا فرمانا اس امر کی دلیل ہے کہ سلفِ صالح اور مشائخ ومعاصرین مالکؒ کا طبقہ اس پر متفق تھا کہ فی سبیل اللہ سے مراد غزاۃ ہیں، اور اصولی قاعدہ ہے کہ اجماع لاحق خلافِ سابق کو رفع کر دیتا ہے، اور خلافِ لاحق اجماعِ سابق کو منقوض نہیں کر سکتا، پس اگر صحابہؓ میں سے کسی نے (مثل عبداللہ بن عمرؓ) حج کو فی سبیل اللہ میں داخل کیا ہو تو

ف۵ جملہ شرطیہ کے ساتھ اس کو اس لئے تعبیر کیا گیا کہ عبداللہ بن عمرؓ وغیرہ سے جو فی سبیل اللہ میں ادخالِ حج منقول ہے وہ آیتِ زکوٰۃ کی تفسیر میں نہیں بلکہ وصیت کے باب میں ہے، کہ ایک شخص نے اپنے مال کے متعلق وصیت کی کہ اس کو سبیل اللہ میں صرف کیا جائے، تو عبداللہ بن عمرؓ نے حج میں اس کے صرف کو جائز کہا اور فرمایا کہ یہ بھی سبیل اللہ میں سے ہے، کما فی شرح التیسیر، ص ۲۴۵ ج ۴، اور وصیت کا مبنیٰ عرف عام پر ہے، ممکن ہے عرفِ عام میں سبیل اللہ حج کو عام ہو، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ عرفِ شرع میں بھی سبیل اللہ حج کو عام ہے، اور آیتِ قرآن کی تفسیر عرفِ شرع کیساتھ لازم ہے، عرفِ عام کیساتھ صحیح نہیں، پس عبداللہ ابن عمرؓ وغیرہ کے اس قول سے آیتِ مصارف میں فی سبیل اللہ کی تفسیر میں حج کو داخل کرنا صحیح نہیں، اس لئے امام ابن عربیؒ نے احمدؒ واسحٰقؒ کے قول کو خارم قانونِ شریعت کہا، اور در مختار میں محمدؒ کے قول کو قیل سے تعبیر کیا ہے جو

ف۶ ضعف پر دال ہے ۱۲ منہ

اجماع مابعد سے یہ اختلاف مرتفع ہوجائے گا، اور اس اجماع کو اختلافِ لاحق منقوض نہیں کرسکتا۔

(۴) احمد و اسحٰق اور اسی طرح امام محمد بن حسنؒ نے جو فی سبیل اللہ کی تفسیر میں حج کو داخل کیا ہے ہرچند کہ یہ قول ضعیف ہے، اور بقول امام ابن العربی خارم قانونِ شریعت ہے مگر اُن کا بھی یہ مطلب ہرگز نہیں کہ حج میں زکوٰۃ کا مال بدون تملیک کے دیدیا جائے، کیونکہ باتفاق ائمہ مجتہدین ادا زکوٰۃ میں تملیک شرط ہی، کما مرّ، بلکہ اُن کا مطلب یہ ہے کہ حاج منقطع کو بطور تملیک کے مالِ زکوٰۃ دینا جائز ہے، کیونکہ وہ بھی فی سبیل اللہ کا فرد ہے، شرح سیر کبیر میں امام محمدؒ کا قول مذکور ہے وان اعطاها حاجا منقطعا علی وجه الصدقة علیه جاز اھ، اس میں لفظ اعطاء اور علی وجہ الصدقہ معنی تملیک میں صریح ہے، مگر اسی کے ساتھ امام محمدؒ کو یہ بھی تسلیم ہے کہ فی سبیل اللہ کا اطلاق اصل میں معنی جہاد و غزو ہی کے لئے ہے، چنانچہ شرح سیر ہی میں ہے لان کل خیر طاعة وان کان فی سبیل الله ولکن مطلقه یستعمل فی الغزو والجهاد قال الله تعالیٰ قاتلوا فی سبیل الله والمراد منه الجهاد اھ (ص ۲۲۴ ج ۴) اگر کوئی شخص اپنے ثلث مال کے متعلق وصیت کرے کہ اس کو سبیل اللہ میں صرف کیا جائے تو محمدؒ فرماتے ہیں کہ اس کو محتاج غازی پر صرف کیا جائے یہی افضل ہے، گو حاج منقطع پر بھی صرف کرنا اُن کے نزدیک جائز ہے، شرح سیر میں ہے:

ولکن الافضل ان یعطی المحتاج الذی یخرج فی سبیل الله لما بینا ان سبیل الله اذا اطلق یراد به الغزو والجهاد دون غیره فکان صرفه الیه اولیٰ الیه اھ (ص ۲۴۵ ج ۴) جب وصیت کے باب میں محمدؒ کا یہ قول ہے حالانکہ اس کا مبنیٰ عرفِ عام پر ہے نہ عرفِ شرع پر تو زکوٰۃ کے بارہ میں آیت مصارف کے جملہ فی سبیل اللہ کی تفسیر تو غازی کے ساتھ یقیناً لازم ہے، کیونکہ عرفِ شرع میں فی سبیل اللہ کا اطلاق جہاد و غزو ہی کے ساتھ خاص ہے، جیسا کہ مفسرین کے اتفاق اور امام مالکؒ کے قول لا اعلم فی ذلک خلافاً سے ظاہر ہے، یہ گفتگو بطور تتمیم کلام کے تھی، اصل مقصود اس مقام پر یہ ہے کہ جن ائمہ مجتہدین نے فی سبیل اللہ میں حج کو داخل کیا ہے، اُن کی مراد یہ ہے کہ حاج منقطع کو مالِ زکوٰۃ بطور تملیک کے دیا جائے، بہرحال اس تعمیم کا اثر شرط تملیک پر اصلاً عائد نہیں۔

(۵) اسی طرح صاحبِ بدائع نے جو فی سبیل اللہ میں تمام قرب کو داخل کیا ہے انکی

مراد بھی یہی ہے کہ بطور تملیک کے ہر مشغول قربت کو زکوٰۃ دینا جائز ہے، یہ مراد نہیں کہ بغیر تملیک کے بھی صرف زکوٰۃ جائز ہے، چنانچہ اُن کے الفاظ ملاحظہ ہوں:۔ واما قوله تعالیٰ وفی سبیل الله عبارة عن جمیع القرب فیدخل فیه کل من سعی فی طاعة الله و سبیل الخیرات اذا کان محتاجا اھ (ص ۴۵ ج ۲) اس میں قول کل من سعی فی طاعة اللہ صاف بتلا رہا ہے کہ صاحب بدائع کی مراد سبیل اللہ کے عموم جمیع قرب سے یہ ہے کہ اس میں وہ سب لوگ داخل ہیں جو مشغولِ طاعت اور محتاج ہوں، اور یقیناً اُن پر جو کچھ صرف ہوگا تملیکاً ہوگا، پس اس سے یہ سمجھنا کہ صاحب بدائع فی سبیل اللہ میں تکفینِ موتیٰ و بناءِ مساجد وغیرہ کو بھی داخل کرتے ہیں، بالکل غلط ہے، کیونکہ صاحبِ بدائع نے اس سے پہلے تملیک کے رکنِ زکوٰۃ ہونے کی تصریح کی ہے، اور اس پر یہ حکم متفرع کیا ہے کہ بناء مساجد و رباطات و سقایات و اصلاحِ قناطر و تکفین موتیٰ وغیرہ میں صرف زکوٰۃ بوجہ عدم تملیک کے جائز نہیں وهذا نصه فرکن الزکوٰة هو اخراج جزء من النصاب الی الله تعالیٰ وتسلیم ذلک الیه بقطع المالک یده عنه بتملیکه من الفقیر وتسلیمه الیه او الی ید من هو نائب عنه وهو المصدق الی ان قال وعلیٰ هذا یخرج صرف الزکوٰة الی وجوه البر من بناء المسجد والرباطات والسقایات واصلاح القناطر وتکفین الموتیٰ ودفنهم انه لا یجوز لانه لم یوجد التملیک اصلا اھ ص ۳۹ ج ۲

ان ابحاثِ ثلاثہ سے فراغت کے بعد میں سائل کے دلائل پر توجہ کرتا ہوں:

(۱) سائل نے سب سے پہلے للفقراء کے لام میں بحث کی ہے، کہ یہ لام ملک کے لئے ہے یا نہ؟ پھر حافظ ابن حجرؒ کا قول فتح الباری سے نقل کیا ہے ان اللام فی قوله تعالیٰ للفقراء لبیان المصرف لا للتملیک اھ، اس بحث کا حاصل یہ معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں تملیک کی شرط اسی پر موقوف ہے کہ لام للفقراء میں ملک کے لئے ہے، اور اس میں اختلاف ہے، لہٰذا زکوٰۃ میں قید تملیک بھی مختلف فیہ ہوگی، مگر اس سے ہر شخص کو جو فقہ

۵ اس مقام پر یہ بات قابلِ تنبیہ ہے کہ حافظ ابن حجر نے یہ قول اپنی طرف سے بیان نہیں کیا، بلکہ امام حسن بصریؒ کے قول کی توجیہ میں بیان فرمایا ہے، پوری عبارت یہ ہے وفیه مصیر منه الی ان اللام فی قوله للفقراء لبیان المصرف لا للتملیک فلو صرف الزکوٰة فی صنف واحد کفی اھ، پس نقل میں سائل نے مسامحت کی ہے جس سے اہلِ علم کو احتراز لازم ہے ۱۲ منہ

Made searchable using ScribeTools.com

سے مناسبت رکھتا ہو، سائل کے قصور نظر پر تعجب ہوگا، کیا سائل کو معلوم نہیں کہ ائمہ حنفیہ زکوٰۃ میں تملیک کو رکن کہتے ہیں، اور اس کے ساتھ ہی وہ لام للفقراء کو ملک کے لئے نہیں مانتے اور حافظ ابن حجرؒ کا قول حنفیہ کے عین موافق ہے، ہدایہ میں ہے فہذہ جہات الزکوٰۃ فللمالک ان یدفع الی کل واحد منہم ولہ ان یقتصر علی صنف واحد وقال الشافعی لایجوز الا ان یصرف الی ثلاثۃ من کل صنف لان الاضافۃ بحرف اللام للاستحقاق ولنا ان الاضافۃ لبیان انہم مصارف لا لاثبات الاستحقاق الی ان قال ولا یبنی بہا مسجد ولا یکفن بہا میت لانعدام التملیک وھو الرکن اھ، اس میں صاف تصریح ہے کہ لام للفقراء حنفیہ کے نزدیک بیان مصارف کے لئے ہے، استحقاق و ملک کے لئے نہیں، مگر پھر بھی وہ تملیک کو زکوٰۃ میں رکن قرار دیتے ہیں، اس سے صاف معلوم ہوا کہ شرطِ تملیک کی دلیل لام للفقراء نہیں بلکہ اس کے علاوہ ہے، جس کا مفصل بیان مبحثِ اوّل میں گذر چکا، پس سائل کا لام میں گفتگو کرنا محض فضول و لاطائل ہے۔

(۲) اس کے بعد سائل نے فی سبیل اللہ کے معنی میں بحث کی ہے، کہ اس کے معنی میں تعیین اور اس تعیین پر اجماع ہوا ہے یا نہیں؟ اس کا جواب مبحثِ سوم سے بخوبی واضح ہو چکا ہے، کہ مفسرین کا اس پر اتفاق ہے، اور امام مالکؒ کے زمانہ تک اس میں اختلاف نہ تھا، کہ فی سبیل اللہ سے مراد غازی ہیں، اختلاف ان کے بعد حادث ہوا، اور علماءِ اُمت نے اس قول کو کہ فی سبیل اللہ میں حج بھی داخل ہے نام قانون شریعت اور ضعیف کہہ کر رد کر دیا ہے اور اگر تسلیم کر لیا جائے کہ فی سبیل اللہ میں حج اور جمیع قرب داخل ہیں تو ائمہ مجتہدین میں سے کسی کا یہ قول ہرگز نہیں کہ حج یا جمیع قرب میں بدونِ تملیک کے زکوٰۃ کا دینا جائز ہے، بلکہ جو لوگ حج کو اس میں داخل کرتے ہیں یا جمیع قرب کو عام کہتے ہیں وہ تملیک کی شرط کو ضروری کہتے ہیں، ائمہ اربعہ اور جمیع مجتہدین کا اس پر اتفاق ہے کہ تملیک رکنِ زکوٰۃ ہے، محمدؒ نے جو حج کو فی سبیل اللہ میں داخل کرتے ہیں اس کی تصریح کی ہے کہ حاج منقطع کو تملیک کے طور پر صدقہ دیا جائے، صاحبِ بدائع نے جمیع قرب کو فی سبیل اللہ میں شامل کیا ہے، مگر تملیک کی شرط کو بار بار ذکر کرتے ہیں، پس یہ بحث بھی سائل کو کچھ مفید نہیں، کیونکہ فی سبیل اللہ کا عموم شرطِ تملیک کی نفی نہیں کرتا، ہاں سائل نے تفسیر کبیر و بیضاوی اور خازن کے حوالہ سے بعض فقہاء کا یہ قول نقل کیا ہے کہ سہم سبیل اللہ کو تمام وجوہِ خیر مثل تکفینِ موتی و بناءِ جسور و عمارت مساجد وغیرہ میں صرف کرنا جائز ہے،

کیونکہ لفظ فی سبیل اللہ سب کو عام ہے اھ یہ قول البتہ بظاہر شرطِ تملیک کی نفی کر رہا ہے اگر سبیل اللہ سے مراد سہم زکوٰۃ ہے مگر یہ قول لغو و باطل ہے، کیونکہ عرفِ شرع میں فی سبیل اللہ جہاد و غزو کے ساتھ مخصوص ہے، جیسا کہ اوپر گذر چکا، اور امام ابوبکر ابن العربی نے جب احمد و اسحٰق کے اس قول کو کہ حج فی سبیل اللہ میں داخل ہے خارم قانونِ شریعت اور ناشرِ سلکِ منظر کہہ دیا، حالانکہ حج کو جہاد سے شرعاً مناسبت بھی ہے، کیونکہ حدیث میں عورتوں کے لئے وارد ہے جہادکن الحج کہ تمہارا جہاد حج ہے، تو یہ قول خارمِ قانونِ شریعت کیونکر نہ ہوگا، جس میں حج کے سوا جمیع وجوہِ خیر کو سبیل اللہ میں داخل کیا گیا ہے، پھر یہ کچھ معلوم نہیں کہ یہ بعض فقہاء کون ہیں؟ مقلد ہیں یا مجتہد یا اہلِ ظاہر[1] میں سے ہیں؟ اور جب تک قائل معلوم نہ ہو اُس وقت تک کوئی قول مسموع نہیں ہو سکتا، ان

ھذا الامر دین فانظروا عمن تاخذون دینکم ولولا الاسناد لقال من شاء ما شاء، مبحث اوّل میں شرط تملیک کی دلیل میں نصِ قرآنی و احادیث مشہورہ و اجماعِ مجتہدین مذکور ہوا ہے، اس کے مقابلہ میں قول مجہول کیونکر مسموع ہو سکتا ہے؟! فقہ میں محض قال بعض الفقہاء یا قال بعضہم سے کام نہیں چل سکتا، جب تک قائل معلوم نہ ہو جیسا حدیث میں روایت مجہول معتبر نہیں اس سے زیادہ فقہ میں مجہول کا قول قابلِ اعتبار نہیں، فافہم۔

علاوہ ازیں یہ کہ سائل نے تفاسیر کو غور سے دیکھا ہوتا تو اس کو معلوم ہو جاتا کہ انما الصدقات کے متعلق فقہاء میں اختلاف ہوا ہے، کہ اس سے صرف زکوٰۃ واجبہ مراد ہے یا اس میں صدقات نافلہ بھی داخل ہیں، بعض فقہاء کا قول یہ ہے کہ اس میں صدقاتِ نافلہ بھی داخل ہیں، تو ممکن ہے کہ یہ بعض فقہاء جو فی سبیل اللہ میں جمیع وجوہِ خیر کو داخل کرتے ہیں وہی ہوں، جو انما الصدقات میں صدقات نافلہ کو بھی داخل کرتے ہیں اور چونکہ بالاتفاق صدقات نافلہ کا صرف کرنا جمیع وجوہِ خیر میں جائز ہے، مثل تکفینِ موتی و بناءِ مساجد و بناءِ حصون وغیرہ کے، اس لئے وہ اس طرف مضطر ہوئے کہ فی سبیل اللہ کو عام کہیں، مگر اس تعمیم کا حاصل صرف یہ ہوگا کہ صدقاتِ نافلہ کا جمیع وجوہِ خیر میں صرف کرنا جائز ہے، نہ یہ کہ زکوٰۃ واجبہ بھی بدونِ تملیک کے تمام وجوہِ خیر میں صرف ہو سکتی ہے، تفسیر کبیر ملاحظہ ہو اتفقوا علی ان قولہ تعالیٰ انما الصدقات دخل فیہ الزکوٰۃ الواجبۃ لان الزکوٰۃ الواجبۃ مسماۃ بالصدقۃ قال

---

[1] اور ظاہر ہے کہ مقلد و اہلِ ظاہر کا خلاف کسی درجہ میں معتبر نہیں ۱۲ منہ

تعالیٰ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وقال علیہ السلام لیس فیما دون خمسة اوسق صدقة واختلفوا فی انه هل تدخل فیه الصدقة النافلة فمنهم من قال تدخل فیها لان لفظ الصدقة مختص بالنافلة فاذا ادخلنا فیه الزکوٰة الواجبة فلا اقل من ان تدخل فیها الصدقة المندوبة وتکون الفائدة ان مصارف جمیع الصدقات لیس الا هؤلاء اھ (ص ۴۶۴ ج ۴)

(۲) اس کے بعد سائل نے امام بخاریؒ کے ایک ترجمۃ الباب سے استدلال کیا ہے کہ امام بخاریؒ زکوٰۃ میں تملیک کو واجب نہیں سمجھتے، اور مانعین سے امام بخاریؒ کے استدلال کے جواب میں آیت یا حدیث صریح کا مطالبہ کیا ہے اور قطعی وتشفی بخش جواب مانگا ہے،

مگر میں کہتا ہوں کہ پہلے سائل امام بخاریؒ کا صریح قول تو دکھلائے اس کے بعد ہی اس کے جواب کے لئے آیت یا حدیث صریح وقطعی وتشفی بخش جواب کا مطالبہ کرے، امام بخاریؒ نے صراحۃً کہیں یہ نہیں کہا کہ زکوٰۃ میں تملیک شرط نہیں، انھوں نے تو صرف ایک ترجمۃ الباب قائم کیا ہے، باب العروض فی الزکوٰۃ، جس کے معنی ہیں کہ زکوٰۃ میں متاع و اسباب کا دینا بھی (بجائے نقود کے) جائز ہے یا نہیں، پھر اس باب کے تحت میں چند احادیث لائے ہیں، اب اس ترجمہ کو اور اُن احادیث کو ملا کر جو کچھ مطلب نکالا جائے گا وہ صراحۃً امام بخاریؒ کا قول نہ ہوگا، بلکہ شارحین کا قول ہوگا، کیونکہ یہ بات اہلِ علم پر ظاہر ہے کہ امام بخاریؒ کے تراجم ابواب کی مطابقت احادیث باب سے بہت دقیق ہوتی ہے اور بہت جگہ مطابقت ظاہر میں کچھ نہیں معلوم ہوتی، امام بخاریؒ کے تراجم ابواب چیستان سے کم نہیں، جن کی تطبیق احادیث پر جا بجا نہایت دشوار اور دقیق ہوتی ہے، تو ظاہر ہے کہ ایسی حالت میں ترجمۃ الباب اور احادیث باب میں تطبیق دیتے ہوئے جو وجوہ مختلفہ شارحین بیان کرتے ہیں اُن سے امام بخاریؒ کا مذہب کیونکر متعین ہو سکتا ہے، اور اس کو جزماً امام بخاریؒ کا قول کیونکر کہا جا سکتا ہے۔

اب سنئے، اس مقام پر ترجمۃ الباب یہ قائم کیا گیا ہے، باب العروض فی الزکوٰۃ، اور اس کے تحت میں حضرت خالدؓ کا واقعہ ذکر کیا گیا ہے واما خالد فقد احتبس ادراعه واعتده فی سبیل الله (کہ جب حضرت خالدؓ سے زکوٰۃ کا مطالبہ کیا گیا اور انھوں نے زکوٰۃ نہ دی اور حضرت عمرؓ نے حضورؐ سے شکایت کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا کہ) خالد نے تو اپنی زرہیں اور سامان سب کا سب اللہ کے راستہ میں وقف کر دیا ہے،

شارحین نے ترجمہ کے ساتھ اس حدیث کی مطابقت میں مختلف وجوہ اور متعدد تاویلیں ذکر کی ہیں، علامہ عینیؒ فرماتے ہیں: مطابقة للترجمة من حیث ان ادراع خالدؓ و اعتده من العرض ولولا انه وقفهما لاعطاهما فی وجه الزکوٰة، او لما صح منه صرفهما فی سبیل الله دخلا فی احد مصارف الزکوٰة الثمانیة المذکورة فی قوله تعالیٰ انما الصدقات للفقراء فلم یبق علیه شیء اھ (ص ۳۴۹ ج ۴)

(ترجمہ) حدیث کی مطابقت ترجمۃ الباب سے اس طرح ہے کہ حضرت خالدؓ کی زرہیں اور سامان عروض کی قسم سے تھا، اور اگر وہ اُن کو وقف نہ کر چکتے تو زکوٰۃ میں انہی کو دیتے، (معلوم ہوا کہ زکوٰۃ میں عروض کا دینا جائز ہے) یا یہ کہ جب حضرت خالدؓ کا زرہ اور سامان کو سبیل اللہ میں صرف کرنا صحیح ہو گیا، تو یہ سامان مصارفِ زکوٰۃ کے ایک مصرف میں داخل ہو گیا، جو آیتِ صدقات میں مذکور ہیں تو اب اُن کے ذمہ کچھ نہیں رہا، اھ۔

اس میں توجیہ اوّل تو حنفیہ اور جمہور امت کے موافق ہے، اس سے شرط تملیک کا ابطال لازم نہیں آتا، ہاں توجیہ ثانی سے شبہ ہو سکتا ہے کہ وقف ہی سے بدون تملیک کے زکوٰۃ ادا ہو گئی، مگر علامہ عینی کا یہ مطلب ہرگز نہیں، بلکہ اُن کا مطلب یہ ہے کہ زرہ اور سامانِ حرب کو سبیل اللہ میں وقف کر دینے سے زکوٰۃ ساقط ہو گئی، کیونکہ مال موقوف محلِ زکوٰۃ نہیں، جیسا کہ صفحہ ۳۹۶ ج ۴ میں تصریح کے ساتھ علامہ عینیؒ نے حدیث خالد ہی کی شرح میں فرمایا ہے وفیه اسقاط الزکوٰة عن الاموال اھ، کہ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اموال موقوفہ سے زکوٰۃ ساقط کر دی جاتی ہے، اور یہ[۵] بات حنفیہ کے موافق ہے کہ

---

[۵] اس مقام پر یہ بات قابلِ تنبیہ ہے کہ سائل نے سوال میں یہ ظاہر کیا ہے کہ قصۂ خالدؓ سے بخاری نے زکوٰۃ میں نقد کے عوض متاع دینا ثابت کیا جو فقہائے حنفیہ کے موافق ہے، اس کے بعد سائل نے مولانا احمد علی صاحبؒ محشی بخاری کی عبارت نقل کی ہے جس سے دیکھنے والوں کو یہ دھوکہ ہوگا کہ حنفیہ نے بھی حدیث خالد سے وہی سمجھا ہے جو بزعم سائل امام بخاریؒ نے سمجھا کہ حضرت خالدؓ نے زرہ بکتر کو زکوٰۃ میں نکالا اور ان کو بدون تملیک کے وقف کر دیا، حالانکہ حنفیہ نے ادا بعوض وادا بقیمت فی الزکوٰۃ کا مسئلہ صرف حدیثِ خالدؓ سے مستنبط نہیں کیا، بلکہ دراصل حدیث معاذؓ وانسؓ سے مستنبط کیا ہے، اور جو عبارت دفع قیم فی الزکوٰۃ کے متعلق سائل نے حاشیۂ بخاری سے نقل کی ہے وہ حاشیہ مولانا احمد علی صاحبؒ نے حدیث معاذؓ ہی پر تحریر کیا ہے، نہ حدیث خالدؓ پر، اور علامہ عینیؒ نے بھی اس مسئلہ کو اولاً (ص ۳۴۸ ج ۴ میں حدیثِ معاذؓ وحدیثِ انسؓ ہی کے تحت میں بیان کیا ہے، سائل کو ایسی صریح مسامحت سے احتراز کلی لازم تھا، ۱۲ منہ

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

مال وقف منقول میں زکوٰۃ واجب نہیں، جبکہ حولانِ حول سے پہلے وقف کر دیا گیا ہو اور حضرت خالدؓ نے حولانِ حول سے پہلے ہی اپنا سامان وقف کر دیا تھا، کیونکہ جب انھوں نے مصدق سے انکار کر دیا (جو حولانِ حول پر زکوٰۃ وصول کیا کرتا ہے) تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صیغۂ ماضی کے ساتھ فرمایا کہ خالدؓ تو اپنا سامانِ حرب وقف کر چکے ہیں، تم مطالبۂ زکوٰۃ پر اُن پر ظلم کرتے ہو (اور وقف قبل حولانِ حول کی بحث عنقریب مفصل آئے گی)۔

اور ایک توجیہ حافظ ابن حجرؒ نے کی ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ امام بخاریؒ نے قصۂ خالدؓ سے اس امر پر استدلال کیا ہے کہ زکوٰۃ کے مال کو ہتھیار و آلاتِ حرب کی خرید میں لگانا اور جہاد میں اُن سے مدد کرنا جائز ہے، اس بناء پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالدؓ کو اس امر کی اجازت دی کہ وہ اپنے اس حبس کو زکوٰۃ واجبہ کے حساب میں لگالیں اھ (ص ۲۶۴ ج ۳)۔

یہ توجیہ البتہ ظاہر میں شرطِ تملیک کے غیر ضروری ہونے پر مبنی ہے، گو تاویل کے ساتھ اس کو بھی علامہ عینیؒ کی تاویلِ ثانی کی طرف راجع کیا جا سکتا ہے۔

اور ایک توجیہ جمہور نے کی ہے انه لو کان نوی باخراجها عن ملکه الزکوٰة عن ماله لان احد الاصناف سبیل الله وهم المجاهدون وهذا یقوله من یجیز اخراج القیم فی الزکوٰة کالحنفیة ومن یجیز التعجیل کالشافعیة ذکره الحافظ فی الفتح (ص ۲۶۴ ج ۳) کہ حضرت خالدؓ نے ان زرہوں وغیرہ کو اپنی ملک سے نکالتے ہوئے اپنے مال کی زکوٰۃ کی نیت کی تھی، کیونکہ سبیل اللہ یعنی مجاہدین بھی زکوٰۃ کا ایک مصرف ہے، اور یہ توجیہ وہ لوگ کرتے ہیں جو زکوٰۃ میں قیمت کا ادا کرنا جائز سمجھتے ہیں، جیسے حنفیہ اور زکوٰۃ پیشگی ادا کرنا جائز سمجھتے ہیں، جیسے شافعیہ اھ، اس توجیہ کا حاصل یہ ہے کہ حضرت خالدؓ نے زکوٰۃ میں زرہیں وغیرہ نکالی اور اُن کو جہاد کے واسطے رکھ چھوڑا کہ ضرورت کے وقت مجاہدین کو دیدی جائیں گی، اس توجیہ میں اخراج عن الملک سے مراد عزل ہے، اور حبس سے مراد حبسِ لغوی ہے، وقف مراد نہیں، کیونکہ حنفیہ و شافعیہ کے مذہب پر یہی صورت منطبق ہو سکتی ہے، اور حافظ نے اس کو حنفیہ و شافعیہ کی طرف منسوب کیا ہے، پس ان کے مذہب پر انطباق لازم ہے، علامہ عینیؒ کی عبارت حافظ کی عبارت سے زیادہ واضح ہے، انھوں نے اس میں اتنا اور زیادہ کیا ہے فصرفها فی الحال کصرفها فی المآل اھ کہ زکوٰۃ کا اس وقت صرف کرنا اور بعد میں صرف کرنا برابر ہے، اس کا وہی مطلب ہے کہ حضرت خالدؓ نے ان

اشیاء کو زکوٰۃ کی نیت سے الگ کر کے آئندہ مجاہدین پر صرف کرنے کے لئے روک لیا تھا۔

ایک توجیہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے شرح تراجم بخاری میں بیان فرمائی ہے۔ واستدلال المؤلف بقول النبی صلی الله علیه وسلم واما خالد الخ استدلال ببعض محتملاته بان یقال معناه انه اشتری بمال الزکوٰة الادراع والاعبد فوقفها فی سبیل الله فقد سقطت زکوٰته واما لو حمل الکلام علی معان اُخر فلا یدل علی الترجمة اھ (ص ۱۱۰)۔

مؤلف کا قصۂ خالدؓ سے استدلال بعض معانیِ محتملہ سے استدلال ہے، کہ یوں کہا جائے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ حضرت خالدؓ نے مالِ زکوٰۃ سے زرہیں اور غلام خرید کر کے ان کو سبیل اللہ میں وقف کر دیا ہے، اس لئے اُن پر سے زکوٰۃ ساقط ہو گئی، اور اگر کلام کو دوسرے معنی پر محمول کیا گیا تو ترجمہ پر دلالت نہ ہوگی۔

میں کہتا ہوں اس کا حاصل وہی ہے جو علامہ عینی کی توجیہ ثانی کا حاصل ہے، کہ خالدؓ نے حولانِ حول سے پہلے زکوٰۃ کے مال سے آلاتِ حرب خرید کر کے وقف کر دیئے ہیں اس لئے زکوٰۃ ساقط ہو گئی، اور اس کو حنفیہ تسلیم کرتے ہیں، جبکہ تمام حول پر نصاب کامل باقی نہ رہی، اور یہ توجیہ ہمارے بعض مشائخ حدیث نے یہ کی ہے کہ امام بخاریؒ نے زکوٰۃ کو وقف پر قیاس کر کے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ جب عروض کا وقف جائز ہے (جو کہ صدقہ کی ایک قسم ہے) تو زکوٰۃ میں بھی عروض کا دینا جائز ہے، کیونکہ زکوٰۃ بھی صدقہ ہی ہے، جب صدقہ ہونے میں دونوں مساوی ہیں تو عروض کے ساتھ جواز تعلق میں بھی دونوں مساوی ہونگے، اور یہ توجیہ ہمارے نزدیک تمام توجیہات سے اقرب ہے، کیونکہ بقیہ توجیہات کی بناء محض احتمالی امور پر ہے، مثلاً یہ کہ حضرت خالدؓ نے سلاح و اعتاد وغیرہ کو زکوٰۃ میں محسوب کر کے وقف کیا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اس حساب کو جائز رکھا۔

یا حضرت خالدؓ نے مالِ زکوٰۃ سے ان اشیاء کو خرید کر وقف کیا تھا، اور ظاہر ہے کہ الفاظِ حدیث میں ان احتمالات پر کوئی دلیل و قرینہ قائم نہیں، نہ حضرت خالدؓ کے حساب لگانے پر نہ حضورؐ کی اجازتِ حساب پر، نہ حضرت خالدؓ کے شراء و بیع پر، حدیث کا مدلول تو صرف اس قدر ہے کہ مصدق نے حضرت خالدؓ سے زکوٰۃ مانگی انھوں نے دینے سے انکار کیا، مصدق نے حضورؐ سے شکایت کی، حضورؐ نے حضرت خالدؓ کی طرف سے یہ عذر بیان کیا

کر وہ تو اپنا سامانِ حرب زرہ وغلام وسامان وغیرہ سبیل اللہ میں وقف کر چکے ہیں، تم اُن پر مطالبۂ زکوٰۃ سے ظلم کرتے ہو، اس مدلول سے ظاہر صرف اس قدر ہے کہ مصدق نے حضرت خالدؓ کے سامانِ حرب کو بمقدار کثیر دیکھ کر یہ سمجھا کہ یہ تجارتی مال ہے (کیونکہ استعمالی اسباب اتنا زیادہ نہیں ہوتا، اور اس کثرت کی دلیل حدیث میں صیغۂ جمع ادراع واعتدادٌ عبد ہے) اس لئے زکوٰۃ کا مطالبہ کیا، حضورؐ نے بتلادیا کہ وہ تو اس کو وقف کر چکے ہیں، اس سے امام بخاریؒ نے یہ استدلال کیا کہ جب عروض کا وقف جائز ہے تو زکوٰۃ میں بھی عروض کا دینا جائز ہے۔

امام شوکانیؒ نیل الاوطار میں فرماتے ہیں: ومعنی ذلك انهم طلبوا من خالدؓ زكوٰة اعتاده ظناً منهم انها للتجارة (ای لكثرتها ۱۲) وان الزكوٰة فيها واجبة فقال لهم لازكوٰة فيها علیّ فقالوا للنبی صلی اللہ علیہ وسلم ان خالداً منع الزكوٰة فقال انكم تظلمونه لانه حبسها ووقفها فی سبيل الله تعالیٰ قبل الحول عليها فلا زكوٰة فيها اھ (ص ۳۷ ج ۴)۔

اب اتنی توجیہ کے بعد یہ دعویٰ کرنا کہ امام بخاریؒ کی مراد وہی توجیہ ہے جو حافظ ابن حجرؒ نے بیان کی ہے دعویٰ بلا دلیل ہے، اور اس پر یہ تفریع کرنا کہ امام بخاریؒ کا اس قصۂ خالدؓ کے ذکر سے یہ مقصود ہے کہ ادائے زکوٰۃ میں تملیک شرط نہیں بناء الفاسد علی الفاسد ہے۔

اور اگر تسلیم کر لیا جائے کہ امام بخاریؒ کا یہ مقصود ہے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اُن کا مذہب بھی یہی ہے، کہ زکوٰۃ میں تملیک شرط نہیں، کیونکہ محدثین اپنی کتابوں میں مختلف احادیث مختلف تراجم کے ساتھ بیان کرتے ہیں، اور ان کا مذہب ان میں سے ایک ہوتا ہے، جیسا کہ ترمذی ونسائیؒ نے باب القرأۃ خلف الامام، والرخصۃ فی ترک القرأۃ خلف الامام منعقد کیا ہے، اور دونوں ان کا مذہب نہیں، اسی طرح ممکن ہے کہ امام بخاریؒ نے اس ترجمہ وحدیث سے اس بات پر تنبیہ کی ہو، کہ حدیث خالدؓ سے اس طرف بھی اشارہ ہے کہ زکوٰۃ وقف سے بھی ادا ہو سکتی ہے، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ امام بخاریؒ کا مذہب یہی ہے۔

اب رہا یہ کہ حدیثِ خالدؓ سے یہ مطلب قطعی طور پر حاصل ہوتا ہے یا بطور احتمال کے، تو اس کو شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے واضح کر دیا کہ یہ استدلال بعض محتملات سے

استدلال ہے، اور اصولی قاعدہ ہے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال، کہ احتمال کے ساتھ استدلال باطل ہے، پھر یہ احتمال اُن دلائلِ صریحہ کے مقابلہ میں کیا وقعت رکھ سکتا ہے جو مبحث اوّل میں تملیک کی ضرورت پر نصوص قرآنیہ واحادیث مشہورہ واجماعِ مجتہدین سے بیان کئے گئے ہیں؟

تیسرے ہم یہ کہتے ہیں کہ بعد تسلیم اگر مان لیا جائے کہ امام بخاری کا مذہب وہی ہے جو سائل نے سمجھا ہے تو اس کے بعد وہ یہ ثابت کرے کہ امام بخاری مقلد ہیں، یا مجتہد، اگر مقلد ہیں تو مجتہدین کے اقوال کو چھوڑ کر مقلد کا قول لینا کب جائز ہے؟ خصوصاً جبکہ اُن کا استدلال بھی بوجہ استدلال بالمحتمل ہونے کے باطل ہو، اور اگر مجتہد ہیں تو اُن کا قول ائمہ مجتہدین سابقین کے خلاف ہے، اور اجماعِ سابق کو خلافِ لاحق منقوض نہیں کر سکتا، بلکہ خلافِ لاحق خود باطل ہے۔

اور کوئی یہ کہے کہ گو حافظ ابن حجرؒ کی توجیہ سے امام بخاریؒ کا مذہب متعین نہیں ہو سکتا مگر خود حافظؒ کے نزدیک تو اس توجیہ کا صحیح ہونا معلوم ہوتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حافظ کا مذہب وہی ہے جو اس توجیہ میں مذکور ہے، کیونکہ شارح کا کام صرف یہ ہے کہ مؤلف کتاب کے قول کی شرح کر دے خواہ وہ شرح شارح کے موافق ہو یا مخالف، اور جب اس سے حافظ کا مذہب متعین نہ ہوا تو اس کا اخذ کرنا جائز نہیں، کیونکہ جس قول کے خلاف خود قائل کا مذہب ہو وہ قول قائل ہی کے نزدیک باطل ہے، اور ہم جانتے ہیں کہ حافظ ابن حجرؒ امام شافعیؒ کے مقلد ہیں، اس لئے یہ توجیہ حافظ کا مذہب ہرگز نہیں، بلکہ اُن کے مذہب کے خلاف اور ان کے نزدیک باطل ہے، نیز اس میں وہ جوابات بھی جاری ہیں جو امام بخاریؒ کے مقلد ومجتہد ہونے کی صورت میں اوپر مذکور ہوئے ہیں۔

اس کے بعد سائل نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی عبارت حجۃ اللہ البالغہ سے

---

۱۲ اس مقام پر یہ امر قابلِ تنبیہ ہے کہ سائل نے عبارت حجۃ اللہ البالغہ کے ترجمہ میں غلطی کی ہے، کیونکہ ترجمہ میں یہ جملہ "جیسا کہ آیت کے نزول کے موقع پر مدینہ مسلمانوں کا خالص شہر تھا" نہ معلوم کس جملہ کا ترجمہ ہے، اور اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ مترجم نے لتکفی نوائب المدینہ میں "المدینہ" سے شہر مدینہ مراد لیا ہے، اور اس کا غلط ہونا ظاہر ہے، یہاں نوائب المدینہ سے حوادث البلد مراد ہے، جو ہر بلد کو عام ہے ۱۲ منہ

Made searchable using ScribeTools.com

نقل کی ہے، جس میں شاہ صاحبؒ کا یہ قول ہے کہ حدیثِ خالدؓ سے معلوم ہوتا ہے کہ وقف زکوٰۃ کی جانب سے کافی ہے، اور یہ کہ آیت صدقات میں حصر اضافی ہے، اور یہ کہ مصارف زکوٰۃ میں توسیع کی ضرورت ہے الخ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت شاہ صاحبؒ نے خود شرح تراجم وابواب میں تصریح کردی ہے کہ حدیثِ خالدؓ میں مختلف احتمالات ہیں، اور امام بخاریؒ کا استدلال حدیثِ خالدؓ سے بطور احتمال کے ماخوذ ہے اھ، اور محتمل سے استدلال باطل ہے، اس لئے شاہ صاحبؒ کا یہ استدلال ساقط ہے، اگر ان کی مراد وہی ہے جو سائل نے اس سے سمجھی ہے، نیز آیت میں حصر کو اضافی کہنا بھی حدیث واجماع کے خلاف ہے، جس کا مبحثِ دوم میں ذکر ہو چکا۔

دوسرے شاہ صاحبؒ نے شرح تراجم میں جو توجیہ بیان کی ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ مالِ زکوٰۃ کے وقف کرنے سے زکوٰۃ ساقط ہو جاتی ہے، اور حجۃ اللہ البالغہ میں یہ کہا ہے کہ وقف زکوٰۃ کی طرف سے کافی ہے، دونوں میں اختلاف ہے، اور ایک شخص کے مختلف اقوال میں جمع یا ترجیح لازم ہے، پس اوّل یہ ثابت کرنا چاہئے کہ ان دونوں میں سے مقدم ومؤخر کونسا ہے، اگر یہ ثابت نہ ہو سکے تو جمع نہ ہو سکنے کی صورت میں دونوں ساقط ہیں، اور اس کے قول سے احتجاج واستدلال نہیں ہو سکتا، خصوصاً جبکہ حضرت شاہ صاحبؒ خود مقلد ہیں، اور اُن کا رُتبہ امام بخاریؒ اور حافظ ابن حجر سے بھی پیچھے ہے، تو اُن کا قول ائمہ مجتہدین کے خلاف مسموع نہیں ہو سکتا۔

نیز حضرت شاہ صاحبؒ نے حجۃ اللہ البالغہ میں صدقات کی تقسیم اوّلاً اس طرح

کی ہے: والبلاد الخاصة بالمسلمين عمدة ما يختص فيها من المال نوعان بازاء نوعين من المصرف، نوع هو المال الذي زالت عنه يد مالكه كتركت الميت لا وارث له وضوال من البهائم لا مالك لها واللقطة

ف۱ سائل نے شاہ صاحبؒ کی عبارت کا یہ جملہ بھی نقل کیا ہے وعن ابی الآس حملنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی ابل الصدقۃ۔ للحج اھ اس سے معلوم نہیں سائل کو کیا ثابت کرنا مقصود ہے، اگر یہ مقصود ہے کہ فی سبیل اللہ غزاۃ کے ساتھ خاص نہیں بلکہ حج بھی اس میں داخل ہے تو اس کو یہ ثابت کرنا لازم ہے کہ یہ اونٹ جن پر حجاج کو سوار کیا گیا سہم سبیل اللہ کے تھے، سہم ابن السبیل کے نہ تھے، اور اگر یہ مقصود ہے کہ یہ اونٹ زکوٰۃ کے بدون تملیک کے بطور وقف کے استعمال کئے گئے تو اس کو نفیِ تملیک پر دلیل قائم کرنا چاہئے، کیونکہ لفظ حملنا تملیک سے آبی نہیں بلکہ تملیک کے ساتھ بھی اطلاق ہوتا ہے ۱۲ منہ

اخذها اعوان بيت المال وعرفت فلم يعرف لمن هي ومن حقه ان يصرف الى المنافع المشتركة التي مما ليس فيها تمليك لاحد ككرى الانهار وبناء القناطر والمساجد وحفر الآبار والعيون وامثال ذلك ونوع هو صدقات المسلمين جمعت في بيت المال ومن حقه ان يصرف الى ما فيه تمليك لاحد وفي ذلك قوله تعالى انما الصدقات للفقراء الآية (ص ۳۳ و ۳۴ و ۲۷ و ۳۴)۔

جس کا حاصل یہ ہے کہ مسلمانوں کے بلادِ خاصہ میں دو قسم کے اموال دو قسم کے مصرف کے مقابلہ میں ہیں، ایک قسم کا مال تو وہ ہے جس پر سے مالک کا قبضہ زائل ہو گیا، جیسے لاوارثی ترکہ، گم شدہ جانور اور لقطہ وغیرہ، اس کا مصرف تو منافع مشترکہ ہیں، جن میں تملیک کسی کی نہیں ہوتی، جیسے بناءِ مساجد وقناطر اور نہریں اور کنواں اور چشمہ کھودنا وغیرہ۔

اور ایک نوع اموال کی وہ ہے جو مسلمانوں کے صدقات سے بیت المال میں جمع ہوتی ہے، اس کا حق یہ ہے کہ ایسے مصرف میں صرف ہو جس میں کسی کی تملیک ہو، اور آیت انما الصدقات للفقراء اسی قسم کے اموال کے متعلق ہے، اھ

اس عبارت کے سیاق سے ہر عاقل سمجھ سکتا ہے کہ اس میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس میں قانونِ شرعی کی ترجمانی کی گئی ہے، کیونکہ اس سے پہلے یہ جملہ ہے فجعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم لکل من هذين سنة وجعل الجباية بحسب المصارف اھ اور اخیر میں فرمایا ہے کہ اموال کی نوع ثانی کا حق یہ ہے کہ ایسے مصرف میں صرف ہو جس میں کسی کی تملیک ہو، پھر فرمایا کہ آیت انما الصدقات اسی قسم کے اموال کے متعلق ہے، اس سے صاف عیاں ہے کہ اس مقام پر شاہ صاحبؒ نے اموال ومصارف کی جو تقسیم کی ہے وہ ان کے نزدیک شرعی تقسیم ہے، محض اجتہادی نہیں، کیونکہ خدا ورسولؐ کی طرف شاہ صاحبؒ نے اس کو منسوب کیا ہے، پس جب حضرت شاہ صاحبؒ کے نزدیک اموال کی نوع ثانی کے لئے شرعاً تملیک کا ضروری ہونا متحقق ہے تو اب اُن کے آئندہ کلام کو جو محض استدلالی کلام ہے ایسے معنی پر محمول کرنا جس سے تملیک کا ابطال ہوتا ہو اُن کے کلام کو مختل کرنا اور آخر کلام کو نقض اوّل کا مصداق بنانا ہے، پس لازم ہے کہ آخر کلام کی ایسی توجیہ کی جائے جس سے پہلے کلام کا ابطال نہ ہو، اور وہ یہ ہے کہ حضرت شاہ صاحبؒ کا مقصود آخر کلام سے یہ ہے کہ مالِ زکوٰۃ کا وقف قبل حولانِ حول جائز[ف۲] ہونا چاہئے،

ف۲ اور چونکہ اس میں اظہار ابطال زکوٰۃ اور فرار عن الزکوٰۃ ہے جس کو بعض فقہاء نے جائز نہیں سمجھا، اس لئے شاہ صاحبؒ کو اس میں گفتگو کی ضرورت ہوئی ۱۲ منہ

اور اس سے زکوٰۃ ساقط ہوجانا چاہیے، تاکہ زکوٰۃ کے اموال میں وسعت ہوجائے، اور اس صورت میں حصر کو اضافی ان صدقات کے لحاظ سے کہا گیا جو باعتبار اصل کے اموالِ زکوٰۃ تھے، اور باعتبار انتہاء کے اموالِ زکوٰۃ نہیں رہے، ولا کلام فیہ، اس صورت میں کلام میں تعارض نہ رہے گا، اور حاصل یہ ہوگا کہ مالِ زکوٰۃ کو قبل حولانِ حول دوسری نوع کی طرف منتقل کردینا جائز ہے، اور ہم حضرت خالدؓ کے واقعہ کی تاویل میں علامہ شوکانیؒ سے بعینہٖ یہی نقل کرچکے ہیں کہ انھوں نے قبل حولانِ حول اپنی ادراع واعتاد کو وقف کردیا تھا، اور حضرت شاہ صاحبؒ کا حجۃ اللہ البالغہ میں الحبس یجزی عن الصدقۃ فرمانے کا مطلب یہ ہے کہ وقف قبل حول سے زکوٰۃ ساقط ہوجاتی ہے، اس صورت میں شرح تراجم کی عبارت اور حجۃ اللہ البالغہ کی اول وآخر عبارت میں تعارض نہ رہے گا، اور اجزأعنہ کا بمعنی سقوط مستعمل ہونا اہلِ علم پر مخفی نہیں، محاورات فقہاء میں اس کے نظائر ملیں گے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

بہرحال شاہ صاحبؒ کے مرتبۂ عالیہ پر نظر کرکے اُن کے کلام کی یہ توجیہ کردی گئی ورنہ ان کا کلام واضح بھی ہوتا جب بھی ائمہ کے مقابلہ میں کسی درجہ میں حجت نہ تھا، اور متعارض کلام تو کسی کے مقابلہ میں بھی کافی نہیں۔

وھذا وقت ایفاء ما وعدناہ سابقا من البحث فی کون الوقف قبل الحول مسقطاً للزکاۃ ودلیلہ ما فی الدر ولا زکوٰۃ فی ھالك بعد وجوبھا بخلاف المستھلك بعد الحول لوجود التعدی منہ اھ قال الشامی امّا قبلہ لو استھلکہ قبل تمام الحول فلا زکوٰۃ علیہ لعدم الشرط واذا فعلہ حیلۃ لدفع الوجوب قال ابو یوسفؒ لا یکرہ لانہ امتناع عن الوجوب لا ابطال حق الغیر وفی المحیط انہ الاصح وقال محمدؒ یکرہ واختارہ الشیخ حمید الدین لفقرہم لان فیہ اضرارًا بالفقراء وابطال حقہم مآلا اھ (ص ۳۲ ج ۲)۔

قلت ووقف مال الزکوٰۃ استھلاك فیسقط الزکوٰۃ ان کان قبل الحول ولا یسقطھا بعدہ فافھم۔

تتمہ (۱) سائل نے شروع سوال میں یہ ظاہر کیا ہے کہ مالِ زکوٰۃ، فطرہ، اور چرمِ قربانی (یعنی اس کی قیمت) کو بہت سے مصارف میں بدونِ تملیک کے صرف کرنے کی آجکل ضرورت ہی، اور تملیک جاری کرنا ہو تو حیلہ تلاش کرنا پڑتا ہے جس کا

ثبوت آیات واحادیث واقوال سلف سے نہیں ملتا ہے الخ اس قول میں سائل نے فقہاء حنفیہ پر درپردہ اعتراض کیا ہے کہ انھوں نے حیلۂ تملیک ایسا بیان کیا ہے جو شریعت میں کچھ اصل نہیں رکھتا، افسوس سائل کو پہلے کسی فقہی کتاب میں دلیل تلاش کرنے کی مشقت تو برداشت کرنا چاہیے تھی، اس کے بعد ہی یہ بات قلم سے نکالنا زیبا تھی، اس حیلہ کی دلیل تو سائل کو امام بخاریؒ ہی سے معلوم ہوجاتی، جن کے قول مبہم ومتشابہ کی تقلید کا اس کو بہت شوق ہو رہا ہے، امام بخاریؒ نے حدیث بریرہؓ کو تقریباً چالیس مقام سے زیادہ میں اعادہ کیا ہے، اور اس سے مسائل کثیرہ مستنبط کئے ہیں، منجملہ اُن کے ایک یہ مسئلہ بھی مستنبط کیا ہے کہ اگر فقیر کو صدقہ دیا جائے، پھر فقیر وہ صدقہ غنی کو دیدے تو غنی کے لئے جائز ہے، لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو لھا صدقۃ ولنا منھا ھدیۃ (ملاحظہ ہو بخاری، ص ۲۰۲ ج ۱) باب اذا تحولت الصدقۃ) یہی اصل اُس حیلہ کی ہے جو حنفیہ نے تملیکِ زکوٰۃ میں بیان کیا ہے۔

نیز ابوداؤد وابن ماجہ اور حاکم نے ابوسعید خدریؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے:

لا تحل الصدقۃ لغنی الا لخمسۃ لعامل علیھا او لغازٍ[عہ] فی سبیل اللہ او غنی اشتراھا بمالہ أو فقیر تصدق علیہ فاھدی لغنی او غارم وقال الحاکم صحیح علی شرط الشیخین کذا فی العمدۃ للعینی (ص ۳۹۲ ج ۴)۔

اس میں او فقیر تصدق علیہ فاھدی لغنی، اس حیلہ کی دلیل ہے جو تملیکِ زکوٰۃ میں فقہاء نے بیان کیا ہے، اس کا حاصل یہی تو ہے کہ زکوٰۃ فقیر کو دی جاتی ہے پھر وہ اپنی طرف سے غنی کو یا مدرسہ ومسجد میں دیدیتا ہے۔

(۲) اشکل علی البعض عدولہ تعالیٰ عن اللام الی فی قولہ وفی الرقاب والغارمین وفی سبیل اللہ وابن السبیل وعسی ان یتوھم منہ لبعض القاصرین

عہ یہ حدیث بھی اس کی دلیل ہے کہ آیت صدقات میں فی سبیل اللہ سے مراد غزاۃ ہیں، ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سبیل اللہ کو غازی کے ساتھ مقید نہ فرماتے، اس قید ہی کی وجہ سے شراحِ حدیث نے اُن روایات کی جن میں فی سبیل اللہ مطلق ہی، غازی کے ساتھ تفسیر کی ہے، ملاحظہ ہو "کیل الاوطار" باب فی سبیل اللہ وابن السبیل ۱۲ منہ

Made searchable using ScribeTools.com

ان ظاهره يقتضي ان هؤلاء الاربعة لايملكون ما يعطون من الصدقات كالاوائل وان لايكون سهم سبيل الله كله مقصورًا على الغزاة بل ينفق منه فيهم شئ والباقي في مصرف الاخر فنقول قال صاحب الكشاف انه تعالى انما عدل عن اللام التي في الاربعة الاخيرة للايذان بانهم ارسخ في استحقاق التصدق عليهم ممن سبق ذكره لان في للوعاء فنبه على انهم احقاء بان توضع فيهم الصدقات ويجعلوا مظنة لها ومصبا الخ۔

مبلغین کی تنخواہ میں زکوٰۃ صرف کرنا نیز سوال مذکور

سوال (۱۱) مبلغین کی تنخواہ میں زکوٰۃ کی رقم خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: مصارفِ ثمانیہ میں وفی سبیل اللہ جو ایک مصرف ہے اس میں طلبۂ علم اور مبلغینِ احکامِ اسلام اور واعظینِ مسلمانان اور فتنۂ ارتداد سے روکنے والے اور حفاظتِ اسلام کرنے والے سب داخل ہیں، ان سب کو زکوٰۃ کا روپیہ دینا خواہ متفرق غیر معین طریق پر دیں یا ماہانہ مقرر کرکے دیں درست ہے، اور زکوٰۃ ادا ہوجاوے گی، بشرطیکہ وہ نصاب کے مالک نہ ہوں، کما فتاویٰ شامی جلد ۲ صفحہ ۶۳ (مصری) میں وقد قال في البدائع في سبيل الله جميع القرب فيدخل فيه كل من سعى في طاعة الله وسبيل الخيرات اذا كان محتاجًا الخ

اور کما تفسیر مظہری ص ۱۵ سورۂ توبہ میں قلت ولما كان الفقر ماخوذا من جميع الاصناف فالاولى ان لا يخص سبيل الله بالحج ولا بالغزو بل يترك اعم منهما ومن ساءر ابواب الخير فمن انفق ماله في طلبة العلم صدق انه انفق في سبيل الله الخ البتہ جو مصارف دیگر تبلیغِ اسلام کے ہیں، مثلاً ڈاک تار، طباعت وکاغذات وغیرہ، ان میں زکوٰۃ کا روپیہ خرچ نہیں ہوسکتا، کہ کسی کی ملک میں نہیں آتا، البتہ کسی غریب یا غیر مالک نصاب زکوٰۃ کی ملک پہلے کردیں، اور اس سے ان کاموں میں خرچ کرادیں تو یہ صورت ہوسکتی ہے، کیونکہ زکوٰۃ میں مالک بنادینا شرط ہے بعض اشخاص مہتممینِ مدارس کے پاس زکوٰۃ کا روپیہ بھیجدیتے ہیں، اُن کی غرض یہ ہوتی ہے کہ مہتمم صاحب محتاجین کو تقسیم کرکے اس کا مالک بنادیں، اور جو مہتمم کسی مدرسہ کا یا کسی نیک کام کا منتظم زکوٰۃ کے روپے مرسلہ کو طلبہ یا غیر طلبہ غیر مالک نصاب کی

ملک میں اس روپے کو نہیں کرے گا تو زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

الجواب من الخانقاه الامدادیه تھانہ بھون؛ یہ جواب مذکورہ بالا جس میں زکوٰۃ کی رقم کو معاوضۂ تبلیغ وغیرہ میں دینا بھی جائز کیا ہے، صحیح نہیں، اور جس عبارت سے استدلال کیا ہے اس کا حاصل صرف یہ ہے کہ فی سبیل اللہ کے مفہوم میں تمام قرب وطاعات داخل ہیں، رہا یہ کہ ادائے زکوٰۃ کے لئے محل صرف کا قربت وطاعت ہونا کافی ہے، اس کے سوا کچھ شرط نہیں، یہ اس عبارت سے مفہوم نہیں ہوتا، بدائع میں تملیک (بلاعوض) کی قید خود مصرّح ہے، اور اس کو رکنِ ادائے زکوٰۃ قرار دیا ہے، اور یہی مطلب تفسیر مظہری کا ہے، کہ طلبۃ العلم پر انفاق کرنا انفاق فی سبیل اللہ میں داخل ہے، یعنی جبکہ یہ انفاق بطریق تملیک بلاعوض کے ہو، ومن اراد البسط في الدلائل فليراجع رسالتنا "رفع التشكيك في دفع الزكوٰة بالتمليك"

قال في البدائع ركن الزكوٰة هو اخراج جزء من النصاب الى الله تعالى وتسليم ذلك اليه بقطع المالك يده عنه بتمليك الفقير وتسليمه اليه او الى يد من هو نائب عنه والملك للفقير يثبت من الله تعالى وصاحب المال نائب عن الله تعالى في التمليك والتسليم الى الفقير بدليل قوله تعالى الم يعلموا ان الله هو يقبل التوبة عن عباده ويأخذ الصدقات وقول النبي صلى الله عليه وسلم الصدقة تقع في يد الرحمن وقد امر الله تعالى بايتاء الزكوٰة والايتاء هو التمليك ولان سمى الله تعالى الزكوٰة صدقة بقوله انما الصدقات للفقراء والتصدق تمليك ولان الزكوٰة عبادة والعبادة اخلاص العمل بكليته لله تعالى ويكون معنى القربة في الاخراج الى الله تعالى ابطال ملكه عنه لا في التمليك من الفقير بل التمليك من الله تعالى حقيقة وصاحب المال نائب عن الله تعالى اھ ص ۳۹ ج ۲، قلت و الاخراج الى الله تعالى يقتضي ان يكون التمليك في الزكوٰة بلاعوض وان كان بعوض لم يكن اخراجًا الى الله ولم تكن صدقة ولا عبادة كما لا يخفى فان الصدقة انما هي تمليك العين من الفقير مجانًا قال في الدر والصدقة كالهبة بجامع التبرع لان المقصود فيها الثواب لا العوض اھ ص ۲۹۶ ج ۴۔

Made Searchable by ScribeTools.com

(۲) قال فی البدائع واما العاملون علیہا فھم الذین نصبہم الامام لجباۃ الصدقات واختلف فیما یعطون قال اصحابنا یعطیھم الامام کفایتھم منہا وقال الشافعیؒ یعطیھم الثمن لنا ان ما یستحقہ العامل انما یستحقہ بطریق العمالۃ لا بطریق الزکوٰۃ بدلیل انہ یعطی وان کان غنیًا بالاجماع ولو کان صدقۃ لما حلت للغنی دل انہ انما یستحقہ بعملہ لکن علی سبیل الکفایۃ لا علی سبیل الاجرۃ، لان الاجرۃ مجہولۃ لان قدر الکفایۃ لہ ولاعوانہ مجہول غیر معلوم وجہالۃ احد البدلین یمنع جواز الاجارۃ فدل ان الاستحقاق لیس علی سبیل الاجرۃ بل علی طریق الکفایۃ لہ اھ (ص ۴۴ ج ۲)۔

اس عبارت سے امور ذیل مستفاد ہوئے :۔ (۱) عاملین زکوٰۃ کو جو کچھ دیا جاتا ہے وہ اجرت نہیں بلکہ نفقہ ہے، جیسے زوجہ کا نفقہ زوج پر بوجہ حبس کے لازم ہوتا ہے یا مضارب کا نفقہ مالِ مضاربت میں ہوتا ہے۔

(۲) امام شافعیؒ اس کو زکوٰۃ ہی قرار دیتے ہیں۔

(۳) عاملین وہ ہیں جن کو امام نے زکوٰۃ وصدقات وصول کرنے کے لئے مقرر کیا ہو، اس کے بعد ظاہر ہے کہ مبلغ یا چندہ وصول کرنے والوں کو عاملین میں داخل نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ وہ امام کے مقرر کردہ نہیں، اور اُن کو زکوٰۃ وصدقات میں سے نہ تنخواہ دی جاسکتی ہے نہ نفقہ، کیونکہ یہ لوگ نہ عاملین میں داخل ہیں نہ اُن پر اُن کو قیاس کیا جاسکتا ہے، کیونکہ خود عاملین کو زکوٰۃ سے حق عمالت دینا خلافِ قیاس نص سے ثابت ہوا ہے، اور خلافِ قیاس کا تعدیہ نہیں ہوسکتا، رہا یہ کہ اُن لوگوں کو یہ تنخواہ زکوٰۃ سے بوجہ سبیل اللہ کے مصداق ہونے کے ہے، اس کا جواب اوپر گذر چکا، کہ جو لوگ فی سبیل اللہ کے مصداق ہیں اُن کو زکوٰۃ تملیک بلاعوض کے طور پر دی جائے گی، معاوضہ کی صورت سے نہیں دی جاسکتی۔

قال فی الدر ولو دفعہ المعلم لخلیفتہ ان کان بحیث یعمل لہ لو لم یعط صح والا لا، ص ۱۱۳ ج ۲ ومثل ذلک فی کتب الفقہ کثیر، واللہ تعالیٰ اعلم۔

ظفر احمد عفا عنہ ۲۳ شوال ۴۸ھ

بیشک مبلغ وغیرہ کی تنخواہ میں زکوٰۃ کی رقم وغیرہ خرچ کرنا جائز نہیں، اس طرح زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی، اور خرچ کرنے والے پر ضمان آتا ہے، زکوٰۃ کا مصرف زکوٰۃ کو مفت بلا کسی

معاوضہ کے دینا ایسا امر ہے کہ ہمیں اس میں کسی کا اختلاف معلوم نہیں، نہ آئندہ کسی کے اختلاف کی توقع، واللہ اعلم، احقر عبد الکریم عفی عنہ ۲۲ شوال ۴۸ھ۔

وقال الامام ناصر الدین المالکی وثم سہم اخر ہو اظہر واقرب وذلک ان الاصناف الاربعۃ الاوائل ملاک لما عساہ یدفع الیہم وانما یأخذونہ ملکا فکان دخول اللام لائقا بہم واما الاربعۃ الاواخر فلا یملکون ما یصرف نحوہم بل ولا یصرف الیہم ولکن فی مصالح تتعلق بہم فالمال الذی یصرف فی الرقاب انما یتناولہ السادۃ المکاتبون وکذلک الغارمون انما یصرف نصیبہم لارباب دیونہم تخلیصا لذممہم لا لہم واما سبیل اللہ فواضح فیہ ذلک واما ابن السبیل فکأنہ کان مندرجا فی سبیل اللہ وانما افرد بالذکر تنبیہا علی خصوصیتہ اھ ای فانہ ایضا لا یملک ما یعطاہ بل یصرفہ فی الزاد والراحلۃ معا فلیس نصیبہم مصروفا الی ایدیہم حتی یعبر عن ذلک باللام المشعرۃ بتملکہم لما یصرف نحوہم وانما ہم محال لہذا الصرف فقط وایضا فتوہم ان لا یکون سہم سبیل اللہ مصروفا الی الغزاۃ کلہ بلفظۃ فی لا یتاتی علی مذہب الحنفیۃ الذین لا یوجبون تقسیم الصدقات علی ثمانیۃ اسہم وکذا کون اللام للملک والعدول عن اللام الی فی اشارۃ الی نفیہ وانما یتأتی کل ذلک علی مذہب الشافعیہ ویجیبون عن ہذا التوہم بما ذکرناہ فی وجہ العدول عن اللام الی فی فافہم واللہ تعالیٰ اعلم، ولیکن ہذا اخر الکلام ومسک الختام فی مسئلۃ التملیک فی الزکوٰۃ الواجبۃ فی النقود والعروض والزروع والانعام، وصلی اللہ تعالیٰ وسلم علی خیر خلقہ سیدنا النبی محمد افضل الصلوٰۃ واذکی السلام وعلی آلہ واصحابہ البررۃ الکرام الی یوم القیام،

ظفر احمد عفا عنہ، ۳ صفر ۴۷ھ۔

اولویت صرفِ زکوٰۃ ببلدے کہ مال موجود باشد

سوال (۱۲) ایک شخص سوداگر ہے، وہ اپنے مال کو سوداگری کے لئے مال فروخت کرنے کو آتا ہے، جب مال فروخت ہوجاتا ہے مکان چلا جاتا ہے، وہ شخص صاحبِ زکوٰۃ ہے، وہ شخص زکوٰۃ یہاں والوں کو دے یا اپنے وطن کے لوگوں کو دے؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب؛ اس مسئلہ کی نظیر مضارب کا مسئلہ ہے، اور اس میں علامہ شامی نے فلیراجع کہکر تامل ظاہر کیا ہے (ص ۱۱۲ ج ۲) اصل مسئلہ کی یہ ہے کہ زکوٰۃ میں مکانِ مال معتبر ہے، پس اگر اس سوداگر کے مال پر وہیں سال گذر جائے جہاں وہ تجارت کرتا ہے، تو ظاہر ہے کہ اس کے ذمہ اسی جگہ کے فقراء کو زکوٰۃ دینا ہے، اور اگر حولانِ حول وہاں سے وطن واپس آکر ہوا ہے اور مال وطن میں ساتھ ہے تو اس صورت میں ظاہر یہ ہے کہ فقراء وطن کو زکوٰۃ دے، فقد اعتبروا یوم الاداء فی تقویم المال فکذا یکون معتبراً ھناک وھو الظاھر لکون وجوب الاداء بحولان الحول فحیث کان یحول الحول یعتبر مکانہ فان کان حقاً فمن اللہ وان کان باطلاً فمن الشیطان اور اگر حولان حول وطن آکر ہوا مگر مال وطن میں ساتھ نہیں، بلکہ مال جائے تجارت کہیں، تو زکوٰۃ مکانِ مال کے فقراء کو دی جائے، کما ھو مقتضیٰ قولھم المعتبر فی الزکوٰۃ مکان المال فافہم، واللہ تعالیٰ اعلم

۷ رمضان ۴۷ھ

واپسی زکوٰۃ کی ایک صورت کا حکم

سوال (۱۳) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے عمرو سے قرض رقم طلب کی، اس پر عمرو نے زکوٰۃ کی نیت سے اس کو دام دیئے (اس لئے کہ زید معزز ہونے کی وجہ سے غربت کی حالت میں بھی مانگنا پسند نہیں کرتا) زکوٰۃ تو ادا ہوگئی، مگر چند روز کے بعد زید اتنی ہی رقم عمر کی خدمت میں لے کر آیا، اور کہتا ہے کہ تمہارے دام لو، اب عمرو اس کو کسی صورت سے سمجھا نہیں سکتا، کہ بھائی ہم نہیں لیتے، اگر یہ کہا جائے تو زید بگڑتا ہے، اور کہتا ہے کہ کیا تم نے مجھے ایسا سمجھا تھا؟ تو ایسی حالت میں اس رقم کو زید سے عمرو لے سکتا ہے؟ اگر لے سکتا ہے تو کون سے قاعدہ سے، ایک صاحب فرماتے ہیں کہ عمرو لے سکتا ہے اور یہ عمرو کے لئے ہبہ ہو جائے گا، کہ ہبہ کی تعریف یہ ہے تملیک العین مجانا اے بلا عوض، اور وہ بلا عوض مالک بنانا یہاں صادق آرہا ہے، اس لئے جائز ہے، .... دوسرے صاحب فرماتے ہیں کہ یہ تعریف صادق نہیں آتی، کیونکہ یہ زید کا عمرو کو پھر دام دینا یہ تملیک بلا عوض نہیں، بلکہ زید بعوض دَین یہ دے رہا ہے، ورنہ پھر اور زائد یا دوسری شے کیوں نہیں دیتا، وہ اس نیت سے دے رہا ہے کہ اس کا ہم پر دَین ہے، اور اس کو ادا کریں، کس کا قول صحیح ہے اور صحیح جواب مسئلہ کا کیا ہے؟

الجواب؛ اگر زید نے یہ رقم عمرو کو دیتے ہوئے یہ کہدیا تھا کہ یہ رقم قرض نہیں

بلکہ ہبہ ہے تب تو زید کو عمرو کی دی ہوئی رقم قبول کرلینا جائز ہے، لکن ھذہ ھبۃ مستانفۃ لاعوداً فی الصدقۃ، اور اگر زید نے عمرو کو وہ رقم دیتے ہوئے نفیِ قرض و اثبات ہبہ کی تصریح نہیں کی تھی تو زید کو عمرو سے اس رقم کا لینا جائز نہیں، کیونکہ عمرو ہبہ مستانفہ کی وجہ سے نہیں دے رہا بلکہ محض ادائے قرض کے لئے دے رہا ہے، اور زید کا قرض عمرو پر ہے نہیں، پھر یہ کیونکر اس رقم کو لے سکتا ہے، اور اگر کسی وجہ سے اس وقت عمرو کو نہ سمجھا سکے تو دوسرے وقت کسی حیلہ سے یہ رقم عمرو کو دیدے، واللہ اعلم، وان شئت تفصیل الجواب فاطلب فتوے مفصلۃً بارسال اجرۃ النقل والبرید۔ ۱۲ رمضان ۴۵ھ ظفر احمد عفا عنہ۔

الجواب، صورتِ مذکورہ میں عمرو زید سے زکوٰۃ دی ہوئی واپس نہیں لے سکتا، مگر بسبب ناراض ہونے و بگڑنے زید کے، عمرو سے زید اس وقت تو لے لے، لیکن کوئی اور چیز خرید کر کے بطور تحفہ و ہدیہ کے عمرو کی تملیک کردے، واللہ اعلم،

اجابہ وکتبہ حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی۔

التفسیر؛ نائب مفتی مدرسہ امینیہ کا یہ لکھنا کہ "لیکن کوئی چیز خرید کر کے بطور تحفہ و ہدیہ عمرو کی تملیک کردے اھ، یہ صورت ٹھیک نہیں، کیونکہ اس میں اوّل تو عمرو کی رقم میں تصرف بلا اذن لازم آتا ہے، اور چونکہ وہ رقم زید کے پاس امانت ہوگی اور امانت میں بلا اذن تصرف کرنا خیانت ہے، اس لئے یہ تصرف جائز نہیں، دوسرے اس رقم سے خرید کر جو چیز عمرو کو دی جاتی ہے وہ جنسِ حق سے نہ ہوگی، بلکہ غیر جنس سے ہوگی، اور غیر جنس سے ادائے حق مختلف فیہ ہے، اس لئے یہ صورت درست نہیں، بلکہ بہتر صورت یہ ہے کہ زید اسی رقم کو دوسرے وقت ہدیہ کے طور پر عمرو کو دیدے، اور یہ کہدے کہ میرا جی چاہتا ہے کہ تم کو بچوں کے واسطے کچھ ہدیہ دوں، واللہ اعلم، ظفر احمد ۲۲ رمضان ۴۷ھ

وکیل نے زکوٰۃ کی رقم ہاشمی کو دیدی تو وکیل پر ضمان لازم آئیگا یا نہیں، یا اس کی اطلاع لازم ہے، ضمان لازم نہیں

سوال (۱۴) زید نے بکر کو رقم فدیہ یا زکوٰۃ کے دینے کا وکیل بنایا، اتفاق سے بکر نے اس کو کسی ہاشمی کو دیدیا، اب ظاہر ہے کہ زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی، اس صورت میں بکر کو اپنی طرف سے رقم زکوٰۃ کی ادا کرنی چاہئے، یا صرف اس کی اطلاع دہی زید کو لازم ہوگی، اور زید کو وہ رقم پھر سے ادا کرنی چاہئے، اور اگر وہ ہاشمی یہ معلوم کرے کہ جو رقم مجھ کو دی گئی ہے زکوٰۃ کی ہے، اور قبل معلوم ہونے کے وہ رقم خرچ بھی

ہوچکی ہے تو وہ رقم خود بکر کو دینا چاہتا ہے اپنی طرف سے تو بکر کو وہ رقم لینا اس ہاشمی سے اور پھر اس کو زکوٰۃ میں دوسرے کو دینا زید کی طرف سے جس کا وہ مؤکل ہے جائز ہوگا یا نہیں ؟

الجواب؛ اگر بکر کو ہاشمی کا ہاشمی ہونا معلوم نہ تھا نہ اس کا شبہ تھا، یا معلوم تھا مگر مسئلہ معلوم نہ تھا، اس لئے اس کو زکوٰۃ دیدی، تو صورتِ اوّل میں تو زکوٰۃ ادا ہوگئی، اور صورتِ ثانیہ میں زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی، مگر بکر کے ذمہ ضمان بھی نہیں، بلکہ زید کو اطلاع کر دینا کافی ہے، لکون المسئلۃ مختلفاً فیہا فیتعذر بالجہل عنہا ولا یعد متعدیاً، اور اگر ہاشمی ہونا بھی معلوم تھا اور ہاشمی کا مصرف نہ ہونا بھی معلوم تھا تو بکر ضامن ہے، صرف زید کو اطلاع کرنا کافی نہیں، لکونہ خالف امر المؤکل فان التوکیل بصرف الزکوٰۃ وادائہا ینصرف الی اعطائہا محلا قابلاً لہا حتی لو اعطاہا ولدہ ووالدیہ یضمن کذا ہہنا، واللہ اعلم بالصواب۔

اور اگر ہاشمی خوشی سے رقمِ زکوٰۃ واپس کرے لیلی جاوے، ورنہ جبر کا حق نہیں، قال الشامی ولا یسترد منہ لو ظہر انہ عبد او حربی وفی الہاشمی روایتان وہل یطیب لہ فیہ خلافا واذا لم یطب قیل یتصدق وقیل یردّ علی المعطی اہ (ص ۱۰۹ ج ۲) ولکنّ المختار عندنا عدم الاسترداد من الہاشمی ایضاً لکون روایۃ فی المذہب فی جواز اعطائہم الزکوٰۃ وہل یطیب لہ المختار عندنا لا بل یردّ علی المعطی، واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۰ ذی الحجہ ۴۷ھ۔

ہاشمی کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ہے

سوال (۱۵) ہاشمی کو زکوٰۃ دینا اس روایتِ فقہ کی بناء پر کہ "خمس الخمس نہ ملنے کے وقت ان کو زکوٰۃ دینا جائز ہے" آجکل عمل کرنے کی گنجائش ہے یا نہیں ؟

الجواب؛ وہ روایت نوادر سے ہے، ظاہر مذہب کے مقابلہ میں قابلِ عمل نہیں ہے، ضرورتِ شدیدہ کے وقت حیلۂ تملیک کے بعد ہاشمی کی خدمت ہو سکتی ہے، واللہ اعلم

بغیر اجازت مزکی غیر مصرف میں زکوٰۃ خرچ کرنے کا حکم

سوال (۱۶) آجکل جو سکہ چاندی کا یہاں رائج ہے اس کا وزن دو روپے بھر ہے، اور قیمت ایک روپیہ چھ آنہ ہے، پس جس کے ذمہ سو روپیہ زکوٰۃ کے واجب ہوں اس کی طرف سے ایک سو پینتالیس روپیہ وزن بھر چاندی زکوٰۃ میں صرف کی گئی جس میں دو چار شخص بنی ہاشم یا غنی نکل آویں تو بظاہر تو ادائگی زکوٰۃ یقینی معلوم ہوتی ہے ؟

الجواب، بظاہر اس تصرف کی اجازت مزکی سے لینا ضروری ہے، اس کی اجازت بغیر مصرف زکوٰۃ کے علاوہ خرچ کرنا جائز نہیں ہے، اور اگر مصرف سمجھ کر دیا بعد میں غیر مصرف نکل آیا تو زکوٰۃ ادا ہوگئی، رمضان المبارک ۴۸ھ۔

مدارسِ عربیہ میں زکوٰۃ دینے کے متعلق ایک استفتاء مشتمل بر چند سوالات

سوال (۱۷) جو لوگ مدارسِ اسلامیہ کو چندہ مد زکوٰۃ سے دیتے ہیں اُن کا مقصد تو صرف یہ ہوتا ہے کہ ادائگی زکوٰۃ سے وہ عند اللہ بریٔ الذمہ ہو جاویں، مدرسہ کی امداد اس سے ہو جائے یا نہ ہو قواعد مدرسہ کے موافق ہو تو فبہا ورنہ ان کو تو اپنی بریٔ الذمگی عند اللہ مقصود ہے، اگر اس کے ساتھ دوسرا دینی فائدہ یعنی امدادِ مدرسہ میسر ہو جائے تو فبہا ورنہ حصول مقصود مقدم، پس مہتمم مدرسہ کا یہ شرط کرنا کہ اگر طالب علم ایسا ہے یا اس قابلیت کا ہے تو ہم وظیفہ دیں گے ورنہ نہیں، کہاں تک درست ہے ؟

الجواب؛ مدرسہ میں غیر زکوٰۃ کی رقم داخل کرنے سے تو مدرسہ کی ملک ہو جاتی ہے پس اس کو قواعدِ مدرسہ کے موافق ہی صرف کیا جائے گا، اور قواعد میں امداد کے لئے مناسب شرط لگانا مضائقہ نہیں رکھتا، اور زکوٰۃ کی رقم مدرسہ میں داخل کرنے سے گو ملک مدرسہ نہیں ہوتی، مگر مزکی نے جب اس کو طلبہ کو دینے کا وکیل بنایا ہے تو غیر طلبہ کو دینا جائز نہیں بدون اذن المؤکل اور یہ بھی ظاہر ہے کہ مہتمم مدرسہ کو مہتمم ہونے کی وجہ سے وکیل بنایا گیا ہے، اس لئے مجلسِ شوریٰ وغیرہ کی تجاویز قواعد کے خلاف مہتمم کو صرف کرنا جائز نہیں، کیونکہ مدرسہ میں زکوٰۃ داخل کرنا ان تمام شرائط کے ماتحت وکیل بنانا ہے جو قواعدِ مدرسہ کے لحاظ سے مہتمم کے ذمہ عائد ہوں، واللہ اعلم۔

سوال؛ اگر طالب علم غبی یا کم محنت یا بدخلق یا لعاب ہے مگر مسکین مصرفِ زکوٰۃ ہے تو مہتمم مدرسہ کو باوجود وکیل ادائے زکوٰۃ ہونے کے ایسے طالب علم کی امداد نہ کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب، مدرسہ سے زکوٰۃ دینے کے لئے صرف مصرفِ زکوٰۃ ہونا کافی نہیں بلکہ قواعدِ مدرسہ سے استحقاق ہونے کی بھی ضرورت ہے، اور بدونِ استحقاق کے اگر مہتمم اپنی مصلحت سے دے تو جائز نہیں، اور مدرسے کی تعلیمی مصلحت سے دے تو جائز ہے جب کہ طالب علم مصرفِ زکوٰۃ ہے،

Made searchable using ScribeTools.com

سوال؛ زکوٰۃ دینے والے شخص کو جب کہ معلوم ہے کہ مثلاً زید مصرفِ زکوٰۃ اور مستحق ہے مگر وہ زید کو دینے سے منع کر کے عمرو کو دلا دے تو کیا حکم ہے، خصوصاً اس صورت میں کہ عمرو میں کوئی وجہ ترجیح نہیں ہے؟

الجواب؛ چونکہ زکوٰۃ کی رقم صرف ہونے سے پہلے پہلے معطی کی ملک ہے لہٰذا اس کو یہ حق حاصل ہے کہ کسی خاص شخص کے دینے سے منع کر دے۔

سوال؛ زکوٰۃ دینے والے کے وکیل یعنی مہتمم مدرسہ کو اپنے قواعد ممہدہ یا مصالحِ مدرسہ کی بناء پر رقمِ زکوٰۃ کو روک روک کر خرچ کرنا یعنی دو دو تین تین برس تک مؤخر کرنا کہاں تک درست ہے، اور ایسی صورت میں مؤکل کی زکوٰۃ وکیل کے قبضہ کرنے کے ساتھ ہی ادا ہو گئی، یا جب وکیل مصرفِ زکوٰۃ میں خرچ کرے گا اس وقت ادا ہو گی؟

الجواب؛ جب وکیل مصرف میں خرچ کرے گا ادائے زکوٰۃ کا حکم اُس وقت کیا جائیگا اور جب مؤکل کی تاخیر میں کوئی مصلحت نہ ہو تو پھر دیر کرنا ٹھیک نہیں، اس لئے بہترین صورت یہ ہے کہ وکیل اُسی وقت زکوٰۃ ادا کر دے، اور اگر مدرسہ کی ضرورت سے رکھنا پڑے تو اسی وقت حیلۂ تملیک کر کے مدرسہ میں داخل کرے، تاکہ زکوٰۃ فوراً ادا ہو جائے، اور مدرسہ کی مصلحت بھی فوت نہ ہو، ونیز اس تاخیر میں اور بھی خرابیاں ہیں، اس لئے یہ صورت کر لینا نہایت ضروری ہے۔

سوال؛ جس شخص کے ذمہ سو روپے زکوٰۃ کے واجب الادا تھے، اس نے سو روپیہ کا نوٹ مہتمم مدرسہ کو دیا کہ یہ مدِ زکوٰۃ کے ہیں، مہتمم مدرسہ اس کو سونے کے ساتھ بدلے گا کیونکہ چاندی کے ساتھ بدلنے میں ربوا واقع ہوتا ہے، اب یہ سونا جو اس نوٹ کے عوض میں آیا ہے اُس شخص کی واجب الادا زکوٰۃ ہے، یا وہی سو روپیہ بھر چاندی، اور جبکہ پھر اس سونے کو چاندی کے دوسرے مصرف میں خرچ کر سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ جس طرح نوٹ کے عوض زائد چاندی لینا جائز نہیں بوجہ لزوم ربا الفضل، اسی طرح بوجہ تقابض متحقق نہ ہونے کے نوٹ سے سونا لینے میں بھی ربا ہے، یعنی ربا النسیئہ کما ھو مصرح فی العالمگیریۃ وعن الکافی ونقلہ علی المحیل دراھم ودین المحیل دنانیر فاحالہ علی ان یعطیہ الدنانیر او علی ان یعطیہ دراھم من الدنانیر التی علیہ بطلت اھ، پس نوٹ کے عوض روپیہ ہی لینا چاہئے،

پھر اگر چاہیں تو روپیوں سے سونا لے لیا جاوے، اور اگر اوّلاً ہی سونا لینا مقصود ہو اور معطی کی طرف سے اس کی اجازت بھی ہو تو یہ حیلہ ہو سکتا ہے، کہ صرّاف سے مثلاً سو روپے قرض لے لے پھر اُن روپیوں سے سونا خرید لے، اور نوٹ خواہ سونا خریدنے سے پیشتر یا بعد صراف کو ادائے قرض میں دیدے، اور سوال ہذا کے جزءِ اوّل کے متعلق پیشتر معروض ہو چکا ہے کہ یہ تصرّف بدونِ اذنِ معطی جائز نہیں، واللہ اعلم۔

سوال؛ چندہ دینے والے جبکہ ہر طرح سے مہتمم کو وکیل و مفوّض صراحتاً یا دلالۃً قرار دیتے ہیں، تو پھر جزئیاتِ واقعہ کی صحت کے واسطے ان کے استخراج کی ضرورت ہے یا نہیں؟

الجواب؛ کوئی حاجت نہیں۔

السوال؛ مدرس کو اس کی تنخواہ معینہ کے علاوہ مہتمم مدرسہ اس کے مصرفِ زکوٰۃ ہونے کی صورت میں مدِ زکوٰۃ سے اس کی امداد کر سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ اگر مدرسہ میں محض اعانتِ مساکین کی مد نہ ہو جیسا کہ عام طور سے یہاں کے مدارس میں نہیں ہے، تب تو یہ امدادِ مدرس جائز نہیں، اور اگر کوئی مدِّ اعانت مساکین وغیرہ کی موجود ہو تو جائز ہے۔

السوال؛ جبکہ مہتمم مدرسہ کے پاس مدِّ زکوٰۃ کی رقم مصرفِ زکوٰۃ میں خرچ کرنے کے واسطے موجود ہے، اور یہ بھی بدیہی اور واضح ہے کہ صاحبِ زکوٰۃ کو ادائگی زکوٰۃ سے سبکدوش ہونا اہم ہے، پس طلباء یا مدرسین و متعلقینِ مدرسہ کے علاوہ شخص مستحق مصرفِ زکوٰۃ موجود ہونے پر مہتمم کو اس کی اعانت نہ کرنے کا استحقاق حاصل ہے یا نہیں؟

الجواب؛ اس کی اعانت کرنے کا استحقاق نہیں ہے، الّا آنکہ محض مساکین کی اعانت کی مد موجود ہو، کما مرّ۔

السوال؛ اپنے مؤکل سے اجازت حاصل کرنا تو اس وجہ سے غیر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مؤکل کا اہم مقصد ادائگی زکوٰۃ ہے نہ کہ تخصیص زید یا عمرو، البتہ (استفادۂ اعانۃ امر دینی آخر) کو اَولیٰ و انسب سمجھتا ہے۔

الجواب؛ پیشتر لکھا گیا ہے کہ جو رقم زکوٰۃ مدرسہ میں اعانتِ طلبہ کے لئے داخل ہو گی قواعدِ مدرسہ کے خلاف صرف نہیں ہو سکتی، لکون الوکالۃ مقیدۃ۔

سوال؛ مدارس اسلامیہ میں اکثر ہر طرح کی رقوم مخلوط ہوا کرتی ہیں، البتہ ان کا حساب کتاب دفتروں میں ممیز و مہذب ہوتا ہے، پس اسی قدر ادائگی زکوٰۃ کے واسطے کافی ہے، یا کسی اور احتیاط کی بھی ضرورت ہے؟

الجواب؛ رقوم کا خلط کرنا جائز نہیں ہے، بلکہ خود زکوٰۃ کی رقمیں جو کئی شخصوں نے دی ہوں ان کو بھی یک جا مخلوط کر دینا جائز نہیں ہے، اور خلط کی صورت میں وکیل ضامن ہو جاتا ہے، اور وکالت ختم ہو چکی، لہذا جب تک صریحاً یا دلالۃً ادا کا امر دوبارہ نہ پایا جائے اس وقت تک اس کا ادا کرنا کافی نہیں ہے، البتہ اگر خلط عام طور پر مروج ہو اور دافع کو بھی اس کا علم ہے تو پھر خلط اور بعد خلط ادا کی گنجائش نکل سکتی ہے بشرطیکہ رقوم زکوٰۃ ہی کو باہم مخلوط کیا جائے، غیر زکوٰۃ کی رقوم زکوٰۃ کی رقوم سے مخلوط نہ ہوں، کہ اس کی گنجائش نہیں۔

سوال؛ وکیل ادائگی زکوٰۃ کے پاس جبکہ زکوٰۃ واجبہ اور صدقات نافلہ ہر طرح کی رقوم کا مجموعہ مخلوط موجود ہے، اور وہ بلا تمیز و تعیین مصرف زکوٰۃ و غیر مصرف زکوٰۃ پر خرچ کر رہا ہے، مگر ظن غالب ہے کہ زکوٰۃ واجبہ کی مقدار مصرف زکوٰۃ ہی میں خرچ ہوئی ہے البتہ تحقیق و تمیز تام حاصل ہونا مشکل ہونے کی وجہ سے متروک ہو رہا ہے، تو ایسی صورت میں توسع کی گنجائش ہے یا نہیں؟

الجواب، یہ خلط جائز نہیں، کما مر، اور مکمل حساب کرنا ضروری ہے، اور آئندہ رقوم جداگانہ رکھنا لازم ہے، جب سبیل یقینی یعنی حساب لکھا ہوا موجود ہے تو میزانوں کی دشواری ایسی چیز نہیں جس کے باعث غلبۂ ظن کو کافی سمجھا جائے۔

السوال؛ اطفال کو اگر ماہوار رقم مد زکوٰۃ سے دی جائے اور ان پر لازم قرار دیا جائے کہ وہ اس رقم سے اپنی ضروریاتِ تعلیم کاغذ قلم دوات وغیرہ خریدیں، تو یہ شرط تملیک لازمہ میں تو مخل نہیں ہوگی؟

الجواب؛ کچھ مخل نہیں۔

السوال؛ جو روپیہ مد زکوٰۃ کا لوگ مدرسہ اسلامیہ میں علوم دینیہ حاصل کرنے والے طلبہ کے واسطے دیتے ہیں، اگر ان طلبہ کو آدھے دن علوم دینیہ و دنیویہ مثل حساب وغیرہ کیلئے مختص رکھکر بقیہ آدھے دن میں صنعت و حرفت طلبہ کو سکھلائی جائے اور اس حالت میں تعلیم [illegible]

اطفال کی امداد زکوٰۃ سے کی جائے گی تو ادائگی زکوٰۃ میں تو کوئی حرج واقع نہ ہوگا؟

الجواب؛ مصرف زکوٰۃ کے واسطے تعلیم دین بلکہ مطلق تعلیم بھی شرط نہیں ہے۔ پس اگر کسی کام کے واسطے چندہ دیا جاوے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، لیکن جو چندہ تعلیم دینی کے لئے آیا ہو اس کو خرچ نہیں کر سکتے۔

سوال؛ زمانۂ تعلیم صنعت و حرفت میں جو کام سیکھنے والے طلبا صاحب معمل کا کرتے ہیں اس کی اجرت کا استحقاق ان طلباء کو ہی یا نہیں؟ اور اگر صاحب معمل اپنی شرائط کی بناء پر کوئی اجرت نہ دے تو وہ عند اللہ مسئول ہوگا یا نہیں؟

الجواب؛ جب اس کے شرائط میں ہی کہ اجرت نہ ملے گی تو طلبہ کو اجرت کا کوئی استحقاق نہیں، اجرت جب واجب ہوتی ہی کہ عقد اجارہ کیا گیا ہو، پس بلا اجارہ بلکہ تصریح عدم اجارہ میں اجرت کا حق کیسے ہو سکتا ہے؟

سوال؛ انعام میں مد زکوٰۃ کی رقم سے کتب یا دیگر ضروریاتِ تعلیم مثل قلم، دوات کاغذ وغیرہ خرید کر طلباء کو دینا، محتاج حیلۂ شرعی کا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ رقم زکوٰۃ سے اشیاء خریدنے کے بعد وہ اشیاء مصرف زکوٰۃ کو تملیکاً دیدینا کافی ہے، خرید سے پیشتر حیلہ کی حاجت نہیں، مگر معطی زکوٰۃ کا اذن شرط ہے۔

سوال؛ شریعت نے جو شروط مصرف زکوٰۃ ہونے کے ملحوظ فرمائے ہیں ان سے تجاوز کر کے مہتمم مدرسہ کا اپنے مدرسہ کے بعض شرائط کا لحاظ کرنا تجاوز عن حدود اللہ تو نہیں شمار ہوگا، کیونکہ مبنیٰ ان شروطِ زائدہ کا محض مصلحتِ دینی ہے، نہ غرض ذاتی، والمجتہد یخطی ویصیب؟

الجواب؛ تجاوز عن الحدود تو یہ ہے کہ غیر مصرف کو دیدے، اور جو لوگ مصرف ہیں ان میں سے بعض کو دینا، بعض کو نہ دینا اگر بدون وجہ ترجیح محض اپنی رائے سے بھی ہو تب بھی مضائقہ نہیں، اور جب ترجیح کی وجہ ہو تو پھر کوئی شبہ ہی نہیں ہو سکتا۔

سوال؛ جو صورت کہ تملیک لفظی و صوری قرار دی گئی، اس میں اگر ملک احکام و مسائل سے واقف ہو مگر رغبۃً فی اللہ کوئی بات اس پر گراں نہیں ہوتی تو یہ تملیک حقیقی متصور ہوگی یا نہیں؟

الجواب؛ اس حیلۂ معروفہ کو محض لفظی تملیک تو اس بناء پر قرار دیا گیا ہے کہ

Made searchable using ScribeTools.com

دینے والے کی نیت تملیک کی نہیں ہوتی، بلکہ وہ صرف ہیر پھیر کا قصد کرتا ہے، اور مملک لہٗ کے اخلاص سے یہ محذور مرتفع نہیں ہوسکتا، کما لایخفی۔

سوال؛ وکیل کے قبضہ کرنے اور اپنے مال میں ملا لینے سے رقم مؤکل کے قبضہ سے نکل جاتی ہے، یا باقی رہتی ہے، غالب گمان ہے کہ نکل جاتی ہے، اور اس حالت میں وکیل مدیون شمار ہوتا ہی، ایسی حالت میں وکیل کو کن امور کی احتیاط اشد ضروری ہے؟

الجواب؛ بیشک اس صورت میں وکیل مدیون ہے، لیکن پیشتر گذر چکا ہے کہ بعد خلط وکیل کو بلا اذن مستقل (صراحۃً یا دلالۃً) ادائے زکوٰۃ کا اختیار نہیں، پس مؤکل سے دوبارہ اذن لے لینا چاہیے، حررہ احقر عبدالکریم عفی عنہ رمضان المبارک ۴۸ھ

الاجوبۃ کلہا صحیحۃ. ظفر احمد، ۵ رمضان ۴۸ھ۔

وصیت بالتصدق اور اغنیاء کے لئے ایسے صدقہ کا حکم

سوال (۱۸) ایک شخص نے کہا کہ پچاس من غلہ خیرات کردو، اس کے خدام نے کہا کہ کل کردیں گے، اس پر اس نے کہا کہ اگر میں زندہ نہ رہا تو تم خیرات کردینا، بعد ازاں وہ شخص اُسی روز فوت ہوگیا ہی، اب سوال یہ ہے کہ اس صدقہ میں سے غنی صاحبِ نصاب کو دینا اور لینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب؛ جائز نہیں ہے، بلکہ صرف فقراء کو دیا جاوے، لما فی الدر المختار (وھی الوصیۃ المطلقۃ) کقولہ ھذا القدر من مالی او ثلث من مالی وصیۃ (لا تحل للغنی) لانہا صدقۃ وھی علی الغنی حرام وان عممت کقولہ یاکل منہا الغنی والفقیر لان اکل الغنی منہا انما یصح بطریق التملیک والتملیک انما یصح لمعین والغنی لا یتعین ولا یحصی (ولو خصصت) الوصیۃ (بہ) ای بالغنی کقولہ ھذا القدر من مالی وصیۃ لزید وھو غنی (او القوم) اغنیاء (محصورین حلت لہم) لصحۃ تملیکہم قال الشامی تحت قولہ (علی الغنی حرام) ولا یمکن جعلہا ھبۃ لہ بعد موت الموصی بخلاف الصدقۃ علیہ حالا فانہا تجعل ھبۃ لما قالوا ان الصدقۃ علی الغنی ھبۃ والھبۃ للفقیر صدقۃ طر (ج ۵ ص ۸۴)۔

۲۹ رجب سنہ ۵۰ھ۔

صاحبِ نصاب کے لئے زکوٰۃ صدقہ فطر اور عشر وغیرہ لینے کا حکم

سوال (۱۹) ایں عاصی را از مطالعۂ کتب مفہوم گردید کہ ملکیت مبلغ پنجاہ و پنج روپیہ کلدار مانع

از اخذ زکوٰۃ و عشر غلہ و صدقہ فطر می شود فیاضا دریں دیار با ماماں مساجد حصول اینہا از اہلِ محلہ عرفا حرجا نیست دیگر ہیچ تنخواہ وغیرہ معین است و ایں راقم نیز بدیں معاملہ گرفتار است و تا اندازہ نصاب مذکور زیور و یا نقدی در ملکیت خود موجود میدارد برائے حوائج خوانگی از معالجہ بیماری یا برائے تجہیز و تکفینِ میت از حد ضرورت است بلکہ باندازہ نصابِ شرعی کاریک مہم نیز بسر انجامی کافی نمیشود و بر سر ضرورت قرضہ ہم میسر نمیشود، پس ازیں قدر مایہ داری لابدی است، دریں امر از روئے شرع شریف بصورت اگر بنظرِ فیض اثر بظہور آید تحریر کنند کہ بریں عامل شدہ نجات اخروی یا بیم دیگر ہیچ حصول در کار امامت میسر نمی شود عند اللہ علاج کافی و نسخہ شافی ارشاد فرمایند؟

الجواب؛ قال فی البحر یجوز دفع الزکوٰۃ الی من یملک ما دون النصاب او قدر نصاب غیر نام وہو مستغرق فی الحاجۃ اھ (ص ۲۴۰ ج ۲) لاریب کہ دفع زکوٰۃ ہر کسے را کہ مالکِ نصابِ نامی باشد یا مالکِ نصاب غیر نامی فاضل از حاجتِ اصلیہ باشد روا نیست و اورا اخذ زکوٰۃ ہم جائز نیست، پس ایں چنیں کساں را اخذ زکوٰۃ و صدقات واجبہ نشاید، مگر آنکہ نصابِ نامی را ملک زوجات یا اولاد خود نمایند و نصاب غیر نامی را مستغرق حاجت سازند مثلاً بعوض آں غلہ برائے خوردن خرید کنند کہ از حوائجِ اصلیہ ہست، واللہ تعالیٰ اعلم

و بعد ازاں نیز اخذ زکوٰۃ و عشر و صدقۂ فطر بعوض خدمتِ امامت روا نیست و زکوٰۃ و عشر و صدقۂ فطر از ذمہ ادا کنندہ ساقط نخواہد شد، زیرا کہ در صدقاتِ واجبہ تملیک فقیر بلا عوض واجب است و امام مسجد اگر صاحبِ نصاب ہم نہ باشد چوں عوض عمل می گیرد اورا زکوٰۃ و عشر وغیرہ دادن بعوض امامت ہرگز روا نیست، و لاحیلۃ بجواز ذلک اصلا۔

۹ محرم الحرام ۴۹ھ۔

جس کی ماں جولاہن اور باپ سید ہو اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں؟

سوال (۲۰) ایک لڑکی جس کا باپ سید اور ماں جولاہن ہے، یہ لڑکی یتیم ہے، صاحبِ نصاب نہیں، بیمار ہے، کیا اس کی مدد مد زکوٰۃ سے کی جاسکتی ہے؟

الجواب؛ نسب میں شرعاً باپ کا اعتبار ہے، ماں کا اعتبار نہیں، پس یہ لڑکی سید زادی ہے، اس کو زکوٰۃ کی رقم بجنسہٖ نہ دی جائے، بلکہ یہ حیلہ کیا جائے کہ ایک غریب سے جو سید نہ کہا جائے کہ تم اپنے پاس سے یا کسی سے قرض لے کر اس سید زادی کی اتنی روپیہ سے

امداد کر دو تم کو ثواب ہوگا اور ہم تم کو اسی قدر رقم اپنے پاس سے دیدیں گے، پس دنیا میں تمہارا نقصان نہیں اور آخرت میں ثواب ہوگا، جب وہ غریب اس سیّد زادی کی امداد اپنے پاس سے یا قرض لے کر کر دے، تو اس کو اُس کے بعد زکوٰۃ کی رقم دیدی جائے کہ اس سے تم اپنا قرض ادا کر دو یا اپنی رقم کی تلافی کر لو، اس صورت میں سید زادی کی امداد بھی ہو جائے گی، اور زکوٰۃ ادا ہونے میں شبہ بھی نہ رہے گا، گو بعض علماء نے آجکل سیّدوں کو زکوٰۃ دینا ایک روایت کی بناء پر جائز کر دیا ہے، مگر احتیاط کے خلاف ہے، کہ فرض کو اختلافِ روایت میں ڈالا جائے، خصوصاً جبکہ حیلہ بآسانی ہو سکتا ہے، واللہ اعلم، ۲۷ر محرم ۴۹ھ۔

کمپنی، اُس کے شیئرز اور مشترک اموالِ تجارت کی زکوٰۃ؟

ریلوے کمپنی کے حصص پر وجوبِ زکوٰۃ کا حکم

سوال (۱) زید نے ریلوے کمپنی کے حصص خریدے اور ٹرام کے بھی خریدے، اور مذکورہ دونوں کمپنیاں کرایہ کا کام کرتی ہیں تو جس قدر روپے سے حصص خریدے ہوں، مثلاً ۲۰۰۰ دو ہزار کو خریدے ہوں، تو دو ہزار پر زکوٰۃ واجب ہوگی، یا اس کی آمدنی پر؟ واجب ہوگی؟

الجواب؛ ریلوے کمپنی وغیرہ کو جو روپیہ دیا جاتا ہے اور اس سے حصص خریدے جاتے ہیں بظاہر اس کی حقیقت یہ ہے کہ کمپنی کو یہ روپیہ قرض دے کر ریلوے کے کارخانہ میں یہ شخص شریک ہو جاتا ہے، اور ریلوے اُس روپے کو اپنے کام میں لگا لیتی ہے، اس صورت میں دو ہزار کی رقم جو سائل نے ریلوے کمپنی وغیرہ کو دی ہے، اس پر بھی زکوٰۃ واجب ہوگی، اور اس کے منافع پر بھی زکوٰۃ واجب ہوگی، کذا فی حوادث الفتاویٰ لشیخنا، ص ۲۹ واللہ تعالیٰ اعلم

۲۰ر رمضان ۴۶ھ۔

کتاب الصّوم

افطار میں جلدی کرنا

سوال (۱) الحمد للہ والسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ، علماء دیار ما در تعیین وقت افطار وصلوٰۃ مغرب مختلف دو دو فریق شدند، فریق اوّل بمجرد غروب آفتاب از افق حسی وظہور ظلام شرقی حکم بافطار صوم وصلوٰۃ مغرب می کنند بحجت دلائل ذیل حدیث اذا اقبل اللیل من ھھنا وادبر النھار من ھھنا فقد افطر الصائم، وقول امام محمدؒ فی الموطا: تعجیل الافطار افضل من تاخیرھا وھو قول ابی حنیفۃؒ والعامۃ، قال شارح المؤطا قولہ "والعامۃ" ای جمھور اھل السنۃ وبکثرۃ احادیث، دیگر در تاکید تعجیل مغرب واجتناب از تاخیر آں حسب عمل ابن عمرؓ اخر الصلوٰۃ یومًا الی ان بدأ نجم فاعتق رقبتہ کما ذکر فی فتح القدیر ودیگر حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کہ امتِ من بخیر باشند مادامیکہ درصلوٰۃ مغرب تاخیر نکنند، فریق ثانی بعد زوال حمرۂ شرقی وبلند شدن سوادِ شرقی تا نصف سما حکم بافطار وغیرہ می نمایند، بدلائل ذیل احتجوا بما رواہ النسائیؒ والطحاوی عن ابی بصرۃ الغفاریؓ قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ العصر بالمحمص فقال ان ھذہ الصلوٰۃ عرضت علی من کان قبلکم وضیعوھا فمن حافظ علیھا منکم اوتی اجرہ کرتین ولا صلوٰۃ بعدھا حتی یطلع الشاھد، والشاھد النجم فقالوا لطلوع النجم ھو اول وقتھا قال الطحاوی وما حاصلہ یتحمل ان یکون الشاھد ھو اللیل، وعلمائے خطۂ پشاور وسرحد واماں برایں متفق شدند کہ ازیں حدیث درضمن لفظ شاہد اختلاف واقع شدہ بعضے از شاہد نجم مراد گرفتہ وبعضے لیل، پس بناء بر قاعدۂ اصول عمل باحتیاط کردہ ومعنی شاہد کہ نجم است عمل را برآں قرار دادہ اند واز ہر دو فریق دربارۂ مدعائے خویش رسائل اشاعت یافتہ پس ایں لاشئ از مطالعہ ہر دو رسائل از جہت کم علمی ودنا فہمی در تلاطم تحیر وتفکر غوطہ زن ماندہ لہذا بخدمت عالی التماس است کہ از اقوال ودلائل فریقین ہر کدام بسند قوی وبآثار نبوی وصحابۂ کرام مستند باشد بدلائل کتب معتبرہ تسطیر نمودہ باحقر روانہ فرمایند کہ باحجت دلائل کتب جواب مخاصم ازاں کردہ شود وبلا سند کتب غیر قبول ودنا مسموع مخاصم باشد

Made searchable using ScribeTools.com

وبلدہ سکونتی ایں مہجور در موضعی است کہ مغرباً آنجا فاصلہ شش میل جبل واقع است، پس دریں جا چگونہ صورت مغرب باشد؟

الجواب؛ قال العلامة الشامی والمراد بالغروب زمان غیبوبة جرم الشمس بحیث تظهر الظلمة فی جهة الشرق، وقال صلی الله علیه وسلم: اذا اقبل اللیل من ههنا فقد افطر الصائم ای اذا وجدت الظلمة حسا فی جهة المشرق فقد ظهر وقت الفطر او صار مفطرا فی الحکم لان اللیل لیس ظرفا للصوم وانما ادی بصورة الاخبار ترغیبا فی تعجیل الافطار کما فی فتح الباری اه ص ۱۳۹ ج ۲ قال الحافظ ابن حجر فی الفتح تحت حدیث ابن ابی اوفی: قال کنا مع النبی صلی الله علیه وسلم فی سفر فلما غابت الشمس قال لبعض القوم یا فلان قم فاجدح لنا فقال یا رسول الله لو امسیت قال انزل فاجدح لنا قال ان علیك نهارا قال انزل فاجدح لنا الحدیث ما نصه وفی الحدیث ایضا استحباب تعجیل الفطر وانه لا یجب امساك جزء من اللیل مطلقا بل متی تحقق غروب الشمس حصل الفطر اه وقال تحت حدیث سهل بن سعد رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر ما نصه زاد ابو هریرة رضی الله عنه فی حدیثه لان الیهود والنصاری یؤخرون اخرجه ابو داؤد وابن خزیمة رضی الله عنه وغیرهما وتأخیر اهل الکتاب له امد وهو ظهور النجم وقد روی ابن حبان والحاکم من حدیث سهل ایضا بلفظ لا تزال امتی علی سنتی ما لم تنتظر بفطرها النجوم الی ان قال قال ابن دقیق العید: فی هذا الحدیث رد علی الشیعة فی تاخیرهم الفطر الی ظهور النجوم الخ ص ۱۷۳ ج ۲۔ وفی ردالمحتار لان ظاهر مذهب اصحابنا جواز الافطار بالتحری کما نقله فی المعراج عن شمس الائمة السرخسی لان التحری تفید غلبة الظن وهی کالیقین کما تقدم فلو لم یتحر لا یحل له الفطر لان الاصل بقاء النهار اه وفی البحر من البزازیة لا یفطر ما لم یغلب علی ظنه الغروب وان اذن المؤذن اه ص ۱۷۰ ج ۲۔

ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ غروب آفتاب کے تحقق کے بعد معاً افطار و نماز

جائز ہے، بلکہ تعجیل فی الافطار مستحب ہے، بشرطیکہ ظنِ غالب غروب کا ہو جائے، اور سائل کو تحری وغلبۂ ظن سے افطار کرنا چاہیے، باقی طحاوی ونسائی کی روایت اِن احادیث سے متعارض نہیں ہے کیونکہ ایک دو ستارہ غروب کے ساتھ ہی طلوع ہو جاتا ہے، البتہ اشتباکِ نجوم غروب کے بعد دیر میں ہوتا ہے، اور اشتباکِ نجوم کا انتظار مکروہ ہے، ۲۰ ج ۱ اسلام۔

حکم صوم یوم الشک

سوال (۲) ما قولکم رحمکم الله فی صوم یوم الشک وما الراجح فیه عندکم؟

الجواب؛ قلت اخرج الشیخان وغیرهما عن ابی هریرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال لا یتقدمن احدکم رمضان بصوم یوم او یومین الا ان یکون رجل کان یصوم صوما فلیصم ذلك الیوم۔ و للترمذی واحمد بلفظ: الا ان یوافق ذلك صوما کان یصومه احدکم اه قال الحافظ ابن حجر: قال العلماء: معنی الحدیث لا تستقبلوا رمضان بصیام علی نیة الاحتیاط لرمضان، ای لا یتقدم رمضان بصوم یوم یعد منه بقصد الاحتیاط له، فان صومه مرتبط بالرؤیة فلا حاجة الی التکلف، و (قیل) الحکمة فیه التقوی بالفطر لرمضان لیدخل فیه بقوة ونشاط وهذا فیه نظر لان مقتضی الحدیث انه لو تقدمه لصیام ثلاثة ایام او اربعة جاز وسنذکر ما فیه قریبا وقیل الحکمة فیه خشیة اختلاط النفل بالفرض وفیه نظر ایضا لانه یجوز لمن له عادة کما فی الحدیث وقیل لان الحکم علی رمضان بالرؤیة فمن تقدمه بیوم او یومین فقد حاول الطعن فی هذا الحکم وهذا هو المعتمد، ومعنی الاستثناء ان من کان له ورد فقد اذن له فیه لانه اعتاده والفه وترك المالوف شدید ولیس ذلك من استقبال رمضان فی شیء، وفیه رد علی من یری بتقدیم الصوم علی الرؤیة کالرافضة ورد علی من قال بجواز النفل المطلق وابعد من قال المراد بالنهی التقدم بنیة رمضان و استدل بلفظ التقدم لان التقدم علی الشیء انما یتحقق اذا کان من جنسه فعلی هذا یجوز الصیام بنیة النفل المطلق لکن السیاق یابی هذا التاویل ویدفعه وفیه منع انشاء الصوم قبل رمضان اذا کان لاجل الاحتیاط اه (ص ۱۱۰ ج ۴) ملخصا۔

واخرج الترمذی عن عمار بن یاسرؓ من صام الیوم الذی یشک فیه فقد عصی ابا القاسم صلی الله علیه وسلم وقال حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم کرهوا ان یصوم الرجل الیوم الذی یشک فیه اه (ص ۹۱ ج ۱) قلت واخرجه البخاری تعلیقا ووصله اصحاب السنن الاربعة واخرجه ایضا ابن خزیمة وابن حبان والحاکم وقال صحیح علی شرطهما ولم یخرجاه کذا فی العمدة للعینی (ص ۱۹۰ و ۱۹۱ ج ۵) قلت ولا یخفی انه موقوف فی حکم المرفوع قال العینی بان فیه تفصیلا واختلافا للعلماء فذهب داؤد الی انه لا یصح صومه اصلا ولو وافق عادة له وذهبت طائفة الی انه لا یجوز ان یصام آخر یوم من شعبان تطوعا الا ان یوافق صوما کان یصومه واخذوا بظاهر هذا الحدیث روی ذلک عن عمر بن الخطابؓ وعلیؓ وعمارؓ وحذیفةؓ وابن مسعودؓ ومن التابعین سعید بن المسیبؒ والشعبیؒ والنخعیؒ والحسنؒ وابن سیرینؒ وهو قول الشافعیؒ وکان ابن عباسؓ وابو هریرةؓ یامران بفصل یوم او یومین کما استحبوا ان یفصلوا بین الصلوٰة الفریضة و النافلة بکلام او قیام او تقدم او تاخر وقال عکرمةؒ من صام یوم الشک فقد عصی الله ورسوله واجازت طائفة صومه تطوعا وهو قول اللیثؒ والاوزاعیؒ وابی حنیفةؒ واحمدؒ واسحق روی عن عائشةؓ واسماءؓ اختها انهما کانتا تصومان یوم الشک اه (ص ۲۰۰ و ۲۰۱ ج ۵) ملخصا، وقال فی الهدایة والمراد بقوله صلی الله وسلم لا تتقدموا رمضان بصوم یوم ولا بصوم یومین الحدیث. التقدم بصوم رمضان لانه یؤدیه قبل اوانه ثم ان وافق صوما کان یصومه فالصوم افضل بالاجماع وکذا اذا صام ثلثة ایام من آخر الشهر فصاعدا وان افرده (ای یوم الشک) فقد قیل الفطر افضل احترازا عن ظاهر النهی (والقائل الفقیه محمد بن مسلمة کذا فی العنایة) وقد قیل الصوم افضل اقتداء بعلیؓ وعائشةؓ رضی الله عنهما فانهما کانا یصومانه والمختار ان یصوم المفتی بنفسه لیخذ بالاحتیاط اه (مع فتح القدیر ص ۲۴۷ ج ۲) قلت: اما تاویل صاحب الهدایه فی معنی الحدیث فما بعده من السیاق کما قاله

الحافظ ابن حجر واما استدلالهم بفعل علیؓ فلا یصح فان مذهب علیؓ خلاف ذلک کما مر عن العینیؒ وصرح به فی فتح القدیر نقلا عن الغایة واما بفعل عائشةؓ فلا یستقیم ایضا لان المنقول من قولها انهما قالت لان اصوم یوما من شعبان احب الیّ من ان افطر یوما من رمضان کما فی الفتح وذکره العینی ایضا وصوم یوم الشک بنیة کذلک لا یجیزه اصحابنا قال العلامة ابن الهمامؒ والاولی فی التمسک علی الافضلیة حدیث السرار اه (ص ۲۴۷ ج ۲) قلت وحدیث السرار ما اخرجه الشیخان انه صلی الله علیه وسلم قال لرجل هل صمت من سرار شعبان قال لا قال فاذا افطرت فصم یوما مکانه وفی لفظ فصم یومین وسرار الشهر آخره کذا ذکره ابن الهمام فی الفتح ایضا (ص ۲۴۵ ج ۲) قلت ولا یخفی ما فیه فانه یمکن حمل حدیث السرار علی صوم کان یعتاده الرجل وبعد ذلک فلا منافاة بینه وبین حدیث النهی عن التقدم علی رمضان ذکره الحافظ ابن حجرؒ فی الفتح (ص ۲۰۱ ج ۴) وایضا فقد قیل السرار وسط الشهر حکاه ابو داؤد ورجحه بعضهم ووجهه بان السرار جمع سرة وسرة الشیء وسطه، و یؤیده الندب الی صیام البیض وهی وسط الشهر (والندب الی صوم یوم النصف من شعبان خاصة ۱۲) وانه لم یرد فی صیام آخر الشهر (من شعبان) ندب بل ورد فیه نهی خاص اه قاله الحافظ ایضا وبالجملة فدلیل من منع عن صوم یوم الشک الا للمعتاد اقوی روایة ودرایةً وما ذکره اصحابنا فی تاویل الحدیثین ومن استثناء الخواص عن هذا النهی مجرد تاویل فی معرض النص هذا ولکنی لا افتی علی کراهته للخواص لکونی مقلدا للامام الاعظم ابی حنیفةؒ واصحابه ولکن الاولی عندی قول محمد بن سلمةؒ من الحنفیة ان افراد یوم الشک بصومه خلاف الاولی والفطر فیه افضل للعوام والخواص جمیعا خصوصا وقد قال اصحابنا ان الخروج من خلاف العلماء مستحب وفیه خلاف کما تری والله اعلم، ولا سیما فی هذا الزمان فان صوم المفتی والقاضی قلما یخفی علی العامة کما هو مشاهد والحنفیة انما اجازوه للخواص بشرط الاخفاء التام عن العوام کما ذکره فی فتح القدیر (ص ۲۴۷ و ۲۴۸ ج ۲) وان کان الصوم

Made searchable using ScribeTools.com

بشرط الاخفاء ایضاً خلاف الافضل عندی وبہ قال محمد بن مسلمۃ من اصحابنا وکفی بہ لی قدوۃً اذا تأید قولہ بالحدیث وتقوی روایۃً ودرایۃً ھذا واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم، ۳۰ر شعبان ۴۳ھ۔

مسجد میں افطار کرنا جائز ہے یا نہیں؟ سوال (۳) مسجد میں روزہ افطار کرنا اس خیال سے کہ اگر افطار کر کے مسجد میں گئے تو جماعت کا کچھ حصہ نہیں ملے گا، افطار سے مطلب یہ ہے کہ افطاری میں کھانا وغیرہ اچھی طرح سے کھالیا جاوے، ورنہ یہ ممکن ہے کہ اگر ایک گھونٹ پانی یا صرف چھوارا وغیرہ کھا کر چلے تو اوّل رکعت میں بخوبی شامل ہو سکتا ہے، اور مسجد والوں سے یہ دشوار ہے کہ وہ اذان وتکبیر میں اس قدر وقفہ کریں کہ گھر کے افطار کرنے والے جماعت کی اوّل رکعت میں شامل ہو جاویں، تو ایسی صورت میں مسجد میں افطار کرنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب: ایسی حالت میں افطار مسجد میں کیا جاوے، مگر مسجد کی حد کے اندر نہ کھائیں بلکہ باہر کھائیں، اور باہر کوئی جگہ مناسب نہ ہو تو مسجد ہی میں کھالیں، اور کھلنے سے کچھ دیر پہلے اعتکاف کی نیت کر کے مسجد میں آجایا کریں، امام محمدؒ کے نزدیک اعتکاف قدرِ قلیل زمان کا بھی صحیح ہے، قال فی الدر وکرہ اکل ونوم لا لمعتکف الخ قال الشامی فی قولہ اکل ونوم الخ واذا اراد ذلک ینبغی ان ینوی الاعتکاف فیدخل ویذکر اللہ تعالیٰ بقدر ما نوی او یصلی ثم یفعل ما شاء فتاوی ھندیۃ (ص ۱۹۱ ج ۱) واللہ اعلم، غرۂ رمضان ۴۵ھ۔

ایضاً ایضاً ایضاً سوال (۴) رمضان شریف میں اہلِ محلہ کا بخوفِ ترک جماعت نماز مغرب مسجد محلہ میں جمع ہو کر شربت وغیرہ قلیل اشیاء سے روزہ افطار کرنا بلا کراہت جائز ہوگا یا نہیں؟

الجواب: مسجد میں اکل وشرب مکروہ ہے، مگر ضرورت کے وقت بلا کراہت جائز ہے، کالمسافر یباح لہ النوم فیہ اور ترکِ جماعت کا اندیشہ بھی عذر ہے، اس لئے اگر مسجد سے باہر کوئی جگہ ایسی نہ ہو جہاں افطار کر سکیں تو مسجد ہی میں افطار کر لینا جائز ہے، بشرطیکہ مسجد کو ملوث نہ کیا جاوے، قال علی القاری فی وجہ تاخیر عمرؓ وعثمانؓ الافطار عن الصلوٰۃ انھما کانا فی المسجد وکانا غیر معتکفین ورأیا الاکل والشرب لغیر المعتکف مکروھین (فی المسجد) لکن اطلاق احادیث التعجیل ظاھر فی استثناء حال الافطار (ص ۱۳ ج ۲) کوئی کپڑا وغیرہ ایسا بچھا لیا جاوے جس سے مسجد کی حفاظت رہے، اور بہتر یہ ہے کہ اس وقت افطار سے کچھ پہلے اعتکاف کی نیت کر کے

مسجد میں داخل ہو، اور امام محمدؒ کے نزدیک اعتکاف ساعت بھی درست ہے، وبہ یفتی، پھر یہ کراہت کلیہ مرتفع ہو جاوے گی، واللہ اعلم۔ ۱۷ر رمضان ۴۵ھ

تفصیل الآثار فی تعجیل الافطار سوال (۵) مؤطا امام مالکؒ میں کتاب الصوم میں ہے:۔

ان عمر بن الخطابؓ وعثمان بن عفانؓ کانا یصلیان المغرب حین ینظران الی اللیل الاسود قبل ان یفطر ثم یفطر ان بعد الصلوٰۃ وذلک فی رمضان۔

اس پر مسوّیٰ میں شاہ ولی اللہ محدثؒ نے کہا ہے وعلیہ اھل العلم انہ یستحب ذلک مالم یقع فی شک الاستثناء التاخیر، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تعجیل فطر پر احادیث کثیرہ موجود خود مؤطا میں یستحب تعجیل الفطر کا ایک باب ہے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ وحضرت عثمان رضی اللہ عنہ تاخیر کیسے فرماتے تھے؟ اور پھر شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اس تاخیر کو مستحب لکھدیا، اگر تاخیر کے شبہ میں نہ پڑے، غالباً شاہ صاحبؒ کا منشاء یہ ہے کہ شبہ کی وجہ سے تاخیر نہ کرے، اور بلا شبہ تاخیر کرے تو مستحب ہی، پھر تعجیلِ فطر کا استحباب کہاں رہا؟

الجواب المُلقب بتفصیل الآثار فی تعجیل الافطار:

قال الحافظ فی الفتح قال ابن عبد البر احادیث تعجیل الافطار وتاخیر السحور صحاح متواترۃ وعند عبد الرزاق وغیرہ باسناد صحیح عن عمرو بن میمون الاودی قال کان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسرع الناس افطاراً وابطأھم سحوراً واخرج البخاری عن سھل بن سعد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لایزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر، زاد ابوداؤد فی حدیثہ واخروا السحور اخرجہ احمدؒ وزاد ابوھریرۃ فی حدیثہ لان الیھود والنصاریٰ یؤخرون اخرجہ ابوداؤد وابن خزیمۃ وغیرہ وتاخیر اھل الکتاب لہ امد وھو ظھور النجم وقد روی ابن حبان والحاکم من حدیث سھل ایضاً بلفظ لاتزال امتی علی سنتی مالم تنتظر بفطرھا النجوم قال المھلب والحکمۃ فی ذلک ان لایزاد فی النھار من اللیل ولانہ ارفق بالصائم واقوی لہ علی العبادۃ واتفق العلماء علی ان محل ذلک اذا تحقق غروب الشمس بالرؤیۃ او باخبار عدلین وکذا عدل واحد فی الاصح اھ

Made Searchable by Scribe Tools.com

(ص ۳۷، ج ۵) وفیه دلالة علی اتفاق العلماء علی ان التعجیل المذکور فی الحدیث المنوط نفی الخیر بالتاخیر عنه محلّه ما اذا تحقق الغروب ثم نبّه الحافظ فی الصفحة المذکورة علی ما حدث فی زمانه من البدعة المنکرة من ایقاع الاذان الثانی قبل الفجر بنحو ثلث ساعة فی رمضان والطفاء المصابیح التی جعلت علامة لتحریم الاکل والشرب علی من یرید الصیام زعما ممن احدثه انه للاحتیاط فی العبادة وقد جرهم ذلک الی ان صاروا لا یؤذنون الا بعد المغرب بدرجة لتمکین الوقت زعموا فاخروا الفطر وعجلوا السحور وخالفوا السنة فلذلک قل عنهم الخیر وکثر فیهم الشر والله المستعان، (ص ۳۷، ج ۴) وهو یدل علی ان التاخیر بدرجة بعد تحقق الغروب خلاف السنة ایضا وروی مسلم والترمذی والنسائی من روایة ابی عطیة قال دخلت انا ومسروق علی عائشة فقلنا یا ام المؤمنین رجلان من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم احدهما یعجل الافطار ویعجل الصلوٰة والآخر یؤخر الافطار ویؤخر الصلوٰة قالت ایهما یعجل الافطار ویعجل الصلوٰة قلنا عبد الله بن مسعود رضی الله عنه قالت هکذا کان یصنع رسول الله صلی الله علیه وسلم والآخر ابو موسیٰ رضی الله عنه۔

واخرج ابو یعلی فی مسنده عن انس رضی الله عنه قال ما رأیت النبی صلی الله علیه وسلم قط صلی صلوٰة المغرب حتی یفطر ولو کان علی شربة من ماء واسناده جید کذا فی العینی علی البخاری (ص ۲۹۲، ج ۵)

واخرج البخاری عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اقبل اللیل من ههنا وادبر النهار من ههنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم اه وقال ابن خزیمة قوله فقد افطر الصائم لفظ خبر ومعناه الامر ای فلیفطر الصائم ولو کان المراد فقد صار مفطرا (کما زعمه بعضهم) لم یکن للترغیب فی تعجیل الافطار معنی وکان فطر جمیع الصوام واحدا کذا فی الفتح ایضا (ص ۱۷۱، ج ۴) وفیه ایضا فی باب صوم الوصال واحتجوا للتحریم ای تحریم الوصال بقول فی الحدیث المتقدم اذا اقبل اللیل من ههنا فقد افطر الصائم اذ لم یجعل اللیل محلا سوی

الفطر فالصوم فیه مخالفة لوضعه کیوم الفطر (ص ۱۷۸، ج ۴)۔

وفیه ایضا حدیث بشیر بن الخصاصیة اخرجه احمد والطبرانی وسعید بن منصور وعبد بن حمید وابن ابی حاتم فی تفسیرهما بسند صحیح الی امرأته عنه مرفوعا صوموا کما امرکم الله تعالی اتموا الصیام الی اللیل فاذا کان اللیل فافطروا (ص ۱۷۶، ج ۴) وقال العینی فی العمدة قال ابو عمر فی الاستذکار اجمع العلماء علی انه اذا حلت صلوٰة المغرب فقد حل الفطر للصائم فرضا وتطوعا، واجمعوا علی ان صلوٰة المغرب من صلوٰة اللیل اه (ص ۴۶۶، ج ۵) وفی الترغیب للمنذری عن انس رضی الله عنه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یفطر قبل ان یصلی علی رطبات فان لم تکن حسی حسوات من ماء رواه ابو داؤد والترمذی وحسنه اه (۱۸۵) وقال علی القاری فی شرح المشکوٰة تحت حدیث لا یزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر ای ما داوموا علی هذه السنة ولیس تقدیمه علی الصلوٰة للخیر الصحیح به وقال التوربشتی فان فی التعجیل مخالفة لاهل الکتاب فانهم یؤخرونه ثم صار عادة لاهل البدعة فی ملتنا اه قال بعض علمائنا ولو اخر لتادیب النفس غیر معتقد وجوب التاخیر لم یضره ذلک۔ اقول: بل یضره حیث یفوته السنة وتعجیل الافطار بشربة ماء لا ینافی التادیب ثم رأیت التوربشتی قال وهذه الخصلة التی لم یرضها رسول الله صلی الله علیه وسلم واقول یشابه هذا التاخیر تقدیم صوم یوم او یومین علی صوم رمضان الی ان قال ویؤیده ما صح ان الصحابة کانوا اعجل الناس افطارا واقلهم سحورا (ص ۵۱۰، ج ۲) قلت ومقتضی هذا الذی ذکرنا کون تقدیم الافطار علی صلوٰة المغرب سنته وان التاخیر عنها خلاف السنة وما کان خلاف السنة وان کان مباحا فلا یخلو عن کراهة ولو تنزیها لا سیما اذا انضم الی ذلک قوله صلی الله علیه وسلم اذا اقبل اللیل فافطروا وقوله اذا اقبل اللیل من ههنا وادبر النهار من ههنا وغربت الشمس فقد افطر الصائم ای فلیفطر۔ واما ما روی بسند صحیح عند مالک فی موطاه وعند محمد به ان عمر بن الخطاب رضی الله عنه وعثمان رضی الله عنه بن عفان کانا یصلیان المغرب حین ینظران اللیل

Made searchable using ScribeTools.com

الاسود (ای سواد اوله) قبل ان یفطر ثم یفطر ان بعد الصلوٰة فی رمضان اھ فلا یحتاج الی الجواب لکونه خلاف عمل الرسول وعامة اصحابه وایضاً لا ندری ھل اخرا الفطر بعذر او بغیر عذر وقال القاری ھو اما لبیان الجواز اشعارا بان مثل ھذا التاخیر لا ینافی الامر بالتعجیل او لعدم ما یفطر ان به عندھم قبل الصلوٰة او یحمل الافطار علی التعشی بالطعام لان الافطار المتعارف عندھم ان یتعشوا بطعامھم کذا فی تعلیق الممجد محصلاً (ص ۱۸۴) وحاصلہ انھما لم یکونا یتعشیان قبل الصلوٰة بالطعام ویقتصران علی شربة من ماء ونحوہ ولم یکن ذلک الافطار افطاراً متعارفاً بینھم فقال الراوی بناء علی ذلک انھما کانا یفطران بعد الصلوٰة وبالجملة ففی الاثر حکایة حال لا عموم لھا ویحتمل الوجوہ العدیدة فلا یترک به ما ثبت عنه صلی اللہ وسلم قولاً وفعلاً وامراً وترغیباً فالحاصل ان تقدیم الفطر علی صلوٰة المغرب ھو السنة وتاخیرہ عنھا خلاف السنة ولکن لا یدخل فی حد الکراھة مالم یشتبک النجوم لا یقال ینافی ما نقلت قول محمدؒ فی المؤطا بعد تخریجه اثر عمرؓ وعثمانؓ ھذہ اکلة واسع فمن شاء افطر قبل الصلوٰة ومن شاء افطر بعدھا وکل ذلک لا بأس به اھ لان قوله واسع ولا بأس به اھ لا ینافی کونه خلاف السنة فربما یطلق الفقھاء لا بأس به علی ما یکون مکروھاً تنزیھاً وخلاف الاولیٰ کما لا یخفی ولا بد من تقیید قوله واسع ولا بأس به بان لا یبلغ مبلغ اشتباک النجوم کما قیدہ به المحشی۔

واما ما فی رد المحتار عن شرح الجامع لقاضی خان التعجیل المستحب قبل اشتباک النجوم اھ (ص ۱۸۳ ج ۲) وھو یفید بظاھرہ ان کل ما کان قبل اشتباک النجوم فھو من التعجیل المستحب فیعارضه ما مر عن القاری من تصریحه بکون تقدیمه علی الصلوٰة سنة وکون تاخیرہ عنھا خلاف السنة وتاویله فی اثر عمرؓ وعثمانؓ بوجوہ عدیدة فکیف یکون ما بعد المغرب الی اشتباک النجوم کلّه وقتاً مستحباً التعجیل وقال فی البدائع ویسن تعجیل الافطار اذا غربت الشمس ھکذا روی عن ابی حنیفةؒ لما روینا من الحدیث

ثلاث من سنن المرسلین ومن جملتھا تعجیل الافطار وروی عن النبی صلی اللہ علیه وسلم انه قال لا تزال امتی بخیر ما لم ینتظروا الافطار طلوع النجم والتاخیر یؤدی الیه اھ ای الی الانتظار طلوع النجوم (ص ۱۰۶ ج ۲) وھذا یفید ان التعجیل المسنون المستحب ما کان قبل طلوع النجم وما بعدہ داخل فی التاخیر نعم تاخیرہ الی طلوع النجم لا یکرہ کراھة التحریم وانما التاخیر المکروہ کذلک ما کان الی اشتباک النجوم لانه ھو الذی یفضی الی مشابھة اھل الکتاب فکانوا یؤخرون الی حد الاشتباک، واللہ اعلم۔

ہمارے نزدیک جو امر تعجیلِ افطار کے متعلق کتب احادیث وفقہ سے منقح ہوا ہے وہ یہ ہے کہ تحققِ غروب کے بعد معاً قبل نماز مغرب افطار کرنا مسنون ہے اور بعد نماز کے افطار کرنا خلافِ سنت ہے، مگر حدِ اشتباک سے پہلے پہلے افطار کرے تو تاخیر مکروہ میں داخل نہ ہوگا، اور حدِ اشتباک تک تاخیر مکروہ تحریمی ہے، اور مسوّی کی عبارت کے متعلق بدون کتاب دیکھے ہوئے ہم کچھ نہیں کہہ سکتے، سوال میں اس کی عبارت ناتمام نقل کی گئی ہے، اور وہ بھی پڑھی نہیں گئی اور حضرت عمرؓ وعثمانؓ کے اثر کا جواب چند وجوہ سے دیا گیا ہے، جو عبارتِ عربیہ میں مذکور ہے، واللہ اعلم، ۱۷ رمضان ۴۵ھ۔

نیت معلق سے صوم متحقق نہیں ہوتا تحققِ صوم کے لئے قصدِ جازم شرط ہے۔

سوال (۶) ایک عورت نے رمضان شریف کے قضا روزہ رکھنے کا رات کو ارادہ کیا، یہ عورت رمضان شریف کے علاوہ اور روزہ خواہ وہ رمضان شریف کا قضا شدہ کیوں نہ ہو اپنی ساس سے اجازت لے کر رکھا کرتی تھی اس روز بھی اس نے یہ ارادہ کیا کہ نمازِ صبح کے وقت اپنی ساس سے دریافت کروں گی، اگر ساس نے اجازت دی رکھوں گی ورنہ نہیں، لیکن گمان یہی تھا کہ ساس ضرور اجازت دے گی، صبح کی نماز کے وقت دریافت کیا تو ساس نے انکار کر دیا، اس عورت نے روزہ نہیں رکھا، دریافت طلب یہ ہے کہ آیا اس روزہ کی قضا رکھنی چاہئے، یا کفارہ دینا پڑے گا اور کفارہ کیا ہوگا، اگر ساٹھ روزے رکھنے کے بجائے ساٹھ آدمیوں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلا دے تو کفارہ ادا ہو جاویگا یا نہیں، ایک بات اور اظہار طلب ہے کہ یہ عورت ہمیشہ اپنی ساس سے روزہ کے متعلق رات کو دریافت کر لیا کرتی تھی، اگر اس نے اجازت دی تو روزہ رکھا ورنہ نہیں، اس روز رات کو دریافت کرنا یاد نہیں رہا تھا، اور صبح کی نماز کے

بعد دریافت کیا تھا جیسا کہ میں پیشتر تحریر کر چکا ہوں۔

الجواب؛ صورتِ مسئولہ میں نہ قضا واجب ہوئی نہ کفارہ، کیونکہ روزہ کا تحقق ہی نہیں ہوا، تو یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ روزہ کو توڑا گیا، کیونکہ تحققِ صوم کے لئے نیت شرط ہے، اور نیت کی حقیقت قصدِ جازم ہے، جو صورتِ مسئولہ میں نہیں پایا گیا، بلکہ نیت معلق تھی ساس کی اجازت پر اور ایسی نیت سے صوم کا تحقق نہیں ہوتا، پس افسادِ صوم بھی نہیں پایا گیا، قال فی مراقی الفلاح: وحقیقة النیة قصدہ عازما بقلبه صوم غد الخ (ص ۳۷۴) وفیه ایضا واما القسم الثانی وهو ما یشترط له تعیین النیة وتبییتها فهو قضاء رمضان وقضاء ما افسده من نفل وصوم الکفارات بانواعها ککفارة الیمین وصوم التمتع والقران و النذر المطلق اھ (ص ۳۷۶)۔

۴ر شعبان ۴۷ھ

سحری کے وقت طلوعِ فجر سے قبل اذان دینے اور ایسے اذان کے اعادہ کا حکم۔

سوال (۷) حضرت! دیہات میں اکثر لوگ اذان سنکر کھانا پینا بند کرتے ہیں، اور گھڑی بھی ہمیشہ صحیح نہیں رہ سکتی، کیونکہ کوئی بہتر ذریعہ ملانے کا نہیں ہوتا، کبھی کبھی طلوعِ غروب سے بھی بوجہ ابر ہونے کے نہیں ملا سکتے، تو ایسی حالت میں ان لوگوں کا روزہ ہوگا یا کہ کچھ نقصان پڑے گا، اسی خیال سے کہ لوگ کھانے سے بند ہو جائیں گے اذان صبح صادق سے دس یا پانچ منٹ قبل پڑھنا جائز ہے یا کہ نہیں، کیونکہ دیہات میں کوئی ذریعہ دیگر بند کرنے کا نہیں ہوتا، حکمِ شرعی سے حضور اطلاع بخشیں؟

الجواب؛ اگر یہ لوگ اذان کے بھروسہ پر نہ رہتے ہوں، بلکہ اپنے دل کی گواہی کے موافق کھاتے ہوں اور بند کرتے ہوں تو ان کے روزہ میں شبہ نہ ہوگا، اور دل کی گواہی وہ معتبر ہے جو خوفِ خدا کے ساتھ ہو اور وقت کی پہچان بھی ہو، اور اگر اذان کے بھروسہ ہی پر رہتے ہوں تو اُن کے روزوں میں شبہ رہے گا، اگر مؤذن صبح ہونے کے بعد اذان کہتے ہوں اور ایسی حالت میں مؤذن کو یہ جائز ہے کہ اذانِ فجر صبح صادق سے دس پندرہ پہلے کہہ دی جائے، تاکہ لوگ کھانے پینے سے رُک جائیں، مگر صبح صادق ہونے کے بعد اس اذان کا اعادہ کر دیا جائے گو اعادہ زیادہ بلند آواز سے نہ ہو، معمولی ہی آواز سے ہو، قلت وعلی ذلك حملت الحنفية الاذانين فی عهد النبی صلی الله علیه وسلم ان الاول کان لمصلحة اخری غیر اعلام الوقت وهذه ایضا مصلحة قد مست الحاجة الیها فی القری فان

اهلها لا یمتنعون عن الاکل الا بالاذان، مگر اس کے لئے خاص انتظام کی ضرورت ہے کہ گاؤں کے سربرآوردہ لوگ ایک دو مؤذن اس کام کے لئے مخصوص کر دیں ورنہ گڑبڑ ہوگی۔

۲۱ر رمضان ۴۷ھ

حکم افطار قبل از اذان

سوال (۸) در رمضان المبارک از اذان و افطار کدام را مقدم نمودن مسنون است در تاخیر نماز از افطار کلام نیست، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم با اصحاب صلعم اول افطار کردند یا اذان کردند، دریں بارہ حدیثے صحیح ارشاد فرمایند؟

الجواب؛ تقدیم افطار قبل از نماز مغرب مسنون است، واما اذان، پس مؤذن قبل از ان افطار کند و غیر مؤذن مع الاذان الا ان یکون عارفا بالوقت او یفعل المؤذن فلہ ان یقدم الفطر علی الاذان، مگر مراد از افطار شبع بالطعام نیست بلکہ افطار بر تمرہ یا شربۃ ماء ونحوہ، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلث من سنن المرسلین تعجیل الافطار وتاخیر السحور الخ رواہ الطبرانی (زیلعی ص ۴۵۳ ج ۱) ولا شک ان فی الافطار بعد الصلوٰۃ تاخیرا وما روی عن بعض الصحابۃ انہم کانوا یفطرون بعد المغرب ای بعد الصلوٰۃ فمحمول علی الشبع ای کان یاکل الطعام بعد المغرب دون تاخیر الفطر مطلقا، واللہ اعلم۔

۱۶ر رمضان ۴۸ھ

فصل فی رؤیۃ الہلال

اگر رویتِ ہلال کی شہادت عید کے دن طلوعِ آفتاب سے قبل مل گئی، تو مجمع کے خیال سے اگلے دن تک تاخیر کرنا صحیح نہیں

سوال (۱) ایک شہر میں انتیس تاریخ رمضان المبارک رؤیتِ ہلال نہ ہوئی، تیس تاریخ کی صبح کو فجر کی نماز کے متصل ہی اطول ایام میں رؤیت پر شہادت گذری، اور قبول ہونے کے بعد ہی فوراً شہر میں اعلان افطار کا امام شہر کی جانب سے کر دیا گیا، اور اس کا بھی اعلان ہوا کہ نماز عیدگاہ میں اپنے مقررہ وقت پر آج ہی پڑھی جائیگی اس اعلان پر بعض حضرات شہر نے امام شہر سے یہ کہا کہ آج نماز کو ملتوی رکھنا چاہئے، کیونکہ کامل اجتماع ساکنانِ شہر و نیز اہل قریات کا آج دشوار ہے، اس کو امام صاحب نے تسلیم کر کے دوبارہ دوسرے روز نماز کی ادائیگی کا اعلان کرایا، چنانچہ عیدگاہ میں نماز دوسرے ہی روز پڑھی گئی، لیکن چند مساجد شہر میں افطار کے روز ہی نمازِ عید وقت پر پڑھ لی، اس پر بہت سے

Made searchable using ScribeTools.com

لوگوں کا اعتراض ہوا کہ یہ امر تفریق بین المسلمین ہی اور حکم امام کے خلاف ہی اب دریافت طلب یہ امر ہی کہ اگر اطول ایام میں آفتاب طلوع ہونے کے متصل ہی رویت پر شہادت گذر جائے اور قبول ہونے پر روزہ افطار کر لیا جائے تو نمازِ عید اسی روز پڑھنا واجب ہی یا امر موہوم عدمِ اجتماعِ کثیر کے احتمال پر ادائگی نماز دوسرے روز پر ملتوی کر دی جائے؟ در مختار کتاب الاضحیۃ میں قبیل عبارۃ کرہ تنزیہا الذبح لیلاً پر صاحبِ شامی تحریر فرماتے ہیں لو شہدوا بعد نصف النہار انہ العاشر جاز لہم ان یضحوا ویخرج الامام من الغد فیصلی بہم العید وان علم فی صدر النہار انہ یوم النحر فشغل الامام عن الخروج او غفل فلم یخرج ولم یأمر احدا ان یصلی بہم فلا ینبغی لاحد ان یضحی حتی یصلی بہم الامام الی ان تزول الشمس فاذا زالت قبل ان یخرج الامام ضحی الناس اھ، یہ عبارت مفید اس معنی کو ہی کہ اگر صدرِ نہار میں اس امر پر شہادت گذری کہ آج عید کا روز ہے تو امام پر واجب ہی کہ اُسی روز نماز عید پڑھا دے، اور حدیث سے جو یہ امر ثابت ہی کہ ایسی صورت میں دوسرے روز نماز پڑھی گئی، تو بعض روایت میں تصریح اس امر کی ہے کہ اطلاع رویت کی بعد الزوال ہوئی تھی، اور مذکورہ صورت میں اگر امام عید کی نماز دوسرے روز پڑہنے کا اعلان کرے تو شہر کے لوگوں کو کیا کرنا چاہئے؟ آیا وہ اپنے اپنے محلوں کی مساجد میں نماز عید پڑھ لیں یا دوسرے ہی روز پڑھیں؟ کتبِ فقہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ قولِ راجح پر دوسرے روز عذر کی بناء پر ہے، نماز قضا ہوتی ہے ادا نہیں ہوتی، اور بلا عذر کے نیز ایسے عذر کی بناء پر کہ شرع شریف میں وہ معتد بہ عذر شمار نہ ہو، دوسرے روز نماز پڑھنا صحیح نہیں، بلکہ شغل بما لا یصح میں داخل ہو کر دیگر محظوریوں کو مستلزم ہوتا ہے۔

الجواب؛ جب فجر کی نماز سے متصل شہادت رویت گذری ہے تو اب محض دیہات والوں یا سست مزاج شہریوں کے عدمِ اجتماع کے خیال سے عید الفطر کو اگلے دن کے لئے امام کا مؤخر کرنا جائز نہ تھا، بلکہ یہ تاخیر چونکہ بلا عذر ہوئی ہے اس لئے اگلے دن نماز صحیح نہیں ہوئی، اس صورت میں جن مسلمانوں نے اپنی اپنی مساجد میں نمازِ عید ادا کی اُن کا فعل موافق شرع ہے، ایسا ہی کرنا چاہئے تھا، اور تفریق بین المسلمین اس وقت حرام ہے جبکہ دوسری طرف بھی گنجائش ہو، اور اگر دوسری طرف شریعت کی مخالفت ہو تو حسبِ قدرت اُن سے مفارقت کا اظہار ضروری ہے، قال فی الدر وتوخر ای صلوۃ عید الفطر (۱۲)

بعذر کمطر الی الزوال من الغد فقط، فوقتہا من الثانی کالاول وتکون قضاءً لا اداءً اھ وفیہ ایضاً فالعذر ہہنا لنفی الکراہۃ وفی الفطر للصحۃ اھ قال الشامی قولہ بعذر کمطر دخل فیہ ما اذا لم یخرج الامام وما اذا غم الہلال و شہدوا بہ بعد الزوال او قبلہ بحیث لا یمکن جمع الناس اھ (ص ۸۰۵ ج ۱) قلت والمراد بالامام ہو الامام الاعظم او نائبہ فان خلافہ لا یطاق فعدم خروجہ عذر فی حق العامۃ ولو کان ہو اثما واما امام العیدین والجمعۃ فی بلادنا فعدم خروجہ لیس بعذر لان خلافہ لا یضر فاذا لم یخرج بلا عذر و خالف حکم الشریعۃ لا تترک العامۃ صلوتہم بل یجتمعون علی امام غیرہ او یصلون فی مساجد مختلفۃ باختلاف المحال قال فی مراقی الفلاح وقیل العذر للجواز لا لنفی الکراہۃ فاذا لم یکن عذر لا تصح فی الغد اھ (ص ۳۱۱) ۲۲ صفر ۱۳۴۱ھ

خطا و تار کے ذریعہ رویتِ ہلال کی خبر معتبر ہے یا نہیں؟

سوال (۲) رویتِ ہلال میں خط یا تار کا اعتبار ہے یا نہیں فی زمانتا جو تاریں موصول ہوتی ہیں ان کے مرسل کا بھی حال عموماً مستور ہی ہوتا ہے، اور بسا اوقات مرسل اہل ہنود نکلتے ہیں، ایسے حال میں کیا حکم ہی؟

الجواب؛ رویتِ ہلال میں تار بالکل معتبر نہیں، ہاں خط کا چند قیود سے اعتبار کیا جاتا ہے، جس کی تفصیل امداد الفتاوی، ص ۱۷۲ جلد اوّل وصفحہ ۶۴ جلد اوّل تتمہ امداد الفتاوی میں موجود ہے، اور اس کے ساتھ صفحہ ۶۱ تتمہ مذکور کو بھی ضرور دیکھا جاوے۔

۱۴ جمادی الثانی ۱۳۴۵ھ

تحقیق رویتِ ہلال در حالتِ غیم وقبولِ شہادت وغیرہ

سوال (۳) احکام الادلۃ فی احکام الاہلۃ اگر ہلالِ رمضان یا شوال در روز غیم یک کس عادل حُر عاقل یا دو کس دیدہ پیش عالم ثقہ در قریہ یا مصر گواہی دادند، عالم ثقہ گواہی ایشاں قبول کرد و حکم بصوم یا افطار کرد و در دیگر قری بذریعہ یک مردم یا دو مردم اطلاع داد کہ نزد ما ثبوت ہلال بقواعد شرعیہ شدہ است آیا مردمہائے قریہ را بقول ایں عالم ثقہ صوم و افطار واجب است یا خود بخود از بینندگانِ ہلال شنوند و گواہی قبول کنند یا قبول کردن گواہی عالم ثقہ کافی است، ہر چہ حکم شریعت مطہرہ است بسند کتاب مطلع فرمایند؟

الجواب؛ فی الدر المختار وتقبل شہادۃ واحد علی اخر کعبد وانثی ولو علی

مثلهما وقال الشامی برقوله وتقبل شهادة واحد علی اخر) بخلاف الشهادة علی الشهادة فی سائر الاحکام حیث لا تقبل مالم یشهد علی شهادة کل رجل رجلان او رجل وامرأتان (قوله کعبد وانثی) ای کما تقبل شهادة عبد وانثی (قوله ولو علی مثلهما) افاد بهذا التعمیم قبول شهادتهما علی شهادة حر او ذکر وهو بحث لصاحب النهر وقال ولم اره (ص ۱۴۶ ج ۲)۔

(۲) ولا یشترط فی هذه الشهادة لفظ الشهادة ولا الدعوی وحکم الحاکم حتی انه لو شهد عند الحاکم وسمع رجل شهادته عند الحاکم وظاهره العدالة وجب علی السامع ان یصوم ولا یحتاج الی حکم الحاکم (عالمگیریه ص ۱۲۷ ج ۱)۔

(۳) ثم انما یلزم الصوم علی متاخری الرؤیة اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب حتی لو شهد جماعة ان اهل بلدة قد راؤا هلال رمضان قبلکم بیوم فصاموا وهذا الیوم ثلثون بحسابهم ولم یر هؤلاء الهلال لا یباح فطر غد ولا یترک التراویح فی هذه اللیلة لانهم لم یشهدوا بالرؤیة ولا علی شهادة غیرهم وانما حکوا رویة غیرهم (عالمگیریة ص ۱۲۸ ج ۱)۔

(۴) فی الدر نعم لو استفاض الخبر فی البلدة الاخری لزمهم علی الصحیح من المذهب مجتبی وغیره وقال الشامی تحت (قوله نعم) قال الرحمتی معنی الاستفاضة ان تاتی من تلک البلدة جماعات متعددون کل منهم یخبر عن اهل تلک البلدة انهم صاموا عن رویة لا مجرد الشیوع من غیر علم بمن اشاعه کما قد تشیع اخبار یتحدث بها سائر اهل البلدة ولا یعلم من اشاعها (ص ۱۴ ج ۲)۔

(۵) (ولو کانوا ببلدة لا حکم فیها صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلین) مع العلة (للعنه ورة) وقال الشامی (قوله لا حاکم فیها) ای لا قاضی ولا والی کما فی الفتح (قوله صاموا بقول ثقة) ای افتراضا لقول المصنف فی شرحه وعلیهم ان یصوموا بقوله اذا کان عدلا امط (قوله وافطروا الخ) عبارة غیره لا باس ان یفطروا۔ والظاهر ان المراد به الوجوب ایضا والتعبیر بنفی البأس لانه مظنة الحرمة کما فی نفی الجناح فی قوله تعالی "فلا جناح علیکم ان تقصروا من الصلوٰة" ومثله کثیر فی کلامهم فافهم (ص ۱۴۶ ج ۲)۔

(۶) (وشرط للفطر) مع العلة والعدالة (نصاب الشهادة ولفظ اشهد وعدم القذف لتعلق نفع العبد الخ ص ۱۴۶ ج ۲، درمختار مع الشامی)۔

(۷) لا یجوز علی شهادة رجل اقل من شهادة رجلین او رجل وامرأتین وکذا علی شهادة المرأة وهذا عندنا کذا فی الخلاصة رجلان شهدا علی شهادة رجلین او علی شهادة رجل وامرأتین جاز عندنا کذا فی فتاوی قاضی خان (عالمگیریه (ص ۲۷۳ ج ۴)۔

(۸) (وهی مقبولة) وان کثرت استحسانا قال الشامی تحت قوله وان کثرت) اعنی الشهادة علی شهادة الفروع ثم وثم الخ ص ۶۰۷ ج ۴ شامی۔

(۹) فی الدر المختار (و) هلال (الاضحی) وبقیة الاشهر التسعة (کالفطر) علی المذهب وقال الشامی (قوله والاضحی کالفطر) ای ذو الحجة کشوال فلا یثبت بالغیم الا برجلین او رجل وامرأتین وفی الصحو لابد من زیادة العدد علی ما قدمناه وفی النوادر عن الامام انه کرمضان وصححه فی التحفة والاول ظاهر المذهب وصححه فی الهدایة وشرحها والتبیین فاختلف التصحیح وتأید الاول بانه المذهب بحر (قوله وبقیة الاشهر التسعة) فلا یقبل فیها الا شهادة رجلین او رجل وامرأتین عدول احرار غیر محدودین کما فی سائر الاحکام عن شرح مختصر الطحاوی للامام الاسبیجابی وذکر فی الامداد انها فی الصحو کرمضان والفطر ای فلابد من الجمع العظیم ولم یعزه لاحد لکن قال الخیر الرملی الظاهر انه فی الاهلة التسعة، لا فرق بین الغیم والصحو فی قبول الرجلین لفقد العلة الموجبة لاشتراط الجمع الکثیر وهی توجه الکل طالبین ویؤیده قوله کما فی سائر الاحکام فلو شهدا فی الصحو بهلال شعبان وثبت بشروط الثبوت الشرعی یثبت رمضان بعد ثلاثین یوما من شعبان وان کان رمضان فی الصحو لا یثبت بخبرهما لان ثبوته حینئذ ضمنی ویغتفر فی الضمنیات مالا یغتفر فی القصدیات اه (شامی ص ۱۵۲ ج ۲)۔

رویت ہلال رمضان کی شہادت میں ابر وغیرہ کے وقت جس طرح ایک عادل مرد یا عورت کافی ہے، اسی طرح ایک عادل مرد یا عورت اگر یہ شہادت دے کہ فلاں عادل عورت یا مرد نے رویت کی شہادت دی ہے تب بھی رویت ثابت ہوجاتی ہے (جیسا کہ روایت میں ہے) اور رمضان کے لئے شہادت کا لفظ بھی ضروری نہیں، اگر یوں کہدے کہ میں نے

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

چاند دیکھا ہے تب بھی کافی ہے، و نیز قاضی وغیرہ کا حکم بھی شرط نہیں، بلکہ بدون حکم حاکم بھی شہادتِ عادل پر عمل واجب ہی، اور مستور الحال بھی عادل کے حکم میں ہے، (ملاحظہ ہو روایت نمبر ۲) اور ظاہر یہ ہے کہ شہادت علی الشہادت میں بھی لفظ شہادت شرط نہیں، بلکہ یہ خبر دینا ہی کافی ہے کہ فلاں شخص نے رُویتِ ہلال کی شہادت یا خبر دی ہے) اور اگر شہادت کی خبر نہیں دی بلکہ ویسے ہی ذکر کیا کہ فلاں شہر والوں (یا فلاں شخص) نے چاند دیکھا ہے تو رویت ثابت نہیں ہوتی، (جیسا کہ روایت نمبر ۳ سے معلوم ہوتا ہے) البتہ اگر کسی جگہ عام طور پر بطریقِ معتبر روزہ رکھا جاوے اور وہاں کی خبر بطریق شہرت پہونچے تو روزہ واجب ہوگیا، اس میں یہ ضروری نہیں کہ شہادت علی الشہادت کے طریق پر کہا جاوے (ملاحظہ ہو روایت نمبر ۴) اور جس طرح ہلال رمضان بدونِ حکم حاکم ثابت ہوجاتا ہے اسی طرح ہلال عید الفطر بھی فقط شہادت سے ثابت ہوجاتا ہے، جبکہ وہاں حاکم و قاضی وغیرہ نہ ہو (روایت نمبر ۵ ملاحظہ ہو) لیکن ھلالِ فطر میں لفظ شہادت ہونا ضروری ہے البتہ اگر شہادت حاکم و قاضی کے ہاں نہیں تو باخبار عدلین سے (معلوم ہوتا ہے کہ بدون لفظ شہادت بھی رویت ثابت ہوجاتی ہے (لیکن لفظ شہادت کا استعمال کرنے میں احتیاط ہی) و نیز ابر وغیرہ میں دو شاہد ہونا شرط ہے، (جیسا روایت نمبر ۶ میں ہے) اور ہلالِ فطر میں شہادت علی الشہادت کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہر ایک گواہ کیلئے نصاب کامل ہو، یعنی دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں گواہی دیں کہ فلاں شخص نے گواہی دی ہے، اور دوسرے شخص کے لئے بھی اسی طرح ایک مرد دو عورت یا دو مرد گواہ ہوں، البتہ اگر دو مرد (یا ایک مرد اور دو عورتیں) یہ گواہی دیں کہ ہمارے سامنے ان دونوں گواہوں نے گواہی دی ہے تب ایک ہی نصاب کافی ہے (ملاحظہ ہو روایت ۷) پس اگر وہ فرستادہ خود بھی شہادت کے وقت موجود تھا تو اس کی خبر معتبر ہے، اور اگر فرستادہ وقتِ شہادت موجود نہ تھا تو جو اُس وقت موجود تھے وہ فرستادہ کے پاس شہادت دیکر بھیجیں (ملاحظہ ہو روایت نمبر ۸) اور فرستادہ رمضان میں ایک مرد یا عورت کافی ہے، اور شوال میں دو مرد یا ایک مرد دو عورت کی ضرورت ہے، جبکہ دونوں شاہدوں نے ان کے سامنے شہادت دی ہو، ورنہ ہر شاہد کی شہادت پر نصاب کامل کی ضرورت ہی، کما مر، اور اگر یہ فرستادہ نہ تو وقتِ شہادتِ رویت موجود ہوا اور نہ اُن کے پاس اس

وقت کے شاہدوں نے شہادت دی بلکہ ویسے ہی بھیجدیا، کہ جاکر رمضان یا شوال کی اطلاع کردو، تو اس سے اُن دیگر اہل قریٰ پر نہ روزہ واجب ہوگا نہ عید جائز ہوگی، کما ہو الظاہر) اور شامی ص ۵۰ ج ۲ میں ہے: قلت وکذا لو شہد وا برؤیۃ غیرھم وان قاضی تلک المصر امر الناس بصوم رمضان لانہ حکایۃ لفعل القاضی ایضاً ولیس بحجۃ بخلاف قضائہ الخ وایضاً فی الصفحۃ المذکورۃ قلت ووجہ الاستدراک ان ھذہ الاستفاضۃ لیس فیہا شہادۃ علی قضاء قاض ولا علی شہادۃ لکن لما کانت بمنزلۃ الخبر المتواتر وقد ثبت بہا ان اھل تلک البلدۃ صاموا یوماً کذا لزم العمل بہا لان البلدۃ لا تخلوا عن حاکم شرعی عادۃ فلا بد من ان یکون صومھم مبنیاً علی حکم حاکمھم الشرعی فکانت تلک الافاضۃ بمعنی نقل الحکم المذکور وھی اقوی من الشہادۃ بان اھل تلک البلدۃ راؤا الھلال وصاموا لافادتہا الیقین فلن لم تقبل الا اذا کانت علی الحکم او علی شہادۃ غیرھم لتکون شہادۃ معتبرۃ والا فھی مجرد اخبار بخلاف الاستفاضۃ فانہا تفید الیقین فلا ینافی ما قبلہ ھذا ما ظھر لی فتأمل اھ۔

وایضاً فی صفحہ ۵۵ تحت (قولہ بطریق موجب) کان یتحمل اثنان الشہادۃ او یشہد اعلی حکم القاضی او یستفیض الخبر الخ۔

اس سے معلوم ہوا کہ قاضی و حاکم کے حکم کی شہادت بھی پہونچ جاوے تب بھی رویت ثابت ہوجاتی ہے، خواہ شہادت علی الحکم کے ساتھ شہادتِ رویت کا بیان ہو، یا نہ ہو۔

اب رہی یہ بات کہ مفتی کا حکم اور فتویٰ حکمِ حاکم کے قائم مقام ہوگا یا نہیں، اس کی تصریح تو کہیں ملی نہیں، مگر ضرورت کی وجہ سے قاضی وغیرہ نہ ہونے کی حالت میں جیسا کہ خطیب جمعہ مسلمانوں کے مقرر کرنے سے ہوجاتا ہے، کما فی الدر (ونصب العامۃ الخطیب (غیر معتبر مع وجود من ذکر) اما مع عدمھم فیجوز للضرورۃ، اھ۔ اسی طرح اس میں گنجائش معلوم ہوتی ہے، مگر زیادہ احتیاط اسی میں ہے کہ عالم فقط اپنا فیصلہ سُنا کر کسی کو نہ بھیجے، بلکہ اشہاد کے بعد بھیجے، اور رمضان میں ایک عادل اور فطر میں دو عادل جب کافی ہیں جبکہ ابر یا غبار ہو، ورنہ جم غفیر کی حاجت ہی، البتہ اگر کسی جگہ جم غفیر نے شہادت دی اور پھر اُس شہادت پر دو شاہد دوسری جگہ شہادت دیں تب تو ہی

شاہد کافی ہیں لما فی الدر (فیلزم اھل المشرق برویۃ اھل المغرب) اذا ثبت عندھم رویۃ اولئک بطریق موجب کما مرّ وقال الشامی تحت (قولہ بطریق موجب) کان یتحمل اثنان الشھادۃ او یشھد اعلی حکم القاضی او یستفیض الخبر بخلاف ما اذا اخبر ان اھل بلدۃ کذا رأوہ لأنہ حکایۃ ۔ اور عید الاضحیٰ کا حکم عید الفطر کی طرح ہے اور بقیہ نو مہینوں کا چاند ہر حال میں دو مرد یا ایک مرد دو عورتوں کی شہادت سے ثابت ہو جاتا ہے، خواہ ابر ہو یا نہ ہو، جیسا کہ روایت نمبر ۹ سے ثابت ہے، اور اگر کسی جگہ رویت نہ ہوا اور نہ کہیں سے معتبر شہادت پہونچے تو بظاہر اُن پر یہ واجب نہیں کہ دوسری جگہ سے رویت کی تحقیق کریں، جیسا کہ عالمگیریہ، ص ۱۲۷ ج ۱ سے معلوم ہوتا ہے، یجب ان یلتمس الناس الھلال فی التاسع والعشرین من شعبان وقت الغروب فان رأوہ صاموہ وان غم اکملوہ ثلثین یوما کذا فی الاختیار شرح المختار اھ۔

حررہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ۔

(قلت والالتماس ھو طلب الشئ بنفسہ لا التنقب من الغیر فقد ورد فی لیلۃ القدر التمسوہ فی العشر الاواخر ای اطلبوہ منفردین لا ان تسئلوہ عن کل احد (۱۲) والاجوبۃ کلھا صحیحۃ، ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۳۰ شوال ۴۳ھ۔

رویتِ ہلال اور صوم یوم الشک کے بارے میں ایک استفتاء

سوال (۴) اس سال ہلال رمضان کے بابت ہمارے دیار میں سخت اختلاف پڑا ہے، چھ سات محلہ کے آدمی بوجہ شہادت پانچ شخص کے برویۃ ہلال فی الصحراء نزدیک ایک فقیہ کے اور قبول ہونے شہادت ان کے بُدھ کے دن سے روزہ رکھیں، اور تیسویں تاریخ جمعرات کو ہلال شوال نہ دیکھنے کی وجہ سے جمعہ کے دن بھی روزہ رکھیں، اور روزے اُن کے اکتیس ہو گئے، اور جمعرات کے روزہ داروں کے تیس ہو گئے، اب بعضے عالم بُدھ کے دن کے روزہ کو صوم یوم الشک بنیۃ رمضان پر حمل کر کے مکروہ تحریمی فرماتے ہیں، لما فی الدر المختار ولو جزم ان یکون من رمضان کرہ تحریما، اور بُدھ کے دن کے روزہ دار کہتے ہیں جب حسبِ عبارت رد المحتار، بحر، بدائع وغیرہ روایت حسنؒ از امام یصوم رمضان بشھادۃ الاثنین عند الصحو ایضاً مفتی بہ ہونا قرار پایا، تو ہمارا روزہ رکھنا حسب شریعت صحیح اور درست ہے، پھر مکروہ ہونیکا کیا معنی؟ فی رد المحتار، ج ۲ ص ۱۰۱ مصری قولہ وعن الامام انہ یکتفی بشاھدین

واختارہ فی البحر الخ حیث قال وینبغی العمل علی ھذہ الروایۃ فی زماننا لان الناس تکاسلت عن تراءی الاھلۃ فانتفی قولہ مع توجھم طالبین لما توجہ ھو الیہ فکان النفر دغیر ظاھر فی الغلط ثم ایّد ذلک بان ظاھر الولوالجیۃ والظھیریۃ یدل علی ان ظاھر الروایۃ ھو اشتراط العدد لا الجمع العظیم والعدد یصدق باثنین اھ اقرہ فی النھر والمنح ونازعہ محشیہ الرملی بان ظاھر المذھب اشتراط الجمع العظیم فیتعین العمل بہ لغلبۃ الفسق والافتراء علی الشھر الخ اقول انت خبیر بان کثیرا من الاحکام تغیرت لتغیر الازمان ولو اشترط فی زماننا الجمع العظیم لزم ان لا یصوم الناس الا بعد لیلتین او ثلاث لما ھو مشاھد من تکاسل الناس بل کثیرا ما رأیناھم یشتمون من یشھد بالشھر ویوذونہ وحینئذ فلیس فی شھادۃ الاثنین تفرد من بین الجمع الغفیر حتی یظھر غلط الشاھد فانتفت علۃ ظاھر الروایۃ فتعین الافتاء بالروایۃ الاخری، انتھی۔

بلکہ دیگر ممالک سے جمعہ کے دن عید ہونے کی خبر سن کے فرماتے ہیں کہ جمعرات سے روزہ داروں پر ایک روزہ قضا کرنا ضروری ہے، لما فی البدائع ج ۲ ص ۸۲ مصری ولو صام اھل بلد ثلثین یوما وصام اھل بلد اخر تسعۃ وعشرین یوما فان کان صوم اھل ذلک البلد برویۃ الھلال وثبت ذلک عند قاضیھم اوعدل واشعبان ثلاثین یوما ثم صاموا رمضان فعلی اھل البلد الاخر قضاء یوم لانھم افطروا یوما من رمضان لثبوت الرمضانیۃ برؤیۃ اھل ذلک البلد وعدم رؤیۃ اھل البلد الاخر لا یقدم فی رؤیۃ اولئک اذ العدم لا یعارض الوجود الخ۔

اب معروض خدمت میں یہ ہے کہ (۱) بُدھ کے دن کے روزہ کا کیا حکم ہے، (۲) اور جمعرات کے روزہ رکھنے والوں پر ایک روزہ قضا ادا کرنا واجب ہے یا نہیں (۳) اور باوجود سننے خبر رویتِ ہلال کے بُدھ کے دن روزہ نہ رکھنے والوں پر اور رکھکر توڑ دینے والوں پر کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ حضور عالی کے دستخط نہایت ضروری ہے، بجز اس کے لوگ اعتبار نہ کریں گے۔

الجواب: بُدھ کے دن سے روزہ رکھنے والوں پر کراہت صوم یوم الشک کا الزام صحیح نہیں، جبکہ انھوں نے فقیہ کے سامنے شہادت گذرنے اور اس کے قبول ہو جانے کی

Made searchable using ScribeTools.com

بناء پر روزہ رکھا، گو اس فقیہ نے بروایت متون کے خلاف حالتِ صحو میں جم غفیر کے بغیر ثبوتِ ہلال کا فتویٰ دیدیا، مگر عوام کو تو علماء کا اتباع لازم ہے جبکہ اس کا فتویٰ کسی ایک روایت کے موافق ہے۔

(۲ و ۳) جمعرات سے روزہ رکھنے والے دو قسم کے ہیں، ایک علماء دوسرے جہلاء، علماء کو اگر فقیہ مذکور کا فتویٰ اس وجہ سے مسلّم نہ ہوا کہ اس نے روایت متون کے خلاف فتویٰ دیا تو ان کو گناہ نہیں ہوا، اور یہی حکم ان جہلاء کا ہے جو اُن علماء کے معتقد ہیں جنھوں نے اُن علماء کے اختلاف کی وجہ سے فقیہ مذکور کے فتویٰ کو تسلیم نہیں کیا، اور اس کی صحت میں ان کو شبہ ہو گیا، رہے وہ جہلاء جن کو فقیہ مذکور کے فتویٰ کا علم ہوا اور دوسرے علماء کے خلاف کا علم نہیں ہوا ان کو بُدھ کے دن روزہ نہ رکھنے سے گناہ ہوا۔

رہا یہ کہ ان لوگوں کے ذمہ ایک روزہ کی قضا اور اس کے عمداً توڑنے سے کفارہ واجب ہوگا یا نہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ شہادت مذکورہ کے موافق تیس دن پورا کرنے کے بعد بھی چاند نہ ہونے سے شہادت مذکورہ کا کذب وغلط محقق ہو گیا، اس لئے بُدھ کے دن ثبوت رمضان قطعی نہ رہا، پس وجوب کفارہ کی کوئی وجہ نہیں اور نہ قضا واجب ہے، البتہ جن مقامات سے جمعہ کی عید کی خبر آئی ہے اگر وہاں سے بُدھ کے دن یکم رمضان ہونے کی بھی اطلاع آجائے، اور یہ اطلاع بطریق موجبِ شرعی حاصل ہو تو ان لوگوں پر بُدھ کے دن ایک روزہ کی قضا واجب ہو گی، ورنہ نہیں، ۲۲ شوال ۴۶ھ۔

دو شخص مقبولِ الشہادت ۲۹ رجب کو رویتِ ہلال کی شہادت دیں تو بصورت قبولِ شہادت شعبان کے تیس دن پوری ہونے پر چاند نظر آئے یا نہ روزہ رکھا جائے گا یا نہیں، اور اس حساب سے تیس روزے پورے ہونے کے بعد عید منائی جائے گی یا نہیں؟

سوال (۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر رجب المرجب کی ۲۹ تاریخ کو باوجود مطلع صاف ہونے کے دو شخص مقبول الشہادت اور عادل رویتِ ہلال کی شہادت دیں تو ان کی شہادت سے شعبان کا چاند ثابت ہو گا یا نہیں، درصورتِ ثبوت شعبان کے تیس دن پورے ہو جانے کے بعد اگر چاند نظر نہ آئے خواہ مطلع صاف ہو یا نہ ہو تو رمضان مان کر روزہ رکھا جاوے اور تراویح پڑھی جائیں یا نہیں، صورتِ ہٰذا میں اگر روزہ رکھنا ضروری ہے تو تیس روزے رکھنے کے بعد چاند نظر نہ آنے کی صورت میں عید منائی جائے گی، یا

اکتیسواں روزہ رکھنا ضروری ہو گا، اور درصورت عدمِ ثبوت ہلال شعبان شامی کی عبارت تحت قول وبقیۃ الاشہر التسعۃ الخ و بحر الرائق، ص ۲۶۹ ج ۲ اور عبارت دیگر کتب فقہ کا کیا جواب ہو گا، مفصل اور مدلل بحوالہ کتب جواب تحریر فرما کر ماجور ہوجئے۔

الجواب: صورتِ مسئولہ میں دو عادل گواہوں کی شہادت سے ثبوتِ ہلالِ شعبان ہو جائے گا، اور شعبان کے تیس دن پورے ہو جانے پر رمضان کا ثبوت ہو جائیگا مگر اس امر کو خوب اچھی طرح دیکھ لیا جائے کہ ہلالِ رجب کا ثبوت شرعی ہو گیا تھا یا نہیں اور گواہ عادل تھے یا نہیں، اگر عادل تھے تو اُن کو رویتِ ہلال کا جزم تھا، اور ایسا جزم تھا کہ اس پر قسم کھا سکتے تھے، یا محض شبہ اور خیال ہی تھا۔

قال الشامی نقلاً عن الخیر الرملی فلو شهد انی الصحو بهلال شعبان وثبت بشروط الثبوت الشرعی یثبت رمضان بعد ثلاثین یوماً من شعبان وان کان رمضان فی الصحو لا یثبت بخبرهما لان ثبوته حینئذ ضمنی ویغتفر فی الضمنیات مالا یغتفر فی القصدیات اھ (ص ۱۵۲ ج ۲) ۱۴ رمضان ۴۷ھ

اس کے بعد اس جواب کو اس طرح بدلا گیا کہ اس مسئلہ میں اختلاف ہے، شامی نے رد المحتار میں تو امام اسبیجابی اور رملی کے قول پر اکتفاء کیا ہے، اور صاحبِ امداد کے قول پر زیادہ زور نہیں دیا، مگر حاشیہ بحر میں رملی کا قول نقل کر کے فرمایا ہے، لکن صرح فی الامداد بخلافه فاشترط الجمع العظیم (فی سائر الاشهر) ویوافقه اطلاق عبارة مواهب الرحمٰن فذکرها، چونکہ صاحب امداد نے بہت صراحت کے ساتھ جمیع اشہر میں بحالتِ صحو جمع عظیم کو شرط کہا ہے، پس اس کے خلاف فتویٰ پر جرأت کرنا نص صریح۔ مذہب کا محتاج ہے، علامہ رملی کا محض الظاہر کہنا کافی نہیں، واللہ اعلم، ۱۵ رمضان ۴۷ھ

رویتِ ہلال کے متعلق ایک استفتاء

سوال (۶۰) جالنہ ریاست نظام دکن میں بروز جمعہ چاند نظر آیا، اور رمضان المبارک پہلی تاریخ شنبہ قرار پائی، اور شنبہ کے روز روزہ بھی رکھا گیا، ۲۹ رمضان المبارک روز شنبہ کچھی یعنی (یمن) کے دو ملازم کھانا پکانیوالوں نے صرف چاند دیکھا، اور اس کی اطلاع قاضی صاحب صدر بازار کو دی، قاضی صاحب نے ان کا بیان لیا، اور اس کی تائید میں ایک مدینہ منورہ کا یمن صاحبان نے پیش کیا کہ مدینہ منورہ میں چاند رمضان کا بروز پنجشنبہ دیکھا گیا، اور جمعہ کے روز پہلا روزہ

رکھا گیا، اس لحاظ سے مدت یعنی ۳۰ رمضان ہے، یہاں (۳) سہ آبادی ہے، صدر بازار، جالنہ قدیم وقادر آباد، اور اس روز ابر بھی نہ تھا، ان دونوں ملازموں کے سوائے اور کسی نے نہ دیکھا اور قرب وجوار سے آنے والے اور موٹر سے آنے والے صاحب سے معلوم ہوا کہ آج چاند نہیں دیکھا، یعنی بروز شنبہ ۲۹ رمضان تو۔

الجواب؛ جب مطلع صاف تھا تو دو گواہ ہرگز کافی نہ تھے، اس حالت میں جن لوگوں نے روزہ نہیں رکھا، یا رکھکر توڑ دیا، انھوں نے سخت غلطی کی اور قاضی صاحب نے جو فتویٰ دیا وہ صحیح نہیں ہے۔

سوال؛ قاضی صاحب نے اس واقعات کے معلوم ہونے کے بعد بھی تحصیلدار صاحب جالنہ کے پاس خط مدینہ منورہ کا اور ان دو کا بیان پیش کیا، تحصیلدار صاحب نے منادی کرانے سے انکار کیا اور یہ کہا کہ گواہ عادل نہیں ہے، اور خط دور دراز مقام کا ہے، (۳۶) میل کے فاصلہ سے زائد ہے۔

الجواب. مطلع صاف ہونے کی حالت میں تو دو عادل بھی ہوتے تو قبول نہ کیا جاتا خط خود حجت نہیں ہے، اور فاصلہ زیادہ ہونا تو مضر نہیں، لیکن جہاں سے بھی خبر آوے معتبر شاہدین کے ذریعہ آنا شرط ہے۔

سوال؛ قاضی صاحب صدر بازار نے خود روزہ توڑ دیا اور لوگوں سے کہا روزہ مت رکھو تقریباً دو سو یا تین سو حضرات نے روزہ توڑ دیا، جن لوگوں نے روزہ توڑ دیا، ان کو ایک روزہ رکھنا ہوگا یا ۶۰ روزے؟

الجواب؛ مطلع صاف ہوتے ہوئے کوئی وجہ شبہ کی نہ تھی، لیکن قاضی صاحب کے فتویٰ کی وجہ سے عوام کو ایک گونہ شبہ ہو جاتا ہے، اس لئے کفارہ واجب نہیں، فقط قضا رکھنا کافی ہے، ونظیرہ فی الدر المختار (او احتجم فظن فطرہ به فاکل عمداً، قضی وکفر) لانه ظن فی غیر محله حتی لو افتاه مفتی یعتمد علی قوله او سمع حدیثاً ولم یعلم تاویله لم یکفر للشبهة وان اخطاء المفتی الخ واللہ اعلم۔

تار، خط اور ٹیلیفون کے ذریعہ رویت ہلال کی خبر معتبر نہیں

سوال (۷) تار یا ٹیلیفون کے ذریعہ چاند کی اطلاع آوے تو اس کا اعتبار کرنا چاہئے یا نہیں؟

الجواب؛ تار اور ٹیلیفون کی خبر معتبر نہیں ہے۔

سوال؛ خط کتنے میل سے آیا ہوا ہونا اس کا اعتبار اور قابلِ سند ہے؟

الجواب؛ میل کی کوئی تفصیل نہیں ہے، مگر یہ ضروری ہے کہ چند خط ہوں، اور ان کے لکھنے والے عادل ہوں، اور ان کا خط شناخت کر لیا ہو، اور جو خبر اُن میں لکھی ہو وہ محض سُنی سُنائی بات نہ ہو بلکہ پختہ شاہدوں کی شہادت ہو۔

سوال؛ تار یا ٹیلیفون کے ذریعہ ریاست نظام حیدر آباد سے اطلاع آوے یا قرب وجوار سے مقامی عہدہ دار منصف صاحب یا تحصیلدار صاحب کے، اور اس روز ابر نہ ہو، یا ابر ہو اور ابھی مدت ختم نہ ہوئی ہو تو کیا عمل کرنا چاہئے؟

الجواب؛ تار اور ٹیلیفون کا کسی حال میں اعتبار نہیں۔

رویتِ ہلال کے متعلق سرکاری منادی کا حکم

سوال (۸) اگر منادی بجائے منجانب سرکار کہ آج عید ہے، کیا روزہ توڑ دینا اور دوگانہ ادا کرنے جانا ہوگا؟

الجواب؛ اس کی بناء دیکھی جاوے، اگر شہادت معتبرہ کی وجہ سے منادی کی ہے تو عید کرنا لازم ہے، اور تار وغیرہ کی بناء پر منادی کر دی تو اس کا کچھ اعتبار نہیں، واللہ اعلم۔

احقر عبد الکریم، ۹ شوال ۴۸ھ الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ ۹ شوال ۴۸ھ

ثبوتِ رُویت کے بارے میں

سوال (۹) بجواب استفتاء مسلمانان بیکانیر جملہ کاغذات بایں تنقیحات کہ اُنتیس رمضان شنبہ کو مطلع صاف تھا یا نہیں واپس موصول ہوئے، جواباً بذریعہ عریضہ ہذا جملہ کاغذات واپس بھیجکر التماس ہے کہ جہاں تک ہمارا خیال ہے ۲۹ شعبان کو مطلع غبار آلود نہ تھا، اور نہ ہمارے شہر میں کسی کو رویتِ ہلال ہوئی، البتہ ۳۰ شعبان بروز جمعہ کو چاند دیکھکر بالاتفاق تمام اہل شہر نے شنبہ سے روزہ رکھنا شروع کئے، پھر ۲۹ رمضان المبارک شنبہ کو حالانکہ مطلع صاف تھا (ہمارے یہاں کے مطابق) چاند نظر نہ آیا، چنانچہ یکشنبہ کو ہم نے چاند دیکھا، اور دوشنبہ کو نمازِ عید پڑھی، مگر ہمارے مخالفین نے یکشنبہ ہی کو بغیر چاند دیکھے عید کر لی، ان کا استدلال یہ ہے کہ "اخبار زمیندار میں قاضی انب کا فتویٰ شائع ہوا تھا، کہ ہزارہ کے علاقہ میں روزے جمعہ سے شروع کئے گئے" مگر ہم نے اس استدلال کو نہیں تسلیم کیا، اور کہدیا کہ یہ اخبار کا فتویٰ ہے، ہم نہیں مانتے۔ اُن کا دوسرا استدلال یہ ہے کہ "حافظ یٰسین پیش امام مسجد علاقہ جیسلمیر میں اپنے دو مریدوں سے یہ سنکر آیا ہے کہ جیسلمیر میں بھی چاند جمعرات کو دیکھا گیا تھا" مگر ہم نے

Made searchable using ScribeTools.com

حافظ یٰسین کے اس بیان پر بھی اپنے روزے موقوف نہیں کئے، اور کہا کہ ہمارے سامنے یہ بیان ایک شخص کا ہے آج ہم عید نہیں مانتے، اس کے ساتھ ہی ساتھ ہم نے مزید اطمینان کے لئے ایک تار مولوی کفایت اللہ صاحب کو دیا تو جواب آیا کہ عید آج نہیں ہے، کل ۳ر مارچ سنہ ۳۸ء بروز پیر کو ہوگی، اب ہم کو کسی قدر اور اطمینان ہوگیا، ہم نے روزہ موقوف نہیں کیا، شام کو چاند دیکھکر دوشنبہ کو عید کی۔

اب مخالفین تو یہ کہتے ہیں کہ ۲۹ر رمضان کو مطلع غبار آلود تھا، ہم کہتے ہیں کہ نہیں، مطلع صاف تھا، ورنہ دہلی میں تو نظر آجاتا، وہاں بھی تو عید دوشنبہ کو ہوئی۔

دوسری تنقیح سامی کہ بچھاسر والوں کا بیان متفقہ لکھو، اس کے جواب میں یہ گزارش ہے کہ بچھاسر والوں نے ہمارے ساتھ دوشنبہ کے دن نماز عید پڑھی ہے، ان کا چاند کے متعلق کوئی بیان نہیں گذرا، ورنہ ہم خود اسی روز کیوں نہ نماز ادا کرتے؟

اب حل طلب تین سوال نکلے:۔

(۱) ایک تو یہ کہ حافظ یٰسین کا اپنے دو مریدوں سے کسی گاؤں میں سنکر آنا کہ وہاں جمعہ سے روزے رکھے گئے تھے ہمارے لئے شرعاً فطر کے لئے کافی تھا یا نہیں؟

جواب؛ کافی نہ تھا۔

سوال دوسرا یہ کہ فتویٰ قاضی انب مطبوعہ زمیندار کہ روزے موثق شہادت پر جمعہ سے شروع کئے گئے ہیں، ہمارے لئے موجب فطر تھا یا نہیں؟

جواب؛ موجبِ فطر نہ تھا۔

سوال؛ اس وقت تک ہمارے صرف ۲۹ روزے ہوئے تھے، کیونکہ ہم اہل شہر نے شنبہ کو چاند دیکھکر روزہ رکھا تھا، شوال کا چاند سنیچر کو نظر نہیں آیا، تار سے دلی میں بھی عید نہ ہونا پایا گیا، پھر کیا ہم کو اپنے روزے اُن وجوہ پر کھول دینے چاہئے تھے؟ لہٰذا استفتاء ہے کہ ہمارا دوشنبہ کے دن عید کرنا صحیح تھا یا ہمارے مخالفین کا یکشنبہ کے دن کر لینا؟

جواب؛ آپ کا دوشنبہ کو عید کرنا صحیح ہوا، اور مخالفین کے دلائل اگر وہی ہیں جو اوپر مذکور ہیں تو ان کا یکشنبہ کو افطار کرنا غلط تھا۔

سوال؛ ہم دونوں میں سے برسرِ صحت و موقع ملامت شرعاً کون تھا؟

جواب: اوپر لکھدیا گیا۔

سوال؛ قاضی صاحب انب نے یہ کیسے شائع کر دیا کہ موثق شرعی شہادت سے روزے جمعہ کو شروع کئے گئے ہیں، لہٰذا اتوار کو عید کر لو، حالانکہ دلی، لکھنؤ، دیوبند لاہور میں سب جگہ عید دوشنبہ کو ہی ہوئی ہے۔

الجواب؛ یہ سوال قاضی صاحب سے کیا جائے۔

سوال؛ اور ان شہر والوں نے قاضی انب کے فتویٰ کو کیوں نہیں تسلیم کیا؟

الجواب؛ اس لئے کہ اس میں کتاب القاضی کے شروط متحقق نہ تھے۔

سوال؛ اور ان کو ایسا فتویٰ قبل از وقت شائع بھی کرنا چاہئے یا نہیں؟

الجواب؛ ہرگز نہیں، کیونکہ یہ کتاب القاضی کی صورت میں داخل نہیں، جو حجت ہو، پھر بجز تشویش عوام کے اس سے کیا نفع تھا؟

سوال؛ مطبوعہ فتوی اخبارات کا واجب العمل ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں نہیں، بدلائلِ شرعیہ جواب مرحمت فرمایا جاوے؟

الجواب؛ تحریر وہ معتبر ہے جو شاہد کی ہو، یعنی جس نے خود چاند دیکھا ہو اور خود اس کے قلم کی ہو، اور اس تحریر کو بہت لوگ وثوق سے پہچانتے ہوں، یا قاضی کی دستخطی تحریر ہو، جو کسی قاضی یا عالم کے نام ہو، اور اس میں قاضی نے شہود کا نام اور پتہ لکھ کر مع اُن کے بیان اور اپنے فیصلہ کے دستخط کے ساتھ تحریر کیا ہو، اور دو معتبر مسلم گواہوں کے ہاتھ اُس خط کو دوسرے قاضی یا عالم کے پاس بھیجا ہو، جو اس کی گواہی دیں کہ یہ خط ہمارے سامنے قاضی نے لکھا ہے، اور جس کے نام خط ہو وہ قاضی کی تحریر کو خوب پہچانتا ہو، ورنہ اس کی بھی ضرورت ہوگی کہ دو گواہ مسلمان اس کی بھی شہادت دیں کہ ہمارے سامنے قاضی کے پاس شاہدوں کا یہ بیان ہوا، اور اس پر قاضی نے یہ فیصلہ کیا، وہذا کلہ مذکور فی الہدایۃ وغیرہا فی کتاب القاضی الی القاضی، چونکہ اخباری فتاویٰ اس شرط سے خالی ہوتے ہیں، اس لئے وہ حجت نہیں ہو سکتی، واللہ اعلم۔

نوٹ؛ یہ جواب تو اس امر کے متعلق تھا کہ عید کے موقع پر وجوہ مذکورۂ سوال کی بناء پر کس فریق کا عمل صحیح ہوا، لیکن اب مختلف و متعدد خبروں سے جو اس ایک مہینہ میں موصول ہوئیں، اور استفاضہ کی حد کو پہونچ گئیں، یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے رمضان بنہ سے شروع نہیں کیا، وہ ایک روزہ رکھ لیں۔ ۱۳ر ذیقعدہ سنہ ۳۸ھ

Made Searchable by ScribeTools.com

ٹیلیفون کے ذریعہ رویتِ ہلال کی خبر کا اعتبار ہے یا نہیں ؟

سوال (۱۰) اگر رویتِ ہلال کی خبر مختلف مقامات سے ٹیلیفون کے ذریعہ آوے اور ٹیلیفون میں بولنے والے کی آواز کو وہ شخص شناخت بھی کرلے کہ فلاں شخص بول رہا ہے، اور ٹیلیفون میں بولنے والے کی آواز کو وہ شخص شناخت کرسکتا ہے جسکو اس کا کام پڑتا ہے اور اس کا محاورہ ہے، اور اس وجہ سے ٹیلیفون کی خبر کو ٹیلی گرام کی خبر سے زیادہ معتبر سمجھا جاتا ہے، اور پھر سننے والے کو متفرق مقامات کی خبریں سننے سے اسکا اطمینان بھی ہوجائے کہ یہ خبریں سچی ہیں، اور ضرورت چاند ہوگیا ہے تو ایسی صورت میں ٹیلیفون کی خبر کا اعتبار کرکے روزہ رکھنے یا افطار کا شرعاً حکم دے سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب: اس سوال کا جواب لکھنے سے پیشتر چند امور ضروریہ درج ہیں:۔

۱، جب مطلع صاف نہ ہو، یعنی چاند نظر آنے کی جگہ ابر یا غبار وغیرہ ہو تو ہلالِ رمضان میں اصطلاحی شہادت شرط نہیں، بلکہ ایک عادل یا مستور الحال کی خبرِ رویت مقبول ہے، خواہ وہ خبر دہندہ غلام یا عورت ہی ہو، فی الدر المختار (وقیل بلا دعوی) بلا لفظ اشہد) وبلا حکم ومجلس قضاء لانہ خبر لا شہادۃ (للصوم مع علۃ کغیم) وغبار (خبر عدل) او مستور علی ما بہ صحح البزازی علی خلاف ظاہر الروایۃ لا فاسق اتفاقاً وھل لہ ان یشہد مع علمہ بفسقہ؟ قال البزازی نعم لان القاضی ربما قبلہ (ولو) کان العدل (رقاً او انثی او محدوداً فی قذف تاب) بین کیفیۃ الرویۃ او علی المذہب وتقبل شہادۃ واحد علی اٰخر کعبد وانثی ولو علی مثلہما (شامی ص ۱۴۵ ج ۲)۔

۲، ہلالِ فطر میں شہادتِ اصطلاحیہ شرط ہے، اس لئے لفظ شہادت بھی ضروری ہے اور شاہد کا عادل ہونا بھی لازمی ہے، مستور الحال کی شہادت قابلِ قبول نہیں، نصاب شہادت بھی شرط ہے، یعنی دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں، نیز غلام ومحدود فی القذف کا قول بھی اس باب میں معتبر نہیں فی الدر (وشرط للفطر) مع العلۃ والعدالۃ (نصاب الشہادۃ ولفظ اشہد) وعدم حد فی قذف لتعلق نفع العبد لکن (لا) تشترط (الدعوی) کما لا تشترط فی عتق الامۃ وطلاق الحرۃ (شامی ص ۱۴۶ ج ۲)۔

۳، چونکہ اخبار میں خط مقبول ہے اور شہادت میں مقبول نہیں، اس لئے ہلالِ فطر میں زبانی شہادت شرط ہے، خط غیر معتبر اور نا قابل قبول ہے، اور ہلالِ رمضان میں خط

بھی قابلِ قبول ہے، جبکہ اوس کو بخوبی شناخت کرلیا ہو۔

۴، یہ سب احکام مذکورہ اس جگہ کے لئے مصرح موجود ہیں جہاں قاضی وغیرہ موجود ہو اور جہاں اسلامی حکام نہ ہوں، چونکہ وہاں ادائے شہادت ممکن نہیں، لان من ارکانہا مجلس القضاء، اس لئے ایسی جگہ کے واسطے فقہائے کرام نے یہ تصریح فرمائی ہے کہ ولو کانوا ببلدۃ لا حاکم فیہا صاموا بقول ثقۃ وافطروا باخبار عدلین مع العلۃ للضرورۃ (درمختار) وقال العلامۃ الشامی تحت قولہ لا حاکم فیہا: ای لا قاضی ولا والی کما فی الفتح وتحت قولہ للضرورۃ ای ضرورۃ عدم وجود حاکم یشہد عندہ، اس کے جزو اول یعنی صاموا بقولِ ثقہ میں تو کوئی تأمل نہیں، کیونکہ ہلالِ رمضان کی شہادت وجودِ حاکم کے وقت بھی خبر ہی کے حکم میں ہے، اور مجلسِ حاکم اس کے لئے فی نفسہٖ شرط نہیں، بلکہ صرف انتظام کی وجہ سے حاکم کے ہاں بیان دینے کی ضرورت ہے، مگر جزو ثانی یعنی افطروا باخبار عدلین میں یہ سوال ہے کہ اس حالت میں ہلالِ فطر کی شہادت اخبارِ محض کے ساتھ ملحق ہوکر اس میں شہادت کے تمام شرائط علاوہ نصاب وعدالت غیر ضروری ہوگئے، یا صرف مجلسِ حاکم ہی کی شرط کو غیر ضروری قرار دیا گیا ہے سو لفظ اخبار کے اطلاق سے تو شقِ اوّل مفہوم ہوتی ہے، مگر جو علت بیان کی گئی ہے اس سے شقِ ثانی متبادر ہے، کیونکہ عدمِ حاکم کی وجہ سے صرف اسی کی ضرورت پیدا ہوئی ہے کہ مجلسِ قضا کی شرط کو اٹھا دیا جائے، اور بقیہ شرائط کے ارتفاع کی کوئی ضرورت نہیں، لہٰذا ان کو بحالہا رکھا جائے گا، اور البحر الرائق میں ہے: فیشترط فیہ ما یشترط فی سائر حقوقہم من العدالۃ والحریۃ والعدد وعدم الحد فی قذف ولفظ الشہادۃ وانہ عوی علی خلاف فیہ ان امکن ذلک والا فقد تقدم انہم لو کانوا فی بلدۃ لا قاضی فیہا ولا والی فان الناس یصومون بقول الثقۃ ویفطرون باخبار عدلین للضرورۃ۔

اس سے بھی صاف معلوم ہوتا ہے کہ حاکم نہ ہونے کی صورت میں جو شرط غیر ممکن ہوگئی ہے صرف وہی مرتفع ہوگی، یعنی دعویٰ اور لفظ شہادت اور بقیہ شرائط پر کوئی اثر نہ پڑیگا، اور گو قواعد سے یہ شقِ ثانی ظاہر اً راجح معلوم ہوتی ہے، مگر ہنوز اس میں شرح صدر نہیں ہوا اس لئے علمائے کرام سے مراجعت کرلی جاوے۔

۵، خط کے متعلق جو تفصیل ۳ میں گذر چکی ہے جہاں حاکم نہ ہو وہاں غیر حاکم کو

Made searchable using ScribeTools.com

بھی اسی تفصیل کا پابند ہونا ضروری ہے، کما لایخفی، پس ھلالِ رمضان میں خط کو بشرطِ شناخت قبول کیا جائے گا، اور شناخت میں شبہ ہو تو بالکل غیر معتبر ہے، اور ہلالِ فطر میں جس طرح حاکم خط کو قبول نہیں کر سکتا اسی طرح غیر حاکم بھی قبول نہیں کر سکتا، خواہ ۲/۳ کے جزو ثانی میں شق اول کو لیا جاوے، (یعنی ہلالِ فطر کی شہادت کو عدم الحاکم کے وقت تمام شرائط میں اخبار کے ساتھ ملحق کیا جاوے) خواہ شقِ ثانی کو (یعنی عدم الحاکم کے وقت مجلسِ قضا کے علاوہ بقیہ شرائط میں شہادت کا حکم رکھا جاوے) ہر دو شق کا ایک ہی حکم ہے، صرف اتنا فرق ہے کہ شقِ ثانی اختیار کرنے کی صورت میں تو خط کے عدمِ قبول کا حکم اصلی ہوگا، اور شقِ اوّل اختیار کی جاوے تو فی نفسہٖ قبولِ خط کی گنجائش ہے، بشرط شناخت، مگر عام بے احتیاطی پر نظر کر کے علی الاطلاق عدمِ قبول ہی کا فتویٰ دیا جاتا ہے۔

۶، ٹیلیفون گو اپنی اصل کے اعتبار سے خط کے مثل ہے، لان النغمۃ یشبہ النغمۃ کما ان الخط یشبہ الخط، لیکن غور کیا جائے تو اس میں خط سے زیادہ اشتباہ ہے، کیونکہ خط میں مکرر نظر کر کے بخوبی شناخت کا موقع ملتا ہے، اور ٹیلیفون میں قلتِ وقت کی وجہ سے مکرر غور کی نوبت نہیں آسکتی، نیز خط کو دوسرے لوگ بھی دیکھ سکتے ہیں، اور ٹیلیفون کو صرف سننے والا تنہا سنتا ہے، اس واسطے اس کی خبر میں خط سے بھی زیادہ احتمال ہے۔

ان امور مندرجہ بالا سے بخوبی واضح ہو گیا کہ اگر ٹیلیفون میں آواز کی بخوبی شناخت نہ ہو تب تو وہ بالکل ہی قابلِ التفات نہیں، اور اگر بخوبی شناخت ہو جائے تو ہلالِ فطر میں اس وقت بھی قابلِ قبول نہیں، اور ہلالِ رمضان میں بخوبی شناخت کے بعد فی نفسہٖ قبول کی گنجائش ہو سکتی ہے، لیکن عام طور پر لوگوں کی بے احتیاطی کا غالب اندیشہ ہے، اس لئے اس میں بھی عدمِ قبول ہی کا فتویٰ دیا جاتا ہے، واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

تنبیہ:- آجکل رویتِ ہلال کے بارے میں یہ بھی کوتاہی کی جاتی ہے کہ ہر قسم کی خبر کو معتبر سمجھ لیتے ہیں، اس کا امتیاز نہیں کرتے، کہ یہ شہادت ہے یا شہادت علی الشہادت یا مجردِ حکایت، حالانکہ اس میں تفصیل طویل ہے، لہٰذا ضروری ہے کہ تفصیل معلوم کر لی جاوے، فقط کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ۔ ۲۵ر شعبان ۵۳ھ۔

الجواب عندی صحیح ، اشرف علی، یکم رمضان ۵۳ھ۔

فصل فیما یفسد الصوم وما یکرہ للصائم

روزہ کی حالت میں سفوفِ تمباکو منہ میں رکھنا

سوال (۱) سفوفِ تمباکو مرکب برماد ورق نارجیل یا نخل صائم کو استعمال کرنا بالاحتیاط اور بغیر احتیاط اور دو تین منٹ کے بعد کلی کرنا جائز ہے یا نہیں، اور حلق کے نیچے یقیناً نہیں اترتا ہے احتیاط کی صورت میں؟

الجواب: قال فی العالمگیریۃ ولو مص الھلیلج، فدخل البزاق حلقہ لم یفسد مالم یدخل عینہ کذا فی الظھیریۃ اھ ص ۱۳۱ ج ۱۔

اس سے معلوم ہوا کہ سفوف تمباکو مرکب کا اس طرح دانتوں میں استعمال کرنا کہ حلق سے نیچے یقیناً نہ اترے، مفسدِ صوم نہیں، اور اگر ذرا سا بھی حلق سے نیچے اتر جائے گا تو روزہ فاسد ہے، اور اس سفوف کا استعمال بحالتِ صوم بلا ضرورت مکروہ ہے، لما فیہ من تعریض الصوم للفساد ولا یصح قیاسہ علی السواک لانہ ثبت بالسنۃ علی خلاف القیاس ولا علی العلک لکونہ ملتئم الاجزاء دون السفوف کذا قال الشیخ مد ظلہ، اور ضرورت بعد مغرب کے استعمال کرنے سے بھی رفع ہو سکتی ہے، ۲۲ر رمضان ۴۰ھ۔

ادخال منتہائے بواسیری بید ملوثہ در صوم

سوال (۲) پچیس برس سے زائد زید کے بواسیری مسّے ہیں، وقتِ رفع حاجت باہر آجاتے ہیں، اُن کو پانی سے دھو کر کپڑے وغیرہ سے خشک کرتا ہے تو بیحد جلن ہوتی ہے، قبض سخت ہو جاتا ہے اور خون تک آجاتا ہے، صرف پانی سے دھو کر ترگیلے آہستہ آہستہ اندر کو چڑھا دیتا ہے، تو تکلیف نہیں ہوتی، زید ہمیشہ بفضلہٖ تعالیٰ رمضان شریف کے باقی ہر ماہ نفل روزہ بھی رکھتا ہے، حال میں اس کو معلوم ہوا کہ ترگیلے مسّے اندر چڑھ جانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے قضا لازم آتی ہے، اب ایسی صورت میں پچیس برس سے زائد روزوں کا وہ کیا کرے، اور آئندہ روزہ کس طرح رکھے، تکلیف کی وجہ سے اس کو بوجہ عذر مسّے اندر گیلے تر چڑھانا کس طرح چاہئے، اور روزہ کس طرح رکھنا چاہئے؟ فدیہ کی بھی اس قدر اس میں قوت نہیں ہے۔

الجواب: قال فی الدر ولو بالغ فی الاستنجاء حتی بلغ موضع الحقنۃ

فسد وهذا اقلما یکون ... ولو کان فیورث داءً عظیماً اھ قال الشامی ثم فی بعض النسخ المحقنة بالمیم وھی اوفق قال فی الفتح والحد الذی یتعلق بالوصول الیہ الفساد قدر المحقنة اھ ای قدر ما یصل الیہ راس المحقنة التی ھی آلة الاحتقان وعلی الاول فالمراد الموضع الذی ینصب منہ الدواء الی الامعاء اھ (ص ۱۵۸ ج ۲) قلت وثبور البواسیر التی تخرج وقت الاستنجاء انما تکون داخلة قدر الاصبع والقدر الذی یصل الیہ رأس المحقنة ھو خمسة اصابع الی ستة لایکون اقل من ذلک کما افادہ الطبیب الحاذق القاضی بشیر الدین اللکنوی فالبلیة الکائنة علی تلک البثور لاتبلغ قدر المحقنة اصلا فلزم القول بعدم فساد الصوم بتلک البلیة واللہ اعلم وقول الدر ولو الاصبع مبتلة فسد قید الشامی بما لو ادخل الاصبع الی موضع المحقنة (ص ۱۵۸ ج ۲)

عبارات درمختار اور شامی اور فتح القدیر سے معلوم ہوا کہ استنجے میں تری کا اندر پہنچنا جب مفسدِ صوم ہے کہ تری قدر محقنہ پر پہونچ جائے اس سے کم مقدار میں اندر تری پہنچنا مفسد نہیں، اور ہم کو طبیب حاذق کے قول سے جن پر ہم کو اعتماد و وثوق ہے معلوم ہوا ہے کہ حالتِ احتقان میں رأس محقنہ پانچ چھ انگل اندر پہونچایا جاتا ہے، تب احتقان ہو سکتا ہے، اس سے کم میں نہیں، اور بواسیری مسّے اتنے اندر نہیں ہوتے بلکہ ایک دو انگل اندر ہوتے ہیں، تو ان پر تری کا لگا رہنا اور اسی حالت سے اندر پہونچنا قدر محقنہ تک تری پہونچنے کو مستلزم نہ ہوگا، لہذا اس حالت میں روزہ بھی فاسد نہ ہوگا، باقی احتیاط یہ ہے کہ ایسا مریض حتی الامکان جس قدر تری کو بلا مشقت خشک کر کے مسّے اندر کر سکتا ہو اس کے خشک کرنے میں کوتاہی نہ کرے، باقی مسّوں کے خشک کرنے میں مبالغہ کی ضرورت نہیں، قال فی مراقی الفلاح او ادخل اصبعہ مبلولة بماء او دھن فی دبرہ او استنجی فوصل الماء الی داخل دبرہ او فرجھا الداخل بالمبالغة فیہ والحد الفاصل الذی یتعلق بالوصول الیہ الفساد قدر المحقنة اھ قال الطحطاوی ای قدر ما تاخذ من المحل الذی تصل الیہ اھ (ص ۳۹۳ و ۳۹۴) وفی الدر او بقی بلل فی فیہ بعد المضمضة او ابتلعہ مع الریق اھ قال الشامی وینبغی اشتراط البصق بعد مج الماء لاختلاط

الماء بالبصاق فلا یخرج بمجرد المج نعم لایشترط المبالغة فی البصق لان الباقی بعدہ مجرد بلل ورطوبة لایمکن التحرز عنہ اھ (ص ۱۵۷ ج ۲) واللہ اعلم،

۲ ذیقعدہ ۱۳۴۳ھ۔

طاعونی ٹیکہ لگوانا مفسدِ صوم ہے یا نہیں

سوال (۳) روزہ کی حالت میں ٹیکہ لگوانا کیسا ہے ٹیکہ لگانے سے روزہ جاتا رہتا ہے یا نہیں، تحریر فرمائیں؟

الجواب، قال فی الدر او قطر فی احلیلہ ماءً او دھناً وان وصل الی المثانة علی المذھب ای لایفسد اھ واما فی قبلھا فمفسد اجماعاً لانہ کالمحقنة اھ قال الشامی علی المذھب ای قول ابی حنیفة ومحمد معہ فی الاظھر وقال ابو یوسف یفطر والاختلاف مبنی علی انہ ھل بین المثانة والجوف منفذ اولا وھو لیس باختلاف علی التحقیق والاظھر انہ لامنفذ لہ کذا یقول الاطباء زیلعی وافاد انہ لو بقی فی قصبة الذکر لایفسد اتفاقاً لان العلة من الجانبین الوصول الی الجوف وعدمہ بناء علی وجود المنفذ وعدمہ لکن ھذا یقتضی عدم الفساد فی حق الدبر وفرجھا الداخل ولا مخلص الا باثبات ان المدخل فیھما تجذبہ الطبیعة فلا یعود الامع الخارج المعتاد وتمامہ فی الفتح، قلت الاقرب التخلص بان الدبر والفرج الداخل من الجوف اذ لاحاجز بینھما وبینہ فھما فی حکمہ والفم والانف وان لم یکن بینھما وبین الجوف حاجز الا ان الشارع اعتبرھما فی الصوم من الخارج وھذا بخلاف قصبة الذکر فان المثانة لامنفذ لھما علی قولھم اھ (ص ۱۶۱ ج ۲)۔

وفی الدر ایضاً او اکتحل او ادھن وان وجد طعمہ فی حلقہ اھ قال الشامی ای طعم الکحل او الدھن وکذا الوبزق فوجد لونہ فی الاصح بحر قال فی النھر لان الموجود فی حلقہ اثر داخل من المسام الذی ھو خلل البدن والمفطر انما ھو الداخل من المنافذ اھ (ص ۱۵۶ ج ۲) وفی الکنز وان احتقن او استعط او اقطر فی اذنہ او داوی جائفة او آمة بدواء ووصل الدواء الی جوفہ او دماغہ افطر اھ وکذا ھو فی اکثر المتون قال الشامی الجائفة الطعنة التی بلغت الجوف او نفذتہ والآمة من اممتہ بالعصا اذا ضربتہ اھ رأسہ

Made searchable using ScribeTools.com

وهی الجلدۃ التی تجمع الدماغ قال فی البحر والتحقیق ان بین جوف الرأس وجوف المعدۃ منفذاً اصلیاً فما وصل الی جوف الرأس یصل الی جوف البطن اھ ط (ص ۱۶۴ ج ۲) وفی البدائع وما وصل الی الجوف او الی الدماغ من المخارق الاصلیۃ کالانف والاذن والدبر بان استعط او احتقن او اقطر فی اذنه فوصل الی الجوف او الی الدماغ فسد صومه اما اذا وصل الی الجوف فلا شك فیه لوجود الاکل من حیث الصورۃ وکذا اذا وصل الی الدماغ لان له منفذاً الی الجوف فکان بمنزلة زاویة من زوایا الجوف وقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انه قال للقیط بن صبرۃ[عہ] بالغ فی المضمضة والاستنشاق الا ان تکون صائماً ومعلوم ان استثناءہ حالة الصوم للاحتراز عن فساد الصوم والا لم یکن للاستثناء معنیً واما ما وصل الی الجوف او الی الدماغ عن غیر المخارق الاصلیة بان داوی الجائفة والآمة فان داواها بدواء یابس لا یفسد لانه لم یصل الی الجوف ولا الی الدماغ ولو علم انه وصل یفسد فی قول ابی حنیفة رح وان داواها بدواء رطب یفسد عند ابی حنیفة رح وعندهما لا یفسد هما اعتبرا المخارق الاصلیة لان الوصول الی الجوف من المخارق الاصلیة متیقن به ومن غیرها مشکوك فیه فلا نحکم بالفساد مع الشك، ولابی حنیفة رح ان الدواء اذا کان رطباً فالظاهر هو الوصول لوجود المنفذ الی الجوف فیبنی الحکم علی الظاهر، واما الاقطار فی الاحلیل فلا یفسد عند ابی حنیفة وعندهما یفسد، قیل ان الاختلاف بینهم بناء علی امر خفی وهو کیفیة خروج البول من الاحلیل فعندهما ان خروجه منه لان له منفذاً فاذا اقطر فیه یصل الی الجوف کالاقطار فی الاذن وعند ابی حنیفة ان خروج البول منه من طریق الترشح کترشح الماء من الخزف الجدید فلا یصل بالاقطار فیه الی الجوف والظاهر ان البول یخرج منه خروج الشئ من منفذه کما قالا، وروی الحسن عن ابی حنیفة رح مثل قولهما وعلی هذه الروایة اعتمد استاذی، واما الاقطار فی قبل المرءۃ فقد قال مشائخنا انه یفسد صومها

عہ قلت حدیث صحیح صححه ابن القطان کما فی الاستذکار للحسن ۱۲ منه

بالاجماع لان لمثانتها منفذاً فیصل الی الجوف کالاقطار فی الاذن اھ (ص ۹۳ ج ۲)

ان عبارات سے چند مقدمات ممہد ہوئے:۔

(۱) جو چیز جوف کی طرف بدون منفذ کے پہونچے وہ مفطر نہیں، و دلیلہ مسئلۃ الاکتحال وغیرہ۔

(۲) افطار کا مدار دخول من المنفذ پر ہے، صاحبینؒ کے نزدیک تو منافذ اصلیہ سے دخول شرط ہے، اور امام صاحبؒ کے نزدیک منافذ اصلیہ کے سوا دوسرے منافذ سے بھی دخول مفطر ہے۔

(۳) منفذ سے مراد یہ ہے کہ دماغ یا جوف تک بلا واسطہ عروق کے راستہ ہو جائے چنانچہ مخارق غیر اصلیہ کی مثال میں جائفہ اور آمہ کا بیان کرنا اس کی دلیل ہے تمام متون و شروح میں مخارق غیر اصلیہ میں امامؒ و صاحبینؒ کے اختلاف کو جائفہ اور آمہ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اگر جراحت جائفہ اور آمہ کی حد تک نہ پہونچے، اور جوف و دماغ تک بلا واسطہ منفذ نہ ہو تو امام صاحبؒ کے نزدیک بھی اس کے ذریعہ سے وصول مفطر نہیں، لان المفطر انما هو الداخل من المنافذ۔

اور صاحب بدائع نے امام صاحب کی طرف سے جو دلیل بیان کی ہے وہ اس پر صاف دلالت کر رہی ہے، "وهو قول ابی حنیفة ان الدواء اذا کان رطباً فالظاهر هو الوصول لوجود المنفذ الی الجوف" اس سے معلوم ہوا کہ جائفہ اور آمہ میں دواء رطب کا استعمال اسی لئے مفطر ہے کہ اس صورت میں دخول الی الجوف منفذ سے ہو رہا ہے، اور ظاہر ہے کہ یہاں منفذ سے وہ راستہ مراد ہے جو بلا واسطہ جوف سے متصل ہو نہ کہ بواسطۂ عروق کے، ورنہ امام صاحبؒ اقطار فی الاحلیل میں صاحبینؒ کے خلاف نہ کرتے، کیونکہ گو وہاں منفذ بلا واسطہ نہ ہو مگر منفذ بواسطہ تو یقیناً ہے، جس سے ترشح بول بمقدار کثیر ہوتا ہے، مگر اس کو امام صاحب منفذ نہیں مانتے، پس معلوم ہوا کہ امام صاحب مخارق اصلیہ کے سوا دیگر مخارق کو بحکم مخارق اصلیہ اس وقت مانتے ہیں جبکہ وہ مخارق اصلیہ کی طرح بلا واسطہ جوف و دماغ تک متصل ہوں۔

اس تمہید کے بعد طاعونی ٹیکہ کا حکم ظاہر ہے، کہ وہ مفطر صوم نہیں، کیونکہ جس مقام پر وہ لگایا جاتا ہے وہاں سے جوف و دماغ تک منفذ نہیں، اور اگر منفذ ہو بھی تو بلا واسطہ نہیں بلکہ بواسطۂ عروق کے ہے، پس اس سے دوا کا جوف میں وصول ایسا ہی ہوگا جیسا کہ احلیل سے جوف میں دوا کا اثر ہوتا ہے، کہ وہ بھی بلا منفذ ہے، اور عروق

کے واسطہ سے ہے، علاوہ ازیں طاعونی ٹیکہ میں دوا کے چند قطرات ہوتے ہیں جو اوّل بازو کے خون میں پہونچتے ہیں، پھر اس خون کے دوران سے بقیہ جسم کے خون میں پہونچتے ہیں، اسی طرح اگر کچھ خون اس دوا کا اثر لئے ہوئے جوف میں بھی پہونچتا ہو تو اس سے افطار کیونکر ہو سکتا ہے، کیونکہ اس وقت وہ جوف میں تلاشی کے بعد پہونچتا ہے، کما اذا مضغ العلک والسمسم ثم ابتلعہ، نیز ہم کو ایک طبیب سے معلوم ہوا ہے کہ ٹیکہ کی دوا جوف میں نہیں پہنچتی بلکہ صرف عروقِ جسم میں سرایت کرتی ہے، مگر اس پر مدار فتویٰ نہیں، بلکہ مدار پہلی دلیلوں پر ہے، اس کو محض تائید کے درجہ میں لکھ دیا گیا، واللہ اعلم۔

حررہ الاحقر ظفر احمد عفا عنہ — نعم التحقیق وبالقبول الحقیق

۲۱ رشوال ۱۳۴۴ھ — کتبہ اشرف علی، ۲۳ رشوال ۱۳۴۴ھ

بعد افطار انام نہانی میں کوئی دوا بحالتِ صوم باقی رہے تو روزہ پر اس کا کوئی اثر پڑے گا یا نہیں؟

سوال (۴) اس امر کا تو ہدایہ سے پتہ چل گیا کہ آقبالِ نساء میں اگر دوا ٹپکائی جاوے تو روزہ ٹوٹ جائے گا، مگر یہ اس سے بھی نہ معلوم ہوا کہ بعد افطار اگر کوئی ذی حرم دوا اس میں رکھدی جاوے اور وہ بحالتِ صوم بھی باقی رہے تو روزہ پر اس کا کیا اثر ہوگا اسی امر کے معلوم ہونے کی ضرورت ہے؟

الجواب؛ اوادخل قطنة او خرقة او خشبة او حجرا فی دبرہ او ادخلتہ فی فرجہا الداخل وغیبہا لانہ تم الدخول بخلاف ما لو بقی طرفہ خارجا لان عدم تمام الدخول کعدم دخول شیء بالمرة اھ (ص ۳۹۴ مراقی الفلاح) بعد افطار کے جو شے داخل کی جائے خواہ تر ہو یا خشک اس کے بقاء بحالِ صوم سے تو فطر کا کچھ شبہ نہیں، اسی لئے فقہاء نے اس سے تعرض نہیں کیا، اس صورت میں روزہ صحیح ہے، اور خشک چیز کا تو بحالِ صوم رکھنا بھی اُس وقت موجبِ فطر ہے، جبکہ پوری اندر ہو، اور اگر کچھ حصّہ باہر فرج خارج میں نکلا ہے تو مفطر نہیں، واللہ اعلم۔

طاعونی ٹیکہ اور فصد لگوانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا

سوال (۵) رمضان میں ٹیکہ لگانا یا فصد کرانا یا بذریعہ آلہ دوا بازو میں پہنچانا جیسا کہ اس نواح میں اب ڈاکٹر لوگ بوجہ پلیگ کے کرتے ہیں، روزہ میں نقصان کرے گا یا نہیں، اللہ سے امید ہے کہ حضور تسلی بخش جواب دے کر مشکور فرما دیں گے؟

الجواب؛ طاعونی ٹیکہ یا چیچک کا ٹیکہ یا فصد لگوانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

۲۱ رمضان ۴۷ھ

صوم معذور کا حکم

سوال (۶) زید کا دماغ یا پھیپھڑا یا مسوڑھوں کے پھول جانے یا دانتوں کے ہلنے کے سبب مُنہ کے راہ خون آتا رہتا ہے، یہاں تک کہ سانس کے ذریعے فرد حلق بھی جاگتے سوتے ہوتا ہے، (ایسی حالت میں اگر زید روزے رکھے تو اس کا روزہ ادا ہوگا یا نہیں، اگر روزہ اس کا اس سبب سے نہیں ادا ہوتا ہے تو بدلے ان روزوں کے زید کو شرعاً کیا کرنا چاہیئے؟ بینوا بالکتاب توجروا بالصواب۔

الجواب؛ جس شخص کے دانتوں میں سے اکثر خون آتا رہتا ہو، اور بلا اختیار جاگتے ہوئے یا سوتے ہوئے حلق میں بھی داخل ہو جائے اس کا حکم کسی جگہ صریح نہیں ملا، مگر علامہ شامیؒ نے اتنا لکھا ہے کہ: ومن ھذا یعلم حکم من قلع ضرسہ فی رمضان ودخل الدم الی جوفہ فی النہار ولو نائما فیجب علیہ القضاء الا ان یفرق بعدم امکان التحرز عنہ فیکون کالقیء الذی عاد بنفسہ فلیراجع، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس شخص کے روزہ کو صحیح کہنے کی گنجائش ہے، اور اگر شامی کی عبارتِ ذیل پر نظر کی جاوے تو اور بھی زیادہ گنجائش معلوم ہوتی ہے، (قولہ ولم یسل الی جوفہ) ظاہر اطلاق المتن انہ لا یفطر وان کان الدم غالبا علی الریق وصححہ فی الوجیز کما فی السراج وقال وجہہ انہ لا یمکن الاحتراز عنہ عادۃ فصار بمنزلۃ ما بین اسنانہ الخ، پس صاحبِ وجیز بدون مرض بھی دم خارج من بین الاسنان کو غیر ممکن الاحتراز قرار دے کر موجبِ فساد قرار نہیں دیتے، تو حالتِ مذکورہ فی السوال میں تو بدرجۂ اولیٰ دخولِ دم فی الجوف کو غیر مفسد کہیں گے، جس میں احتراز کا عدم امکان مسلّم ہے، واللہ اعلم۔

ھدایت ضروری:۔ چونکہ یہ مسئلہ قیاس سے لکھا گیا ہے اس واسطے دوسرے علماء کو دکھا لینا ضروری ہے۔

۱۱ رجب ۱۳۵۲ھ

عود اور اگربتی کا دُھواں حلق میں جانے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے یا نہیں

سوال (۷) حالتِ روزہ میں قرآن مجید پڑھتے وقت نزدیک عود اور اگربتی جلائی جائے اور اس سے دُھواں حلق میں جائے تو روزہ فاسد ہوگا یا نہیں؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب؛ اس صورت میں تو روزہ فاسد نہیں، ہاں، اگر بتی کو پاس رکھکر اس کے دھوئیں کو سونگھا جائے، اور حلق میں داخل کیا جائے، تو روزہ فاسد ہو جائے گا۔ قال فی الدر (ص ۱۵۶ ج ۲): او دخل حلقه غبار او ذباب او دخان ولو ذاكرا استحسانا لعدم امكان التحرز عنه ومفاده انه لو ادخل حلقه الدخان افطر ای دخانا كان او عودا او عنبرا قال الشامی حتی لو تبخر بجوزنا واه الی نفسه واشتمه ذاكرا الصوم افطر اهـ قلت فيود الفقه احترازية فلو تبخر ولم يؤه الی نفسه ولم يشمه لم يفطر فان ذلك من دخول الدخان لا من ادخاله - والله اعلم۔

خلاصہ یہ کہ دھوئیں کو پاس رکھکر سونگھا نہ جائے، دور رکھ کر بیٹھا جائے اور خوشبو آتی رہے تو مضائقہ نہیں، ۲۰ محرم ۴۹ھ۔

فصل فی القضاء والکفارۃ

مسافر اگر روزہ افطار کرلے تو کفارہ نہیں

سوال (۱) مسافر در سفر بوجود قصر روزۂ رمضان روزہ نہاد، پس بمیانِ نیمروز آں روزہ نہادہ را عمداً افطار ساخت آیا کفارہ واجب گردد یا قضا؟

الجواب؛ وللمسافر الذی انشأ السفر قبل طلوع الفجر اذ لا يباح له الفطر بانشائه بعد ما اصبح صائما قال الطحطاوی لكن اذا افطر لا كفارة عليه، نور الايضاح مع الطحطاوی، اس سے معلوم ہوا کہ مسافر افطار کردے تو کفارہ نہیں۔ ۲۹ ذیقعدہ ۴۰ھ۔

کفارۂ صیام میں بہت بوڑھے اور بڑھیا کو کھلانا جائز ہے یا نہیں؟

سوال (۲) بہشتی زیور میں روزہ کے کفارہ کے لئے ساٹھ مسکینوں کو کھلانے کے متعلق لکھا ہے، اگر بعضے بالکل چھوٹے بچے ہوں تو جائز نہیں، سوال یہ ہے کہ اگر بالکل بوڑھا بوڑھی ہوں تو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب؛ بہت بوڑھا اور بوڑھی کو کفارہ میں کھلانا جائز ہے، قال فی الهداية فان غداهم وعشاهم جاز قليلا كان ما اكلوا او كثيرا اهـ قال صاحب النهاية لان المعتبر هو الشبع لا المقدار اهـ وقال الشامی عن البحر والمنح: ولو كان فيمن اطعمهم صبی فطيم لم يجزه لانه لا يستوفی

كاملا اهـ وفی التاترخانية اذا دعا مساكين واحدهم صبی فطيم او فوق ذلك لا يجزئه كذا ذكر فی الاصل وفی المجرد اذا كانوا علما نا يعتمد مثلهم يجزاه وبه ظهر ايضا ان المراد بالفطيم وبغير المراهق من لا يستوفی الطعام المعتاد وفيه ايضا ولو كان فيهم شبعان قبل الاكل او صبی لم يجزاه (ص ۹۵۹ و ۹۶۰ ج ۲) قلت والكبير والكبيرة ممن يستوفی الطعام عادة وخلافه نادر، والله اعلم۔

مورخہ ۴ ربیع الثانی ۴۵ھ

حکم نیت کفارۂ رمضان بالتعلیق

سوال (۳) ایک شخص نے رات کو کفارۂ صوم کی نیت اس طرح کی کہ اگر کل کو یہ محقق ہو گیا کہ شروع ماہ سے روزہ شروع کرنے سے ساٹھ روزے پورے کرنے نہ پڑیں گے، بلکہ دو مہینہ کا روزے رکھنا کافی ہو جائے گا، نیز شیخ نے بھی روزہ رکھنے کی اجازت دیدی تو کل کو میں ضرور کفارہ کا روزہ رکھوں گا، اس طرح نیت درست ہوئی یا نہیں؟

الجواب؛ اس صورت میں نیت صحیح نہیں ہوئی، کیونکہ جزم نہیں پایا گیا بلکہ نیت معلق ہے، اور تعلیق کے ساتھ نیت قضاء و کفارات صحیح نہیں ہوتی، قال فی مراقی الفلاح: واما القسم الثانی وهو ما يشترط له تعيين النية وتبييتها فهو قضاء رمضان وقضاء ما افسده من نفل وصوم الكفارات بانواعها الی ان قال: ولا تبطل النية بقوله: اصوم غدا ان شاء الله تعالی لانه بمعنی الاستعانة وطلب التوفيق الا ان يريد حقيقة الاستثناء اهـ قال الطحطاوی: والتعليل يفيد ان المشيئة لا تبطل مطلقا ولو قصد حقيقة (ای لكونه بمعنی الاستعانة) ولكن لكلام المؤلف وجه وهو انه اذا قصد التعليق كان غير جازم بالنية وهو ظاهر، والله تعالی اعلم، (ص ۳۷۶)۔

کفارۂ صوم میں رمضان اور عید الفطر مبطل رہتا ہے

سوال (۴) اگر رجب کی یکم کو کفارۂ رمضان کا روزہ شروع نہ کر سکا، تو اب اگر یہ شخص ۲ رجب سے صیام کفارہ کو شروع کرے تو درمیان میں رمضان و عید الفطر کے واقع ہونے سے تتابع باطل تو نہ ہوگا، یا باطل ہو جائے گا، اور اس کو از سر نو استیناف کرنا ہوگا؟

الجواب؛ صورتِ مسئولہ میں رمضان و عید الفطر کا توسط مبطلِ تتابع ہے،

بعد رمضان کے پھر ساٹھ روزے از سر نو رکھنے پڑیں گے، قال فی الدر وصام شهرين متتابعين ولو ثمانية وخمسين يومًا بالهلال والا فستين يومًا ليس فيهما رمضان وايام نهي عن صومها ودن اكل صوم شرط فيه التتابع فان افطر بعذر كسفر ونفاس بخلاف الحيض او بغيره اووطئها المظاهر استأنف الصوم اھ (ص ۹۵۶ و ۹۵۷ ج ۲) واللہ اعلم، غرۃ رجب ۴۵ھ۔

نذر روزے اگر کسی عذر مثلاً بیماری کی وجہ سے نہ رکھ سکے تو کتنا کفارہ لازم ہوگا!

سوال (۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین کہ ایک آدمی نے نذر کی ہے کہ اے اللہ تعالیٰ میری بلا و مصیبت اگر دور ہو جائے تو میں تیرے واسطے ہر چاند میں یعنی ہر مہینہ میں پانچ پانچ روزے رکھوں گا، اب وہ بلا و مصیبت دور ہو گئی ہے، اب وہ شخص ہر مہینہ میں روزے رکھے یا نہیں؟ اور اس کے اوپر عمر بھر کے روزے رکھنا واجب ہے یا نہیں؟ اگر واجب ہو گیا تو اگر یہ روزہ ادا نہ کرے تو کفارہ دینے سے عمر بھر کے روزے ادا ہوں گے یا نہیں، اگر ادا ہو جائیں تو کتنا کفارہ دینے سے ادا ہوگا، یعنی کیا چیز دے گا اور یہ شخص بیماری کی وجہ سے لاچار ہے، لہٰذا فتویٰ منگوایا جاتا ہے؟

الجواب، جب یہ شخص بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے سے عاجز ہے تو اس کو چاہئے کہ ہر ماہ میں پانچ روزوں کا فدیہ دیدیا کرے، یعنی ہر روزے کے عوض صدقہ فطر کے برابر گیہوں وغیرہ دیدے، یا ایک مسکین کو پیٹ بھر کر دو وقت کھانا کھلا دے، کما فی العالمگیریۃ (ص ۱۳۵ ج ۱) ولو اخر القضاء حتی صار شیخا فانیا او کان النذر بصیام الابد فعجز لذلك او باشتغاله بالمعیشة لكون صناعة شاقة له ان یفطر ویطعم لكل یوم مسكینا علی ما تقدم اھ وفیه ایضا (ص ۱۳۳ ج ۱) فالشیخ الفانی الذی لا یقدر علی الصیام یفطر ویطعم لكل یوم مسكینا كما یطعم فی الكفارة، وفی المجلد الثانی منه (ص ۱۰۱) فان غداهم وعشاهم واشبعهم جاز سواء حصل الشبع بالقلیل او الكثیر، كذا فی شرح النقایة لابی المكارم، ۲۸ جمادی الاول ۴۴ھ۔

استفتاء متعلق کفارۂ صوم

سوال (۶) ایک عرض ہے کہ عید الضحیٰ کی تعطیل میں احقر جناب کا قدمبوس ہوا تھا، جناب سے اپنے توڑے ہوئے روزوں کے متعلق دریافت

کیا تھا، آنحضور نے فرمایا تھا کہ اقصر ایام شتا میں کفارہ ادا کیجو، سو اب سردی کا زمانہ آگیا ہے اور احقر کا ارادہ ہے کہ ۱۵ جمادی الاول سے روزے شروع کر دوں، اول تو جناب والا سے دوبارہ اجازت چاہتا ہوں، دوسرے یہ کہ ۱۵ رجب تک رکھنے چاہئیں یا ۱۵ جمادی الاول سے شمار کر کے ۶۰ روزے رکھنے چاہئیں؟ تیسرے یہ کہ اگر کسی رات کو نیت کرنی بھول جاؤں یا صبح صادق کے بعد آنکھ کھلے تو کیا کرنا چاہئے؟ اس کے علاوہ بھی جو بات قابل عمل ہو تحریر فرما دیں، بفقط

الجواب، فی الدر المختار (صام شهرين ولو ثمانية وخمسين) بالهلال والا فستين يوما وفی الشامی (قوله بالهلال حال من لفظ الشهرين المقدرين بعد لو وفی بعض النسخ بلو بالهلال وحاصله انه اذا ابتدأ الصوم فی اول الشهر كفاه صوم شهرين تامين او ناقصين وكذا لو كان احدهما تاما والآخر ناقصا، (قوله والا) ای وان لم یكن صومه فی اول الشهر برؤیة الهلال بان غم او صام فی اثناء شهر فانه یصوم ستین یوما وفی كافی الحاكم وان صام شهرا بالهلال تسعة وعشرین وقد صام قبله خمسة عشر وبعده خمسة عشر یوما اجزأه (ص ۱۵۲ ج ۲) وفی البحر وغیره كالدر المختار قلت وفیه الاحتیاط۔

پس صورت مسئولہ میں پورے ساٹھ روزے رکھے جاویں اور روزۂ کفارہ کی نیت غروب شمس و طلوع فجر کے درمیان ضروری ہے، اگر اس وقت میں نیت نہ ہوئی تو استیناف کرنا پڑیگا اس لئے بہت اہتمام کیا جاوے، فی تنویر الابصار والشرط للباقی النیة وتعیینها وقال الشامی تحت قوله للباقی وهو قضاء رمضان الی قوله كفارة الظهار والقتل واليمين والافطار (ص ۱۹۳ ج ۲) كتبه الاحقر عبد الكريم

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنه ۴ جمادی الاول ۴۵ھ

فصل فی الاعذار المبیحة للافطار

فصل کی کٹائی کے واسطے روزہ افطار کرنا جائز ہے یا نہیں؟

سوال (۱) فصل کٹائی یا کسی ایسے ہی سخت مشقت والے کام کے لئے روزہ کا افطار جائز ہے یا نہیں؟

الجواب، اگر فصل کاٹنے میں تاخیر کرنے سے زراعت کے ضائع ہونے کا خطرہ نہ ہو تب تو کاشتکار کو لازم ہے کہ فصل کو بعد رمضان کے کاٹے، اور اگر تاخیر سے زراعت کے

Made searchable using ScribeTools.com

کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو اس لئے رمضان ہی میں کاٹنا پڑے اور کٹائی کی حالت میں روزہ دشوار ہو تو کاشتکار کو اس حالت میں افطار جائز ہے، اور درست ہے کہ بعد رمضان کے ان ایام کی قضا کرے کفارہ نہ ہوگا، قال فی الفتاوی الکاملیۃ سئلت عن حصاد لم یقدر علی حصاد زرعہ مع الصوم واذا اخرہ یھلك ھل یجوز لہ الافطار حینئذ، فالجواب، نعم یجوز لہ ذلك حینئذ عن فقد نقل المحقق ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی حواشیہ علی الدر عن الخیر الرملی مانصہ وعلی ھذ الحصاد اذا لم یقدر علیہ مع الصوم ویھلك الزرع بالتاخیر لاشك، فی جواز الفطر والقضاء اھ واللہ اعلم، ص ۱۶ و ۱۷، ۲۱ رمضان ۱۳۸۱ھ

عذر کی بنا پر افطار کرنے والے کو افطار کا اعلان نہیں چاہئے

سوال (۲) معذور علی الاعلان لوگوں کو کہدے کہ میں روزہ نہیں رکھوں گا، اور ظاہر اکھاتا پیتا پھرے، یا اپنے معاملہ کو محفوظ و پوشیدہ رکھے؟

الجواب: جو لوگ عذر کی وجہ سے افطار کریں اُن کو اپنے افطار کا اعلان نہ کرنا چاہئے چھپکر کھانا پینا چاہئے، اور اپنے حال کو پوشیدہ رکھنا چاہئے، اور جو اتفاقاً کسی کو معلوم ہو جاوے تو اس سے اپنا عذر بیان کردے۔ ۲۱ رمضان ۱۳۸۱ھ

عورت کو حالتِ روزہ میں حیض آجائے تو باقی وقت میں کھاپی سکتی ہے یا نہیں؟

سوال (۳) روزہ دار کو بحالتِ روزہ حیض آگیا تو اب باقی وقت اسی طرح پورا کرے یا کچھ کھاپی لیوے، اگر کچھ کھالیوے تو گناہ تو نہیں ہوا؟ اور افضل کونسا ہے؟

الجواب: حیض کی حالت میں عورت کو روزہ داروں کی طرح رہنا جائز نہیں، بلکہ اس کو کھاپی لینا چاہئے، لیکن کھلم کھلا نہ کھانا چاہئے، چھپ کر کھادے، قال فی نور الایضاح یجب علی الصحیح وقیل یستحب الامساك بقیۃ الیوم علی من فسد صومہ ولو بعذر ثم زال وعلی حائض ونفساء طھرت بعد طلوع الفجر قال الطحطاوی فی حاشیتہ واما فی حالۃ تحقق الحیض والنفاس فیحرم الامساك لان الصوم منھما حرام والتشبہ بالحرام حرام وکذلك لایجب الامساك علی المریض والمسافر لان الرخصۃ الافطار فی حقھما باعتبار الحرج ولو الزمناھما التشبہ لعاد الشیء علی موضوعہ بالنقض ولکن لایاکلون جھرا بل سرا اھ قلت التعلیل یشتمل الحائض وقت طلوع الفجر والحائض بعدہ فکلاھما یحرم علیھما الصوم نعم

بینھما فرق من وجہ وھو ان الاولی فسد صومھا بعد الشروع فیہ والثانیۃ حرم علیھما الصوم ابتداء ولکنھما تشترکان فی حرمۃ الصوم بعد تحقق الحیض واللہ اعلم۔ ۳۰ رشعبان ۱۳۸۵ھ

استفتاء عن القلب اور معذور کیلئے افطار کا حکم

سوال (۴) فدوی نے پہلا روزہ رکھا دن بھر طبیعت خراب رہی بعد افطار بہت ہی خراب ہوگئی، کہ عرض نہیں کرسکتا، فدوی جانتا ہے یا فدوی کا خدا، بموجب حکم حضور پُرنور دل سے فتویٰ لیا، دل نے کہا کہ بموجب حکم اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ہم کو روزہ نہیں رکھنا چاہئے۔

اوّل حکم؛ اپنے کو ہلکہ میں مت ڈالو۔

دوسرا حکم؛ اللہ تعالیٰ جل جلالہ وجل شانہٗ کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا ہے جو وہ برداشت نہ کرسکے۔

تیسرا حکم؛ جان بچانی فرض ہے۔

اب فدوی روزہ نہیں رکھتا ہے، دل کا فتویٰ صحیح ہے یا کیا؟

الجواب؛ دل سے فتویٰ لینا اور اس کے فتوے پر عمل کرنا ہر شخص کو جائز نہیں اور نہ ہر مسئلہ میں جائز ہے، بلکہ اس کا محل وہ امور ہیں جن میں دلیلیں متعارض ہوں، اور ظاہر میں کسی دلیل کو دوسری پر ترجیح نہ ہو تو ایسے مواقع میں فتویٰ قلب پر وہ شخص عمل کرسکتا ہے جو کامل الایمان ہو اور سلیم الفہم عارف بدقائق النفس ہو، صرح باصلہ الشیخ فی رسالۃ التشرف (ص)۔

پس آپ کا روزہ کے معاملہ میں قلب سے فتویٰ لینا بالکل غلط تھا جبکہ علماء حکم شرعی بتلانیوالے موجود تھے، جو معرفت وعلم وکمال ایمان میں آپ سے زائد ہیں، پس اوّل آپ کسی طبیبِ حاذق عادل سے نبض وغیرہ دکھلا کر دریافت کیجئے، کہ روزہ رکھنا آپ کو حالتِ موجودہ میں مضر ہے یا نہیں، اگر وہ صوم کو مُضر بتلائے اور یہ کہے کہ روزہ سے مرض شدید ہو جائے گا جس کا تحمل دشوار ہوگا، تو آپ کو روزہ نہ رکھنا جائز ہوگا، اور رمضان کے بعد قضا واجب ہوگی، خواہ سردیوں میں قضا کردی جاوے، اور اگر روزہ کو مضر نہ بتلائے تو روزہ رکھنا فرض ہے، اور قدر قلیل تعب وسوء مزاج قابلِ اعتبار نہیں۔ واللہ اعلم۔

۱۲ رمضان ۱۳۸۵ھ

فصل فی صوم النذر وصوم القضاء وصوم النفل

جس کے ذمہ دو رمضان کے روزے قضا ہوں اور وہ مطلق قضاء رمضان کی نیت کرے تو کیا حکم ہے؟

سوال (۱) ایک شخص کے ذمہ دو رمضانوں کے روزے ہیں، اس نے رات کو قضاء رمضان کا روزہ رکھنے کی نیت کی، لیکن پہلے رمضان یا دوسرے رمضان کی تعیین نہیں کی مطلق قضاء رمضان کی نیت کرلی تو وہ روزہ قضاء کی جانب سے صحیح ہوجائیگا یا نفل ہوگا؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں وہ روزہ قضاء رمضان میں محسوب ہوجائے گا، نفل نہ ہوگا، قال فی العالمگیریۃ ص ۱۲۶ ج ۱: اذا وجب علیہ قضاء یومین من رمضان واحب ینبغی ان ینوی اول یوم وجب علیہ قضاء ہ من ہذا الرمضان وان لم یعین الاول یجوز وکذا لو کان علیہ قضاء یومین من رمضانین ہو المختار ولو نوی القضاء لا غیر یجوز وان لم یعین کذا فی الخلاصۃ اھ واللہ اعلم۔

۱۰ شوال سنہ ۴ھ

باب الاعتکاف

معتکف کے لئے مسجد میں ریح صادر کرنے کا حکم

سوال (۱) معتکف کو اگر ریح صادر کرنے کی ضرورت ہو تو وہ کیا کرے، آیا مسجد ہی میں ریح صادر کردے یا مسجد سے باہر نکل کر صادر کرے؟

الجواب؛ اصح یہ ہے کہ مسجد سے باہر نکل کر صادر کرے، قال فی العالمگیریۃ: سئل ابوحنیفۃ رح عن المعتکف اذا احتاج الی الفصد والحجامۃ ہل یخرج فقال لا، وفی اللالی واختلف فی الذی یفسو فی المسجد فلم یر بعضہم بأسا وبعضہم قالوا لا یفسو ویخرج اذا احتاج الیہ وہو الاصح کذا فی التمرتاشی اھ ص ۲۱۵، ج ۲، واللہ اعلم۔

۹ جمادی الاولیٰ سنہ ۴ھ

معتکف کیلئے خارج مسجد نماز ادا کرنے کا حکم

سوال (۲) مسجد کے سامنے جو صحن ہے جس میں موسم گرمی میں نماز مغرب وعشاء ادا کرتے ہیں، لیکن اس کو لوگ نہ داخل مسجد سمجھتے ہیں نہ اس کی حرمت مسجد کی سی کرتے ہیں اور بانی کے طرز عمل سے بھی خارج مسجد ہونا معلوم ہوتا ہے، جب ایسی جگہ جماعت ہو معتکفین تراویح وفرائض ادا کرنے کے لئے وہاں آسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب؛ جب بانی کے طرز عمل سے وہ جگہ مسجد سے خارج ہے تو معتکفین اس جگہ میں نماز نہیں پڑھ سکتے، ورنہ اعتکاف باطل ہوجائے گا۔

معتکف اگر حاجت ضروریہ سے باہر جائے اور وہاں جمعہ کا غسل کرلے تو کیا حکم ہے؟

سوال (۳) معتکفین غسل مالابد منہ کے سوائے دوسرا غسل خارج مسجد میں کرسکتے ہیں یا نہیں، حاجت ضروریہ طبعیہ یا شرعیہ کے لئے باہر ہونے سے آتے وقت غسل غیر ضروری کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب، قال فی رد المحتار ولیس کالمکث بعدہا ما لو خرج لہا رای للحاجۃ الطبعیۃ ۱۲) ثم ذہب لعیادۃ مریض او صلوٰۃ جنازۃ من غیر ان یکون خرج لذلک قصداً فانہ جائز کما فی البحر عن البدائع اھ ص ۲۱۲ ج ۱ وفیہ ایضاً ویجوز حمل الرخصۃ علی ما لو خرج لوجہ مباح کحاجۃ الانسان او الجمعۃ وعاد مریضا او صلی علی جنازۃ من غیر ان یخرج لذلک قصداً وذلک جائز اھ وبہ علم انہ بعد الخروج لوجہ مباح انما یضر المکث لو فی غیر مسجد لغیر عبادۃ اھ ص ۲۱۳ ج ۱ قلت ولا یخفی ان غسل الجمعۃ عبادۃ فلا یضرہ اذا خرج لحاجۃ الانسان ان یمکث لغسل الجمعۃ فافہم، حاجت ضروریہ کے لئے نکلنے کے بعد غسل جمعہ معتکف کرسکتا ہے، مگر اس کو چاہئے کہ پہلے کسی خادم یا دوست کے ذریعہ سے غسل کا پانی بھروا کر رکھ دے تاکہ زیادہ دیر نہ ہو، اور اگر کوئی کام کرنے والا نہ ہو تو خود بھی گھڑا بھر سکتا ہے، مگر جہاں تک ممکن ہو جلدی کرے۔

۳ شعبان

گاؤں میں اعتکاف کرنیوالے کے لئے نماز جمعہ کا حکم

سوال (۴) عرض یہ ہے کہ بندہ کا گھر دیہات میں ہے، یہاں کی مسجد میں علاوہ نماز پنجگانہ کے جمعہ کی نماز بھی پڑھائی جاتی ہے گذشتہ رمضان میں بندہ اسی مسجد میں معتکف تھا چونکہ نماز جمعہ کے وقت عدم مشارکت سے مشابہت منافقین لازم آتی ہے، اس خوف سے ابتداء سے اعتکاف ہی میں روز جمعہ کو ۱۱½ بجے سے ۳ بجے تک استثناء کرلیا تھا، اس وقت جاکر اپنے گھر میں بیٹھ رہتا تھا، اور بعد اس کے

Made searchable using ScribeTools.com

پھر مسجد میں آحاضر ہوتا، یہ ایک مولوی صاحب کی مشورت ہی سے کیا تھا، مگر تردّد ہے کہ اعتکاف مسنونہ ادا ہوا ہے یا نہیں، کیونکہ پورے عشرہ میں تو کچھ نقص رہ گیا ہے، از روئے مہربانی اطلاع فرما کر ممنون فرماویں؟

دوسری عرض یہ ہے کہ ہماری دیہات سے شہر کی بڑی جامع دو اڑھائی میل کی مسافت پر ہے کیا میں اپنی دیہاتی مسجد میں معتکف رہ کر شہر میں جاکر جمعہ پڑھ سکتا ہوں بلا استثناء مذکور الصدر؟

تیسری عرض یہ ہے کہ حالتِ اعتکاف میں وقت جمعہ میں گھر نہ جاکر اُن کے ساتھ بہ نیت نفل جمعہ ادا کرسکتا ہوں یا نہیں، مگر اس سے ایک مضحکہ پیدا ہوجاوے گا، کہ دیکھو اب ہمارے ساتھ جمعہ پڑھ رہا ہے، خیر جو مصلحت ہو حضور والا ارشاد فرماویں؟ بندہ ہمیشہ اگر عذر نہ ہو شہر ہی میں جاکر جمعہ ادا کرتا ہے، ہمارا گاؤں فنائے شہر کے بھی باہر ہے، اس لئے وہاں جمعہ خود بھی نہیں پڑھتا ہوں اور دوسروں کو بھی منع کرتا ہوں، مگر لوگ اس طرف کم التفات کرتے ہیں۔

الجواب، قال فی الخلاصۃ ولا یخرج المعتکف من المسجد الا لحاجۃ طبعیۃ الخ ص ۲۱۶ ج ۱ وفی الدر المختار وفی التاتارخانیہ عن الحجۃ: لو شرط وقت النذر ان یخرج لعیادۃ مریض او صلوٰۃ جنازۃ وحضور مجلس علم جاز ذلک فلیحفظ، قال الشامی یشیر الیہ قولہ فی الہدایۃ وغیرھا عند قولہ ولا یخرج الا لحاجۃ الانسان لانہ معلوم وقوعھا فلابد من الخروج فیصیر مستثنی، والحاصل ان ما یغلب وقوعہ یصیر مستثنی حکمًا وان لم یشترطہ وما لا فلا الا اذا شرطہ اھ ص ۲۱۶ ج ۱۔

عبارتِ خلاصہ سے معلوم ہوا کہ گاؤں میں اعتکاف کرنے والے کو جمعہ کے لئے شہر میں جانا جائز نہیں، کیونکہ وہ حاجتِ لازمہ نہیں، لیکن اگر مستثنیٰ کرلے تو جانا جائز ہے، اور اس صورت میں یہ خروج ویسا ہی گا جیسا خروج لحاجۃ الانسان اور وہ مفسد نہیں، تو یہ بھی مفسد نہیں، اور جب اعتکاف فاسد نہ ہوا اور اکثر عشرہ بحالتِ اعتکاف گذرا تو اعتکاف مسنون ادا ہوگیا لان للاکثر حکم الکل، گاؤں میں بہ نیتِ نفل جمعہ ادا کرنا مقتدی کو جائز نہیں، بہتر یہ ہے کہ جمعہ کے کچھ وقت مستثنیٰ کرلیں، اور شہر میں جاکر جمعہ ادا کرلیا کریں، واللہ اعلم۔ ۲۲ رمضان ۴۱ھ

کسی عذر کی بناء پر اعتکاف نہ کرنے کا حکم

سوال (۵) ایک مسافر مولوی صاحب شمار دو سال سے یہاں سکونت فرماتے، اعتکاف کے بارہ میں [illegible]

رمضان شریف میں لوگوں کا اعتکاف میں بیٹھنا بہت اچھی بات ہی، یہ نہ ہوسکے تو ایک آدمی بیٹھے تو بھی سب کی طرف سے ادا ہوجاتا ہے، لوگ سمجھتے ہیں کہ خود کیوں نہیں بیٹھتے، ہاں ضرور بیٹھ سکتا ہوں مجھے تو بہت خواہش ہے، کیا کروں، چند وجوہات کے سبب سے نہیں بیٹھ سکتا ہوں، میرے مکان میں ہمراہ رہنے کے لئے کوئی نہیں ہے، یہاں میرے خویش واقارب میں سے بھی کوئی نہیں، میرے گھر کے تلاٹے ایک خالی میدان ہے، گھر میں عورت بچے بہت گھبراتے ہیں، اس لئے میں اعتکاف میں نہیں بیٹھ سکتا، سائل بھی ان وجوہات کو جو مولوی صاحب نے بیان فرمائے ٹھیک سمجھتا ہی اور اُن کے گھر میں راتوں کو کبھی کبھی پتھر آکر گرنا بھی سائل کو معلوم ہے، آیا مولوی صاحب نے جو عذر بیان کئے شرع میں یہ مقبول ہوں گے یا نہ؟ بینوا توجروا۔

الجواب، یہ عذر مقبول ہی، واللہ اعلم، بلکہ اس حالت میں ان کو اعتکاف مناسب بھی نہیں، ۲۵ شعبان ۴۲ھ۔

سحری کھانے کے بعد کلّی کرنے کے واسطے معتکف کا مسجد سے باہر جانا

سوال (۶) اعتکاف کی حالت میں سحری کھانے کے بعد کلّی کے لئے مسجد سے باہر معتکف گیا، اس وقت مسجد کے اندر بھی پانی موجود تھا، مگر نہ تو خیال تھا کہ پانی ہی اور نہ اعتکاف کا خیال رہا، مگر کلّی کرتے ہی فوراً اپنی جگہ آگیا، اس صورت میں اعتکاف رہا یا نہیں، اور سحری کھانے کے بعد کلّی کرنا ضرورت طبعی ہے یا نہیں، اگر اعتکاف ٹوٹ گیا تو اب اس کی قضا ہوسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب، سحری کے بعد صائم کے لئے کلّی کرنا ضرورت شرعیہ ہے لما فیہ من صیانۃ الصوم عن بقایا الطعام فی الفم، اس لئے اس ضرورت کے لئے اس کو مسجد سے باہر نکلنا جائز ہے بشرطیکہ مسجد میں پانی موجود نہ ہو، یا کلّی کا موقع صحن مسجد سے متصل نہ ہو، اور اگر پانی مسجد کے اندر ہی، اور کلّی کی جگہ بھی صحن مسجد سے متصل ہے، اس صورت میں خروج سے اعتکاف نفل ختم ہوجائیگا، (قلت: وفی حکم الاعتکاف المسنون) اور اعتکاف واجب یعنی منذور فاسد ہوجائے گا، قال فی مراقی الفلاح: فان خرج ساعۃ بلا عذر معتبر (فی عدم الفساد) فسد الواجب وانتہیٰ بہ غیرہ ای غیر الواجب وہو النفل اذ لیس لہ حد اھ (ص ۴۰۹) پس کلی کے لئے نکلنا خروج بعذر ہے، اور مسجد کے اندر پانی کا موجود ہونا اس عذر کو جب زائل کرتا ہے، جبکہ صائم کو معلوم ہو کہ پانی یہاں موجود ہے، اگر معلوم نہ ہو یا یاد نہ ہو تو اس خروج سے اعتکاف منذور باطل ہوگا، اور اعتکاف نفل ومسنون ختم نہ ہوگا، ہذا ما فہمتہ ولم ارہ صریحًا، واللہ تعالیٰ اعلم، ۱۴ شوال ۴۲ھ،

Made Searchable by Scribe Tools.com

جو حجرہ جزوِ مسجد نہ ہو اس میں اعتکاف باطل ہے

سوال (۷) مسجد کی چہار دیواریوں کے اندر کوئی حجرہ میں عشرہ اواخر کے اعتکاف میں بیٹھ سکتا ہے یا نہیں، یا جامع مسجد کے اندر ہی اعتکاف کرلینا چاہئے؟

الجواب: اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے، بدون مسجد اعتکاف صحیح نہیں ہوتا، فی الخانیۃ (ومنہا رای من الشرائط) مسجد الجماعۃ فیصح فی کل مسجد لہ اذان واقامۃ ہو الصحیح، کذا فی الخلاصۃ، البتہ جامع مسجد شرط نہیں، بلکہ ہر مسجد میں ہو سکتا ہے جبکہ جماعت ہوتی ہو کما مرّ فقط، پس حجرہ میں جو کہ مسجد کا جزو نہیں، اعتکاف باطل ہے، البتہ حجرہ جزو مسجد ہو تو اس میں اعتکاف صحیح ہوگا، یعنی محض احاطہ میں ہونا کافی نہیں، بلکہ جزئیت ضروری ہے۔

احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۰ رشوال ۴۳ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۱۰ رشوال ۴۳ھ

معتکف اذان کہنے کے لئے مسجد سے باہر جا سکتا ہے یا نہیں

سوال (۸) معتکف کے لئے اذان کہنے کو اور کوئی جگہ نہ ہونے کی تقدیر پر مسجد سے باہر جانا اعتکاف میں کسی قسم کی خرابی ہے یا نہیں اس کا جواب صرف نفی اثبات میں لکھ دینا، دلیل کی ضرورت نہیں؟

الجواب: اس ضرورت کے لئے مسجد سے نہ نکلے مسجد میں ہی اذان کہدے، ولا یکرہ لہ الاذان داخل المسجد للضرورۃ کما لا یکرہ لہ ای للمعتکف البیع والشراء فیہ، پس اگر اذان کے لئے مسجد سے نکلے گا تو اعتکاف نفل و مسنون ناقص ہو جائے گا، اور اعتکاف واجب باطل ہو جاوے گا۔ ۲۷ رجب ۴۶ھ

معتکف مسجد میں جہاں چاہے اٹھ بیٹھ سکتا ہے

سوال (۹) معتکف جو گوشہ اپنے لئے مقرر کرے، اس کو علاوہ ضروری حاجت کے ہر وقت اس میں ہی رہنا چاہئے، یا مسجد اور فرش مسجد میں بلا ضرورت سونا کھانا پینا اور تلاوتِ قرآن شریف اور نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب: ہر وقت گوشہ میں رہنا ضروری نہیں، بلکہ عبادتِ نافلہ و ذکر کے لئے اس میں رہنا بہتر ہے، باقی اوقات میں مسجد کے اندر جہاں چاہے اٹھے بیٹھے، ۱۸ رذیقعدہ ۴۵ھ

معتکف کے بارے میں متعدد سوالات پر مشتمل ایک استفتاء

سوال (۱۰) معتکف علاوہ فرض نماز کے نوافل اور تلاوتِ قرآن و ذکر کے لئے سقاوہ سے جو مسجد کے اندر نہیں، یا کنویں سے پانی لا سکتا ہے

یا نہیں؟ ۴۵ھ میں میں نے دریافت کیا تھا تو آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ فرض نماز کے لئے تو وضو کے لئے باہر جا کر پانی لا سکتا ہے، تلاوت اور نفل نماز کے لئے باہر نہیں جا سکتا، اگر جائے گا تو اعتکاف ناقص ہو جائے گا، اور دیوبند کے مفتی صاحب نے اس طرح پانی لانے کو ضرورت میں داخل فرمایا ہے۔

جواب: مفتی صاحب کا جواب صحیح ہے، اور میں بھی یہی فتویٰ دیتا ہوں، نہ معلوم آپ کو اس کے خلاف کس طرح جواب دیا گیا، فاستغفر اللہ واتوب الیہ۔ ۲۲ ررمضان ۴۸ھ

سوال: مجھے خیال پڑتا ہے کہ جب میں تھانہ بھون حاضر ہوا تھا تو مسجد میں جو ہدایات معتکف کے لئے تحریر تھیں اس میں تحریر کیا تھا کہ ریح خارج کرنے کے لئے مسجد سے باہر جانا چاہئے دیوبند کے مفتی صاحب دریافت کرنے پر تحریر فرماتے ہیں کہ "اخراج ریح کے لئے معتکف کو مسجد سے نکلنا جائز نہیں ہے"، اس مسئلہ میں جو محقق حکم ہو تحریر فرمایا جاوے، اگر میری سمجھ میں نہ آیا ہو تو توضیح فرما دی جاوے؟

جواب: علماء دیوبند و سہارنپور سب کا وہی خیال ہے جو مفتی صاحب نے تحریر فرمایا، مگر میں ایک جزئیہ کی بناء پر مسجد میں اخراج ریح کی اجازت معتکف و غیر معتکف کسی کے لئے نہیں سمجھتا، لیکن اس وقت مجھے بھی اس مسئلہ میں تردد ہو گیا ہے، تحقیق کر رہا ہوں، اس لئے احوط یہی ہے کہ مفتی صاحب کے قول پر عمل کیا جائے۔ تاریخ بالا۔

سوال: معتکف کو مسجد میں خط بنوانا بال کٹوانا کیسا ہے؟

الجواب: جائز ہے، جبکہ حجام باہر رہے۔ تاریخ بالا۔

بقیہ سوال: اور غسل کے لئے جانا جبکہ حالتِ جنابت میں ہو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: جائز نہیں۔

سوال: معتکف کی طبیعت دوسرے سے پانی لینے کو نہیں چاہتی تو خود مسجد سے باہر ہو کر پانی لینا بہتر ہے یا دوسرے ہی شخص سے لینا؟

الجواب: اگر دوسرے شخص سے بے تکلفی نہ ہو، بلکہ خدمت لینے سے اپنے اوپر یا اس پر گرانی کا شبہ ہو تو خود مسجد سے باہر جا کر پانی لینا اولیٰ ہے، ہاں بے تکلفی ہو تو خروج جائز نہیں، واللہ اعلم۔ ظفر احمد، عفا عنہ، ۲۲ ررمضان ۴۸ھ

عشرۂ اخیرہ کامل کا اعتکاف سنتِ مؤکدہ ہے

سوال (۱۱) زید کہتا ہے اعتکاف رمضان المبارک عشرۂ اخیرہ کامل کا سنت موکدہ ہے، اس سے کم مدت میں سنت ادا نہ ہوگی، حوالہ

Made searchable using ScribeTools.com

مولانا عبد الحی صاحب کے رسالہ "الانصاف فی حکم الاعتکاف" کا دیتا ہے، عمرو کہتا ہے کہ کامل دس روز شرط نہیں، بلکہ اقل عشرہ سے بھی سنت ادا ہو جاوے گی، اپنے قول کے ثبوت میں خلاصۃ الفتاوی کی یہ عبارت پیش کرتا ہے:۔ (قال القاضی الامام الاعتکاف فی المسجد الجامع افضل اذا کان یصلی فیہ الصلوات الخمس بالجماعۃ اما اذا لم یکن فالاعتکاف فی مسجدہ افضل کیلا یحتاج الی الخروج عن معتکفہ فان اراد ان یعتکف اقل من سبعۃ ایام یعتکف فی مسجد حیہ وان اراد ان یعتکف فی الجامع الخ)

نیز مولانا بحر العلوم کے رسائل الارکان کو دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اعتکاف مذکور سنت مؤکدہ نہیں، بلکہ مندوب محض ہے، جس پر اُن کی یہ عبارت شاہد ہے:۔ واعلم انہ لا شک فی مواظبۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی اعتکاف العشر الاواخر من شہر رمضان لکن قد ثبت من الصحابۃ العظام ترک الاعتکاف ومنہم الخلفاء الراشدون فللاعتکاف نوع اختصاص بہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو انہ یلقی جبرئیل فیدارسہ القرآن ومدارسۃ القرآن جبرئیل کانت مختصۃ بہ صلی اللہ علیہ وسلم فلہذا کان للاعتکاف اختصاصًا بہ صلی اللہ علیہ وسلم فترک الاعتکاف من الامۃ لا یلحقہم الاساءۃ ولذا کان صلی اللہ علیہ وسلم لا یؤکد فی الاعتکاف تاکیدہ فی غیرہ من السنن ولا یعیب واحدًا من الصحابۃ علی ترک الاعتکاف فالاعتکاف اما سنتہ مختصۃ بہ صلی اللہ علیہ وسلم غیر مؤکدۃ علی الامۃ بل بقی فی حقہم مثل السنن الغیر المؤکدۃ او کان واجبًا علیہ صلی اللہ علیہ وسلم مختصًا ففعلہ لامتثال الوجوب فلا یکون علی الامۃ سنۃ بل مندوبًا محضا وھذا غیر بعید الخ

حضور والا کے نزدیک اقوالِ مذکورہ میں سے کونسا قول راجح ہے؟

الجواب: صحیح یہی ہے کہ تمام عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف سنتِ مؤکدہ ہے مگر علی الکفایہ، جیسا کہ مراقی الفلاح، عالمگیریہ، شامی وغیرہ میں ہے، اور خلاصۃ الفتاوی کی عبارت مندرجہ سوال سے عمرو کا مقصود کسی طرح ثابت نہیں ہو سکتا ہے، اس عبارت کو مقصودِ عمرو سے کوئی تعلق نہیں ہے، اُس عبارت کا تو محض یہ منشا ہے کہ اگر سات یوم سے کم کا اعتکاف کرے (اور ان ایام میں جمعہ نہ واقع ہوتا ہو کما ہو الظاہر) تب تو مسجدِ محلہ میں اعتکاف افضل ہے، اور اگر سات روز یا اس سے زائد کا اعتکاف کرتا ہو (یا سات روز سے کم کا اعتکاف ہو مگر

ان ایام میں جمعہ واقع ہوتا ہو) تو جامع مسجد میں اعتکاف کرنا افضل ہے، کیونکہ اس صورت میں مسجدِ محلہ سے جمعہ کے لئے جانا پڑے گا، اور معتکف سے نکلنا خلاف اولیٰ ہے، اس عبارت میں اس کا ذکر بالکل نہیں کہ کتنے دن کا اعتکاف سنت ہے، اس سے یہ کیسے سمجھ لیا کہ سات روز سے کم کا اعتکاف کرنے سے سنت ادا ہو جاوے گی، اور رسائل الارکان کی تقریر کا جواب شامی نے عنایہ سے نقل کیا ہے کہ مواظبت بلا تاکید سے بھی سنت ثابت ہو جاتی ہے، اور اگر مواظبت مع الانکار علی التارک ہو تب تو اس سے وجوب ثابت ہوتا ہے، (ص ۳۰۸، ج ۲) اور جب سنت کفایہ کہا جاوے تو یہ اعتراض بالکل ہی عائد نہیں ہو سکتا، کیونکہ نہ ایسا ہوا کہ کسی نے بھی اعتکاف نہ کیا ہو نہ تاکید کی نوبت آئی، واللہ اعلم بالصواب۔ احقر عبد الکریم گمتھلوی عفی عنہ، خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون، ۱۱ جمادی الاولی ۴۸ھ

للہ در المجیب فقد اوتی من الفقہ اوفر نصیب ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۱۱ رج ۴۸ھ

معتکف کے متعلق متعدد سوالات پر مشتمل ایک استفتاء

سوال (۱۲) فتاوی ماہِ رمضان المبارک، زید جس مسجد میں معتکف ہے وہاں سے ایک جامع مسجد تو قریب ہے، اور دوسری کچھ فاصلہ پر ہے، اور زید کا معمول پہلے سے بعید کی مسجد میں نمازِ جمعہ پڑھنے کا تھا، کیا زید اب حالتِ اعتکاف میں قریب کی مسجد کے ہوتے ہوئے اپنی کسی مصلحت سے بعید کی مسجد میں نمازِ جمعہ کے لئے جا سکتا ہے؟

الجواب، اس کا جزئیہ تو نظر سے نہیں گذرا، لیکن عالمگیریہ میں ہے: (ان کان لہ بیتان قریب وبعید قال بعضہم لا یجوز ان یمضی (ای للخلاء) الی البعید فان مضی بطل اعتکافہ کذا فی السراج الوہاج، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسئلہ مسئولہ میں اختلاف ہے، اور احتیاط اسی میں ہے کہ مسجد قریب میں جاوے، واللہ اعلم، ۷ رمضان ۴۸ھ

بقیہ سوال: اور کیا زید کو وعظ سننے کی غرض سے جامع مسجد میں کچھ دیر ٹھیر جانا جائز ہے؟

جواب، مکروہ ہے، اور بہتر یہ ہے کہ بعد فراغ عن السنن البعدیۃ اپنی مسجد میں چلا آوے، تاریخ بالا۔

بقیہ سوال: وما الحکم ان نوی ذلک (ای صلوۃ الجمعۃ فی المسجد البعید واستماع الوعظ) وقت اعتکافہ؟

الجواب؛ الرنیت کرلی ہو تو بہر مسجد بعید میں جمعہ پڑھنے اور وعظ کے لئے ٹھیرنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ تاریخ بالا۔

بقیہ سوال: ھل للمعتکف الخروج من معتکفہ للوضوء للنوافل ؟

الجواب؛ بلاضرورتِ فرض خروج خلافِ احتیاط ہے، ہاں جو حیلہ غسلِ جمعہ میں آئندہ لکھا ہے وہ یہاں بھی ہو سکتا ہے۔ تاریخ بالا۔

بقیہ سوال؛ غسلِ جمعہ ضرورتِ شرعیہ میں داخل ہے یا نہیں ؟

الجواب؛ غسلِ جمعہ کے لئے خروج من المسجد جائز نہیں، فقط غسلِ احتلام کے واسطے باہر جانا جائز ہے، البتہ غسلِ جمعہ کے لئے (بعض علماء کے نزدیک) یہ صورت جائز ہے کہ جب استنجاء وغیرہ کے لئے باہر نکلے تو طہارت کے وقت طہارتِ کاملہ یعنی غسل کرلے۔

احقر عبدالکریم عفی عنہ، از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون، ۷ رمضان ۴۸ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا اللہ عنہ۔ ۸ رمضان ۴۸ھ

مثل استفتاء مذکورہ مشتمل برچند سوالات۔

سوال (۱۳) معتکف اپنے گھر آکر کھانا کھا سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب؛ معتکف کو کھانے کے واسطے گھر جانا جائز نہیں ہے، بلکہ مسجد ہی میں منگا کر کھانا چاہئے، البتہ اگر کوئی لانے والا نہ ہو تو مجبوری کو خود جاکر کھانا لے آئے، مگر فوراً واپس آجاوے اور مسجد ہی میں کھادے، بدون سخت مجبوری کے کھانا لانے کے واسطے بھی ہرگز نہ جاوے۔ ۱۲ رمضان ۴۸ھ۔

سوال؛ معتکف ضرورۃً اپنے گھر آرہا ہو اور راستہ میں کوئی آدمی اس سے بات کرنا چاہے تو جواب دے سکتا ہے یا نہیں یا خاموش چلا جاوے؟

الجواب؛ جب استنجاء وغیرہ کی ضرورت سے باہر نکلا ہو تو بولنے میں مضائقہ نہیں، مگر بات چیت کے لئے کھڑا نہ ہو، البتہ رفتار سست کردینے کی گنجائش ہے، واللہ اعلم۔ تاریخ بالا۔

سوال؛ کیا معتکف اپنے گھر آکر نہا سکتا ہے ؟

الجواب؛ غسل اگر واجب ہوگیا ہو تو مسجد ہی کے غسل خانہ میں نہادے، اور ویسے بدون احتلام کپڑے بدلنے وغیرہ کے واسطے نہانے کی اجازت نہیں۔ تاریخ بالا۔

۱۵ حضرت تھانوی مدظلہ العالی اس صورت سے بھی منع فرماتے ہیں، وہو الاقرب الی الاحتیاط، واللہ اعلم منہ

سوال؛ نوافل وغیرہ کے لئے بار بار وضو کے لئے وضو خانہ میں جانا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب؛ نوافل کے لئے بھی وضو کرنے کے واسطے باہر جاسکتا ہے، لیکن یہ جب ہے کہ فرش کے کنارہ پر وضو ممکن نہ ہو، اگر وہاں وضو کی جگہ ہو اور پانی بھی کنارہ پر گھڑے وغیرہ میں وہاں رکھ سکتا ہو تو فرض اور نفل سب کے واسطے یہی انتظام کرنا چاہئے۔ تاریخ بالا۔

سوال؛ اپنے گھر ضرورۃً آیا ہو تو اپنی ڈاک کا بکس کھول کر خطوط لے سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب؛ گھر فقط استنجے کی ضرورت سے جاسکتا ہے، وہ بھی جبکہ گھر سے قریب تر کوئی جگہ ایسی نہ ہو جہاں یہ استنجا کرسکے، اور استنجے سے قبل یا بعد کسی کام کے واسطے ٹھیرنے کی بالکل اجازت نہیں، فقط۔ واللہ اعلم، احقر عبدالکریم گمتھلوی،

الاجوبۃ صحیحۃ، ظفر احمد عفا عنہ، ۱۲ رمضان ۴۸ھ

اعتکاف میں مسجد کی خدمت کرنا

سوال (۱۴) حالتِ اعتکاف میں مسجد کی خدمت کرنا اور اذان واقامت کہنا کیسا ہے ؟

الجواب؛ معتکف کو مسجد کی خدمت کرنا اور اذان وتکبیر پڑھنا ایسا ہی ہے جیسا کہ غیر معتکف کو، لیکن خدمت ایسی نہ ہو جس میں مسجد سے باہر جانا پڑے، ۱۵ رمضان ۴۸ھ۔

حالتِ اعتکاف میں ورزش اور خط کا جواب تحریر کرنا

سوال (۱۵) جو شخص ورزش کرنے کا عادی ہے حالتِ اعتکاف میں کرسکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب؛ باہر جانا جائز نہیں، اور مسجد میں ورزش خلافِ ادب ہے، لہذا زمانۂ اعتکاف میں اس کو ترک کردیں، اگر تکلیف ہو اور اگر تکلیف زیادہ ناقابلِ برداشت ہو تو بمجبوری خلوت کے وقت کرلیا کریں تاریخ بالا۔

سوال؛ اپنے خطوط یا دیگر شخص کا خط تحریر کرانا چاہیں تو تحریر کرنا کیسا ہے ؟

الجواب؛ خط لکھنے میں مضائقہ نہیں، خواہ اپنا ہو یا دوسرے کا؟ احقر عبدالکریم ۱۵ رمضان۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ۔

جس کو ریح اور بواسیر کا عارضہ ہو مسجد میں اعتکاف کرسکتا ہے یا نہیں

سوال (۱۶) زید ہمیشہ آخر عشرۂ رمضان شریف میں معتکف ہوا کرتا ہے، مگر ریحی بواسیر کا عارضہ ہونے سے وضو قائم نہیں رہتا، اور مسجد میں بعض وقت ریح کو خارج نہ کرنا تکلیف دہ ہوتا ہے، کیا ایسے شخص کو اعتکاف بمسجد جائز ہے ؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب: ہاں جائز ہے، مگر ریح خارج کرنے میں اختلاف ہے، بعض نے کہا ہے کہ مسجد میں خارج کرنا مضائقہ نہیں، اور بعض نے کہا ہے کہ جب ضرورت ہو مسجد سے باہر چلا جاوے (جیسا کہ پیشاب پاخانہ کے واسطے جاتا ہے، کما فی العالمگیریۃ (ص ۲۱۵ ج ۲) واختلف فی الذی یفسو فی المسجد فلم یر بعضهم بأسا وبعضهم قالوا لا یفسو ویخرج اذا احتاج الیه وهو الاصح کذا فی التمرتاشی اھ، اس لئے اخراج ریح کے واسطے باہر جانا بھی معتکف کو جائز ہے، اور جب دونوں طرف گنجائش ہے تو حسب موقع دونوں قول پر عمل کی گنجائش ہے، یعنی جب اخراج ریح فی المسجد سے لوگوں کی ایذا کا احتمال ہو تو باہر چلا جانا چاہئے، اور جب بار بار جانے میں دقت ہو تو باہر نہ جانا بھی جائز ہے، اس طرح دونوں روایتیں جمع بھی ہو گئیں، واللہ اعلم،

کتبہ الاحقر عبدالکریم عفی عنہ، از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون، مورخہ ۲ر شعبان ۵۱ھ

کتاب الحج

(فصل فیمن یفرض علیہ الحج)

معذور لیکن صاحبِ استطاعت شخص کے حج کا حکم

سوال (۱) زید پیروں سے معذور ہے، تھوڑی دور بھی مشکل سے چل سکتا ہے، استطاعت ہے اس لئے حج کا ارادہ رکھتا ہے، ایک آدمی ساتھ رکھنا ہوگا، جس کا صرفہ زید کو دینا ہوگا، اتنی استطاعت ہے کہ آدمی کے خرچ کو برداشت کر لے گا، ایسی معذوری میں بھی زید پر حج فرض ہے یا کیا؟

الجواب: قال فی العالمگیریۃ ومنها سلامة البدن حتی ان المقعد و الزمن والمفلوج ومقطوع الرجلین لا یجب علیهم حتی لا یجب علیهم الاحجاج وان ملکوا الزاد والراحلة ولا الایصاء فی المرض هذا ظاهر المذهب عن ابی حنیفة وهو روایة عنهما وظاهر الروایة عنهما انه یجب علیهم فان احجوا اجزاهم مادام العجز مستمرا فان زال فعلیهم الاعادة بانفسهم وظاهرا فی التحفة اختیاره فانه اقتصر علیه وکذا الاسبیجابی وقواه المحقق فی فتح القدیر والاعمی اذا ملک الزاد والراحلة ان لم یجد قائدا لا یلزمه الحج بنفسه

فی قولهم وهل یجب الاحجاج بالمال فعند ابی حنیفةؒ لا یجب وعندهما یجب و ان وجد قائدا عند ابی حنیفةؒ لا یجب الحج بنفسه وعن صاحبیه فیه روایتان ولو ملک الزاد والراحلة وهو صحیح البدن ولم یحج حتی صار زمنا او مفلوجا لزمه الاحجاج بالمال بلا خلاف اھ ملخصا، ص ۱۴۱ ج ۱، صورت مذکورہ میں زید پر خود حج کرنا تو فرض نہیں، لیکن حج بدل کرا دینا ضروری ہے، لیکن بعد میں اگر تندرست ہو گیا تو دوبارہ خود حج کرنا پڑے گا، اور اگر خود حج کو چلا جاوے یہ بہت ہی بہتر ہے، واللہ اعلم۔

جس پر جائیداد زیادہ ہو اور نقد روپیہ نہ ہو اس پر وجوبِ حج کا حکم

سوال (۲) جس شخص کے پاس زمین زیادہ ہے اور روپیہ نقد موجود نہیں، اس کے ذمہ حج فرض ہے یا نہیں، یعنی اس شخص کو زمین فروخت کر کے حج کرنا فرض ہے یا نہیں، مثلاً ایک شخص ہے کہ اس کے پاس پانچ ہزار روپیہ نقد موجود ہے اور دوسرے کے پاس زمین دس ہزار روپیہ کی ہے اور نقد موجود نہیں ہے، اب فرمائیے کہ ان میں کس کے ذمہ حج فرض ہے، یا دونوں کے ذمہ حج کرنا فرض ہے؟

(۲) ایک شخص کے پاس پانچ ہزار روپیہ کا سامان دکان میں موجود ہے، اس پر حج فرض ہے یا نہیں؟

(۳) ایک شخص کے پاس چار ہزار روپیہ کے مویشی ہیں اس پر حج فرض ہے یا نہیں؟

(۴) ایک شخص کے پاس پانچ ہزار روپیہ کا غلہ موجود ہے اس پر حج کرنا فرض ہے یا نہیں؟

الجواب: جس شخص کے پاس اتنی زیادہ زمین ہو کہ اس کا ایک ٹکڑا مصارفِ حج کے لئے فروخت کرنے کے بعد بھی اتنی زمین باقی رہے جو اس کے اور اس وعیال کے تعیش کے لئے کافی ہے، تو ایسے شخص کے ذمہ اپنی زمین کا کچھ حصہ حج کے لئے فروخت کرنا لازم ہے، اور اس پر حج فرض ہے، اور اگر مصارفِ حج کے واسطے ایک ٹکڑا بیع کرنے کے بعد باقی زمین اس کے اور اس کے اہل و عیال کے گزارہ کو کافی نہیں رہتی، تو اس حالت میں اس پر حج فرض نہیں، اور نہ زمین کا فروخت کرنا فرض ہے، قال فی غنیة الناسک وان کان له من الضیاع ما لو باع مقدار ما یکفی الزاد والراحلة یبقی بعد رجوعه من ضیعته قدر ما یعیش بغلة الباقی یفترض علیه الحج والا فلا کذا فی الخانیة اھ (ص ۷) ۲۱ر صفر ۴۵ھ

جواب سوال دوم وسوم وچہارم: قال فی غنیة الناسک السادس الاستطاعة وهی القدرة علی زاد یلیق بحاله فاضلا عن الحوائج الاصلیة المذکورة فی الزکوٰة کمسکنه وعبید خدمته وفرسه المحتاج الی رکوبه ولو احیانا ومرمة مسکنه

وراس مال حرفته ان احتاجت لذلك والات حرثه من البقر ونحو ذلك ان كان حراثا اكارا اوراس مال التجارة ان كان تاجرا يعيش بالتجارة والمراد ما يمكنه الاكتساب به قدر كفاية عياله لا اكثر لانه لا نهاية له رد المحتار ص ،) وفيه ايضا وان كان له مسكن فاضل لا يسكنه او عبد لا يستخدمه او متاع لا يستهنه او كتب لا يحتاج الى استعمالها او كرم زائد على قدر التفكه بها ونحو ذلك مما لا يحتاج اليها يجب بيعها ان كان به وفاء بالحج اھ (ص)

پس جس شخص کے پاس پانچ ہزار کا سامان دوکان میں ہی، اگر اس میں سے بقدر مصارف حج کے فروخت کر کے اتنا سرمایہ باقی رہے کہ اس میں تجارت کر کے یہ شخص مع اہل وعیال کے متوسط حال سے گذر کر سکے تو بقدر مصارف حج کے سامان کا بیع کرنا لازم ہے، اور اس پر حج فرض ہی، اور اگر بانی میں تجارت کر کے گذر نہ ہو سکے تو واجب نہیں، بشرطیکہ اس شخص کا گذر تجارت ہی پر ہو، اور جس شخص کے پاس چار ہزار کے مویشی ہیں تو اگر یہ شخص کاشتکار یا زمیندار ہی اور یہ مواشی سب کے سب کھیتی کے کام میں مشغول ہیں، یا یہ جانور سواری کے ہیں اور گاہی گاہی سواری کے کام میں آتے ہیں تو اس حالت میں اس پر حج فرض نہیں، نہ ان مواشی کا بیچنا لازم ہی اور اگر یہ جانور دودھ پینے کے ہیں، اور اس کے اہل وعیال کا گذران کے دودھ ہی پر ہے، اس کے سوا اور کوئی صورت معاش کی نہیں، نہ زمین کا غلہ ہی، اور نہ کچھ تب بھی اس پر ان کا بیچنا لازم نہیں، بشرطیکہ اگر مصارف حج کے لئے بعض کو فروخت کیا جائے تو باقی مواشی سے گذارہ نہ ہو سکے، اور نہ حج فرض ہے، اور اگر اس کی معاش ان جانوروں کے دودھ پر موقوف نہیں، یا موقوف ہی لیکن ان میں سے بقدر مصارف حج کے ایک دو یا زیادہ جانوروں کے فروخت کرنے کے بعد باقی ماندہ مواشی گذارہ کو کافی ہیں، یا یہ جانور تجارتی ہیں اور ان کی تجارت پر اس کا گذر موقوف نہیں، یا موقوف ہے، مگر مصارف حج کے لئے ایک دو یا زیادہ کو بیع کرنے کے باقی ماندہ کی تجارت اس کے گذر کو کافی ہے، تو بقدر حج کے ایک دو یا زیادہ جانور کو بیع کر کے اس پر حج کرنا فرض ہوگا

رہا غلہ جو پانچ ہزار کا ہی تو اگر یہ سارا غلہ صرف کھانے ہی کے صرف میں آتا ہے تب تو حج فرض نہیں، اور اگر کچھ کھایا جاتا ہے باقی بیچا جاتا ہی تو جتنا ضرورت سے زائد ہی اس کو بیع کر کے حج کرنا فرض ہوگا، اگر وہ زائد غلہ فروخت ہونے کے بعد زاد وراحلہ ومصارف حج کو کافی ہو، واللہ اعلم،

از تھانہ بھون، ۲۱ صفر ۴۵ھ

تعمیر مکان سے حج فرض مقدم ہے

سوال (۳) زید کو جائز طور سے اس قدر رقم نقد ملی کہ فقط حج بیت اللہ کر سکتا ہے، مگر حال یہ ہے کہ اس کا گھر بھی کھنڈر پڑا ہے، تو زید پر اول حج بیت اللہ ادا کرنا فرض ہے یا گھر بنانا۔

الجواب؛ قال فی العالمگیریة وان لم یکن مسکن وعندہ دراھم یبلغ به الحج ویبلغ ثمن مسکن وخادم وطعام وقوت فعلیه الحج فان جعلها فی غیر الحج اثم کذا فی الخلاصة (ص ۱۴۰ ج ۱) صورت مسئولہ میں اس شخص پر حج فرض ہے اس رقم کو مکان میں لگانا جائز نہیں بشرطیکہ یہ رقم مکہ کی آمد ورفت کے لئے کافی ہو اور اس مدت کے لئے اہل وعیال کو نفقہ بھی دے سکے۔ واللہ اعلم

۱۳ رمضان ۴۴ھ از تھانہ بھون

اگر کسی کے پاس مقدار فرضیت حج مال نہ ہو مگر صاحب جائداد ہو اور جائداد فروخت کر کے حج کر سکتا ہو تو اس پر حج فرض ہے یا نہیں

سوال (۴) یہ ہے کہ میری اہلیہ اپنا حج فرض پہلے ادا کر چکی ہے اب اس مرتبہ اگر وہ اپنے مرحوم لڑکے کی طرف سے حج بدل کی نیت کر لیں تو کچھ کراہت تو نہیں ہے، میرے لڑکے مرحوم کی بائیس سال کی عمر تھی اور کچھ جائداد بھی اس کے نام اس کی نانی صاحبہ نے کر دی تھی جس کی آمدنی اس کے خورد ونوش واخراجات ضروری کی کفیل نہیں ہو سکتی تھی مگر قیمت اس کی اس قدر ضرور تھی اس کو فروخت کر کے وہ بآسانی حج کر سکتا تھا ایسی صورت میں اس کے ذمہ حج فرض ہو گیا یا نہیں؟

الجواب؛ فی العالمگیریة (ص ۱۴۰ ج ۱) وان کان صاحب ضیعة ان کان له من الضیاع ما لو باع مقدار ما یکفی الزاد والراحلة ذاهبا وجائیا ونفقة عیاله واولاده یبقی له من الضیعة قدر ما یعیش بغلتها الباقی یفترض علیه الحج والا فلا۔ اس سے معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں اگر اس کے پاس اس جائداد کے علاوہ مقدار فرضیت حج مال نہ تھا تو حج فرض نہ ہوا تھا۔

احقر عبدالکریم عفی عنہ، ۲۸ شعبان ۴۴ھ۔

الجواب صحیح۔

ظفر احمد عفا اللہ عنہ از تھانہ بھون۔

۲۸ شعبان ۴۴ھ۔

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools

ایضاً | **سوال** (۵) ایک عورت جس کے نان ونفقہ کا متکفل اس کا شوہر ہے اور اس عورت کے پاس ایک مکان ہے جس کا کرایہ بھی گھر کے اخراجات میں صرف ہو جاتا ہے اور کچھ بچتا نہیں ہے ایسی صورت میں عورت کو اپنا مکان بیچ کر حج کرنا فرض ہے یا نہیں؟ اور مکان کی حیثیت آٹھ یا دس ہزار روپیہ ہے۔

الجواب؛ اور جب عورت کا نفقہ شوہر دیتا ہے اور دوسرے کسی شخص کا نفقہ اس کے ذمہ نہیں۔ تو یہ مکان حاجت اصلیہ سے زائد ہے اس لئے حج کرنا اس کے ذمہ فرض ہے۔

وفی العالمگیریۃ (ص۱۴۱ ج۱) وفی التجرید ان کان لہ دار لا یسکنھا وعبد لا یستخدمہ فعلیہ ان یبیعہ ویحج بہ وفیہ ایضا بعد اسطر: وان کان صاحب ضیعۃ ان کان لہ من الضیاع مالو باع مقدارما یکفی الزاد والراحلۃ ذاھبا وجائیا ونفقۃ عیالہ واولادہ یبقی لہ من الضیعۃ قدر ما یعیش بغلتہ الباقی یفترض علیہ الحج والا فلا وفیہ ایضا والعیال من یلزمہ نفقتہ کذا فی البحر الرائق۔

کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ۔ الجواب صحیح۔

احقر ظفر احمد عفا عنہ، ۳ محرم ۴۵ھ۔

اولاد ادا قرض کا وعدہ کرے تو مدیون باپ کو حج پر جانا جائز ہے

سوال (۶) میں کاروبار پنڈاوہ کا کرتا ہوں میرے ذمہ قرضہ بارہ سو روپیہ ہے اور مال دو ہزار کا ہے۔ علاوہ مکانات زائد رہائشی کے میری اولاد میرے فریضہ حج کو اس طرح پر منظور کرتی ہے کہ تم حج کو چلے جاؤ ہم قرضہ ادا کر دیں گے کیا اس طرح پر شریعت مجھے اجازت ادا فریضہ کی دے سکتی ہے؟ دعا فرمائیے کہ وقت روانگی تک قرضہ ادا ہو جائے۔

میری زوجہ عمر رسیدہ اور دائم المریض ہے اس کا بھی اصرار ہے کہ مجھے بھی لیکر چلو ورنہ میں اجازت نہیں دیتی اس حال میں کہ خرچ آمد ورفت ایک کا کافی ہے دوسری عورت کا خرچ بہ نسبت مرد کے زیادہ ہوتا ہے پس کیا عورت کی اجازت کا مرد شرعی طور پر ادا فریضہ حج کے لئے پابند ہے؟

الجواب؛ ہاں اس صورت میں سائل کو حج کے لئے چلا جانا چاہئے اور قرضخواہوں کا اطمینان کر جائے کہ میری اولاد تمہارے قرض کا انتظام کرے گی اگر اولاد کا وعدہ جھوٹا نکلے۔ مرد حج کے بارہ میں بیوی کی اجازت کا پابند نہیں ہاں یہ ضرور ہے کہ اس کے لئے واپسی تک نفقہ

کا انتظام کر جائے۔ واللہ اعلم۔

۲۵ رجب ۴۵ھ از تھانہ بھون خانقاہ امدادیہ۔

مہر مؤجل مانع وجوب حج نہیں ہے

سوال (۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو غصہ کی حالت میں یہ لکھدیا کہ تم اپنے میکہ سے ایک ہفتہ کے اندر نہ آئی یا میرا زیور نہ بھیجا تو تم پر ایک طلاق ہے چنانچہ وہ ہنوز نہیں آئی۔ اور نہ زیور بھیجا اور معتبر ذریعہ سے یہ معلوم ہوا کہ اس کو خط نہیں ملا تو کیا اس پر ایک طلاق دینے سے طلاق ہو گئی اور کیا ایک طلاق سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے ایسی صورت میں کیا کرنا چاہئے؟

کیا موجودہ صورت میں مرد حج کو جا سکتا ہے بغیر رضامند کئے ہوئے عورت کے اور رضامند کر دے اور مہر نہ دے سکے کیونکہ اس کے پاس صرف اتنا روپیہ ہے کہ حج کر سکے مہر ادا نہیں کر سکتا اس کی دو لڑکی بھی ہیں تو کتنا حصہ مہر میں سے اس کو دیا جاوے گا۔

الجواب؛ ----------

حج کو جانے کے لئے عورت کا راضی کرنا یا اس کا راضی ہونا شرط نہیں ہے۔ اگر حج فرض ہو ورنہ مہر ادا کر کے جانا ضروری ہے۔ جبکہ نکاح باقی ہو اور مہر مؤجل ہو بلکہ عورت کو واپسی تک نان ونفقہ دیکر جانا واجب ہے۔ ہاں نکاح ٹوٹ چکا ہو اور عورت مہر کا مطالبہ کرے تو حج سے دین مہر ادا کرنا مقدم ہے۔ اور یہ تفصیل اس وقت ہے جبکہ دین مہر کو دوسرے قرضوں کی برابر نہ سمجھا جائے بلکہ اس کی طرف سے بے التفاتی ہو جیسا کہ عام اہل ہند کی یہی حالت ہے تو ایسا دین مہر وجوب زکوٰۃ وحج کے منافی نہیں الا بوقت طلاق اور مطالبہ زن، اور جو شخص دین مہر کو بھی دیون الناس کی طرح سمجھتا ہو اور اس کی ادا کی فکر میں ہو اور حسب ہمت قلیل وکثیر ادا کرتا ہو اس پر حج اس وقت تک فرض نہ ہوگا جبتک دین مہر ادا نہ ہو جائے یا اتنی رقم اس کے پاس جمع ہو جائے جو ادائے دین مہر کے بعد مصارف حج ونفقہ اہل وعیال کو تا واپسی کافی ہو۔ واللہ اعلم۔

۱۹ رمضان شریف۔

لے پالک لڑکے اور محلہ کی عورتوں کے ساتھ سفر حج پر جانا جائز نہیں

سوال (۸) ایک عورت حج کو جانا چاہتی ہے مگر کوئی اس کا محرم نہیں ہے شوہر اور سب محرم مر گئے صرف اکیلی عورت ہے، اور ایک لڑکا لے پالک ہے لڑکے کا سن ۱۵ برس کا ہے عورت کی عمر بھی ۵۰ برس کی ہے عورت پر حج فرض بھی ہے کیونکہ خدا نے حج بھر کا روپیہ بھی دیا ہے پالے ہوئے لڑکے کے ساتھ حج کو جا سکتی

ہے یا محلہ کی عورت اپنے محرم کے ساتھ جاتی ہو تو یہ عورت بھی اُس عورت کے ساتھ جاسکتی ہے یا نہیں یا کہ حج بدل کرا دے کیونکہ اگر عورت مرگئی تو اس کا حج بدل کوئی نہیں کرائے گا تینوں مسئلوں کا جواب برائے مہربانی بہت جلد روانہ فرمائیں آپ ہی کے مسئلہ پر اُس عورت کا بہت اعتقاد ہے

الجواب؛ صورت مسئولہ میں اس مسماۃ کو اپنی طرف سے حج بدل کرا دینا چاہیئے، اپنے لے پالک کے ساتھ یا ہمسایہ عورتوں کے ساتھ جانا جائز نہیں لیکن اس وقت کا حج بدل کرایا ہوا اس شرط کے ساتھ معتبر ہوگا کہ عمر بھر کوئی محرم نہ ملے اور اگر کسی وقت محرم مل گیا مثلاً نکاح کرلیا اور شوہر ساتھ چلنے پر راضی ہوا اور اس وقت بھی روپیہ بقدر حج عورت و محرم موجود ہوا یا بعد کو جمع ہوگیا تو حج دوبارہ کرنا پڑے گا قال فی الشامیۃ تحت قول الدر ھذا اذا کان العجز کالحبس والمرض یرجی زوالہ وان لم یکن کذلک کالعمی والزمانۃ سقط الفرض بحج الغیر عنہ فلا اعادۃ مطلقاً سواء استمر بہ ذلک العذر او لا اھ مانصہ ومن العذر الذی یرجی زوالہ عدم وجود المرأۃ ..... محرما ان دام عدم المحرم إلی ان ماتت فیجوز کالمریض اذا احج ودام المرض الی ان مات اھ (ص ۲۷۳۹۰)

تھانہ بھون خانقاہِ امدادیہ، ۸ رمضان ۴۶ھ۔

مسئلہ وجوب حج علی الفور اور یہ کہ حج واجب ہونے کے بعد رقم جو حوائج ضروریہ میں صرف کرنا جائز نہیں ہے

سوال (۹) شامت اعمال سے فی الحال فریضۂ حج کی ادائیگی سے بوجہ مالی حالت اس قابل نہونے کے معذور ہوں حالات اس قسم کے ہیں جن کی تفصیل دشوار طویل ہونے کی وجہ سے عرض نہیں کی گئی کہ مجھ کو ایک مختصر اور قابل گذر مکان بنانے کی شدید ضرورت لاحق ہوگئی ہے۔ لہذا عرض یہ ہے کہ اگر ضرورت سے مجبور ہو کر مکان بنالوں اور اس کے بعد جس وقت بھی مالی حالت اس قابل ہو جائے حج کروں تو شرعاً جائز ہے یا نہیں، حضور والا مطلع فرما کر مطمئن فرماویں؟ فقط والسلام و رحمہ اللہ۔

الجواب؛ حج میں مختار قول یہ ہے کہ واجب ہونے کے بعد علی الفور واجب ہے پس اگر آپ پر حج واجب ہو چکا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ سال گذشتہ میں یا اس سے پہلے کسی سال میں حج[ع] کے وقت آپ کے پاس حج کرنے کے لئے کافی رقم موجود تھی تو اب اس رقم کو مکان میں صرف

ع حج کا وقت ہندوستان میں شوال کے مہینہ سے شروع ہوتا ہے فانہ ھو وقت خروج الحاج منہ ۱۲ ظ

کرنا جائز نہیں اور اگر حج کے وقت میں کسی سال کے اندر رقم جمع نہ تھی بلکہ اس سال رقم وقت حج کے بعد جمع ہوئی ہے یا ہمیشہ حج کے وقت سے پہلے جمع ہوئی اور وقت سے پہلے ہی صرف ہو جاتی تھی تو اس صورت میں اس رقم کو مکان میں لگا دینا جائز ہے قال فی الغنیۃ ومن لا مسکن لہ ولا خادم وھو محتاج الیھما ولہ مال یکفیہ لقوت عیالہ من ذھابہ الی ایابہ ولہ مال یبلغہ فلیس لہ صرفہ الیھما ان حضر وقت خروج اھل بلدہ بخلاف من لہ مسکن یسکنہ وخادم یخدمہ لا یلزمہ بیعھما لانہ لا یتضرر بترک شراء المسکن والخادم بخلاف بیع المسکن والخادم فانہ یتضرر بہ لباب وغیرہ وفیہ ایضاً فان ملک المال قبل الوقت فلہ صرفہ حیث شاء لکن ان صرفہ علی قصد الحیلۃ لاسقاط الحج یکرہ عند محمدؒ ولا باس بہ عند ابی یوسفؒ وان ملکہ فی الوقت فلیس لہ صرفہ الی غیر الحج علی القول بالفور فلو صرفہ لا یسقط عنہ الوجوب علی القولین وان ملک فی الوقت لا یقدر علی اداء الحج قال الفارسی فی منسکہ و الاظھر انہ لا یجب وعلیہ الفتوی کبیر اھ ص۸ وفیہ ایضاً علی الفور فی اول سنی الوجوب وھو اول سنی الامکان علی القول الاصح عندنا وھو قول ابی یوسف واصح الروایتین عن ابی حنیفۃؒ یقدم علی الحوائج الاصلیۃ کمسکنہ وخادمہ والتزوج الی ان قال فان اخرہ الی العام الثانی بلا عذر (ای معتبر شرعاً ولیس المسکن منہ) یاثم لترک الواجب. فقط۔

۱۹ رجمادی الثانی ۴۷ھ

ادا ئے حج سے قبل زیارتِ روضۂ اقدس کا حکم

سوال (۱۰) سفر حرمین شریفین کے وقت حاجی لوگ ایک تو حج میں آگے یعنی پہلے حج سے مدینہ منورہ کی زیارت کر کے پیچھے حج کر کے وطن واپس جاتے ہیں اور ایک حاجی تو اول حج ادا کر کے پیچھے مدینہ شریف کی زیارت کو جاتے ہیں اس میں سوال کا مطلب یہ ہے کہ حج سے پہلے مدینہ طیبہ یا حج سے پیچھے مدینہ عالی کے جانے میں کچھ فرق ہے یا نہ یا ایک سی بات ہے سو اس کی حقیقت سے مطلع فرماویں؟

الجواب؛ جس نے ابھی تک حج فرض ادا نہ کیا ہو اس کے لئے اولیٰ یہ ہے کہ پہلے حج کرے پھر مدینہ جائے اور جس نے حج فرض ادا کر لیا ہو اس کے لئے دونوں صورتیں برابر ہیں جبکہ

Made searchable using ScribeTools.com

راستہ میں مدینہ واقع نہ ہو ورنہ زیارت ہی پہلے کرنا چاہئے ووجہ الاول کون الفرض اھم واقدم قال فی الغنیۃ ویبدأ بالحج لو فرضا فھو الاحسن فلو بدأ بالزیارۃ جاز ویخیر لو نفلاً ما لم یضر بہ فیبدأ بزیارتہ لا محالۃ لان ترکھا مع قربھا یعد من القساوۃ والشقاوۃ اھ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۴ جمادی الثانیہ ۴۷ھ

اس کی کیا اصل ہے کہ ہندو سے روپیہ قرض لیکر حج کرنا بہتر ہے

سوال (۱۱) مولانا عاشق الٰہی صاحب نے لکھا ہے ہندو سے قرض لیکر حج کو جانا بہتر ہے اس کی کیا اصل ہے؟

الجواب؛ اس کی اصل یہ ہے کہ کفار مخاطب بالفروع نہیں اس لئے ہندو سے جو قرض لیا جائے گا وہ شبہات سے خالی ہوگا۔ دوسرے اگر حج کو جانے والے کے پاس مشتبہ رقم ہو تو اس مشتبہ رقم سے حج کرنا بہتر نہیں اس کو چاہئے کہ قرض لیکر حج کو جائے مگر مسلمان سے قرض لیکر اس کے قرض کو مشتبہ مال سے ادا کرنا اشد ہے اور ہندو کے قرض کو اس سے ادا کرنا اشد نہیں گو شدید ہے۔

جس شخص پر حج فرض نہ ہو اور کسی نے تبرعاً حج کرا دیا تو اس کا فرض حج ادا ہو جائے گا یا نہیں

سوال (۱۲) اگر کوئی شخص اپنے ہمراہ خدمت کے واسطے یا ویسے ہی تبرعاً ایسے شخص کو حج کو لے جاوے جس پر فی الحال حج فرض نہیں تو اس کا وہ فرض جو آئندہ ہونے والا ہے ادا ہو جائے گا یا نہیں۔ اور نیز شخص مذکور کو یہیں اس قدر روپیہ دیکر قبضہ کرا دیا جائے جس سے فرضیت عائد ہو جائے تو بھی فرض ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

الجواب؛ ہاں دونوں صورتوں میں اس شخص کے ذمہ سے حج فرض ادا ہو جائے گا

حجام سفر حج میں اپنا پیشہ اختیار کر سکتا ہے یا مکروہ ہے

سوال (۱۳) ایک شخص قوم حجام کا حج کو جاتا ہے اگر وہ آنے جانے کے راستہ میں یا مکہ میں رہ کر اپنے پیشہ کو اختیار کر کے کمالے تو اس کے حج میں کسی قسم کی کراہت وغیرہ کا سقم عارض ہوگا یا نہیں، یا اولیت کے خلاف ہوگا یا نہیں؟ فقط۔ بینوا توجروا۔

الجواب؛ جائز ہے۔ رہا یہ کہ ثواب تو کم نہ ہوگا تو اگر اصل مقصود کمائی ہے تو بیشک ثواب کم ہو جائے گا اور اگر اصل مقصود حج ہے اور کمائی تابع ہے تو ثواب کم نہ ہوگا، مگر شبہ عدم اخلاص کا ہے۔ اور اگر کمائی سے مقصود سفر حج کی سہولت ہے تاکہ وہاں تنگی نہ پیش

آئے تو کچھ شبہ نہیں بے غبار جائز بلکہ افضل ہے، واللہ اعلم۔ ۱۸ رجب ۴۷ھ

بارھویں کی رمی زوال سے پہلے جائز ہے یا نہیں

سوال (۱۴) بارھویں کی رمی قبل از زوال ادا ہو جاتی ہے یا نہیں۔

الجواب؛ نہیں بارھویں کی رمی زوال سے پہلے جائز نہیں۔

بارھویں کو بعد مغرب طواف زیارت ہو سکتا ہے یا نہیں

سوال (۱۵) طواف زیارت بارھویں تاریخ کو بعد مغرب ادا ہو سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ ادا ہو جائے گا مگر دم واجب ہوگا، طواف زیارت کا وقت واجب بارھویں تاریخ کے غروب شمس سے پہلے تک ہے اور وقت صحت وادا تمام عمر ہے، غنیہ ص۹۵)

حج فرض ہونے کے بعد کسی مصلحت سے اس میں تاخیر جائز نہیں ہے

سوال (۱۶) حضرت مولانا! السلام علیکم

اس عاجز نے پانچ چھ ماہ ہوئے اس سال حج کرنے کا ارادہ کیا تھا چنانچہ اسکے سامان اور انتظام کی کوشش میں رہا ایک مکان کی تعمیر میرے ذمہ تھی اور امید تھی کہ ایام حج سے پہلے مکمل ہو جائے گی صورتیں ایسی وقوع میں آئیں کہ کسی طرح بھی عمارت مذکور کی تکمیل ایام حج تک ہونی ناممکن ہے مصلحت کہتی ہے کہ اس سال ارادہ ملتوی کر کے آئندہ سال اس فریضہ کا انجام دوں کیونکہ حج اب مجھ پر فرض ہے لیکن مصلحت سے مقدم شریعت ہے اس لئے جناب سے استفسار کرتا ہوں کہ آیا اس سال حج کا التواء آئندہ سال کے لئے گناہ تو نہ ہوگا اور آیا کوئی صورت ایسی ہے کہ اس التواء کی اجازت ہوگی اپنے فہم میں قرآن شریف کی آیت "الحج اشھر معلومات" سے حج کی نیت اشہر حج سے پہلے معتبر نہ ہونی چاہئے مگر میں اس لائق نہیں ہوں کہ اپنے فہم کو معتبر سمجھوں اس لئے جناب کو تکلیف دیتا ہوں کہ مجھے صحیح راہ بتائیں

الجواب؛ قال فی الغنیۃ یجب (الحج) علی الفور فی اول سنی الوجوب وھو اول سنی الامکان علی القول الاصح عندنا وھو قول ابی یوسف واصح الروایتین عن ابی حنیفۃ رضی اللہ عنھما فیقدم علی الحوائج الاصلیۃ کمسکنہ وخادمہ والتزوج وان لم یجب بھا کما سیأتی اھ (ص۱) وقال محمد والشافعی فرض علی التراخی وفیہ ایضاً ومن لا مسکن لہ ولا خادم وھو محتاج الیھما ولہ مال یکفیہ لقوت عیالہ من وقت ذھابہ الی حین ایابہ ولہ مال یبلغہ فلیس لہ صرفہ الیھما ان حضر وقت

خروج اهل بلده اھ (ص) صورت مسئولہ میں آپ پر اسی سال حج کرنا واجب ہے، مصلحت مکان کا انتظام کر دیا جائے یا تعمیر کو درمیان میں روک دیا جائے۔ الحج اشھر معلومات کا مطلب یہ ہے کہ اشہر حج سے پہلے حج کا احرام نہ باندھا جائے یہ مطلب نہیں کہ ان مہینوں میں نیت کی جائے تو حج واجب ہوگا ورنہ نہیں وجوب حج کا مدار نیت پر نہیں ہے بلکہ وقت حج میں وجود زاد و راحلہ و استطاعت پر ہے جس شخص کے پاس ہندوستان میں مثلاً شوال کے مہینہ میں آمد و رفت سفر حج کا کرایہ وغیرہ اور اہل و عیال کا نفقہ واپسی تک موجود ہو اور دَین و حوائج اصلیہ سے فاضل ہو اس پر اس سال حج فرض ہو جائے گا خواہ نیت کرے یا نہ کرے۔ واللہ اعلم۔

۲۷ رمضان ۴۷ھ

صاحب نصاب راستے کے مخدوش ہونے کے سبب حج نہ کرے اور پھر اس کے پاس سے مال خرچ ہو جائے تو اس پر حج فرض ہوگا یا نہیں

سوال (۱۷) جنگ یورپ کے زمانہ میں ایک شخص کے پاس اتنی رقم تھی کہ وہ حج ادا کرے لیکن علماء کرام کے ارشاد پر کہ راستہ کی حالت از حد مخدوش ہے وہ حج ادا نہ کر سکا اور اسی حالت جنگ میں وہ رقم اس کے پاس سے صرف ہو گئی اب گذارش ہے کہ اس کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب؛ محض علماء کا کہنا کافی نہ تھا کیونکہ راستہ کا مخدوش ہونا یا نہ ہونا علمی مسئلہ تھوڑا ہی ہے بلکہ یہ تو تحقیق اخبار سے متعلق تھا پس اگر تحقیق سے اس وقت یہی ثابت ہوا تھا کہ راستہ مخدوش ہے جب تو سائل کے ذمہ اب حج فرض نہیں اور اگر تحقیق نہیں کی تو اس کے ذمہ حج فرض ہے رقم جمع کر کے حج ادا کرنے کی کوشش کرے اور یہ جواب اس صورت میں ہے جبکہ کسی سال ماہ شوال یا ذیقعدہ میں اس کے پاس بقدر حج کے رقم فاضل عن الحوائج الضروریہ جمع رہی ہو اور اگر ان مہینوں میں کبھی رقم جمع نہیں رہی تو سوال دوبارہ کیا جاوے۔ فقط

۲ ذیقعدہ ۴۷ھ

جس روپیہ سے زکوٰۃ نہیں نکالی ہو اس روپیہ سے اور قرض روپیہ سے حج کرنا

سوال (۱۸) گذارش یہ ہے کہ جس روپیہ میں زکوٰۃ نہ نکالی جاوے اس روپیہ سے حج کرنا جائز ہے یا نہیں جواز و عدم جواز سے مفصل مطلع فرمایا جاوے۔ اور قرض لیکر جانا ہے یا نہیں حج ہو جائے گا یا نہیں یعنی کچھ روپیہ تو اس کے پاس ہے جو حج کو جاتا ہے اور کچھ روپیہ قرض لیکر جاتا ہے، اس کا بالغ لڑکا ہے وہ قرض ادا کر دے گا تو اس روپیہ سے حج ادا ہوگا یا نہیں اور اگر وہ بالغ

لڑکا کہے کہ میں خود تنگدست ہوں بال بچوں کو کیا کھلاؤں گا میں قرض نہ دوں گا تو اس کا کیا حکم ہے جو والد کا کہنا نہیں مانتا۔ ۱۲

الجواب؛ جس روپیہ سے زکوٰۃ نہیں نکالی گئی اس سے اگر حج کیا جاوے تو حج تو جائز ہو جائے گا مگر زکوٰۃ کی تاخیر کا گناہ بھی رہے گا اس لئے بہتر یہ ہے کہ اول زکوٰۃ ادا کی جائے اس کے بعد جو رقم بچے اس سے حج کیا جاوے اگر وہ رقم کافی نہ ہو تو قرض لیکر حج کرنا اس شرط سے جائز ہے کہ ادائے قرض کے واسطے کچھ سرمایہ پیچھے چھوڑ جائے مثلاً جائداد و مکانات وغیرہ۔ اگر سرمایہ کچھ نہ ہو تو قرض لیکر اولاد کے ذمہ ڈالنا جائز نہیں اور جو لڑکا قرض کے ادا کرنے سے انکار کرتا ہے اس کا کچھ قصور نہیں اولاد کے ذمہ ماں باپ کی اطاعت و خدمت لازم ہے قرض ادا کرنا ان کے ذمہ نہیں۔ فقط۔

۲۹ ربیع الثانی ۴۸ھ

بارہ تاریخ کو زوال سے قبل رمی کرنا اور بدون عذر رمی میں نیابت کا حکم

سوال (۱۹) زید نے رمی جمرات ثلاثہ بارہ تاریخ کی بکر یا ہندہ یا چند عورتوں کی طرف سے بحالت صحت وکالۃً کر لی اور رمی قبل زوال ہوئی۔ آیا یہ رمی صحیح ہوئی یا نہیں درصورت عدم صحت دم وغیرہ اس پر واجب ہے یا کیا۔ اگر واجب ہے تو یہاں دے سکتا ہے یا وہیں کسی سے کرا دیا جائے؟

الجواب؛ بارہ تاریخ کو زوال سے قبل رمی کرنا صحیح نہیں ہے اور رمی میں بدون عذر نیابت بھی جائز نہیں ہے۔ اس لئے نہ خود زید کی رمی صحیح ہوئی اور نہ بکر و ہندہ وغیرہ کی اور سب پر دم واجب ہے اس لئے ہر ایک کی طرف سے ایک ایک بکری حرم میں ذبح کرائی جاوے یہاں ذبح کرنا کافی نہیں ہے۔ قال فی غنیۃ الناسک واما وقت الجواز فی الیوم الثانی والثالث من ایام النحر فمن الزوال الی طلوع الفجر من الغد فلا یجوز قبل الزوال فی ظاھر الروایۃ وعلیہ الجمھور من اصحاب المتون والشروح والفتاوی قال فی الفیض وھو الصواب (ص۹۷) وفی (ص۱۰۱) السادس ان یرمی بنفسہ فلا یجوز النیابۃ فیہ عند القدرۃ ویجوز عند العذر وفی ص۱۲۹ ولو ترک رمی الجمار الثلث فی یوم واحد او یومین او فی الایام کلھا فعلیہ دم واحد لاتحاد الجنس اھ وفی ص۱۲۸ وحیث ما اطلق الدم فالمراد الشاۃ وتجزئ فی کل موضع الا اذا جامع بعد الوقوف بعرفۃ او طاف للزیارۃ جنباً او حائضاً او نفساء ففیھما تجب بدنۃ الخ وفی ص۱۴۰ الثامن ذبحہ فی الحرم فلو ذبح

Made searchable using ScribeTools.com

فی غیرہ لا یجزیہ عن الحج۔

کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون ۲۲ جمادی الاخری ۴۵ھ۔

بچے کو حج پر ساتھ لیجانے سے اس پر حج فرض ہوجاتا ہے

سوال (۲۰) بچہ کو حج کے لئے لیجانا مناسب نہیں کیونکہ اس پر بیت اللہ شریف دیکھنے سے فرض ہوجائیگا اور اگر وہ بڑھکر مالدار نہ ہوا اور مرگیا تو گنہگار مرے گا بوجہ متعلق ہوجانے فرضیت حج کے بسبب دیکھنے بیت اللہ شریف کے۔

الجواب؛ بچہ اگر حج کرکے چلا آوے تو بالغ ہونے کے بعد اس پر حج فرض نہیں ہوتا۔ ہاں اگر بلوغ کے بعد مالدار بھی ہوجائے تو فرض ہوگا بوجہ مالداری کے نہ بوجہ اس زیارت سابقہ کے۔ فقط۔ احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۱ شوال ۴۸ھ

الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ ۱۲ شوال ۴۸ھ۔

ملازمت ختم ہونے کے خوف سے حج میں تاخیر کرنا

سوال (۲۱) میری عمر اس وقت ۲۹ سال کی ہے اور میں نے ابھی تک فرض حج بھی ادا نہیں کیا ہے وجہ یہ ہے کہ اب تک کا زمانہ میرا مختلف پریشانیوں میں کٹا ہے مثلاً والد صاحب کا انتقال ہوا اور گھر بار سب میرے سر پڑا اور اپنی تعلیم کی فکر تھی۔ وہ الگ اب وقت یہ ہے کہ میری ملازمت ایک سرکاری یعنی انگریزی دفتر میں ابھی تک غیر مستقل ہے اور غیر مستقل ہونے کی وجہ سے میرے حکام کو بالکل اختیار ہے کہ چاہے جس روز اور جس وقت مجھے (خواہ کوئی قصور ہو یا نہو) برخواست کردیں چونکہ حج کے واسطے مجھے طویل رخصت کی درخواست دینا ہوگی لہذا بجائے رخصت کی درخواست منظور کرنے کے مجھے غالب اندیشہ ہے کہ وہ یہی حکم دیں گے کہ جائیے ہم نے ہمیشہ کے واسطے آپکو برخاست کردیا۔ دوم میں ایک سادہ لوح اور ناتجربہ کار سا آدمی ہوں، لہذا اس انتظار میں ہوں کہ میرے اعزا میں سے ایک عزیز چند سال کے بعد حج کو جانیوالے ہیں انشاء اللہ ان کے ہمراہ میں بھی جاؤں گا اب پوچھنا یہ ہے کہ یہ جو میں اب تک فرض حج کو ادا کرنے نہیں گیا اور ابھی چند سال تک بوجہ مندرجہ بالا مجبوریوں کے میرا جانا ملتوی رہے گا تو میں از روئے شرع شریف تو گنہگار نہ ہونگا؟

الجواب؛ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

تاخیر حج بلا عذر سے گناہ ہوتا ہے اور جو تاخیر بعذر ہو اس سے گناہ نہیں ہوتا۔ یہ تو قاعدہ کلیہ ہے۔ اب رہا یہ کہ جو عذر آپ نے بیان کیا ہے وہ عذر ہے یا نہیں مجھے

اس میں تردد ہے، غیر علماء سے رجوع کیا جاوے۔ واللہ اعلم۔

ظفر احمد عفا عنہ ۱۴ شوال ۴۸ھ

حضرت حکیم الامت سے دریافت کیا تو فرمایا کہ میرے نزدیک پریشانی روزگار عذر ہے، حکاہ عنہ المولوی عبد الکریم سلمہ۔

جس کی ملک میں وسیع زرعی زمینیں ہوں مگر نقد روپیہ نہ ہو تو ہندو سے سود پر روپیہ لیکر اس کو حج کرنا جائز ہے یا نہیں اور اس سودی معاملہ سے وہ گنہگار ہوگا یا نہیں

سوال (۲۲)[1] شخصے است دولتمند نزد او زمینات زرعی بسیار موجود اند لیکن فی الحال نزد او روپیہ نقد موجود نہ اند آن کس می خواہد کہ روپیہ مثلاً یک ہزار بقرض بر سود از ہندو بگیرد حج کند بعدہٗ آن قرض بمع سود ادا خواہد نمود پس زید فتوی می دہد کہ آن کس را گرفتن قرض بر سود جائز نیست و ازین عقد ناجائز آن مال مستقرض ہم حرام گشت پس حج کردن آن را ازین مال حرام جائز نیست و عمر فتوی می دہد کہ این مال حرام نیست چرا کہ زیادتی ربوا حرام است و حرمت عقد ازیں مال مستقرض اثر نمی کند پس حج کردن آن شخص ازین مال جائز است کہ ازین عقد ناجائز آن مال مستقرض حرام می شود یا نہ؟

ع۲ ثانیاً در صورت مذکورہ کہ نزد آن شخص نقدیات موجود نہ اند و بر او حج اسلام ہم فرض است و ایام حج بر سر آمدہ اند اگر ہمان شخص قدرے از زمینات خود می فروشد پس ایام حج می گذرند و می داند کہ اگر درین سال ہمیرم پس مرتکب کبیرہ خواہم شد اکنون درین صورت اگر چند مبالغ بر سود بگیرد بہ سبب ہمیں ضرورت جائز است یا نہ و ہمیں ضرورت شرعی است یا نہ جواب ہر دو سوال بحوالہ کتب مرحمت فرمائید کہ اطمینان قلبی حاصل گردد۔

الجواب؛ (۱) قول زید کہ گرفتن قرض بر سود جائز نیست صحیح است و اما قول او کہ ازین عقد ناجائز آن مال مستقرض ہم حرام گشت پس حج کردن ازیں مال حرام جائز

---

[1] اس فتوی کے متعلق خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون کے مفتی حضرت مولانا مفتی عبد الکریم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے "امداد الاحکام" کے رجسٹر نمبر ۹ کے شروع میں تحریر فرمایا ہے کہ اس میں "مجھے تردد ہے" افسوس کہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق اس مسئلہ میں معلوم نہیں ہوسکی۔ احقر ناکارہ محمد رفیع عثمانی غفرلہ خادم طلبہ و دار الافتاء دار العلوم کراچی۔ ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۹۷ھ

Made Searchable by Scribe Tools.com

نیست الخ صحیح نیست زیرا کہ عقد استقراض بشرط فاسد فاسد نمی شود قال فی الدر القرض بالشرط حرام والشرط لغو اھ ص۲۶۶ ج۲ ، بلکہ شرط فاسد خود لغو می گردد پس مال مستقرض حرام نگشت بلکہ شرط ربوا باطل گردید۔ وچون مال ربوا بمال ادمخلوط نگردید بلکہ بمال مقرض مخلوط شدہ لہذا مالِ مستقرض حلال باشد وحج ادا کردن باد ہم صحیح باشد اگرچہ گناہ عقد ربوا ودادن ربوا ہم بذمۂ او باشد۔

(۲) تا وقتیکہ زمین مذکور فروخت شود ونزد مرد رقم نقد بوقت خروج حجاج بدست نیاید بروح فرض نیست پس بدین ضرورت کہ امسال حج ادا کردہ شود قرض برسود گرفتن جائز نباشد واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۵ ذیقعدہ ص۷۹

اشہر حج میں عمرہ کے بعد حج سے قبل مدینہ جانا جائز ہے

سوال (۲۲) معلم الحجاج ص۳۳۵ پر ہے جس پر حج فرض ہے اگر وہ مکہ میں حج کے مہینوں سے پہلے آجائے تو حج کے مہینے شروع ہونے سے پہلے اس کو مدینہ جانا جائز ہے اور حج کے مہینے شروع ہونے کے بعد جانا جائز نہیں، اس کا ماخذ غنیہ اور شرح لباب باب زیارت ہے والظاھر ان لہ ان یزور قبل دخول اشھر الحج واما بعدہٗ فلا ص۲۰۱ اس سے صریح معلوم ہوا کہ متمتع کو بھی نہ جانا بہتر ہے۔

الجواب؛ مصنف معلم الحجاج سے فہم مسئلہ میں سہو ہوا ہے یہاں کلام افضلیت و غیر افضلیت میں ہے جواز میں کلام نہیں اوپر سے دیکھا جائے قد روی الحسن عن ابی حنیفۃ انہ اذا کان الحج فرضًا فالاحسن للحاج ان یبدأ بالحج ثم یثنی بالزیارۃ وان بدأ بالزیارۃ جاز وھو الظاھر اذ یجوز تقدیم النفل علی الفرض اذا لم یخش الفوت بالاجماع اھ عدم جواز کی کوئی وجہ نہیں جبکہ خوف فوت حج نہ ہو فقد ذکر السرخسی فی المبسوط عن زید التقی رضی اللہ عنہ انہ سأل ابن عباس رضی اللہ عنہما فقال اتینا عمارا فقضیناھا ثم زرنا القبر ثم حججنا فقال انتم متمتعون ص۱۸۴ ج۴ واحتج بہ لابی حنیفۃ علی ان الخروج من المیقات لیس بلمام وانما الالمام ان یصل الی اھلہ، بہرحال اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اشہر حج میں عمرہ کرنے کے بعد بھی مدینہ جاسکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۹ شعبان ۵۶ھ

فصل فی الاحرام وما ہو محظور فیہ او مباح

احرام میں شکار اور غیر محرم کا حدودِ حرم کے اندر شکار لانے کا حکم اور اس کے متعلق غنیہ اور زبدہ کی عبارتوں میں تعارض کی تحقیق

سوال (۱) ذیل کے مسئلہ کی تحقیق کی ضرورت ہے اس لئے تحقیق کرکے ارقام فرماویں۔ . . . . . .

. . . . . .

زبدۃ المناسک غیر جیبی کے صفحہ ۴۸ میں لکھا ہے کہ جو حل میں احرام باندھے اور اس کی مٹھی میں صید ہو تو واجب ہے کہ اس شکار کو چھوڑ دے اس طرح کہ ضائع نہ ہو یا قفس میں رکھے الخ اور کچھ آگے لکھتے ہیں کہ محرم یا حلال جب حرم میں داخل ہو اور اس کے پاس شکار ہو اگرچہ قفص میں ہو تو واجب ہے کہ اس کو چھوڑ دے کہ وہ اب حرم کا شکار ہو گیا الخ ان عبارتوں سے معلوم ہوا کہ حل میں احرام باندھنے کی صورت میں شکار کا اصل چھوڑ دینا واجب نہیں ہے بلکہ کسی پنجرے میں ہو رکھ دینا چاہئے اور حرم میں داخل ہونے کی صورت میں اگرچہ پنجرے میں ہو اصلًا چھوڑ دینا چاہئے کیونکہ یہ شکار اب حرم کا ہو گیا اب سوال یہ ہے کہ حل میں حلال نے شکار پکڑا پھر جب حرم میں داخل ہوا تو یہ شکار اس کی ملک سے خارج ہوا یا فقط اس کو حرم میں ہلاک نہ کرے یعنی مامون رکھے اور پھر حرم سے باہر نکل کر کام میں لاسکتا ہے۔ زبدۃ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس کی ملک سے بھی خارج ہو گیا اصل حرم کا ہو گیا اور غنیۃ الناسک صفحہ ۱۶۱، اور دیگر کتب سے معلوم ہوتا ہے کہ اصل چھوڑ دینا واجب نہیں۔ یعنی حل و حرم میں فرق نہیں ہے ولو ادخل محرم او حلال صید الحل الحرم صار حکمہ حکم صید الحرم ومن دخل الحرم بصید فعلیہ ان یرسلہ فیہ اذا کان فی یدہٖ حقیقۃ حتی اذا کان فی رحلہ او فی قفصہ لا یجب ارسالہ کذا فی الھدایۃ والکفایۃ وغیرھما۔ غنیۃ الناسک صفحہ ۱۵۷ سطر ۷ ولو اخذہ فی الحل وھو حلال ثم احرم او دخل بہ الحرم ملکہ ملکا محترمًا فان کان الصید فی یدہ حقیقۃ وجب ارسالہ لکن لا بان یبیعہ لان تسییب الدابۃ حرام لانہ تضییع للملک بل یطلقہ علی وجہ لا یضیع بان یخلیہ فی بیتہ او یودعہ عند حلال او یرسلہ فی قفص معہ الخ اس سے صاف معلوم ہوا کہ اگر حرم میں حل کا شکار

Made searchable using ScribeTools.com

داخل کیا جاوے تو اطارۃ واجب نہیں ہے بلکہ چھوڑ دینا تضییع مال ہے اور پنجرے میں ساتھ لئے رہنا بھی حرم میں جائز ہے اب زبدہ اور غنیہ کی عبارات کا تعارض دفعہ فرمادیں یا ایک کو ترجیح دیں اس بارہ میں شامی کو بھی دیکھنا اس میں شاید لکھا ہے کہ حل میں شکار پکڑ کر باندھے اور حرم میں محرم وحلال اگر شکار داخل کرے اور شکار پنجرے میں ہو یعنی فی یدہ ہو تو چھوڑنا واجب نہیں، اور اگر فی یدہ حقیقی ہو تو حرم میں اصل چھوڑ دینا واجب ہے اور حل میں اصل چھوڑنا واجب نہیں یہ فرق بیان کیا ہے اور غنیہ نے دونوں میں فرق نہیں کیا یہ تعارض بھی دفعہ فرمادیں شامی ص۲۰۳ وھی من احرم فی الحل وفی یدہ صید واما الاولی وھی لو دخل الحرم وفی یدہ صید فالواجب علیہ الارسال بمعنی الاطارۃ لقولہ فی الھدایۃ.

الجواب؛ (اقول وباللہ التوفیق) اخذ صید کی صورتیں چند ہیں ہر ایک کا حکم الگ الگ معلوم کرنا چاہئے (۱) احرام کے بعد شکار پکڑے خواہ حل کا ہی شکار ہو یا حرم کا شکار پکڑے خواہ یہ حلال ہی ہو محرم نہ ہو یہ تو ملک میں داخل نہ ہوگا (۲) یہ کہ احرام حل میں باندھنا چاہتا ہے اور احرام سے پہلے اس کے ہاتھ میں حقیقۃً صید حل ہے (۳) حل میں احرام باندھنا چاہتا ہے اور اس کے ہاتھ میں نہیں بلکہ قفص میں صید حل ہے (۴) حرم میں داخل ہوا اور اس کے ہاتھ میں نہیں بلکہ قفص میں صید حل ہے اور قفص اس کے ہاتھ میں ہے یہ چار صورتیں جن میں دو صورتیں اخیر کی محل نزاع ہیں۔ ودلیل الاول ما فی غنیۃ الناسک ولو اخذ الصید فی الحل وھو محرم او فی الحرم وھو حلال لم یملکہ ووجب ارسالہ سواء کان فی یدہ او فی قفص معہ او فی بیتہ اھ (ص۱۵۶) اور صورت ثانیہ کا حکم ہے کہ یہ شکار محرم کی ملک ہے اور اس کے ذمہ اس کا چھوڑ دینا واجب ہے مگر اس طرح کہ ضائع نہ ہو مثلاً گھر میں بند کر کے چھوڑ دے یا کسی حلال خارج حرم کے پاس امانت رکھ دے یا قفص میں چھوڑ دے قال فی اللباب وشرحہ ولو اخذ صید فی الحل وھو حلال ثم احرم ملکہ ای ملکا مستمرا حیث لم یخرج بالاحرام من ملکہ ثم ان کان الصید فی یدہ لزمہ ارسالہ علی وجہ لا یضیع ملکہ ای ان شاء بقاءہ فی ملکہ بان یخلیہ فی بیتہ مغلقا علیہ فان الاستدامۃ علی اخذ الصید (بیدہ) فی حکم ابتداء صیدہ وان لم یرسلہ حتی مات فی یدہ لزمہ الجزاء اھ (ص۲۰۲) اور یہ جو کہا گیا ہے کہ اس طرح چھوڑے

کہ جانور ضائع نہ ہو یہ اس وقت واجب ہے جبکہ اس کو اپنی ملک باقی رکھنا چاہے اور اگر بطور اباحت کے چھوڑ دے کہ جو پکڑے وہی مالک ہے اور اپنی ملک میں باقی نہ رکھنا چاہے تو یہ بھی جائز ہے قال فی الدر وفی کراھۃ جامع الفتاوی شری عصافیر واعتقھا جاز الی ان قال من اخذھا فھی لہ قلت وحینئذ فتقید الاطارۃ بالاباحۃ قبل فتامل اھ قال الشامی لکن ظاھر ما قدمناہ عن القھستانی من حکایۃ القولین فی تفسیر الارسال ان من فسرہ بالاطارۃ لم یقید بالاباحۃ لانہ یقول ان الارسال واجب فلم یکن فی معنی التسیب المحظور ومن فسر الارسال بالودیعۃ فکانہ یقول حیث امکنہ دفع التعرض للصید بھا فلا حاجۃ الی الاطارۃ المضیعۃ للملک لاندفاع الضرورۃ بدونھا اھ (۲۰۲۶۱) شامی کے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض روایات پر اطلاق اطارۃ مطلقاً جائز ہے اباحت کی قید کی ضرورت نہیں لیکن قواعد سے ترجیح اس کو معلوم ہوتی ہے کہ اگر قوم حاضر کو اباحت کر دے تب تو اطارۃ جائز ہے اور اگر اباحت نہ کرے تو جب تک ایداع وغیرہ کے ساتھ تضییع سے احتراز ہو سکے تو ایداع وغیرہ لازم ہے البتہ اگر ایداع وغیرہ بھی نہ ہو سکے اور نہ اس کے سامنے ایسے آدمی حلال موجود ہوں جن کو اباحت کر سکے تو پھر اطارۃ مطلقاً جائز ہے قال فی غنیۃ الناسک فان کان الصید فی یدہ حقیقۃ وجب ارسالہ لکن لا بان یسیبہ لان تسییب الدابۃ حرام لانہ تضییع للملک بل یطلقہ علی وجہ لا یضیع بان یخلیہ فی بیتہ او یودعہ عند حلال او یرسلہ فی قفص معہ فان لم یتیسر یسیبہ للضرورۃ لان ارسالہ مامور بہ اھ (ص۱۵۶) اور صورۃ ثالثہ کا حکم یہ ہے کہ جب صید ہاتھ میں نہیں بلکہ قفص میں ہے تو صحیح قول میں اس کے ذمہ اس کا چھوڑنا واجب نہیں اور اگر قفص وغیرہ میں مر جائے تو اس کے ذمہ ضمان نہ ہوگا اور ایک ضعیف قول یہ ہے کہ اس وقت بھی ارسال لازم ہے قال فی اللباب وشرحہ وان کان الصید فی بیتہ وکذا اذا کان فی قفصہ حال احرامہ لا فی یدہ لا یجب ارسالہ حتی لو لم یرسلہ فمات لا یضمن ای علی الصحیح وقیل لو کان القفص فی یدہ یجب ارسالہ اھ (ص۲۰۲) وکذا فی الدر مع الشامیۃ وزاد الشامی وقیل ان کان القفص فی یدہ یلزمہ ارسالہ لکن علی وجہ لا یضیع ھدایۃ

وھوضعیف کما فی النھر قال ح والظاھر ان مثلہ ما اذا کان الحبل المشدود فی رقبۃ الصید فی یدہ اور صورت رابعہ وخامسہ کا حکم یہ ہے کہ شکار تو ان دونوں صورتوں میں بھی صاحب ید کی ملک ہے۔ لیکن صورت رابعہ میں جبکہ شکار حقیقۃً اس کے ہاتھ میں ہو حرم میں اُس کو چھوڑ دینا واجب ہے۔ اور صورت خامسہ میں جبکہ شکار کو قفص میں لیکر داخل حرم ہوا اس کا ارسال واجب نہیں قال فی البحر تحت قول الکنز ومن دخل الحرم بصید ارسلہ ای فعلیہ ان یطلقہ لانہ لما حصل فی الحرم وجب ترک التعرض لحرمۃ الحرم اذھو صار من صید الحرم فاستحق الامن اراد بہ ما اذا دخل وھو ممسک لہ بیدہ الحاجۃ لانہ سیصرح بانہ اذا احرم وفی بیتہ او فی قفصہ صید لا یرسلہ فکذلک اذا دخل الحرم ومعہ صید فی قفصہ لا فی یدہ لا یرسلہ لانہ لا فرق بینھما فالحاصل ان من احرم وفی یدہ صید حقیقۃً او دخل الحرم کذلک وجب ارسالہ وان کان فی بیتہ او قفصہ لا یجب ارسالہ فیھما فنبہ بمسئلۃ دخول الحرم علی مسئلۃ الاحرام وبمسئلۃ المحرم آتیۃ علی مسئلۃ الحرم ولیس المراد من ارسالہ تسییبہ لان تسییب الدابۃ حرام بل یطلقہ علی وجہ لا یضیع ولا یخرج عن ملکہ بھذا الارسال حتی لو خرج الی الحل فلہ ان یمسکہ ولو اخذہ انسان یستردہ اھ (ص ۴۱ ج ۳)

اس سے معلوم ہوا جو حکم محرم کے ہاتھ میں حقیقۃً شکار کے ہونے کا ہے وہی حکم داخل حرم کے ہاتھ میں ہونے کا ہے اور جو حکم محرم کے ہاتھ میں حکماً یعنی قفص میں شکار کے ہونے کا ہے وہی حکم داخل حرم کے پاس قفص میں شکار کے ہونے کا ہے۔

پس غنیہ کی عبارت تحقیق بحر کے موافق ہے اور حضرت گنگوہی قدس سرہ نے زبدہ میں جو فرق کیا ہے کہ حرم میں داخل ہونے والے کے ذمہ مطلقاً ارسال کو لازم فرمایا ہے خواہ حقیقۃً اس کے ہاتھ میں ہو یا قفص میں ہو عبارت بحر اس کی نفی کر رہی ہے اور غالباً مولانا کے اس قول کا منشأ لباب وشرح لباب وغیرہ کا اطلاق ہے لباب میں ہے ولو ادخل محرم او حلال

لہ اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس کا منشا وہ روایت ضعیفہ ہے جس کو شامی نے ہدایہ سے نقل کیا (بقیہ حاشیہ آئندہ صفحہ پر)

صید الحل الحرم صار حکمہ حکم صید الحرم ای فعلیہ ارسالہ اھ اور شرح لباب ہے واما ان دخل الصید فی الحرم من الحل صار حکمہ حکم صید الحرم سواءٌ کان مملوکاً ام لا وسواءٌ دخل بنفسہ او ادخلہ غیرہ حلال او محرم ولا یدخل منہ شیٔ فی الحرم حیاً الا وجب ارسالہ اھ (ص ۲۰۶ و ۲۰۷) لیکن جب بحر سے ان اطلاقات کا اُس صورت کے ساتھ مقید ہونا معلوم ہو گیا جب صید حقیقۃً داخل کرنے والے کے ہاتھ میں ہو تو اس تصریح کے بعد اطلاق پر حمل نہ ہوگا اور شامی نے حاشیۂ بحر میں اس مقام پر کچھ کلام نہیں کیا نہ رد المحتار میں اس کے خلاف کچھ کہا البتہ رد المحتار کی بعض عبارات سے یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ داخل حرم کے ذمہ مطلقاً ارسال لازم ہے کیونکہ اس میں محرم کے متعلق تفصیل کر کے لکھا ہے وقد علمت مما قدمناہ ان ھذا کلہ فیما لو اخذ صیدا ثم احرم اما لو دخل بہ الحرم فانہ یلزمہ ارسالہ بمعنی اطارتہ وانہ لیس لہ ایداعہ لانہ صار من صید الحرم اھ (ص ۳۶۱ ج ۲) لیکن رد المحتار ہی کی دوسری عبارت سے اس حکم کا اُس صورت کے ساتھ مقید ہونا معلوم ہوتا ہے جبکہ شکار حقیقۃً ہاتھ میں ہو ونصہ ثم اعلم الذی یظھر من کلامھم ان ھذین القولین (فی تفسیر الارسال) فی المسئلۃ الثانیۃ فقط وھی من احرم فی الحل وفی یدہ صید اما الاولیٰ وھی لو دخل الحرم وفی یدہ صید فالواجب علیہ الارسال بمعنی الاطارۃ (ای لا بمعنی الایداع) لقولہ فی الھدایۃ علیہ ان یرسلہ فیہ ای فی الحرم وتعلیلہ لہ بانہ لما حصل فی الحرم وجب ترک التعرض لہ لحرمۃ الحرم وصار من صید الحرم اھ (ص ۳۶۰ ج ۲) اس میں صاف تصریح ہے کہ داخل حرم پر

(حاشیہ بقیہ صفحہ گذشتہ سے) ہے کیونکہ وہ روایت محرم کے بارہ میں ہے اگر اس کی وجہ سے دخول حرم کی صورت میں ارسال کو مطلقاً واجب کہا جائے گا تو محرم کے مسئلہ میں بھی اطلاق ارسال ماننا پڑے گا۔ حالانکہ مولانا محرم اور داخل حرم کے حکم میں فرق کر رہے ہیں۔ ۱۲ منہ

لہ ویؤیدہ ما فی الادب المفرد للبخاری ان الصحابۃ کانوا یدخلون مکۃ بصید فی اقفاصھا۔

Made searchable using ScribeTools.com

ارسال جب واجب ہے کہ شکار اس کے ہاتھ میں ہو وصرح بہ فی الغرر شرح الدرر حیث قال حلال دخل الحرم بصید فی یدہ ای یدہ الحقیقیۃ التی ھی الجارحۃ حتی اذا کان فی رحلہ او قفصہ لایجب علیہ الارسال ذکرہ تاج الشریعۃ ارسلہ ای علیہ ان یرسلہ اھ (ص۲۵۲ ج۱) وھذا عین ماصرح بہ صاحب البحر واما ما فی التحریر المختار علی قول الدرر ولو القفص فی یدہ بدلیل اخذ المصحف الخ نازع الشیخ محمد طاھر بان قیاس القفص علی الغلاف قیاس مع الفارق لان المامور بہ فی المصحف عدم المس فاذا اخذہ بغلافہ لایکون ماسًّا والمامور بہ فی الصید عدم التعرض ومن اخذہ بیدہ حال کونہ فی القفص فھو متعرض للصید لامحالۃ واعتمد ان من دخل الحرم حلالاً او حرامًا وفی یدہ او قفص معہ او فی ید خادم معہ صید الآن وجب ارسالہ الصید بعد دخولہ فی الحرم بای وجہ کان لانہ صار صید الحرم واستند لذلک بکثیر من عبارات المؤلفین فانظرہ اھ (ص۲۶۷ ج۱) ففیہ اوّلاً انہ کلام علی الدلیل ولوتم للزم کون المحرم متعرضًا للصید ایضًا حال کونہ فی القفص فیجب علیہ ارسالہ والمتون قاطبۃً علی خلافہ فی مسئلۃ المحرم فان قال الشیخ طاھر بالفرق فی المحرم وفی من دخل الحرم فعلیہ البیان وان سوی بینھما فقد مر عن النھر تضعیف القول بوجوب الارسال علی المحرم اذا کان الصید معہ فی القفص مع ان الکلام فی الدلیل لایستلزم الکلام فی المسئلۃ لاحتمال بناءھا علی دلیل آخر فلنا ان نقول ان القفص مثل البیت فکما یجوز المشیٔ علی بیت فیہ المصحف ولیس ذلک کالمشیٔ فوقہ بعینہ فکذلک الصید فی القفص لیس أخذہ متعرضًا بل ھو قابض علی بیتہ کما اذا دخل الحرم وفی بیتہ صید۔ ہاں ایک فرق البتہ ہے کہ محرم کے ہاتھ میں شکار ہو تو اس کے لئے بعد احرام کے ارسال دونوں طرح جائز ہے خواہ بطریق اطارۃ خواہ بطریق ایداع اور داخل حرم کے ہاتھ میں حقیقۃً ہو تو اس کو ایداع جائز نہیں بلکہ ارسال بطریق اطارۃ واجب ہے پس غنیہ کا یہ قول ھذا اذا احرم واما اذا دخل بہ الحرم فیرسلہ فی قفص معہ فان لم یتیسر یسیبہ فی الحرم اھ (ص۱۵۷)

تحقیق شائی کے خلاف ہے اور قواعد کے بھی خلاف ہے کیونکہ جب وہ ہاتھ میں لیکر داخل حرم ہو تو وہ صید صید حرم ہو گیا جس سے عدم تعرض واجب ہے اور اس کو قفص میں بند کرنا بھی تعرض ہے ہاں اس کا یہ مطلب لیا جائے کہ دخول حرم سے پہلے اس کو قفص میں بند کر دے اور قفص میں لیکر داخل حرم ہو اور دخل بہ المحرم کو ارادۂ دخول پر محمول کیا جائے تو یہ کلام صحیح ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

حالت احرام میں اعذار متعددہ کی وجہ سے مختلف سلے ہوئے کپڑے پہننے سے کفارہ واحدہ واجب ہوگا یا متعددہ

تنبیہ: ایک سوال وجواب طویل الذیل مولوی شیر محمد صاحب ساکن گھوٹکی ضلع سکھر ملک سندھ نے یہاں بھیجا جس میں جنایت فی الحج کے ایک مسئلہ میں بعض اہل فتاویٰ سے ان کو اختلاف تھا یہاں سے انہوں نے محاکمہ چاہا اس لئے صورت مسئولہ کو منقح کر کے اور طرفین کے دلائل بیان کر کے اخیر میں محاکمہ لکھا جائے گا فقط

تحریر محل النزاع

محل نزاع یہ ہے کہ اگر ایک شخص کو ایک وقت میں دو یا زیادہ اعضاء میں لُبس مخیط کی ضرورت لاحق ہو اور نوع ضرورت مختلف ہو مثلاً عمامہ درد سر کی وجہ سے باندھے اور قمیص بوجہ سردی کے پہنے تو اس صورت میں کفارہ مخیرہ واحد ہوگا یا متعدد ایک صاحب اتحاد کفارہ کے قائل ہیں اور ان کی دلیل یہ ہے کہ تعدد سبب جو فقہاء کے نزدیک موجب تعدد کفارہ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ تعدد ضرورت وعدم ضرورت کی وجہ سے ہو یا ایک ضرورت زائل ہو جانے کے بعد دوسری ضرورت پیدا ہو اور اگر تعدد ضرورت وعدم ضرورت سے ناشی نہ ہو بلکہ ضرورت ہی سر تعدد ہو گو نوع ضرورت ہر فرد میں جدا ہو تو یہ سب فعل واحد شمار ہوگا اور جزا واحد لازم ہوگی لما فی المناسک فان تعدد السبب کما اذا اضطر الی لبس ثوب فلبس ثوبین فان لبسھما علی موضع الضرورۃ ای بعینھا نحو ان یحتاج الی قمیص فلبس قمیصین او قمیصًا وجُبّۃً او یحتاج الی قلنسوۃ فلبسھا مع العمامۃ فعلیہ کفارۃ واحدۃ لان محل الجنایۃ متحد فلا نظر الی فعل المتعدد (یتخیر فیھا (ای فی الکفارۃ) لوقوع اثر الجنایۃ للضرورۃ ما صرح بہ فی المحیط وکذا اذا لبسھما علی موضعین لضرورۃ بھما فی مجلس واحد بان لبس عمامۃ وخفًا بعذر

فیهما فعلیه کفارة واحدة وهی کفارة الضرورة لان اللبس علی وجه واحد فیجب کفارة واحدة وان لبسهما علی موضعین مختلفین موضع الضرورة وغیر الضرورة کما اذا اضطر الی لبس العمامة فلبسها مع قمیص مثلاً اولبس قمیصا للضرورة وخفین من غیرضرورة فعلیه کفارتا ن کفارة الضرورة یتخیر فیها وکفارة الاختیار لا یتخیر فیها ای بل یتحتم الکفارة فیها اھ الی ان قال ناقلا عن الکرمانی لان هذا اللبس غیر اللبس الاول ای لاختلاف الوصفین کونهما بعذر وبغیره فکانا کشیئین متغائرین سواء فی مجلس او مجلسین اھ (ص ۱۶۵) ویؤیدہ ایضاً مافی البدائع اذا کان به جرح او قرح اضطر الی مداواته بالطیب انه مادام باقیا فعلیه کفارة واحدة فان تکرر علیه الدواء لان الضرورة باقیة فوقع الکل علی وجه واحد ولو برأ ذلك القرح او الجرح وحدث قرح أخر او جراحة اخری فداواها بالطیب یلزمه کفارة اخری لان الضرورة قد زالت فوقع الثانی علی غیر الوجه الاول ولو جرح له جرح او اصابه قرح وهو یداویه بالطیب فبرئت قرحة اخری او اصابه جرح أخر والاول علی حاله لم یبرأ فداوی الثانی فعلیه کفارة واحدة لان الاول لم یبرأ فالضرورة باقیة فالمداواة الثانیة حصلت علی الجهة التی حصلت علیه الاولی فیکفیه کفارة واحدة اھ (ص ۱۸۸ و ۱۸۹ ج ۲)

اس میں ایک زخم کے اچھا ہونے کے بعد دوسرا زخم یا دمل ہونے کو تو سبب آخر شمار کیا ہے اور ایک زخم یا دمل کے ساتھ دوسرا زخم یا دمل دوسرے موقع پر ہو جائے تو اس کو سبب آخر شمار نہیں کیا بلکہ سب کو جہت واحد میں داخل کیا ہے اور علت یہ بیان کی ہے۔ لان الاول لم یبرأ فالضرورة باقیة۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ بقاء عذر اول کے ساتھ دوسرے اعضاء میں عذر کا پیدا ہونا اور اس کی وجہ سے عضو ثانی میں محظور کا ارتکاب کرنا جنایت اُخریٰ نہیں بلکہ جنایت اولیٰ ہی میں متداخل ہے لبقاء الضرورة ہاں عضو ثانی میں ارتکاب محظور بلا ضرورت ہو یا بعد زوال ضرورة اولیٰ ہو تو کفارہ ثانیہ لازم ہوگا۔

یہ تو ایک فریق کے دلائل تھے دوسرا فریق صورت مذکورہ میں تعدد کفارہ کا قائل ہے

اور وہ مناسک کی اس عبارت سے استدلال کرتے ہیں قد یتعدد الجزاء ای کفارة المحظور فی لبس واحد بامورای خمسة: الاول التکفیر بین اللبسین والثانی تعدد السبب ای بان لبس فی موضعین احدهما العذر والأخر لغیر عذر اولعذر أخر عه اھ (ص ۱۶۷)

فریق اول کہتا ہے کہ اس عبارت میں اولعذر أخر کا مطلب اولحدوث عذر أخر بعد زوال الاول ہے نہ یہ کہ وقت واحد میں دو موضع میں الگ الگ عذر ہو تو ہر عضو میں لبس محیط سے کفارہ متعدد ہو کیونکہ یہ خلاف تصریحات سابقہ ہے اور دلیل اس تاویل کی یہ ہے کہ صاحب لُباب نے جو آگے چل کر کہا ہے والرابع حدوث عذر أخر تو شارح نے اس کی شرح میں کہا ہے قد شمله ماتقدم فتدبر اور ماتقدم اگر اس کو شامل ہے تو اس کی یہی صورت ہے کہ سبب ثانی میں اولعذر أخر کو حدوث عذر أخر بعد زوال اول پر محمول کیا جاوے۔

احقر کہتا ہے کہ میرے نزدیک فریق اول کے دلائل قوی ہیں اور وہی قول صحیح ہے، واللہ اعلم حررہ الاحقر ظفر احمد عفا عنہ ۲۶ رمضان ۴۴ھ۔

ھذا التحقیق کاف شاف۔ اشرف علی ۲۷ رمضان ۴۴ھ

رفض احرام حج سے ایک دم اور ایک حج لازم ہوگا یا دو دم اور دو حج

سوال (۳) یلملم سے احرام حج کا باندھا پھر جب جدہ میں آیا تو احرام توڑ کر کپڑے وغیرہ پہنکر مدینہ طیبہ چلا گیا پھر جب مدینہ طیبہ سے واپس ہوا تو پھر ذوالحلیفہ سے دوبارہ حج کا احرام باندھا تو آیا اس صورت میں کے حج اور کے دم لازم آتے ہیں یہاں کے بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس پر دو حج اور دو دم اور ایک عمرہ لازم ہوگا دو دم لازم ہونے میں وہ فرماتے ہیں کہ ایک دم تو اس وقت لازم ہوا جب اس نے رفض کر کے کپڑے پہنے اور دوسرا دم اس وقت لازم ہوا جب دوسرے حج کا احرام باندھ کر اس کے افعال شروع کئے کیونکہ پہلے رفض کے وقت فقط کپڑے پہننے سے وہ اچھی طرح احرام سے باہر نہیں آیا تھا اب جب اس ثانی احرام سے حج کے افعال شروع کئے تو اب اس کا رفض متحقق ہوا دوسرا

عه عطف علی قوله فی موضعین تحت قوله لبس ومعناه بان لبس فی موضعین اولبس لعذر أخر بعد زوال الاول) سواء کان اللبس فی موضع واحد او موضعین ۱۲ ظ

Made searchable using ScribeTools.com

دم اب لازم ہوا۔ اس میں جو تحقیق ہو ارقام فرما دیں ؟

الجواب؛ اقول و باللہ التوفیق ۔ صورت مسئولہ میں اس شخص پر جس نے جدہ میں رفض احرام حج کیا اور مدینہ چلا گیا اور واپسی میں پھر احرام حج باندھا دو حج اور دو دم لازم نہ آئیں گے بلکہ احرام ثانی عین احرام اول ہے کیونکہ اس شخص نے احرام ثانی سے حج آخر کی نیت نہیں کی بلکہ اسی حج کی نیت کر رہا ہے جو احرام اول سے اس پر لازم ہوا تھا اس لئے احرام ثانی سے اس پر دم آخر بھی لازم نہ آئے گا بلکہ صرف ایک دم لازم آئے گا۔ قال فی اللباب مع شرحہ للقاری ۔ ولو اھل الفائتۃ بحجۃ اُخریٰ قبل الفراغ من الاولیٰ فان کان ینوی بہ قضاء الفائتۃ نھی بعینھا ولا یلزم بھذا الاھلال شئ ای سوی التی ھو فیھا فیتحلل بالطواف والسعی کما لو لم یھل بہ و نیتہ بالثانیۃ لغو لا اعتبار لھا وعلیہ قضاء الاولیٰ لا غیر لکون الثانیۃ لغواً وان نوی بہ ای باھلالہ حجۃ اخریٰ یرفضھا ای الحجہ ویحل بافعال العمرۃ لما تقدم مع ما فیہ من الخلاف[1] وعلیہ قضاء حجتین وعمرۃ ودمٌ ای عند ابی حنیفۃ خلافا لھما لما تقدم عنھما اھ (۲۴۵) اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ احرام ثانی سے اگر قضاء اولیٰ یا عود الی الاولیٰ کی نیت ہو تو اس سے بالاتفاق حج ثانی لازم نہیں آتا۔ بلکہ حج ثانی صرف امام صاحب کے نزدیک جب لازم آتا ہے کہ احرام اول کو باقی سمجھ کر اس کے علاوہ حج آخر کی نیت سے احرام باندھے۔ اور صورت مسئولہ میں ایسا نہیں ہے کیونکہ جو

---

[1] ای بین الشیخین ومحمدٍ فانہ اذا اھل بحجتین معًا او بحجۃ ثم حجۃ مقترنتین لزمہ جمیع ذلک غیر انہ یرتفض احداھما فی المعیۃ والثانیۃ فی التعاقب عندھما وعند محمدٍ یلزمہ احداھما فی المعیۃ والاولیٰ فقط فی التعاقب وثمرۃ الخلاف تظھر فیما اذا جنی قبل السیر او الشروع فی الاعمال فعلیہ دمان عند ابی حنیفۃ للجنایۃ علی الاخرین ودمٌ واحدٌ عند محمدٍ لعدم انعقاد احداھما وکذا عند ابی یوسف لان الثانی وان انعقد لکنہ ارتفض بلا مکث کما فرغ من قولہ لبیک بحجتین کما فی المناسک ایضًا (ص ۱۵۸) مؤلف

جاہل جدہ سے رفض احرام کر کے واپسی از مدینہ کے وقت احرام ثانی کی نیت کرتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ احرام اول رفض سے مرتفض ہو گیا پھر اسی کی قضا کی نیت سے دوسرا احرام باندھتا ہے کما ھو ظاھر پس اس پر دو حج کا لازم کرنا صحیح نہیں بلکہ یہ کہا جائے گا کہ احرام ثانی عین احرام اول ہے۔ رہا دم سو ہمارے نزدیک اس پر ایک دم لازم آئے گا قال الشامی عن اللباب واعلم ان المحرم اذا نوی رفض الاحرام فجعل یصنع ما یصنعہ الحلال من لبس الثیاب والطیب والحلق والجماع وقتل الصید فانہ لا یخرج بذلک من الاحرام وعلیہ ان یعود کما کان محرما ویجب دمٌ واحدٌ لجمیع ما ارتکب ولو کل المحظورات وانما یتعدد الجزاء بتعدد الجنایات اذا لم ینو الرفض اھ جلد ثانی باب الجنایات ص ۲۰۷ دھلی

اور بعض علماء نے جو وجوب دمین کی یہ وجہ بیان کی ہے کہ احرام ثانی سے رفض متحقق ہو گیا لہذا دوسرا دم تحقق رفض کی وجہ سے لازم آئے گا الخ یہ بناء الفاسد علی الفاسد ہے یہاں احرام ثانی سے تحقق رفض ہی نہیں ہوا کما تقدم بلکہ ثانی عین اول ہے۔ دوسرے تحقق رفض سے دم ثانی کا واجب کرنا یہ نہ معلوم کہاں سے لکھا گیا ہے ہماری سمجھ میں نہیں آیا کہ نیت رفض سے ایک دم ہوا اور تحقق رفض سے دم آخر فان قام دلیلٌ صریح او وجہٌ صحیح فالامر مسلم والا فلا۔ ہاں اگر یہاں تحقق رفض ہو جاتا تو وجوب دمین کی یہ علت ہو سکتی تھی کہ ایک دم رفض کی وجہ سے ہو دوسرا جمع بین النسکین کی وجہ سے کما صرح بہ فی اللباب مع شرحہ عن البحر (ص ۱۱۲) وفیہ اختلاف الروایتین کما فصلہ فیہ ھذا واللہ اعلم ۱۲ شوال ۴۳ھ

احرام میں ازار بدلنا جائز ہے

سوال ( ) زید کو عارضہ قبق کا ہے کلوخ لینے سے مجبور رہتا ہے اور اکثر خون بواسیر کا کپڑے میں ٹپک جاتا ہے اور وہاں پیشاب کی بعد طہارت کے کپڑے پر گر جاتا ہے جس سے وہ کپڑا ہمیشہ نجس ہو جاتا ہے چنانچہ اس کے دفعیہ و رفع شک کے لئے اس نے ہمیشہ یہ بات اختیار کی ہے کہ نماز کے وقت دوسرا تہمند باندھ کر نماز پڑھتا ہے اور بعد نماز اس تہمند کو اتار کر سابق تہمند پہن لیتا ہے اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ جب کہ احرام حج کا تہمند باندھ چکا ہو ایسی حالت میں بوقت نماز دوسرے اس تہمند کو باندھ سکتا ہے یا نہیں یعنی تبدیل کر سکتا ہے یا اسی نجس تہمند سے نماز پڑھتا رہے۔

الجواب؛ احرام میں یہ ضرور نہیں کہ ایک ہی چادر اور ایک ہی لنگی اول سے آخر

تک بدن پر رہے بلکہ چادر اور لنگی کو بدلتے رہنا جائز ہے پس صورت مسئولہ میں سائل لنگی کو بدل سکتا ہے۔

احرام میں ہمیانی باندھنے کا حکم

سوال (۵) ڈوریا یعنی تھیلے سلے ہوئے جو بغرض حفاظت نوٹ روپیہ وغیرہ کمر میں باندھا جاتا ہے آیا کمر میں باندھ سکتے ہیں یا نہیں علاوہ اس کے فتق کی کمانی جو عموماً چمڑہ اور تاگے سے بنی ہوتی ہے حالت احرام میں کمر میں باندھ سکتے ہیں یا کیونکہ عارضہ موجود ہے۔

الجواب؛ نوٹ اور روپیہ کی حفاظت کے لئے کمر سے تھیلی باندھنا اور عارضہ فتق کی وجہ سے پیٹی باندھنا بھی جائز ہے۔ یہ اس مخیط میں داخل نہیں جس کی احرام میں ممانعت ہے۔ احرام میں وہ مخیط ممنوع ہے جو جسم کی وضع وتراش پر سلا ہوا ہو، فقط۔ ۱۲ شعبان ۳۵ھ

محظورات احرام کا ارتکاب بلا عذر کرے اور دم وصدقہ ادا کرنے سے عاجز ہو تو روزے رکھنا کافی ہے یا نہیں

سوال (۶) محرم اگر محظوراتِ احرام کا ارتکاب بلا عذر عمداً کرے اور دم وصدقہ ادا کرنے سے عاجز ہو تو اس کو دم کے عوض روزہ رکھنا کافی ہے یا نہیں؟

الجواب؛ روزہ رکھنا بھی اس حالت میں کافی ہے جب کہ وہ اراقۂ دم وادا صدقہ سے عاجز ہو وقد ذکر العلامة زین الدین ابن نجیم فی البحر والملا رحمة الله السندی فی منسکه ان المحرم اذا ارتکب المحظور علی وجه الکمال من غیر عذر وضرورة فعلیه الدم ولا یجزئه الصوم عند عجزه عن الدم قلت بل المقرر المنصوص علیه فی کثیر من کتب المذهب المعتبرة اجزاء الصوم عند العجز عن الدم قال فی الاسرار للشیخ الاجل الامام القاضی ابی زید الدبوسی قال علماءنا فی کفارة الحلق واللبس والتطیب والقصر اذا وجبت عن عذر کان المکفر فیها بالخیار بین النسک والصدقة والصیام واذا وجبت عن عمدٍ وجبت علی ترتیب الهدی اولا فان لم یجد فالصدقة فان لم یجد فالصیام وقال یتخیر المکفر عن الحلق فی الحالین. ویترتب علیه الوجوب عن اللبس والطیب فی الحالین انتهی وفی المحیط للبرهانی فی نوع اللبس من الفصل الخامس وان لبس مالا یحل لبسه من غیر

عه نقل لنا هذه العبارات الفقهیه صدیقنا المولوی شیر محمد السندی عن رسالة المخدوم هاشم السندی فی المناسک فجزاه الله خیر الجزاء. ۱۲ ظفر

ضرورة اراق لذلك دماً وان لم یجد صام ثلثة ایام ثم ذکر بعده فی نوع الحلق وفی الاصل حلق المحرم رأسه بغیر عذر اراق دما وان لم یجد صام ثلثة ایام وان فعل ذلك بعذر یتخیر بین الکفارات الثلثة علی ما مر انتهی وذکر فی الذخیرة ایضاً مثل ما ذکره فی نوع اللبس وذکر فی الظهیریة ومنسك الفارسی مثله وفی المبتغی وبلبس مالا یحل لبسه بغیر ضرورة یلزمه دم و بفقده صوم ثلثة ایام انتهی. فهذه نصوص صریحة فی اجزاء الصوم عند العجز عن الدم واما تضعیف ابن نجیم کلام الظهیریة بما نقله عن الامام الاسبیجابی فلیس بصحیح اذ لیس فی کلامه صریحاً ما یخالفه ما فی الظهیریة بل هو موافق لها علی ما بینه قال الاسبیجابی فی شرح المختصر للطحاوی فی باب ما یجتنبه المحرم فان لبس المخیط یوماً کاملاً من غیر ضرورة فعلیه لذلك دم لا یجزئه غیره الی ان قال وان فعل ذلك لعلة او ضرورة فعلیه ای الکفارات شاء ذکر مثله فی الحلق ایضاً. فنقول مثل هذه العبارات موجودة فی غیرها کالکافی للحاکم الشهید والمبسوط للسرخسی وغایة البیان شرح الهدایة والبدائع والتجرید لابی الفضل الکرمانی حیث قالوا واما اذا فعل ذلك من غیر ضرورة یتعین فیه الدم ولا یجزئه الصوم انتهی. فقول الاسبیجابی وغیره فعلیه لذلك دم لا یجزئه غیره کلام مطلق قابل للتقیید بما اذا کان قادراً وما فی الظهیریة والاسرار والمحیط وغیرها صریح فی جواز الصوم عند العجز وقد تقرر فی کتب الاصول ان المطلق یحمل علی المقید فی الادلة فیما اذا اتحد الحکم والحادثة فکیف فی الروایات ومما یدل ایضاً علی ان الکلام للامام الاسبیجابی ومن وافقه فی الاطلاق محمول علی ما اذا کان قادراً انهم قالوا واذا فعل ذلك بعذر فعلیه ای الکفارات الثلاث شاء ولا شبهة فی ان التخییر بین الکفارات الثلاثة انما یتصور من الغنی القادر اما الفقیر العاجز فیتعین فی حقه الصوم لانه لا قدرة له علی غیره وجهد المقل دموعه فان قلت قدمت عن الاسرار ان الکفارات اذا وجبت عن عمدٍ وجبت علی ترتیب الهدی ثم الصدقة

Made searchable using ScribeTools.com

ثم الصيام والذى تقدم عن المحيط والظهيرية غيرها وجوب الدم اولا
فان لم يجد فصيام ولم يذكروا الصدقة فكيف التوفيق بين الكلامين
قلت: الظاهر ان الغالب ان من لم يجد الدم لا يجد الصدقة فقالوا
بجواز الصوم عند عدم الدم بناء على الغالب والذى فى الاسرار بناء
على الامكان وحقيقة الامر فلا تدافع اه نقلتها من رسالة السيد
محمد امين بن حسن ميرغنى الحسينى المكى الحنفى من عينه. قاله
المخدوم هاشم السندى الفقيه فى باضه وهو من معاصرى العلامة ابن عابدين
الشامى وله باع طويل ونظر واسع فى الفقه هذا وقال العلامة ابن
عابدين فى حاشية البحر على قوله وبهذا ظهر ضعف ما قدمناه
عن الظهيرية من انه ان لم يقدر على الدم صام ثلثة ايام ولم
ار له لغيرها اه ما نصه وفى حاشية المدنى بعد ذكره كلام المؤلف و
نقل المنلا رحمة الله فى منسكه الكبير نحوه ونقل عن الفارسى والبحر
العميق نحو ما ذكره فى الظهيرية على وجه الاعتراض عليهما قال
شيخنا مولانا السيد محمد امين ميرغنى بعد نقل عبارتهما فى رسالة
له قلت بل المقرر المنصوص عليه فى كثير من كتب المذهب المعتبرة
اجزاء الصوم عند العجز عن الدم كما نمليه عليك وسرد الاقوال
المويدة لكلامه فراجعها ان شئت اه (ص ۱۳/۲۷)۔ ۷ شوال سنہ ۴۶ھ

عورت حالت احرام میں چہرہ کس چیز سے ڈھانپے

سوال (۷) عورت حالت احرام میں چہرہ کس چیز سے ڈھانپے؟ بمبئی میں جو کھجور کا پنکھا چہرہ ڈھانپنے کے لئے فروخت ہوتا ہے اس کو مولانا موصوف نے ناکافی لکھا ہے۔

الجواب؛ ہاں وہ پنکھا تو ناکافی ہے بہتر صورت یہ ہے کہ چھجے دار ٹوپی سر پر رکھ کر اوپر سے برقعہ اوڑھ لے اس صورت میں چہرہ پر کپڑا نہ پڑے گا۔

بحالت احرام عورت کو مردانہ جوتا پہننا کیسا ہے

سوال (۸) سفر حج کے زمانہ میں عورت کو جہاز پر چڑھنے اترنے کی حالت میں اس اندیشہ سے کہ زنانہ جوتا ازدحام کی وجہ سے کسی کے پیر سے دب کر عورت گر جائے گی مردانہ جوتا پہننا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب:- یہ اندیشہ محض وہم ہے ہزارہا مستورات زنانہ جوتا پہن کر حج کر چکی ہیں کوئی بھی نہیں گری۔

میقات سے مکہ جانیکا ارادہ نہ ہو تو میقات سے احرام باندھنا ضروری نہیں

سوال (۹) زید باارادہ حج جارہا ہے اور قصد اس کا یہ ہے کہ میں اول جدہ سے مدینہ شریف جاؤں تو اس حالت میں اس کو میقات یلملم پر احرام باندھنا لازم ہوگا یا نہیں؟

الجواب؛ نہیں۔ میقات سے احرام باندھنا جب واجب ہے کہ میقات سے مکہ جانیکا ارادہ ہو۔

محرم عینک لگا سکتا ہے یا نہیں

سوال (۱۰) محرم چشمہ لگا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ لگا سکتا ہے۔

فصل فی القران والتمتع

آفاقی جدہ سے احرام باندھ کر مکہ جاکر عمرہ کرکے مدینہ چلا جائے تو واپسی میں قران یا تمتع کر سکتا ہے یا نہیں

سوال (۱) بخدمت جناب مولانا الحاج مولوی محمد ظفر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ اب ذیل مسئلہ کثرت الوقوع درپیش ہے ان کو اچھی طرح واضح کرکے ارقام فرماویں تو درج کیا جاوے۔ **مسئلہ** آفاقی اپنے وطن سے اس سال کے حج کرنے کی غرض سے اشہر الحج میں نکلا اور وطن سے چلتے وقت یا میقات سے یہ قصد کیا کہ حد حرم سے باہر باہر مثلاً جدہ سے رابغ یا ینبوع سے ہوتے ہوئے پہلے مدینہ طیبہ کی زیارۃ سے مشرف ہوکر بعد میں آکر حج کریں گے اس لئے میقات سے احرام نہ باندھا پس جب حل میں پہنچا جیسے جدہ میں آیا تو وہاں سے مدینہ طیبہ کا راستہ بند ہوگیا اس لئے مکہ مکرمہ کو جانا پڑا۔ اب جدہ سے عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ میں عمرہ بجالایا گیا پھر مدینہ چلا گیا اب جو مدینہ سے واپسی ہوگی تو یہ شخص ذوالحلیفہ سے قران کر سکتا ہے یا نہ کیونکہ جب یہ جدہ یعنی حل سے اشہر حج میں عمرہ کا احرام باندھ کر آیا تو یہ حلی کے حکم میں ہے گویا اب یہ مکی ہے اب اشہر حج میں باہر میقات سے گیا تو اب وہ قران نہیں کر سکتا اگر کرے گا تو دم اساءت لازم ہوگا۔ اور اگر وہاں سے فقط حج کرے تو متمتع بھی نہ ہوگا کیونکہ عمرہ اس کا آفاقی نہیں ہے اور وہاں سے پھر تمتع کرے یعنی عمرہ کا احرام باندھے تو بھی منع ہے کیونکہ مکی کے حکم میں ہے اس مسئلہ کو میں تو یہی سمجھا ہوں مناسک متوسط اور غنیۃ الناسک میں یہ قواعد ہیں یہ مسئلہ تو غنیۃ الناسک میں صریح ہے کہ جو حاجی آفاقی اشہر الحج میں آکر عمرہ بجالاوے پھر مدینہ طیبہ کو گیا اور وہاں سے قران کرکے آوے تو دم اساءت لازم ہے سابق صورت بھی ایسی ہی ہے تحقیق

سے جواب عنایت ہو اکثر حاجی ایسا کرتے ہیں۔

الجواب؛ اقول وباللہ التوفیق قال فی شرح اللباب فی باب المواقیت وان لم یعلم المحاذاۃ فعلی مرحلتین من مکۃ لجدۃ المحروسۃ من طرف البحر اھ (ص۳۰) وفی غنیۃ الناسک شرائط صحتہ (ای التمتع) ان یکون من اھل الآفاق والعبرۃ للتوطن (ص۱۱۳) وفیہ ایضاً ولا یشترط ان یکون احرام العمرۃ من المیقات ولا احرام الحج من الحرم بل ھو من الواجبات اھ وفیہ ایضاً الخامس عدم الالمام الصحیح وھو ان یرجع الی اھلہ بعد العمرۃ حلالاً ولو عاد الی غیر اھلہ الی موضع لاھلہ التمتع والقران اتخذھا دارًا اولا توطن لھا اولا ثم حج من عامہ یکون متمتعاً عندہ لا عندھما ولو خرج من الحرم ولم یجاوز المیقات وحج من عامہ یکون متمتعاً بالاتفاق اھ ص۱۱۴ وفیہ ایضاً وھو متمتع ان حج من عامہ وکذا لو خرج الی الآفاق لحاجۃ فقرن لا یکون قارناً عند ابی حنیفۃ وعلیہ رفض احدھما ولا یبطل تمتعہ لان الاصل عندہ ان الخروج فی اشھر الحج الی غیر اھلہ کالاقامۃ بمکۃ فکانہ لم یخرج وقرن من مکۃ واما عندھما فکالرجوع الی اھلہ فاذا خرج بطل تمتعہ ثم اذا قرن من المیقات کان قارنا اھ (ص۱۱۵)

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ صورت مذکورہ میں صاحبین کے نزدیک جب یہ شخص مکہ سے مدینہ چلا گیا اور میقات سے تجاوز کر گیا اب یہ آفاقی ہو گیا اور واپسی میں اس کو قران و تمتع دونوں جائز ہیں کیونکہ خروج الی الآفاق و تجاوز عن المیقات سے تمتع اول باطل ہو گیا اور امام صاحب کے نزدیک تمتع باطل نہیں ہوا اس لئے اس کو مدینہ سے واپسی میں قران و تمتع نہ کرنا چاہئے اور امام صاحب کے قول پر عمرۂ اولیٰ کی وجہ سے تمتع اس طرح صحیح ہو گیا کہ تمتع کے لئے عمرہ کا آفاقیہ ہونا شرط صحت نہیں بلکہ واجبات سے ہے بدون عمرۂ آفاقیہ کے بھی تمتع ہو سکتا ہے گو دم اساءت لازم آئے گا۔ مگر میرے نزدیک صورت مسئولہ میں دم اساءت بھی لازم نہیں کیونکہ آفاقی ہندی کا جدہ سے احرام باندھنا بھی احرام من المیقات ہی ہے کیونکہ میقات اور محاذات میقات کا جہاز میں ہم کو علم نہیں ہو سکتا سوائے قول کافر پر اعتماد کرنے کے اور وہ معتبر نہیں پس جہاز میں احرام باندھنا صرف افضل ہے واجب نہیں بلکہ جدہ سے احرام واجب ہے اور وہی آفاقی ہندی کی اصل میقات ہے

پس عمرہ آفاقیہ ہوا اور دم اساءت لازم نہ ہوا نہ قول امام میں نہ قول صاحبین میں اور اگر قول امام پر اسقاط دم اساءت میں تکلف ہو تو قول صاحبین پر اس کا سقوط ظاہر ہے اور جب ابتلاء عام ہے تو اس مسئلہ میں قول صاحبین پر فتویٰ دینا چاہئے۔ واللہ اعلم۔ ۱۳ محرم ۴۶ھ

فصل فی الوصیۃ بالحج والحج عن الغیر

حج بدل کرنے والے کے لئے تمتع کا حکم

سوال (۱) آج کل رمضان کے بعد چونکہ سمندر میں طغیانی کا موسم ہوتا ہے اس لئے اکثر حجاج اس کی کوشش کرتے ہیں کہ رمضان میں یا اس سے پہلے حج کے لئے ہندوستان سے روانہ ہو جائیں مگر اس صورت میں حج بدل کرنے والوں کو سخت پریشانی پیش آتی ہے کہ اگر وہ حج کا احرام میقات سے باندھیں تو احرام بہت طویل ہو جاتا ہے جو باعث تکلیف ہے اور اگر تمتع کریں تو بعض علماء فرماتے ہیں کہ حج بدل والے کو تمتع جائز نہیں امید ہے کہ اس صورت میں حکم شرعی سے مفصل و مدلل اطلاع دی جاوے تاکہ حج بدل والے اس پریشانی و حیرانی سے نجات پاویں۔ والسلام۔

الجواب؛ قال فی الشامیۃ تحت قول الدر (وھو الحیلۃ لمن یرید ذلک الا لمامور بالحج للمخالفۃ) ذکرہ فی البحر بحثاً بقولہ وینبغی ان لا یجوز ھذہ الحیلۃ للمامور بالحج لانہ حینئذ لم یکن سفرہ للحج ولانہ مامور بحجۃ آفاقیۃ واذا دخل مکۃ بغیر احرام صارت حجتہ مکیۃ فکان مخالفا ھذہ المسئلۃ یکثر وقوعھا فیمن یسافر فی البحر الملح وھو مامور بالحج ویکون ذلک فی وسط السنۃ فھل لہ ان یقصد البندر المعروف بجدۃ لیدخل مکۃ بغیر احرام حتی لا یطول الاحرام علیہ لو احرم بالحج فان المامور لیس لہ ان یحرم بالعمرۃ اھ ای لانہ اذا اعتمر ثم احرم بالحج من مکۃ یصیر مخالفاً فی قولھم کما فی التتارخانیۃ عن المحیط وھل مخالفتہ لکونہ جعل سفرہ لغیر الحج المامور بہ او لکونہ لم یجعل حجتہ آفاقیۃ وعلی الثانی لو اعتمر او فعل الحیلۃ بان قصد البندر ثم دخل مکۃ ثم خرج وقت الحج الی المیقات فاحرم منہ لم یکن مخالفاً لان حجتہ صارت آفاقیۃ۔ اما علی الاول فھو مخالف ویحتمل ان المخالفۃ لکل من العلتین کما یفید اول عبارۃ

البحر المذکورة فتحقق المخالفة بالعلة الاولی لکن ذکر العلامة القاری فی بعض رسائله مسئلة اضطرب فیها فقهاء عصره وهی ان الآفاقی الحاج عن الغیر اذا جاوز المیقات بلا احرام للحج ثم عاد الی المیقات واحرم هل یصح عن الآمر قیل لا وقیل نعم ومال هو الی الثانی قال وافتی به الشیخ قطب الدین وشیخنا سنان الرومی فی منسکه والشیخ علی المقدسی. قلت وهذا یفید جواز الحیلة المذکورة له عاد الی المیقات واحرم. والجواب عن قوله لان سفره حینئذ لم یکن للحج انه اذا قصد البندر عند المجاوزة لیقیم به ایامًا لبیع او شراء مثلاً ثم یدخل مکة لم یخرج عن ان یکون سفره للحج کما لو قصد مکانًا آخر فی طریقه ثم النقلة عنه والله تعالی اعلم فافهم ص۲۵۰ ج۲

اس عبارت سے چند باتیں معلوم ہوئیں (۱) مامور بالحج کو میقات سے بلا احرام تجاوز کرنا یا احرام عمرہ باندھکر جانا اس وجہ سے ممنوع ہے کہ اس صورت میں مخالفت آمر لازم آتی ہے (۲) وجہ مخالفت دو ہیں ایک یہ کہ اس صورت میں یہ سفر حج کے لئے نہ ہوا جس کا وہ مامور ہے۔ دوسرے یہ کہ اس صورت میں حج میقاتی نہ ہوگا جس کا وہ مامور ہے۔ پہلے اشکال کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اثنار سفر میں کسی جگہ چند روز کے لئے قیام کرنا جبکہ وہاں سے مکہ ہی کا جانے کی نیت ہے قاطع سفر نہیں بلکہ یہ تمام سفر حج ہی کے لئے شمار ہوگا۔ دوسرے اشکال کا جواب دیا گیا کہ اگر وہ میقات سے بدون حج کا احرام باندھے گذر جائے اور پھر حج کے وقت میقات سے احرام باندھ لے تو اس صورت میں حج میقاتی ہو جائے گا۔

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ میقات خود فی نفسہ اصل حج کے لئے بھی شرط نہیں بلکہ واجبات حج میں سے ہے پھر نیابت کے لئے اس کو شرط کیونکر مانا جا سکتا ہے اگر کوئی دلیل صریح ونقل صحیح اس پر دلالت کرتی ہو فبہا ورنہ یہ شرط باطل ہے قال العلی القاری فی مناسکه وفیه انه ان اراد بالمیقاتیة المواقیت الآفاقیة ففی اطلاقه نظر ظاهر اذ تقدم ان المکی اذا اوصی بالسری ان یحج عنه من مکة وکذا سبق ان من اوصی ان یحج عنه من غیر بلده یحج کما اوصی قرب من مکة او بعد وایضًا فیه اشکال آخر حیث ان المیقات من اصله لیس شرط لمطلق الحج واصالته بل انه من واجباته فکیف یکون شرطًا وقت نیابته فان وجد نقل صریح ودلیل صحیح فالامر مسلّم و

الا فلا. والله سبحانه اعلم اه ص۲۵۲.

مگر یہ تفصیل اس وقت ہے جبکہ مامور کو افراد کا حکم کیا گیا ہو تمتع یا تجاوز بلا احرام کی اجازت نہ دی گئی ہو کیونکہ مخالفت کا اطلاق اسی صورت میں صادق ہو سکتا ہے۔ اور اگر آمر نے صراحۃً یا بعموم الفاظ مامور کو اجازت تمتع وغیرہ کی دے دی ہو تو اس صورت میں چونکہ مخالفت لازم نہیں آتی اس لئے اس کو تمتع کر لینا جائز ہوگا۔

فی المناسک للقاری. الثالث عشر عدم المخالفة فلو امره بالافراد اي للحج او للعمرة فقران او تمتع اي بان نوی العمرة عن الميت ثم حج عنه فانه يصير مخالفا اجماعا على ما في البحر الزاخر ولعل وجهه انه مامور بتجريد السفر للحج عن الميت فانه الفرض عليه وينصرف مطلق الامر اليه الا انه يشكل اذا امره بافراد العمرة ثم اتيان الحج بعده او صرح بالتمتع في سفره او بتفويض الامر اليه الخ ص۲۵۳ وقال الملا رحمة الله السندي في رسالته لباب المناسك مع الشرح ص۲۶۰ وينبغي للآمر ان يفوض الامر الى المامور فيقول حج عني كيف شئت مفردًا او قارنًا او متمتعًا اه وقال في الدر المختار ودم القران والتمتع والجناية على الحاج ان اذن له الآمر بالقران والتمتع والا كان مخالفا فيضمن الخ. قال في الشامية (قوله على الحاج) اي المامور اما الاول[ع] فلانه وجب شكرًا على الجمع بين النسكين وحقيقة الفعل منه وان كان الحج يقع عن الآمر لانه وقوع شرعي لا حقيقي. واما الثاني فباعتبار انه تعلق بجنايته. افاده في البحر ص۲۰۳ ج۲ قلت قال في النهر تحت قول الكنز (ودم القران والجناية على المامور) واراد بالقران دم الجمع بين النسكين قرانًا كان او تمتعًا كما صرح به في غاية البيان لكن بالاذن المقدم الخ ص۲۶۶ وفي لباب المناسك حتى لو امره بالقران او التمتع فالدم على المأمور الخ ص۲۶۱ فعبارة لباب المناسك والدر المختار والشامية والبحر مصرحة بان المامور بالحج له ان يتمتع اذا اذن له الآمر وان عليه اذا تمتع دم التمتع فقط لا ضمان النفقة

ع۱۲ المراد بالاول دم القران والتمتع معًا كما صرح به في البحر ۱۲

Made Searchable by ScribeTools.com

وانما یضمن اذا لم یأذن له الآمر فی ذلک فخالف امره لا یقال لزوم دم التمتع علی المامور لا یستلزم وقوع الحج عن الآمر بل یحتمل ان یقع الحج عن المامور دون الآمر ولا ضمان علیه لکونه متمتعًا بالاذن قلت لو کان الحج واقعًا عن المامور لم یکن لذکر التمتع هناک معنًی لانه لا اشکال فی لزوم الدم علی المامور لانقطاع وصلته عن الآمر علی ان الشامی قد صرح بکون الدم دم شکر وان الحج یقع عن الآمر وکذا صرح فی البحر کما تقدم۔ واما ما اورده العلامة القاری علی عبارة اللباب حج عنی کیف شئت مفردًا او قارنًا او متمتعًا الخ بان هذا القید (یعنی قوله متمتعًا) سهو ظاهر اذ التفویض المذکور فی کلام المشائخ مقید بالافراد والقران لاغیر الخ فقد اجاب عنه فی حاشیة عدة ارباب الفتوی بجواب حسن ونصه هذا۔ اعلم ان المامور بالحج لو اذنه الآمر بالتمتع فتمتع یقع الحج عن الآمر کما صرح به فی رد المحتار ولا یکون مخالفًا کما فی الدر المختار وعبارته (ودم القران) والتمتع (والجنایة علی الحاج) ان اذن له الآمر بالقران والتمتع والا یصیر مخالفا انتهی وعلی هذا یقال اذا صح اذن الآمر للمامور بالتمتع صح ان یخیره فیه کما ذکره صاحب المنسک الوسط فحینئذ یجوز التمتع فی الصورة المشروحة ویکون ما ذکره علی القاری من التقیید فی عبارة المشائخ اتفاقیا لا احترازیا وما ذکره من اشتراط ان تکون الحجة آفاقیة لیس علی عمومه بدلیل تجویزهم التمتع عند الاذن به مع انه لیس فیه حجة آفاقیة قطعًا فلیتامل منه۔ قلت ویؤیده ما فی البرهان وخفی خلافه فی بالافراد یخالف با وان نواه للآمر عند ابی حنیفة کالتمتع له ای للآمر بالافراد وانما یصیر مخالفا لانه مامور بان یحج عنه من المیقات والمتمتع یحج من جوف مکة فکان هذا غیر ما امر به اه ص ۴۰۴ جلد اول قلمی۔ قلت نقوله کالتمتع له ای للآمر بالافراد یدل علی ان المتمتع انما یصیر مخالفا بالتمتع اذا تمتع لمن امره بالافراد واما لو امره بالتمتع فتمتع فلا مخالفة فافهم۔

خلاصہ یہ کہ مامور بالحج کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ آمر اس کو صراحۃً افراد بالحج کا حکم کرے

اور تمتع سے صراحۃً منع کردے یا ممانعت پر قرینہ قائم ہو اس صورت میں مامور بالحج کے لئے طول احرام سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ وہ اپنے گھر سے روانہ ہوتے ہوئے چند روز جدہ میں قیام کرنے کی نیت کرے اور اس سفر کو جدہ کا سفر قرار دے اور راستہ میں نہ عمرہ کا احرام باندھے نہ حج کا نہ اپنی طرف سے نہ آمر کی طرف سے اور بدون احرام کے چند روز کے بعد جدہ کے قیام سے فارغ ہو کر مکہ میں چلا جاوے اور عمرہ وغیرہ کچھ نہ کرے صرف طواف وغیرہ بدون احرام کے کرتا رہے اور وقت حج پر جدہ آکر احرام حج باندھ کر حج ادا کرے قال فی حاشیة البحر فینبغی التفصیل وهو انه ان جاوز المیقات بلا احرام قاصد البستان ثم دخل مکة ثم خرج الی الحل وقت الاحرام فاحرم من المیقات عن الآمر یجوز لانه صار آفاقیا کما یاتی وان فعل نسکا غیر ما امر به قبل احرامه عن الآمر یکون مخالفا وان عاد الی المیقات واحرم عنه من المیقات فتامل اه ص ۳۱۸۔

اور دوسری صورت یہ ہے کہ آمر صراحۃً تمتع کی اجازت دیدے یا یہ کہدے کہ پہلے عمرہ میری طرف سے کرنا اور پھر حج کرنا یا مامور کو اختیار عام دیدے کہ تم جس طرح چاہو کرلینا اس صورت میں مامور کو تمتع جائز مگر تمتع کے لئے شرط یہ ہے کہ عمرہ کے لئے شوال سے پہلے نہ کئے جاویں لہذا اگر ہندوستان سے ایسے وقت میں روانگی ہو کہ مکہ میں شوال سے پہلے پہونچ جاوے تو اس صورت میں اگر تمتع کی نیت کی جاوے گی تو شوال کی یکم تک محرم رہنا ضروری ہوگا یکم شوال کو عمرہ کے افعال ادا کر کے حلق کردیا جاوے اور بہتر یہ ہے کہ آمر سے تمتع کی بھی اور عمرہ مفردہ کرنے کی بھی صراحۃً الگ الگ اجازت لے لی جاوے یا عام اختیار لے لیا جاوے کہ مامور جس طرح چاہے گا حج کرے گا خواہ افراد سے یا قران وتمتع سے یا پہلے عمرہ مفردہ کر کے پھر حج کردے گا۔ ان سب صورتوں میں مامور کو حج کا احرام مکہ ہی سے باندھنا جائز ہوگا میقات کی طرف عود لازم نہ ہوگا بس عمرہ کر کے احرام کھول دے پھر وقت پر حج کرلے

واللہ اعلم حررہ احقر الطلبہ ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۸ محرم ۴۰ھ

الجواب صواب

اشرف علی ثامن محرم الحرام ۴۰ھ

تنبیہ: اس مسئلہ میں شافعیہ کے قول پر بھی مامور بالحج کو تمتع کرنا باذن الآمر جائز ہے بلکہ ان کے نزدیک اگر تمتع کی اجازت بھی نہ ہو اور تمتع کرلے تب بھی حج ہو جائے گا صرف اُجرت میں کسی قدر کمی کردی جائے گی قال فی الوجیز ص ۶۷ (الثانیة اذا خالف فی المیقات فاحرم بعمرة عن نفسه

Made searchable using ScribeTools.com

ثم احرم بحج المستاجر فی مکۃ ففی قول لاتحسب المسافۃ لہ لانہ صرفہ الی نفسہ فیحط من اجرتہ بمقدار التفاوت بین حجہ من بلدہ وبین حجہ من مکۃ فیکثر المحطوط وعلی قول تحسب المسافۃ فلایحط الا مقدار التفاوت بین حج من المیقات وحج من مکۃ فیقل المحطوط الخ وفیہ ایضاً وان امر بالقران فتمتع کان کالقران علی وجہ وفی وجہ جعل مخالفاً لہ وعلیہ الدم ویعود الخلاف فی حط شیٔ من الاجرۃ اھ ص۶۸۔ ظفر احمد عفا عنہ ۲۶ رمضان ۴۰ھ

ایصال الخیر فی مسائل الحج عن الغیر (یعنی حج بدل کے ضروری مسائل)

حج بدل کے صحیح ہونے کی چند شرطیں ہیں (۱) اُجرت کی شرط نہ ہو (۲) بھیجنے والے کے مال ہی سے حج کیا جاوے لیکن اگر زیادہ تر خرچ میت کے مال سے کرے اور کچھ اپنا بھی خرچ ہو جائے تو جائز ہے۔ (۳) اگر حج بدل والا میت کی رقم کو اپنی رقم سے علیحدہ رکھے تب تو وہ امانت ہے اگر باوجود احتیاط کے ضائع ہو جائے تو ضامن نہ ہوگا اور اگر اپنی رقم کے ساتھ خلط کر دے گا تو ضامن ہوگا۔ (۴) اگر ثلث مال میں وسعت ہو تو حج سوار ہو کر کرنا چاہئے اگر پیادہ حج کرے گا اور کرایہ کی رقم اپنے لئے بچاوے گا تو ضمان دینا واجب ہوگا اگرچہ بھیجنے والے نے پیادہ حج کرنے کی اجازت بھی دے دی ہو اور سوار ہو نا مکہ سے عرفات تک اور وہاں سے مکہ کی واپسی تک واجب ہے باقی سفر میں اگر بھیجنے والے کی اجازت سے پیادہ چلے تو جائز ہے۔ (۵) حج میت کے وطن سے کرنا چاہئے۔ (۶) میت کی طرف سے احرام کے وقت حج کی نیت کرنا چاہئے یعنی زبان سے یوں کہے کہ میں فلاں شخص کی طرف سے حج کی نیت کرتا ہوں اور اگر نام بھول جائے تو یوں کہہ لے کہ جس شخص کی طرف سے مجھ کو حج کے واسطے بھیجا گیا ہے میں اس کی طرف سے حج کی نیت کرتا ہوں (۷) احرام میقات سے باندھنا چاہئے بدون اجازت بھیجنے والے کے عمرہ کا احرام میقات سے نہ باندھے نہ تمتع کرے ہاں اگر وہ اجازت دیدے یا یوں کہدے کہ جس طرح چاہو حج ادا کر دینا تو تمتع بھی جائز ہے ھذا ھو الحق عندنا مگر اختلاف سے بچنا چاہے اس لئے میقات سے احرام حج ہی کا باندھے۔ (۸) حج بدل والے کو جو روپیہ دیا جائے اس میں نہایت احتیاط لازم ہے ورنہ حق العباد کا مواخذہ سر پر ہوگا سفر کے بعد جو کچھ رقم اور سامان رقم سے خریدا ہوا باقی بچے حبہ حبہ واپس کر دے اور بہتر یہ ہے کہ بھیجنے والا پہلے ہی یہ کہدے کہ اگر خرچ میں کوئی بے عنوانی التفاتا ہو جائے تو میری طرف سے معاف ہے۔

والدین کی طرف سے حج بدل کرانا جبکہ انہوں نے وصیت نہ کی ہو

سوال (۳) اگر والدین حج بدل کے واسطے وصیت نہ کر گئے ہوں تو کوئی شخص اپنی خوشی حج بدل کرے یا کروائے تو حج بدل ہو جائے گا یا؟

الجواب؛ قال العلامۃ القاری فی مناسکہ فی شرائط الحج عن الغیر الرابع الأمر ای بالحج فلا یجوز حج غیرہ عنہ بغیر امرہ ان اوصی بہ ای بالحج عنہ۔ فان اوصی بان یحج عنہ فتطوع عنہ اجنبی او وارث لم یجز وان لم یوص بہ ای بالاحجاج فتبرع عنہ الوارث وکذا من ھم اھل التبرع ونحوہ فحج ای الوارث ونحوہ بنفسہ ای عنہ او احج عنہ غیرہ جاز ای ذلک التبرع او الحج او الاحجاج او ما ذکر جمیعہ والمعنی جاز عن حجۃ الاسلام ان شاء اللہ تعالیٰ کما قالہ فی الکبیر اھ ص ۲۴۹۔

صورت مسئولہ میں اگر کوئی شخص مرحومین کی طرف سے تبرعاً حج کر دے خواہ وارث ہو یا غیر وارث ہو تو امید ہے کہ انشاء اللہ حج فرض اس کے ذمہ سے ادا ہو جائے گا۔

حج بدل میں اگر مامور کے پاس خرچ نہ ہے اور وہ قرض لیکر خرچ کرے تو کیا حکم ہے

سوال (۴) ایک عرض بندہ کی یہ ہے کہ حج بدل کرنے والے پر اگر خرچ نہ ہے اور اپنے پاس سے یا کسی سے قرض لیکر چلا آوے اور قرض اپنے ذمہ لیوے یا کوئی اپنا ملنے والا دیدے تو کچھ حرج تو نہیں یعنی حج میں کچھ نقص نہیں ہوا؟ اس کا جواب بھی عنایت ہو۔ فقط

الجواب؛ حج بدل کے مسئلہ میں جب حج بدل کرنے والے کے پاس خرچ نہ ہے اور وہ اپنے پاس سے یا کسی سے قرض لیکر چلا آوے تو یہ دیکھنا چاہئے کہ سفر حج میں زیادہ خرچ آمر کے مال سے ہوا ہے یا حج بدل کرنے والے کی رقم سے صورت اول میں تو حج بدل صحیح ہو گیا اور دوسری صورت میں صحیح نہیں ہوا بلکہ وہ حج خود کرنے والے کی طرف سے ہو گیا۔ اور یہ اس صورت میں ہے جبکہ آمر (یعنی بھیجنے والے) نے اس کو اپنے پاس سے یا قرض کر کے خرچ کرنے کی اجازت نہ دی ہو اور اگر اجازت دے دی ہو کہ خرچ کم ہو جائے تو تم اپنے پاس سے یا قرض لیکر خرچ کر لینا تو ہم تم کو دیدیں گے پھر ہر حالت میں حج بدل درست ہے خواہ آمر کی دی ہوئی رقم کم ہو یا زیادہ ہو قال فی شرح اللباب ففی قاضی خان اذا لم یکفہ مال المیت فانفق من مال نفسہ فان کان اکثر النفقۃ من مال المیت فھو جائز والا فھو ضامن وفی الکرمانی ان انتقص المال عن نفقۃ الطریق فاستدان او انفق من مال نفسہ ان

کان معظم النفقة فهو جائز والا فهو ضامن اھ (ص ۲۵۰) قلت والصورة الثانية ظاهرة فان جميع ما ينفقه من مال نفسه او بالاستدانة بالاذن فهو من مال الآمر حكماً والله اعلم۔ ۷ رجب ۴۲ھ

اجنبی کے مال سے بغیر وصیت و اذن ورثہ حج بدل کی ایک صورت کا حکم

سوال (۵) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص اپنا حج فرض ادا کرنے کو کعبہ شریف روانہ ہو کر راستہ میں قبل میقات انتقال کر گیا اور دوسرے نے اپنے رفیقوں میں سے اس کی نیت سے اس کا حج فرض کیا مگر میت نے وصیت نہیں کی تھی اس کا روپیہ بقایا بھی اس نے باقی راستہ میں خرچ کیا اب میت کے وارث اس سے روپیہ طلب کرتے ہیں تو اس صورت مذکورہ پر میت کا حج فرض ادا ہو گیا یا نہیں اور میت کے وارث روپیہ مانگنے کے مستحق ہیں یا نہیں اگر اس میں میت سے حج فرض ادا ہو گیا جیسا کہ عبارت کتب سے معلوم ہوتا ہے تو پھر وارث میت اس سے روپیہ واپس لینے کے حقدار کیونکر ہو سکتے ہیں اس کی وجہ اچھی طرح سے تحریر کرنے کی ضرورت ہے تسلی ضرور فرماویں زبدۃ المناسک باب الحج عن الغیر صفحہ ۱۶۷ میں لکھتے ہیں دوسری پس اگر کوئی زندہ کی طرف سے بدون امر کے حج کر دیوے گا تو فرض زندہ کا ساقط نہ ہوگا اور مردہ بھی اگر وصیت کر کے مرا ہے تو بغیر وارث کے حج مردہ کا ادا نہیں ہو سکتا مگر جو مردہ بدون وصیت حج کے مر گیا تو اگر کسی نے وارث ہو یا اجنبی تبرعاً اس کا حج فرض ادا کر دیا تو حج فرض مردہ کا ادا ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ اور شامی باب الحج عن الغیر صفحہ ۲۵۹ فان لم یوص ولم یتبرع عنه الوارث یہ سب عبارت اس کو شامل ہے یا نہیں اگر شامل نہیں تو وجہ کیا ہے بالتفصیل تحریر کیجئے اور یہ روایت قابل حجت ہے یا ضعیف مکین؟ فقط۔ ۲۷ ربیع الاول ۴۳ھ

الجواب؛ جب میت نے وصیت نہیں کی تھی تو اس کا متروکہ سب کا سب ملک ورثہ ہے میت کا اس میں کچھ حق نہیں رہا میت کا حق ثلث ترکہ میں بھی وصیت سے ہوتا ہے بدون وصیت کے نہیں ہوتا۔ پس جب رفیق نے میت کی طرف سے حج کرنے میں یہ رقم صرف کی ہے اس نے ورثہ کا مال مملوک بدون ان کے اذن کے صرف کیا ہے لہذا اس حج بدل کرنے والے کے ذمہ اس رقم کا ضمان واجب ہے وہ یہ رقم ورثہ کو ادا کرے اور جس عبارت سے سائل نے احتجاج کیا ہے اس میں تو خود لکھا ہے کہ اگر مردہ وصیت کرتا ہے تو بدون امر وارث کے حج مردہ کا ادا نہیں ہو سکتا۔ الخ۔ پس رفیق کا حج مال میت سے بدون امر وارث یا اذن وارث کے صحیح نہیں ہو سکتا۔

اور اجنبی کے جس حج کو بدون وصیت کے بھی میت کی طرف سے درست مانا گیا ہے وہ وہ ہے جو اجنبی نے تبرعاً کیا ہو چنانچہ عبارت زبدہ میں تبرعاً کی قید مصرح ہے اور اس میں بھی یہ جزم و یقین نہیں کہ میت کی طرف سے ج ہو بھی جائے گا بلکہ امید کا لفظ ہے بہر حال صورت مسئولہ میں چونکہ اس رفیق نے میت کی طرف سے تبرعاً حج نہیں بلکہ ورثہ کے مال میں حج کیا ہے اور ورثہ کے بدون اجازت کیا ہے اس لئے یہ حج میت کی طرف نہیں ہوا بلکہ خود اس رفیق ہی کا حج ہوا اس پر ورثہ کو ضمان دینا واجب و لازم ہے فقط۔ ۲۲ ربیع الثانی ۴۳ھ

متعلق حج بدل

سوال (۶) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل کی نسبت از روئے شرع شریف کے۔

اگر کسی غنی متوفی کی طرف سے زید ایسے مفلس نے حج بدل ادا کیا جس نے ابھی اپنا حج فرض ادا نہیں کیا ہے تو مرحوم کا حج ادا ہو جاتا ہے یا نہیں۔ اور ایسے زید حج بدل کرنے والے کے ذمے سے بھی فرضیت حج عمر بھر کو ساقط ہو جاتی ہے یا نہیں اگر ایسے زید حج بدل کرنے والے سے عمر بھر کو فرضیت حج ساقط نہیں ہوتی تو اپنے تمام کام و آرام اہل و عیال وغیرہ چھوڑ کر حج کے سفر وغیرہ کی سخت جانکاہ تکالیف و صعوبتیں اٹھا کر حج بدل کو جانے سے کیا فائدہ ہے۔ پس اس لئے اگر حج بدل کرنے والا حج بدل کرانے والے سے ضروری مصارف حج کے سوائے اپنے نقصانات معاش کا کچھ معاوضہ نقد وغیرہ بھی لے لے تو شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

الجواب؛ جس مفلس نے اپنا حج نہیں کیا ہے وہ دوسرے کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہے لیکن افضل یہ ہے کہ ایسے شخص کو بھیجا جائے جس نے اپنا حج فرض ادا کر لیا ہو۔ باقی اس مفلس کے ذمہ سے جس نے بدون اپنا حج کئے دوسرے کا حج فرض بدلا لیا ہے عمر بھر کے لئے فرض حج ساقط نہیں ہوا بلکہ اگر کسی وقت اس کے پاس مال زیادہ ہو گیا جس میں حج بشرائط ہو سکے تو اس کو اپنی طرف سے دوبارہ حج کرنا فرض ہوگا کیونکہ حج بدل تو دوسرے کا تھا اس کی طرف سے تھوڑا ہی تھا۔ نعم لو حج عن الغير تطوعاً يقع عن المامور قال القاري في مناسكه وفي حج النفل يقع عن المامور اتفاقا اى باتفاق مشائخنا وللآمر الثواب اى ثواب النفقة لان الحديث ورد في الفرض دون النفل اھ (ص ۲۶۲) ولكنه لا يسقط الفرض عن الفاعل بحال وقال في الدر وقيل عن المامور نفلاً وللآمر ثواب النفقة كالنفل اھ قال الشامي مقتضاه ان النفل يقع عن المامور اتفاقاً وللآمر ثواب

Made searchable using ScribeTools.com

النفقة وبه صرح بعض الشراح ومشى عليه فى اللباب وردّه الاتقانى فى غاية البيان بانه خلاف الرواية لما قاله الحاكم الشهيد فى الكافى الحج التطوع عن الصحيح جائز ثم قال وفى الاصل يقع الحج عن المحج اھ (ص ۳۱۴ ج ۲)

رہا یہ کہ جب اس کے ذمہ سے حج فرض ساقط نہیں ہوتا تو اپنے کاروبار و آرام کو چھوڑ کر سفر حج کی صعوبت اٹھانے میں کیا فائدہ ہے اس کا جواب یہ ہے کہ جو اس کو بے فائدہ سمجھے اس کو واقعی کچھ فائدہ نہ ہوگا وہ ہرگز نہ جائے بلکہ ایسے شخص کو بھیجنا چاہئے جو ایک بار اپنا حج کرکے بیت اللہ اور بیت رسول اللہ کی زیارت سے آنکھیں ٹھنڈی کر چکا ہو وہ بتلائے گا کہ اس سفر کی صعوبت برداشت کرنے میں کیا فائدہ ہے یہ تو نفع عاجل ہے جس کا علم ایک بار حج کرنے والے کو دنیا ہی میں ہو جاتا ہے اور جو ثواب مرنے کے بعد سامنے آئیگا اس کا علم قبر میں پہونچکر ہو جائے گا۔ اور دوسرے کی طرف سے حج کرنے کا ثواب بعض وجوہ سے اپنے حج کے ثواب سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔

رہا یہ کہ حج بدل کرنے والا حج بدل کرانے والے سے اپنے نقصان معاش کا معاوضہ لے تو جائز ہے یا نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ معاوضہ لینا جائز نہیں کیونکہ اگر یہ معاوضہ نقصان معاش و کاروبار کا ہے تو نقصان کاروبار کوئی عین متقوم نہیں جس کا معاوضہ جائز ہو اور اگر یہ معاوضہ اپنی مشقت و محنت کا ہے جو سفر میں لاحق ہوگی تو اس صورت میں اجارہ ہوگیا اور حج بدل اجارہ کے ساتھ ناجائز ہے بعض اقوال پر وہ حج ہی نہ ہوگا اور راجح یہ ہے کہ اجارہ فاسد ہے اور حج ہو جائے گا۔ البتہ اگر معاوضہ کے طور پر نہ ہو بلکہ آمر اپنی خوشی سے اجازت دیدے کہ میں تم کو یہ رقم حج کے لئے دیتا ہوں اور حج کے بعد جو بچے اس کے متعلق تم کو وکیل کرتا ہوں کہ یہ فاضل رقم اپنے کو میری طرف سے ہبہ کرلینا تو اس صورت میں وہ فاضل رقم اور سامان وثیاب ومتاع حج کے بعد باقی رہے مامور اپنی ملک میں لاسکتا ہے اسی طرح اگر کسی شخص کے ذمہ اہل وعیال کا نفقہ واجب ہے اور دوسرا شخص اس کو حج بدل میں بھیجنا چاہتا ہے اور یہ صاحب عیال یوں کہے کہ مدت حج کے لئے میں نفقۂ عیال اس وقت نہیں دے سکتا تم اگر مجھ کو بھیجنا چاہتے ہو تو میرے اہل وعیال کا نفقہ بھی اس قدر ادا کردو اور یہ گفتگو بطور معاوضہ اور معاملہ کے نہو بلکہ دوستانہ طور پر ہو اور اس کے بعد بھیجنے والا خوشی سے اس کے اہل وعیال کا نفقہ بھی ادا کردے تو جائز ہے بشرطیکہ حج بدل کرانیوالا خود زندہ ہو اور اگر وصیت کرکے مرگیا ہے تو اس کے حج بدل میں نفقہ سفر حج متعارف سے زیادہ دینے کا اختیار ورثہ بالغین کو ہے نابالغوں کے حصہ میں سے جائز نہیں اگر ورثہ نابالغ بھی ہوں تو بقدر کفایت معروف للحج تو ثلث الکل میں سے دیا جائے اور تبرع فاضل یا

نفقہ اہل وعیال کے لئے بالغین اپنے حصہ میں سے رقم دیں اور نفقہ اہل وعیال مامور میں یہ تفصیل ہے کہ نفقہ معروفہ ضروریہ پر بھی جانیوالے دستیاب ہوں یعنی ایسے مجرد لوگ بھی حج بدل کو تیار ہوں جن کے ساتھ اہل وعیال کا خرچ لگا ہوا نہیں اور وہ صرف سفر حج کا خرچ لیکر جاسکتے ہیں اور اگر بجز صاحب عیال شخص کے اور کوئی معتبر باقاعدہ حج کو صحیح ادا کرنے والا نہ ملتا ہو تو اس صورت میں ثلث الکل سے بھی مامور کی اہل وعیال کا نفقہ دینا جائز ہے۔ بلکہ ورثہ پر لازم ہے کہ جبکہ مورث نے وصیت حج کی ہو اگر ثلث الکل میں وسعت ہو لان نفقة الحج تختلف باختلاف الاشخاص قال القارى فى شرح المناسك ولا ينفق المامور من مال الميت على من يخدمه اى خدمة يقدر عليه بنفسه الا اذا كان ممن لا يخدم نفسه اى لكبره او عظمته اھ (ص ۲۵۹) قلت فكذا يختلف الحكم لكون المامور اعزب او صاحب العيال فيعطى الاول نفقة اقل من الثانى لاختلاف احوالهما شرعاً وعرفاً ولا يعطى صاحب العيال تلك الزيادة عوضاً عن شىء بل اعانة له فى اداء الواجب كما زيدت نفقة صاحب العظمة اعانة له فى حفظ حرمته والله اعلم ولعل هذا ظاهر غير خفى والعبارة المحررة ما فى الكافى الحاكم وله نفقة مثله وزاد ايضاحها فى المبسوط فقال وهذه النفقة ليس يستحقها بطريق العوض بل بطريق الكفاية لانه فرغ نفسه لعمل ينتفع به (الآمر) هذا (شامى ص ۳۹۲ ج ۲) قلت فكان نفقة المامور بالحج كنفقة القاضى والعامل و نفقة عيالهما تدخل فى نفقتهما حتما فتقدر بما يسعهما وعيالهما فكذا ههنا اذا لم يوجد الاعزب وكانت الوصية بالحج لا على التعيين و اما لو عين الموصى رجلاً ذا عيال ان يحج عنه فلا شك فى دخول نفقة عياله فى نفقة الحج وتوخذ من ثلث الكل وفى الدر يشترط اهلية المامور لصحة الافعال فجاز حج الصرورة (وهو) من لم يحج والمراة ولو امة و العبد وغيره كالمراهق وغيرهم اولى لعدم الخلاف اھ قال الشامى لا يخفى ان التعليل يفيد ان الكراهة تنزيهية لان مراعات الخلاف مستحبة اھ (ص ۳۹۴ ج ۲) وفيه ايضاً وعليه ردما نقل من النفقة وان شرطه فالشرط باطل الا ان يوكله بهبة الفضل من نفسه او يوصى الميت به لمعين اھ (ص ۴۰ ج ۲)

ماموراپنی جائے قیام سے حج کرے تو حج آمر کا صحیح ہوجائیگا یا نہیں

سوال (۷) حج بدل میں اگر مامور بجائے وطن آمر کے اپنی جائے قیام سے خواہ اقرب خواہ ابعد اپنی رضا سے حج کرنا چاہے تو شرع شریف کی رُو سے آمر کے ذمہ سے حج فرض ساقط ہوگا یا نہیں اور ہر دونوں (اقرب اور ابعد) صورتوں میں کس جگہ سے نفقہ کا مستحق ہوگا؟

الجواب؛ صورت مسؤلہ میں اگر ثلث مال آمر میت میں بلد آمر میت سے حج کرنے کی گنجائش تھی اور پھر وہاں سے نہیں کیا گیا تو یہ حج آمر کی طرف سے صحیح نہیں ہوا بلکہ مامور کا حج ہوا اور وہ نفقہ کا ضامن ہوگا یعنی کل نفقہ کا البتہ اگر وہ جگہ جہاں سے مامور گیا ہے وطن آمر سے اتنی قریب ہو کہ دن میں چل کر رات کو وطن آمر میں سیر وسط کے ساتھ پہونچ سکیں تو ضمان نہیں ہوگا اور[عہ] حج بھی آمر کی طرف سے ہوجائے گا یا محجوج عنہ زندہ ہو اور اس نے غیر وطن سے حج بدل کی اجازت دے دی ہو۔ یا میت ہو اور غیر وطن سے حج کرنے کی وصیت کر گیا ہو تب بھی حج آمر اور میت کی طرف سے صحیح ہوجائے گا اور مأمور پر نفقہ کا ضمان نہ ہوگا قال فی اللباب الثامن ان یحج عنه من وطنه ان اتسع الثلث ای ثلث مال المیت وان لم یتسع یحج عنه من حیث یبلغ ای استحسانا الی ان قال اذا وجب الحج من بلده فاحج الوصی من غیر بلده یضمن ای و یکون الحج له ویحج عن المیت ثانیا لانه خالف الاان یکون ذلك المکان الذی احج عنه قریبا منه ای من وطنه بحیث یبلغ الیه ویرجع الی الوطن قبل اللیل ای فحینئذٍ لایکون مخالفا ولاضامنا اھ وفیه ایضا ولو اوصی من له وطن ان یحج عنه من غیر بلده یحج عنه کما اوصی ای علی وفق ما اوصی به قرب

عہ اور اگر آمر اپنے وطن میں نہیں مرا بلکہ کسی دوسری جگہ مرا ہے جب بھی مامور اُس کے وطن ہی سے حج کرے قال فی الغنیة سواء مات فیه ای فی وطنه او مات فی سفر التجارة ونحوها لان الواجب علیه الحج من البلد الذی یسکنه الی ان قال ولو اوصی خراسانی بمکة او مکی بالری واطلقا یحج عنهما من وطنهما اھ (ص۴۷۶) وفیه ایضا قال الشارح اقول هذا اذا کانا غنیین فی بلادهما واما اذا صار المکی غنیا بالری والخراسانی بمکة واوصیا فینبغی ان یحج عنهما من موضع فرض الحج علیهما اھ قلت وهذا واللہ هو الفقه بعینه فللّٰه در العلماء الحنفیة ما اعمق نظرهم فی دقائق الشریعة۔

۱۴

ای ذلك المکان الموصی به من مکة او بعدها اھ (ص۲۵۱) قلت وکذا الحی اذا اذن للمامور ان یحج عنه من غیر وطنه فلا فرق فی الحی والمیت فی ذلك حتی یکون لاحدهما اسقاط هذا الشرط وتغییره ولا یکون للآخر، واللہ اعلم۔

قال فی اللباب العاشر ان یحرم من المیقات ای من میقات الآمر یشمل المکی وغیره قال الشارح وفیه انه ان اراد بالمیقات المواقیت الآفاقیة ففی اطلاقه نظر ظاهر اذ تقدم ان المکی اذا اوصی بالری ان یحج عنه من مکة وکذا سبق ان من اوصی ان یحج عنه من غیر بلده یحج کما اوصی قرب من مکة او بعد وایضا فیه اشکال آخر حیث ان المیقات من اصله لیس شرطا مطلق الحج واصالته بل انه من واجباته فکیف یکون شرطا وقت نیابته فان وجد نقل صریح ودلیل صحیح فالامر مسلم والا فلا اھ (ص۲۵۲) قلت والذی ظهر لی ان شرط المیقات یسقط باذن الآمر والمیت ولا یسقط اذا اطلق الامر بالحج لانه لا یرید الا ان یحج المامور کما یحج الآمر لو وقع عنه والآفاقی انما یحج عن المیقات فیشترط للنائب مراعاته والا یکون مخالفا، واللہ اعلم۔

۲۸ رمضان ۴۴ھ

حج بدل میں واپسی شرط نہیں ہے

سوال (۸) حج بدل میں واپسی شرط ہے یا نہیں؟

الجواب؛ حج بدل میں وطن میت سے جانا تو شرط ہے بشرطیکہ ثلث میں گنجائش ہو باقی عود شرط نہیں۔ قال فی العالمگیریة۔ ولو احج رجلا یؤدی الحج ویقیم بمکة جاز والافضل ان یحج ویرجع ص۱۶۷ جلد ۱

۱۴ شوال ۴۴ھ

ایضاً

سوال (۹) عرض ہے کہ میں کاندھلہ سے حج بدل کرنے گیا حج کرنے کے بعد وہیں قیام کیا اگلا حج کرنے کے بعد میں کاندھلہ آگیا پھر گھر آگیا جن کی طرف سے حج کرنے گیا وہ فرماتے ہیں کہ حج بدل نہیں ہوا اس کی بابت فرمائیے کہ حج بدل ہوا یا نہیں؟ فقط والسلام۔

الجواب؛ صورت مسؤلہ میں حج بدل جائز ہوگیا فی العالمگیریة (ص۱۶۷ ج۱) ولو احج رجلا یؤدی الحج ویقیم بمکة جاز والافضل ان یحج ویرجع واذا فرغ المامور بالحج ونوی الاقامة خمسة عشر یوما فصاعدا انفق من مال نفسه ولو انفق من مال الآمر یضمن الی ان قال فان نوی الاقامة خمسة عشر یوما

Made searchable using ScribeTools.com

فصاعداً حتی سقطت نفقة من مال الآمر ثم رجع بعد ذلك هل يعود نفقته فی مال الآمر ذكر القدوری فی شرح مختصر الطحاوی ان علی قول محمد یعود وهو ظاهر الرواية وعند ابی یوسف لا یعود اھ اس سے معلوم ہوا کہ واپسی کا خرچ تو بھیجنے والے کے ذمہ ہوگا لیکن قیام مکہ کا خرچ خود حج کرنے والا اپنے پاس سے کرے فقط والسلام۔ کتبہٗ الاحقر عبدالکریم گمتھلوی۔ ۱۰ر صفر ۴۴ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفی عنہ۔

معذور کے حج بدل کرانے کی ایک صورت کا حکم

سوال (۱۰) جناب محمد سلیم اللہ خان صاحب رئیس بوڑہ گاؤں ضلع علی گڈھ عرصہ سے مشتاق زیارت حرمین شریفین وحج شریف ہیں۔ اور اس وقت جناب خان صاحب موصوف کی عمر تقریباً ۷۰ سال کی ہے علاوہ ضعف پیری چند امراض جسمانی میں مبتلا ہیں جن کی وجہ سے چلنے پھرنے اور سفر سے معذور ہیں خصوصاً مرض فتق کی بھی تکلیف ہے اکثر کم وبیش پندرہ بیس روز بعد دورہ نزول آنت کا ہو جاتا ہے ایسی حالت میں ایک قدم چلنا بھی دشوار ہو جاتا ہے لہذا صورت مجبوری اور حالت معذوری میں اگر خان صاحب موصوف کسی ایسے شخص کو جس نے حج پہلے کر لیا ہے جملہ روپیہ خرچ آمد ورفت وخوراک وغیرہ دیکر اپنا حج بدل کرا دیویں تو شرعاً ادائیگی حج فرض ہو سکتی ہے یا نہیں اور اگر ہو سکتی ہے تو حاجی صاحب کی اور کن کن شرائط سے مشروط ہونے کی ضرورت ہے براہِ کرم مسئلہ اصول فقہ سے مطلع فرما کر ممنون ومشکور فرماویں؟

الجواب؛ بیشک صورت مسئولہ میں رئیس صاحب کو اگر خود حج کے لئے جانا دشوار ہے تو ان کو اس حالت میں جائز ہے کہ اپنی طرف سے حج بدل کرا دیں لیکن اس کو دیکھ لیا جاوے کہ کیا وہ اس پیٹی کا استعمال کرنے کے ساتھ بھی سفر حج نہیں کر سکتے جو مرض فتق میں ڈاکٹر تجویز کیا کرتے ہیں غالباً اس پیٹی کے استعمال کے ساتھ آنت اترنے کی تکلیف زیادہ نہیں ہوتی اور جب اترے فوراً اس کو چڑھا کر کام ہو سکتا ہے اگر اس کے بعد بھی تکلیف کم نہ ہوتی ہو اور سفر دشوار ہی ہو تو حج بدل کرا دینا جائز ہے پھر اگر یہ عذر جو اس وقت ہے عمر بھر رہا جب تو یہ حج بدل عمر بھر معتبر رہے گا اور اگر کسی وقت عذر موجود زائل ہو گیا تو ان کو حج فرض دوبارہ خود ادا کرنا ہوگا ویصیر البدل نفلاً قال فی الدر وهذا ای اشتراط دوام العجز الی الموت اذا کان العجز کالحبس والمرض یرجی زواله ای یمکن وان لم یکن کذلك کالعمی والزمانة سقط الفرض بحج الغیر عنه فلا اعادة مطلقا سواء استمر به العذر ام لا اھ (ص ۳۸۹ ج ۲) قلت ونزول

المعالیں کالزمانة بل المشاهد قدرة المبتلی به علی السفر قصیرة وطویلة بعد شدة الحزام الذی قد اوجد له، والله اعلم۔ ۱۸ر رمضان ۴۶ھ

حج بدل اور ضمان مامور کی ایک صورت کا حکم

سوال (۱۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید غریب نے ایک امیر حاجی حج بیت اللہ شریف کے جانے والے کو مبلغ ۱۴ سو ۱۴۰۰ دئے اور یہ کہ مکہ معظمہ پہونچکر میری والدہ کی طرف سے کسی سے حج کرا دینا۔ مکہ معظمہ پہونچکر یہ حوادث پیش آگئے کہ آٹھویں کی شام تک مکہ سے عرفات جانیوالے کو سواری نہ مل سکی جو شخص حج کرنے کو راضی تھا وہ بلا سواری حج کو نہ گیا اور یہ امیر اور اس کے ہمراہی حج کو چلے گئے اور عرفات وغیرہ میں ارکان حج ادا کر کے مدینہ ہو کر اپنے وطن میں آگئے لیکن یہ امیر حاجی مکہ معظمہ ہی سے دستوں کے مرض میں مبتلا ہوا اور گھر آکر دو مہینہ تک سخت بیمار رہ کر انتقال کر گیا۔ بہت کچھ نقد اور جائداد چھوڑ مرا۔ اس اثناء مرض میں زید غریب کو دو مرتبہ حاجی امیر سے ملنے کا اتفاق ہوا لیکن امیر حاجی کی سخت علالت کی وجہ سے زید غریب نے دریافت کیا کہ میری والدہ کی طرف سے حج کرایا یا نہیں اور نہ خود امیر حاجی نے بیان کیا کہ حج کرا دیا یا نہیں حتی کہ امیر حاجی کا انتقال ہو گیا تب غریب زید نے امیر حاجی کے ورثاء سے اپنے روپیہ دئے ہوئے طلب کئے۔ کیونکہ امیر حاجی اور ہمراہی حاجیوں سے معلوم ہوا کہ امسال تیس ۳۰ پینتیس ۳۵ روپیہ سے کم میں مکہ والوں میں سے کوئی حج بدل نہیں کر سکا مصارف مزید تھے تو اگر امیر حاجی غریب زید کی والدہ کی طرف سے حج کراتا تو غریب زید سے ضرور اپنا مطالبہ زاید وصول کرتا۔ یا اپنے ورثاء سے کہہ مرتا کہ فلاں زید غریب سے اتنا روپیہ لے لینا سو اب امیر حاجی کے وارث زید غریب کو اس کے مبلغ ۱۴ سو ۱۴۰۰ دئے ہوئے واپس نہیں دیتے۔ سو اب سوال یہ ہے کہ شرعاً امیر حاجی مرحوم کے ورثا پر امیر حاجی کے متروکہ میں سے غریب زید کو اس کے ۱۴ سو ۱۴۰۰ دئے ہوئے واجب ہے یا نہیں؟ فقط۔

الجواب؛ زید غریب کو امیر حاجی کے ورثاء سے اس رقم کے طلب کرنے کا حق نہیں کیونکہ اس کے پاس اس کی کیا دلیل ہے کہ امیر حاجی نے اس کی والدہ کی طرف سے حج نہیں کرایا اور جتنی باتیں سوال میں درج ہیں یہ صرف قرائن واحتمالات ہیں ان سے ثبوت نہیں ہو سکتا اور اگر امیر حاجی مرحوم کے ہمراہی اس وقت گواہی دیں تو ان کی گواہی لغو ہے کیونکہ مدعی علیہ مر چکا ہے۔ دوسرے یہ گواہی نفی پر ہوگی اور شہادت علی النفی قبول نہیں علاوہ ازیں یہ بھی تو احتمال ہے کہ امیر حاجی نے کسی شخص کو حج بدل کے واسطے وہ رقم دی ہو اور اس نے نہ حج کیا ہو نہ رقم واپس دی ہو۔ یہ بھی

احتمال ہے کہ امیر حاجی نے وہ رقم مکہ میں کسی دیندار معتبر آدمی کو دے دی ہو کہ سال آئندہ اس سے حج بدل کرا دینا۔ غرض اس معاملہ میں زید غریب کے پاس اس امر کی کوئی دلیل نہیں کہ اس کی رقم امیر حاجی کے ذمہ قرض ہوگئی کیونکہ ایک احتمال یہ بھی ہے کہ یہ امانت کہیں ضائع ہوگئی ہو اور امین کے اوپر ضیاع امانت کا ضمان نہیں ہوتا۔ البتہ اگر امیر حاجی کے ورثہ کے دل کو یہ بات لگ جائے کہ زید غریب کی رقم حاجی امیر مرحوم ہی کے پاس رہی ہوگی تو بہتر یہ ہے کہ یہ لوگ زید کی رقم ادا کر کے اپنے مورث کا ذمہ احتمال سے بھی بری کر دیں مگر ایسا کرنا واجب نہیں اسی لئے اگر ورثہ ایسا کریں تو صرف بالغ ورثہ اپنے اپنے حصوں میں سے یہ رقم ادا کریں نابالغوں کے حصوں میں سے ادا نکریں فقط واللہ اعلم۔

۷ رمضان ۴۶ھ

جس نے اپنا حج نہ کیا ہو اس کے حج بدل کرنے کا حکم

سوال (۱۲) کیا حکم ہے علماء حنفیہ کا اس مسئلہ میں کہ زید ایک غریب شخص ہے جس نے حج نہیں کیا اس کو ہندہ بدل حج کرنے کے واسطے بھیجنا چاہتی ہے اگر زید ہندہ کا روپیہ لیکر حج کو جاوے تو حج ہندہ کا ادا ہوگا یا نہیں؟

الجواب؛ جس شخص نے اپنا حج نہیں کیا وہ اگر حج بدل کرے تو حج بدل صحیح ہو جاتا ہے لیکن یہ مکروہ تنزیہی ہے اور افضل یہ ہے کہ ایسے شخص کو حج بدل کے لئے بھیجا جاوے جو اپنا حج کر چکا ہو اور جو شخص اپنا حج کئے بدون حج بدل کو جاوے اگر وہ اتنا مالدار ہے کہ اس پر حج فرض ہے تو اس کو حج بدل کرنا مکروہ تحریمی ہے کما فی بغیۃ الناسک[1] ص ۱۸۱ قال فی الفتح[2] والبحر والحق انہا تنزیہیۃ علی الامر تحریمیۃ علی الصرورۃ[3] المامور ان کان بعد تحقق الوجوب علیہ بملک الزاد والراحلۃ والصحۃ لانہ یتضیق علیہ والحالۃ ہذہ فی اول سنی الامکان فیأثم بترکہ وکذا لو تنفل لنفسہ اھ ملخصاً اور اگر اس بدل کے لئے جانے والے پر حج فرض نہیں ہے تو کراہت تحریمیہ نہ ہوگی مگر کراہت تنزیہیہ سے خالی نہیں للاختلاف فی ان الحج بوصولہ الی المیقات یفرض علیہ ام لا واللہ اعلم۔

نوٹ:۔ سوال میں یہ نہیں لکھا کہ ہندہ کو خود جانے سے کیا عذر ہے اس لئے دوبارہ سوال کرلیں کہ اس کا عذر ایسا ہے کہ حج بدل کو بھیج سکتی ہے یا نہیں۔

احقر عبدالکریم عفی عنہ ۲۰ ربیع الاول ۴۵ھ

از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون

[1] قبیل۔ باب الہدی ۳:۹۷ [2] ۳:۷۰ [3] قولہ: "الصرورۃ" وہو الذی لم یحج أو لا عن نفسہ ۱۲ ۷۰ ورحسن عفا اللہ تعالیٰ عنہ ولوالدیہ۔

سفر حج سے عاجز ہونے کی صورت میں حج بدل کرانے کا حکم

سوال (۱۳) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کے اوپر حج بیت اللہ شریف فرض ہے اور اس کی صحت اس قدر خراب ہے کہ اس کو اپنی حیات کی بھی امید نہیں ہے اور اس کے وارثوں میں سے ایک لڑکا ہے جو آوارہ ہے اور اس سے یہ امید نہیں ہے کہ وہ اپنے باپ کی وفات کے بعد حسب وصیت باپ کے اس فرض کو باپ کی طرف سے ادا کرے ایسی حالت میں جو حکم شریعت کا ہو اس سے بہت جلد مطلع فرماویں اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے گا فقط۔

الجواب؛ جب ایسی تکلیف ہو کہ سفر حج سے بالکل عاجز ہو جاوے تو حج بدل کے لئے کسی کو اپنی زندگی میں بھیجدینا جائز ہے پھر اگر اس عجز ہی کی حالت میں انتقال ہو جاوے تب تو یہ حج کافی ہو جاوے گا اور اگر یہ عجز زائل ہو جاوے تو حج ذمہ رہے گا (اور اگر حج بدل کی وصیت کرنے میں لڑکے پر اطمینان نہیں کہ وہ پورا کردے گا تو اس کی یہ صورت ہو سکتی ہے کہ کسی دوسرے معتمد کو حج بدل کے لئے وصیت کردے اور اس کو روپیہ خود سپرد کردے) کما فی العالمگیریۃ (ص ۱۶۶ ج ۱) ومنہا استدامۃ العجز من وقت الاحجاج الی وقت الموت ہکذا فی البدائع حتی لو احج عن نفسہ وہو مریض یکون مراعیاً فان مات اجزاہ وان تعافی بطل وکذا الواحج عن نفسہ وہو محبوس کذا فی التبیین۔

کتبہ الاحقر عبدالکریم عفی عنہ از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون ۲۱ ربیع الثانی ۴۵ھ

الجواب صحیح
ظفر احمد عفا عنہ

۲۱ ربیع ۲ ۴۵ھ

حج بدل کی ایک صورت کا حکم

سوال (۱۴) کیا فرماتے ہیں حضرات علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ میں کہ ایک شخص بزمانہ ناواقفی حج بدل کے لئے گیا اور میقات سے قبل اشہر حج کا احرام بہ نیت آمر باندھا مکہ معظمہ پہنچکر عمرہ کر کے احرام کھول ڈالا پھر موسم حج میں احرام باندھکر حج ادا کیا بعد کو معلوم ہوا کہ حج آمر کا ادا نہوا سال آئندہ تک وہاں اقامت کر کے اپنا حج ادا کر کے واپس ہو گیا اور تیسرے سال پھر اس نیت سے روپیہ فراہم کر کے حج آمر جو اپنے ذمہ باقی ہے اس سے سبکدوشی ہو جاوے اشہر حج میں عازم بیت اللہ ہو کر اور میقات سے بہ نیت آمر احرام باندھکر باحتیاط تمام حج ادا کر دیا لیکن جاتے وقت نہ آمر سے تذکرہ کیا نہ اس سے اجازت لی ہاں اُن لوگوں کو معلوم ہو گیا تھا کہ پہلا حج فاسد ہو گیا ہے اسی کی قضا کے لئے دوبارہ جانے کا قصد ہے

Made searchable using ScribeTools.com

دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس صورت میں فریضۂ آمر سے سبکدوشی ہوگئی یا نہیں اگر نہیں ہوئی تو سبکدوشی کی کیا صورت اختیار کی جاوے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب: فی غنیۃ الناسک (ص۱۸ فی فوات الحج عن المامور) فلو حج عن المیت بمال نفسہ اجزاہ و برئ من الضمان۔ پس اگر حج اول آمر کی طرف سے ادا نہوا ہو تو حج ثالث اس کی جانب سے ادا ہوگیا اور اگر حج اول آمر کی طرف سے ادا ہونے نہ ہونے کی تحقیق مطلوب ہے تو یہ لکھا جاوے کہ میقات سے احرام حج کے بعد عمرہ کا احرام باندھا تھا یا بدون احرام عمرہ محض افعالِ عمرہ کرکے حلال ہوگیا تھا۔ اور یہ جو لکھا ہے کہ اُن لوگوں کو معلوم ہوگیا تھا کہ پہلا حج فاسد ہوگیا ہے الخ اس میں فساد سے کیا مراد ہے آیا یہی عمرہ کرلینا یا اور کوئی بات مفسد حج پائی گئی تھی صاف صاف لکھیں۔

احقر عبد الکریم عفی عنہ از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون
۱۱ر جمادی الاخریٰ ۴۵ھ

جس نے اپنا حج نہ کیا ہو اس کے حج بدل کا حکم

سوال (۱۵) سُنا جاتا ہے کہ اس شخص کو جو خود حاجی نہ ہو۔ حج بدل کے لئے جانا جائز نہیں اس لئے کہ کعبہ شریف کو دیکھنے سے حج فرض ہوجاتا ہے۔ جب خود ان پر فرض ہوگیا تو وہ دوسرے کی جانب سے ادا نہیں کرسکتا۔

الجواب: جس نے اپنا حج نہ کیا ہو اس کو حج بدل کرنا مکروہ ہے۔ اور جب وہ کعبہ شریف پہنچتا ہے تو وہ دوسرے کا احرام باندھے ہوئے ہوتا ہے اس واسطے اس پر اس زیارت کعبہ سے حج فرض نہیں ہوتا کما ھو مصرح فی کتب الفقہ البتہ اگر اس کو آئندہ حج تک مکہ معظمہ میں قیام دشوار نہ ہو اور اس کے اہل و عیال کو بھی تنگی نہ پیش آوے تو بعض فقہاء نے اس پر وہاں قیام کرکے آئندہ سال حج کرنے کو واجب کہا ہے، واللہ اعلم۔

احقر عبد الکریم عفی عنہ از خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون ۱۲ر شوال ۴۸ھ

الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ ۱۲ر شوال ۴۸ھ

بحری اور ہوائی جہازوں پر سفر اور متعلقہ احکام

ہوائی جہازوں میں وقوف عرفہ اور طواف کعبہ کا حکم

رہا جواب اُن مسائل کا جن کو میں نے پہلے پرچہ میں زیر غور کہا تھا اور وہ دو مسئلے ہیں ایک ہوائی جہاز میں طواف کرنے کا۔ دوسرے ہوائی جہاز میں وقوف عرفہ کرنے کا سو اس کے متعلق جو مجھ کو مطالعۂ کتب فقہ سے ظاہر ہوا ہے وہ یہ ہے کہ

مرکب ہوائی میں سوار ہوکر طواف کرنے سے طواف تو صحیح ہوجائے گا بشرطیکہ مرکب ہوائی داخل حد مسجد رہے لیکن بلا عذر ایسا کرنے سے دم واجب ہوگا جیسا کہ مرکب غیر ہوائی میں بھی بلا عذر سوار ہوکر طواف کرنے کا یہی حکم ہے اور مرکب ہوائی میں سوار ہوکر عرفات کے مرور سے وقوف عرفہ ادا نہوگا قال فی البدائع واما مکان الطواف فمکانہ حول البیت لھ (ص۱۲۱) وفی غنیۃ الناسک الطواف ھو الدوران حول الکعبۃ کیف ما حصل اھ اما ارکانہ فثلاثۃ اتیان اکثرہ وکونہ بالبیت لا فیہ وکونہ بفعل نفسہ ولو محمولا او راکب بعیر واما شرائطہ فستۃ ثلثۃ منھا لا یفوتہ الحج وھی الوقت وتقدیم الاحرام وتقدیم الوقوف والباقی للکل وھی الاسلام وداخل المسجد ولو علی سطحہ فلو طاف علی سطح المسجد جاز ولو مرتفعا عن البیت لو طاف خارج المسجد مع وجود الحیطان لا یصح اجماعا ولو کان الحیطان منھدمۃ لا یصح عند عامۃ العلماء لانہ طاف بالمسجد لا بالبیت اھ (ص۸۵) چونکہ طواف کی حقیقت دوران حول البیت ہے اور مکان طواف حول البیت ہے اور بیت کے متعلق یہ تصریح موجود ہے کہ ہواء کعبہ عنان سماء تک بیت ہے اور اسی لئے طواف بیت سے مرتفع ہوکر بھی جائز ہے اس لئے مرکب ہوائی میں بشرائط مذکورہ طواف صحیح ہوجائے گا۔ لیکن وقوف عرفہ کے متعلق کہیں یہ تصریح نہیں ملی کہ ہواء ارض عرفہ عنان سماء تک بحکم عرفہ ہے بلکہ اکثر کتب میں وقوف کو ارض کے ساتھ مقید کیا ہے قال فی البحر وشرطہ (ای الوقوف) شیئان احدھما کونہ فی ارض عرفات اھ (ص۳۳۹ ج۲) وفی العالمگیریۃ ایضا والوقوف شرطہ شیئان احدھما کونہ فی ارض عرفات والثانی ان یکون فی وقتہ اھ (ص۱۴۸ ج۱) وفی الدر والقیام والنیۃ فیہ ای الوقوف لیست بشرط ولا واجب فلو کان جالسا جاز حجہ وذلک لان الشرط الکینونۃ فیہ اھ قال الشامی ای فی محل الوقوف المعلوم من المقام وفی شرح اللباب والظاھر ان ھذا رکن لعدم تصور الوقوف بدونہ نعم الوقت شرط اھ (ص۲۸۴ ج۲) اور ظاہر ہے کہ وقوف بارض عرفۃ یا کینونۃ بعرفۃ راکبا علی الدابۃ یا محمولا علی الایدی میں بواسطہ متحقق ہے بلا واسطہ متحقق نہیں اور مرکب ہوائی میں راکب کو وقوف بارض عرفہ کسی طرح حاصل نہیں نہ بواسطہ نہ بلا واسطہ ہاں مرور بہوا عرفہ متحقق

ہے پس اگر کسی دلیل سے ہوا عرفہ کا بحکم ارض عرفہ ہونا ثابت ہو جائے تو یہ مرور قائم مقام وقوف بارض عرفہ کے ہو سکتا ہے مگر ہنوز کہیں اس کی تصریح نہیں ملی ہے لہذا افتاء بصحت وقوف فی ہذہ الصورۃ مشکل ہے واللہ اعلم حررہ الاحقر ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۲۳ صفر ۴۵ھ

احقر اشرف علی قیاساً علی کون ہواء الکعبۃ فی حکمہا وکون ہواء المسجد فی حکمہ صحت کو راجح سمجھتا ہے لیکن جزم نہیں کرتا ۱۲

کتاب النکاح

دولہا نے وقت نکاح "قبول کیا" کے بجائے اگر "الحمد للہ" کہا تو کیا حکم ہے

سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں اگر نکاح خوانی کے وقت دولہا سے نکاح خواں نے یوں کہا مثلاً مریم بنت زید کو دو سو روپیہ مہرانہ کے عوض تمہارے عقد میں دیا وہ صرف الحمد للہ کہا اب نکاح ہوا یا نہیں۔ سوال صرف یہ ہے کہ "قبول کیا میں نے" کی جگہ میں اگر صرف الحمد للہ کہدیا تو نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟

(تنقیح) اس موقعہ پر الحمد للہ کہنے سے شہود اور حاضرین کیا سمجھتے ہیں بتلایا جائے۔ کیونکہ الحمد للہ ہمارے عرف میں صیغہ قبول کا نہیں ہے تو کیا بنگالہ کی کوئی خاص اصطلاح ہے۔

قال فی الخلاصۃ وفی مجموع النوازل قال زوجنی نفسک منی فقالت بالسمع والطاعۃ صح النکاح ولو قالت سپاس وادم لا ینعقد اھ (ص ۲۷۳)۔

اس سے معلوم ہوا کہ الحمد للہ کہنے سے نکاح منعقد نہیں ہوتا۔

منگنی کے وقت کا ایجاب وقبول ایک قسم کا وعدہ ہے

سوال (۲) جناب مولانا صاحب مولوی ومفتی اشرف علی صاحب! دام فیوضکم السلام علیکم عرض ہے کہ کمترین کو واپسی خط ملا آنجناب نے تحریر فرمایا ہے کہ لفظ کس طرح کہے گئے تھے۔ اب اس طرح لکھتا ہوں پہلے بھی آنجناب کی خدمت میں عرض کر چکا ہوں کہ اس منگنی کے سال دو سال بعد پھر نکاح وشادی کرتے ہیں اس کو منگنا لے مشہور کرتے ہیں گویا اس کو اصلی نکاح تصور ومشہور نہیں کرتے یہ رسمی معاملہ ہے۔ لڑکی کا والد لڑکے کے والد کو کہتا ہے کہ میں نے اپنی لڑکی فاطمہ تمہارے لڑکے نور محمد کو بخشی، لڑکے کے والد نے کہا میں نے قبول کی تین دفعہ اس طرح کہا۔ اور جیسے نکاح کے وقت گواہ

مقرر کئے جاتے ہیں گواہ کوئی مقرر نہیں کئے۔ ہمارے اس ملک میں اس کا نام منگنا وشرع ایجاب رکھا ہے۔ کیونکہ اس رسم کے بعد دوبارہ دن شادی کے مقرر کر کے پھر نکاح پڑھایا جاتا ہے۔ اب لڑکی کا والد دوسری جگہ نسبت کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ مجلس خطبہ میں یہ الفاظ وعدہ پر محمول ہوں گے لہذا نکاح نہیں ہوا اور لڑکی کا والد دوسری جگہ نسبت کر سکتا ہے۔ قال فی الدر اوھل اعطیتیھا ان المجلس للنکاح وان للوعد فوعد قال الشامی قولہ ان المجلس للنکاح ای لانشاء عقدہ لانہ یفھم منہ التحقیق فی الحال فاذا قال الآخر اعطیتکھا او فعلت لزم ولیس للاول ان لا یقبل اھ (ص ۲۳۳ ج ۲) قلت ھذا اذا کان المجلس للنکاح واما اذا کان للوعد فقول الآخر اعطیتکھا محمول علی الوعد، فافھم، واللہ اعلم حررہ الاحقر ظفر احمد، ۲۴ صفر ۴۱ھ۔

منگنی کے وقت اولیاء طرفین کا ایجاب قبول ایک قسم کا وعدہ ہوتا ہے

سوال (۶) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اس ملک پنجاب میں رواج ہے کہ منگنی کے وقت لڑکی کا ولی لڑکے کے ولی کو کہتا ہے کہ میں نے فلانی لڑکی تیرے فلانے لڑکے کو دی وہ کہتا ہے کہ میں نے اپنے لڑکے کے واسطے قبول کی اور بعدہ شادی کرتے ہیں الخ نکاح وغیرہ بعد میں ہوتا ہے۔ اسی صورت سے جس لڑکی کی منگنی ہوئی ہو تو اس کا نکاح دوسری جگہ ہو سکتا ہے یا نہیں بینوا بالتفصیل توجروا بالاجر الجزیل اس لئے کہ ملک پنجاب میں تمام علماء کرام اختلاف ڈالتے ہیں آپ اسے صحیح لفظوں کے ساتھ بیان فرماویں؟

الجواب؛ قال فی الدر اوھل اعطیتیھا ان المجلس للنکاح ان للوعد فوعد اھ قال الشامی ان المجلس للنکاح ای لانشاء عقدہ لانہ یفھم منہ التحقیق فی الحال الخ ص ۲۳۳ ج ۲۔ اس سے معلوم ہوا کہ منگنی کے وقت لڑکی کے ولی کا یہ کہنا کہ میں نے فلانی لڑکی تیرے لڑکے کو دی الخ یہ لفظ وعدہ پر محمول ہوگا نہ عقد نکاح پر کیونکہ مجلس وعدہ کی ہے نکاح کی مجلس نہیں ہے لہذا ان الفاظ سے نکاح نہ ہوگا اس لڑکی کا نکاح دوسری جگہ ہو سکتا ہے۔

نکاح بیوہ کا حکم

سوال (۴) بیوہ کا نکاح افضل ہے یا یوں ہی بحالت شباب بیٹھ رہنا بہتر ہے۔

الجواب؛ اگر بیوہ صاحب اولاد نہ ہو تو اس کو نکاح کر لینا افضل ہے اور دوسرے نکاح کو عیب سمجھنا تو سخت گناہ ہے اور اگر صاحب اولاد ہے اور دوسرے نکاح سے ان بچوں کے

Made searchable using ScribeTools.com

ضائع ہونے کا اندیشہ ہے کہ شوہر کی خدمت وغیرہ کی وجہ سے ان بچوں کی پرورش بخوبی نہ کرسکے گی تو نکاح نہ کرنا بہتر ہے اور اگر بچوں کی پرورش سے نکاح ثانی مانع نہ ہو تو اس صورت میں بھی نکاح ہی افضل ہے اور تفصیل اس وقت ہے جبکہ بیوہ کو نکاح نہ کرنے کی صورت میں اپنے نفس پر پورا قابو ہو اور گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہو ورنہ بہر صورت نکاح کرنا لازم ہے۔

زنا سے حاملہ عورت کے نکاح کا حکم اور اس کے حمل کا اسقاط جائز ہی نہیں

سوال (۵) ایک مسلمان نوجوان کنواری عورت کو زنا سے حمل ہوگیا چھ سات مہینہ بعد حالت حمل میں ہی ایک مسلمان مرد نے باوجود علم ہونے کے ایک نکاح خوان قاضی کے ذریعہ اس سے نکاح پڑھ کر اپنے گھر میں ڈال لیا اس پر گاؤں کے باقی مسلمانوں میں اس بات کا چرچا ہوا مرد مذکور نے اپنی رسوائی چھپانے کے واسطے عورت کا حمل ساقط کردیا۔ کیا یہ نکاح صحیح ہوا اگر نہیں ہوا تو اس کے لئے کیا تعزیر ہونی چاہئے اور حمل ساقط کرنا جائز تھا یا ناجائز اس کے لئے کونسی تعزیر ہے عورت کو کیا تعزیر ہونی چاہئے نکاح خوان اور مرد مذکور کے معاون لوگوں سے کیسا سلوک ہو اور مرد مذکور نے حمل فاحش عورت مذکور کا ساقط کرنے کے بعد دوبارہ پھر نکاح پڑھا ہے۔ والسلام بیّنوا توجروا؟

الجواب؛ حاملہ من الزنا کا نکاح درست ہے خواہ زانی سے ہو یا غیر زانی سے البتہ اگر زانی سے ہو تو اوس کو قبل وضع حمل وطی بھی جائز ہے اور غیر زانی کو وطی جائز نہیں جب تک وضع حمل نہ ہو لہذا صورت موجودہ میں نکاح اول درست ہوگیا تھا نکاح ثانی کی ضرورت نہ تھی لیکن چھ سات ماہ کا حمل ساقط کرنا ایک روایت پر موجب گناہ ہوا جسکا کفارہ توبہ واستغفار ہے اور ایک روایت پر گناہ نہیں ہوا فی العالمگیریۃ والعلاج لاسقاط الولد اذا استبان خلقہ لایجوز وان کان غیر مستبین الخلق یجوز واما فی زماننا یجوز علی کل حال وعلیہ الفتوی اھ (ص ۲۳۷ ج ۵)۔ ۱۷ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ۔

شیعہ رافضی کا سنی عورت کے ساتھ نکاح کا حکم

سوال (۶) چہ فرمائید علماء ملت اہل سنت والجماعت دریں مسئلہ کہ نکاح بستن درمیان زن سنیہ ومرد رافضی تفضیلی باشد یا سبی یا نکاح کردن مابین مرد سنی وزن رافضیہ فی زماننا کہ در روافض سب بسیار است وتفضیلی کم اند خصوصاً در بلوچستان کہ رافضی تفضیلی یافتہ نمی شود در مذہب اہل سنت والجماعۃ

مہ قلت ولم یظہر لی وجہ الفتوی علی الجواز مطلقا ۱۲ ظفر

ونیز در مذہب اہل شیعہ جائز است یا نہ اگر کسے بطمع دنیا یا بوجہ ناواقفیت مسئلہ این چنیں نکاح کرد ایں طور نکاح فسخ میگردد یا باقی می ماند واگر فسخ شود صورت اول بوقت فیصلہ نزد حاکم مرد رافضی خود را تفضیلی سازد دریں تقدیر نکاح باقی می ماند یا نہ۔ چونکہ در بلوچستان عالم شریعت نبوی کم اند بسیار تنازع برخاستہ است حق ظاہر نمی شود آن کس کہ ایں نکاح را جائز میدارد حوالہ فتاوی مولوی عبد الحی مرحوم می دہد وآن فریقیکہ جائز نمی دارد فتاوی شاہ عبد العزیز محدث دہلوی راہنمائی می آرد غرض قول مفتی بہ معلوم نمی شود آنچہ کہ دریں مسئلہ حکم مفتی بہ باشد بحوالہ کتاب مع صفحہ ارقام فرمائید۔ بیّنوا توجروا۔

الجواب؛ ھو المصوب؛ جواب محقق نزد ما ایں است کہ رافضی کہ قذف حضرت سیدہ عائشہ را جائز شمارد وقائل تحریف در قرآن کریم باشد یا قائل بکفر و نفاق حضرت صدیق بود کافر است واگر بجز تبرا وسب شیخین ہیچ از امور کفریہ ظاہر ننماید فاسق است پس در صورت اولی نکاح سنیہ باین چنیں روافض ہرگز صحیح نشود بلکہ حکم زنا دارد وایں سنیہ را جدائی از او لازم است واگر حاملہ نباشد معاً نکاح ودخول از مرد سنی جائز است والا بعد از وضع حمل۔ ودر صورت ثانیہ تفصیل است اگر زن نابالغہ است وولی آن را علم بفسق آن نبود بلکہ رافضی را صالح وعادل گمان کردہ باو نکاح کرد بعد ازاں فسق آن معلوم شد وزن سنیہ بعد از بلوغ اظہار ناراضگی ازیں نکاح کرد پس ایں نکاح ہم باطل است واگر فسق ایں جماعت از اول معلوم بود ودیدہ ودانستہ ولی شرعی زن نابالغہ یا بالغہ سنیہ بنکاح رافضی دادایں نکاح درست شد وبدون طلاق مرتفع نگردد واگر زن سنیہ بدون اجازت ولی از خود نکاح باین چنیں رافضی کند ہم باطل شود وحاجت بطلاق نیفتد بدون طلاق بمرد دیگر از اہل سنت نکاح می تواند کرد اما بعد از تفریق عدت گذاردن لازم است اگر دخول شدہ باشد وعدت آن سہ حیض بود۔ قال العلامۃ الشامی فی ردّ المحتار علی ان الحکم علیہ بالکفر مشکل لما فی الاختیار اتفق الائمۃ علی تضلیل اھل البدع اجمع وتخطیتھم وسب احد من الصحابۃ وبغضہ لایکون کفراً لکن یضلل الخ۔ الی ان قال نعم لاشک فی تکفیر من قذف السیدۃ عائشۃ رضی اللہ عنہا او انکر صحبۃ الصدیق او اعتقد الالوھیۃ فی علیؓ او ان جبریل غلط فی الوحی، او نحو ذلک من الکفر الصریح المخالف

Made Searchable by ScribeTools.com

للقرآن اھ ص ۴۵۳ ج ۳ ۔ قلت علی ھذا فمن نسب الصدیق رضی اللہ عنہ الی الکفر والنفاق فھو کافر لانہ منکر صحبتہ وھی ثابتۃ بالنص اذ یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا الآیۃ وفی العالمگیریۃ رجل زوج ابنتہ الصغیرۃ من رجل علی ظن انہ صالح لایشرب الخمر (مثلاً) فوجدہ الاب شریبا مدمنا وکبرت الابنۃ فقالت لاارضی بالنکاح ان لم یعرف ابوھا بشرب الخمر وغلبۃ اھل بیتہ الصالحون فالنکاح باطل ای یبطل وھذہ المسئلۃ بالاتفاق (ای بین الامام وصاحبیہ ۱۲) وکذا فی الذخیرۃ وفیھا ایضاً ثم المرأۃ ان زوجت نفسھا من غیر کفو صح النکاح فی ظاھر الروایۃ وروی الحسن عن ابی حنیفۃ رح ان النکاح لاینعقد وبہ اخذ کثیر من مشائخنا کذا فی المحیط والمختار فی زماننا للفتوی روایۃ الحسن وقال الشیخ الامام شمس الائمۃ السرخسی رح روایۃ الحسن اقرب الی الاحتیاط اھ ص ۱۶ ج ۲ ۔ واللہ اعلم وقد صرح العلماء بوجوب العدۃ فی النکاح الفاسد بعد الدخول کما لایخفی علی من لہ ادنی نظر فی الفقہ ۔ ۲۱ شوال ۴۱ھ ۔

اس شرط کے ساتھ نکاح کرنا کہ بیوی شوہر کے وطن سے باہر نہیں جائیگی

سوال (۱۰) السلام علیکم ۔ عرض یہ ہے کہ خادم نے اس جگہ نکاح کیا مگر میری زوجہ نے یہ شرط کرلی ہے کہ وہ میرے ہمراہ ہندوستان نہ جائے گی اب چند شخصوں نے یہ شبہ ڈال دیا ہے کہ چونکہ اس نکاح میں شرط ہوگئی ہے اس لئے یہ متعہ ہے مہربانی فرماکر متشرع حکم بتلادیں تاکہ ایسا نہ ہو کہ مغالطہ میں گنہگار ہوں اگر حقیقۃً یہ متعہ ہوا تو زوجہ کو طلاق دے دوں گا ورنہ خیر، والسلام ۔

الجواب ؛ یہ نکاح بالکل درست اور بہمہ وجوہ صحیح ہے متعہ ہرگز نہیں جس نے متعہ کا شبہ ڈالا ہے وہ مسائل شرعیہ سے محض ناواقف ہے متعہ اس کو نہیں کہتے کہ نکاح کے ساتھ کوئی شرط کرلی جائے بلکہ متعہ یہ ہے کہ نکاح خاص مدت کے لئے کیا جائے مثلاً یہ کہا جائے کہ میں دو سال کے لئے نکاح کرتا ہوں یا یوں کہا جائے کہ جب تک میرا قیام بغداد میں ہے اس وقت تک کے لئے نکاح کرتا ہوں اور اگر یوں نہ کہا جائے بلکہ صرف یہ کہا جائے کہ میں تجھ سے نکاح کرتا ہوں اس پر عورت یوں کہے کہ میں اس شرط سے نکاح منظور کرتی ہوں کہ مجھ کو بغداد سے باہر نہ لے جایا جائے بلکہ یہیں رکھا جائے اور شوہر اس شرط کو منظور کرلے تو یہ ہرگز متعہ نہیں بلکہ نکاح صحیح شرعی ہے

خزانۃ الروایات مینویسد فی الغیاثیۃ سئل نجم الدین النسفی عمن قال دخترخویش فلانۃ بمن دادی گفت دادم ووی گفت پذیرفتم ھل ینعقد النکاح فیہ اختلاف المشائخ عند بعض لاینعقد حتی یقول بزنی دادم وعند بعض یکون نکاحا بدون ذکر ذلک وھو الاصح، پس بنابریں روایت اصح درصورت سوال نکاح صغیر وصغیرہ منعقد شد وپدر پسر را بجدامی طرح جائز نیست کہ آں مخطوبہ ومنکوحۂ پسر را درنکاح خود آرد ۔

اور اسی طرح اسی فتاویٰ کے اندر دوسری جگہ اسی طرح کے استفتاء کے جواب میں دوسری عبارت یہ نقل فرمائی ہے :

ودر جامع مضمرات شرح مختصر قدوری می آرد فی النسفیۃ سئل عمن قال لامرأۃ بحضرۃ الشھود دخترخویش بمن دادی فقالت دادم ھل ینعقد النکاح فقال نعم لان الناس تعارفوا التزویج بھذا اللفظ وان لم یتلفظوا بلفظ النکاح، لان النکاح ینعقد عندنا بلفظ الھبۃ خلافا للشافعی رح ۔

یا کہ صورت مسئولہ اس عبارت شامی ودر مختار میں داخل ہوکر منعقد نہوگا اور منگنی پر محمول ہوگا اور وہ عبارت شامی کی تو یہ ہے قال فی شرح الطحاوی لو قال ھل اعطیتنیھا فقال اعطیت ان کان المجلس للوعد فوعد وان کان للعقد فنکاح اور در مختار کی عبارت یہ ہے ھل اعطیتنیھا ان المجلس للنکاح وان للوعد فوعد اور یہی فرماتے ہیں کہ اگر نکاح منعقد ہوتا ہے تو شامی ودر مختار کی غرض وتوجیہ کیا ہے اور فرق درمیان صورت مسئولہ میں اور مذکورہ در مختار میں کیا ہے اور اگر نکاح نہیں ہوتا بموجب ان عبارتوں کے تو پھر مولانا عبدالحی رح کی عبارت کی توجیہ وغرض کیا ہے بالتفصیل تحریر فرماویں بینوا توجروا؟

الجواب ؛ لفظ دادم وپذیرفتم اگر مجلس خطبہ (منگنی) میں استعمال کیا جاوے تو اس سے نکاح منعقد نہوگا بلکہ محض وعدہ پر محمول ہوگا ۔ اور مولانا عبدالحی صاحب کا مطلب یہ ہے کہ اگر مجلس نکاح میں دادم وپذیرفتم استعمال کیا گیا تو نکاح ہوجائے گا جس کا قرینہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنی عبارت میں یہ اختلاف بھی نقل فرمایا ہے "عند البعض لاینعقد حتی یقول بزنی دادم وعند البعض یکون نکاحا بدون ذکر ذلک" اھ اور یہ اختلاف مشائخ مبنی اس پر ہے کہ لفظ "دادم" مطلقاً معنی نکاح کی تعبیر کرسکتا ہے یا کہ "بزنی" زیادہ کرنے کی بھی ضرورت ہے ۔ یہ صاف اس کی دلیل ہے کہ مولانا عبدالحی صاحب اس صورت کو بیان فرمارہے ہیں جب کہ

Made searchable using ScribeTools.com

اور مرد کے ذمہ عورت کی اس شرط کا الیفاء لازم ہے وہ اس کو ہندوستان لانے کا مجاز نہیں البتہ اگر وہ اپنی اس شرط کو واپس لے لے تو پھر ہندوستان لا سکتا ہے۔

قال فی الھدایۃ (ص ۳۰۹ ج ۲) ولو تزوج علی الف ان اقام بھا وعلی الفین ان اخرجھا فان اقام بھا فلھا الالف وان اخرجھا فلھا مھر المثل لایزاد علی الفین ولا ینقص عن الف وھذا عند ابی حنیفۃ رح وقالا: الشرطان جائزان جمیعاً حتی کان لھا الالف ان اقام بھا والالفان ان اخرجھا اھ وفیہ ایضاً (ص ۳۱۴ ج ۲) واذا اوفاھا مھرھا نقلھا حیث شاء لقولہ تعالیٰ: اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ وقیل لا یخرجھا الی بلد غیر بلدھا لان الغربۃ توذی اھ قلت وعلیہ الفتوی حتی یمنع الزوج من نقلھا الی غیر بلدھا بغیر رضاھا صرح بہ فی الشامیۃ وفی الدر المختار ولیس منہ (ای من نکاح المتعۃ) ما لو نکحھا علی ان یطلقھا بعد شھر الخ وفیہ ایضاً لو عقد معہ شرطاً فاسداً لم یبطل النکاح بل الشرط اھ (ص ۴۸۳ مع الشامی)۔

قلت: ولو عقد مع شرط صحیح لم یبطل شیئ منھا کما ھو ظاھر۔ واللہ اعلم۔ ۷ رجمادی الثانی ۴۳ھ۔

حلالہ کے بعد نکاح کا حکم جبکہ زوج ثانی منکر وطی ہو اور عورت مدعی دخول

سوال (۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی زوجہ کو طلاق ثلاثہ سے فارغ کر دیا بعد عدت کے عمر کے پاس حیلہ کیا یعنی عمر سے نکاح دیا بعد چند روز کے زید نے کسی طرح پھر طلاق دلوا کے بعد عدت کے پھر اپنے نکاح میں لایا مگر نکاح کرتے وقت اس کی زوجہ سے یہ بات نہیں پوچھا کہ عمر نے اس کے ساتھ صحبت کیا ہے یا نہیں مگر یہ بات مشہور ہے کہ عمر نے طلاق دینے کے وقت جو لوگ حاضر تھے وہ لوگ کہتے ہیں کہ عمر نے طلاق دینے کے وقت صاف صاف کہدیا کہ زید نے اپنی بیوی کو جیسا امانت رکھا ہے ابھی ویسا ہی میرے پاس امانت ہے کسی طرح خیانت نہیں ہوئی یعنی میرے ساتھ فقط نکاح ہوا ہے صحبت نہیں ہوئی زید کے نکاح جدید کے دو یا تین مہینہ کے بعد جب مشہور ہوا کہ زید نے جو نکاح کیا ہے وہ فاسد ہے تب زید کی بیوی نے قسم کھا کر کہا کہ عمر نے میرے ساتھ صحبت کیا ہے حالانکہ عمر نے پہلے طلاق کے اور بعد طلاق کے بھی لوگوں کے پاس ظاہر کیا ہے کہ میں نے زید کی بیوی کو صحبت سے پہلے ہی طلاق دیا ہے موافق شرع شریف کے

عمر کا قول معتبر ہے یا زید کی بیوی کا معتبر ہے اور کس کے قول کے موافق فیصلہ ہوگا۔ اور زید نے جو نکاح جدید کیا ہے اگر فاسد ہو اور وہ توبہ نکر کے باز نہ آوے تو اس سے اختلاط یعنی زید کے ساتھ اکل و شرب درست ہے یا نہیں کس کے قول پر ترجیح ہے کتب کی کوئی عبارت برائے مہربانی نقل کر کے دینا تاکہ ہر طرح اطمینان ہو۔ بینوا توجروا۔ فقط۔

الجواب: قال فی الدر قال الزوج الثانی کان النکاح فاسداً او لم یدخل بھا وکذبتہ فالقول لھا اھ قال فی الشامیۃ کذا فی البحر وعبارۃ البزازیۃ ادعت ان الثانی جامعھا وانکر الجماع حلت للاول وعلی القلب لا اھ (ص ۲۶۲ ج ۲) اس سے معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں عورت کا قول معتبر ہے اور زید کا نکاح جدید اس عورت سے درست ہے۔ واللہ اعلم۔

وفی العالمگیریۃ لو اخبرت المرأۃ ان زوجھا الثانی جامعھا وانکر الزوج الجماع حلت للاول ولو کان علی القلب بان انکرت واقر الزوج الثانی لا تحل اھ (ص ۱۲۹ ج ۲) وقولہ لو اخبرت الخ یدل علی انہ لا احتیاج الی قضاء القاضی فی المسئلۃ فافھم۔ ۱۰ رشعبان ۴۳ھ۔

منگنی کے وقت ایجاب و قبول کا حکم

سوال (۹) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ زید نے مجلس عام منگنی میں روبرو گواہان کے کہا کہ میں نے اپنی لڑکی عمرو کے لڑکے کو دی اور عمرو نے اوسی وقت ایک ہی مجلس میں کہا کہ میں نے قبول کی اور زید کی لڑکی اور عمرو کا لڑکا دونوں صغیر ہیں اب فرمائیے کہ اس صورت میں زید کی لڑکی کا عمرو کے لڑکے کے ساتھ نکاح منعقد ہو جاوے گا جیسا کہ مولانا مولوی عبد الحی رح کے فتاوی میں تصریح ہے کہ اصح روایت پر صورت مذکورہ میں نکاح ہو جاتا ہے جس کی عبارت مندرجہ ذیل ہے:

استفتاء: چہ فرمایند علمای دین کثرہم اللہ تعالیٰ در صورت مسئولہ کہ یک شخص جماعت خود را دعوت خطبہ داد و مردمان جماعت بدعوت خطبہ جمع شدند و در مجلس خطبہ درمیان ولی دختر صغیرہ و ولی پسر صغیر ایجاب و قبول بالفاظ دادم و پذیرفتم جاری شد پس بایں ایجاب و قبول کہ بالفاظ مذکورہ در مجلس خطبہ جاری شدہ است دختر منکوحہ پسر شد یا نہ بینوا توجروا؟

جواب: ھو المصوب در انعقاد نکاح بلفظ دادم و پذیرفتم اختلاف مشائخ حنفیہ ست بعض حکم بانعقاد می سازند و بعض نہ و در کتب معتبرہ قول اول را اصح گفتہ اند و در

یہ دادم وپزیرفتم مجلس نکاح میں استعمال کیا جائے ۔ یا ایسی مجلس میں استعمال کیا جائے جو نہ مجلس خطبہ ہے نہ مجلس نکاح ہے ۔ باقی اگر مجلس خطبہ میں ان کو استعمال کیا گیا تو حسب تصریح درمختار محض وعدہ پر محمول کیا جائے گا، واللہ اعلم ۔ ۱۸ رمضان ۴۲ھ ۔

مشرک عورت کو جبراً مسلمان کرکے اس سے نکاح کرنے کا حکم

سوال (۱۰) ما قولکم رحمکم اللہ تعالیٰ اس صورت میں کہ ایک عورت مشرکہ اپنے گھر میں تھی اس کی اور اس کی ساس میں باہم لڑائی ہوگئی ساس نے اس کو مارا اور کہا کہ نکل جا ہمارے گھر سے تو اس کو اس کہنے پر غصہ آیا اور اپنے میکہ کو نکل چلی کہیں راستہ میں ایک جگہ کوئی ایسا آدمی رہتا تھا کہ وہ اکثر ایسی عورتوں کو بہکا کر ادھر ادھر کر دیا کرتا تھا اس مشرکہ مذکورہ کو بھی اس نے اپنے پاس ٹھہرا کر ایک دو روز کے بعد کسی شخص کو بلا کر اور اس سے کچھ روپیہ وصول کر کے عورت مذکورہ کو اس کے ہمراہ کر کے گاڑی میں بٹھا دیا اور کہا کہ ان کے ساتھ جا یہ تجھ کو تیرے باپ کے یہاں پہونچا دیں گے وہاں سے چل کر کچھ مسافت کے بعد گاڑی سے اترے تو اس عورت نے کہا یہ تو میرے میکہ کا راستہ نہیں لانے والے نے دھمکایا اور کہا کہ ہمارے ساتھ چل اور خاموش رہ ورنہ ہم تجھ کو مار ڈالیں گے اور پھر اپنے مکان میں لاکر چند روز رکھا اور دھمکیاں دیتے رہے کہ تو مسلمان ہو جا ورنہ ہم تجھ کو مار ڈالیں گے بالآخر چار ناچار وہ راضی ہوگئی چند روز کے بعد ایک آدمی کو بلا کر چند آدمیوں کے سامنے اس کو مسلمان کیا اس عورت نے بخوبی کلمہ شریف پڑھا اور اپنے پہلے دین سے بریت اور اسلام سے اپنی رغبت ظاہر کر دی اور اقرار کیا کہ احکام اسلامی کو بجالایا کروں گی اور اسی کو اپنا دین سمجھا کروں گی تو یہ عورت شریعت محمدیہ کی رو سے مسلمان ہوگئی یا نہیں ہوئی؟ بینوا توجروا ۔

تنقیح :- فی رد المختار فاذا قال انا مسلم طائعاً فهو دليل اسلامه وفيه فاذا اتى بهما (اى بالشهادتين) طائعاً يجب الحكم باسلامه ج ۳ ص ۲۲۵ بنابران روایات کے دیکھنا چاہئے کہ اظہار رضا و رغبت طائعاً ہے یا اب بھی اس کو وہی خوف ہے کہ اگر ایسا نہ کروں گی تو مجھ کو مار ڈالیں گے اور اس کے گمان میں یہ ہے کہ یہ ایسا کر سکتے ہیں جواب اس کی تحقیق پر موقوف ہے

جواب تنقیح :- اس عورت مذکورۂ بالا سے جو دریافت کیا گیا کہ مسلمان ہوگئی ہے تو اس نے نہایت خوشی سے مسلمان ہونے کا اظہار کیا اور جب جداگانہ پوچھا گیا ہے کہ تجھ کو پھر اسی پہلے دین کی طرف رغبت محبت ہے اس دین میں جانا چاہتی ہے؟ تو اس سے بالکل انکار کرتی ہے،

اور اسلام لانے پر خوش ہے اور کسی قسم کا خوف نہیں ظاہر کرتی ہے اور جانتی ہے کہ میں ذی اختیار ہوں اگر پہلے دین کو اختیار کروں تو مجھ کو کوئی شے مانع نہیں ہے بینوا توجروا ۔ ۱۵

الجواب ؛ قال قاضيخان فى فتاواه (ص ۴۱۶ ج ۴) من باب الاكراه: واذا اجبر الكافر على الاسلام فاسلم صح اسلامه فان ارتد بعد ذلك يجبر على الاسلام ولا يقتل اهـ ۔

صورت مسئولہ میں اس عورت مشرکہ کا اسلام معتبر ہوگیا اب اس کو مسلمان ہی سمجھنا چاہئے اگر اس کا شوہر کافر زندہ ہے تو وقت اسلام سے تین حیض گذر جانے کے بعد اس کا نکاح مسلمان مرد سے ہو سکتا ہے تین حیض گذرنے سے پہلے نکاح درست نہ ہوگا، واللہ اعلم ۔ ۱۹ ذیقعدہ ۴۲ھ

مشرک سے اس کی نابالغ لڑکی خریدنے سے اس کا مالک نہ ہونا ۔ اور بحالت نابالغی اس سے نکاح کا حکم

سوال (۱۱) اگر کسی نے مشرکہ لڑکی کو اس کے ماں باپ سے جو مشرک ہیں خرید لیا اور وہ لڑکی نابالغہ ہے اگر اس نے اس کو مسلمان کر لیا اور بعض ضرورتوں کی وجہ سے دو گواہوں کے سامنے اس سے نکاح اس طرح کیا کہ دو گواہ جانتے ہیں ۔ اور کوئی نہیں جانتا تو یہ نکاح جائز ہے یا نہیں؟ یہ نکاح لڑکی کے عدم بلوغ میں ہوا ہے ۔

الجواب ؛ قال الشامى فى النهر عن منية المفتى اذا باع الحربى هنالك ولده عن مسلم عن الامام انه لا يجوز ولا يجبر على الرد وعن ابى يوسف يجبر على الرد اذا خاصمه الحربى اهـ (ص ۳۷۶ ج ۳) ۔

صورت مسئولہ میں یہ نکاح درست نہیں ہوا کیونکہ یہ شخص اس لڑکی کے خریدنے سے اس کا مالک نہیں ہوا اور یہ اس کا ولی بھی نہیں جو نابالغی کی حالت میں اس کا نکاح کر سکے پس بعد بلوغ کے اس لڑکی کی رضا سے نکاح کرنا چاہئے قلت وفى بعض الروايات انه يملك لو كان اهل الحرب يرون جواز هذا البيع فعلى هذا ايضاً لم يصح النكاح لكونه من سيدها ونكاح الامة من سيدها لا يجوز والرواية المشار اليها ذكرها العلامة عبد الحى فى فتاواه عن البزازية بلفظ والصحيح ان كان البائع يرى جواز بيعه ملكه مطلقاً وان كان لا يرى ان اشتراه و ذهب به مكرها ملكه بالقهر اهـ (ص ۱۰۲ ج ۱) والظاهر من حال الكناسين ..... والكافرين من اهل الهند انهم يرون ذلك جائز الشيوعة

Made searchable using ScribeTools.com

فیما بینھم من غیر نکیر ولکن لا افتی بجواز الاستمتاع بھذا الملک لاختلاف الروایات فی الباب، واللہ اعلم۔ ۲۰ محرم ۷۵ھ۔

حکم نکاح سنیہ بارافضی

سوال (۱۲) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس معاملہ میں جس کی کیفیت ذیل میں درج ہے :-

زید کا آبائی مذہب شیعہ تھا اس کے بہن کی شادی ایک سنت جماعت سے ہوئی کچھ عرصہ کے بعد زید مع اپنے باپ کے اس مقام پر چلا آیا جہاں اس کی بہن تھی، اور علیحدہ رہ کر کاروبار کرنے لگا زید کا باپ فوت ہوگیا اور اس نے کچھ عرصہ کے بعد بخوشی خود مذہب اہل سنت وجماعت اختیار کرلیا وہ بے پڑھا اور نہایت سادہ لوح آدمی تھا کسی قسم کا مذہبی تعصب نہ تھا نہ کوئی مذہبی واقفیت تھی البتہ جب سے وہ شریک اہل سنت وجماعت ہوا نماز عیدین میں برابر سنت جماعتوں میں شریک ہوتا تھا اور جملہ رسومات اہل سنت وجماعت ادا کرتا تھا اس کی شادی بھی سنت جماعتوں میں ہوئی اور اس کی زوجہ کا مذہب سنت جماعت ہے زید کی ایک لڑکی ہوئی جس کی شادی ایک درمیانی شخص نے یہ خیال کرکے کہ اس کا گھرانہ شیعہ رہا ہے ایک شیعہ گھرانے میں طے کی جس کو زید نے اپنی بے تعصبی سے منظور کرلیا لڑکی کی عمر اس وقت آٹھ یا نو سال کی تھی اور وہ اپنی ماں باپ کے موجودہ مذہب پر یعنی سنت جماعت پر تھی نکاح کے وقت کسی قاضی عالم نے نکاح نہیں پڑھایا نہ ایجاب وقبول کرایا گیا نہ کوئی گواہ نہ وکیل لڑکی کی طرف کا ہے (یہ بات یقینی ہے کہ زید نے اجازت دے دی ہوگی ورنہ ازدواج ہو ہی نہیں سکتا تھا لیکن اجازت دینے کا بھی کوئی گواہ لڑکی کی طرف والوں میں نہیں پایا جاتا جس کے لڑکے کے ساتھ نسبت ہوئی سنا جاتا ہے کہ اس کے چچا نے اپنی طریقہ پر صیغہ پڑھ لیا تھا اور یہ ازدواج کی رسم ختم ہوکر کھانے کے بعد بارات رخصت ہوگئی لڑکی کی رخصت بوجہ نابالغی نہیں ہوئی چار سال بعد لڑکی کی رخصت ہوئی اور وہ پندرہ روز اپنے سسرال میں رہ کر واپس آئی اس وقت کوئی بات خلاف نہیں ہوئی آٹھ ماہ کے بعد وہ پھر سسرال گئی اور چار ماہ وہاں رہی اسی عرصہ میں عشرہ محرم پڑا اس گھرانے کی عورتوں نے اپنی رسم کے موافق چوڑیاں توڑیں اور سینہ کوٹ کوٹ کر ماتم کیا اس کو بھی ایسا ہی کرنے کا حکم کیا گیا چونکہ یہ سنت جماعت تھی اور بچپن سے اس کی عادتیں تھیں نہیں اس نے انکار کیا انکار پڑے اس کو مار پڑی اور زبردستی چوڑیاں توڑ دی گئیں اور ماتم کرنے اور رونے پر مجبور کی گئی اور بھی رسوم ان لوگوں نے کیں جس کو اعمال کہتے ہیں جو بنا رفساد درمیان شیعہ وسنت جماعتوں کے ہے اس کے علاوہ بھی معمولی روزمرہ کے برتاؤ میں طرح طرح کی تکلیفیں دی گئیں

لڑکی کو یہ باتیں شاق گذریں مگر مجبور تھی چار ماہ بعد وہ لوگ رخصت نہیں کرتے تھے لیکن کسی طرح ہزار کوشش رخصت کرائی جاکر اپنے ماں باپ کے گھر آئی اور سب حال بیان کیا اور کہا کہ میں اب اُس گھر جانا نہیں چاہتی کسی طرح میرا وہاں سے پیچھا چھوڑایا جاوے مجھے سخت تکلیف دی جاتی ہے اور مجھے یہاں تک خیال ہے کہ اگر اب میں وہاں گئی تو پھر واپس نہ آؤں گی اس پر زید نے قصد کرلیا کہ وہ لڑکی کو وہاں نہ بھیجے گا اور خلع کرالے گا لیکن چند روز بعد زید بقضاء الٰہی فوت ہوگیا اس کی زوجہ لڑکی کو رخصت نہیں کرتی اور نہ وہ لڑکی کسی طرح جانے کو راضی ہے اب لڑکی کے سسرال والوں نے عدالت سے رخصت کرادئے جانے کا دعویٰ کیا۔ لڑکی کہتی ہے کہ میں نابالغ تھی مجھے خبر نہیں کہ میرا نکاح کیسے سے ہوگیا مجھ سے کسی نے کچھ نہیں کہا نہ تعداد مہر کی معلوم ہیں کہ کیا باندھا گیا چونکہ اب میں بالغ ہوں میں ایسے جگہ ہرگز جانا نہیں چاہتی جہاں مجھ سے وہ رسوم کرائی جائیں جو میں نے کبھی نہیں کیں اور ہر طرح کی تکلیف دی جاوے اور بزرگان دین کو بُرا بھلا خود کہا جاوے اور مجھ سے کہلوایا جاوے۔ میں اب اگر وہاں جاؤں گی تو پھر واپس نہیں آسکتی میرا خلع کرالیا جاوے، اب شرع شریف اس بارہ میں کیا حکم دیتی ہے کہ آیا باوجود اس کے کہ لڑکی کا صیغہ نابالغی میں پڑھا گیا ایجاب وقبول نہیں کرایا گیا تعداد مہر معلوم نہیں۔ نکاح اہل سنت وجماعت کے طریق پر نہیں ہوا جو کہ لڑکی اور اوس کے والدین کا مذہب ہے اس کو ہر طرح تکلیف دی جاتی ہے اپنے مرضی اور عقائد کے خلاف باتیں کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ ایسی حالت میں بھی کیا اوس کو خلع نہیں مل سکتا اور وہ جبراً سسرال بھیجے جانے پر مجبور کی جاسکتی ہے اگر وہ وہاں گئی تو پھر اون لوگوں کے اختیار میں ہوگی وہ جیسا چاہیں اس کے ساتھ برتاؤ کریں کوئی اس کی فریاد کرنیوالا نہیں۔ اس کی ماں بیوہ اور لڑکی کے سسرال علاقہ انگریزی میں ہے اور اس کی ماں ریاست میں رہتی ہے جواب تحریر فرماکر عند اللہ ماجور وعند الناس مشکور ہوں فقط؟

الجواب: روافض کے متعلق علماء سنت وجماعت کے دو قول ہیں بعض محققین کے نزدیک رافضی کافر ہیں پس اُن کے قول پر کسی سنی عورت کا نکاح رافضی مرد سے درست نہیں ہوسکتا نعم یجوز نکاح الرافضۃ بالرجل السنی لکونھا کتابیۃ قال فی التحریر المختار وجعل الھلی فی حاشیۃ المنح المعتزلۃ والرافضی بمنزلۃ اھل الکتاب حیث قال تحت قولہ وصح نکاح کتابیۃ، اقول یدخل فی ھذا الرافضۃ بانواعھا والمعتزلۃ فلا یجوز ان تتزوج المسلمۃ السنیۃ

من الرافضی لانها مسلمة وهو کافر فدخل تحت قولهم لا یصح تزوج مسلمة بکافر اھ وقال الرستغفنی لا تقع مناکحة بین اهل السنة والاعتزال اھ فالرافضة مثلهم او اقبح والرملی جعلهم من قبیل اهل الکتاب فیجوز نکاح نساءهم ولا یزوجون ولعله اعدل الاقوال لانه لا شك فی کفر الرافضة اھ سندی (ص ۱۸۳ ج۱) اس قول کی بنا پر دختر زید کا نکاح رافضی مرد سے درست ہی نہیں ہوا اور وہ بدون طلاق ونکاح کے دوسرے مرد سُنّی سے نکاح کر سکتی ہے لیکن وطی بالشبہ کی وجہ سے اس کے ذمہ عدت ہوگی اور دخول کی وجہ مہر مثل بھی بطور عقر کے مستحق ہوگی ۔ اور محققین حنفیہ کی ایک جماعت رافضیوں کو اطلاق کے ساتھ کافر نہیں کہتی بلکہ وہ تفصیل کرتے ہیں کہ اگر رافضی قاذف حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ہو یعنی نعوذ باللہ ان پر تہمت زنا لگاتا ہو یا قرآن میں تحریف ولمی بمشی کا قائل ہو تو کافر ہے اس کے ساتھ سُنّیہ کا نکاح باطل ہے اور دخول کے بعد عدت ومہر کا وہی حکم ہے جو اوپر گذرا اور اگر قاذف عائشہ نہ نہیں ۔ اور نہ تحریف قرآن کا قائل ہے اور اس کے علاوہ اور بھی کوئی عقیدہ کفریہ نہیں رکھتا تو کافر نہیں بلکہ فاسق ہے اس کے ساتھ سُنّیہ کا نکاح بعض صورتوں میں درست ہو جاتا ہے مثلاً جب باپ دادا نے اپنی لڑکی سُنّیہ کا نکاح بلوغ سے پہلے کر دیا ہو مگر جس طرح ہو سکے سُنّیہ کو طلاق یا خلع کر کے اس مرد سے علیحدگی اختیار کر لینی چاہئے کیونکہ اُس کے پاس رہنے میں اس کے دین اور مذہب پر اندیشہ ہے پس صورت مسئولہ میں اگر دختر زید کا رافضی شوہر حضرت عائشہ رضہ کو متہم کرتا ہے اور قرآن میں تحریف کا یا کسی اور عقیدہ کفریہ کا قائل ہے تو وہ کافر ہے اوس سے دختر زید کا نکاح صحیح نہیں ہوا اور اگر وہ اس عقیدہ کا نہیں ۔ تو نکاح صحیح ہو گیا ۔ لیکن حاکم کو چاہئے کہ خلع وغیرہ کرا کر اس عورت کو رافضی مرد سے طلاق دلا کر الگ کر دے ورنہ عورت کو چاہئے کہ جہاں تک قدرت ہو اوس سے اپنے کو بچاوے قال الشامی نعم لا شك فی تکفیر من قذف السیدة عائشة او انکر صحبة الصدیق او اعتقد الالوهیة فی علی او ان جبرئیل غلط فی الوحی او نحو ذلك اھ (ص ۳۵۳ ج۳)۔

۲۵ محرم ۴۵ھ۔

اس عورت سے جواز نکاح کا حکم جو زوج اول سے اپنا مطلقہ ہونا بیان کرتی ہو

سوال (۱۳) جناب در بارہ مسئلہ ذیل کیا فرماتے ہیں۔

ایک عورت میرے یہاں دو سال سے ملازم ہے جو کہ جوان ہے

اور میں اپنے ایک ملازم سے اس کا نکاح کر دینا چاہتا ہوں کیونکہ اندیشہ ہے کہ وہ بدچلن نہ ہو جاوے لیکن اس میں صورتیں یہ پیدا ہو گئی ہیں اوّل یہ کہ مسماۃ کہتی ہے کہ اس کا طلاق ہو چکا ہے اور اس کے شوہر نے بذریعہ خط کلکتہ سے اپنے ماں باپ کو لکھا ہے کہ اس کو گھر سے نکال دو ہم سے اور اس سے اب کوئی واسطہ نہیں مگر اس خط کے جواب پر اس کے باپ نے یہ لکھا کہ ہم کس طرح سے نکالدیں کیا تم اس کو طلاق دیتے ہو؟ اس دوسرے خط کے جواب میں اس نے یہ لکھا کہ ہم اس کو طلاق دیتے ہیں تم گھر سے نکال دو اور اس گاؤں میں اس کو کہیں مت رہنے دو بڑی بدنامی ہوگی اور وہ دوسری عورت کو اپنے ساتھ کلکتہ لے گیا میں نے اس طلاق کی تحقیق میں بیحد کوشش کی جس کا نتیجہ حسب ذیل ہے :

(۱) جو عورت اس کو اپنے ہمراہ اس کے سسرال سے لائی اس کا بیان یہ ہے کہ اگر اس کا نکاح زید سے نہ ہوا اور کہیں دوسرے سے ہو تو میں کہہ سکتی ہوں کہ طلاق ہو گیا ہے ۔

(۲) اس کا جیٹھ میرے پاس خود بغرض ملازمت آیا تھا اس سے میں نے طلاق کے متعلق دریافت کیا ۔ اس نے یہ ظاہر کیا کہ کسی مہاجن کا کچھ روپیہ قرضہ ہے ۔ اگر مسماۃ اس کو ادا کر دے تو میں لکھ دوں گا کہ طلاق ہو گیا ہے ۔

(۳) ایک مسلمان مسماۃ مذکورہ کے گاؤں کا رشتہ دار کہا جاتا ہے اس نے میرے روبرو بدریافت حال طلاق بیان کیا کہ طلاق ہو گیا ہے ۔ میں اس کو اچھی طرح جانتا ہوں ۔ میں نے اس سے اس طریقہ سے سوال کیا تھا کہ یہ شرع کا معاملہ ہے سچ سچ بتانا جھوٹ نہ بولنا اور نہ کسی کی طرفداری کرنا ورنہ تم پر گناہ ہوگا تب اس پر اس نے کہا کہ طلاق ہو گیا ہے ۔

(۴) میں نے ایک شخص خاص کو (اور وہ میرا دوست ہے) بدریافت طلاق مسماۃ کی سسرال اپنے خرچہ سے بھیجا کہ وہ اس کے ماں باپ اور خاص قرابت داروں سے دریافت کرے کہ آیا مسماۃ مذکورہ کو اس کے شوہر نے (جواب تک سُنا جاتا ہے کہ کلکتہ میں ہے اور دوسری عورت اس کے پاس ہے) طلاق دیا ہے یا نہیں اس نے آکر یہ بیان کیا کہ اس کا جیٹھ یہ کہتا ہے کہ مسماۃ یہاں آکر رہے ہم اس کا نکاح اس کے شوہر سے طلاق دلا کر جس کو وہ پسند کرے کر دیں گے ۔ لیکن اس کے خسر نے یہ کہا کہ ہم اس کو نہیں رکھیں گے تم اگر خرچ دے سکتے ہو تو بلا کر کے رکھو ۔

(۵) میں نے ایک خط اس موضع کے تھانہ دار کو اپنی جانب سے بہ دریافت حال طلاق لکھا تھا ۔ جس کا جواب انہوں نے یہ دیا کہ میری جانچ سے یہ معلوم ہوا کہ طلاق نہیں ہوا ہے اور یہ

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

بھی لکھا ہے کہ اس کے شوہر کا پتہ ٹھیک معلوم نہیں ہے کہیں کلکتہ میں رہتا ہے احمد خان خسر مسماۃ اپنے ساتھ رکھنے کے لئے راضی نہیں ہے لیکن اس کا جیٹھ اپنے گھر میں رکھنا چاہتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ اپنے چھوٹے بھائی سے اس کا نکاح کرا دے ایسی صورت میں طلاق ہوگیا کہ نہیں ؟ اگر طلاق نہیں ہوا تو کونسی صورت اختیار کی جاوے اس سے زیادہ جانچ میرے امکان سے باہر ہے ۔ اگر مسماۃ کو قسم دی جائے اور وہ حلفیہ بیان کرے کہ طلاق ہوگیا ذریعہ تحریر کے تو وہ طلاق از روئے شرع درست ہے یا نہیں ؟ ایسی صورت میں مرد کی قسم کا اعتبار کیا جائے گا یا عورت کی؟ بینوا توجروا

تنقیح :- یہ عورت دینداری میں کیسی ہے پابند نماز وغیرہ ہے یا نہیں ۔ اس کا چال چلن کیسا ہے جھوٹ سچ بولنے میں اس کے متعلق تجربہ کیا ہے ان تنقیحات کے جواب کے بعد حکم بتلایا جائے گا ۔ یہ پرچہ بھی واپس کیا جاوے ، فقط ۔

جواب تنقیح :- (۱) عورت نومسلمہ ہے ۔ نماز اکثر پڑھتی ہے ۔ پوری نماز اس کو نہیں آتی ۔ سکھایا جاتا ہے ۔ گذشتہ رمضان المبارک کے روزے رکھے تھے ۔

(۲) چال بظاہر اچھا ہے ۔

(۳) تجربے سے میں اس کو دروغ گو نہیں کہہ سکتا ممکن ہے کہ خانہ داری کے معاملات میں بحیثیت ایک ملازمہ کے کبھی جھوٹ بول دیا ہو (قیاساً) ۔

(۴) عورت پردہ نشین نہیں ہے کام کاج کے لئے بازار وغیرہ جایا کرتی ہے ۔ فقط ۔

(۵) اگر عورت کے ہاتھ میں قرآن شریف دیکر قسم کھلائی جاوے گی تو وہ ہرگز جھوٹ قسم نہ کھائیگی ۔

الجواب ؛ اگر یہ عورت قسم کھا کر کہے کہ مجھ کو میرے شوہر نے طلاق دے دی ہے اور عدت گذر چکی اور قلب اس کی بات کو قبول کرے تو اس کا دوسرے شخص سے نکاح کر دینا اور دوسرے شخص کو اس سے نکاح کر لینا جائز ہے جبکہ اس کا دل بھی عورت کی بات کو قبول کرے ، قال فی العالمگیریۃ (ص ۲۱۰ ج ۶) ولو ان امرأۃ قالت لرجل ان زوجی طلقنی ثلاثا وانقضت عدتی فان کانت عدلۃ وسعہ ان یتزوجہا وان کانت فاسقۃ تحری ، وعمل بما وقع تحریہ علیہ کذا فی الذخیرۃ ام قلت: وانما قیدت بشہادۃ القلب لہا لکون عدالتہا فی الصورۃ المسئولۃ مشتبہۃ عندی ، واللہ اعلم ۔

۲۷ صفر ۴۵ھ ۔

اس شرط پر نکاح کا حکم کہ پانچ سال یہاں رہنا ہوگا

سوال (۱۴) کیا فرماتے ہیں علمائے دین بُلبلانِ شرع گلزار متین اس مسئلہ میں زید بحالت تجارت اپنے وطن کو چھوڑ کر ایک قصبہ میں مقیم ہوا اور عائشہ سے اس شرط پر نکاح کیا کہ میں یہاں پہ پانچ سال کامل رہوں گا اور ایک مرتبہ زید عائشہ کو اپنے وطن اصلی کو بھی لے گیا تھا پھر زید نے شرط جو پانچ سال اقرار کی تھی پوری کرنے کا انکار کیا اور پھر وہ عائشہ کو اس کے میکے چھوڑ کر اپنے وطن اصلی چلا گیا پھر آکر زید نے عدالت میں عائشہ کو قبضہ لینے کا دعویٰ کیا یہ نکاح ثابت رہا یا نہیں ، جو شرط سے انکار ہے تو ضرور آپ مفصل طور سے کتبہائے معتبرہ سے جواب تحریر فرماویں ؟ عند اللہ ماجور و عند الناس مشکور رہوں ۔

الجواب ؛ قال فی الدر والنکاح لایبطل تعلیقہ بالشرط کتزوجتک ان رضی ابی لم ینعقد النکاح لتعلیقہ بالخطر کما فی العمادیۃ

قال الشامی حیث قال لایبطل تعلیق النکاح بالشرط مثل ان یقول لبنتہ ان دخلت الدار فزوجتک فلانا وقال فلان قبلت فان التعلیق لایبطل و ان صح النکاح ولعلہ اشتبہ علیہ النکاح المعلق علی شرط بالنکاح المشروط معہ شرط فاسد وبینہما فرق واضح شرنبلالیۃ ای فان الاول یبطل راسا واساسا والثانی یصح ویلغو الشرط ۔

صورت مسئولہ میں اگر ایجاب وقبول کے ساتھ یوں کہا گیا تھا کہ اگر تو پانچ سال یہاں رہے تو فلاں عورت کا تجھ سے نکاح ہے ورنہ نہیں اس کا حکم اور ہے اور اگر ایجاب وقبول کے ساتھ یوں نہیں کہا گیا بلکہ پانچ سال رہنے کی شرط ایجاب وقبول سے پہلے طے کر لی گئی یا بعد میں کہا گیا تو حکم اور ہے سائل کو بتلانا چاہئے کہ ان دونوں میں سے کونسی صورت واقع ہوئی ہے ۔ فقط ۔ ۸ ج ۲ ۴۳ھ ۔

طلاق مغلظہ کے بعد بغیر حلالہ نکاح ثانی اور ان ایام میں عورت کے نفقہ کا حکم

سوال (۱۵) ۸۶ کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی زوجہ ہندہ کو طلاق دی معہ تین طلاق کے جس کے گواہ موجود ہیں پھر دوبارہ بزور نکاح ثانی کرنے پر زید سے کہا گیا زید نکاح ثانی پر راضی نہ ہوا لیکن زید سے کہا گیا اور سمجھایا گیا کہ نکاح ثانی ہو سکتا ہے از روئے فتویٰ کے ان کہنے پر زید نے نکاح ثانی کر لیا بعد نکاح ثانی کے زید نے فتویٰ دریافت کیا فتویٰ ناجائز ٹھہرا جب ثبوت فتویٰ ناجائز کا ٹھہرا تو زید نے اپنے زوجہ ہندہ کو چھوڑ دیا اب والدہ

نے زید پر مقدمہ دائر کیا ہے کہ میری لڑکی ہندہ کو دس ماہ سے خرچ خانہ داری نہیں دیتا ہے اور اس مقدمہ میں ایک طرفہ ڈگری حاصل کرلیا ہے نمبروار جواب ارسال فرماویں طلاق کہ طلاق ہوئی یا نہیں نکاح ثانی جائز ہوا یا نہیں خرچ خانہ داری عائد ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ صورت مسؤلہ میں چونکہ نکاح ثانی بدون حلالہ ہوا ہے اس لئے درست نہیں ہوا ہندہ پر تین طلاق ہوچکی ہیں جیسا کہ سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ زید نے اپنی زوجہ کو طلاق دیا مع تین طلاق کے ۔ اور جب نکاح ثانی درست نہیں ہوا تو زید پر ایام نکاح ثانی کا نفقہ بھی لازم نہیں ہوا البتہ عدت پر زید سے علیحدگی کے بعد اس نکاح ثانی کی وجہ سے بھی عدت لازم ہوگئی اگر ہمبستری ہوئی ہو، لکون الوطی فیہ بشبہۃ ۔ قال فی الدر فتجب للزوجۃ بنکاح صحیح فلو بان فساد او بطلانہ رجع بما اخذتہ من النفقۃ بحر اھ قال الشامی فلا نفقۃ علی مسلم فی نکاح فاسد لانعدام سبب الوجوب وھو حق الحبس الثابت للزوج علیھا بالنکاح وکذا فی عدتہ لان حق الحبس وان ثبت لکنہ لم یثبت بالنکاح بل لتحصین الماء اھ (ص ۱۰۶۰ ج ۲) اس سے معلوم ہوا مدت نکاح ثانی کا نفقہ زید پر تو واجب ہے ہی نہیں بلکہ اگر اس نے اس مدت میں ہندہ کو کچھ نفقہ دیا ہو تو اس کو ہندہ سے واپس لے سکتا ہے، واللہ اعلم ۔

۸ جمادی الاخری ۴۳ھ ۔

نکاح نومسلمہ جو اسلامی ریاست میں بردہ ہوکر آئے تو یہ تباین دارین موجب بینونت ہے یا نہیں

سوال (۱۶) کافرہ عورت کے متعلق مسئلہ ہے کہ کافرہ عورت ہو اور کافر کے ملک میں مسلمان ہوکر نکاح کرے تو چھ ماہ تک اس کو مسلمان ہونے کے بعد نکاح کرنا چاہیئے جب جائز ہوگا اگر اس عورت کو مسلمان کرنے پر تین ماہ کے بعد کسی اسلامی سلطنت میں لے جاکر نکاح کیا جاوے تو درست ہوگا یا نہیں؟

الجواب؛ کافرہ عورت اگر خاوند والی ہو تو اس کے لئے حکم یہ ہے کہ دارالحرب میں جب تک اس کو تین حیض نہ آئیں گے اس وقت تک اس کا نکاح کافر شوہر سے نہیں ٹوٹتا تین حیض آنے کے بعد دونوں میں فرقت ہوگی چھ مہینے کی قید نہیں بلکہ تین حیض کا آنا ضروری ہے چاہے تین ماہ میں آئیں یا سال بھر میں قال فی الدر ولو اسلم احدھما ثمہ ای فی دار الحرب لم تبن حتی تحیض ثلاثا او تمضی ثلاثۃ اشھر (ای ان کانت لا تحیض لصغر او کبر کما فی البحر اھ ش) (ص ۶۴۰ ج ۲) رہا یہ کہ اس کو اسلامی

سلطنت میں لے جاکر نکاح کیا جاوے سو اس کی چند صورتیں ہیں :۔

ع۱ یہ کہ اسلامی سلطنت میں اس کو اسلام لانے سے پہلے جبراً لے جایا جائے اس کی خوشی کے ساتھ نہ لے جایا جائے اس صورت میں اسلامی سلطنت میں پہونچتے ہی اس کے ساتھ نکاح درست ہے بشرطیکہ حاملہ نہ ہو ۔ لکونھا فی ھذہ الصورۃ کالاسیرۃ اخرجت من دار الحرب الی دار الاسلام فبطل النکاح بینھما لتباین الدارین ۔

ع۲ دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو اسلام کے بعد یا اسلام سے پہلے اسلامی سلطنت میں خوشی کے ساتھ لے جایا جائے مگر ارادہ یہ ہو کہ اسلامی سلطنت ہی میں رہیں گے یعنی وہاں تو طن کا ارادہ ہو جس کے لئے کم از کم ایک سال کے قیام کا ارادہ شرط ہے اس صورت میں بھی وہاں پہونچکر فوراً نکاح درست ہے بشرطیکہ حاملہ نہ ہو لان التوطن یبطل الوطن الاول فتباین الدار ان فبطل النکاح، والحربی لا یمکن ان یقیم ببدار الاسلام سنۃ کاملۃ واذا تم الحول ضرب علیہ الجزیۃ وصار ذمیا ۔ باقی محض دو چار روز کے واسطے اسلامی سلطنت میں لے جانا مفید نہیں اور اس سے نکاح بالکافر باطل نہ ہوگا لکونھا ج مستأمنۃ وبالاستیمان لا یبطل الدار فلم یوجد تباین الدارین قال فی الدر: والمرأۃ تبین بتباین الدارین حقیقۃ وحکما (المراد بتباین الدارین حقیقۃ تباعدھما شخصاً وبالحکم ان لا یکون فی الدار التی دخلھا علی سبیل الرجوع بل علی سبیل الفرار والسکنیٰ حتی لو دخل الحربی دارنا بامان لم تبن زوجتہ لانہ فی دارہ حکما الا اذا قبل الذمۃ اھ ش) قال فی الدر ومن ھاجرت الینا مسلمۃ او ذمیۃ حاملا بانت بلا عدۃ فیحل تزوجھا (قال الشامی المھاجرۃ التارکۃ دار الحرب الی دار الاسلام علی عزم عدم العود وذلک بان تخرج مسلمۃ او ذمیۃ او صارت کذلک اھ) قال فی الدر او اخرج مسبیا او دخل فی دارنا (افاد انہ لا یتحقق التباین بمجرد السبی بل لابد من الاخراج من دارنا بدائع ۱۲ ش) اھ (ص ۶۴۱ و ۶۴۲ ج ۲) وبالجملۃ فالدخول بدار الاسلام بالامان لا یکفی للتباین بل لابد من الادخال مسبیۃ او دخولھا مھاجرۃ، واللہ اعلم ۔

۲۵ ذیحجہ ۴۴ھ ۔

Made searchable using ScribeTools.com

زنا سے نکاح نہیں ٹوٹتا

سوال (۱۷) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں کہ زید کی منکوحہ ہندہ نا اتفاقی سے یا اور کسی وجہ سے بکر کے پاس چلی گئی دو چار سال بکر کے گھر میں بطور عورت کے رہی بلکہ ایک بچہ بھی بکر کے نطفہ حرام سے پیدا ہوا مگر زید نے طلاق نہیں دیا بعد مدت مذکورہ بالا کے زید نے سرکار کے ذریعہ سے یا اور کسی وجہ سے اپنی منکوحہ ہندہ کو اپنے گھر لایا اس صورت میں زید و ہندہ کا باہم بلا نکاح کافی ہے یا کہ نکاح ثانی کرنا ہوگا یا طلاق ہو گئی؟

الجواب؛ زید کا نکاح باقی ہے دوبارہ نکاح کی حاجت نہیں البتہ زید کے لئے مستحب ہے کہ جب سے ہندہ نے بکر سے علیحدگی کی ہے اس وقت کے بعد حیض آنے کا انتظار کرے حیض کے قبل صحبت نہ کرے لما فی رد المختار (قوله والمزنی بها لا تحرم علی زوجها) فله وطیئها بلا استبراء عندهما وقال محمد لا احب له ان یطأها مالم یستبرأها كما مر فی فصل المحرمات وقال الشامی تحت قول الدر (لا یقربها زوجها) ای یحرم علیه وطیها حتی تحیض وتطهر كما صرح به شارح الوهبانیة و هذا یمنع من حمله علی قول محمد لانه یقول بالاستحباب كذا قاله المصنف فی المنح فی فصل المحرمات، اور بچہ زید کو ملے گا خواہ زید اس کے نسب کا انکار کرے خواہ اقرار کرے، قال الشامی تحت (قوله علی اربع مراتب) قوی و هو فراش المنکوحة ومعتد الرجعی فانه فیه لا ینتفی الا باللعان (ص ۱۳۷ ج ۲)۔ وفی البدائع (شرط وجوب اللعان وجوازه) والثانی عفتها عن الزنا فان لم تکن عفیفة لا یجب اللعان بقذفها الخ (ص ۲۴۱ ج ۳) وفیه ایضا ص ۲۴۶ وعلی هذا قلنا ان القذف اذا لم ینعقد موجبا للعان او سقط بعد الوجوب او جب الحد اولم یجب اولم یسقط لکنهما لم یتلاعنا بعد لا ینقطع نسب الولد وكذا اذا نفی نسب ولد حرة فصدقته لا ینقطع نسبه لتعذر اللعان اھ ۔ عبد الکریم عفی عنہ ۔ ۵ ذیقعدہ ۴۳ھ۔

اجوبۂ صحیحۃ۔

ظفر احمد عفا عنہ۔ ۵ ذی القعدہ ۴۳ھ ۔

مطلقہ ثلاث نے مرتد ہو کر کافر سے نکاح کر لیا بعد دخول کے زوج ثانی نے طلاق دی تو کیا مسلمان ہونیکے بعد وہ زوج اول کیلئے حلال ہو گئی یا اب بھی حلالہ کی ضرورت ہے

سوال (۱۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہندہ

کافرہ مسلمہ ہو کر کسی مسلم سے نکاح کیا دس برس تک اس کے ساتھ رہی بعد اس کے اس کے زوج نے تین طلاق دے دی پھر وہ عورت مرتد ہو گئی اور کسی کافر سے نکاح کر لیا اور اس نے دخول بھی کیا بعد ازاں اس نے بھی طلاق دیکر جدا کر دیا اب وہ عورت مسلمان ہو گئی اور زوج اول سے نکاح کرنا چاہتی ہے کیا یہ نکاح درست ہے یا کسی مسلم سے حلالہ کرنے کی ضرورت ہوگی؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ قال فی الدر لا ینکح مطلقة بها ای بالثلث لو حرة و ثنتین لو امة حتی یطأها غیرها ولو الغیر اهلا یجامع مثله او خصیا او مجنونا او ذمیا لذمیة (ای ولو کان التحلیل لاجل زوجها المسلم کما فی البحر ۱۲ شامی) بنکاح نافذ خرج الفاسد والموقوف اھ۔

اگر اس عورت نے بعد ارتداد کے کسی کافر سے باقاعدہ نکاح کر لیا تھا (گو قاعدہ کفار ہی کے موافق ہو) اور کافر زوج نے اس سے دخول کر لیا تھا تو بعد اسلام عورت کا زوج اول اس سے نکاح کر سکتا ہے اور اب تحلیل کی ضرورت نہیں زوج کافر کی تحلیل کافی ہو گئی، لکونه کذمی لذمیة، واللہ اعلم۔ ۲۸ رجب ۴۵ھ

حکم نکاح بالکتابت

سوال (۱۹) اگر مرد و عورت سے بہ رضامندی یہ تحریر لکھوائے کہ تو میرا خاوند ہے یا مجھ کو تجھ سے نکاح منظور ہے پھر مرد اس تحریر کو دو آدمیوں کو دکھلا دے تو کیا نکاح ہو جائے گا جبکہ دونوں آپس میں رضامند ہوں اور رضامندی سے تحریر لکھوائی گئی ہو اور اس صورت میں کیا عورت کو اپنا نام یا پورا پتہ تحریر مذکورہ میں لکھنا چاہئے یا یونہی فقط خالی دستخطی تحریر سے نکاح ہو جائے گا جو کچھ شرع شریف میں حکم ہو بہت جلد جواب دیں؟

الجواب؛ اس صورت میں نکاح درست نہ ہوگا اور اگر نام اور پورا پتہ بھی لکھا ہوا ہو جب بھی محض تحریر دکھانے سے نکاح درست نہ ہوگا جب تک مرد یہ بیان نہ کرے کہ فلاں عورت نے جو فلاں کی بیٹی ہے میرے پاس یہ خط لکھا ہے جس میں وہ مجھ سے نکاح کو منظور کرتی ہے میں بھی اس نکاح کو قبول کرتا ہوں اور یہ بیان دو گواہوں کے سامنے ہو اور ان کے سامنے عورت کا پتہ اس طرح بیان کیا جائے جس سے وہ ممتاز ہو جائے صرح به فی الدر و الشامی (ص ۵۴۵ ج ۲) والخلاصہ ص ۲۴۸ ج ۲ واللہ اعلم ۔ ۱۷ شعبان ۴۵ھ۔

رافضی مرد کے ساتھ سنی لڑکی کا نکاح اور اس کی بعض صورتوں کی تفصیل

سوال (۲۰) کیا فرماتے ہیں علماء دین متین اس لڑکی کے بارے میں جس کا خاوند تبرائی شیعہ ہوگیا اور اصحاب کبار کو برائی اور بدزبانی سے یاد کرتا ہے۔ حتی کہ جانوروں کے نام انہی کے نام پر رکھکر ان کو مارنا پیٹنا ثواب سمجھتا ہے وغیرہ وغیرہ تمام افعال شنیعہ رسمیں تبرائی شیعوں کے پائے جاتے ہیں لڑکی حنفی مذہب کو چھوڑنا نہیں چاہتی۔ جس کی وجہ سے اس کا خاوند اس کو ایذا پہنچاتا ہے اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ کیا وہ لڑکی از روئے مذہب حنفیہ بغیر طلاق نکاح ثانی کرسکتی ہے یا کہ نہیں تو کیا سبیل اختیار کرے بینوا توجروا۔

جواب کے لئے لفافہ ہمراہ ہے جواب باصواب بمعہ حوالجات تحریر فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

ع۲ تبرائی شیعہ مرد اور تبرائی شیعہ عورت ہر دو میاں بیوی مذہب شیعہ سے تائب ہو کر مذہب حنفی میں داخل ہوئے۔ کیا ان کا عقد از سر نو پڑھا جاوے گا یا وہی پہلا نکاح کافی ہے؟

ع۳ تبرائی شیعہ عورت جو کہ تبرائی شیعہ مرد کے نکاح میں تھی مذہب شیعہ سے تائب ہوئی اب وہ تمام کام بموجب مذہب حنفی ادا کرسکتی ہے اس کا خاوند اس کو منع نہیں کرتا ہے لیکن وہ مرد خود تبرائی شیعہ ہی ہے کیا ان کا نکاح فسخ ہوگیا اور وہ عورت دوسری جگہ نکاح کرے یا اسی مرد کے پاس رہے اور گنہگار نہ ہوگی؟

الجواب؛ نکاح روافض کے متعلق یہ آخری تحقیق ہے اس سے پہلے جو کچھ لکھا گیا ہے وہ اس سے منسوخ ہے ۱۲ ظفر

شیعوں کے متعلق عدالت کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے مولوی عبدالشکور صاحب رسالہ النجم ع۱ ج۴ میں تحریر فرماتے ہیں۔ ص۱۲ شیعوں کا عقیدہ ہے کہ قرآن میں تحریف ہوگئی یعنی لوگوں نے قرآن سے کچھ آیتیں نکال ڈالیں اور کچھ بڑھا دیں جن میں کفر کی باتیں شامل کردیں کچھ الفاظ و حروف بدلائے اس کے ثبوت میں حسب ذیل کتب ملاحظہ ہوں:

کتاب احتجاج طبرسی ۱ ز ص۱۱۹ تا ص۱۳۰، اصول کافی از ص۲۶۱ تا ص۲۷۵، تفسیر قمی ص۷ اھ۔

پھر ص۱۴ میں تحریر فرماتے ہیں ہمارے علماء سابقین کو مذہب شیعہ سے پوری واقفیت نہیں ہوسکی جس کا اصلی سبب یہ تھا کہ شیعہ اپنا مذہب چھپانے کی بیحد کوشش کرتے تھے اسی سبب سے شیعوں کے کفر میں اختلاف رہا لیکن اب کہ شیعوں کا عقیدہ قرآن شریف کے متعلق معلوم ہوگیا جس کے کفر ہونے میں کوئی شک نہیں کرسکتا شیعوں کا خارج از اسلام ہونا قطعی ہے اھ وفی

الدر عن شرح الوهبانية للشرنبلالی ما يكون كفرا اتفاقا يبطل العمل و النكاح واولاده اولاد الزنا وما فيه خلاف يؤمر بالاستغفار والتوبة وتجديد النكاح اھ (ص۴۶۲ ر۳ ج۴۶۳) قال الشامی واولاده اولاد زنا كذا فی فصول العمادی لكن ذكر فی نور العين ويجدد بينهما النكاح ان رضيت زوجته بالعود اليه والا فلا تجبر والمولود بينهما قبل تجديد النكاح بالوطئ بعد الردة يثبت نسبه منه لكن يكون زنا اھ قلت ولعل ثبوت النسب لشبهة الخلاف فانها عند الشافعی لا تبين منه تامل اھ ص۴۶۳ ج۳ قلت وكل وطأ يوجب ثبوت النسب لشبهة ما يوجب العدة احتياطا لا سيما اذا وطيها الزوج ومكنته من نفسها ظانين بقاء النكاح بعد الردة كما هو مشاهد من حال الجهلة فی الهند فانهم يتكلمون بالكفريات ولا يرون انفساخ النكاح لا سيما اذا كان الكفر بالرفض فانه مما يخفی علی كثير من العلماء و قد خفی علينا مدة ثم رأيته صريحا قال فی الدر اخبرت بارتداد زوجها فلها التزوج بآخر بعد العدة استحسانا اھ ص۴۶۹ ج۳، قلت و الاستحسان انما هو فی الاخبار فقط واما اذا علمت منه الردة بنفسها فلها التزوج بآخر بعد العدة قياسا واستحسانا معا لان القياس فی الاخبار ان لا يجوز لها النكاح بآخر مالم يشهد علی ردته رجلان او رجل و امرأتان لكون ردة الرجل يتعلق بها استحقاق القتل ولكن الاصح رواية الاستحسان لان المقصود الاخبار بوقوع الفرقة وهو امر دينی كالاخبار بالطلاق ثلثا لا اثبات الردة اھ شامی هذا هو حكم النكاح المنعقد قبل الردة اما المنعقد بعدها فيما بين الرافض الغير القديم رفضهم فحكمه ما فی الدر ويبطل منه اتفاقا ما يعتمد الملة وهی خمس: النكاح والذبيحة والصيد والشهادة والارث اھ قال الشامی ما يعتمد الملة ای ما يكون الاعتماد فی صحته علی كونه فاعله معتقدا ملة من الملل ط ای والمرتد لا ملة له اصلا لانه لا يقر علی ما انتقل اليه وليس المراد ملة سماوية لئلا يرد النكاح فان نكاح المجوسی والوثنی صحيح ولا ملة لهما سماوية بل

Made searchable using ScribeTools.com

المراد الاعم اھ ص ۳ ج ۴۶۵ قلت ومفاد ھذہ العلۃ صحۃ نکاح المرتد بالمرتدۃ مثلہ او بکافرۃ بعد لحوقہ بدار الحرب او اذا کان قد ارتد ھناک لا فی دار الاسلام فانہ یقر ھناک علی ما انتقل الیہ ولا یقتل. اللھم الا ان یقال انہ میت فی حکم الشرع فلا یجوز انکاحہ لکونہ لا ملۃ لہ کما اذا لم یقتلہ الحاکم فی دار الاسلام تھاونا بالاحکام معاذ اللہ منہ قال فی الدر ولا یترک المرتد علی ردتہ باعطاء الجزیۃ ولا بامان موقت ولا مؤبد ولا یجوز استرقاقہ بعد اللحاق بخلاف المرتدۃ اھ قال الشامی ای فانھا تسترق بعد اللحاق بدار الحرب وتجبر علی الاسلام بالضرب والحبس ولا تقتل اھ ص ۳ ج ۴۶۳ قال فی الدر وعن الامام تسترق ولو فی دار الاسلام ولو افتی بہ حسما لقصدھا السیئ لا بأس بہ وتکون فئۃ للمزوج بالاستیلاء مجتبی وفی الفتح انھا فیئ للمسلمین فیشتریھا من الامام او یھبھا لہ لو مصرفا اھ قال الشامی وفی الفتح قیل وفی البلاد التی استولی علیھا التتر واجروا احکامھم فیھا ونفوا المسلمین کما وقع فی خوارزم وغیرھا اذا استولی علیھا الزوج بعد الردۃ ملکھا لانھا صارت دار حرب فی الظاھر من غیر حاجۃ الی ان یشتریھا من الامام اھ قال الشامی وھذا لیس مبنیا علی روایۃ النوادر لان الاسترقاق وقع فی دار الحرب لا فی دار الاسلام اھ ص ۳ ج ۴۷۰، ای والمبنی علی روایۃ النوادر انما ھو الاسترقاق فی دار الاسلام وأما النکاح المنعقد بین الروافض القدیم رفضھم نحکمہ یستفاد مما فی الدر ایضا زوجان ارتدا ولحقا فولدت المرتدۃ ولدا وولد لہ ای لذلک المولود ولد فظھر علیھم جمیعا فالولد ان فیئ کاصلھا والولد الاول یجبر بالضرب علی الاسلام (ای لا بالقتل بخلاف ابویہ فانھما یجبران بالقتل ۱۲) وان حبلت بہ ثم (ای وبالاولی لو حبلت بہ فی دار الاسلام ووضعتہ فی دار الحرب ۱۲) لتبعیتہ لابویہ (فی الاسلام والردۃ وھما یجبران فکذا ھو وان اختلفت کیفیۃ الجبر) لا الثانی لعدم تبعیۃ الجد علی الظاھر (ای ظاھر الروایۃ)

نحکمہ کحربی. (فی انہ یسترق او توضع علیہ الجزیۃ او یقتل واما الجد فیقتل لا محالہ لانہ المرتد بالاصالۃ او یسلم بحر عن الفتح ۱۲ شامی) ص ۳ ج ۴۷۳ ولما کان ولد الولد کالحربی فمفادہ جواز نکاحہ بمثلہ واللہ اعلم.

بقی الاشکال فی استرقاق المرأۃ الرافضۃ اذا کانت من نسل العرب فان مشرکی العرب لا یسترقون لکن قال فی الدر فی فصل الجزیۃ لا علی وثنی عربی ومرتد فلا یقبل منھما الا الاسلام او السیف لوظھرنا علیھم فنساءھم وصبیانھم فیئ اھ لان ابا بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ استرق نساء بنی حنیفۃ وصبیانھم لما ارتدوا وقسمھم بین الغانمین ھدایۃ اھ ص ۲۱۴ ج ۲، فارتفع الاشکال ثم عاد الاشکال بما فی الشامیۃ عن القھستانی ولا توضع علی المبتدع ولا یسترق وان کان کافرا لکن یباح قتلہ اذا ظھر بدعتہ ولم یرجع عن ذلک وتقبل توبتہ اھ ص ۳ ج ۴۱۵. فالجواب عنہ ان المرتد نفسہ لا یسترق وانما یسترق المرتد ونساء واولاد المرتد کما مر فلا اشکال، واللہ تعالیٰ اعلم.

وفی تحریر المختار وجعل الرملی فی حاشیۃ المنح: المعتزلی والرافضی بمنزلۃ اھل الکتاب حیث قال قولہ صح نکاح کتابیۃ اقول یدخل فی ھذا الرافضۃ بانواعھا والمعتزلۃ فلا یجوز ان تتزوج المسلمۃ السنیۃ من الرافضی لانھا مسلمۃ وھو کافر فدخل تحت قولھم لا یصح تزوج مسلمۃ بکافر اھ قال الرستغفنی: لا تصح المناکحۃ بین اھل السنۃ والاعتزال اھ فالرافضۃ مثلھم او اقبح والرملی جعلھم من قبیل اھل الکتاب فیجوز نکاح نساءھم ولا یزوجون ولعلہ اعدل الاقوال لانہ لا یشک فی کفر الرافضۃ اھ، سندی ص ۱۸۳ ج ۱.

پس خلاصہ اقوال یہ ہوا کہ رافضی سے سنیہ مسلمہ کا نکاح درست نہیں ہوتا خواہ وہ قبل نکاح ہی رافضی ہو تو نکاح اول ہی سے منعقد نہ ہوگا یا بعد نکاح کے رافضی ہوگیا ہو تو نکاح فسخ ہو جائے گا. اور دونوں صورتوں میں اگر ہمبستری ہو چکی ہے تو زوجہ پر عدت لازم

Made Searchable by ScribeTools.com

ہے اور بعد عدت کے جس سے چاہے نکاح کرسکتی ہے اور ہمبستری ہوچکی ہو تو عدت کی حاجت نہیں۔ لکون الردۃ من الزوج طلاقاً حکمیاً ۔ البتہ اگر ان دونوں سے اولاد پیدا ہوئی ہو تو وہ اولاد حرامی نہ کہلائے گی بلکہ ثابت النسب ہوگی اور وہ اولاد ابوین سے وارث ہوگی لیکن زوجین میں باہم توارث نہوگا لعدم التوارث فی نکاح فاسد نفیما اذا کان الوطأ زنا بالاولیٰ البتہ اگر شوہر رافضی بنا اور عورت کی عدت پوری نہوئی تھی کہ وہ مرگیا تو ایک روایت میں عورت وارث ہوگی شامی ص ۳۷۰ ج ۲ ۔

جواب سوال ۲ :۔ اگر یہ دونوں مرد و عورت قدیم سے کئی پشت کے رافضی تھے تب تو سُنّی ہونے کے بعد دوبارہ ان کا نکاح کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ معلوم ہوچکا ہے کہ ان کا حکم اہل کتاب کا سا ہے اور کتابی مرد و عورت ساتھ مسلمان ہوجائیں تو تجدید نکاح کی ضرورت نہیں بشرطیکہ دونوں ساتھ مسلمان ہوں آگے پیچھے نہوں ورنہ اگر اتنا فاصلہ ہوا کہ عورت عدت سے فارغ ہوگئی تو تجدید نکاح کی ضرورت ہوگی اور اگر عدت گذرنے سے پہلے دوسرا بھی مسلمان ہوگیا تو نکاح اول باقی ہے شامی ص ۶۴۰ ج ۲ اور اگر یہ دونوں سُنّی تھے پھر رافضی ہوگئے اب پھر سُنّی ہوتے ہیں تو اس کا یہ حکم ہے کہ اگر ساتھ ہی مرتد ہوئے ساتھ ہی مسلمان ہوئے تو نکاح اول باقی ہے اور اگر آگے پیچھے ہوئے تو نکاح کی تجدید لازم ہے گو عدت کے اندر اندر دونوں مسلمان ہوجائیں وبقی النکاح ان ارتدا معاً بان لم یعلم السبق ثم اسلما کذلک وفسد ان اسلم احدھما قبل الآخر اھ ص ۶۴۶ ج ۲ - ای بان علم السبق ۔ فان المعیۃ الحقیقیۃ متعذرۃ ۱۲ شامی

جواب سوال سوم :۔ جب رافضی عورت سُنّی ہوجائے اور مرد رافضی رہے تو دونوں کا نکاح فسخ ہوگیا اور یہ عورت بعد عدت کے سُنّی سے نکاح کرسکتی ہے رافضی سے علیحدہ ہوجانا اس پر واجب ہے ۔

اب ایک صورت یہ باقی رہی کہ مرد سُنّی ہوا اور وہ عورت رافضیہ سے نکاح کرے جس کا رفض جدید نہیں بلکہ آبا و اجداد سے قدیم ہے اس کا حکم یہ ہے کہ یہ نکاح صحیح ہے اور وہ رافضیہ مثل کتابیہ کے اس کی زوجہ اور اس کی اولاد اس کی وارث ہوگی ۔ اور زوجین میں توارث نہوگا غرض سُنّی مرد کا نکاح تو رافضیہ سے صحیح ہے گو مکروہ ہے مگر سُنّیہ عورت کا نکاح رافضی مرد سے نہ ابتداءً صحیح ہے نہ بقاءً

ایک صورت یہ رہی کہ مرد و عورت دونوں سُنّی تھے پھر مرد تو سُنّی ہی رہا اور عورت رافضی ہوگئی

اس صورت میں نکاح فسخ ہوگیا لیکن اس عورت پر ملک یمین کے ساتھ شوہر قبضہ رکھ سکتا ہے دارالاسلام میں ہو تو امام سے خرید کر یا ہبہ کے طور پر لیکر اور دارالحرب میں ہو تو بدون امام سے پوچھے خود ہی اس پر قبضہ مالکانہ کرسکتا ہے ویجوز لہ الوطی بھا لکونھا کأمۃ کتابیۃ کما ھو المفھوم من ماذکرنا ۔

اور اگر سُنّی مرد رافضی ہوگیا اور اس کے ساتھ بیوی بھی رافضی ہوگئی اور رافضی ہی رہے سُنّی نہوئے تو یہ دونوں مرد و عورت تو مرتد ہیں ان کو جبراً سُنّی بنایا جائے گا والا فالسیف ان قدرنا اور ان کی صُلبی اولاد کو بھی ولکنھم لا یقتلون البتہ اولاد کی اولاد الیٰ آخرھا پر جبر نہوگا بلکہ وہ سب مثل حربی کے ہیں ۔ اور فئی ہیں اور یہی احکام فرقۂ قادیانیہ کے ہیں کہ وہ بھی مرتد ہیں اذا استولی احد من المسلمین علی احد منھم کان رقیقاً فی یدہ، واللہ تعالیٰ اعلم ۔

۲۵ر صفر سنہ ۴۶ھ ۔

سوال (۲) سوال یہ ہے کہ ایک شخص کے دو لڑکی تھیں ایک کا نام خدیجہ دوسری کا نام زینب ۔ اُن دونوں کے باپنے بوقت نکاح غلطی سے دوسری لڑکی کا نام بتاکر نکاح پڑھایا گیا تو الخ

خدیجہ جو بڑی لڑکی ہے اس کے نکاح کے وقت بھول کر کے زینب جو چھوٹی بیٹی ہے اس کا نام لیکر نکاح پڑھا دیا اور بڑی بیٹی کو نوشہ کے سپرد کردیا اور دولہا اس کو اپنے گھر لے جاکر بود و باش یعنی زن و شوی کر رہا ہے اب مسئول یہ ہے کہ یہ نکاح از روئے شرع شریف جائز ہوگیا یا نہ جواب عنایت فرماویں ؟

الجواب ؛ قال فی الدر غلط وکیلھا بالنکاح فی اسم ابیھا بغیر حضورھا لم یصح للجھالۃ ۔ وکذا الوغلط فی اسم ابنتہ الا اذا کانت حاضرۃ واشار الیھا فیصح ولو لہ بنتان اراد تزویج الکبریٰ فغلط فسماھا باسم الصغریٰ صح للصغریٰ، خانیہ اھ ص ۴۵۰ ج ۲ کتاب النکاح ۔

صورت مسئولہ میں اگر مسماۃ خدیجہ مجلس نکاح میں حاضر نہ تھی اور اس کی طرف اشارہ نہیں کیا گیا کہ اس کا نکاح کرتا ہوں تو مسماۃ خدیجہ سے نکاح منعقد نہیں ہوا بلکہ اس مرد کا نکاح مسماۃ زینب سے منعقد ہوگیا ہے پس اب مرد سے مسماۃ زینب کو طلاق دلوادی جائے اور خدیجہ سے اس کا نکاح دوبارہ کردیا جائے اگر ایسا نہوا تو عمر بھر خدیجہ سے زنا ہوگا اور زوجین و اولیائے زوجین سب گنہگار ہوں گے ۔ واللہ اعلم ۔

۲۷ر جمادی الاولیٰ سنہ ۴۶ھ ۔

Made searchable using ScribeTools.com

بیوہ یا مطلقہ کو اپنے والد کے حکم سے نکاح ثانی فرض ہو جاتا ہے یا نہیں جبکہ عورت نکاح ثانی کو معیوب جانتی ہو

سوال (۲۲) بیوہ یا مطلقہ کو اپنے والد کے حکم سے نکاح ثانی کرنا فرض ہو جاتا ہے یا نہیں، دران صورت کہ وہ کسی وجہ سے شرعی معذور بھی نہیں اور ایسی صورت میں وہ انکار کرنے سے کافر ہے یا نہیں؟ اور یہ بھی عرض ہے کہ وہ ایسی قوم کی عورت ہے جو رسماً و رواجاً نکاح ثانی کو معیوب اور بُرا جانتی ہے۔ والسلام۔

الجواب؛ ماں باپ کے حکم سے ہر کام واجب نہیں ہو جاتا بلکہ اس میں تفصیل ہے جس کے لئے رسالہ "تعدیل حقوق الوالدین" کا مطالعہ مفید ہوگا جو بہشتی گوہر کے اخیر میں طبع جدید میں ملحق کیا گیا ہے۔

پس صورت مسئولہ کا جواب یہ ہے کہ اگر بیوہ یا مطلقہ نکاح ثانی کو معیوب سمجھتی ہے تو یہ عقیدہ کفر ہے اس سے اس کو توبہ کرنا اور ایمان کی تجدید فرض ہے اور اگر معیوب نہیں سمجھتی بلکہ پہلے شوہر کی محبت غالب ہے اور وہ اس سے مانع ہے یا بچوں کے ضائع ہونے کا خوف ہے یا اور کوئی وجہ مخفی نکاح سے مانع ہے مثلاً مجامعت سے تکلیف ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ تو اس میں تفصیل ہے اگر اس کو اپنی عفت پر خطرہ نہو خواہش نفسانی غالب نہو صبر سے بیٹھ سکے اور والدین پر اپنے نفقہ کا بار نہ ڈالے یا اُن پر بار ڈالے اور وہ خوشی سے برداشت کریں تو اس کو نکاح کرنا واجب نہیں ورنہ واجب ہے بشرطیکہ حقوق نکاح کو ادا کرے ورنہ روزہ رکھکر خواہش کو مغلوب کرے اور محنت و مزوری سے پیٹ پالے اگر والدین اس کا خرچ برداشت نہ کرسکیں وھذہ خلاصۃ الدلائل الحدیثیۃ والفقہیۃ التی ذکرھا الشیخ فی رسالتہ المذکورۃ، واللہ اعلم۔

۱۱ ذیقعدہ ۴۶ھ۔

جواز نکاح بالکتابت کی ایک صورت

سوال (۲۳) بعد از نیاز و آداب والسلام علیکم کے عرض ہے کہ اگر کوئی عورت بالغہ بیوہ ایجاب اپنے ہاتھ سے اس طرح لکھ کر مرد کو دیدے۔ کہ مسماۃ فلانہ یعنی کاتبہ آپ کا نکاح مسمی فلان یعنی مکتوب الیہ سے کیا باین قدر مہر۔ پھر مکتوب الیہ وہ ایجاب دو گواہوں کو پڑھ کر سنا وے۔ اور اپنا قبول بھی ان کو سنا دے تو یہ نکاح منعقد ہو جائے گا یا نہ۔ حضرت! بندہ نے علماء سے سنا ہے یا کسی میں دیکھا ہے کہ کتابت بمنزلہ کلام کے ہے جب ایسا ہے تو سامعین کلامہما معاً جو کہ شرط انعقاد نکاح کا ہے متحقق ہو گیا تو چاہئے کہ نکاح بھی متحقق ہو جاوے۔

الجواب؛ ہاں اس طرح نکاح صحیح ہو جاتا ہے جبکہ خط سنا کر اپنا قبول شاہدین کے سامنے بیان کردے۔ وسماع الشاھدین کلام المتعاقدین شرط انعقاد النکاح فلو قرأت الکتاب علی الشھود وقالت ان فلانا کتب الیّ یخطبنی فاشھدوا انی قد زوجت نفسی منہ صح النکاح اھ وان لم تقرأ الکتاب وقالت قد زوجت نفسی منہ بمحضر من الشھود لا ینعقد النکاح فان الشھود لم یسمعوا کلام الزوج کذا فی الخلاصۃ (ص ۴۸ و ۴۹ ج ۳)۔ ۲۲ محرم ۴۷ھ۔

احکام ولی زوجہ صغیرہ

سوال (۲۴) ۱ خاوند کو اپنی نابالغہ منکوحہ کے ساتھ جس کو جماع سے تکلیف ہوتی ہو صحبت کرنا درست ہے یا نہیں؟

۲ اگر کسی کی منکوحہ اس قدر کمسن ہو کہ صحبت سے کوئی سخت تکلیف ہو جانے یا جان جانے کا اندیشہ ہو تو خاوند کا اس سے صحبت کرنا جرم ہے یا نہیں اور اگر جرم ہے تو شرعاً اس کے لئے کیا سزا ہے؟

۳ اگر عورت کمسن ہو اور صحبت کرنے سے اس کے بیمار ہو جانے یا مر جانے کا اندیشہ ہو تو نابالغہ خود یا اس کا ولی شوہر کو صحبت سے روک سکتے ہیں یا نہیں؟

۴ بعد نکاح کے کسی نابالغہ عورت کا ولی اس خیال سے کہ اگر وہ اپنے شوہر کے ساتھ رہیگی اور اس سے صحبت کی جائے گی تو اس کو نقصان پہونچے گا خاوند کے گھر بھیجنے سے مانع ہو تو شوہر کوئی مطالبہ کرسکتا ہے یا نہیں اور اس روک رکھنے کی میعاد کیا ہے؟

۵ اگر شوہر جبراً اپنی کمسن منکوحہ کے ساتھ ہم بستر ہوا اور وہ لڑکی مر جائے یا کسی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہو جائے تو شرعاً اس کے شوہر کو کیا سزا دی جائے گی؟

الجواب؛ قال فی الدر المختار وللزوج المطالبۃ بتسلیمھا ان تحملت الرجل قال البزازی ولا یعتبر السن اھ قال الشامی عبارتہ ولا یجبر الاب علی دفع الصغیرۃ الی الزوج ولکن یجبر الزوج علی ایفاء المعجل فان زعم الزوج انھا تتحمل الرجال وانکر الاب فالقاضی یریھا النساء و لا یعتبر السن اھ قلت بل فی التتارخانیۃ البالغۃ اذا لم تکن تتحمل لا یؤمر بدفعھا الی الزوج اھ (ص ۹۰۶ ج ۲) وفی الحامدیۃ قد اجاب الخیر الرملی عن ھذا السوال بقولہ ان کانت ضخمۃ سمینۃ تطیق الرجال وسلم المھر

المشروط تعجیله یجبر الاب علی تسلیمها للزوج علی الاصح من الاقوال فینظر القاضی ان کانت ممن تخرج اخرجها ونظر الیها ان صلحت للرجال امر اباها بدفعها للزوج والا فلا وان کانت ممن لا تخرج امر بمن یثق بهن من النساء فان قلن انها تطیق الرجال وتتحمل الجماع امر الاب بدفعها الی الزوج وان قلن لا تتحمل لا یامر بذلك، والله اعلم اھ (ص۲۸)، وفیه ایضاً وقیل ان طلبها الزوج للمؤانسة دون الملامسة یجاب کذا فی الذخیرة والقنیة اھ (ص۲۹)۔

وفی العالمگیریة (ص ۱۹ ج ۶) رجل جامع صغیرةً لا یجامع مثلها فماتت ان کانت اجنبیة تجب الدیة علی العاقلة وان کانت منکوحة فالدیة علی العاقلة والمهر علی الزوج کذا فی الخلاصة۔ عن ابن رستم عن محمدؒ رجل جامع امرأته ومثلها تجامع فماتت عن ذلك فلا شیئ علیه اھ۔

(عبارات فقہ کے بعد جوابات معروض ہیں)

(۱) نابالغہ اگر بدن اور اٹھان کی اچھی ہو کہ جماع سے اس کو ناقابل برداشت تکلیف نہ ہو تو اس سے جماع جائز ہے اور اگر ناقابل برداشت تکلیف ہوتی ہو تو جائز نہیں۔

(۲) ہاں جرم ہے اور اس کی سزا یہ ہے کہ اگر عورت مرجائے تو شوہر کے خاندان پر دیت لازم ہے (جو ایک ہزار دینار ہے) اور شوہر کے ذمہ مہر لازم ہے اور اگر عورت کو سخت تکلیف پہونچی ہو مری نہیں تو شوہر کے ذمہ اس کا علاج معالجہ واجب ہے۔ اور یہ اس صورت میں ہے کہ بیوی زوجہ اتنی کمسن و کمزور ہو کہ جماع کا تحمل کرنے کی اہل نہ ہو اور اگر اٹھان ایسا ہو کہ جماع کا تحمل کرسکے تو شوہر پر کچھ ضمان نہیں نہ دیت نہ کچھ تعزیر۔

(۳) ہاں روک سکتے ہیں لیکن اگر شوہر یہ دعویٰ کرے کہ منکوحہ تحمل جماع کی اہل ہے اور ولی نابالغہ یہ دعویٰ کرے کہ وہ متحمل جماع نہیں تو اس اختلاف کا فیصلہ حاکم شرعی کرے گا وہ معتبر عورتوں سے کہے کہ اس لڑکی کو دیکھ کر بتلائیں وہ متحمل جماع ہے یا نہیں۔

(۴) اس کا جواب ۳ سے معلوم ہو چکا اور لڑکی کو روکنے کی میعاد یہی ہے کہ قاضی کو ثقات عورتوں سے معلوم ہو جائے کہ لڑکی متحمل جماع کی ہوگئی ہے۔

(۵) اس کا جواب ۲ سے معلوم ہو چکا ہے، واللہ اعلم۔

۱۲ صفر ۴۷ھ۔

بصیغۂ حال قبول کافی ہے یا نہیں

سوال (۲۵) زید کا نکاح ہونے لگا وکیل بالنکاح نے کہا کہ مجھے فلاں شخص نے اپنی فلاں لڑکی کے نکاح کا وکیل بنا کر بھیجا ہے۔ اور اس کے یہ دو گواہ ہیں۔ میں نے اس لڑکی کو بعوض ایک سکہ رائج الوقت آپ کی زوجیت میں دیا۔ زید بجائے اس کے کہ قبول کیا کہے قبول ہے کہہ دیا تو نکاح منعقد ہوا یا نہیں؟ بظاہر فقہاء کی عبارت النکاح ینعقد بالایجاب ولفظهما ماض او مستقبل وماض مقتضی ہے کہ نکاح انعقاد نہ ہو کیونکہ قبول ہے نہ ماضی ہے اور نہ مستقبل۔

الجواب؛ صیغۂ حال بھی قبول میں کافی ہے صرح به فی الدر (صفحہ ۲۳ ج ۳)۔

بوقت نکاح لڑکی کے وکیل کو نام میں اشتباہ ہوگیا مگر شوہر اور گواہ جانتے تھے کہ فلاں لڑکی سے نکاح ہوگا الخ

سوال (۲۶) وکیل بالنکاح کچھ ناک سے بولا کرتے تھے اس لئے عورت کے نام میں اشتباہ ہوگیا مرد نے اپنے دل میں یہ سمجھکر کہ یہ شخص جس عورت کا وکیل بن کر آیا ہے وہ اور دوسرے ذرائع سے تو متعین ہے۔ نام سے کیا کام نام کچھ بھی ہو یہ شخص جس عورت کے وکیل بن کر آئے ہیں وہ عورت مجھے قبول ہے اور مجمع عام میں بغیر نام کی لفظی تصحیح کئے ہوئے قبول کرلیا۔ تو کیا نکاح ہوا یا نہیں۔ یا نام کی تصحیح لفظی بھی ضروری ہے؟

تنقیح سوال:۔ کیا شوہر کو پہلے سے علم تھا کہ اس کا نکاح کس لڑکی سے ہوگا یا معلوم نہ تھا۔ اور ان کے خسر کے ایک ہی لڑکی ہے یا دو اور گواہوں کو بھی علم تھا یا نہیں اور گواہوں کو بھی نام میں اشتباہ ہوا یا نہیں؟ سوال دوبارہ کیا جائے جس میں اس تنقیح کا جواب بھی ہو اس کے بعد حکم بتلایا جائے گا، واللہ اعلم۔

جواب تنقیح:۔ شوہر کو پہلے سے علم تھا کہ میرا نکاح فلاں لڑکی سے ہوگا۔ اس کے خسر کی لڑکیاں چار ہیں دو شادی شدہ اور دو کنواری۔ نہ گواہوں کو نام میں اشتباہ ہوا اور نہ وکیل بالنکاح کو گواہوں سے معلوم تھا کہ فلاں لڑکی سے نکاح ہوگا۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں نکاح منعقد ہوگیا فانه لو قال زوجتك بنتي او بمولیتي والرجل یعرفها صح النکاح عند الخصاف وان لم یعرفها اتفاقاً فی ظاهر الروایة لا یصح وعلیها الفتوی واما اذا امرت المقدمات علی

Made searchable using ScribeTools.com

معینة وتمیزت عند الخاطب العاقد وعند الشهود ایضاً یصح العقد وهی واقعة الفتوی لان المقصود نفی الجهالة وذلك حاصل بتعینها عند العاقدین والشهود وان لم یصرح باسمها ذکرہ فی الشامیة (ص ۳۷ ج ۲) وقول الخصاف فی (ص ۲۴۵ ج ۲)، واللہ تعالیٰ اعلم - ۱۷ شعبان ۴۷ھ -

نکاح کو مخفی رکھنا گناہ ہے

سوال (۲۷) کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک امام صاحب نے ایک بیوہ عورت سے خفیہ نکاح پڑھالیا دو گواہ پردیسی ایک سوالی ایک واعظ آئے ہوئے تھے ان دونوں کے سامنے ایجاب وقبول ہوا اور کسی سے ظاہر نہ کیا جب حمل چار پانچ ماہ کا ہوگیا جب عورتوں نے کہا سچ بتلا تجھ کو حمل ہے ؟ حاملہ عورت نے کہا فلاں کا حمل ہے۔ پھر دوبارہ عورتوں نے اور حاملہ مذکورہ کے دیور وغیرہ نے دریافت کیا سچ بتلا حمل کس کا ہے تب عورت مذکور نے کہا فلاں امام صاحب کا ہے ہمارا نکاح فلاں گاؤں میں ہوا ہے۔ اب امام صاحب سے دریافت کیا کہ آپ کا اس حاملہ عورت سے نکاح ہو چکا ہے امام صاحب نے کہا کہ ہو چکا ہے یہیں ہوا ہے باہر کے دو مسافر ٹھہرے ہوئے تھے ان کے سامنے ایجاب وقبول ہوا ہے لوگوں کو یقین نہ آیا امام صاحب مسجد میں قرآن شریف پڑھ رہے تھے اُن سے ایک پرہیزگار متقی نے دریافت کیا کہ آپ کا اس حاملہ مذکورہ سے نکاح ہو چکا ہے ؟ امام صاحب نے قرآن شریف پر ہاتھ رکھکر کہا میرا نکاح ہو چکا ہے۔ آیا اس طرح خفیہ نکاح ہو جاتا ہے اور ایسے امام صاحب کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں فقط، جواب سے جلد مطلع فرمادیں ؟

الجواب ؛ اس طرح خفیہ نکاح منعقد تو ہو جاتا ہے اور ایسی عورت سے جس کا نکاح خفیہ ہوا ہو شوہر کو مجامعت بھی جائز ہے اور اس کی اولاد بھی حلالی ہوگی۔ مگر خفیہ نکاح کرنے کے بعد عرصہ تک اس کو مخفی رکھنا گناہ ہے بلکہ اس کو جلدی ہی ظاہر کر دینا چاہئے تھا کیونکہ جب عرصہ دراز تک نکاح کو مخفی رکھا جائے گا تو حمل قرار پانے کے وقت لوگوں کو عورت پر اور مرد پر زنا کا گمان ہوگا اور اس وقت لوگ اس دعویٰ کو کہ نکاح ہو چکا ہے بات بنانے پر محمول کریں گے۔

وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: اتقوا مواضع التهم الحدیث فالاتقاء من التهمة واجب۔ لہٰذا اس امام کو جب تک وہ اس گناہ سے (یعنی اخفاء نکاح سے) توبہ نکرے امامت سے الگ کر دیا جائے اور توبہ اس کی یہ ہے کہ مجمع عام میں اپنی خطا کا اقرار کرے کہ میں نے جو نکاح کو عرصہ تک مخفی رکھا جس سے لوگوں کو تہمت اور بدگمانی میں مبتلا کیا۔

مجھ سے گناہ ہوا میں اللہ تعالیٰ کی جناب میں بھی اس گناہ سے توبہ کرتا ہوں اور جن لوگوں کو میں نے بدگمانی میں (اس فعل سے) مبتلا کیا ہے اُن سے بھی معافی چاہتا ہوں فان التوبة علی قدر المعصیة واللہ اعلم - ۲۴ شوال ۴۷ھ۔

زنا سے نکاح فاسد نہیں ہوتا۔ اور ایسی عورت کا بدون طلاق زوج اول دوسرے سے نکاح کرنا جائز اور حکم

سوال (۲۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین مبین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک مسلمان کی بی بی نے اپنے شوہر کو چھوڑ کر بازار میں گھر کر کے چند برس تک پیشہ کسبی (یعنی پیشہ زنا) کو اختیار کر کے اپنی اوقات بسر کی بعد اس کے ایک بھڑوا مرد نے اس کو وہاں سے لاکر عالموں سے دریافت کیا کہ اس کے ساتھ نکاح کرنا درست ہے یا نہیں۔ اکثر عالموں نے کہا اس عورت زانیہ سے نکاح کرنا درست نہیں کیونکہ اس کے شوہر نے طلاق نہیں دی ہے اور پیشہ زنا سے طلاق واقع نہیں ہوتی اور بعض بعض عالم نے کہا کہ اس عورت سے نکاح کرنا حلال ودرست ہے اور وجہ حلال ہونے کی یہ بیان کرتے ہیں کہ جو عورت اپنے شوہر سے چھ ماہ کی مدت تک علیحدہ رہے وہ مطلقہ ہوتی ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اس عورت نے پیشہ زنا کو اختیار کر کے مدت تک زنا کیا ہے اس سبب سے نکاح ٹوٹ گیا اس کو نکاح کرنا بلا خطر درست وحلال ہے یہ کہکر چندر وپیہ لیکر وکیل وگواہ کے سامنے اسکا نکاح اجنبی مرد سے پڑھا دیا۔ اب یہ نکاح مذہب حنفی کے موافق درست وحلال ہے یا نادرست وحرام ؟ اور اگر حرام ہو تو جس عالم نے یہ حکم دیکر نکاح پڑھایا اور جو شخص وکیل وگواہ ہو کر نکاح کرایا یہ سب کافر ہیں یا مسلمان اور ان کی بی بی ان پر حرام ہوئی یا حلال ؟ بر تقدیر حرمت کے تجدید نکاح واجب ہے یا نہیں اور جب تک یہ لوگ توبہ کر کے نکاح ثانی نہ کریں تو ان سب کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں اور ان کو مسلمان جان کر سلام وکلام کرنا درست ہے یا نہیں ؟ بینوا بالدلیل توجروا عند الجلیل۔

الجواب ؛ قال فی الدر وصح نکاح موطوءة بزنا ای جاز نکاح من رأها تزنی وله وطوءها بلا استبراء فی اخر حظر المجتبی لا یجب علی الزوج تطلیق الفاجرة ولا علیها تسریح الفاجرة الا اذا خافا ان لا یقیما

لہ بشرط ان لا تکون حاملاً قبل النکاح من غیر الزوج واما لو ظهر بها حمل بعد النکاح من الزنا فهو من حیث الحکم للزوج لان الفراش له وتمامه فی رد المحتار ۱۲

حدود الله فلا بأس ان يتفرقا ام قال ابن عابدين عن البحر بدليل الحديث ان رجلا اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يارسول الله ان امرأتي لاترد يد لامس فقال صلى الله عليه وسلم طلقها فقال انى احبها وهي جميلة فقال صلى الله عليه وسلم استمتع بها قال فى البحر لو تزوج بامرأة الغير عالما بذلك ودخل بها لا تجب العدة عليها حتى لا يحرم على الزوج وطؤها وبه يفتى لانه زنا والمزنى بها لا تحرم على زوجها (ص ۴۷۹ و ۴۸۰ ج ۲)۔

ان عبارات فقہیہ سے ظاہر ہے کہ عورت کے زنا سے اس کا نکاح فاسد نہیں ہوتا اور وہ بدستور اپنے شوہر کے نکاح میں باقی رہتی ہے پس اس کا نکاح دوسرے مرد سے بدون طلاق شوہر اول اور بدون عدت طلاق گذرنے کے ہرگز ہرگز صحیح نہیں ہوسکتا پس صحیح قول اس مسئلہ میں فریق اول علماء کا ہے اور فریق ثانی کا قول بالکل غلط ہے ان کو اپنی خطا سے علی الاعلان توبہ کرنا چاہئے اور جب تک وہ توبہ کا اعلان نہ کریں اس وقت تک ان سے سلام وکلام تعلقات و موالات ترک کردیئے جائیں لیکن ان کو کافر نہ سمجھا جائے اور نہ ان کے نکاح فاسد ہوئے البتہ قبل اعلان توبہ ان کی اقتداء نہ کی جائے، واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۷ محرم ۴۸ھ۔

ایک مرد اور عورت یہ اقرار کریں کہ ہمارے نکاح میں کوئی شرعی امر مانع نہیں لیکن اہل شہر اجنبی ہونے کے سبب اس کی تصدیق نہیں کرسکتے۔ تو قاضی دونوں کا حلفیہ بیان لیکر نکاح کرسکتا ہے یا نہیں

سوال (۲۹)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین دربارۂ نکاح محمود وفریدہ۔ کہ محمود وفریدہ دونوں غریب الوطن ہیں اپنے وطن سے دور دراز فرار ہوتے ہوئے کسی شہر میں وارد ہوکر اہل شہر سے اپنا وطن اصلی کچھ بتائیں اور ارادہ ظاہر کریں کہ باہم عقد مناکحت کرلیں۔ دونوں کا اقرار کہ ہمارے مابین کوئی رشتہ حرمت نہیں اہل شہر کے عندیہ میں یہ دونوں اجانب متصور ہیں گو کہ محمود کو کسی سے تعرف ہو مگر فریدہ اجنبیہ ہے جس سے اہل شہر احتمال کرسکتے ہیں کہ فریدہ کسی کی منکوحہ ہوگی اور محمود کی فریب دہی سے زوجیت سے دست بردار ہوکر آئی ہوگی کسی کو کچھ خبر نہیں کہ دونوں اپنے اقرار میں سچے ہیں یا جھوٹے۔ مگر دونوں کا حلفیہ اقرار ہے کہ ہمارے مابین تزویج کے لئے کوئی شرعی امر مانع نہیں۔ تصدیق وتحقیق کے لئے یہ دونوں اہل شہر سے بھی نہیں بلکہ ابناء سبیل مانے جاتے ہیں اور ان کا وطن اصلی بھی قریب نہیں بلکہ پانچ سو میل کی مسافت سے بھی متجاوز ہے

لہٰذا عرض خدمت ہے کہ محمود مذکور اور فریدہ مذکورۂ بالغہ جو چودہ سالہ عمر رکھتی ہے ان دونوں کے انعقاد نکاح کی کیا صورت ہے آیا جس شہر میں کہ یہ دونوں وارد ہیں اور استدعائے تزویج کررہے ہیں کیا باعتبار حلفی اقرار قاضئ شہر مجاز ہے کہ اہل شہر سے کوئی دو شاہد مقرر کرکے حسب استدعاء محمود وفریدہ سردست بلاتحقیق وتنقیح ان دونوں کا نکاح کردے یا باوجود ان دونوں کے حلفی اقرار کے مزید تحقیق ضروری ہے کہ نکاح ملتوی یا رد کردے اگر باعتبار حلفی اقرار اُن دونوں کے قاضی نکاح کردے تو اُس نکاح کا کیا حکم ہے؟ بیّنوا توجروا رحمکم اللہ تعالیٰ۔

الجواب؛ اگر قاضی شہر کا قلب اس مرد وعورت کی صدق کی شہادت دے اور اُن کے حلفیہ بیان پر اُس کا قلب مطمئن ہوجائے تو اُس کو اُن دونوں کا نکاح کردینا جائز ہے مگر نکاح مجمع عام میں کرے صرف دو گواہوں کے سامنے نہ کرے کیونکہ اگر وہ جھوٹے ہوں گے تو غالب یہ ہے کہ مجمع عام میں نکاح پر راضی نہ ہوں گے، وایضاً ففی نکاح السر من المفاسد مالا یخفی والاصل فی ذلك ماذکرہ الفقہاء فی امرأۃ قالت لرجل طلقنی زوجی ثلاثا وانقضت عدتی فان شهد بصدقها قلبه جاز له ان يتزوجها، واللہ تعالیٰ اعلم۔

یکم ربیع ۴۸ھ

استفتاء ضمیمہ سابق

سوال:۔ ہندہ کا حامد سے خطبہ ہوچکا تھا اتفاقاً زید جو مرد اجنبی ہے باکرۂ مذکورہ ہندہ کو اپنے دام تزویر میں گرفتار کئے ہوئے اس کے ابوین واقارب سے جدا کرکے کہیں اور مقام پر فرار ہوا۔ ہندہ کے ابوین واقارب اس واقعۂ جانگزا سے حیران ہوکر اطراف واکناف متلاشی رہے بالآخر کسی مقام پر جو تقریباً یکہزار میل کے فاصلہ پر واقع ہے بصد تفتیش وتلاش بعرصۂ ایک ماہ سراغ پاکر مفرودین کو گرفتار کرکے وطن لے آئے ہندہ تو اپنے والدین کے قبضۂ اختیار میں رہ گئی مگر زید جو غریب الوطن مانا جاتا تھا بعد ملامت وتشنیع اپنے وطن کو روانہ کیا گیا جو تیس میل پر واقع ہے تقریباً عرصہ چھ سات ماہ گذرتا ہے کہ حالاً زید مدعی ہے کہ ہندۂ مذکورہ اپنی منکوحہ ہے۔ حالاً ہندۂ مذکورہ کا نکاح حامد مذکور الصدر کہ جس کا قبل از وقوع واقعۂ مذکورہ ہندہ کے ساتھ خطبہ ہوچکا تھا تقرر پایا ہے عنقریب نکاح ہونے والا ہے لہٰذا احقر چند سوالات متعلقۂ امر مذکور بخدمت اقدس مؤدبانہ پیش کرتا ہے:

(۱) زید مذکور کا جو دعوے ہے کہ ہندہ اپنی منکوحہ ہے کیا بصورت عدم حضور ولی وازنکاح

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

منہیات یہ دعویٰ صحیح ہے کیا ہندہ کو منکوحہ قرار دی جاتی ہے ؟

(۲) زید کا یہ دعویٰ کہ میں نے بحالتِ فرار کسی مقام میں ہندہ سے نکاح کیا ہے درآنحالیکہ دونوں اجانب وغریب الوطن متصور تھے ۔ نہ شاہدین کو نہ اوروں کو کچھ خبر ہے کہ ہندہ کے ساتھ زید کو باہمی کیا مناسبت ہے گو کہ فیما بین رشتۂ حرمت ہی کیوں نہ ہو بلاتحقیق شاہدین وغیرہ مجاز ہیں ۔ گو کہ ہندہ زید کہ محرمات ابدیہ سے ہی کیوں نہ ہو بلاتحقیق حسب استدعاء زید انعقاد نکاح میں اشتمال شاہدین وغیرہ درست ہے ۔ کیا یہ نکاح اجانب جو بلاتحقیق وتنقیح کیا گیا ہی صحیح ہے ؟

(۳) اگر کسی وجہ سے نکاح زید ہی معتبر ہو تو کیا ہندہ کے اولیاء عصبہ کو حق فسخ حاصل نہیں ؟

(۴) برخلاف دعویٰ زید ہندۂ مذکورہ کا نکاح جو فی الحال حامد کے ساتھ تقرر پایا ہے جن کے مابین کوئی رشتۂ حرمت تو نہیں ہے نفاذ نکاح کے لئے کیا کوئی امر مانع ومزاحم ہے ؟

(۵) کیا ہندہ کو بلا بینہ شرعی صرف بوجہ فرار وہمراہی زید زانیہ کہہ سکتے ہیں ؟

(۶) بصورت ثبوت زنا کیا ہندہ پر جو غیر محصنہ ہے حد جاری کی جاوے ؟

(۷) یہاں رسم ہے کہ زانی وزانیہ محصن خواہ غیر محصن رومال لپیٹ کر سو دُرے لگائے جاتے ہیں نہیں معلوم کہ رجم کا حکم کس کے لئے ہے آیا یہ حکم ہی منسوخ ہے ؟

(۸) دربارۂ اجراء حدود گورنمنٹ کی سخت ممانعت ہے دریں صورت مجبوری رجم ترک کر کے مجرم ومجرمہ پر صرف کوڑے ہی لگائے جاویں ؟

(۹) کیا بصورت مجبوری کوڑے لگانا رجم کے قائم مقام ہوگا کیا اس طریق سے حد ساقط ہو جاتی ہے ؟

(۱۰) صرف رومال لپیٹ کر دُرے لگائے جاویں یا دیگر آلات سے اور درہ اصطلاح شرع میں کس کو کہتے ہیں ؟

الحاصل احقر بخدمت اقدس ملتجی ہے کہ ازراہِ کرم کُل سوالات کا جواب بالاستیعاب بروئے اصول ثلاثہ معہ حوالۂ کتب ودستخطی مہر جناب وغیرہم زیب رقم فرماویں کہ جملہ شبہات کا مطلب ذہن نشین ہو جاوے اور خلجان کلی رفع ہو اور کسی کو مجال دم زنی نہ ہو اگرچہ جرأت احقر موجب تضییع اوقات عزیز آنجناب ہے معہذا بندہ عرض پرداز ہے کہ ازراہِ بندہ نوازی ہمہ امور تمامتر قوی سند کے ساتھ کہ کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ ہو قلمبند فرما کر ممنون فرماویں ۔ امید کہ آنجناب اپنی سعی بلیغ مبذول فرما کر بمجرد جوابات سے سرفراز وممتاز فرمائیں گے ۔

الجواب ؛ دُرے لگانے کا حق عوام کو نہیں بلکہ امام کو ہے اور ہندوستان میں

امام نہیں البتہ اگر پنچایت کو گورنمنٹ کی طرف سے سزائے بید کا اختیار حاصل ہو تو جرائم پیشہ لوگوں کو سزائے بید دے سکتے ہیں جس کے لئے شرط یہ ہے کہ ۳۹ بید سے زیادہ نہ مارے جائیں باقی اس نکاح کے متعلق چند امور تنقیح طلب ہیں ان کا جواب دیا جائے ۔

(۱) ہندہ زید کے دعوے کو صحیح کہتی ہے یا غلط بتلاتی ہے ؟

(۲) زید ہندہ کا ہم کفو ہے یا نہیں یعنی نسباً دونوں میں کفاءت ہے یا نہیں ؟

(۳) زید اور ہندہ نکاح کے شاہد جن لوگوں کو ظاہر کرتے ہیں وہ شاہدین ان کے دعوے نکاح کی تصدیق کرتے ہیں یا نہیں ، ہندہ بالغہ ہے یا نہیں ، عمر کیا ہے ؟ ان تنقیحات کے جواب کے بعد سوال کیا جائے تو جواب ملے گا یہ پرچہ پھر واپس کیا جائے فقط ۔

۱۵ صفر ۴۵ھ ۔

مولانا ! السلام علیکم ؛ اما بعد ہر چہار امور تنقیح طلب کا جواب حتی الامکان عرض کیا جاتا ہے :

امر اول ۔ ہندہ دعوی زید کی تکذیب کرتی اور غلط بتلاتی ہے ۔

امر دوم ۔ ہندہ تو اہل سادات سے ہے مگر زید کا نسب نامعلوم ۔ سادات سے تو نہیں مگر شیخ یا پٹھان خاندان سے ہوگا نیز باعتبار حرفت زید میں کوئی رذالت پائی نہیں جاتی غالباً زید ہندہ کا ہم کفو ہوگا ۔

امر سوم ۔ شاہدین کا پتہ نہیں ، نہیں معلوم کہ شاہدین نکاح کون ہیں زید کا جو دعویٰ ہے عدالتی نہیں ۔ چونکہ زید نے اپنا دعویٰ عدالت میں دائر نہیں کیا ہے صرف تخویفاً لوگوں میں ظاہر کر رہا ہے کہ ہندہ میری منکوحہ ہے حامد کے ساتھ نکاح ہونے کے بعد دعویٰ دائر کروں گا ، نہیں معلوم کہ یہ دعویٰ کہاں تک راست ودرست ہے اور کہاں تک دروغ ۔ چونکہ معاملہ سراسر تصدیق طلب ہے ۔ غرض زید کا دعویٰ ہے کہ جس مقام میں نکاح کیا ہوں وہاں پر شاہدین موجود ہیں بعد نکاح حامد بعدالت دعویٰ دائر کروں گا ۔

امر چہارم ۔ ہندہ بالغہ ہے اور عمر میں چودہ سالہ ہے ۔

امید کہ آنجناب جملہ سوالات کا جواب مفصل زیب رقم فرما کر ممنون فرمائیں گے ۔

الجواب ؛ جب ہندہ نکاح سے منکر ہے اور زید کے پاس وہ گواہ نہیں جو نکاح کی شہادت دیں تو محض اس کی افواہ اور تخویف سے نکاح کا ثبوت نہیں ہو سکتا ورنہ ہر شخص

دعوی کردیا کرے گا کہ میرا نکاح فلاں عورت سے ہو چکا ہے، دعوی بلا دلیل و بلا بینہ رد ہے۔
البتہ اگر زید کے دعوے سے ولی ہندہ کو تردد ہو گیا ہو تو وہ ہندہ سے قسم وغیرہ لیکر اپنا اطمینان قلب کر کے ہندہ کا نکاح حامد سے کرے بدون اطمینان قلب کے ایسا نہ کرے۔ رہا یہ کہ زید بعد میں عدالتی دعوے کی دھمکی دے رہا ہے تو اس دھمکی کا قانونی بچاؤ قانون دان لوگوں سے معلوم کرے۔

نوٹ: سائل نے زید کی نسبی حالت کو بالکل گول مول ظاہر کیا ہے کہ شیخ ہوگا یا پٹھان اُس کو لازم ہے کہ ایک بات تحقیق کے ساتھ معین کر کے لکھے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔
یکم ربیع ۴۸ھ۔

نکاح سِرّی کی تعریف اور اس کا حکم

سوال (۳۰) تعریف نکاح سِرّی چیست و حکم آن چیست اگر شخصے نزد دو گواہان معتبر در خلوت باز نے ایجاب و قبول ساخت آیا حکم ایں نکاح سِرّی شد یا جہری؟

الجواب؛ نکاح سِرّ کہ ممنوع و باطل است آن است کہ در و شاہدین علاوہ ناکح و منکوحہ نباشند و اگر شاہدین یا شہود حاضر باشند ایں چنیں نکاح نکاحِ سِرّ باطل نباشد، اما خالی از کراہت نباشد لان السنة فی النکاح الاعلان ولذا شرع له الدف ونحوه وفی الحدیث الفرق بین الحلال والحرام الدف ولان فیه القاء نفسه فی التهمة ویتهمه بالزنا من لم یعلم بالنکاح وفی الحدیث اتقوا مواضع التهم، واللہ اعلم۔
۱۸ر ج ۱ ۴۸ھ۔

حُرّہ عورت کو خریدنا اور اپنے ساتھ اس کا نکاح کرنا

سوال (۳۱) کسی عورت کو روپیہ سے خرید کر کے اس کا اپنے ساتھ نکاح کرنا شرع کی رو سے جائز ہے یا ناجائز؟ امید کہ حضور والا اس سوال کے جواب مبارک سے مشرف فرمادیں گے۔

الجواب؛ آزاد عورت کو روپیہ سے خریدنا حرام ہے جائز نہیں اور اس سے جبراً نکاح کرنا حرام ہے اگر وہ اپنی خوشی سے نکاح کرنا چاہے تو نکاح درست ہو سکتا ہے خریدنے کے دباؤ سے ہرگز درست نہ ہوگا اور خریدنے کے گناہ سے توبہ کرنا لازم ہے، واللہ اعلم۔
۱۸ر رجب ۴۸ھ۔

چار بیویوں میں سے ایک کا انتقال ہو جائے تو دوسری عورت سے بلا کسی مدت کے انتظار کے نکاح جائز ہے

سوال (۳۲) زید کی چار بیبیاں تھیں ان میں سے ایک انتقال کر گئی وہ دوسری ایک عورت سے بلا درنگ نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ ہاں کر سکتا ہے کیونکہ مرد کے ذمہ عدت نہیں۔

لونڈی سے کراہت نکاح کی وجہ

سوال (۳۳) لونڈی سے کراہت نکاح کی منجملہ وجوہ کراہت سے ایک یہ بھی مرقوم ہے کہ لونڈی غیر کی مملوک ہے اگر کسی وقت شوہر اس کو اپنے پاس رکھنا چاہے اور اس وقت مالک اس سے خدمت لینا چاہے تو ضرور بے لطفی ہوگی اس خدمت سے صحبت کرنا مراد ہے یا اور کچھ؟

الجواب؛ خدمت سے مراد علاوہ استمتاع کے ہے فی الدر (ومن عرسه امته الحلال) له وطوها فخرج المجوسية والمكاتبة والمشتركة و منكوحة الغير الخ شامی ص ۳۰۲ ج ۵۔ کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ۔

جب عورت مجلس نکاح میں موجود ہو تو شاہدوں کو نام وغیرہ بتلانا ضروری نہیں ہے

سوال (۳۴) ایک عورت برقعہ پوش تنہا دو مرد گواہوں کے سامنے کھڑی ہے اور گواہوں کو اس کا مطلق علم نہیں ہے کہ یہ کون ہے اور کہاں رہتی ہے صرف اتنا معلوم ہے کہ کوئی عورت ہے اس صورت میں۔ مرد ثالث جو عورت مذکورہ سے نکاح کرنا چاہتا ہے یہ کہے کہ کیا مجھ سے تجھے نکاح منظور ہے؟ عورت جواب دیتی ہے مجھے قبول ہے یا قبول کیا تو کیا از روئے شرع نکاح ہو گیا؟

(۲) صورت سابقہ میں اگر مرد گواہوں سے عورت مذکور کا پتہ بالکل ندے تو کس طرح ہے؟

(۳) اگر مرد عورت مذکورہ کا پتہ اس طرح جھوٹ بتلائے مثلاً گواہوں سے کہدے کہ یہ عورت اجمیر رہتی ہے اور اجمیر سے آئی ہے اور میں اس سے نکاح کرتا ہوں حالانکہ دراصل وہ عورت جودھپور کی ہے اس کا جواب بھی لکھیں؟

الجواب؛ جب عورت سامنے موجود ہے تو شاہدوں کو اس کا نام وغیرہ بتلانا ضروری نہیں پس ہر سہ صورت میں نکاح صحیح ہو جاتا ہے کما فی العالمگیریة ص ۲ ج ۲ وان کانت حاضرة متنقبة ولا یعرفها الشهود جاز النکاح وهو الصحیح۔ کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ۔
۱۰ر رمضان شریف ۴۵ھ۔

(یہاں تک کے کل جوابات حضرت مولانا صاحب مدظلہم نے بھی التزاماً ملاحظہ فرمائے ہیں) (باقی صفحہ آئندہ پر)

Made searchable using ScribeTools.com

ولی کی طرف اضافت کی ایک صورت کا حکم

سوال (۳۵) ایک نکاح خوان نے مجلس نکاح میں لڑکی کے باپ سے کہا کہ تو نے اپنی لڑکی سکینہ اس عبداللہ کے ساتھ نکاح کے لئے دی ہے اس کے لڑکے شریف اللہ کے لئے۔ لڑکی کے باپ نے کہا دی ہے شریف اللہ کے لئے۔ پھر نکاح خوان نے عبداللہ کو کہا تو نے قبول کی ہے اپنے لڑکے شریف اللہ کے لئے؟ وہ بولا میں نے قبول کی ہے شریف اللہ کے لئے۔ نکاح خوان نے اضافت نکاح کی عبداللہ کی طرف کی ہے اور لڑکی کے باپ نے نہیں کی تو اعتبار نکاح خوان کے الفاظ کا ہوگا اور لڑکی کے باپ کے الفاظ بھی ان کے ساتھ مفید ہوں گے اور نکاح خود عبداللہ کا منعقد ہو جائے گا نہ اس کے لڑکے شریف اللہ کا کما قال الشامی وبقی ایضا قولہم زوجتک بنتی لابنک فیقول قبلت ویظہر لی انہ ینعقد للاب لاسناد التزویج وقول ابی البنت لابنک معناہ لاجل ابنک فلا یفید وکذا لو قال الآخر قبلت لابنی لا یفید ایضا۔ یا اعتبار لڑکی کے باپ کے الفاظ کا ہوگا اور نکاح عبداللہ کے لڑکے شریف اللہ کا منعقد ہوگا نہ عبداللہ کا۔ کما قال الشامی نعم لو قال اعطیتک بنتی لابنک فیقول قبلت فالظاہر انہ ینعقد للابن لان قولہ اعطیتک بنتی لابنک معناہ فی العرف اعطیتک بنتی زوجۃ لابنک وھذا المعنی وان کان ھو المراد عرفا من قولہم زوجتک بنتی لابنک لکنہ لا یساعدہ اللفظ کما علمت والنیۃ وحدھا لا تنفع کما مر واللہ سبحانہ اعلم۔

حاصل سوال یہ ہے کہ نکاح بطریقہ مذکورہ عبداللہ کا ہوا ہے یا اس کے لڑکے شریف اللہ کا؟ بینوا الوجہ اللہ العظیم فانہ یجزی بمغفرۃ ورزق کریم

الجواب؛ صورت مسئولہ میں شریف اللہ کا نکاح صحیح ہو گیا ہے اور نکاح خوان کے کلام

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اس سے آگے حضرت والا نے فرصت نہ ہونے کے باعث التزام ترک فرمادیا صرف استاذی المکرم جناب مولوی ظفر احمد صاحب التزاماً ملاحظہ کرنے لگے۔ ۱۲ منہ

البتہ کوئی جواب مولانا مظلہ کی تحقیق کے خلاف نہیں لکھا جاتا بلکہ جو نیا سوال ہو اوس کو زبانی دریافت کرکے لکھا جاتا ہے اور کہیں کہیں ملاحظہ کی نوبت آتی ہے تو وہاں تصریحاً اس کو ظاہر کر دیا جاتا ہے۔ یعنی حضرت والا دستخط ثبت فرما دیتے ہیں۔ ۱۲ احقر عبدالکریم عفی عنہ۔

۱۲ رمضان ۴۸ھ۔

میں جو ساتھ نکاح کے واقع ہے وہ شریف اللہ سے متعلق کہا جاوے گا پس زوجتک بنتی لابنک پر اس کا قیاس کرنا صحیح نہیں ہے کما لا یخفی ونیز اس استفہام کو تو ایجاب نہیں کہہ سکتے بلکہ ایجاب وہ ہے جو ولی نے کہا ہے اور ولی کے قول میں عبداللہ کے نکاح کا احتمال ہی نہیں اور رہا یہ شبہ وکذا لو قال الآخر قبلت لابنی لا یفید ایضا معلوم ہوتا ہے کہ قول اول کا اعتبار ہوتا ہے سو اس کا جواب یہ ہے کہ قول اول سے مراد ایجاب ہے قبول ایجاب کے تابع ہوگا قول ولی کو قول نکاح خوان کے تابع کرنا کسی طرح صحیح نہیں ہے، واللہ اعلم۔ احقر عبدالکریم عفی عنہ۔

الجواب صحیح۔

ظفر احمد عفا عنہ، ۲۱ ذی الحجہ ۴۸ھ۔

مسئلہ نکاح

سوال (۳۶) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کی بارات مسماۃ ہندہ سے نکاح کرنے کے لئے گئی عقد کے وقت زید کے ولی سے دریافت کیا گیا کہ زید بالغ ہے یا نابالغ تو زید کے ولی نے کہا کہ نابالغ ہے اس کے بعد پوچھا گیا کہ زید کا باپ کہاں ہے تو معلوم ہوا کہ زید کا باپ نہیں آیا ہے بلکہ اس نے ایک شخص کو یعنی بکر کو اپنا قائم مقام بنا کر بھیجا ہے تب بکر سے دریافت کیا گیا کہ تم کو زید کے باپ نے اپنا قائم مقام بنایا ہے تو بکر نے کہا کہ ہاں ہم کو اس کے باپ نے اپنا قائم مقام بنایا ہے اس کے بعد لڑکی والوں کی طرف سے دین مہر مبلغ پانچسو روپیہ کہا گیا تو لڑکے کے ولی نے انکار کیا آخرکار بضد ہو کر مبلغ ۵۰۰ روپیہ دین مہر سے کم کرا دیا غرضیکہ مبلغ چار سو پچاس روپیہ دین مہر قرار پایا چونکہ لڑکے کو نابالغ کہا گیا تھا اس لئے لڑکے سے ایجاب وقبول نہیں کرایا گیا بلکہ اس کے باپ کے کیل یعنی بکر سے کرایا گیا بکر نے کہا کہ ہاں ہم اس لڑکے کے لئے قبول کرتے ہیں۔ زید جس کا عقد ہو رہا تھا اسی مجلس میں موجود تھا اور سب باتوں کو سن رہا تھا سب باتیں اس کے روبرو ہوئیں۔ بعد عقد لڑکی والوں نے باراتیوں کو کھانا وغیرہ کھلا دیا کھانے کے بعد بارات والوں نے بہت اصرار کیا کہ بیاہ کے ناجائز رسومات بھی ادا ہونے چاہئے مگر لڑکی والوں نے صاف انکار کر دیا۔ کہ ہم سے یہ نہیں ہو سکتا۔ کہ ہم ناجائز وقبیح رسومات ادا کریں آخرکار بارات والے مجبور ہو کر چپ ہو رہے۔ بعد نماز فجر لڑکی والوں نے بارات والوں کو خبر دیا کہ تم لوگ سواری منگاؤ اور لڑکی رخصت کرا لے جاؤ۔ تب بارات والوں نے کہا کہ ہم کو معلوم نہیں تھا کہ صبح کو رخصت ہوں گے اس لئے ہم اس وقت نہیں جا سکتے مگر لڑکے کے ولی نے زید کے روبرو کہا کہ اچھا ہم سواری منگاتے ہیں تو لڑکی رخصت کرا کے ہم لوگ اسی وقت چلے جائیں گے لڑکا یعنی زید یہ سب

باتیں بھی سُن رہا تھا کچھ دیر ہوگئی مگر سواری نہیں آئی تو لڑکے کے باپ آئے اور اظہار رنج وافسوس کیا کہ رات کو بیاہ کا رسم کیوں نہیں ادا ہوا اور صبح کو کیوں رخصت کرتے ہیں۔ جب تک سسرال والوں نے جہیز برتن نقد روپیہ جو کچھ دینا تھا وکیل کے سپرد کر دیا۔ لڑکے کے باپ اور بکر جو وکیل باپ کی طرف سے تھا۔ سبھوں نے اس جہیز کو منظور کر کے لے لیا۔ اور بارات واپس لیکر گھر چلے آئے۔ اور چلتے وقت یہ کہا کہ سواری اس وقت کہیں چلی گئی ہے ہر وقت نہیں مل سکتی ہم شام کے وقت سواری بھیجکر لڑکی رخصت کرالیں گے۔ لڑکی والے نے شام تک انتظار کیا مگر سواری نہیں آئی قریب چار بجے آدمی جاتا ہے کہ جلد سواری بھیجو چنانچہ اسی وقت لڑکی کے والد سواری والوں کے پاس گئے کہ تم لوگ سواری لے جاؤ مگر اس وقت بھی سواری نہیں ملی اس کی چونکہ طبیعت اور منشاء کے مطابق نہ تو دونوں وقت لڑکی والے نے کھانا کھلایا۔ اور بیاہ کے رسومات ادا کئے اس لئے لڑکے کے گھر والوں کو اس کا افسوس تھا اس لئے یہ کہنے لگے کہ ابھی نکاح نہیں ہوا کیونکہ لڑکا بالغ ہے۔ اور لڑکے سے ایجاب وقبول نہیں کرایا گیا اس لئے ہم لوگ دوبارہ بارات لے جائیں گے۔ اور عقد کریں گے اور رسم ورسومات ادا کریں گے تب لڑکی کو رخصت کرائیں گے زید کے گھر والوں نے یہ سب باتیں اس روز شام تک اور بارات رخصت ہونے سے قبل کچھ نہیں کہا تھا کہ ابھی نکاح نہیں ہوا اس لئے ہم لوگ لڑکی رخصت نہیں کرائیں گے اور نہ لڑکے نے کچھ کہا بعد میں یہ سب تدبیریں رسم ادا کرنے کے لئے سوچی گئیں۔ تو کیا از روئے شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پہلا نکاح معتبر ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

تنقیحات

(۱) لڑکے کی عمر کیا ہے اور اس کی صورت سے آثار بلوغ ظاہر ہوتے ہیں یا نہیں؟

(۲) لڑکا یعنی زید اپنے کو بالغ کہتا ہے یا نابالغ؟

(۳) نکاح ہو جانے کے بعد زید سے ایسے افعال ظاہر ہوئے یا نہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ اس کے نزدیک نکاح ہو چکا مثلاً دوستوں نے نکاح کی مبارکباد دی ہو اور اس نے خوشی کا اظہار کیا ہو یا اور کوئی رسم نکاح کی ایجاب وقبول کے بعد کی گئی ہو اور اس میں اس نے حصہ لیا ہو؟

جواب تنقیح: (۱) لڑکے کی عمر سترہ اور اٹھارہ کے درمیان ہے۔

(۲) زید اپنے کو بالغ کہتا ہے۔

(۳) نکاح کے بعد زید نے لڑکی کی طرف سے انگوٹھی پہنا نکاح کا رومال کندھے پر رکھا اور نکاحانہ روپیہ لیا۔ جیسا کہ دستور ہے کہ نکاح ہو جانے کے بعد اسی مجلس میں دو ایک روپیہ

اور انگوٹھی و رومال دیا جاتا ہے اور نکاح کے بعد دوسرے روز دس بارہ رومال اور پندرہ بیس روپیہ نما مکر لڑکے کے ہاتھ میں دیا جاتا ہے ان سب رسم کو زید نے ادا کیا اور ان چیزوں کو منظور کیا۔

الجواب صورت مسئولہ میں چونکہ لڑکا بروقت نکاح بالغ تھا جیسا کہ جواب تنقیح میں اس کی عمر سترہ اٹھارہ سال کے درمیان بتلائی گئی ہے اور لڑکے نے نکاح کے بعد ایسے افعال کئے جو اجازت نکاح پر دال تھے مثلاً انگوٹھی پہننا اور نکاحانہ لینا اور سلامی کے روپیہ لینا لہٰذا گو اس نے زبان سے ایجاب وقبول نہیں کیا مگر عملاً نکاح کو نافذ کر دیا ہے لہٰذا یہ نکاح نافذ و کامل ہو چکا اب لڑکے والوں کا یہ کہنا کہ نکاح نہیں ہوا ہم دوبارہ بارات لے جائیں گے غلط ہے واللہ اعلم۔

۱۷ محرم ۴۹ھ۔

فصل فی المحرمات

ممانی اور چچی سے نکاح جائز ہے

سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اہلسنت والجماعت اس امر میں کہ سگی ممانی اور سگی چچی سے نکاح جائز ہے یا کہ ناجائز موافق حکم شرع کے ارشاد فرماویں؟

الجواب؛ سگی ممانی اور سگی چچی سے نکاح بعد گذرنے عدت کے جائز ہے۔

۳ ذیحجہ ۴۰ھ۔

ولد زانی کا مزنیہ کی بیٹی سے نکاح کی ایک صورت

سوال (۲) زنی بعد از مطلقہ شدن وعدت گذاردن کوچہ گرد شد تعلق ناجائز با چند کسان می داشت ازیں تعلق اورا دختری زائید بعد از زائیدنش بہ یکی از تعلق داران پیشین نکاح کرد اکنون نامحرمی خواہد کہ نکاح پسر بالغ خود بہمین مولودہ بالغہ کہ در ایام بدکاری زائیدہ است کند شرعاً می توان شد و یا نہ در مختار صفحہ ۲۸۴ حرم علی المتزوج ذکراً کان او انثی نکاح اصلہ وفرعہ علا او نزل وبنت اخیہ واختہ وبنتہا ولو من زنا (رد المحتار) ای بان یزنی الزانی ببکر ویمسکہا حتی تلد منہ بحر عن الفتح قال الحانوتی ولا یتصور کونہا ابنۃ من الزنا الا بذلک اذ لا یعلم کون الولد منہ الا بہ اھ ای لانہ لو لم یمسکہا یحتمل ان غیرہ زنی بہا لعدم الفراش النافی لذلک الاحتمال۔ ازیں عبارت جواز مفہوم می شود چرا کہ در صورت مسئولہ بکارۃ وامساک منتفی است (رد المحتار ۲۸۷) قال فی البحر اراد بجہۃ المصاہرۃ المحرمات الاربع حرمۃ المرأۃ علی اصول الزانی وفرعہ

Made searchable using ScribeTools.com

نسباً ورضاعاً وحرمة اصولها وفروعها على الزانی نسباً ورضاعاً كما فی الوطی الحلال ويحل لاصول الزانی وفروعه اصول المزنی بها وفروعها۔

ازاینجا ہم جواز فہمیدہ می شود آنچہ حکم شرع است ازو آگاہ فرمائید؟

الجواب؛ درصورت مسئولہ مذکورہ نکاح پسر بالغ ناکح بامولودۂ منکوحۂ اوکہ درایام بکاری زائیدہ است جائز نیست کہ خلاف احتیاط است قال الشامی بعد العبارة المذکورة فی السوال (تنبیه) ذکر فی البحر انه دخل بنت الملاعنة ایضاً فلها حکم البنت هنا لانه سبیل من ان یکذب نفسه ویدعیها فیثبت نسبها منه کما فی الفتح قال وقدمنا فی باب المصرف عن المعراج ان ولد ام الولد الذی نفاه لایجوز دفع الزکاة الیه ومقتضاه ثبوت البنتیة فیما یبنی علی الاحتیاط فلا یجوز لولده ان یتزوجها لانها اخته احتیاطا ویتوقف علی نقل اھ (ص ۴۵۴ ج ۲)۔

قلت والاحتیاط فی باب الفروج لازم فما قاله فی الفتح والمعراج لاتخالفه القواعد ومقتضاه ماقاله فی البحر[عه] من ثبوت البنتیة فیما مبناه علی الاحتیاط فیلزم الاخذ به احتیاطاً۔

(تنقید) قال الشیخ قیاسه علی بنت الملاعنة قیاس مع الفارق۔

قلت ولما اقتی المسئلة علی حکم بنت الملاعنة وولد ام الولد الذی نفاه بل بنیت الجواب علی قول البحر بعده ومقتضاه ثبوت البنتیة فیما یبنی علی الاحتیاط (معناه فی امور مبناها علی الاحتیاط کباب الفروج حیث فرع علیه بقوله) فلا یجوز لولده ان یتزوجها لانها اخته احتیاطاً اھ وهذا القول بعمومه یوجب ثبوت البنتیة فی الصورة المسئولة احتیاطاً واما قوله وتتوقف علی نقل فالجواب عنه ان هذا الحکم الکلی بهذا

عه واستدلال سائل بعبارت بحر مفید نیست فان معنی قوله ویحل لاصول الزانی وفروعه اصول المزنی بها وفروعها۔ ای الاصول والفروع التی هی اصول وفروع للمزنی بها فقط ودلیل ذلك قوله کما فی الوطی الحلال بعد ذلك وفی الصورة المسئولة بنت المزنی بها فیها شبهة کونها بنت الاب ومخلوقة من مائه ایضاً فافترقا ۱۲ ظ

اللفظ وان لم نره منقولاً ولکن احتیاط الائمة فی باب الفروج تفیده کیف لا وظاهر الروایة ان الوطی فی الدبر لایوجب حرمة المصاهرة وکذلك لو افضاها لعدم تیقن کونه فی الفرج مالم تحبل منه ذکره فی الدر (۲ ج ۴۶۱) ولکن فی حاشیة الاشباه للحموی اقول ذکر شمس الاسلام انه یفتی بالحرمة احتیاطا اخذا بقول بعض المشائخ انتهی وهو لطیف حسن اذ لایکون الوطئ فی الدبر ادنی حالا من مسه وهو تثبت به الحرمة فلان تثبت به اولی اذ فیه مس وزیادة اھ (ص ۳۵۷) واما فی الافضاء فقد ذکر فی الفتح عن ابی یوسف رح قال اکرهه له الام والبنت وقال محمد التنزه احب الی اھ (ص ۳۷ ج ۳) وفی کل ذلك دلیل علی غایة الاحتیاط فی هذا الباب ولایخفی ان بنت المزنیة التی لم یمسکها الزانی عن غیره وان لم تتیقن بکونها مخلوقة من مائه ولکن فیها شبهة ذلك حتما فثبت مزنیة الرجل فی صورة السوال اخت ولده احتیاطاً واللہ تعالیٰ اعلم۔ حررہ الاحقر ظفر احمد عفا عنه۔

۲۱ محرم ۴۵ھ۔

(خلاصۂ) کلام این ست کہ بمقتضائے کلام آن مشائخ کہ قیدا مساک مزنیہ افزوداند بدون امساک ثبوت بنتیتِ دخترش از زانی بعید است و مقتضائے تنبیہ شامی آنست کہ بدون امساک هم ثبوت بنتیت بعید نیست بلکہ بنا بر احتیاط این احتمال هم قریب است و در باب احتیاط احتمالات قریبہ معتبر و احتمالات بعیدہ غیر معتبر است پس کسیکہ بدون امساک هم ثبوت بنتیت را بعید نشمارد فتویٰ بعدم جواز خواهد داد و رجحان احقر کاتب حروف بہمین جانب ست۔ امارجحان خاطرِ حضرت حکیم الامة دام مجدہم بسوء جواز نکاح پسر زانی باین دختر زانیہ است بمقتضائے عبارت مذکورۂ سوال گو بنا بر تنزہ و احتیاط ازیں نکاح احتراز نزد ایشان هم اولی ست فقط۔ ۲۲ محرم ۴۵ھ۔

بھتیجے کی بیوہ سے نکاح جائز ہے

سوال (۲) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کے بھتیجے کا انتقال ہوگیا اس نے زوجہ چھوڑی اس شخص کی عورت بیوہ یعنی بھتیجے کی زوجہ سے عقد جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ اگر بھتیجے کی بیوہ سے اس شخص کی اور کوئی قرابت محرمہ نہو مثلاً وہ بیوہ خود

Made Searchable by ScribeTools.com

اس کی بھتیجی اور بھانجی نہو تو محض بھتیجے کی بیوی ہونے سے وہ اس پر حرام نہوگی بلکہ اس سے نکاح درست ہے بشرطیکہ بیوہ دل سے راضی ہو اس پر کسی قسم کا جبر نہ کیا جائے جیسا کہ بعض قوموں میں رواج ہے کہ ان کے خاندان میں کوئی عورت بیوہ ہوجائے تو وہ اپنے اختیار سے خود اپنا نکاح نہیں کرسکتی بلکہ خاوند کے خاندان والے جہاں چاہیں نکاح کردیتے ہیں چاہے بیوہ راضی ہو یا نہ ہو۔ اور اگر یہ بھتیجے کی بیوہ اس شخص کے ساتھ قرابت محرمہ بھی رکھتی ہے یعنی وہ بھی اس کی بھتیجی یا بھانجی ہے تو اس سے نکاح نہیں ہوسکتا واللہ اعلم۔ ۲۴ر ۲ر ۴۵ھ۔

جمع بین الاختین کے متعلق ایک استفتاء کا جواب

سوال (۴) خالد نے ایک نکاح کیا زینب بنت بکر کے ساتھ بعد فوت ہونے بکر کے بی بی اس کی نکاح ثانی کیا ساتھ زید کے اور زید سے ایک لڑکی پیدا ہوئی ہندہ نامی لیکن جس روز لڑکی پیدا ہوئی اسی روز مادرِ مختر انتقال کرگئی اور مطلق دودھ اپنی ماں کا پیا نہیں بلکہ غیر کے دودھ سے پرورش پاکر بالغ ہوئی اور نکاح اس کا ساتھ ایک دوسرے شخص کے ہوا تھا لیکن شوہر کے انتقال ہونے کے بعد قریب تین ۳ سال تک بیوہ رہی اب وہی خالد مذکور جو شوہر زینب کا ہے اس کے ساتھ نکاح کیا نکاح صحیح ہوگا یا نہیں۔ آیۃ ان تجمعوا بین الاختین سے ثابت ہوتا ہے کہ حرام ہے اور رضاعت کی شرط ہے کہ نہیں اخیافی میں؟ فقط والسلام۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں ہندہ چونکہ زینب کی اخیافی بہن ہے اس لئے خالد کو زینب کے ساتھ ہندہ کا جمع کرنا جائز نہیں وان تجمعوا بین الاختین میں اخت عینی وعلاتی واخیافی سب مراد ہیں جیسا کہ واخواتکم میں۔

اور جب وہ نسب کے اعتبار سے بہن ہے تو رضاع کی کیا ضرورت جیسا کہ حقیقی بہن اگر اپنی ماں کا دودھ نہ پئے تب بھی وہ بہن ہے۔ عبد الکریم عفی عنہ۔

الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ۔ ۱۰ر شوال ۴۵ھ۔

دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے

سوال (۵) بکر کی دو بیٹی ہیں ایک کو زید کے ساتھ بیاہ کردیا بعد دو چار برس کے زید نے دوسری بیٹی کو بھی نکاح کرلیا پس دونوں میں ایک ساتھ نکاح کرنا حرام ہے کیا؟ دونوں حرام ہوگا؟ اور پہلی عورت کے بطن سے جو لڑکی پیدا ہوئی ہے کیا وہ حرامی ہوگی؟

الجواب؛ زید نے جب اپنی سالی سے نکاح کرلیا تو وہ نکاح تو باطل ہوا لیکن جو بہن

زید کی پہلے سے بیوی ہے اس کا نکاح باقی ہے اور وہ بدستور حلال ہے لیکن اگر زید دوسری منکوحہ سے وطی کرچکا ہے تو پہلی منکوحہ سے بھی وطی حرام ہے یہانتک کہ دوسری کو جدا کردے اور اس کی عدت گذر جاوے پس ہر حال میں لازم ہے کہ دوسری منکوحہ کو الگ کردے اور اگر اس سے صحبت ہوچکی ہے تو اس کی عدت ختم ہونے تک اپنی بیوی سے بھی ہمبستر نہ ہو کما فی الدر المختار (وان تزوجهما معًا) ای الاختین او من بمعناهما (او بعقدتین ونسی) النکاح الاول فرق القاضی (بینه وبینها) وقال الشامی تحت قوله (ونسی الاول) فلو علم فهو الصحیح والثانی باطل وله وطئ الاولی الا ان یطأ الثانیة فتحرم الاولی الی انقضاء عدة الثانیة کما لو وطی اخت امرأته بشبهة حیث تحرم امرأته مالم تنقض عدة ذات الشبهة ۲ عن البحر (ص ۲۷۴ ج ۲)۔ اور تفریق کی صورت یہ ہے کہ طلاق دیدے یا زبان سے کہدے کہ میں نے تجھ کو الگ کردیا اور اگر ہم بستری نہیں ہوئی تو فقط علیحدہ ہوجانا بھی کافی ہے زبان سے کچھ کہنا ضروری نہیں اور کسی حال میں قضاء قاضی شرط نہیں ہے بلکہ عورت خود بھی علیحدہ ہوسکتی ہے چاہے مرد الگ کرے یا نہ کرے کما فی تنویر الابصار ومبدأها بعد التفریق او اظهار العزم علی ترک وطئها وفی الدر تحته بان یقول بلسانه ترکتك ونحوه ومنه الطلاق وانکار النکاح لو بحضرتها والا لا، لا مجرد العزم لو مدخولة والا فیکفی تفرق الابدان وقال الشامی تحت قول الدر (العزم) من الزوج قال فی البحر ورجحنا فی باب المهر انها تکون من المرأة ایضًا (ص ۷۰۰ ج ۲)

زانی کی اولاد کا نکاح فروع مزنیہ سے جائز ہے

سوال (۶) ایک شخص ایک عورت سے بحالت باکرہ وعروسی زن بدفعلی کرتا رہا ہے دونوں کا نکاح غیر مرد غیر عورت سے ہوگیا ہے اور ان کی اولاد پیدا ہوئی کچھ عرصہ بعد عورت مذکورہ کا خاوند فوت ہوگیا اسی عورت نے اسی مرد مذکور جس کے ساتھ زنا کرتی رہی ہے نکاح کربیٹھی، آیا! اب مرد کی اولاد سے اور اس عورت کی اولاد میں نکاح درست ہوسکتا ہے۔

الجواب؛ اس مرد کی اولاد کا نکاح اس عورت کی اولاد سے جائز ہے فی الشامی عن البحر ویحل لاصول الزانی وفروعه اصول المزنی بها وفروعها اھ

Made searchable using ScribeTools.com

وقال الشامی مثله ماقدمناه قریبا عن القهستانی عن النظم وغیره وقوله یحل ای کما یحل ذلك بالوطی الحلال (ص ۴۵۸ ج ۲).

ایضاً

سوال (۷) "ق" نامی ایک مرد دوسرے "ل" مرد کی عورت سے بدکاری کرتا تھا "ق" کے مرنے کے بعد اس کی عورت "ق" کی فرزند کی "ل" کی دختر سے شادی کرادیا ہے یعنی زانی مرد کا بیٹا اور مزنیہ کی بیٹی یہ آپس میں شادی کرائی گئی ہے اب یہ نکاح درست ہے یا نہیں اور وہ آپس میں مرد و عورت ہوکر رہیں یا نہ رہیں؟

الجواب؛ زانی کے بیٹے کا نکاح مزنیہ کی دختر کے ساتھ جائز ہے کما فی الشامی ص ۴۵۸ ج ۲ نا قلا عن البحر ویحل لاصول الزانی وفروعه اصول المزنی بها وفروعها ومثله ماقدمناه قریبا عن القهستانی عن النظم وغیره و قوله ویحل الخ ای کما یحل ذلك بالوطی الحلال الخ

عبدالکریم عفی عنہ۔ ۲۹ رجمادی الثانی ۴۲ھ۔

سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح جائز ہے

سوال (۸) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح جائز ہے یا نہیں یعنی سوتیلی ماں ہو اور اس اپنی سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح کرسکتا ہے مفصل جواب تحریر فرمادیں؟

الجواب؛ سوتیلی ماں یعنی باپ کی وہ بیوی جو اپنی ماں نہیں ہے اس شخص پر اس لئے حرام ہے کہ وہ موطوءۃ الاب ہے اور سوتیلی ماں کی بہن میں یہ علت نہیں اس لئے سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح جائز ہے۔ ۲۲ رمضان شریف ۴۵ھ۔

سالی سے بیوی کے انتقال کے فوراً بعد نکاح جائز ہے یا اس کے لئے کسی خاص وقفہ کی ضرورت ہے

سوال (۹) یہاں علماء دین ایک مسئلہ میں مختلف جھگڑ رہے ہیں مسئلہ یہ ہے کہ زوجہ مرنے کے بعد زوجہ کی بہن نکاح کرنے میں مرد کو عدت پالنا ہوگا یا نہیں اور عدت کے اندر یا بعد ایک دن کے زوجہ کی بہن کے ساتھ نکاح جائز ہے یا نہیں اور کتاب شامی میں یہ عبارت تحریر ہے ماتت امرأته له التزوج باختها بعد یوم من موتها کما فی الخلاصة عن الاصل وکذا فی المبسوط لصدر الاسلام والمحیط للسرخسی والبحر والتتارخانیة، اور اس کے نیچے پھر یہ عبارت لکھا واما ماعزی الی التتف من وجوب العدة لا یعتمد علیه والتفصیل فی کتابنا تنقیح الحامدیة۔

اور دوسری کتاب فتاوی برھنہ میں یہ عبارت لکھا:

اما بعد وفاتِ زوج نکاح با خواہر او برونے روا نیست ہمچنیں خامسہ بعد از مردن رابعہ۔

پس اس عبارت کے موافق عدت وجوب ہوگا یا نہیں فتوی وجوب پر یا غیر وجوب پر مع حوالہ عبارات کتب فیصلہ فرماویں! اجر دارین یابند۔

الجواب؛ قال فی تنقیح الفتاوی الحامدیة سئل فی رجل مات زوجته المدخول بها ولها اخت فهل له تزوج اختها بعد موتها یوم الجواب، نعم کما فی الخلاصة عن الاصل للامام محمدؒ وکما فی المبسوط لصدر الاسلام کما نقله عنه القهستانی والمحیط للامام السرخسی والبحر والتتارخانیه عن السراجیة وفتاوی الانقروی وقدری أفندی و مؤید زاده ومجمع الفتاوی وصرة الفتاوی ومجمع المنتخبات و غیرها من الکتب المعتبرة واما ماعزی الی التتف من وجوب العدة علیه فلا یعتمد علیه وکتب تحت الجواب ماصورته قلت ؎

لعمرك ما کل النقول صحائح ولا کل خل فی المودة ناصح
علیك باقواها دلیلاً وماخذا وماهو فی الکتب الشهیرة راجح
ولا تعتمد الا مدیقا مجربا۔ وکن حامداً لله فالامر واضح الخ

(ص ۱۸ ج ۱)

قلت والتقیید بیوم اتفاقی والا فالظاهر الجواز بعد موت زوجته معًا لان العلة انقطاع النکاح بینهما بالموت فلا یکون بذلك جامعًا بین الاختین نکاحًا والله اعلم۔

ان عبارات سے واضح ہے کہ زوجہ کے مرنے کے بعد عدت کے اندر یا موت کے ایک دن بعد اس کی بہن سے نکاح جائز ہے۔ ۷ رجب ۴۶ھ

سوتیلی والد کی بہن سے نکاح جائز ہے

سوال (۱۰) زید کی پہلی اہلیہ سے (جو فوت ہوچکی) ایک بالغ لڑکا بکر موجود ہے۔ کیا زید اپنی موجودہ دوسری منکوحہ کی حقیقی ہمشیرہ سے اپنے فرزند بکر کا عقد کرسکتا ہے؟ یعنی بکر کا نکاح اس کی سوتیلی خالہ سے ہوسکتا ہے یا نہیں

الجواب؛ ہاں بکر کا نکاح اس کی سوتیلی خالہ سے جو اس کی سوتیلی ماں کی بہن ہے جائز ہے

فان اخت الموطوءۃ للاب لیس لھا ذکر فی المحرمات واللہ اعلم

اپنے بیٹے کی بیوی کی بہن سے نکاح جائز ہے

سوال (۱۱) زید کی دو لڑکیاں ہیں۔ بکر نکاح کرنا چاہتا ہے ایک کو اور ایک اپنے فرزند سے کیا باپ بیٹے دونوں زید کے دو لڑکیوں سے نکاح کر سکتے ہیں یا نہیں مطلع کریں؟

الجواب؛ یہ صورتِ نکاح جائز ہے۔ اس میں کچھ حرج نہیں کہ باپ اپنے بیٹے کی بیوی کی بہن سے نکاح کرلے فان اخت حلیلۃ الابن لیست من المحرمات فی شئ، واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲۰ر شعبان ۴۶ھ۔

ماں کے شوہر کی بیٹی سے نکاح جائز ہے

سوال (۱۲) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ بکر نے ہمراہ خدیجہ نکاح کیا چند مدت کے بعد بکر نے مسماۃ خدیجہ کو طلاق دے دی بعدہٗ بکر نے ہمراہ فاطمہ نکاح کیا اور خدیجہ نے بعد انقضائے عدت کے ہمراہ عمر نکاح کیا۔ بکر کے بطنِ فاطمہ سے ایک لڑکی عائشہ پیدا ہوئی اور عمر کا بطن خدیجہ سے ایک لڑکا مسمی ولید پیدا ہوا تو کیا صورت متذکرہ بالا میں بروئے شرع محمدی کے ولید کے نکاح میں مسماۃ عائشہ آسکتی ہے یا نہ بینوا بالصفحۃ والکتاب توجروا عند الوھاب؟

تنقیح:۔ بکر اور عمر اور خدیجہ اور فاطمہ میں باہم کیا قرابت ہے اگر کوئی قرابت نہیں تو اسی کو ظاہر کیا جائے سوال ناتمام ہے اس لئے جواب نہیں دیا جا سکتا فقط۔ ۱۰ر ج ۴۷ھ۔

الجواب عن التنقیح:۔ بکر اور عمر اور خدیجہ اور فاطمہ میں کوئی اور قرابت نہیں صرف یہ کہ خدیجہ پہلے بکر کے زوجہ تھی بعدہٗ خدیجہ کو بکر نے طلاق دیدی بعد انقضائے مدت کے خدیجہ نے نکاح ثانی ہمراہ عمر کیا تھا اور بکر نے نکاح ہمراہ فاطمہ کیا دوسرے خاوند کے گھر مسماۃ خدیجہ کے ولید لڑکا پیدا ہوا اور بکر کے دوسری عورت مسماۃ فاطمہ سے عائشہ لڑکی پیدا ہوئی تو عائشہ اور ولید کا آپس میں نکاح ہو سکتا ہے یا نہ؟

الغرض صرف بکر اور خدیجہ کی قرابت سابقہ بطور زوجیت کے تھی اور کوئی قرابت نہیں والسلام مع الاکرام۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں عائشہ کا نکاح ولید کے ساتھ جائز ہے۔ کیونکہ یہ عائشہ اس ولید کی ماں کے شوہر کی بیٹی ہے اور وہ حرام نہیں، قال فی الدر: واما بنت

زوجۃ اختہ او ابنہ فحلال ام وفی رد المحتار: قال الخیر الرملی ولا تحرم بنت زوج الام ولا امہ ولا ام زوجۃ الاب ولا بنتھا ولا ام زوجۃ الابن ولا بنتھا ولا زوجۃ الربیب ولا زوجۃ الراب اھ (ص ۲۷۴۵۶) - ۲۳ر ج ۴۷ھ

سوتیلی ماں کی بہن سے نکاح جائز ہے

سوال (۱۳) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید و عمرو آپس میں علی الترتیب حقیقی باپ بیٹے ہیں نیز زید کی بیوی یعنی عمرو کی والدہ فوت ہو چکی ہے۔ اب زید اپنا نکاح ہندہ نامی عورت سے کر چکا ہے اور ہندہ کی حقیقی بہن کو اپنے لڑکے کی زوجیت میں دینا چاہتا ہے جو بعد نکاح ہو جانے کے ہندہ اور اس کی حقیقی بہن آپس میں ساس اور بہو ہو جاویں گی ایسی صورت میں شرع شریف کا کیا حکم ہے اس مسئلہ کا جواب باصواب مستند کتب کے حوالہ سے تحریر فرما کر ارسال فرماویں فقط بینوا توجروا۔

الجواب؛ یہ صورت جائز ہے کیونکہ باپ کی بیوی کی بہن محرمات میں سے نہیں ہے اس سے بیٹے کا نکاح درست ہے وجواز ذلک مما لا یخفی علی من لہ نظر فی الفقہ واللہ اعلم۔

بتاریخ ۲۴ر شوال ۴۷ھ۔

بیوی کے انتقال کے بعد فوراً اس کی بہن سے نکاح جائز ہے

سوال (۱۴) ماقولکم رحمکم اللہ .....

زید کی بی بی انتقال کر گئی اس کی بہن کے ساتھ فی الفور اس کا نکاح جائز ہے یا نہیں؟

الجواب؛ ہاں کر سکتا ہے (مرد کے ذمہ عدت کا انتظار طلاق اخت وطلاق رابعہ میں ہے موت اخت وموت رابعہ میں نہیں)۔

ساس کی سوتیلی ماں محرمات میں داخل نہیں ہے

سوال (۱۵) ساس کی سوتیلی ماں محرمات میں داخل ہے یا نہیں؟

الجواب؛ محرمات میں سے نہیں ہے جیسا کہ بیوی کی سوتیلی ماں حلال ہے فی العالمگیریۃ (ص ۲۷۸) ویجوز (الجمع) بین امراۃ وبنت زوجھا پس بیوی کی ماں اور نانی دادی حرام ہے اور بیوی کے باپ دادا نانا کی منکوحہ حرام نہیں ہے۔ فقط احقر عبد الکریم عفا عنہ۔

الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ، ۱۱ر ج ۲ ۴۵ھ

حکم نکاح دختر پسر اخت عینیہ وعلاتیہ واخیافیہ

سوال (۱۶) دختر پسر اخت عینیہ وعلاتیہ واخیافیہ را نکاح کردن روا ست یا نہ، واز بنات الاخت بنات ابن الاخت داخل باشد یا چہ للہ ارشاد فرمایند؟

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب؛ بنات الاخت میں بنات ابن الاخت وبنت الاخت سب داخل ہیں ولو سفلن جیساکہ بناتکم میں بنت الابن والبنت داخل ہیں، واللہ اعلم حررہ الاحقر عبدالکریم عفی عنہ ۲۵ رشوال ۴۸ھ

مزنیہ کے لڑکے سے جو زانی کے نطفہ سے ہو زانی کی لڑکی کا نکاح حرام ہے

سوال (۱۷) زید کے ایک حلال زوجہ سے لڑکی ہے زینب، اس کے بعد زید نے ہندہ سے زنا کیا تو ایک لڑکا عمرو پیدا ہوا، سوال یہ کہ عمرو کا نکاح زینب سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب؛ قال الشامی تحت قول الدر (وبنتها) ولو من زنا واما التحریم علی أباء الزانی وأولاده فلاعتبار الجنایة۔ پس معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں عمرو کا زینب سے نکاح حرام ہے۔ کتبہ الاحقر عبدالکریم عفی عنہ، مورخہ ۲۹ رج ۵۱ھ

باپ کی ربیبہ سے نکاح جائز ہے

سوال (۱۸) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص جس کا لڑکا پانچ سالہ موجود تھا ایک عورت حاملہ من الزنا سے حالت حمل میں نکاح کیا مگر حمل کسی اور شخص کا تھا اسی واسطے اس شخص نے حکم شرعی کے موافق اس عورت کے ساتھ تا وضع حمل قربت وغیرہ نہیں کی نکاح کو چھ ماہ نہ گذرے تھے کہ اس حمل سے لڑکی پیدا ہوئی اس کو انہیں دونوں نے پرورش کیا اور لڑکی کو اس کی ماں نے ہی دودھ پلایا اور اس لڑکی کی مدت رضاع تک کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا اب لڑکی قریب البلوغ ہے کیا یہ شخص اس لڑکی من الزنا کا نکاح اپنے لڑکے کے ساتھ جو دوسری بیوی سے ہے کرسکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں نکاح اس لڑکی کے ساتھ اس شخص کے بیٹے سے ہوسکتا ہے کیونکہ وہ لڑکی اس شخص کی صرف ربیبہ ہے نہ اس سے اس کا نسب ثابت ہوا ہے (لانها ولدت لاقل من ستة اشهر) اور نہ اس شخص کی رضیعہ ہے (لان اللبن لیس منه) اور صرف ربیبہ ہوتے ہوئے اپنے بیٹے سے نکاح جائز ہے، واللہ اعلم۔ احقر عبدالکریم عفی عنہ۔ یکم ربیع ۲ ۵۱ھ۔

رضیعہ مزنیہ سے نکاح حرام ہے

سوال (۱۹) زید نے ہندہ سے بعید مدت گذری ہے کہ زنا کیا تھا۔ اب ہندہ کو اپنے مرد سے جو دودھ اترا ہے اپنی سوت یعنی اپنے مرد کی دوسری بیوی کی لڑکی فاطمہ کو مدت رضاع میں دودھ پلایا ہے اب زید کو فاطمہ کے ساتھ نکاح کرنے کا ارادہ ہے جو کہ زید کی مزنیہ کی رضاعی بیٹی ہے یہ نکاح صحیح ہوگا یا نہ؟

جواب من بعض العلماء

یہ نکاح صحیح ہوگا رد المحتار باب الرضاع میں تحت قول الدر المختار قیل وکذا

الزنا والاوجه لا فتح بعد چند سطور کے ہے وذکر الوبری الی قول رد المحتار و قلت وذکر فی شرح المتیة انه لا یعدل من الدرایة اذا وافقها روایة وقد علمت ان الوجه معه روایة عدم التحریم ص ۳۶۷ ج ۳۔

سوال تتمہ خامسہ امداد الفتاوی جدید مطبوعہ ص طبع اول

سوال:۔ زید کو ایک ایسی عورت سے ناجائز تعلق ہوگیا جس نے زید کی زوجہ کو دودھ پلایا تھا یعنی زید کو اپنی زوجہ کی رضاعی ماں سے زنا کا تعلق ہوگیا آیا زید کی زوجہ زید پر حلال رہی یا حرام ہوگئی خلاصہ سوال یہ کہ حرمت مصاہرہ مزنیہ کے اصول و فروع رضاعیہ کی طرف متعدی ہوگی یا نہ؟

جواب:۔ فی الدر المختار بیان المحرمات حرم الکل مما مر تحریمه الی آخره فی رد المحتار تنبیه مقتضی قوله والکل رضاعاً مع قوله سابقاً تاخر جلد ۲ ص ۴۵۶-۴۵۷، اس روایت سے معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں زید کی بی بی زید پر حرام ہوگئی۔

اب براہِ نوازش جس روایت کو ترجیح فرمایا جاوے اس کو مستند بحوالہ کتب فرماویں اور بتقدیر مرجوحیۃ روایت عدم تحریم کے اب چونکہ زید نے رضیعہ سے نکاح کرلیا ہے طلاق کی ضرورۃ ہے یا ویسے ہی تفریق اور عزم ترک کیا جاوے اور نصف مہر طلاق قبل دخول کی صورت میں واجب ہو یا نہ؟

الجواب من جامع امداد الاحکام؛ صورت مسئولہ میں روایت تحریم کو ترجیح ہے کیونکہ اصول مذہب کے موافق وہی ہے کیونکہ مزنیہ کی رضیعہ مزنیہ کی بیٹی ہے وھو ظاھر اور عورت موطوءہ کی بیٹی واطی پر حرام ہے پس رضیعہ مزنیہ زانی پر حرام ہے قال فی البدائع وکذا یحرم بالوطأ ام الموطوءة وبنتها من الرضاع سواء کان الوطأ حلالا بان کان بملك الیمین او بنکاح فاسد او شبهة نکاح او کان زنا والاصل انه یحرم بسبب الرضاع ما یحرم بسبب النسب وسبب المصاهرة اھ (ص ۲۶۲ ج ۲) ومثله فی المجلد الرابع ص۔

اور صاحب فتح القدیر نے عدم تحریم کی روایت کی ترجیح کی جو وجہ بیان کی ہے اور صاحب رد المحتار نے جو اس کی تقریر کی ہے اس کا جواب صاحب تحریر مختار نے بہت اچھا دیا ہے جو آگے مذکور ہوگا اور صاحب بدائع نے اس مسئلہ میں صرف تحریم ہی کو بیان کیا ہے عدم تحریم کی کوئی روایت نہیں بیان کی پس قہستانی نے جو اس مسئلہ میں دو روایتیں بیان کی ہیں ونصه لو زنی بامرأة فولدت وارضعت صبیة جاز له ان یتزوجها کما فی شرح الطحاوی ولکن

فی الخلاصة انه لایجوز وقدمنا ان فیه روایتین اھ (حاشیة البحر لابن عابدین (ص ۲۲۶ ج ۳)۔ یہ دو روایتیں مذہب میں نہیں ہیں بلکہ دوسرے ائمہ کے اقوال کو خلط کر کے صاحب مذہب کی روایت کے ساتھ بیان کر دیا ہے ورنہ صاحب بدائع وغیرہ اس سے ضرور تعرض کرتے اور صاحب بحر نے تصریح کی ہے کہ رضیعہ مزنیہ زانی کے لئے اتفاقاً حرام ہے ونصہ واشار بذکر الزوج الی ان لبن الزنا لیس کالحلال حتی لو ولدت من الزنا وارضعت به صبیة یجوز لاصول الزانی وفروعه التزوج بها ولا تثبت الحرمة الا من جانب الام خامة الی ان قال وانما قیدنا محل الخلاف باصول الزانی وفروعه لانها لاتحل للزانی اتفاقا لانها بنت المزنی بها وقدمنا ان فروع المزنی بها من الرضاع حرام علی الزانی ولذا قال فی الخلاصة بعد ماذکر حرمتها علی الزانی وکذا الولد تحبل من الزنا وارضعت لابن الزنا فانها تحرم علی الزانی کما تحرم بنتها من النسب علیه اھ (ص ۲۲۷ ج ۳) اور صاحب فتح القدیر کے کلام کو صاحب بحر نے تو اصول و فروع زانی پر محمول کیا ہے کہ وہ رضیعۂ مزنیہ کو اصول و فروع زانی کے لئے جائز کہتے ہیں نہ خود زانی کے لئے مگر علامہ شامی نے عموم پر رکھ کر خود زانی کے لئے بھی اس کو جائز کہدیا ہے مگر یہ اصول مذہب کے بالکل خلاف ہے جو ہرگز قابل اعتماد و اعتبار نہیں ہے چنانچہ صاحب تحریر مختار نے علامہ شامی کے اس کلام کو اس طرح رد کیا ہے ؛

قوله یخالف المسطور فی الکتب الخ قد یقال ان عدم تحریم المرضعة بلبن غیر الزوج لعدم دخوله بالزوجة اذهو المحرم للبنات واثبات الحرمة علی الزانی فی مسئلة الخلاصة لتحقق امومیة الزانیة للرضیعة بارضاعها لبنها فتحقق انها بنتها والزانی قد دخل بها فیحرم علیه فرعها الرضاعی کالنسبی

عه قلت قدصرح فی البدائع بمفهوم هذا القید ای بالتحریم بعد الدخول ونصه وکذا کل من یحرم بسبب المصاهرة من الفرق الاربع الذین وصفناهم فی کتاب النکاح یحرم بسبب الرضاع فیحرم علی الرجل ام زوجته وبنتها من زوج آخر من الرضاع کما فی النسب الا ان الام تحرم بنفس العقد علی البنت اذا کان صحیحا والبنت لاتحرم الا بالدخول بالام کما فی النسب اھ (ص ۴۷ ج ۴) قلت ورضیعة المزنی بها هی بنت المزنی بها وقد دخل بامها فتحرم علی الزانی حتما ۱۲ منه

ناثبات الحرمة فی مسئلة الخلاصة لان لبن الرضیعة لبعضه بواسطة اللبن حتی یقال انه لیس من منیه بل لان هذه الرضیعة تحقق انها بنت موطوءته فتحرم علیه بوطأ امها الرضاعیة کما تحرم علیه بنتها النسبیة فما هو مسطور فی الکتب المشهورة لایخالف ما فی الخلاصة مع ظهور وجه ما فیها فان الرضیعة وان لم تنسب للزانی لان اللبن لیس من منیه تنسب للام بواسطة اللبن المنسوب الیها وقد دخل بها اھ (ص ۲۱۱ ج ۱)۔

اور جن لوگوں کو رضیعہ مزنیہ کے زانی کے لئے حلال ہونے کا وہم ہوا ہے ان کے وہم کا منشا دو امر ہیں، ایک یہ کہ رضیعہ مزنیہ کا تعلق نسب صرف مزنیہ بہا سے ہے نہ زانی سے الخ مگر اس علت کا حاصل یہ ہوگا کہ جہاں سبب حرمت تعلق نسب ہو وہاں اس رضاع سے تحریم نہ ہوگی مثلاً اصول و فروع زانی کے لئے یہ رضیعہ حلال ہوگی مگر زانی کے حق میں ثبوت حرمت کے لئے ثبوت نسب من الزانی ضروری نہیں بلکہ بنت الموطوءہ ہونا کافی ہے اور رضیعۃ المزنیہ کا بنت موطوءۃ الزانی ہونا متحقق ہے۔

دوسرا منشاء وہم یہ ہوا کہ کتب مذہب میں یہ مسئلہ مسطور و مشہور ہے کہ مرضعہ بلبن غیر الزوج زوج پر حرام نہیں۔ علامہ شامی نے اس کو مطلق سمجھ کر کلام صاحب خلاصہ کو اس کے خلاف سمجھ لیا حالانکہ یہ مسئلہ اس قید کے ساتھ مقید ہے کہ زوج نے مرضعہ (بکسر الضاد) سے دخول نکیا ہو اور دخول کے بعد مرضعہ بلبن غیر الزوج زوج کے لئے حرام ہے اس کو کتب مشہورہ میں حلال نہیں کہا گیا فافہم وکن من الشکرین اور جو نکاح رضیعہ مزنیہ سے کیا گیا ہے وہ نکاح فاسد ہے اور نکاح فاسد میں قبل الدخول مہر واجب نہیں ہوتا نہ نصف نہ کل اور بعد الدخول کے مہر مثل واجب ہوتا ہے صرح به فی الدر فی باب المهر، والله تعالیٰ اعلم۔ اور صورت مسئولہ میں متارکت بھی کافی ہے طلاق کی حاجت نہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم - ۲۲ ذی الحجہ ۴۸ھ۔

حکم نکاح کتابیہ **سوال** (۲۰) فی زمانہ اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ کی عورتوں کے ساتھ بلا کلمہ عقد جائز ہے یا نہیں بعضے بولتے ہیں حنفی مذہب میں جائز ہے اور بعض بولتے ہیں پہلے زمانہ کے یہود و نصاریٰ کی عورتوں کے ساتھ عقد بلا کلمہ جائز تھا کیونکہ اس وقت میں وہ سب موحد تھے اور فی زمانہ اہل کتاب مشرک ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام کو ابن اللہ وغیرہ کہتے ہیں۔

الجواب، جو اہل کتاب عیسیٰ علیہ السلام و موسیٰ علیہ السلام کے اتباع کا دعویٰ کرتے

Made searchable using ScribeTools.com

ہوں خواہ ابن اللہ کہکر یا رسول اللہ کہکر اُن کی عورتوں سے نکاح جائز تو ہے مگر مکروہ ہے اور جو محض دہریہ ہوں جیسا کہ آج کل عموماً انگریز دہریہ ہیں ان کی عورتوں سے نکاح جائز نہیں۔

پھوپھی بھتیجی ایک نکاح میں جمع نہیں ہوسکتیں

سوال (۲۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کیا اور وہ عورت اپنے خاوند کے پاس ۹ یا ۱۰ برس رہی اس سے ایک لڑکا پیدا ہوا اور دو برس کا ہوکر فوت ہوگیا اور وہ عورت اس کی منکوحہ کسی رنج یا تکلیف کے سبب سے اپنے والدین کے مکان پر آگئی اور کچھ عرصہ کے بعد اُس کے شوہر نے اپنی زوجہ کی حقیقی بھتیجی سے نکاح کرلیا اب ایک شخص کے نکاح میں یہ ہر دو پھوپھی بھتیجی جائز ہوسکتی ہیں یا نہیں۔ اور بعد نکاح بھتیجی کے لوگوں کے کہنے سُننے سے چار پانچ روز کے بعد پہلی زوجہ یعنی پھوپھی کو طلاق دیدیا۔ اب کون جائز ہوسکتی ہے یا کوئی نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ پھوپھی اور بھتیجی دونوں ایک شخص کے نکاح میں جمع نہیں ہوسکتیں اس لئے پھوپھی کی موجودگی نکاح میں جو اس کی بھتیجی سے نکاح کیا گیا ہے وہ فاسد ہے درست نہیں ہوا البتہ پھوپھی کو طلاق دیکر اس کی عدت طلاق تمام ہوجانے کے بعد بھتیجی سے نکاح ہوسکتا ہے۔

پس صورت مسئولہ میں اس شخص نے اپنی بیوی کی بھتیجی سے پھوپھی کو نکاح میں رکھتے ہوئے جو نکاح کیا ہے یہ بہت بڑا گناہ ہوا اس سے توبہ علانیہ لازم ہے اور بھتیجی سے علیحدگی واجب ہے پھر چونکہ اس نے پہلی بیوی کو طلاق دے دی ہے تو جب اس کی عدت طلاق تین حیض پوری ہوجاوے اس کے بعد اسکی بھتیجی سے دوبارہ نکاح ہوسکتا ہے، واللہ اعلم۔ ۳۰ ذیقعدہ ۴۹ھ۔

فصل فی الانکحۃ الفاسدہ

شوہر اگر قید ہو تو زوجہ کا نکاح ثانی کرنا باطل ہے

سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ہندہ کی نانی مسلمان ہوئی اور ہندہ کی والدہ کا ایک مسلمان پردیسی سے نکاح کردیا جب ہندہ پیدا ہوئی اور سات آٹھ سال کی عمر ہوئی ہندہ کے والدین کا انتقال ہوا اور کسی ولی و عصبہ کا کوئی پتہ نہ چلا اور ہندہ اپنی خالہ بدچلن کی پرورش میں چند روز رہی پھر چند خداترس لوگوں نے بمشورہ اس کی خالہ کے زید سے ہندہ کا نکاح کردیا جو کہ مسلمان تھا اور حیثیت میں ہندہ کے باپ کی برابر تھا اور قومیت طرفین میں سے کسی کی کسی کو معلوم نہیں ملازم پیشہ لوگ تھے بعد نکاح کے کئی سال تک ہندہ زید کے پاس رہی اتفاق سے کسی بدچلنی کی وجہ سے زید قید ہوگیا زید کے گھر والے ہندہ کو تنگ رکھتے تھے

ہندہ نے اپنی تنگی اپنی خالہ سے بیان کی تو خالہ نے اس کو چکلہ میں بٹھادیا چکلہ والوں نے کسی سے کچھ روپیہ ٹھہرا کر ہندہ کے پاس بھیجا تو ہندہ بھاگ گئی قابو میں نہ آئی اور اسلامی مسائل سے بالکل ناواقف تھی ناٹک والوں میں مسلمان سمجھ کر شامل ہوگئی پھر بعد بلوغ کے بوجہ غلبۂ شہوت ایک غیر مسلم سے تعلق ناجائز ہوگیا اس ناجائز تعلق سے چند اولاد ہوئیں اتفاق سے ایک مسلمان شخص سے ہندہ ملی اور اپنا کل حال بیان کیا اس شخص نے اس کو وعید سنائی اور یہ کہا کہ تو مسلمان ہے اور یہ شخص جس سے تیرا تعلق ہے غیر مسلم ہے ہندہ پر خوف الٰہی پیدا ہوا اور مسائل دریافت کئے اور اولاد کو چھوڑنے پر آمادہ ہوئی تو اس غیر مسلم نے کہا میں تیری خاطر اپنے گھر والوں سے علیحدہ ہوا اور یہ تیری اولاد ہے ان سب کو چھوڑ کر کہاں جاتی ہے میں بھی مسلمان ہوتا ہوں گھر نہ بگڑنا چاہئے ہندہ نے کہا میرا شوہر اصلی قید میں ہے اور یہ اولاد حرامی ہے تو غیر مسلم ہے میں تیرے پاس نہ رہوں گی پھر ہندہ نے اپنا کل حال عمرو سے بیان کیا عمرو نے کہا تو کسی اور مسلمان سے نکاح کرلے ہندہ نے کہا میرا نکاح ہوچکا تھا اور شوہر قید میں ہے نہ وہ مرا ہے اور نہ طلاق دی میں کیسے نکاح کرسکتی ہوں عمرو نے چند مسلمان غیر عالم سے ہندہ کی تسلی کرادی کہ تیرا شوہر قید میں ہے تو نکاح کرلے تیرے کئی اولاد ناجائز تعلق سے پیدا ہوچکی اب نکاح ٹوٹ گیا بے نکاح رہنا درست نہیں ہندہ نے مسئلہ کا خیال کرکے عمرو سے ہی نکاح کرلیا پھر ایک شخص مسلمان اس کو ملا اس سے تمام حال اپنا سُنایا وہ مسلمان عالم نہ تھا کچھ مسائل سے واقف تھا اس کو دیکھ کر اور زیادہ اسلام سے ہندہ خوش ہوئی اور مفصل حال سنایا تو اس شخص نے کہا کہ دوسرا نکاح نہیں ہوا اب اور زیادہ ہندہ کو تشویش ہوئی لہٰذا عرض ہے کہ پہلا نکاح درست تھا یا نہ اور بدوں طلاق کے یہ دوسرا نکاح درست ہوا یا نہ؟ بینوا توجروا۔

الجواب[عہ]؛ ولی عصبہ کے نہ ہونے کی صورت میں ذوی الارحام کو حنفیہ کے نزدیک ولایت نکاح نابالغہ حاصل ہے اسی طرح اگر ولی عصبہ موجود ہو مگر لاپتہ ہو کسی کو اس کا پتہ معلوم ہو جب بھی ولی البعد کو نکاح کی ولایت حاصل ہوتی ہے۔ قال فی العالمگیریہ (ص ۲۷۱ ج ۱) وعند عدم العصبۃ کل قریب یرث الصغیر والصغیرۃ من ذوی الارحام یملک تزویجھما فی ظاھر الروایۃ عن ابی حنیفۃ اھ وفیہ (ص ۲۷۲ ج ۱) وان کان الاقرب غائبا

عہ سائل سے دریافت کیا گیا کہ ہندہ کا پہلا نکاح مہر مثل پر ہوا تھا یا نہیں اس نے جواب دیا کہ مہر مثل پر ہوا تھا ۱۲ ظفر

غنیة منقطعة جاز نکاح الابعد کذا فی المحیط پس صورت مسئولہ میں ہندہ کی خالہ اس کی ولی تھی اور اس کا بدچلن ہونا مُسقط ولایت نہ تھا قال فی العالمگیریة (ص ۲۱۲ ج ۲) والفسق لایمنع الولایة کذا فی فتاویٰ قاضی خان اھ البتہ اگر ولی فاسق اگرچہ باپ ہی ہو کسی نابالغ کا نکاح غیر کفو میں یا مہر مثل سے بہت زیادہ قلیل مہر پر کرے اس صورت میں نکاح نہیں ہوتا قال فی البحر فما فی الجوامع ان الاب اذا کان فاسقاً للقاضی ان یزوج الصغیرة من غیر کفؤ غیر معروف نعم اذا کان متهتکا لاینفذ تزویجه ایاها بنقص عن مهر المثل ومن غیر کفء وسیاتی هذا اھ (ص ۱۲۴ ج ۳) اور ولی ابعد اگر ایسا کرے کہ غیر کفو میں یا مہر مثل سے کم پر نکاح کردے وہ تو مطلقاً باطل ہے اگرچہ ولی فاسق بھی نہ ہو صالح ہی ہو قال فی الدر وان کان الزوج غیرهما ای غیر الاب وابیه ولو الام لایصح النکاح من غیر کفؤ او بغبن فاحش اصلا وما فی درر الشریعة صح ولهما فسخه وهم وان کان من کفؤ وبمهر المثل صح اھ (ص ۵۰۰ و ۵۰۱ ج ۲) ملخصاً۔

پس صورت مسئولہ میں اگر ہندہ کا پہلا نکاح زید سے مہر مثل پر اور کفو میں ہوا ہے تو چونکہ خالہ ولی تھی اور اس کی اجازت سے نکاح ہوا اس لئے وہ نکاح صحیح ہو گیا اب ہندہ کا کسی دوسرے سے نکاح کرنا بغیر زید شوہر اول سے طلاق حاصل کئے اور بدون عدت طلاق گذرنے کے ہرگز جائز نہیں اگر پہلے شوہر سے طلاق حاصل کئے بغیر اس نے کسی سے نکاح کر لیا ہے تو وہ نکاح باطل ہے ہندہ کو اس سے فوراً الگ ہو جانا چاہئے شوہر اول کے قید ہو جانے یا کسی غیر مسلم سے ہندہ کے ناجائز تعلق کر لینے سے پہلا نکاح باطل نہیں ہو سکتا وہ بدستور باقی ہے البتہ ہندہ نے اس ناجائز تعلق پیدا کرنے میں گناہِ عظیم کا ارتکاب کیا ہے بالخصوص غیر مسلم کے ساتھ فانه اشد زنیة فی الاسلام۔ لہذا ہندہ کو دوسرے خاوند سے فوراً علیحدگی اختیار کر کے ان تمام گناہوں سے بصدق دل توبہ و استغفار کرنا چاہئے اور بارگاہ الٰہی میں رو رو کر دعا کرنی چاہئے کیا عجب ہے کہ مغفرت ہو جائے وہ اپنی رحمت سے شرک و کفر کے علاوہ تمام گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں، واللہ اعلم ولا عاصم من امر اللہ الا من رحم۔ ۲۲ ربیع الثانی ۴۰ھ۔

غیر کی منکوحہ سے نکاح کرنا باطل ہے اور جو اولاد ہوئی وہ حرامی ہے

سوال (۲) مندرجہ ذیل سوالات کے جواب کا منتظر ہوں کیا حکم ارشاد ہوتا ہے۔ پہلے سوال کے باعث بڑی پریشانی ہے کوئی صورت کسی طرح نکلے تو بہتر ہے۔

ایک مسلمان صاحب نے ایک مسلمان عورت کو بلا نکاح عرصہ بارہ سال سے رکھے ہے اس کا شوہر زندہ ہے طلاق دینے سے صاف انکار کرتا ہے ہرگز نہ دوں گا کبھی کہتا ہے مجھے معلوم ہی نہیں کہ میری عورت کونسی ہے، پاگل نہیں ملازم سرکاری جنگل میں ہے ہر طرح نصیحت کی کارگر نہ ہوئی گذر اوقات کے لئے شروع سے اب تک ایک کوڑی نہیں دی اس خاوند سے تین بچے بھی ہو گئے اس عورت کی شادی بہت کم عمری میں ہوئی تھی عنقریب سات آٹھ سال کی عمر تھی اور جب ہی سے کچھ دن بعد الگ ہے کیا اس کا نکاح کسی بھی طرح ہو سکتا ہے یا تا عمر جب تک طلاق نہ دے ممکن نہیں یا نابالغی میں شادی ہو جاوے اور بالغی عورت شوہر کو منظور نہ کرے تو دوسرے کے ساتھ نکاح ممکن ہے یا ہو ہی نہیں سکتا یہاں دو مثالیں موجود ہیں جو بلا نکاح اسی طرح زندگی برباد کر رہی ہیں اور اولاد ہو رہی ہے۔

ایسی حالت میں اس کا عقیقہ جائز ہوگا یا نہیں دوسروں کو اس کے یہاں کھانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب؛ اس صورت میں جب تک پہلا شوہر طلاق نہ دے دوسرے سے کسی طرح نکاح نہیں ہو سکتا اور اگر وہ ابتداء سے زوجہ کو نفقہ نہیں دیتا یا نابالغی میں نکاح ہوا تھا اور بلوغ کے بعد وہ اس کو پسند نہیں کرتی اس صورت میں جبر کر کے اس پہلے شوہر سے طلاق لینا جائز ہے مگر بدون طلاق کے دوسرے سے نکاح ہرگز نہیں ہو سکتا۔

(۲) ایسی حالت میں جو اولاد ہوئی ہے وہ حرامی ہے ایسے شخص کے گھر کا کھانا وغیرہ نہ کھانا چاہئے جب تک کہ وہ اس حرکت سے توبہ نکرے باقی عقیقہ حرامی لڑکے کا بھی جائز ہے۔

زوجۂ عنین کا بغیر طلاق کے نکاح ثانی کرنا باطل ہے

سوال (۳) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک لڑکی عمر ۱۴ سالہ کی نابالغہ اور اس کا شوہر عمر ۱۹ سال کا وہ لڑکی شوہر کے یہاں سے باپ کے یہاں بھاگ آئی اس کے پیچھے اس کا شوہر اور شوہر کا بھائی آئے لے جانے کو لڑکی بولی میرا شوہر دیوث اور نامرد ہے ناک کان چھدا اور پیر میں گھونگرو باندھ کر ناچتا گاتا ہے ایک مرتبہ اس نے ایک غیر آدمی کو گھر میں بھیجا اور آپ باہر کھڑا رہا میں نے شور غل کیا تو وہ شخص بھاگ گیا اس نے مجھے ایک لات مارا کہ کیوں شور کی یہ کل باتیں لڑکی نے اپنے شوہر کے روبرو کہیں لڑکی کے باپ نے کہا تم جماعت میں آؤ تصفیہ ہوگا اور تمہارا ملاحظہ کیا جائے گا تب لڑکی بھیجوں گا اس دہشت سے وہ بھاگ گیا اس کو لڑکی کی طرف سے نوٹس دیا گیا تو واپس کیا اور کئی خط دئے مگر جواب نہیں آیا کچھ

Made searchable using ScribeTools.com

دن بعد اس کے باپ بھائی آئے جماعت نے کہا لڑکے کو لاؤ وہ پندرہ روز کا وعدہ کر کے گیا ایک ماہ میں اکیلا آیا اور کہا کہ ایک ہفتہ میں لاؤں گا جس کو ڈیڑھ ماہ ہوا پتہ نہیں ہے نہ کچھ خط ہے اب لڑکی بالغ ہوگئی ہے اور بارہ ماہ سے باپ کے یہاں بیٹھی ہے اور اس کا باپ بہت غریب شخص ہے عدالت نہیں کرسکتا اور وہ ایسی جگہ ہے کہ کوئی مسلمان وہاں نہیں ہے اب کیا کیا جاوے معروضہ ہے کہ جو حکم شرع میں ہو اطلاع بخشیں؟ ویسا عمل میں لاویں گے فقط۔

الجواب؛ صورت اولیٰ میں جب تک شوہر اپنی بی بی کو طلاق نہ دیدے اور عدت نہ گذر جاوے اس وقت تک اوس کا نکاح دوسرے سے نہیں ہوسکتا۔

زوجہ کی موجودگی میں اس کی بھانجی سے نکاح فاسد ہے اور عقر واجب ہوگا

سوال (۴) زید کا نکاح ہندہ سے ہوا جس کو ایک مدت دراز گذر گئی اور کوئی اولاد اس وقت تک ہندہ کے بطن سے نہیں ہوئی عرصہ تین سال کا ہوا کہ زید نے ہندہ کی حقیقی ہمشیرہ زادی کے ساتھ بساز یا بعلم ہندہ تعلق ناجائز کرلیا اس درمیان میں ہندہ کی ہمشیرہ زادی کے تعلق ناجائز سے حمل قرار پاگیا جس کا علاج حکماء سے کرایا گیا اور استسقاء ظاہر کیا گیا بعد گذرنے نو ماہ کے فروری ۲۲ء کو ہندہ کی ہمشیرہ زادی کے تعلق ناجائز سے دختر پیدا ہوئی کہ جواب چھ ماہ کی ہے اور موجود ہے بروقت پیدائش دختر کے زید نے یہ ظاہر کیا کہ ہندہ کے ہمشیرہ زادی سے جس سے وہ دختر پیدا ہوئی ہے میں نے نکاح کرلیا ہے جس کا علم زید کو ہوگا اور باقی نکاح کا علم یہاں کسی کو نہیں ہے۔ ایسی صورت میں ہندہ اور اس کی ہمشیرہ زادی دونوں کا اجتماع بموجودگی ہندہ زید کے گھر میں جائز طور سے ہوا اور دونوں خالہ بھانجی زید کے زوجگان جائز قرار دی جاسکتی ہیں اور وہ دختر جو پیدا ہوئی ہے اور موجود ہے اولاد جائز ہے۔ اب زید کا انتقال ہوگیا اب زید نے ہندہ اور اس کی ہمشیرہ زادی مع دختر کے اور تیسری اور زوجہ لاولد نکاح سے چھوڑی ایسی صورت میں تینوں زوجگان میں سے کونسی زوجہ جائز قرار دی جاوے گی اور کون زوجہ ناجائز رہے گی اور مہر تینوں زوجگان میں سے کس کس کا زید پر واجب تھا اور بعد انتقال کس کس کا واجب رہا اور وہ دختر جو ہندہ کے ہمشیرہ زادی سے موجود ہے وہ مستحق ترکہ پدری یعنی زید کا ہے یا نہیں اور زید کے مرنے کے بعد علاوہ ان عورتوں کے ایک بڑا بھائی حقیقی بھی موجود ہے ایسی حالت میں شرع شریف کا کیا حکم ہے مفصل حال سے معزز فرمائے؟

الجواب؛ صورت مسئولہ میں زید کی دو زوجہ جن سے نکاح صحیح ہوا ہے یعنی ہندہ اور زوجہ لاولد نکاحی وارث ہیں اور ہندہ کی بھانجی جس سے زید نے ہندہ کی موجودگی میں نکاح کرنے کا

دعویٰ کیا ہے وارث نہیں ہے کیونکہ اس سے زید کا نکاح فاسد ہوا ہے البتہ ہندہ کی بھانجی سے جو لڑکی پیدا ہوئی ہے وہ بیشک زید کی وارث ہے یہ حکم تو میراث کا ہے مہر کا حکم یہ ہے کہ زید کی دو زوجہ یعنی ہندہ اور زوجہ لاولد نکاحی کو مہر مسمی کامل ملے گا اور ہندہ کی بھانجی کو مہر مثل بطور عقر کے دیا جائے گا خواہ مہر مثل کتنا ہو لیکن اگر وہ مہر مسمی سے زیادہ ہو تو اس سے زائد نہیں دیا جائے گا اور اگر مہر مسمی مہر مثل سے زیادہ ہو تو مہر مثل دیا جائے گا خلاصہ یہ کہ مہر مسمی اور مہر مثل میں جو کم ہو وہی اس کو ملے گا قال فی الدر و یجب مہر المثل فی نکاح فاسد وھو الذی فقد شرطا من شرائط الصحۃ کشھود بالوطأ فی القبل لا بغیرہ کالخلوۃ لحرمۃ وطئھا ولدین و مہر المثل علی المسمی لرضاھا بالحط ولو کان دون المسمی لزم مہر المثل لفساد التسمیۃ بفساد العقد ولو لم یسم او جھل لزم بالغا ما بلغ (الی ان قال) ویثبت النسب احتیاطاً بلا دعوۃ اھ (ص ۲۷۵ ج ۲ لغایت ۲۷۷ ج ۲) وفی ردالمحتار قولہ کشھود و مثلہ تزوج الاختین معاً ونکاح الاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ الخ (ص ۲۷۵ ج ۲) وفیہ ایضاً قولہ ویثبت النسب اما الارث فلا یثبت فیہ و کذا النکاح الموقوف ط عن ابی السعود اھ (ص ۲۷۷ ج ۲)۔ پس صورت مسئولہ میں اگر زید کا وارث بجز ان لوگوں کے جن کا ذکر سوال میں ہے اور کوئی نہیں تو بعد ادائے دین مہر و قرض وغیرہ کے جو ترکہ بچے اس کے آٹھ سہام کر کے ایک سہم دونوں زوجہ کو اور چار سہام زید کی بیٹی کو جو ہندہ کی بھانجی سے ہوئی ہے اور ۳ سہام زید کے بھائی کو ملیں گے، واللہ اعلم۔ ۸ ذیحجہ ۴۰ھ۔

غیر کی منکوحہ سے نکاح باطل ہے اور اگر اس سے اولاد ہوجائے تو اس کا حکم

سوال (۵) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ مولیٰ اپنی زوجہ نابالغہ عبیدہ کو اپنے ہمراہ لیکر عبدالغنی کے مکان پر آیا کئی دنوں کے بعد مولیٰ مذکور بیمار ہوگیا اور مولیٰ خرچ وغیرہ سے بہت تنگ دست ہوگیا اس وقت مولیٰ نے عبدالغنی سے کہا کہ میں خرچ سے تنگدست ہوگیا ہوں تم میرا علاج معالجہ کرو اور مسماۃ عبیدہ سے بخوشی اپنا نکاح کرلو اور میں نے مسماۃ مذکورہ سے صحبت داری نہیں کی عبدالغنی نے مسماۃ عبیدہ سے نکاح کرلیا۔ تقریباً بارہ گھنٹہ کے بعد مولیٰ مرگیا آیا نکاح جائز رہا یا نہیں؟

جواب از حضرت مولانا مدظلہ: نہیں اور یہ بالکل ظاہر ہے۔

بقیہ سوال بالا

اور عبیدہ مذکور عبدالغنی کے یہاں بیس سال تک رہی اور پانچ چھ اولاد بھی عبدالغنی سے

ہوئیں جس سے ایک دختر بندی عبد الغنی کی موجود ہے اور عبد الغنی فوت ہوگیا آیا عبد الغنی کے ترکہ میں سے مسماۃ عید و و دختر بندی کو حق پہنچتا ہے یا نہیں۔ عبد الغنی کی دو بیوی مسماۃ بخشن زوجہ اول و مسماۃ عید و مذکور ایک دختر بندی ایک چچازاد بھائی اسمی بندو چھوڑا اور اپنے ذمہ کچھ قرضہ چھوڑا ایک دوکان اور کچھ روپیہ نقد جو کہ امانت میں ہے اور سامان استعمالی چھوڑا اور عبد الغنی اپنی زندگی میں اپنے بھائی بندو مذکور سے ناراض تھا اور تندرستی کے وقت عبد الغنی کہا کرتا تھا کہ میں دوکان مسجد کے نام کروں گا تاکہ دوکان میرے بھائی بندو مذکور کو نہ ملے اور بیماری کے وقت بھی عبد الغنی نے دو تین مرتبہ دوکان مسجد میں کرنے کو کہا مگر ان دونوں عورتوں مسماۃ بخشن و عید و نے نہ کرنے دی عبد الغنی فوت ہوگیا مسماۃ بخشن و عید و نے بعد عدت کے نکاح کر لئے بخشن مذکور نے برادری کے بھائی سے نکاح کیا اور عید و نے عبد الغنی کے چچازاد بھائی بندو سے نکاح کر لیا اور بندی مذکور اپنی ماں مسماۃ عید و کے پاس موجود ہے اب ترکہ کس طرح تقسیم ہونا چاہئے اور بندی کا کون ولی ہونا چاہئے؟

الجواب؛ صورت مسئولہ میں مولی نے اپنی زوجہ عید و کو نہ طلاق دی ہے نہ طلاق کا کوئی لفظ استعمال کیا ہے لہذا اس کا نکاح زوجہ مذکورہ سے باقی تھا اس حالت میں عبد الغنی کا اس سے نکاح کرنا بالکل باطل اور حرام ہوا اور اگر مولی نے کوئی لفظ طلاق کا استعمال کیا ہو تو سائل کو لکھنا چاہئے لیکن اس صورت میں بھی اگر مولی اور عید و میں تنہائی کسی وقت ہو چکی ہے گو صحبت نہ ہوئی ہو تو زوجہ مذکورہ پر عدت کا گذارنا واجب تھا اور عبد الغنی نے عدت میں اس سے نکاح کیا ہے اس لئے بھی یہ نکاح باطل ہے مگر بہر صورت مسماۃ عید و کو عبد الغنی کے ترکہ میں مہر مثل بطور عقر کے ملے گا بشرطیکہ عبد الغنی نے اپنی حیات میں مہر نہ دیا ہو اور نہ عید و نے معاف کیا ہو جس کا حکم یہ ہے کہ اگر نکاح کے وقت کچھ مقدار مہر کی مقرر کی گئی تھی اور وہ مقدار مہر مثل (یعنی خاندانی مہر) سے کم یا اس کی برابر ہے تب تو وہی ملے گا جو مہر نکاح میں مقرر ہوا ہے اور اگر مہر مسمی مہر مثل سے زیادہ ہے تو مہر مسمی نہ ملے گا بلکہ مہر مثل دیا جائے گا اور عید و کو عبد الغنی کے ترکہ میں سے میراث کچھ نہ ملے گی البتہ مسماۃ بندی جو عبد الغنی کے نکاح کے بعد عید و سے پیدا ہوئی ہے اس کو عبد الغنی کے ترکہ میں سے میراث ملے گی پس بعد ادائے دین مہر بر دو زوجگان اور دیگر قرض وغیرہ کے جو عبد الغنی کے ذمہ ہو اس کے باقی ماندہ ترکہ کو اس طرح تقسیم کیا جائے گا:۔

(نقشہ تقسیم بر صفحہ آئندہ)

مسئلہ ۸ عبد الغنی

زوجۂ اولیٰ	زوجۂ حرام	دختر	برادر عم زاد
بخشن	عید و	بندی	بندو
۱	۴	۴	۳

اور عبد الغنی جو زندگی میں بندو سے ناراض تھا اس سے بندو میراث سے محروم نہ ہوگا اور جس دوکان کو عبد الغنی مسجد میں دینا چاہتا تھا چونکہ تندرستی میں وہ اس کو وقف نہ کر سکا اس لئے وہ دوکان بھی سب وارثوں میں تقسیم ہوگی پس جس قدر سامان بعد ادائے قرض و ادائے دین مہر وغیرہ کے باقی رہے اس کے آٹھ سہام کر کے ایک سہم مسماۃ بخشن زوجۂ اولیٰ کو دیا جائے اور ۴ سہام مسماۃ بندی کو اور ۳ سہام بندو کو دیئے جاویں مسماۃ عید و کو میراث کچھ نہ ملے گی۔ قال فی الدر ویجب مہر المثل فی نکاح فاسد وھو الذی فقد شرطا من شرائط الصحۃ کشھود بالوطأ فی القبل لا بغیرہ کالخلوۃ لحرمۃ وطئھا ولم یزد مہر المثل علی المسمیٰ لرضاھا بالحط ولو کان دون المسمیٰ لزم مہر المثل لفساد التسمیۃ بفساد العقد ولو لم یسم او جھل لزم بالغا ما بلغ (الی ان قال) ویثبت النسب احتیاطا بلا دعوۃ اھ (۵۷۴ لغایت ۲ ج ۵۷۷) وفی الشامیۃ قولہ کشھود ومثلہ تزوج الاختین معا او نکاح الاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ الخ (۲ ج ۵۷۴) وفیہ ایضا قولہ ویثبت النسب اما الارث فلا یثبت فیہ کذا النکاح الموقوف عن ابی السعود اھ (۲ ج ۵۷۷) واللہ اعلم۔

۲۱ ذی الحجہ ۳۴۰ھ۔

عورت کا عدت وفات میں نکاح کر لینے کا حکم اور شرائط متارکہ

سوال (۶) علماء دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل میں کیا فرماتے ہیں؟

سوال اول: ہندہ کے شوہر نے انتقال کیا اور ہندہ نے قبل تمام ہونے عدت وفات کے زید سے نکاح کیا تو آیا یہ نکاح صحیح ہوا یا نہیں؟

سوال دوم: ہندہ ایک سال تک بعد نکاح مذکور کے زید کے ساتھ رہی جب پنچوں نے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ عدت کے اندر ہندہ کا نکاح ہوا ہے اس لئے پنچوں نے ہندہ کو اس کے باپ کے یہاں بھیج دیا جس کو عرصہ تین ماہ کا ہوا اب اگر ہندہ دوسرے شخص سے نکاح کرنا چاہے

Made searchable using ScribeTools.com

تو اس میں عدت کی ضرورت ہے یا نہیں ؟

سوال سوم : صورت مسئولہ میں اگر عدت واجب ہے تو عدت کی ابتداء کب سے ہوگی اور کونسی عدت واجب ہوگی اور دوسرے مرد سے کب اس کا نکاح جائز ہوگا ؟

سوال چہارم : صورت مسئولہ میں پنچوں نے پنچایت کر کے ہندہ کا جہیز زید کے بھائی وغیرہ کے ذریعہ منگا کر ہندہ کو واپس کر دیا لیکن نہ زید پنچایت میں آیا اور نہ اس نے کوئی لفظ بابت انکار نکاح کہا تو اس پر متارکہ کا اطلاق ہو سکتا ہے یا نہیں اگر نہیں تو متارکہ کی کیا تعریف ہے ؟

سوال پنجم : اگر زید مذکور متارکہ نہ کرے تو اس ملک میں جہاں غیر مسلم کی حکومت ہے اور قاضی شرع مقرر نہیں ہے تفریق کی کیا صورت ہے اور کیا پنچوں کو تفریق کا حق شرعاً حاصل ہے یا نہیں.

سوالات مذکورہ بالا کا جواب بالتفصیل معہ حوالہ کتب معتبرہ ارقام فرما کر اجر عظیم حاصل فرمائیے ؟

هو الموفق للصواب .

(جواب بعض علماء)

جواب سوال اول : ہندہ کا نکاح جو عدت کے اندر ہوا ہے صحیح نہیں ہے ۔ قال اللہ تعالیٰ: وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهٗ ط

جواب سوال دوم : ہندہ نے جو عدت کے اندر نکاح کیا ہے یہ نکاح فاسد ہے ۔ درالمختار میں ہے ۔ ویجب مہر المثل فی نکاح فاسدٍ وھو الذی فقد شرطا من شرائط الصحة کشھود ۔ ردالمحتار حاشیۃ الدرالمختار میں علامہ ابن عابدین تحت قولہ (کشھود) فرماتے ہیں: ومثلہ تزوج الاختین معًا ونکاح الاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ والخامسۃ فی عدۃ الرابعۃ الخ اور فتاویٰ عالمگیری باب نکاح فاسد میں ہے ۔ لو تزوجت فی عدۃ الوفات فدخل بھا ثانی ففرق بینھما انتھی اور نکاح فاسد میں بعد دخول عدت واجب ہوتی ہے فتاوی عالمگیری میں ہے ۔ لو کان النکاح فاسدًا ففرق القاضی ان فرق قبل الدخول لا یجب العدۃ وکذا الفرق بعد الخلوۃ وان فرق بعد الدخول کان علیھا الامتداد من وقت التفریق وکذا لو کانت الفرقۃ بغیر قضاء کذا فی الظھیریۃ ۔ درالمختار میں ہے ۔ لکل واحد منھما فسخہ دخل بھا اولا فی الاصح خروجًا عن المعصیۃ بل یجب علی القاضی التفریق بینھما وتجب العدۃ بعد الوطیٔ لا للخلوۃ للطلاق لا للموت من وقت التفریق

او متارکۃ الزوج انتھی ردالمحتار حاشیہ درالمختار میں ہے ۔ وتقدم فی باب المھر ان الدخول فی النکاح الفاسد موجب للعدۃ اور فتاویٰ عالمگیری میں ہے ۔ لو تزوجت فی عدۃ الوفات فدخل بھا الثانی ففرق بینھما فعلیھا بقیۃ عدتھا من الاول لتمام اربعۃ اشھر وعشرا وعلیھا ثلاث حیض من الاخیر ویحتسب بما حاضت بعد التفریق من عدۃ الوفات کذا فی معراج الدرایۃ ۔ انتھی ۔

عبارات مذکورہ سے ثابت اور متحقق ہوا کہ نکاح فاسد میں بعد دخول عدت واجب ہوتی ہے اور چونکہ ہندہ سال بھر تک زید کے ساتھ رہی ہے لہٰذا اس پر عدت واجب ہے ۔

جواب سوال سوم : صورت مسئولہ میں ہندہ پر تفریق قاضی یا متارکہ زوج کے بعد سے عدت کی ابتداء ہوگی درالمختار میں ہے ۔ وتجب العدۃ بعد الوطی لا الخلوۃ للطلاق لا للموت من وقت التفریق او متارکۃ الزوج ۔ انتھی ۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ۔ و العدۃ فی النکاح الفاسد عقیب التفریق او عزم الوطی علی ترک وطیھا ۔ اور یہ عدت عدتِ طلاق کی ہوگی یعنی حائضہ کے لئے تین حیض اور آئسہ کے لئے تین ماہ اور حاملہ کے لئے وضع حمل عدت ہوگی ۔ تنویر الابصار میں ہے ۔ والمنکوحۃ نکاحًا فاسدًا والموطوءۃ بشبھۃ دام الولد غیر الآئسۃ والحامل الحیض للموت وغیرہ انتھی ۔ درالمختار میں ہے ۔ ای عدۃ المذکورات ثلاث حیض ان کن من ذوات الحیض والا فالاشھر او وضع الحمل وھذا اذا کانت المنکوحۃ نکاحًا فاسدًا الخ ۔

الحاصل تفریق قاضی یا متارکہ زوج کے بعد سے عدت کی ابتداء ہوگی ۔ اور جب تک عدت پوری نہ ہو دوسرے مرد سے ہندہ کا نکاح صحیح نہ ہوگا

جواب سوال چہارم : ہندہ کا اپنے باپ کے یہاں رہنے اور مجہوزہ سامان واپس پانے سے متارکہ صحیح نہ ہوگا ۔ متارکہ کے لئے ضروری ہے کہ واطی یعنی مرد ترک وطی کا ارادہ کر کے زبان سے بھی اس کا اظہار کرے کہ میں نے تجھ کو علیحدہ کیا یا میں نے تجھ کو چھوڑ دیا یا میں نے تیری راہ خالی کر دی یا میں نے تجھ کو طلاق دی وغیرہ ۔ قال العینی فی شرح الکنز ولا یتحقق المتارکۃ الا بالقول بان یقول تارکتک او تارکتھا او خلیت سبیلک او خلیتھا الخ ۔ وفی العالمگیریۃ ۔ والمتارکۃ فی الفاسد بعد الدخول لا یکون الا بالقول کخلیت سبیلک او ترکتک ومجرد انکار النکاح لا یکون متارکۃ الخ

Made Searchable by ScribeTools.com

وبعدم مجی احدهما الی الآخر بعد الدخول لا یحصل متارکة . انتهی . فی رد المحتار فی البزازیة المتارکة فی الفاسد بعد الدخول لا یکون الا بالقول کخلیت سبیلك او ترکتك ومجرد انکار النکاح لا یکون متارکة اما لو انکر وقال اذهبی وتزوجی کان متارکة والطلاق فیه متارکة لکن لا ینقص به عدد الطلاق وعدم مجی احدهما الی الآخر بعد الدخول لیس متارکة لانها لا یحصل الا بالقول . انتهی .

جواب سوال پنجم : تفریق کے لئے قاضی کا ہونا ضروری ہے . فتاویٰ عالمگیری میں ہے . لو کان النکاح فاسداً فرق القاضی بینهما الخ . درمختار میں ہے . بل یجب علی القاضی تفریق بینهما الخ اور پنچوں کو حق تفریق حاصل نہیں ہے . اور ایسے مسائل جن میں قاضی شرع کی ضرورت ہوتی ہے ہند کی اسلامی ریاستیں جیسے ریاست بھوپال ریاست رامپور ریاست حیدرآباد دکن کے قاضی سے تفریق حاصل ہوسکتی ہے . خود وہاں جاکر یا بذریعہ تحریر حکم تفریق طلب کرنے سے . مجموعہ فتاوی حضرت مولانا عبدالحی میں ہے . در بلادیکہ زیر حکومت کفار اند وقضای قاضی درانجا مفقود است اگر بچہ واقعہ افتد ضرور است کہ صاحب معاملہ بہ بلاد اسلام کہ دراں قضاء قاضی موجود مثلاً بلاد حجاز و بلاد روم وغیرہ واز بلاد ہند رامپور وبھوپال وغیرہ رفتہ انفصال سازد یا بذریعہ تحریر از قضاۃ بلاد اسلام حکم فسخ طلب سازد . انتہیٰ . واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب . حررہ الراجی عفو ربہ اللطیف ابو الطیب محمد حنیف عفی عنہ ومن والدیہ المدرس لمدرسۃ انوار العلوم الواقعہ فی قصبۃ متوآملہ من مضافات الہ آباد .

الجواب من جامع امداد الاحکام

(۱) جواب دوم صحیح نہیں کیونکہ علامہ شامی نے اولاً نکاح فاسد کی بہت سی مثالیں بیان کرکے آگے چل کر مجتبیٰ سے قاعدہ کلیہ نقل کیا ہے . اور تصریح کردی ہے کہ نکاح معتدہ موجب عدۃ نہیں پس نکاح معتدہ کو فاسد کہنا بمعنی باطل ہے جو اصلاً منعقد نہیں ہوتا . قال الشامی وسیاتی فی باب العدۃ انه لا عدۃ فی نکاح باطل وذکر فی البحر هناك عن المجتبیٰ ان کل نکاح اختلف العلماء فی جوازہ کالنکاح بلا شهود فالدخول فیه موجب للعدۃ واما نکاح منکوحۃ الغیر ومعتدتہ فالدخول فیه لا یوجب العدۃ ان علم انها للغیر لانه

لم یقل احد بجوازہ فلم ینعقد اصلاً قال فعلی هذا یفرق بین فاسدہ وباطلہ فی العدۃ لهذا یجب الحد مع العلم بالحرمۃ لانه زنا کما فی القنیه وغیرها اھ (ص ۲۷۵ ج ۲) پس ہندہ پر نکاح زید کی وجہ سے کوئی عدت نہیں .

(۲) جواب سوال سوم بھی صحیح نہیں کیونکہ نکاح فاسد میں زوجین میں سے ہر ایک کو فسخ نکاح کا حق حاصل ہے . اور متارکت وفسخ میں کچھ فرق نہیں البتہ اگر نکاح اصل سے صحیح ہوا اور فساد بعد[عه] میں طاری ہوا ہو . اس صورت میں متارکت زوج کے ساتھ مخصوص ہے اور صورت موجودہ میں فساد اصل عقد میں ہے لہذا ہندہ کا بھی فسخ ومتارکت کافی ہے قال علامۃ الشامی وخص الشارح المتارکة بالزوج . کما فعل الزیلعی لان ظاهر کلامهما انها لا تکون من المرأۃ اصلا مع ان فسخ هذا النکاح یصح من کل منهما بمحضر الآخر اتفاقا والفرق بین المتارکة والفسخ بعید کذا فی البحر . وفرق فی النهر بان المتارکة فی معنی الطلاق فیختص به الزوج اما الفسخ فرفع العقد فلا یختص به وان کان فی معنی المتارکة وردہ الخیر الرملی بان الطلاق لا یتحقق فی الفاسد فکیف یقال ان المتارکة فی معنی الطلاق . فالحق عدم الفرق ولذا جزم به المقدسی فی شرح نظم الکنز الخ وتمامه فی ماعلقناه علی البحر اھ (ص ۲۷۷ ج ۲) وفی البحر نظاهر کلامهما ان المتارکة لا تکون من المرأۃ اصلا کما قیدہ الزیلعی بالزوج لکن فی القنیة لکل واحد منهما ان یستبد بفسخه قبل الدخول بالاجماع وبعد الدخول مختلف فیه وفی الذخیرۃ ولکل واحد من الزوجین فسخ هذا النکاح بغیر محضر من صاحبه عند بعض المشائخ وعند بعضهم ان لم یدخل بها فکذلك فان دخل بها فلیس لواحد منهما حق الفسخ الا بمحضر من صاحبه . اھ وهکذا فی الخلاصة وهذا یدل علی ان للمرأۃ فسخه بمحضر الزوج اتفاقا ولا شك ان الفسخ متارکة الا ان یفرق بینهما وهو بعید والله سبحانه وتعالیٰ اعلم . اھ (ص ۱۷۲ ج ۳) وفی الدر ویثبت لکل واحد منهما فسخه ولو بغیر محضر من صاحبه دخل بها اولا فی الاصح خروجا عن المعصیة اھ (ص ۵۷۵ ج ۲) .

عه الفرق بینهما علی رأی سیدی حکیم الامة ۱۲ ظ

Made searchable using ScribeTools.com

جب مطلقاً نکاح فاسد میں یہ حکم ہے تو نکاح معتدہ میں جو کہ باطل ہے بدرجہ اولیٰ متارکت کی ضرورت نہیں لانہ لا یعقد اصلاً۔

(۳) پھر مجیب نے قضای قاضی کی صورت اہل ہند کے لئے بیان کر کے جو یہ لکھا ہے کہ خود وہاں جاکر یا بذریعہ تحریر حکم تفریق طلب کرنے سے الخ یہ تردید بھی صحیح نہیں کیونکہ جن مسائل میں قضا شرط ہے ان میں قاضی کی تحریر کافی نہیں ہوتی۔ اگر تحریر مثل کتاب القاضی الی القاضی کے ہو تو معتبر ہو سکتی ہے اور اس کے لئے پھر یہاں قاضی کے ہونے کی ضرورت ہے۔ پس مسائل قضا میں بجز ریاستوں میں جاکر دعوی دائر کرنے کے کوئی صورت نہیں، واللہ اعلم۔ ۲۱ صفر ۴۱ھ۔

مزنیہ کی بیٹی سے نکاح کی عدم صحت اور طریق متارکت

سوال (۷) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین صورت مسئولہ میں کہ آٹھ سالہ نابالغہ لڑکی کا نکاح اس کے والد کے فوت ہو جانے کے بعد اس کی والدہ نے ایسی صورت میں کہ ایک شخص سے اس کا ناجائز تعلق ہو گیا تھا اسی سے اپنی لڑکی کا نکاح کر دیا لڑکی اب سمرہ ۱۵ سالہ ہے جس کا اب تک خاوند سے کوئی تعلق صرف اسی وجہ سے نہیں ہے کہ اس نے اپنی ماں کو ناجائز تعلق کرتے ہوئے یعنی مباشرت فاحشہ میں خاوند کے ساتھ بارہا دیکھا ہے از روئے شرع شریف لڑکی خاوند کے نکاح میں رہ سکتی ہے یا نہیں نیز خاوند سے طلاق لینے کی ضرورت ہے یا بغیر طلاق خاوند سے جدا ہو گئی؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ جب لڑکی کی ماں کا ناجائز تعلق اپنے داماد سے قبل نکاح بنت ہی ہو چکا ہے تو اس صورت میں لڑکی کا نکاح اس شخص سے صحیح نہیں ہوا بشرطیکہ لڑکی نے اپنے نکاح سے پہلے ماں کا ناجائز تعلق خود دیکھا ہو یا دو معتبر دیکھنے والوں نے اس سے بیان کیا ہو یہ ضرور نہیں کہ مباشرت فاحشہ کرتے ہوئے ہی دیکھا ہو بلکہ اگر پاس سوتے ہوئے یا تقبیل وغیرہ کرتے ہوئے بھی دیکھ لیا ہو تب بھی کافی ہے جب نکاح صحیح نہ ہوا تو لڑکی کو شوہر سے طلاق لینے کی ضرورت نہیں بلکہ چند آدمیوں کے سامنے اسے اتنا کہدینا چاہئے کہ میں اپنے نکاح کو جو فلاں شخص سے ہوا تھا فسخ کرتی ہوں اور بہتر یہ ہے کہ شوہر کے سامنے بھی یہ بات کہدے گو ضرورت نہیں۔ پھر اگر شوہر سے لڑکی کی ہمبستری نہیں ہوئی جیسا کہ سوال سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے تب تو اس پر عدت بھی واجب نہیں بلکہ بدون عدت کے مذکورہ بالا کلمات کہکر وہ اپنا نکاح دوسرے شخص سے جو اس کا کفو ہو خاندانی مہر پر کر سکتی ہے اور اگر ہمبستری ہو چکی ہے تو مذکورہ بالا کلمات کہنے کے بعد تین حیض گذرنے پر وہ اپنا نکاح دوسرے سے کر سکتی ہے۔ قال فی الخلاصۃ اما بالخلوۃ الصحیحۃ والفاسد فی النکاح الفاسد

فلا یجب العدۃ وکمال المھر والنکاح الفاسد لاحکم لہ قبل الدخول حتی لو تزوج امرأۃ نکاحاً فاسداً ابان مس امھا بشھوۃ ثم تزوجھا ثم ترکھا لہ ان یتزوج الام والمتارکۃ فی النکاح الفاسد بعد الدخول لایکون الا بالقول ترکتک او خلیت سبیلک الی ان قال وفی المحیط لکل واحد فسخ ھذا العقد بغیر محضر من صاحبہ قبل الدخول وبعد الدخول لیس لکل واحد منھما حق الفسخ الا بحضرۃ صاحبہ کالبیع الفاسد، وعند بعض المشائخ لکل واحد حق الفسخ بعد الدخول وقبلہ اھ ص ۲۷۴۱۔ اور اگر لڑکی کے نکاح سے پہلے اس کی ماں کا ناجائز تعلق داماد سے نہ ہوا ہو بلکہ بعد نکاح کے ناجائز تعلق ہوا ہو تو سوال دوبارہ کریں، واللہ اعلم۔ ۹ رجب۔

حررہ الاحقر ظفر احمد عفا اللہ عنہ بامر سیدی حکیم الامت دام مجدہم۔

باپ نے نابالغہ کا نکاح کیا بعد میں معلوم ہوا شوہر شرابی ہے الخ

سوال (۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے اپنی دختر کا نکاح پنج سال کی عمر میں ایک لڑکے کے ساتھ کر دیا بعد ازیں معلوم ہوا کہ وہ لڑکا جوئے باز اور شارب الخمر ہے اور جب وہ لڑکا اپنی منکوحہ کو لینے کے واسطے اپنے خسر سے آکر متقاضی ہوا تو اس کے خسر نے کہا کہ جب تک تو جوئے کے کھیلنے اور شراب کے پینے سے باز نہ آئے گا تب تک میں اپنی دختر کو تمہارے ساتھ روانہ نہ کروں گا کیونکہ ہمارے گنبے میں نہ کوئی شرابی ہے اور نہ قمار باز اس شخص نے کہا کہ میں شراب کے پینے اور جوئے کے کھیلنے سے ہرگز تائب نہ ہوں گا تو اس کے خسر نے کہا کہ میں اپنی بیٹی کو تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا حاصل کلام وہ شخص مذکور خالی پھر گیا جب اس بات کو پنج سال کا عرصہ گذر گیا تو اس لڑکی کے والد نے بدیں غرض کہ شاید وہ تنگ آکر بد عادتوں کو چھوڑ دے دے اور میری دختر کو اپنے گھر آباد کر لیوے عدالت میں دعوی دائر کر دیا عدالت نے بذریعہ سمنہائے سخت تلاش کی لیکن اس کا کچھ پتہ نہ چلا کہ وہ کہاں گیا بعد ازاں عدالت نے اس کے مہر کی یکطرفہ ڈگری دیدی جب اس فیصلہ کو تخمیناً پنج سال گذر گئے تو اس عورت نے نان و نفقہ سے تنگ آکر ایک شخص کے ساتھ ناجائز علاقہ پیدا کر لیا اور صاحب اولاد ہو گئی، جب اسکے گاؤں والوں نے اس کو تنگ کیا اور حقہ پانی اس کا بند کر دیا تو اس نے ناچار آپ کی جناب عالی میں عریضہ بصورت استفتا پیش کیا کہ میرا نکاح بوجہ مفقودیت زوج یا ان صورتوں کے جو ذکر کئے گئے دیگر سے ہو سکتا ہے؟ اگر ہو سکتا ہے تو برائے مہربانی تحریر فرما کر مشکور فرمادیں؟

الجواب؛ قال فی العالمگیریۃ رجل زوج ابنتہ الصغیرۃ من رجل

علی ظن انه صالح لا یشرب الخمر فوجده الاب شرّیبا مدمنا وکبرت الابنة فقالت لا ارضی بالنکاح ان لم یعرف ابوها بشرب الخمر وغلبة اهل بیته الصالحون فالنکاح باطل ای یبطل وهذه المسئلة بالاتفاق کذا فی الذخیرة اھ ص ۱۶ ج ۲ ۔ وفی رد المحتار قال فی البزازیة زوج بنته من رجل ظنه مصلحا لا یشرب مسکرا فاذا هو مدمن فقالت بعد الکبر لا ارضی بالنکاح ان لم یکن ابوها یشرب المسکر ولا عرف به وغلبة اهل بیتها الصالحون فالنکاح باطل بالاتفاق اھ ص ۵۲۶ ج ۲ ۔ وفیه ایضاً فرجع الی ان المعتبر صلاح الآباء فقط وانه لا عبرة لفسقها بعد کونها من بنات الصالحین اھ ۔

صورت مسئولہ میں اگر لڑکے نے بعد جوان ہونے کے اس نکاح سے اپنی ناراضی ظاہر کی تھی تو یہ نکاح باطل ہوگیا اور یہ لڑکی دوسرے سے نکاح کرسکتی ہے اور اگر جوان ہونے کے بعد اس نے نکاح سے ناراضی ظاہر نہیں کی یا رضامندی ظاہر کی تھی تو سوال دوبارہ کیا جاوے واللہ اعلم۔

حررہ الاحقر ظفر احمد بامر سیدی حکیم الامت، ۲۸ رجب ۴۱ھ۔

معتدۂ وفات نے عدت کے اندر نکاح کرلیا اور چھ ماہ بعد تجدید نکاح کی تو کیا نکاح جدید صحیح ہوگیا؟

سوال (۹) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ متوفی زید کی بی بی کو عدۂ وفات کے اندر یعنی چالیس دن رہتے عمر نے نکاح کرکے اس سے وطی کرتا رہا اور نکاح کے بعد ان دونوں کے تفریق نہ ہوئی اور نہ اس عورت نے مابقی عدۂ وفات کو بھی پورا کی اس حالت میں رہتے ہوئے زید کی وفات کی مدت چھ مہینے گذر جانے سے پھر عمر نے اس عورت کو بعض مولوی صاحب کے حکم سے ثانیاً نکاح کرلیا ہے فتاوی عالمگیری میں باب العدۃ میں مرقوم ہے۔ لو تزوجت فی عدة الوفاة فدخل بها الثانی ففرق بینهما فعلیها بقیة عدتها من الاول تمام اربعة اشهر وعشر وعلیها ثلث حیض من الآخر ویحتسب بما حاضت بعد التفریق من عدة الوفاة کذا فی معراج الدرایة وهکذا فی المبسوط وایضاً فیه المطلقة اذا حاضت حیضة ثم تزوجت بزوج آخر ووطئها الثانی وفرق بینهما وحاضت حیضتین بعد التفریق کان لهذا الزوج الثانی ان یتزوجها لانقضاء عدة الاول الخ ان عبارتوں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مابقی عدۂ وفات پورا کرنا اس عورت پر واجب ہے بغیر پورا کرنے عدت وفات کے عمر کا نکاح

اس سے ثانیاً بھی درست نہیں اگرچہ مدت وفات زید کی چھ مہینہ سے گذر گئی ہو لیکن بعض مولوی صاحب کا قول ہے کہ جب عمر نے اس عورت کو زید کے مرنے سے چھ مہینہ کے بعد پھر ثانیاً نکاح کرلیا ہے تو وہ نکاح درست ہوا ہے اور مابقی عدت وفات بغیر تفریق کے بھی اسی حالت میں پوری ہوگئی ہے چونکہ مسئلہ مذکور کے بارہ میں چوں تنازع ہو رہا ہے اور جناب حامی دین متین ووارث سید المرسلین ہیں لہذا دفع تنازع اور حقیقت مسئلہ دریافت کے لئے جناب عالی میں عرض پرداز ہوں کہ متوفی زید کی بی بی کو اس وقت عمر سے جدا کرکے مابقی عدۃ وفات پوری کرنا اس پر واجب ہے یا نہیں جناب از روئے مہربانی وشرع پروری کے بادلۂ شرعیہ بیان فرمائیں اور نکاح ثانی جائز اور عدتِ وفات پورا نہ ہونے کی تقدیر پر عمر اگر اس عورت کو پھر نکاح کرے تو عالمگیری ومبسوط کے قول ولو تزوجت فی عدة الوفاة الخ کے رو سے تین حیض پورا گذر جانے یا صرف مابقی عدۃ وفات چالیس دن گذر جانے کے بعد نکاح کرے از روئے شرع ارشاد فرمائیں ؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ اگر معتدۃ الوفاۃ عدۃ کے اندر نکاح کرے تو عدت وفات کا تمام ہونا تفریق پر موقوف نہیں بلکہ جب چار ماہ دس دن گذر جائیں گے (وھی غیر حامل) تو عدت پوری ہوجائے گی اب اگر یہ مدت تفریق سے پہلے ہی گذر گئی تو زوج ثانی کو اس سے ثانیاً نکاح کرلینا معاً درست ہے اور اگر چار ماہ دس دن گذرنے سے پہلے ان دونوں میں تفریق ہوگئی تو عورت کو مابقی عدت کا پورا کرنا ضروری ہے مابقی عدت پورا ہوجانے کے بعد زوج ثانی کو تو معاً اس سے نکاح درست ہے اور دوسروں کو بعد تفریق کے تین حیض گذر جانے کا بھی انتظار کرنا لازم ہوگا عالمگیریہ کی عبارتِ مرقومۃ الصدر کا مطلب یہ ہے کہ عورت نے عدت وفات میں نکاح کرلیا اور عدت ہی میں زوج ثانی نے دخول کیا اور عدۃ ہی کے اندر دونوں میں تفریق کردی گئی تو اس عورت پر زوج اول کی مابقی عدۃ کا پورا کرنا ضروری ہے اور چونکہ زوج ثانی کے دخول سے بھی اس کے ذمہ عدۃ وطی بالشبہ لازم ہوگئی ہے تو اگر وہ زوج ثانی کے علاوہ کسی اور سے نکاح کرنا چاہتی ہے تو اس پر تین حیض کا بھی تفریق کے بعد سے انتظار کرنا ضروری ہے اور تین حیض کے گذرنے کے ساتھ ساتھ عدۃ وفات بھی گذرتی رہے گی اھ ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اگر عدۃ وفات بحالت نکاح فاسد پوری ہوچکی ہو تب بھی دونوں میں تفریق کی اور تفریق کے بعد عدۃ وفات پورا کرنے کی ضرورت ہے۔ کلا وحاشا۔ قال فی الدر و مبدأ العدة بعد الطلاق وبعد الموت علی الفور وتنقضی العدة وان جهلت المرأة بهما ای بالطلاق والموت لانها اجل فلا یشترط العلم بمضیه اھ ص ۱۰۳ ج ۱۲

Made searchable using ScribeTools.com

وفی البدائع والدلیل علی انها اسم للاجل لا للفعل انها تنقضی من غیر فعل التربص بان لم تجتنب عن محظورات العدة حتی انقضت المدة ولو کانت فعلا لما تصور انقضاءها مع مضیها وهو الترک سلمنا انه کف لکنه لیس برکن فی الباب بل هو تابع بدلیل انه تنقضی العدة بدونه (ای بدون الکف عن المحظورات) الی ان قال ولما کان الرکن هو الاجل عندنا وهو معنی الزمان لا یقف وجوبه علی العلم به کمضی سائر الازمنة ثم قد بینا انه لا یقف علی فعلها اصلا وهو الکف فانها لو علمت (بالموت) فلم تکف ولم تجتنب ما تجتنبه المعتدة حتی انقضت المدة انقضت عدتها اھ ص ۱۹۰ و ۱۹۱ ج ۳ ۔ اس عبارت سے صاف معلوم ہوا کہ انقضاء عدت عورت کے تربص اور کف عن المحذورات پر موقوف نہیں بلکہ انقضاء عدت کے لئے صرف مدت کا پورا ہو جانا کافی ہے پس صورت مسئولہ میں جب معتدہ ۶ ماہ تک زوج ثانی کے پاس رہی تو اگر وہ غیر حامل ہو اس کی عدت پوری ہو گئی اور عمرو کا نکاح جو پہلے شوہر کی موت کے ۶ ماہ بعد کیا ہے اس کے ساتھ درست ہو گیا اور عدت وفات گذر جانے کے بعد تین حیض کے گذرنے کا انتظار عمرو پر لازم نہیں، ہاں اگر یہ عورت عمرو سے تفریق حاصل کر کے کسی دوسرے سے نکاح کرنا چاہتی تو دوسری کو عدۃ وفات گذرنے کے ساتھ بعد از تفریق عمرو تین حیض گذرنے کا بھی انتظار لازم ہوتا قال فی رد المحتار عن البحر واذا تمت عدة الاول حل للثانی ان یتزوجها لا لغیره مالم تتم عدة الثانی بثلاث حیض من حیض التفریق اھ ص ۱۰۰۳ ج ۱ ۔

(تنبیہ) عدت وفات کا تمام ہونا تو اس پر موقوف نہیں کہ جو نکاح فاسد عدت میں کیا گیا ہے اس سے تفریق ہو تب ہی عدت گذرے عدت وفات بحالت بقاء نکاح فاسد بھی تمام ہو جائے گی البتہ تداخل عدتین تفریق پر موقوف ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ معتدہ وفات پر عدت میں نکاح و دخول بالثانی کرنے سے دوسری عدت وطی بالشبہ کی وجہ سے لازم ہو جاتی ہے جبکہ وہ زوج ثانی کے علاوہ کسی اور سے نکاح کرنا چاہے اور اگر وہ زوج ثانی ہی سے نکاح کرنا چاہے اس کا حکم اوپر گذر چکا ہے: اب اس کی دو صورتیں ہیں (۱) یہ کہ ان دونوں میں عدت کے اندر ہی تفریق ہو جائے اس صورت میں تین حیض تفریق کے بعد گذرنے کے ساتھ عدت وفات بھی پوری ہوتی رہے گی ۔ (۲) یہ کہ ان دونوں میں عدت وفات کے اندر تفریق نہیں ہوئی بلکہ چار ماہ دس دن

کے بعد تفریق ہوئی اور ان چار مہینوں اس کو تین حیض بھی آچکے اس صورت میں صرف عدت وفات تمام ہوئی عدت وطی بالشبہ باقی ہے اگر یہ عورت کسی تیسرے سے نکاح کرنا چاہے تو اس کو تین حیض تفریق کے بعد اور گذارنا واجب ہے قال فی رد المحتار فلو کانت وطئت بعد حیضة من (العدة) الاولی تعلیها حیضتان تکملة للاولی وتحتسب بهما من عدة الثانی فاذا حاضت واحدة بعد ذلک تمت الثانیة ایضا نهر وهذا اذا کان بعد التفریق بینهما وبین الواطی الثانی اما اذا حاضت حیضة قبله (ای قبل التفریق) فهی من عدة الاولی خاصة اھ ص ۱۰۰۲ ج ۲)

اس عبارت سے صاف معلوم ہوا کہ زوج اول کی عدۃ تو بدون تفریق کے تفریق سے پہلے ہی تمام ہو سکتی ہے البتہ تداخل عدت اول و ثانی بدون تفریق کے نہیں ہو سکتا۔ واللہ اعلم۔

حررہ الاحقر ظفر احمد عفا اللہ عنہ بامر سیدہ حکیم الامۃ ۔ ۱۷ شوال ۱۳۴۱ھ۔

نکاح باطل و فاسد کی تعریف اور مزید چند صورتوں کا حکم

سوال (۱۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نکاح فاسد اور باطل کسے کہتے ہیں۔ باعتبار تعریف و احکام وغیرہ ان دونوں میں کچھ فرق ہے یا نہیں۔ فتح القدیر میں ہے کہ ان دونوں میں کچھ فرق نہیں بعض دوسرے فقہاء نے فرق لکھا ہے۔ ایسی صورت میں ترجیح کس قول کو ہوگی؟

ایک عورت کے نکاح ہوتے ہوئے اوس کی بہن سے بھی نکاح کر لینا فاسد ہے یا باطل۔ فتاوی عالمگیری القسم الرابع للمحرمات بالجمع میں ہے وان تزوجهما فی عقدتین فنکاح الاخیرة فاسد ویجب علیه ان یفارقها ولو علم القاضی بذلک یفرق بینهما فان فارقها قبل الدخول لا یثبت شیء من الاحکام وان فارقها بعد الدخول فلها المهر ویجب الاقل من المسمی ومن مهر المثل وعلیها العدة ویثبت النسب ویعتزل عن امرأته حتی تنقضی عدة اختها کذا فی محیط السرخسی اس میں ثانی کو فاسد کہا ہے رد المحتار اور دیگر کتب میں باطل لکھا ہے ان دونوں میں قول محقق و مفتی بہ کیا ہے؟

اس دوسری عورت سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ عبارت عالمگیری کی بناء پر ثابت النسب ہو کر ناکح کی وارث ہوگی یا نہیں؟ جن فقہاء نے نکاح ثانی کو باطل کہا ہے ان کے نزدیک ثبوت نسب اور ارث کا کیا حکم ہے دونوں کے نزدیک عورت ناکح سے وارث ہوگی یا محروم؟

اس کے اور نیز اولاد کے وارث ہونے کے متعلق بھی مُتحقق اور مفتی بہ قول ارقام فرمائیں؟ ان تمام سوالات کے متعلق ذرا مفصل اور مدلل جواب تحریر فرمایا جائے۔ جس سے طالب علم تردّد اور خلجان سے محفوظ رہے والسّلام۔

الجواب؛ قال فی الدر ویجب مہر المثل فی نکاح فاسد وھو الذی فقد شرطا من شروط الصحۃ کشھود اھ وفیہ ایضاً ویثبت النسب احتیاطا بلا دعوۃ اھ قال الشامی ومثلہ تزوج الاختین معاً ونکاح الاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ والخامسۃ فی عدۃ الرابعۃ والامۃ علی الحرۃ وفی المحیط تزوج مسلمۃ فرق بینھما لانہ وقع فاسداً اھ فظاھرہ انھما لا یحدان وان النسب یثبت فیہ والعدۃ ان دخل بحر، قلت لکن سیذکر الشارح فی آخر فصل فی ثبوت النسب عن مجمع الفتاوی: نکح کافرۃ مسلمۃ فولدت منہ لا یثبت النسب منہ ولا تجب العدۃ لانہ نکاح باطل اھ وھذا صریح فیقدم علی المفھوم فافھم ومقتضاہ الفرق بین الفاسد والباطل فی النکاح لکن فی الفتح قبیل التکلم علی نکاح المتعۃ انہ لا فرق بینھما فی النکاح بخلاف البیع نعم فی البزازیۃ حکایۃ قولین فی ان نکاح المحارم باطل او فاسد والظاھر ان المراد بالباطل ما وجودہ کعدمہ ولذا لا یثبت النسب ولا العدۃ فی نکاح المحارم ایضاً کما یعلم مما سیأتی فی الحدود الی ان قال وسیأتی فی باب العدۃ انہ لا عدۃ فی نکاح باطل و ذکر فی البحر ھناک عن المجتبیٰ ان کل نکاح اختلف العلماء فی جوازہ کالنکاح بلا شھود فالدخول فیہ موجب للعدۃ اما نکاح منکوحۃ الغیر ومعتدتہ فالدخول فیہ لا یوجب العدۃ ان علم انھا للغیر لانہ لم یقل احد بجوازہ فلم ینعقد اصلا قال فعلی ھذا یفرق بین فاسدہ وباطلہ فی العدۃ ولھذا یجب الحد مع العلم بالحرمۃ لانہ زنا کما فی القنیۃ وغیرھا اھ والحاصل انہ لا فرق بینھما فی غیر العدۃ اما فیھا فالفرق ثابت وعلی ھذا فیقید قول البحر ھنا ونکاح المعتدۃ بما اذا لم یعلم بانھا معتدۃ لکن یرد علی ما فی المجتبیٰ مثل نکاح الاختین معاً فان الظاھر انہ لم یقل

احد بجوازہ ولکن لینظر وجہ التقیید بالمعیۃ والظاھر ان المعیۃ فی العقد لا فی ملک المتعۃ اذ لو تأخر احدھما عن الآخر فالمتاخر باطل قطعاً اھ (ص ۲۷۵ ج ۳) وفیہ ایضاً عن الخانیۃ لو تزوج محرمہ لاحد علیہ عند الامام وعلیہ مھر مثلھا بالغا ما بلغ اھ وصرح فی البحر ان المواضع التی یجب فیھا المھر بسبب الوطأ بشبھۃ فلیس المراد بالمھر فیھا مھر المثل المذکور ھنا لما فی الخلاصۃ ان المراد بالمھر العقر وتفسیر العقر انہ بکم تستاجر للزنا لو کان حلالا لا یجب ذلک القدر اھ ملخصا وقال ابن عابدین فی حاشیتہ ان فی التتارخانیۃ فی وجوب المھر بلا نکاح ذکر ما ھنا معزیا الی المحیط ثم اعقبہ بقولہ وفی الحجۃ روی عن ابی حنیفۃ رح قال تفسیر العقر ھو ما یتزوج بہ مثلھا وعلیہ الفتوی اھ فظھر ان فی المسئلۃ خلافا وان المفتی بہ خلاف ما ھنا اھ (ص ۳۷۱ ج ۳) وفی الدر فی باب الحدود لا حد ایضاً لشبھۃ العقد ای عقد النکاح عندہ ای الامام کوطأ محرم نکحھا وقالا ان علم الحرمۃ حد وعلیہ الفتوی خلاصۃ، لکن المرجح فی جمیع الشروح قول الامام فکان الفتوی علیہ اولی قالہ القاسم فی تصحیحہ لکن فی القھستانی عن المضمرات علی قولھما الفتوی وحرر فی الفتح انھا من شبھۃ المحل وفیھا یثبت النسب اھ قال الشامی وکذلک نقل فی الفتح عن الخلاصۃ ان الفتوی علی قولھما ثم وجھہ بان الشبھۃ تقتضی تحقق الحل من وجہٍ وھو غیر ثابت والا وجب العدۃ والنسب ثم دفع ذلک بان من المشائخ من التزم وجوبھما ولو سلم عدم وجوبھما لعدم تحقق الحل من وجہٍ فالشبھۃ لا تقتضی تحقق الحل من وجہٍ لان الشبھۃ ما یشبہ الثابت ولیس بثابتٍ اھ ملخصا وحاصلہ ان عدم تحقق الحل من وجہٍ فی المحارم لکونہ زنا محضا یلزم منہ عدم ثبوت النسب والعدۃ ولا یلزم منہ عدم الشبھۃ الدارئۃ للحد ولا یخفی ان فی ھذا ترجیحاً لقول الامام قولہ وحرر فی الفتح الخ صوابہ فی النھر قال وھذا انما یتم بناء علی انھا شبھۃ اشتباہ قال فی الدرایۃ وھو

Made searchable using ScribeTools.com

قول بعض المشائخ والصحیح انها شبهة عقد لانه روی عن محمدؒ انه قال سقوط الحد بشبهة حکمیة فیثبت النسب وهکذا ذکر فی المنیة ام وهذا صریح بان الشبهة فی المحل وفیها یثبت النسب علی ما مر اه کلام النهر قلت وفی هذا زیادة تحقیق لقول الامام لمافیه من تحقیق الشبهة حتی ثبت النسب ویؤید ما ذکره الخیر الرملی فی باب المهر عن العینی ومجمع الفتاوی انه یثبت النسب عنده لا عندهما اه (۳ ج ۲۳۷) وفیه ایضاً تحت قول الدر کوطأ محرم نکحها ای عقد علیها اطلق فی المحرم فشمل المحرم نسباً ورضاعاً وصهریة واشار الی انه لو عقد علی منکوحة الغیر او معتدته او مطلقته الثلاث او امة علی حرة او تزوج مجوسیةً او امةً بلا اذن سیدها او تزوج العبد بلا اذن سیده او تزوج خمسا فی عقدة فوطئهن او جمع بین اختین فی عقدة فوطئهما او الاخیرة لو کلاً متعاقباً بعد التزوج فانه لاحد وهو بالاتفاق علی الاظهر اما عنده فظاهر واما عندهما فلان الشبهة انما تنتفی عندهما اذا کان مجمعا علی تحریمه وهی محرمة علی التابید بحر قلت وهذا هو الذی حرره فی فتح القدیر وقال ان الذین یعتمد علی نقلهم کابن المنذر ذکروا انه انما یحد عندهما فی ذات المحرم لا فی غیر ذلک کمجوسیة ومعتدة وکذا عبارة الحاکم فی الکافی تفید ذلک ثم ذکرها فلیراجع (ص ۳۶ ج ۳) وفی الدر فی کتاب الفرائض (ص ۴۵ ج ۵) ویستحق الارث باحد ثلاثة برحم ونکاح صحیح فلا توارث بفاسد ولا باطل اجماعاً اه۔

ان عبارات سے امور ذیل مستفاد ہوتے:

(۱) نکاح میں بھی باطل وفاسد ہے اور فتح القدیر میں جو یہ کہا ہے کہ نکاح میں باطل وفاسد کی تقسیم جاری نہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ نکاح باطل نکاح ہی نہیں ہے پس اس کو نکاح سے موصوف کرکے باطل کہنا فضول ہے صرح به الشامی فی حاشیة البحر بقوله والذی ظهر لی ان المراد بالباطل فی کلام البزازیة فی قوله نکاح المحارم فاسد ام باطل لا الذی وجوده کعدمه لان النکاح ینقسم الی باطل وفاسد اه (ص ۱۷۱ ج ۳)

(۲) نکاح باطل وفاسد میں صرف باب عدۃ میں فرق ہے کہ باطل موجب عدہ نہیں ہے

اور فاسد موجب عدۃ ہے بقیہ احکام میں فرق نہیں۔

(۳) اور بعض عبارات میں جو نکاح باطل کی بعض صورتوں میں ثبوت نسب کی نفی کی گئی ہے جس سے باطل وفاسد میں ثبوت نسب میں بھی افتراق معلوم ہوتا ہے وہ صاحبین کے قول پر مبنی ہے۔ جو بعض کے نزدیک مفتی بہ ہے ورنہ امام صاحب تو نکاح محارم میں بھی ثبوت نسب کے قائل ہیں اور اس کو شبہۃ العقد میں داخل کرتے ہیں اور شامی نے باب الحدود میں اسی کی تصحیح نقل کی ہے۔

(۴) نکاح باطل وفاسد دونوں میں عورت اور مرد میں توارث نہیں ہوتا۔

(۵) رہا مہر تو فاسد میں مہر مثل لازم آتا ہے جو مسمیٰ سے زیادہ نہ ہوگا اور باطل میں بھی مہر مثل لازم ہے جتنا بھی ہو خواہ مسمیٰ کے برابر یا زائد کما مر عن الخانیة فی نکاح المحرم۔

(۶) دو بہنوں سے آگے پیچھے نکاح کیا جائے تو دوسرا باطل ہے دوسری عورت مرد کی وارث نہ ہوگی مگر دوسری عورت دخول ووطی سے مہر خاندانی کی مستحق ہے اور امام صاحب کے نزدیک دوسری کی اولاد ثابت النسب بھی ہے اور صاحبین کے نزدیک بظاہر ثابت النسب نہ ہونا چاہئے مگر عبارت باب الحدود سے معلوم ہوتا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ امام سے صاحبین کا اختلاف صرف نکاح محارم میں ہے یعنی محارم ابدیہ میں بقیہ محرمات کے نکاح میں اختلاف نہیں اور ان میں وہ بھی نکاح کو موجب شبہۃ مانتے ہیں تو اس بنا پر نکاح اختین میں صاحبین کے نزدیک بھی اولاد کا نسب ثابت ہونا چاہئے۔

پس صورت مسئولہ میں دوسری عورت مسماۃ افضل خود تو نیاز اللہ کی وارث نہیں نہ اس کے ذمہ عدت واجب ہوئی البتہ اس کی اولاد مثل اولاد زوجۂ اولیٰ کے نیاز اللہ کی وارث ہے اور مسماۃ افضل مہر مثل کی مستحق ہے۔ تقسیم ترکہ واخراج بطون خود فرمالیں، واللہ اعلم۔ ۳ ربیع الاول ۴۵ھ

نکاح معتدہ

سوال (۱) میری بیٹی کو خاوند نے طلاق دیدی اور عدت کے اندر صرف آٹھ ہی دن کے بعد میں نے اس کا نکاح دوسری جگہ کردیا سنا ہے کہ یہ نکاح نہیں ہوا اس کو کئی سال سے گذر گئے اولاد بھی ہو چکی اب کیا کیا جاوے یہ اولاد حلالی ہے یا حرامی اب دونوں کا نکاح کردیا جاوے تو آئندہ کے لئے گناہ سے حفاظت ہو جاوے گی یا نہیں ہے؟

الجواب؛ بیشک یہ نکاح ثانی عدت کے اندر ہوا ہے اس لئے درست نہیں ہوا اور ان دونوں کا اب دوبارہ نکاح کردینا ضرور چاہئے اور اس زمانہ میں جو وطی ہوئی ہے وہ وطی بالشبہ کے حکم میں ہے اگر زوجین اپنے نکاح کو نکاح بھی سمجھتے تھے اور وطی بالشبہ سے اولاد حرامی نہیں ہوتی اور اگر زوجین اول ہی سے اپنے نکاح کو حرام سمجھے ہوئے تھے تو سوال دوبارہ کیا جائے اور صورت

مذکورہ میں زوج اول کی عدت تو تمام ہو چکی ہے پس اگر اس وقت نکاح صحیح زوج ثانی کے ساتھ ہی کیا جائے تو بس اور عدت کی ضرورت نہیں اور اگر زوج ثانی کے علاوہ کسی اور سے کیا جائے تو ایک اور عدت لازم ہوگی والسلام۔ ۲۰ر جمادی الاولی ۴۳ھ۔

نومسلمہ سے قبل از انقضاء عدت نکاح کا حکم

سوال (۱۲) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس صورت میں کہ زید نے ایک غیر مسلمہ منکوحہ کو اغوا کر کے مسلمہ کرالیا اور بغیر انتظار کے اس کے ساتھ وطی کرتا رہا اور وہ عورت زید سے حاملہ بھی ہوگئی اور بعد دو ماہ کے زید نے اس عورت سے نکاح کر لیا تو آیا یہ نکاح جائز ہے یا ناجائز؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ فی العالمگیریة (ص۲۷۴۵) واذا اسلم احد الزوجین فی دار الحرب ولم یکونا من اهل الکتاب او کانا والمرأة هی التی اسلمت فانه یتوقف انقطاع النکاح بینهما علی مضی ثلاث حیض سواء دخل بها او لم یدخل بها کذا فی الکافی فان اسلم الآخر قبل ذلک فالنکاح باق ولو کانا مستامنین فالبینونة انما تعرض الاسلام او بانقضاء ثلث حیض کذا فی العنایة اھ اس عورت سے جواز نکاح تین حیض گذرنے پر موقوف ہے پس اگر وقت نکاحِ زید تک اس عورت کو تین حیض آچکے تھے تب تو یہ نکاح درست ہوگیا اور اگر تین حیض نہیں آئے تھے تو یہ نکاح درست نہیں ہوا بعد وضع حمل کے تجدید نکاح کی جائے اور اُس وقت تک اُس عورت سے قربت وغیرہ اور تقبیل و لمس سب حرام ہے، واللہ اعلم۔ ۲۲ر ج۲ ۴۴ھ۔

حکم نکاح بین الرضیعین

سوال (۳) کیا فرماتے ہیں۔ علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید وبکر دونوں آپس میں رضاعی بھائی بہن اس طرح پر کہ ایام رضاعت میں زید نے بکر کی ماں کا دودھ پیا اور بکر نے زید کی ماں کا۔ زید وبکر کی مائیں خالدہ وزبیدہ دونوں حقیقی بہنیں ہیں۔ زید کا عقد (ہندہ) کے ساتھ ۸۱۷ھ میں ہوا جو بکر کی علاتی حقیقی (یعنی نسبی ۱۲) پھوپھی ہے اور اسی طرح (ہندہ) زید کی رضاعی پھوپی ہے۔ زید وبکر کی رضاعت کا علم بوقت نکاح وقبل نکاح خاندان کے ہر چھوٹے بڑے کو تھا اور خود ہندہ وزید اور اس کے والدین بھی بخوبی جانتے تھے لیکن زید وبکر کے رضاع سے اس کا خیال کسی کو قبل نکاح یا بوقت نکاح نہ ہوا کہ اس رضاعت کی حرمت کا اثر (ہندہ) تک جاتا ہے اور ہندہ زید کے لئے محل نکاح نہیں ہے اور بعد نکاح بھی عرصہ تک کسی کا خیال باوجود علم رضاعت منتقل نہ ہوا کہ زید وہندہ بوجہ رضاعت پھوپی اور بھتیجے ہیں۔

مسئلہ کی تحقیق واگاہی:۔ جبکہ نکاح کو بارہ تیرہ سال گذر چکے اور چند اولاد بھی ہوئیں اور دو بیٹے زندہ موجود بھی ہیں (بکر) کا چھوٹا بھائی (عمر) جو بزمانہ عقد اپنی پھوپی ہندہ کے سن کم سن تھا جب سن تمیز کو پہونچا اور تحصیل علوم دینیہ میں مشغول ہوا تو فقہ کی کتابوں میں اس نے رضاعت کا بیان پڑھا اس وقت اسے یہ خیال ہوا کہ میری پھوپھی ہندہ کا جو عقد زید سے ہوا وہ بوجہ رضاعت غلط ہوا چونکہ رضاعت کا علم خاندان کے ہر چھوٹے بڑے کو تھا اور سب جانتے تھے کہ زید وبکر رضاعی بھائی ہیں اس کی تحقیق وصحت کو معلوم کرنا نہ تھا عمر نے اپنی پھوپی ہندہ کو خاموشی سے حرمت وفساد نکاح سے آگاہ کیا اور چونکہ ہندہ بھی ایک خاندان کی لڑکی ہے اور رضاعت مذکورہ کا اوس کو علم ہمیشہ سے بخوبی تھا اور اسی طرح زید بھی بخوبی واقف تھا، بوجہ آگاہی مسئلہ دونوں نے خاموشی کے ساتھ علیحدگی اختیار کی اور اس وقت سے جس کو عرصہ تخمیناً ۶ سال کا ہوتا ہے بوجہ خوف حرمت رضاعت ایک دوسرے سے علیحدہ ہیں اور اس خاموش علیحدگی کو خاندان کے بہت سے لوگ جانتے ہیں مثلاً بکر، عمر، زید کا باپ ہندہ کی ماں بہن، بہنوئی وغیرہ۔ ہاں عام طور پر اعلان نہیں ہیں اب بعض لوگ زید سے یہ کہتے ہیں کہ چونکہ حرمت رضاعت کا علم بہت عرصہ کے بعد ہوا ہے لہذا یہ معتبر نہیں ہے تم جس طرح آپس میں زن وشوہر کی طرح رہتے تھے رہو لیکن زید اس کو منظور نہیں کرتا زید کہتا ہے کہ عمر کا بیان شہادت نہیں ہے وہ تو ایک غلطی کی اطلاع ہے اگر خود میری نظر سے مسئلہ گذرتا تو بھی میں یہی کرتا اس لئے کہ رضاعت کا تو مجھ کو قبل نکاح علم تھا اور میں نے بچپن میں بارہا اپنی رضاعی ماں اور اپنی ماں سے اس وقت کے حالات سنے ہیں اور خاندان کے چھوٹے بڑے رضاعت سے آگاہ تھے اور ہیں جو کچھ لاعلمی اور جہالت سے ہوا وہ خدا معاف کرے اب علم ویقین ہوتے ہوئے کس طرح کروں۔ پس واقعات حالات مذکورہ کے بنا پر اب زید وہندہ کو کیا کرنا چاہئے باہم زن وشوہر کے تعلقات پھر قائم کر لینا چاہئے یا ترک ہی رکھنا چاہئے۔ نان ونفقہ بحالت علیحدگی زید پر واجب رہے گا یا نہیں۔ نکاح جو ہوا اعتبار کیا جائے گا اور اولاد کا نسب صحیح ہے یا نہیں مہر ذمہ زید کے کل واجب ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں زید کو لازم ہے کہ ہندہ کو اپنے لئے حرام سمجھے اور چونکہ ۶ سال سے دونوں میں علیحدگی ہو چکی ہے تو ظاہر ہے کہ عدت تین حیض بھی گذر چکی ہوگی پس اگر زید نے علیحدگی کے وقت ہندہ سے یہ لفظ بھی زبان سے کہدیا ہو کہ تو میرے لئے حلال نہیں اس لئے اب میں تیرے ساتھ میاں بی بی کے تعلقات نہیں رکھتا بلکہ تم سے الگ رہوں گا تو

Made searchable using ScribeTools.com

اب ہندہ کو اپنا نکاح جس سے چاہے کر سکتی ہے اور اگر بالفرض تین حیض نہ آئے ہوں تو تین حیض کے بعد جس سے چاہے نکاح کرے اور اگر زید نے صرف عملی علیحدگی اختیار کی ہے اور زبان سے علیحدگی اختیار نہیں کی تو ابھی ہندہ دوسرے سے نکاح نہیں کر سکتی بلکہ جب زید اُس سے زبانی علیحدگی ظاہر کر دے اور اس کے بعد تین حیض گذر جائیں تب وہ اس کے نکاح فاسد سے علیحدہ ہوگی اور یہ علیحدگی دونوں پر واجب ہے زید کو چاہئے کہ اس کو طلاق دیدے یا زبان سے اتنا کہدے کہ میں تجھ سے الگ ہوتا ہوں اگر زید یہ لفظ نہ کہے تو ہندہ کو چاہئے کہ وہ شوہر کے سامنے یہ لفظ کہدے کہ میں تجھ سے الگ ہوتی ہوں ہر صورت میں یہ تعلق فاسد منقطع ہو جائے گا اور اس صورت مذکورہ میں اولاد سب حلالی ہے اور ثابت النسب ہے، اور ہندہ کے لئے زید پر مہر مثل بھی لازم ہے اگر مہر مقررہ مہر مثل سے زیادہ ہو اور اگر مہر مثل مہر مقررہ سے کم ہو تب بھی مہر مثل ہی دیا جائیگا قال فی الشامیۃ تحت قول الدر وعدۃ المنکوحۃ نکاحًا فاسدًا ھی المنکوحۃ بغیر شھود ونکاح امرأۃ الغیر بلا علم بانھا متزوجۃ و نکاح المحارم مع العلم بعدم الحل فاسد عندہ خلافا لھما الی ان قال وتقدم فی باب المھر ان الدخول فی النکاح الفاسد موجب للعدۃ وثبوت النسب ومثل لہ فی البحر ھناک بالتزوج بلا شھود وتزوج الاختین معًا و الاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ والخامسۃ فی عدۃ الرابعۃ والامۃ علی الحرۃ اھ (۹۹۹ ج ۲) قلت وفی صورۃ المسئولۃ تزوج بالمحرمۃ مع عدم العلم بالحرمۃ فھو فاسد بالاتفاق لا باطل وفی الدر ومبدأھا فی النکاح الفاسد بعد التفریق من القاضی او المتارکۃ ای اظھار العزم من الزوج علی ترک وطئھا بان یقول بلسانہ ترکتک ونحوہ (کخلیت سبیلک او فارقتک) ومنہ الطلاق او انکار النکاح لو بحضرتھا والا لا۔ لا مجرد العزم لو مدخولۃ والا فیکفی تفرق الابدان اھ قال الشامی قولہ من الزوج قید بہ لان ظاھر کلامھم انھا لا تکون من المرأۃ قال فی البحر ورجحنا فی باب المھر انھا لا تکون من المرأۃ ایضًا ولذا ذکر مسکین من صورھا ان تقول فارقتک اھ ورجحہ باتفاقھم علی ان لکل منھما فسخ ھذا النکاح والفسخ متارکۃ اھ ص ۱۰۰۷ ج ۲) فی الدر المختار (و یجب مھر المثل فی نکاح فاسد بالوطء) فی القبل (لا بغیرہ ولم یزد) مھر المثل (علی المسمی) لرضاھا بالحط ولو کان دون المسمی لزم مھر المثل (ص ۵۷۵ ج ۲ شامی)۔ ۸ شعبان ۴۴ھ

نومسلمہ منکوحہ کافرہ قبل از انقضاء عدت نکاح جائز نہیں ہے

سوال (۱۴) کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس صورت میں کہ ہندوستان میں موجودہ حالت میں اگر کوئی غیر مسلمہ مشرف باسلام ہو۔ اور حالت کفر میں منکوحہ بھی ہو۔ زوج اول اسلام سے انکاری بھی ہو۔ اس صورت میں نومسلمہ کا نکاح وقت اسلام سے کتنے دن بعد جائز ہے۔ اگر فقہ حنفیہ کے اس اصل کو مدنظر رکھا جاوے۔ کہ عورت مہاجرہ نہ ہو تو بعد گذرنے تین ماہ کے ابانت ہوتی ہے۔ زمانہ موجودہ میں اتنی مدت کا انتظار موجب ارتداد ظاہر ہوتا ہے، ضرورت وقت و اصل فقہ کے توافق کی صورت رقم فرما کر شکریہ کا استحقاق بخشیں۔

الجواب؛ جب تک اس نومسلمہ کو اسلام لانے کے بعد تین حیض نہ آجائیں اس وقت تک اس کا نکاح کسی دوسرے شخص سے جائز نہیں۔ اور جس عورت کے لئے اتنی مدت کا انتظار موجب ارتداد ہو اس کا اسلام ہی قابل اعتبار نہیں۔ کیونکہ اسلام یہ ہے کہ مسلمان ہونے والا حکم شرعی کا پابند ہو نہ یہ کہ وہ قانون شرعی کو اپنا پابند بنانا چاہے پس ایسے شخص کے مرتد ہونے سے کچھ رنج نہیں۔ بس ہم سمجھ لیں گے کہ اس نے پہلے ہی سے اسلام کو اسلام سمجھ کر قبول نہیں کیا تھا۔ بلکہ محض شہوت رانی کے لئے اس نے اسلام کا نام کیا ہے، واللہ اعلم۔

حررہ الاحقر ظفر احمد عفا عنہ، ۲۰ محرم ۴۷ھ۔

نعم الجواب الذی لا یتجاوزہ الصواب، اشرف علی، ۲۳ محرم ۴۷ھ۔

دوران عدت نکاح کی خاص صورت کا حکم

سوال (۱۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں کہ زید نے مسماۃ ہندہ کو طلاق دیدی بعد از طلاق پانچ یوم بعد۔ قبل انقضائے عدت ہندہ نے عمرو سے نکاح کر لیا دس برس تک عمرو کے گھر میں اسی نکاح سے یعنی جو کہ قبل از انقضاء عدت ہوا تھا رہی، عمرو کو لوگ کہتے رہے کہ تو عدت گذار کر نکاح پھر کر لے عمرو نے دس برس بعد ایک روز بیٹھے بیٹھے نکاح پھر کر لیا اور اس نکاح ہونے کے بعد عمرو نے ہندہ کو طلاق ثلاثہ دیدی اب پھر ہندہ اور عمرو کا باہمی سلوک ہو گیا ہے اور پھر وہ باہمی نکاح کرنا چاہتے ہیں بعض لوگ کہتے ہیں کہ عمرو نے جو نکاح دس برس بعد کیا تھا اس میں بھی طلاق کی عدت گذارنی چاہئے تھی بعدہٗ نکاح کرنا چاہئے تھا انہوں نے ایسا نہیں کیا لہذا بعد از طلاق بلا حلالہ نکاح عمرو کے ساتھ ہو سکتا ہے اب دریافت طلب صرف یہ امر ہے کہ ہندہ کا نکاح عمرو سے بلا حلالہ ہو سکتا ہے یا حلالہ کرنے کے بعد ہو سکتا ہے جواب باصواب دیں۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں دوبارہ جو نکاح کیا گیا تھا وہ صحیح ہو گیا تھا اس لئے اس کے بعد تین طلاق دینے سے حرمت مغلظہ ہو گئی اب بدون حلالہ عمرو سے نکاح نہیں ہو سکتا جو لوگ

یہ کہتے ہیں کہ دس سال کے بعد جو نکاح کیا گیا اس میں بھی ۔۔۔ طلاق لازم تھی (یعنی عورت کو زوج ثانی کے جدا کر دینے اور تفریق کے بعد عدت گذرنے پر نکاح کیا جاتا تب صحیح ہو سکتا تھا) ان کا یہ قول صحیح نہیں ہے کیونکہ عدت کے اندر نکاح کرنے سے اس عدت میں اضافہ نہیں ہوتا وہ عدت تو وقت طلاق سے تین حیض آنے تک ختم ہو جاتی ہے البتہ بعض صورتوں میں خود اس نکاح فاسد کی وجہ سے دوسرے شخص کے لئے عدت واجب ہوتی ہے یعنی دوسرا کوئی شخص نکاح کرنا چاہے تو اس کے لئے جائز نہیں ہے کہ بدون تفریق اور تفریق کے بعد عدت گذرے بغیر نکاح کرے اور اگر خود وہی شخص نکاح کرے کہ جس نے عدت سابق میں نکاح کیا تھا تو اس کے لئے اس نکاح فاسد کی وجہ سے عدت واجب نہیں ہے۔

قال الشامی فلو کانت وطئت بعد حیضة من الاولی فعلیها حیضتان تکملة للاولی وتحتسب بهما من عدة الثانی فاذا حاضت واحدة بعد ذلك تمت الثانیة ایضا نعم وهذا اذا کان بعد التفریق بینها وبین الواطی الثانی اما اذا حاضت حیضة قبله فهی من عدة الاول خامسة وتمامه فی البحر عن الجوهرة (ص ۱۰۰۲ ج ۲) وفی الصفحة الآتیة واذا تمت عدة الاول حل للثانی ان یتزوجها لا لغیره مالم یتم عدة الثانی بثلاث حیض من التفریق وفیه ایضا (ص ۵۷۵ ج ۲) امانکاح منکوحة الغیر ومعتدته فالدخول فیه لا یوجب العدة ان علم انها للغیر لانه لم یقل احد بجوازه فلم ینعقد اصلا وبعد سطر وعلی هذا فیتید قول الجوهرة هنا ونکاح المعتدة بما اذا لم یعلم بانها معتدة الخ

کتبہ الاحقر عبد الکریم گمتھلوی عفی عنہ، ۲۰/۲۷ ۴۵ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ۔

دوران عدت نکاح کی خاص صورت کا حکم

سوال (۱۶) عرض ہے کہ ایک لڑکی کا نکاح گیارہ سال کی عمر میں نابالغی کی حالت میں ہوا اور رواجاً خاوند کے مکان پر بھیجی گئی بعد یک شب کے واپس بلالی گئی اور خاوند کے ساتھ تنہا رہنے کا اتفاق ہوا ممکن ہے کہ صحبت ہوئی ہو لیکن لڑکی نابالغ تھی پھر دوبارہ کبھی خاوند کے مکان پر نہیں گئی باہمی تکرار کی وجہ سے اور چار سال ماں باپ کے مکان پر ہی نکل گئے آئندہ اتفاق کی صورت نظر نہ آنے کی وجہ سے چار سال بعد جبکہ لڑکی بالغ ہو چکی

عه ای فی وجوب العدة ۱۲ منه

جس کو چار سال ہوئے۔

(۳) سابق خاوند سے تو پوچھنے کا اتفاق نہیں ہوا لیکن لڑکی خود خلوت اور صحبت دونوں کی مقر ہے لیکن اس کے گھر والے اس کے خلاف ہیں۔

(۴) دوسرے (یعنی موجودہ) خاوند سے صحبت کا کئی مرتبہ اتفاق ہوا اور اب تک ہے۔

(۵) زوج سابق سے صحبت کا علم ہونے کے بعد صحبت کا کئی مرتبہ اتفاق ہوا۔ لڑکی بیان کرتی ہے کہ جب سے مجھے سابق خاوند نے تین طلاق دی ہیں اس کے بعد ایک حیض آیا اور پھر دوسرا نکاح ہونے کے بعد ایک حیض آیا اور اب ان دنوں میں تیسرا حیض جاری ہے۔

یہ بھی لڑکی سے کہا گیا کہ تو نے نکاح کے پہلے خلوت کا ذکر کیوں نہیں کیا تو لڑکی نے جواب دیا کہ مجھ سے کسی نے اس بارے میں کچھ نہیں پوچھا۔

یہ بھی واضح رہے کہ دوسرا نکاح ہونے کے بعد پہلی ہی رات کو غالباً صحبت کے بعد اول خاوند سے صحبت ہونے کا علم ہو گیا اور اس دوسرے خاوند کو بھی نکاح ہونے میں شک رہا بلکہ بار بار یہ خیال اس کے دل میں آتا رہا کہ نکاح نہیں ہوا لیکن پھر بھی وہ اس وقت تک اس سے صحبت کرتا رہا اور پھر لڑکی سے بھی کہہ دیا کہ نکاح نہیں ہوا۔ البتہ دوسرے لوگوں اور اس کے والدین کو ابھی تک اس کا علم نہیں۔ اب شرعی حکم بتلایا جاوے کہ نکاح ہوا یا نہیں اگر نہیں ہوا تو اب پھر نکاح کر سکتا ہے یا نہیں۔ نیز جبکہ لڑکی کو طلاق کے بعد تیسرا حیض بھی شروع ہو گیا، اب اس حیض کے پورا ہونے کے بعد نکاح کرے یا کیا؟

(نوٹ) زوجین کو اس دیدہ دانستہ جسارت اور احکام شرعیہ کی مخالفت پر سخت تنبیہ کی گئی اور زوجین میں علیحدگی اور توبہ و استغفار کی تاکید کر کے سوال یکھکر واپس کر دیا کہ توبہ و استغفار کے بعد مکرر سوال کیا جاوے۔ پھر سوال مکرر آیا جس میں زوجین کا علیحدہ ہو جانا ظاہر کیا اس پر زوجین کو آئندہ کے لئے عاجزی کے ساتھ توبہ و استغفار کرتے رہنے کی ترغیب دی گئی اور مندرجہ ذیل جواب دیا گیا۔

الجواب؛ اب دوبارہ اس زوج ثانی سے نکاح ہو سکتا ہے تیسرے حیض ختم ہونے کے بعد زوج اول کی عدت طلاق گذر چکی ہے اور زوج ثانی سے نکاح ہو سکتا ہے البتہ اگر کوئی اور شخص اس زوج ثانی کے علاوہ اس عورت سے نکاح کرنا چاہے تو اس سے ابھی نکاح نہیں ہو سکتا بلکہ اس عورت کو زوج ثانی کے جدا کر دینے کے بعد سے تین حیض آنا شرط ہے کما فی الشامی

Made searchable using ScribeTools.com

تھی اور عمر بھی پندرہ سال ہو چکی تھی خاوند نے طلاق دیدی طلاق دینے کے بعد ایک ماہ چار دن کے لڑکی نے دوسرا نکاح کر لیا نکاح سے پہلے تحقیقات کرنے سے یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ خاوند سابقہ کے یہاں جو شب کو رہی تھی خاوند سے علیحدہ رکھی گئی تھی اس پر علماء نے بلا عدت نکاح کا حکم دے دیا نکاح ثانی ہونے کے بعد معلوم ہوا کہ خاوند سابقہ سے صحبت یا خلوت کا اتفاق رہا اب اس صورت میں جبکہ طلاق کے ایک ماہ اور چار دن بعد بلا عدت پورے کئے ناواقفی کی وجہ سے نکاح کر لیا یہ نکاح جائز ہوا یا نہیں اور اگر نکاح ناجائز ہوا تو عدت کب سے شمار کی جاوے۔ تاریخ طلاق سے جو کہ اگلے خاوند نے دی تھی یا جب سے صحبت کا ہو جانا اگلے خاوند سے معلوم ہوا تھا اس وقت سے کیونکہ طلاق سے ایک ماہ چار دن بعد تو نکاح ہوا اور نکاح ہونے کو پندرہ روز ہوئے کل ایک ماہ انیس دن ہو چکے ہیں یہ عدت میں شمار کئے جائیں گے یا کیا اور ایام عدت میں موجودہ خاوند سے عورت علیحدہ رہے یا کیا بعد طلاق لڑکی کو ایک مرتبہ حیض بھی بیس پچیس یوم کے بعد آیا فقط جواب سے جلد مطلع فرمایا جاوے، ۹

تنقیح :- اس سوال کے متعلق چند امور دریافت طلب ہیں ان کا جواب آنے کے بعد انشاء اللہ حکم شرعی لکھا جائے گا۔

(۱) دوسرے نکاح سے قبل خلوت و صحبت کی تحقیق کس کس سے کی گئی تھی ؟

(۲) اور اب کون کون صحبت کو بیان کرتا ہے اگر پہلے اس لڑکی یا زوج نے انکار کیا تھا اور اب وہی اقرار کرتے ہیں تو انکار سابق کی وجہ کیا بیان کرتے ہیں ؟

(۳) اگر لڑکی اور زوج سابق خلوت اور صحبت کے بارے میں اختلاف رکھتے ہیں تو یہ بھی لکھا جاوے کہ دوسرے گھر والے کیا کہتے ہیں ؟

(۴) دوسرے خاوند سے اب تک صحبت یا خلوت ہوئی یا نہیں ؟

(۵) اگر ہوئی تو زوج سابق سے صحبت کا علم ہونے کے قبل یا بعد ؟

تمام واقعات اور بیانات مع اس سوال و تنقیح کے واپس کیا جاوے فقط۔ ۲۰ ربیع ۱ ۴۸ھ

جواب تنقیح : (۱) لڑکی کے والدین سے پوچھا گیا تو معلوم ہوا کہ سابق خاوند سے خلوت کا اتفاق ہی نہیں ہوا (۲) دوسرا نکاح ہونے کے بعد خود لڑکی نے دریافت کرنے پر اقرار کیا کہ سابق خاوند سے مجھے خلوت اور صحبت دونوں کا اتفاق ہوا یہ اتفاق سابق شادی کے دن صرف دو تین گھنٹہ کے لئے ہوا اس کے بعد میں پھر سابق خاوند سے ملنے کا اتفاق ہی نہیں ہوا

تحت قول الدر (والمرئی) من الحیض (منهما) وهذا اذا کان بعد التفریق بینهما وبین الواطی الثانی اما اذا حاضت حیضة قبله فهی من عدة الاول خاصة وتمامه فی البحر من الجوهرة الی ان قال وفی البحر عن الخانیة واذا انقضت عدة الاول حل للثانی ان یتزوجها لا لغیره مالم تتم عدة الثانی بثلاث حیض من التفریق وهکذا فی العالمگیریة الا انه لم یذکر حکم الحیض قبل التفریق، واللہ اعلم بالصواب۔ احقر عبد الکریم عفا عنه، ۱۶ ربیع ۲ سنہ ۴۸ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنه۔

اقرار نامہ کے خلاف ورزی کی صورت میں بیوی کے نکاح ثانی کی ایک صورت

سوال (۱۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک عورت اپنے خاوند سے ناراض ہو کر اپنے باپ کے گھر چلی گئی۔ کچھ عرصہ کے بعد شوہر نے رضامندی کے ساتھ حسب ذیل اقرار نامہ تحریر کیا۔ اس میں مبلغ چھ روپیہ ماہوار دینے قرار پائے۔ جبکہ شوہر نے تقریباً آٹھ ماہ تک کچھ نہیں دیا تو زوجہ نے اس کے بعد اس اقرار نامہ کی رُو سے اپنے آپ کو مطلقہ سمجھ کر شوہر مذکور کی زندگی میں دوسرا نکاح کر لیا اور کئی سال اس کے گھر میں رہی۔ مگر کسی نے زوج سے اس رقم کا مطالبہ بھی نہیں کیا جو اس نے اپنے ذمہ مقرر کر لی تھی لہذا یہ عقد جائز ہوا یا نہیں۔

نقل اقرار نامہ

منکہ حفیظ ولد نبی بخش قوم شیخ ساکن گٹو مکٹیسر کا ہوں۔ جو کہ نان نفقہ کے مبلغ چھ روپیہ ماہوار دینے قرار پائے اس کے ادا کرنے میں مجھ کو کسی وقت کوئی عذر نہ ہوگا اور مبلغ دو روپیہ ماہوار بچوں کے کپڑوں وغیرہ کے صرف کے واسطے میں نے مقرر کر دئے ہیں۔ جو میں اس اقرار سے کسی قسم کا کوئی عذر کروں تو مع بی بی بچوں کے بالکل قطعی دست بردار ہوں گا۔ لہذا یہ چند کلمے بطریق اقرار نامہ کے لکھ دئے کہ سند ہوں اور بوقت ضرورت کام آویں فقط۔

تنقیح :- اقرار نامہ میں جو یہ لکھا ہے کہ "اس کے ادا کرنے میں مجھ کو کسی وقت کوئی عذر نہ ہوگا" اس کے متعلق وہاں کے سمجھدار محاورہ شناس لوگوں سے دریافت کر کے لکھا جاوے کہ وہاں کے لوگ اس کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ میں خود رقم مقررہ دیدیا کروں گا یا یہ مطلب ہے کہ جب مانگا کرے گی جب ادا کرنے میں عذر اور حیلہ بہانہ نکروں گا

جواب تنقیح :- اس عبارت کا محاورہ میں یہ مطلب ہوتا ہے کہ بلا مطالبہ رقم معینہ ماہوار

Made Searchable by ScribeTools.com

ادا کرتا رہوں گا۔

الجواب؛ اگر جواب تنقیح کے موافق اس عبارت کا یہی مطلب متعین ہو کہ بلا مطالبہ ادا کرتا رہوں گا اور وہاں کے لوگوں کو سنکر اس کے خلاف کا شبہ نہ ہوتا ہو تو طلاق واقع ہو چکی ہے اور زوج ثانی کا نکاح صحیح ہو گیا بشرطیکہ عدت کے بعد ہوا ہو اور اگر اس عبارت میں یہ شبہ بھی ہوتا ہو کہ مطالبہ کرنے پر رقم معینہ ادا کروں گا تو طلاق واقع نہیں ہوئی اور نکاح باطل ہے کما ھو الظاھر لیکن بہر حال زوج ثانی پر مہر واجب ہے صحت نکاح کی صورت میں تو مہر مقررہ اور فساد نکاح کی صورت میں مہر مثل اور مہر مقررہ دونوں میں سے جو کم ہو وہ واجب ہے کیونکہ ہمبستری کے بعد نکاح فاسد میں بھی مہر واجب ہوتا ہے فی العالمگیریہ (ص ۲۷۰ ج ۲) وان کان قد دخل بھا فلھا الاقل مما سمی لھا ومن مھر مثلھا ان کان ثمہ الخ فقط واللہ اعلم۔ کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ، مورخہ ۲ ربیع الثانی ۵۱ھ۔ (بر ضمیمہ ص ۴۲)

فصل فی الاولیاء والاکفاء

نابالغہ کا نکاح چچا نے کر دیا اور ماں ناراض ہوا

سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ دختر زید نابالغہ کا اس کا برادر حقیقی عمرو بعد وفات زید بلا رضامندی زید جبراً نکاح اپنے فرزند سے کر دے اس نیت سے کہ دختر مذکور کی والدہ یا اس کا ماموں کہ جو بعد وفات زید اس کے ہر طرح کے خرچ وغیرہا کا کفیل ہو رہا ہے کسی دوسری جگہ کر دیوے درست ہے یا نہیں؟ دختر مذکور مع اپنی والدہ کے جو قصبہ چھپرولی ضلع میرٹھ اپنے ماموں کے یہاں رہتی ہے کسی تقریب میں قصبہ شاملی گئی ہوئی تھی واپسی میں جس وقت گاڑی کیرانہ کے قریب آئی تو عمرو مذکور مع چند مردمان لٹھ بند ہو کر آیا اور لڑکی کو زبردستی اتار کر اپنے مکان پر لے گیا اور اس کا نکاح اپنے لڑکے سے کر کے دختر مذکور کو چھپرولی اس کی والدہ کے پاس چھپرولی اس کے ماموں کے یہاں پہونچا دیا یہ نکاح درست ہے یا نہیں۔

الجواب؛ صورت مذکورہ میں دختر زید نابالغہ کا ولی شرعاً اس کا برادر حقیقی عمرو ہے دختر مذکور کی ماں یا اس کا ماموں ولی نہیں ہے لہذا عمرو نے جو نکاح اس دختر کا اپنے بیٹے سے کر دیا ہے وہ صحیح ہے بشرطیکہ نکاح خاندانی مہر پر ہوا ہو اور خاندانی مہر سے بہت زیادہ قلیل مہر پر نکاح نہ کیا ہو۔ قال فی الدر وان کان المزوج غیرھما ای غیر الاب وابیہ لا یصح

النکاح من غیر کفوا و بغبن فاحش اصلاً وان کان بکفو و بمھر المثل صح ولکن لھما ای الصغیر والصغیرۃ خیار الفسخ بالبلوغ او العلم بالنکاح بعدہ اھ ملخصا (ص ۵۰۰ و ۵۰۱ ج ۲ مصری) واللہ اعلم ۱۰ ربیع الثانی سنہ ۴۰ھ

اگر ماں باپ کی رضامندی سے نکاح ہو تو لڑکی کو خیار بلوغ نہیں ہے

سوال (۲) اس مسئلہ میں علماء دین کیا فرماتے ہیں جبکہ ایک شخص نے اپنی نابالغ دختر کا نکاح ایک بالغ لڑکے سے کیا اور اس لڑکی کا والد ہمیشہ شراب پیتا تھا نیز اس نے قبل از نکاح شراب پی ہوئی تھی اور بیہوشی کی حالت میں تھا اس نے عین نکاح کے وقت بکواس شروع کر دیا تو اس کے قریبی رشتہ داروں نے اس کو ایک مکان میں بند کر دیا لڑکی کی والدہ اور دادی اس جگہ موجود تھیں ان کی بھی نامرضی تھی مگر بعد کچھ جد و جہد کے مشورہ کر کے لڑکے کی طرف سے ایک اقرار نامہ سرکاری کاغذ پر لکھوایا گیا پیشتر نکاح پڑھنے کے کہ میں اپنی زوجہ کو اپنی تمام زندگی میں وداع کرا کر اپنے گھر نہ لے جاؤں گا ہمیشہ اپنی بود و باش اپنے سسرال کے گھر رکھوں گا اور پانچسو روپیہ بابت مہر مؤجل عند الطلب ادا کروں گا نیز اگر میں اپنے شہر سے باہر کسی اور شہر یا ملک میں برائے روزگار چلا جاؤں تو پانچ روپیہ ماہوار خرچ نان پارچہ ادا کرتا رہوں گا بعد نشا اترنے کے اس کاغذ اقرار نامہ سے لڑکی کے والد کی تسلی کر دی گئی اور کاغذ دیدیا گیا یعنی لڑکی کے والد کو، اب اس نکاح کو عرصہ چھ سال کا گذر گیا اور لڑکی اب بالغ ہو گئی ہے اس عرصہ میں (اس) کا شوہر نہ اپنی زوجہ کو اپنے گھر لے گیا اور نہ بموجب اقرار نامہ اپنی سسرال میں آکر رہا اور نہ کوئی خرچ نان پارچہ ادا کیا اب لڑکی اپنے بالغ ہونے پر بموجب شرع محمدی بذریعہ فقہ امام صاحب اس نکاح کو فسخ کر کے اپنی مرضی سے اور کسی دوسرے شخص سے نکاح کر سکتی ہے یا نہیں؟

الجواب؛ خیار بلوغ اس وقت ہوتا ہے جبکہ باپ اور دادا کے سوا کوئی اور ولی نکاح نابالغہ کا کرے اور صورت مذکورہ میں یہ نکاح باپ کی اجازت سے ہوا ہے کیونکہ وہ بعد نکاح کے اس پر راضی رہا اس لئے صورت موجودہ میں لڑکی کو خیار بلوغ حاصل نہیں، واللہ اعلم۔ ۱۸ رجب سنہ ۴۰ھ

ولی اقرب کے ہوتے ہوئے اگر ولی ابعد نابالغہ کا نکاح پڑھا دے اور ولی اقرب سکوت اختیار کرے تو کیا حکم ہے

سوال (۳) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل میں:

مسماۃ ہندہ یتیمہ نابالغہ کے دو حقیقی چچا عمرو بکر اور ایک حقیقی چچازاد بھائی زید جو ہندہ کا بہنوئی بھی ہے موجود ہیں زید نے اپنی حقیقی چچیری بہن مسماۃ ہندہ کا اپنی ولایت سے خالد کے ساتھ نکاح پڑھا دیا چونکہ عمرو بکر دونوں چچا اپنی پسند کردہ لڑکوں سے ہندہ کا

Made searchable using ScribeTools.com

نکاح کرنا چاہتے تھے شریک مجلس نکاح نہ ہوئے نہ مجلس نکاح میں نکاح کے وقت خالد کے ساتھ نکاح پڑھانے سے انکار کیا اور نہ ان کے پاس جاکر ہندہ کے نکاح مذکورہ کی اجازت حاصل کی گئی لیکن اب کچھ عرصہ کے بعد یہ کہتے پھرتے ہیں کہ ہندہ کا نکاح ہی نہیں ہوا۔ مندرجہ ذیل سوالات کی ضرورت ہے

(۱) حقیقی چچا کی موجودگی میں حقیقی چچازاد بھائی کی ولایت معتبر ہوسکتی ہے یا نہیں؟

(۲) یہ نکاح جائز ہوا یا نہیں، جائز و ناجائز کی وجہ کیا ہے؟

(۳) کیا زید کا حقیقی بہنوئی اور حقیقی بچیرا بھائی ہونا ہندہ کے معاملہ نکاح میں اس کی ولایت کو چچاؤں کی ولایت پر ترجیح دیتا ہے؟

(۴) اگر نکاح جائز ہوگیا تو کیا اب حقیقی چچاؤں کے انکار سے وہ فسخ ہوگیا؟

استفسار از مجیب: (۱) کیا اب بھی ہندہ نابالغ ہی ہے؟ (۲) جب اس نکاح کی خبر عمرو بکر کو پہونچی انہوں نے سکوت کیا یا کچھ کہا اگر کہا تو کیا کہا یا خبر پہونچنے کے وقت سکوت کیا اور پھر کچھ کہا؟

جواب از سائل: (۱) ہندہ اب بھی نابالغہ ہی ہے (۲) جب اس نکاح کی خبر عمرو بکر کو پہونچی تو انہوں نے سکوت کیا چنانچہ ہندہ نکاح کے بعد کچھ عرصہ اپنے خاوند کے مکان پر رہ بھی گئی ہے۔ اب اہل محلہ کے کہنے سننے سے عمرو بکر نے ایسا کہنا شروع کیا۔

الجواب؛ قال فی الخلاصة فی بیان ترتیب الاولیاء ثم العم لاب وأم ثم لاب ثم بنوهم علی هذا الترتیب اھ ص ۲۷۱۸ ج ۲ ، وفی الدر فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازته. قال الشامی تقدم ان البالغة لو زوجت نفسها غیر کفو فللولی الاعتراض مالم یرض صریحا او دلالة کقبض المهر ونحوه فلم یجعلوا سکوته اجازة والظاهر ان سکوته هنا کذلك فلا یکون سکوته اجازة لنکاح الابعد وان کان حاضرا فی مجلس العقد مالم یرض صریحا او دلالة تأمل اھ ص ۵۱۶ ج ۲. صورت مسئولہ میں حقیقی چچا کی موجودگی میں حقیقی چچازاد بھائی ولی نہیں ہوسکتا اگرچہ وہ بہنوئی بھی ہو پس ہندہ کا نکاح چونکہ بلا اجازت ولی اقرب کے ہوا تھا وہ اولاً موقوف تھا اگر ولی اقرب اس کو جائز کردیتا جائز ہو جاتا اور اس کا سکوت اجازت نہیں اب چونکہ ولی نے اس نکاح سے اپنی ناراضی ظاہر کردی اور اس سے پہلے کوئی قول و فعل دال بر اجازت اس سے صادر نہیں ہوا بجز سکوت کے اس لئے ہندہ کا نکاح خالد سے باطل ہوگیا، واللہ اعلم۔

۸ر شعبان ۴۱ھ۔

احکام کفاءت اور اس بات کا بیان کہ نسب مرد میں معتبر ہے نہ کہ عورت میں

سوال: (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ (۱) کفاءت نسب شرعاً کن کن امور میں قابل اعتبار ہے؟

(۲) ایک شخص زید نے ایک عورت نومسلمہ سے جس کا باپ مشرک ہے نکاح کیا اس کی اولاد ہوئی وہ اولاد اور ایک شخص والدین کی جانب سے صدیقی ہے ان میں کون از روئے نسب افضل ہے اور ایک شخص سید ہو کہ جس کی ماں نومسلمہ ہو تو اس کی لڑکی کا کفو عربی النسل غیر قریشی ہوسکتا ہے یا نہیں اور قریشی اس کا کفو ہے یا نہیں؟

(۳) جس جگہ عربی النسل غیر قریشی باعزت سمجھا جاتا ہے اس جگہ وہ شخص کہ جس کی ماں مشرکہ ہے بعد میں مسلمان ہوگئی اور باپ سید ہے باعزت از روئے نسب ہے یا نہیں؟

(۴) ایک شخص کہ جس کے والدین سید ہیں اور ایک شخص کہ باپ سید ہے وہ اس کا کفو ہوسکتا ہے یا نہیں معہ حوالہ کتب تحریر فرمایا جائے؟ بینوا توجروا.

الجواب؛ (۱) کفائت نسب و اسلام و حریت و دیانت و مال و حرفت میں معتبر ہے۔

(۲) نسب کا اعتبار مرد سے ہوتا ہے نہ کہ عورت سے اگر عورت عجمی ہو اور باپ عربی ہو تو اولاد عربی صاحب نسب ہوگی اور کفاءت میں وہ ان لوگوں کے برابر ہے جن کے ماں باپ دونوں عربی النسل ہیں۔ قال العلامة عبد الحی رح فی فتاواه ناقلا عن شرح الغرر الولد یتبع الاب فی النسب لانه للتعریف والام لاتشتهر اھ ونقل عن البحر حتی لو تزوجها شمی امة انسان فأتت بولد فهو هاشمی تبعا لابیه رقیق تبعا لامه کما فی فتح القدیر. وعن حاشیة الدر للطحطاوی قوله ولا فی نسب ای لا یتبع امه فی نسب هذا نص صریح فی ان ابن الشریفة لیس بشریف وان کان له شرف، حموی اھ ص ۲۷۳۹۳ ج ۲. وعن رد المحتار لابن عابدین من کان امها علویة وابوه عجمی یکون العجمی کفوا لها وان کان لها شرف ما لان النسب للآباء ولذا جاز دفع الزکوٰة الیها. فلا یعتبر التفاوت بینهما من جهة شرف الام ولم أر من صرح بهذا و الله اعلم اھ ص ۲۵۲۳ ج ۲ - وفیه ایضاً الکفاءة معتبرة من جانبه ای الرجل لان الشریفة تأبی ان تکون فراشاً للادنی ولن الا تعتبر من جانبها لان الزوج مستفرش فلا تغیظه دناءة الفراش وهذا عند الکل

فی الصحیح اھ ص ۵۲۰ ج ۲ ۔ پس جس صدیقی کی۔ ان نومسلمہ ہے وہ اس صدیقی کا کفو ہے جس کے ماں باپ دونوں صدیقی ہیں گو اس کو فی الجملہ ایک شرف حاصل ہے مگر کفارت میں اس کا اعتبار نہیں ۔ اور وہ سید جس کی ماں نومسلمہ ہے نسباً سید ہے اور اس کی اولاد بھی سید ہے لہذا اس کی بیٹی کا کفو عربی النسل غیر قریشی نہیں ہوسکتا ۔ ہاں قریشی اس کا کفو ہوسکتا ہے ۔

(۳) بعض مشائخ کے نزدیک حسیب معزز نسیب کا کفو ہے ۔ مگر یہ قول ضعیف ہے صحیح یہ ہے کہ حسیب نسیب کا کفو نہیں قالوا الحسیب کفؤ للنسیب حتی ان الفقیہ یکون کفؤاً للعلویۃ ذکر فی قاضی خان والعتابی فی جوامع الفقہ وفی الینابیع العالم کفو للعربیہ والعلویۃ والاصح انہ لا یکون کفؤاً للعلویۃ کذا فی غایۃ السروجی اھ (ص ۲۷۵ ج ۲) عالمگیریہ ۔ پس وہ سیدہ جس کی ماں نومسلمہ ہے اس کا کفو عربی النسل غیر قریشی نہیں ہے گو معزز کیسا ہی ہو ۔

(۴) ہاں کفو ہے ۔ واللہ اعلم ، حررہ الاحقر ظفر احمد عفی عنہ بامرسیدہ حکیم الامۃ دام مجدہم ۔

۲۹ ر ذی القعدہ ۱۳۴۱ھ ۔

جس جگہ سیدہ کا نکاح غیر سید کے ساتھ عار سمجھا جاتا ہو وہاں سید اور غیر سیدہ میں کفارت کا نہ ہونا

سوال (۵) جس ملک میں عورت سیدہ کے نکاح کرنے سے ساتھ غیر سید کے اس قدر فتنہ ہوتا ہو کہ ناکح اور اس کے اخوان شہود وغیرہ کو قتل کئے بغیر نہیں چھوڑتے ایسے حالت سے کہ تمام اقوام مسلمانان عورت سیدہ کو مثل ماں بہن پھوپھی وغیرہ محرمات ابدیہ کے خیال کرتے ہیں ابتداء پیدائش سے تاحال اس جگہ سیدہ کا نکاح کسی غیر شخص سے نہ کیا اور نہ کرنے کا آئندہ ارادہ ، ایسے حالت میں فقریش بعضہم الکفاء بعض پر عمل کرکے فتوی جواز نکاح سیدہ با غیر سید دیکر اس کو قتل کرایا جائے یا کہ بنا بر قول محمدؒ بعد عبارت مذکورہ الا ان یکون نسباً مشہوراً کاھل بیت الخلافۃ جس پر علامہ ابن ہمام فرماتے ہیں حتی لا یکافؤ اھل بیت الخلافۃ غیرھم من القرشیین ھذا ان قصد بہ عدم المکافاۃ لا ان قصد بہ تسکین الفتنۃ اور ایک حدیث کی تحقیق کرکے فرماتے ہیں فیدور الحکم مع العرف حتی یکون الحائک کفواً للعطار بالاسکندریۃ لما ھنالک من حسن اعتبارھا وعدم عدھا نقصاً غرض بنا پر عرف الناس کا فتنہ وا ثیار فتنہ عدم جواز کا حکم ہوگا یا نہ ؟ اور پھر اسے باب الکفو میں فرماتے ہیں وبالجملہ فللحدیث اصل فاذا ثبت فیمکن تفصیلھا بالنظر الی عرف الناس فیما یحقرونہ

ویعیرون بہ جس سے صاف ظاہر ہے کہ ایسے ملک میں سیدہ کا نکاح ساتھ غیر سید کے نہ ہونا چاہئے بینوا توجروا ۔

۲۰

الجواب ؛ قال فی الھدایۃ ولا یعتبر التفاضل فیما بین قریش لما روینا وعن محمدؒ کذلک الا ان یکون نسباً مشہوراً کاھل بیت الخلافۃ کانہ قال تعظیماً للخلافۃ وتسکیناً للفتنۃ اھ قال فی العنایۃ یعنی قال محمد لا یعتبر التفاضل فیما بین قریش الا ان یکون النسب نسباً مشہوراً فی الحرمۃ کاھل بیت الخلافۃ فحینئذٍ یعتبر التفاضل حتی لو تزوجت قرشیۃ من أولاد الخلفاء قرشیاً لیس من اولادھم کان لأولیاء حق الاعتراض قال المصنف کانہ یعنی محمداً قال ذلک تعظیماً للخلافۃ وتسکیناً للفتنۃ لا لانعدام اصل الکفاءۃ اھ وفی فتح القدیر حکی قول الشافعی ان الھاشمی والمطلبی اکفاء دون غیرھم بالنسبۃ الیھم اھ (ص ۳۱۹ ج ۳) ۔ جس ملک میں سیدہ کا نکاح غیر سید قرشی سے کیا جانا موجب عار شدید ہو جیسا کہ سوال سے معلوم ہوتا ہے وہاں قول محمدؒ کے موافق تسکین فتنہ کے لئے یہ فتوی دیدینا جائز ہے کہ قرشی غیر سید سیدہ کا کفو نہیں جس کی تائید امام شافعی کے قول سے بھی ہوتی ہے ، واللہ اعلم ۔ ۵ ر ذی الحجہ ۴۲ھ ۔

دھوکہ سے غیر کفو میں نکاح کا حکم

سوال (۶) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ مسمی زید جس کا دماغ خراب تھا اور ایک عرصہ تک مجنونانہ حالت میں رہا تھا اور اس کے اقرباء نے ایک شخص مسمی بکر کو دھوکہ دیکر کہا اب اس کی حالت درست ہوگئی ہے زید کا نکاح ہمراہ دختر بکر کرکے پڑھوا دیا نکاح کے وقت لڑکی ولڑکا ہر دو بالغ تھے مجلس نکاح میں ایجاب وقبول زید کے ساتھ ہوا تھا مجلس نکاح میں جس وقت زید کو لایا گیا اس کے چہرہ سے آثار جنون ضرور نمایاں تھے لیکن زید کے اقرباء نے بکر کو لفظوں سے ایسا اطمینان کیا کہ اس نے یعنی بکر نے اپنی دختر کنواری ہندہ بالغہ کا نکاح اپنے ولایت سے پڑھوا دیا لیکن لڑکی سے ایجاب قبول نہیں کرایا اور نہ حسب رواج اس وقت ہندہ کو رخصت کرکے زید کے گھر بھیجا گیا یہ قرار پایا تھا کہ ایک ہفتہ میں انتظام کرکے رخصتی ہو جاوے گی لیکن زید نے ہفتہ بھی نہ ہونے دیا دو تین یوم بعد بلا اطلاع کسی طرف کو چلا گیا جس کو عرصہ تین سال سے زائد ہو گیا ہے مسماۃ ہندہ بدستور اپنے والدین کے گھر میں ہے اور تین سال سے زید کی اطلاع کبھی کہیں کبھی کہیں سے معلوم ہو جاتی ہے کہ فلاں مقام پر دیکھا گیا ہے ایسی حالت میں یہ نکاح جو ایک دھوکہ دیکر کرایا گیا ہے

Made searchable using ScribeTools.com

بروئے شریعت جائز ہے یا ناجائز رہا؟ جو کچھ الفاظ تحریر کئے گئے ہیں سرمُو فرق نہیں حلفیہ صدق دل سے بلا رورعایت بخوف خداوند عالم وحضور سرور کائنات تحریر کئے گئے ہیں۔

تنقیح:۔ (۱) لڑکی سے جو ایجاب قبول نکرانا لکھا ہے اس کا کیا مطلب ہے آیا زبان سے نہیں کہلایا یا اذن بھی نہیں لیا اگر اذن لیا گیا تو وہ خاموش ہوئی یا کچھ کہا اور اگر نکاح کے وقت اذن نہیں لیا تو بعد نکاح کے جب اس کو اطلاع ہوئی تو کیا کہا اور اطلاع کس کے ذریعہ سے ہوئی؟

(۲) ایسا ہی سوال شاکرالدین صاحب محلہ انصاریاں نے بھیجا تھا اس میں یہ بھی تھا کہ اب وہ مجنونانہ حالت میں کبھی کہیں کبھی کہیں دیکھا جاتا ہے اس میں اس کے متعلق کچھ نہیں لکھا اگر یہ صحیح ہے تو اس حالت کو بیان کرنے والے عادل ہیں یا نہیں؟

(۳) نیز یہ بھی لکھا جاوے کہ زید کا جنون مطبق ہے جو سال بھر یا سال کے اکثر حصہ میں رہتا تھا یا غیر مطبق ہے جو سال کے کم حصہ میں رہتا تھا اور زیادہ حصہ سال کا افاقہ میں گذرتا تھا ان سوالات کا جواب دیا جائے اور جواب کے ساتھ یہ پرچہ ضرور واپس کیا جائے پہلے پرچہ کے واپس نہ کرنے کی وجہ سے دوبارہ تنقیح کی ضرورت ہوگی۔

جواب تنقیحات:۔ (۱) یہ کہ لڑکی سے نہ اذن لیا گیا نہ ایجاب قبول کرایا گیا بلکہ اس کی بلا رضا والد نے اس کا نکاح بزعم ولایت پڑھوا دیا بعد نکاح جب اس کو اطلاع نکاح کی ہوئی تو اوس نے ناراضی ظاہر کی اور یہ بھی کہا کہ میرے باپ نے مجھکو کیوں ڈبویا لیکن شرم ولحاظ کی وجہ سے والدین کے سامنے کچھ کہہ نہیں سکتی۔

(۲) سوال شاکرالدین اسی کے متعلق تھا زید کی مجنونانہ حالت کی خبر اکثر بذریعہ مسلمان ومعتبر اشخاص سے معلوم ہوئی ہے جس کو جھوٹ باور کرنے کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔

(۳) زید کا جنون مطبق ہے سال کا زیادہ حصہ جنون میں گذرتا ہے اور تھوڑا حصہ سکون میں اور جنون کی یہ حالت ہے کہ یا تو ہر وقت بولتا رہتا ہے یا ایسا خاموش ہو جاتا ہے کہ ہفتوں بالکل چپ رہتا ہے لہذا التماس ہے کہ جواب باصواب سے مطلع فرمایا جائے؟

الجواب، واللہ الموفق بالصواب. صورت مسئولہ میں ہندہ کا نکاح زید کے ساتھ بوجہ عدم کفارت کے اور اولیاء زید کے دھوکہ دینے کے صحیح نہیں ہوا قال فی الدر لکن فی النہر عن المغنی المجنون لیس بکفؤ للعاقلة اھ قال الشامی نقلا عن النہر لانہ یفوّت مقاصد النکاح فکان اشد من الفقر ودناءة الحرفة وینبغی اعتمادہ

لان الناس یعیرون بتزویج المجنون اکثر من ذی الحرفة الدنیئة اھ (ص ۵۳۱ ج ۲) وفیہ ایضاً الکفاءة معتبرة فی ابتداء النکاح للزومہ او لصحتہ من جانبہ ای الرجل لان الشریفة تأبی ان تکون فراشاً للدنی اھ قال الشامی معناہ معتبرة فی اللزوم علی الاولیاء حتی ان عند عدمہا جاز للولی الفسخ اھ فتح وھذا بناء علی ظاھر الروایة من ان العقد صحیح وللولی اعتراض اما علی روایة الحسن المختارة للفتوی من انہ لا یصح معتبرة فی الصحة وکذا لو کانت الزوجة صغیرة والعاقد غیر الاب والجد فقد مر ان العقد لا یصح اھ (ص ۲۷۵ ج ۲) وفی الدر ایضاً ویفتی فی غیر الکفؤ بعدم جوازہ اصلا وھو المختار للفتوی لفساد الزمان فلا تحل مطلقة ثلاثا تزوجت غیر کفؤ بلا رضی ولی بعد معرفتہ ایاہ فلیحفظ اھ قال الشامی قال شمس الائمة وھذا اقرب الی الاحتیاط کذا فی تصحیح العلامة قاسم لانہ لیس کل ولی یحسن المرافعة والخصومة ولا کل قاض یعدل ولو احسن الولی وعدل القاضی فقد یترک النفقة للتردد علی ابواب الحکام واستقلالا لنفس الخصومات فیتقرر الضرر فکان منعہ دفعا لہ فتح قال وقولہ نکحت لغت لمطلقة وقولہ بلا رضی متعلق بنکحت وقولہ بعد ظرف للرضی والضمیر فی معرفتہ للولی وفی ایاہ لغیر الکفو وقولہ بلا رضی نفی منصب علی المقید الذی ھو رضی الولی والقید الذی ھو بعد معرفتہ ایاہ۔ فیصدق بنفی الرضی بعد المعرفة وبعدمہا وبوجود الرضی مع عدم المعرفة فی ھذہ الصور الثلاثة لا تحل وانما تحل فی الصورة الرابعة وھی رضی الولی بغیر الکفؤ مع علمہ بانہ کذلک اھ (ص ۲۷۴ ج ۲) قلت والمسئلة وان کانت مفروضة فیما اذا نکحت المرأة عاقدة بنفسہا ولکن لا فرق بین مباشرة الولی العقد وکونہ عاقداً وبین مباشرة المرأة برضی الولی وکونہا عاقدة فکما لا یصح النکاح فی الثانی بدون معرفة الولی بالکفاءة فکذا اذا باشر الولی بنفسہ العقد ولم یعلم بہا ودعوی الفرق بینہما لا یتأتی الا بالفارق المعتبر فان الولی فی نکاح البالغة لیس الا سفیراً محضاً وانما یشترط وجودہ حال عدم الکفاءة

لحصول اذنه ورضاه فقط ومباشرته العقد ومباشرة المرأة له برضاه فی ذلك سواء فكان حكمهما واحداً انما ذكر فی بعض العبارات الفقهية ان الولی لو زوجها برضاها ولم يعلم بعدم الكفاءة ثم علم لا خيار لأحد الا اذا شرط الكفاءة او اخبروا بها وقت العقد فتزوجها علی ذلك ثم ظهر انه غير كفؤ كان له الخيار ولو الجية المشعر بصحة النكاح وثبوت الخيار للولی مبنی علی ظاهر الرواية دون رواية الحسن المختارة للفتوی .

خلاصہ یہ ہے کہ درمختار میں جو بالغہ مطلقہ ثلثہ کے نکاح کو غیر کفوٴ کے ساتھ بلا رضائے ولی کے ناجائز کہا ہے شامی نے اس کی چار صورتیں کی ہیں (۱) ولی کو اس شخص کا غیر کفو ہونا معلوم ہوا اور ولی راضی نہو (۲) ولی راضی بھی نہیں اور اس کو عدم کفاءت کا علم بھی نہیں (۳) ولی راضی ہے مگر عدم کفائت کا اس کو علم نہیں ۔ ان تین صورتوں میں روایت حسن پر نکاح صحیح نہیں ہوتا صرف ایک صورت میں جائز ہے کہ ولی کو عدم کفائت کا علم ہو اور اس پر وہ راضی ہو، میں کہتا ہوں کہ عورت کا خود بذاتہا نکاح کرنا اور ولی کا عدم کفائت ناواقف ہو کر اس عقد پر راضی ہونا اور ولی کا عاقد نکاح ہونا اور عدم کفاءت سے ناواقف ہو کر راضی ہونا ان دونوں میں کچھ فرق نہیں ۔ اس لئے جب کفاءت میں دھوکہ دیا جائے گا تو جو حکم خود عورت کے نکاح کرنے کا ہے وہی حکم ولی کے نکاح کرنے کا ہونا چاہئے اور جیسا کہ شق اوّل میں رضا ولی مع عدم معرفتہ بالکفاءت صحت نکاح کو کافی نہیں ایسا ہی ولی کے عاقد ہونے میں بھی اس کی رضا مع عدم المعرفۃ کافی نہیں ۔

وایضاً فان المرأة فی صورة السوال بالغة وليس للولی ولاية الاجبار عليها بل يجب لصحة النكاح اذنها صراحة فی غير الكفوء ويكفی سكوتها رضا فی الكفوء وهٰهنا لم يوجد منها ما يدل علی رضاها واذنها بل اظهرت عدم الرضا لما بلغها الخبر فلم يصح النكاح لهذا الوجه ايضاً قال فی الدر ولا تجبر البالغة البكر علی النكاح فان استأذنها هو اى الولی وهو السنة او وكيله او رسوله او زوجها وليها واخبرها رسولها او فضولی عدل فسكتت او ضحكت غير مستهزئة او بكت بلا صوت فلو بصوت لم يكن اذنا فهو اذن اهـ قال الشامی واختلف فيما اذا زوجها غير كفوء فبلغها فسكتت فقالا لا يكون رضا وقيل فی قول ابی حنيفة يكون رضا ان كان المزوج ابا او جدا وان كان غيرهما فلا كما فی الخانية اخذا من

مسألة الصغيرة المزوجة من غير كفوء اهـ قال فی النهر وجزم فی الدراية بالاول بلفظ قالوا اهـ (ص ۲۷۹ ج ۲) قلت وظاهره كون المسئلة اتفاقية ومن ذكر فيه خلاف ابی حنيفة ليس عنده رواية عنه وانما اخذه من مسئلة الصغيرة ولذا ذكره الشامی بلفظ قيل الدال علی تضعيفه والله اعلم .

پس ہندہ صورت مسؤلہ میں بدون طلاق وعدت کے کسی اپنے ہم کفوٴ سے دوسرا نکاح کر سکتی ہے کیونکہ زید سے اس کا نکاح صحیح ہی نہیں ہوا اس لئے کہ ولی کو خود کفاءت کا یعنی زید کے عاقل ہونے کا علم نہ تھا اور اُس کو دھوکہ دیا گیا اور لڑکی نے بھی یعنی ہندہ نے خبر نکاح سُنکر صراحۃً اجازت نہیں دی حالانکہ اس صورت میں صریح اذن کی ضرورت تھی محض سکوت کافی نہ تھا، واللہ اعلم ۔

۶ر صفر ۴۵ھ ۔

مسلمان کنندہ کے ولایت سے نابالغہ نومسلمہ کے نکاح کا حکم

سوال (۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین مندرجہ ذیل مسئلہ میں کہ :۔

مسماۃ عیدیا جس کی عمر اس وقت میں ۱۱ سال کی ہے چمار کی لڑکی تھی ۔ اس کی ماں مسماۃ جھنکو دیا نے بلا معاوضہ مسماۃ نصیبا کو (جو بیشتر قوم کی ڈھیر تھی اور قریب ۱۵ سال ہوئے کہ مسلمان ہوگئی تھی) جبکہ مسماۃ عیدیا ۴ ماہ کی تھی نصیبا کو دے دیا مسماۃ نصیبا نے ۴ ماہ کی عمر مسماۃ عیدیا لڑکی کو مسلمان کرایا اب مسماۃ عیدیا ۱۱ سال کی ہے ۹ سال کی عمر میں نکاح برضامندی اپنے شوہر مسمی کریم کی اجازت سے زید کے نکاح میں دے دی گئی تو ایسی حالت میں نکاح جائز ہے یا نہیں یا پھر دوبارہ مسلمان ہو کر نکاح ہونا چاہئے ؟ بینوا توجروا ۔

تنقیح :۔ (۱) یہ نکاح مسماۃ عیدیا کے مسلمان ہونے کے بعد ہوا یا مسلمان ہونے سے پہلے ؟

(۲) اس وقت مسماۃ عیدیا بالغ تھی یا نابالغ ؟ کیونکہ بعض لڑکیاں نو ۹ سال کی عمر میں بھی بالغ ہو جاتی ہیں جس کی علامت حیض کا آنا ہے ۔

(۳) اگر مسماۃ عیدیا نکاح کے وقت بالغ تھی تو اس نے اپنی زبان سے نکاح کی اجازت دی تھی یا نہیں ؟ ان تنقیحات کے جواب کے بعد حکم نکاح بتلایا جائے گا اور طلاق کا حکم بھی صحت نکاح پر موقوف ہے اس کا حکم بھی بعد جواب تنقیحات بتلایا جائے گا جواب کے ساتھ یہ دونوں پرچے بھی بجنسہ واپس ہوں فقط ۔

۳۰ر محرم ۴۵ھ ۔

Made searchable using ScribeTools.com

جواب تنقیحات :-(۱) مسماۃ عیدیا ۴ ماہ کی عمر میں مسلمان ہوئی تھی ۔ اور اسی مسلمانی کی حالت میں جب عمر ۹ سال ہوئی تو نکاح کیا گیا۔

(۲) مسماۃ عیدیا اُس وقت میں نابالغ تھی ۔ کوئی علامت سنِ بلوغ کی نہیں تھی (یعنی نکاح کے وقت وہ بالغ نہ تھی ۔

(۳) مسماۃ عیدیا اس وقت میں یعنی نکاح کے وقت نابالغ تھی ۔ اگر بالغ ہوتی تو اجازت دیتی ۔ نابالغی کی صورت میں تعلقات زوجین اور زناشوئی کے معاملات سے قطعًا ناواقف تھی ۔ اجازت دینا کیا ۔

الجواب؛ مسماۃ عیدیا کا نکاح جو بحالت نابالغی مسمّٰی زید سے ہوا تھا وہ نکاح شرعًا درست نہیں ہوا کیونکہ اس وقت مسماۃ عیدیا نابالغ تھی اور مسماۃ نصیبًا یا اس کا شوہر کریم بخش شرعًا اُس کے ولی نہیں تھے تو یہ نکاح صغیرہ بدون ولی ہوا ۔ اور نکاح صغیرہ بدون ولی کے باطل ہے لہٰذا یہ نکاح باطل ہوا اور جب تک مسماۃ عیدیا بالغ نہ ہو جائے اُس وقت تک اُس کا نکاح کسی کی ولایت سے نہیں ہو سکتا الا بولایۃ القاضی وانی ھو فی بلادنا قال فی الدر و لا ینعقد للملتقط علیہ نکاح وبیع وکذا الجارۃ فی الاصح لان الولایۃ علیہ فی مالہ ونفسہ للسلطان لحدیث "السلطان ولی من لا ولی لہ" اھ قال الشامی قولہ ولا ینفذ علیہ نکاح لانہ یعتمد الولایۃ من القرابۃ والملک والسلطنۃ ولا وجود لواحد منھا نھر (ص ۲۹۰ ج ۳) بعد بلوغ کے مسماۃ عیدیا کی صریح رضا و صریح اجازت سے اس کا نکاح دوبارہ کیا جائے خواہ مسمّٰی زید ہی سے یا جس کے ساتھ مسماۃ مذکورہ راضی ہو اور بلوغ کے بعد بھی اس کا سکوت قبل نکاح اذن نہ ہوگا، واللہ اعلم۔ ۷ صفر ۳۵ھ۔

چودہ سال کی عمر میں لڑکی کا دعوی بلوغ اور باپ کا غیر کفو میں بلا اجازت اس کے نکاح کی ایک صورت کا حکم

سوال (۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے بکر کے فریب میں آکر اپنی لڑکی ہندہ (چہار ۱۴ سالہ) کا نکاح بکر کے لڑکے عمر کے ساتھ ہونا منظور کیا اور بکر نے فورًا اپنے ہی مکان پر زید کی موجودگی میں نکاح براہ چالاکی کر دیا ۔ زید کی لڑکی کو قطعی خبر نہیں وہ اپنے میکہ میں یعنی دوسرے گاؤں میں تھی ۱۱ ربیع الثانی ۳۴۴ھ کا دن گذر شب میں یہ واقعہ ہوا ۱۲ کی صبح کو جب زید اپنے مکان پر واپس گیا تو لڑکی کو اس نکاح سے منکر اور غیر رضامند پایا اور اپنے جملہ اہل قرابت کے سامنے ہدف ملامت ہوا کیونکہ بوجوہات مختلف یہ نکاح ناموزوں اور زید کو دھوکہ میں لاکر ہوا تھا زید

الگ پشیمان ہندہ علیحدہ نالاں اس حال میں ۱۲ ر تاریخ کا دن گذر گیا ۱۳ ر تاریخ کو بکر کے گاؤں کا ایک شخص مل گیا جس سے بکر کے پاس زید کی جانب پر یہ پیام بھیجا گیا کہ ہندہ کو اس نکاح سے جس میں اس کے باپ زید کو مغالطہ دیکر رضاء حاصل کی گئی سخت اختلاف اور قطعی انکار ہے اور وہ اس غم میں بیہوش ہے لہٰذا بکر اس نکاح کو فسخ و باطل منصور کر کے زید اور ہندہ کی جان چھوڑ دے کوئی فتنہ قایم نہ کرے بکر اور اس کا لڑکا اس نکاح کو جائز اور اٹل ہونے کے بیان کے ساتھ مصر ہے کہ ہندہ کی شادی اب دوسری نہیں ہو سکتی ازدواج مکرر شرعًا اور قانونًا نادرست ہے ۔ ہندہ نے نکاح کی خبر پانے کے چودھویں یا پندرھویں روز اپنی جانب سے ایک نوٹس بنام بکر دابن بکر بذریعہ ڈاک بھیجا کہ باپ ہمارا کم عقل ہے، تم لوگوں کے فریب میں آگیا میں شرعًا بالغہ ہوں (لڑکی کی عمر نکاح کے روز تک پورے ۱۴ سال کی تھی) اس لئے بذریعہ نوٹس ہٰذا نکاح کی منظوری سے قطعی انکار کرتی ہوں آئندہ اس کا خیال ہرگز نہ کیا جائے پس بلحاظ حالات مذکورہ نکاح مذکورہ جائز ہے یا ناجائز اور ہندہ اپنا نکاح اپنی رضا سے کسی دوسرے شخص سے شرعًا کر سکتی ہے یا نہیں ؟ بیّنوا توجروا۔

تنقیح :- ہندہ کی عمر جب نکاح کے وقت پوری چودہ ۱۴ سال کی تھی اور اس حالت میں وہ دعوئ بلوغ کا کرتی تھی تو اس سے دریافت کیا جائے کہ اُس وقت اُس میں کونسی علامت بلوغ کی پائی گئی تھی اور یہ سوال اس طرح کیا جائے کہ کوئی عورت اُس کو جواب سمجھانے نہ پائے ۔

(۲) کیا ہندہ نے اس نکاح کی خبر سنکر اسی مجلس میں نکاح سے انکار کیا جس مجلس میں اس کو خبر پہونچی تھی یا اُس مجلس میں سکوت کیا اور دوسری مجلس میں انکار کیا صاف لکھا جائے ۔

(۳) بکر نے زید کو کیا فریب دیا اس فریب کی تشریح کی جائے اور زید بکر کے فریب میں کیوں آیا اس کو بھی واضح کیا جائے اس کے بعد جواب دیا جائے گا یہ پرچہ بھی جواب تنقیح کے ساتھ واپس ہو فقط۔ ۲۸ ربیع الاول ۳۵ھ۔

جواب تنقیح :- عرض یہ ہے کہ لڑکی کے باپ نے کنبہ کی دو خاص عورتوں کو لڑکی کے پاس بھیجکر دریافت کیا کہ نکاح کے روز تک کن علامات کی بنا پر اس نے اپنے کو بالغ سمجھا لڑکی نے جواب دیا کہ جو علاماتِ بلوغ دنیا میں مسلّمہ ہیں مجھ میں موجود تھیں چونکہ باپ بھی قریب سامنے موجود تھا لڑکی نے کہا کہ آپ کیوں نہیں لکھ دیتے کہ (لڑکی بلاشبہ بظہور علامات بلوغ بالغہ تھی) اس سے زیادہ کن لفظوں میں میں کہوں ۔ کیا شرم وحیا کوئی چیز نہیں ۔ عورتوں نے باپ کی ملامت کی اور کہا کہ بات تو صاف ہو گئی اب کیا صراحت چاہتے ہو وہ خاموش ہو گیا ۔

(۲) نکاح کی خبر اندازاً آدھی رات کے وقت جب لڑکی کو ملی تو اس نے اظہار نفرت اور الفاظ انکار رونے اور بین کے ساتھ ظاہر کئے اور فرط غم میں بیہوش ہوگئی لڑکی کی ماں لڑکی کی ہمخیال اور گھر میں شریک حال تھی اس بناپر اسی مجلس میں انکار سمجھنا چاہیئے۔

(۳) بکر نے زید کو یہ فریب دیا کہ کفو اور طبقہ بندی اور رسم ورواج کے لحاظ سے وہ زید کے خاندان میں نہ کبھی شادی کرسکا تھا نہ بحالت اعلان شادی اب بھی ممکن تھی زید کے کنبہ کے لوگ بکر کے خاندانی حالت کو مختلف اعتبارات سے بہتر نہیں سمجھتے علاوہ ازیں بکر از قوم ملک وزید از قوم شیخ فاروقی ہے دونوں میں باعتبار مختلف فرق امتیازی ہے بکر نے زید کو فریب اور مغالطہ دیکر یوں ہاں کہلوالیا اگر یہ طریقہ مغالطہ آمیز بکر نہ اختیار کرتا تو بالاعلان مناکحت ناممکن تھی اور زید کے بھائی بند اہل کنبہ وزید کی بیوی ولڑکی کبھی اس عقد ناموزوں کو نہ گوارا کرتے نہ کیا۔ زید بکر کے فریب میں یوں آیا کہ اس کے دروازہ پر لڑکا پڑھانے کے سلسلہ میں مقیم تھا اور بوجہ غربت یہ کام اختیار کیا تھا اور چونکہ قدرۃً و خلقۃً زید نہایت کم عقل اور سادہ لوح ہے اس وجہ سے فریب میں آگیا۔ تنقیحوں کے جوابات بالتفصیل لکھ دئے گئے اب جواب باصواب سے ممنون فرمایا جائے فقط والسلام۔

الجواب؛ قال فی الدر: وادنی مدۃ لہ اثنتا عشرۃ سنۃ ولہا تسع سنین هو المختار کما هو فی احکام الصغار فان راهقا بان بلغا هذا السن فقالا بلغنا صدقا ان لم یکذبهما الظاهر کذا قیدہ فی العمادیۃ وغیرها فبعد ثنتی عشرۃ سنۃ یشترط شرط اخر لصحۃ اقرارہ بالبلوغ وهو ان یکون بحال یحتلم مثله والا لا یقبل قوله شرح وهبانیۃ وهما حینئذٍ کبالغ حکما فلا یقبل جحودہ البلوغ بعد اقرارہ وفی الشرنبلالیۃ یقبل قول المراهقین قد بلغنا مع تفسیر کل بما اذا بلغ بلا یمین اھ قال الشامی وفی الشرنبلالیۃ وعبارتها یعنی وقد فسرا ما بہ علما بلوغهما ولیس علیهما یمین اھ قال ابوالسعود والظاهر ان هذا هو المراد مما نقلہ الحموی عن شرح درر البحار من انہ یشترط لقبول قولهما ان یبینا کیفیۃ المراهقۃ حین السوال عنہ اھ (ص ۱۴۸ ج ۵) وفی تنقیح الحامدیۃ قال شیخ الاسلام وهذا من باب الاحتیاط (ای مطالبۃ التفسیر عنهما) وانما یقبل قولہ بغیر هذا التفسیر وکذا الجاریۃ اذا اقرت بالحیض اقول المشهور فی کتب المذهب صحۃ الاقرار بالبلوغ من الغلام بعد اثنتی عشرۃ

سنۃً ومن الجاریۃ بعد تسع سنین وقول شیخ الاسلام ان هذا الاستفسار من باب الاحتیاط یفید انہ فعلہ القاضی فهو الاولی ثم قال بعد ذکر عبارۃ الحموی عن درر البحار وفی المنح عن الخانیۃ صبی اقر انہ بالغ وتاسم وصی المیۃ قال ابن الفضل ان کان مراهقا یحتلم مثله یقبل قوله وان کان مراهقا ویعلم ان مثله لا یحتلم لا تجوز قسمته ولا یقبل قوله لانہ یکذب ظاهرا وتبین بهذا ان بعد اثنی عشرۃ سنۃً اذا کان بحال لا یحتلم مثله اذا اقر بالبلوغ لا یقبل اھ (ص ۱۵۰ ج ۲) قلت واطلاق المتون یدل علی قبول قول المراهقین بدون التفسیر اذا کانوا بحال یحتلم او تحیض مثلهم فلیعول علیہ۔

صورت مسئولہ میں اگر یہ لڑکی جسم اور اٹھان میں ایسی ہو کہ عادۃً ایسی لڑکی کو حیض آسکتا ہے اُس کا دعویٰ بلوغ قبول کیا جائے گا اور جب وہ ایسی ہو تو اس کا نکاح مذکور کو سنتے ہی رد کرنا اس نکاح کے لئے مبطل ہوگا اور اگر وہ اٹھان میں ایسی نہ ہو کہ اُسے حیض آسکے تو سوال دوبارہ کیا جائے فقط۔

۳۰ ربیع الثانی ۴۵ھ۔

حکم تولیت نکاح یتیمہ

سوال (۹) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مسمی زید فوت ہوگیا اس نے ایک بنت صغیرہ مسماۃ کریمہ زوجہ مسماۃ ہندہ اور اُم مسمات زینب چھوڑی اور اپنے حیات میں ایک ذی علم متدین شخص وصی مقرر کیا اور صغیرہ مسماۃ کریمہ کی تزویج کو بھی اپنے وصی کے حوالے کیا اب سوء اتفاق سے زندگی زوجہ ہندہ کو ایک شخص مفلس قلاش بغرض طمع اس کے جائداد کے بدراہ کرکے اس کو اس پر آمادہ کیا ہے کہ اپنا نکاح اس سے اور صغیرہ کریمہ کا نکاح اس کے بیٹے سے کردے لیکن صغیرہ کریمہ کی جدۂ صحیحہ مسماۃ زینب کو اس امر سے سخت صدمہ اور الم اور اضطراب ہوتا ہے اور صغیرہ کو بھی تمام ضرر اور نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے پس اس صورت میں جب وصی کو ولایت نکاح نہیں اور متون عند عدم العصبات اُم کو اُم الاب پر مقدم لکھتے ہیں لیکن صاحب درالمختار نے ولی کی تعریف میں سالم لیکن متهتکا کا قید بھی لگایا ہے اور مسماۃ ہندہ بلاشک فاسقہ متهتکہ ہے پس اگر مصلحت وضرورۃ وتحقناً من الضرر التام للیتیمہ جدۂ صحیحہ مسماۃ زینب یتیمہ کریمہ کا نکاح کسی اہل علم متدین مالدار سے کردے تو نکاح صحیح ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا مہربانی فرماکر جواب شافی مدلل عنایت فرمادیں جو مسئلہ واقعی اور ضروری ہے

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب؛ قال فی الدر فان لم یکن عصبة فالولایة للأمّ ثم لأمّ الاب وفی القنیة عکسه اھ قال الشامی ای حیث قال فیھا ام الاب اولی فی التزویج من الأمّ قال فی النھر وحکی عن خواھر زادہ وعمی النسفی تقدیم الاخت علی الام لانھا من قوم الاب ای فیکون من اعتبر ترجیح قوم الاب یرجح الجدة للاب والاخت علی الام لکن المتون علی ذکر الام عقب العصبات ام (ص ۵۱۲ ج ۲)

قال فی الدر ابا الوجد المشھور منھما سوء الاختیار مجانة وفسقا وان عرف لم یصح النکاح اتفاقاً اھ قال الشامی: والحاصل ان المانع ھو کون الاب مشھوراً بسوء الاختیار قبل العقد فاذا لم یکن مشھوراً بذلک ثم زوج بنته من فاسق صح وان تحقق بذلک انه سیئ الاختیار واشتھر به عند الناس فان زوج بنتا اخری من فاسق لم یصح العقد الثانی لانه کان مشھوراً بسوء الاختیار قبله بخلاف العقد الاول لعدم وجود المانع قبله اھ (ص ۴۹۹ ج ۲) قلت فعلی ھذا لا یمکن سلب الولایة عن الام بمجرد تھتکھا نعم لو افتی مفتٍ فی مثل تلک الحالة بتقدیم ام الاب علی الام فللافتاء بذلک مجال لذھاب بعض المشائخ الی تقدیم قوم الاب علی الام فلینظر، واللہ اعلم.

صورت مسؤلہ میں اگر جدہ صحیحہ یتیمہ مذکورہ کا نکاح بدون اجازت اُمّ کردے اور اس کے مصالح دینیہ و دنیویہ کی پوری طرح رعایت کرے تو جدہ صحیحہ کا کیا ہوا نکاح صحیح ہوگا اور اگر بحالت عدم بلوغ نکاح کیا جائے تو لحاظ کفو اور مہر مثل ضروری ہے غیر کفو میں یا مہر مثل سے کم میں نکاح نہ کیا جاوے واللہ اعلم۔

۲۶ جمادی الاولی ۴۳ھ۔

گونگے نے اشارہ سے اذن دیکر نابالغہ لڑکی کی شادی کرادی تو نکاح صحیح ولازم ہو جائے گا بعد بلوغ فسخ نہیں کرسکتی

سوال (۱۰) گونگے نے اپنی نابالغہ لڑکی کو اشارہ سے اذن دیکر شادی کرادی بعد بلوغ لڑکی اس نکاح کو فسخ کرا سکتی ہے یا نہیں؟

الجواب؛ اگر وہ اشارہ ولایت میں کافی تھا تو وہ نکاح لازم ہوگیا

فی الاشباہ والنظائر (ص ۲۶۲) الاشارة من الاخرس معتبرة قائمة مقام

العبارة فی کل شیئ الی ان قال الا فی الحدود الخ وفیه ایضاً ولابد فی اشارة الاخرس ان تکون معھودة والا لاعتبر فقط۔ کتبه الاحقر عبد الکریم عفی عنه۔

صورت ولایت نکاح وجائداد نابالغان

سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسماۃ محمودہ نے انتقال کیا اور حمیدہ، سعیدہ اور صالحہ تین لڑکیاں نابالغان اور مسماۃ واحدہ ماں اور زید باپ کو وارث شرعی چھوڑا۔ حمیدہ، سعیدہ اور صالحہ نابالغان کے نکاح کے ولی ان کے حقیقی چچا کے لڑکے ہیں اور نابالغان کے پرورش کا حق شرعاً مسماۃ واحدہ کو ہے جو کہ نابالغان کی نانی ہے مسئلہ جواب طلب یہ ہے کہ نابالغان حمیدہ، سعیدہ اور صالحہ کے مال واسباب وجائداد کی ولایت کس کو حاصل ہے آیا نانی جائداد وغیرہ کا انتظام کرکے اور تحصیل وصول کرا کے نابالغان کی پرورش کرے یا وہ لوگ جائداد کا انتظام کریں جو کہ نکاح کے ولی ہیں اس مسئلہ میں سخت اختلاف واقع ہو رہا ہے جس سے نابالغان کو نقصان پہونچنے کا خطرہ ہے لہذا مفصل اور مدلل جواب تحریر فرما کر عنداللہ ماجور ہوں اور جو کچھ تحریر فرماویں اس کی دلیل شرعی بھی تحریر فرماویں ورنہ یتیموں اور نابالغوں کو نقصان پہونچے گا۔ بینوا توجروا

الجواب؛ ولایت مال یعنی تصرف وحفظ کی اصل میں باپ کے لئے ہے وہ نہ ہو تو اس کا وصی وہ نہ ہو تو دادا اور دادا کے بعد دادا کا وصی ولایت مال کا مستحق ہے ان چاروں سے اگر کوئی موجود ہو تو مال پر کسی قسم کی ولایت دوسرے شخص کو حاصل نہیں ہوتی لیکن جب یہ چاروں نہوں تو پھر جس کو پرورش کا حق ہے اس کو حفظ مال کی ولایت حاصل ہوتی ہے نہ ولایت تصرف یعنی جس کو ولایت حفظ حاصل ہے وہ بلاضرورت مال یتیم میں تصرف نہیں کرسکتا نہ بلاضرورت کوئی شے خرید نا جائز ہے نہ کسی شے کا فروخت کرنا جائز ہے بلکہ فقط ضرورت کی وجہ سے خرید وفروخت جائز ہے مثلاً کھانا کپڑا وغیرہ خرید نا جائز ہے اور اسی طرح نفقہ وغیرہ کی ضرورت سے کسی شے کا فروخت کرنا بھی جائز ہے البتہ جائداد غیر منقولہ کو کسی حال میں فروخت کرنے کی اجازت نہیں فی کتاب الھبة للھدایة (واذا وھب للیتیم ھبةً نقبضھا ولیه وھو وصی الاب او جدّ الیتیم او وصیّه جاز) لان لھؤلاء ولایة علیه لقیامھم مقام الاب (وان کان فی حجر امه نقبضھا له جائز) لان لھا الولایة فیما یرجع الی حفظه وحفظ ماله وھذا من

بابه لانه لا یبقی الاب المال فلا بد من ولایة التحصیل وقال صاحب الکفایة تحت (قوله لان لهؤلاء الخ) وفی الایضاح ولا یجوز قبض غیر هؤلاء الاربعة اذ لیس بتلك الاربعة الاب ووصیه والجد اب الاب ووصیه مع وجود واحد منهم سواء کان الصبی فی عیال القابض اولم یکن وسواء کان ذا رحم محرم منه او اجنبیا لانه لیست لهؤلاء ولایة التصرف فی المال فقیام ولایة من یملك التصرف فی المال یمنع ثبوت حق القبض له ثم قال وان لم یکن احد من هؤلاء الاربعة جاز قبض من کان الصبی فی حق حجره وعیاله ولم یجز قبض من لم یکن فی عیاله لانه اذا کان فی عیاله فله علیه ضرب ولایة الخ (فتح القدیر ج ۷ ص ۴۹۴) وفی الهدایة ونوع آخر ما کان من ضرورة حال الصغار وهو شراء ما لا بد للصغیر منه وبیعه واجارة الاظآر وذلك جائز ممن یعوله وینفق علیه کالاخ والعم والام والملتقط اذا کان فی حجرهم واذا ملك هذا النوع فالولی اولی به الا انه لا یشترط فی الولی ان یکون الصبی فی حجره (هدایة اخیرین ص ۴۶۰ متفرقات کتاب الکراهیة) وفی الفتاوی الحامدیة (ص ۲۹۶ ج ۲) ثم ان ما مر ان عائل الیتیم یملك بیع مالا بد منه خاص بغیر العقار من نحو المنقولات اما العقار فلیس له بیعه ولو مع وجود المسوغات لما فی الدر المختار حیث قال وهذا ای بیع العقار للمسوغ لو البالغ وصیا لا من قبل ام او اخ فانهما لا یملکان بیع العقار مطلقا ولا شراء غیر طعام وکسوة الخ تأمل اه وقال صاحب البدائع فی تعلیل هذه المسئلة لان الوصی خلف الموصی قائم مقامه فلا یثبت له الا قدر ما کان للموصی وهو قضاء الدین والحفظ الخ (بدائع جلد ۵ ص ۱۵۵) جب معلوم ہو گیا کہ اولیاء اربعہ کے بعد ولایت مال اس کو پہنچتی ہے جس کو حق حضانہ حاصل ہو اور یہ ظاہر ہے کہ صورت مسئولہ میں حق حضانہ نانی کو حاصل ہے پس ولایت حفظ مال بھی نانی کو حاصل ہے، واللہ اعلم۔ احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۴ شوال ۴۳ھ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ۔ ۱۵ شوال ۴۳ھ۔

کفارت کا اعتبار مرد کی جانب سے ہے

سوال (۱۲) معروض آنکہ زید نے اپنی بی بی ہندہ کو طلاق

مغلظہ دیدی پھر زید نے ہندہ کو بعد طلاق مغلظہ رکھ لیا اب وہ دونوں رہنے لگے بعدہٗ چند اولاد پیدا ہوئیں ایک لڑکا اور دو لڑکیاں زینب وبتول جب دونوں لڑکیاں بالغ ہوئیں تو زید نے ان دونوں کی شادی کر دیا زینب کے ایک لڑکا پیدا ہوا اس کے بعد اس کا شوہر انتقال کر گیا۔ اب عمرو ایک ایسا شخص جس کی خاندان ایسے فعل شنیع اور ایسی نفسانیت سے بالکل پاک ہے بلکہ پشتہا پشت سے اس کی خاندان میں سنا جاتا ہے کہ بہت ہی لوگ سلیم الطبع و دیندار تھے وہ زینب مذکورہ سے شادی کرنا چاہتا ہے تو اس کا نکاح اس سے بکراہت ہوگا یا بلا کسی کراہت کے؟ اور جو اولاد اس سے پیدا ہوگی اس کے نسب میں نقصان رہے گا یا نہیں اور آئندہ نسل خراب ہونے کا ڈر ہے یا نہیں؟

الجواب؛ فی العالمگیریة (ص ۱۵ ج ۲) الکفاءة معتبرة فی الرجال للنساء للزوم النکاح کذا فی محیط السرخسی ولا تعتبر فی جانب النساء للرجال کذا فی البدائع فاذا تزوجت رجلا غیر کفء منها فلیس للولی (ای لولی الرجل) ان یفرق بینهما فان الولی لا یتعیر بان یکون تحت الرجل من لا یکافئه کذا فی شرح المبسوط للامام السرخسی اھ وفی الدر المختار (لا تعتبر من جانبها) لان الزوج مستفرش فلا تغیظه دناءة الفراش وهذا عند الکل فی الصحیح کما فی الخبازیة (شامی ص ۵۲۰ ج ۲) وفی تنقیح الفتاوی الحامدیة (ص ۱۲ ج ۱) وجزم بعدم حصوله علی احکام القرشیین لتصریح الفقهاء بان الولد یتبع اباه بیقین الخ ان عبارتوں سے معلوم ہو گیا کہ اگر کم درجہ کی عورت سے نکاح کر لیا جاوے تو یہ موجب عار نہیں اور نہ اس سے نسب میں کچھ فرق آوے گا کیونکہ نسب باپ سے ثابت ہوتا ہے، واللہ اعلم۔ احقر عبد الکریم عفی عنہ۔ ۸ جمادی الثانیہ ۴۳ھ۔

البتہ اس صورت میں جو اولاد پیدا ہوگی وہ نجیب الطرفین نہ ہوگی اس سے نسب میں تو فرق نہ ہوگا البتہ عمدگی نسب کی کم ہو جائے گی۔ ظفر احمد عفا اللہ عنہ۔

بالغہ کا نکاح بلا اجازت اس کے باپ نے کر دیا الخ

سوال (۱۳) علماء دین ومفتیان شرع متین اس باب میں کیا ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک لڑکی بالغہ کے نکاح کے وقت اس کے والد نے نہ تو اس کو مطلع کیا اور نہ اس سے اجازت چاہی بغیر اس کی اطلاع کے اس کا عقد کر دیا بعد عقد ہو جانے کے لڑکی بہت روئی اور بوقت رخصت بھی بہت روئی اور اس کے شوہر نے اس پر ہر قسم کا ظلم وتعدی کرنے میں کوئی کمی نہیں کی اور اس لڑکی کو اپنی جان تلف ہو جانے کا اندیشہ قوی ہے اور اب وہ اپنے

Made searchable using ScribeTools.com

والد کے گھر ہے شوہر کے گھر جانے سے انکار کرتی ہے لہذا گذارش ہے کہ کوئی صورت عند الشرع اس کی خلاصی کی ہو سکتی ہے یا نہیں اور اگر ہو سکتی ہے تو وہ کیا صورت ہو سکتی ہے اور عقد مذکور صورت مذکورہ میں جائز ہوا یا نہیں؟ فقط بینوا توجروا۔

الجواب؛ فی الشامی (ص ۲۹۰ ج ۲) وصرح به ایضاً فی الذخیرۃ حیث قال بعد حکایۃ الروایتین وبعضهم قالوا ان کان مع الصیاح والصوت فهو رد والا فهو رضی وهو الاوجه وعلیه الفتوی اھ اس سے معلوم ہوا کہ اس لڑکی کا رونا اگر ناراضی ظاہر کر اور رد کرنے کے واسطے آواز کے ساتھ چلا کر تھا تو نکاح صحیح نہیں ہوا البتہ یہ ضروری ہے کہ یہ رونا نکاح کی اطلاع ہوتے ہی پایا گیا ہو اگر نکاح کی خبر پاکر ذرا بھی اپنے اختیار سے خاموش رہی تو نکاح صحیح ہو گیا اور اس کے بعد رونے سے نکاح میں فرق نہ آئے گا فی الدر (فسکتت) عن ردہ مختارۃ قال الشامی اما لو اخذ ها عطاس او سعال حین اخبرت فلما ذهب قالت لا ارضی او اخذ فمها ثم ترکه فقالت ذلک صح ردها لان سکوتها کان عن اضطرار بحر (ص ۲۹۰ ج ۲) اور جس صورت میں نکاح صحیح ہو گیا ہے اس صورت میں علاوہ طلاق کے کوئی صورت علیحدگی کی نہیں۔ احقر عبد الکریم ۲۷ رجب ۴۴ھ۔

الجواب صحیح - ظفر احمد عفا اللہ عنہ - ۲۹ رجب ۴۴ھ۔

ماموں اور خالو نے بالغہ کا نکاح بلا اس کی رضامندی کے کر دیا۔ کیا منعقد ہو جائیگا یا نہیں

سوال (۱۴) عرض خدمت میں یہ ہے کہ ایک لڑکی کے ماں باپ فوت ہو گئے تھے اس وقت وہ لڑکی تقریباً چودہ سال کی عمر تھی جس وقت اس لڑکی کے ماں باپ فوت ہوئے لیکن اس لڑکی کے ماں باپ نے اپنی زندگی میں رشتہ سگائی کر دی بعد فوت ہونے ماں باپ کے وہ لڑکی اپنے ماموں خالو کے یہاں اسی موضع میں آ گئی تھی جس موضع میں اس کے ماں باپ نے رشتہ سگائی کر دی تھی وہاں وہ آکر کچھ عرصہ کے بعد ایک اپنے ہمجولی برادری کے لڑکے کے اوپر عاشق ہو گئی پس جس پر وہ لڑکی عاشق ہوئی اسی سے اپنا نکاح چاہتی تھی اس کے ماموں خالہ نے جس وقت یہ بات سنی ایک اور دوسری جگہ اس لڑکی کا نکاح کر دیا براہ زبردستی کے وہ لڑکی وہاں دس بائیس روز رہ کر چلی آئی اسی گانوں میں جس میں اس کے ماموں خالہ رہتے تھے وہاں پر آکر بعد ایک مہینہ کے اس لڑکے کو کہیں لیکر چلی گئی جس پر وہ عاشق تھی لہذا حضور اب وہ طلاق نہیں دیتے ہیں جس کے ساتھ میں اس لڑکی کا نکاح ہوا تھا اور نہ وہ اس کو اپنی زوجیت میں لیتے ہیں پس حضور سے ہم لوگ امیدوار ہیں کہ اس لڑکی کا نکاح اس

لڑکے کے ساتھ (یعنی معشوق کے) درست ہو سکتا ہے یا نہیں اور وہ لوگ طلاق تمام عمر نہیں دیتے ہیں عار دنیا کے سبب سے۔

تنقیح: (۱) نکاح کے وقت لڑکی نے زبان سے اجازت دی تھی یا صاف انکار کیا تھا یا خاموش رہی تھی صاف صاف لکھیں۔

(۲) نکاح کے بعد خاوند کو ہمبستری کا موقع دیا تھا یا نہیں ان دونوں نمبروں کا جواب آنے پر مسئلہ بتلایا جاوے گا اور یہ دونوں پرچے بھی ساتھ بھیجیں اور کسی صاف لکھنے والے سے لکھوا کر بھیجیں۔

جواب تنقیح: جس وقت وہ لڑکی لڑکے کے ساتھ گئی ۲۴ھ میں لڑکی کی عمر اس وقت بیس ۲۰ سال کی ہو گئی تھی اور اس لڑکے کے ساتھ میں گئے ہوئے عرصہ دو سال کا ہو گیا پس اب عمر لڑکی کی بائیس ۲۲ سال ہو گئی ہے جس وقت وہ لڑکی ماموں اور خالو کے یہاں آئی اس وقت اس کی عمر چودہ سال کی تھی اور نکاح جس وقت اس کے ماموں اور خالو نے اس کی بلا مرضی کے دوسری جگہ کیا اور اس وقت بھی عمر لڑکی کی بیس سال کی ہو گئی تھی اور اس نکاح پر رضامند نہیں تھی ہم نے خوب اچھی طرح سے حال دریافت کیا ہے ان لوگوں سے جو اس وقت نکاح کے وقت موجود تھے ان لوگوں نے یہ بات کہی ہے کہ ہمارے سامنے نکاح لڑکی کا ہوا ہے مکان چوپال میں اور مکان زنانے میں نکاح نہیں ہوا ہے بوجہ اس کے کہ وہ لڑکی مسماۃ مقصودن صاف انکار کرے گی کیونکہ اس لڑکی کی رضامندی تو اسی لڑکے سے ہے جس پر وہ ہمیشہ سے رضامند ہے لہذا حضور کو معلوم ہو کہ اس لڑکی کے ماموں اور خالو نے نکاح چوپال میں اس واسطے کیا تاکہ ہماری حماقت ان دس آدمیوں میں انکاری ہونے سے نہ ہوئے یہ کام نکاح کا بس پردہ ہو جاوے ایسا ہی ہوا نکاح ہونے کے بعد وقت دس ۱۰ بجے رات کے اس لڑکی کا ماموں بنام میر جہت و خالو ولی محمد اور عمر انمبردار ان تینوں آدمیوں نے اپنی ایک رائے ملا کر اس لڑکی کے پاس گئے اور اس کا انگوٹھہ جبراً ایک کتاب پر لگائے گئے وہ لڑکی تمام رات سوچتی رہی انگوٹھہ لگانے کے بارے میں کہ میرا انگوٹھہ جبراً لگائے گئے بعد اس بات کے اگلے روز لڑکی کو وہاں بھیج دی ڈولے میں بٹھا کر جہاں کی وہ بارات آئی تھی وہاں جا کر وہ لڑکے کو لیکر چلی گئی جس پر وہ عاشق تھی عرصہ دو سال ہو گئے ہیں علاوہ اس کے ہم نے اور عورتوں کے ہاتھ دریافت کیا ہمبستری کا تو ان عورتوں نے بھی یہی کہا کہ ہمبستری اس لڑکے کے ساتھ نہیں ہوئی جس کے ساتھ نکاح چوپال میں ہوا اور وہ عورتیں تینوں اس لڑکی مقصودا کی ہمجولی اور

Made Searchable by ScribeTools.com

ہم وردی اور سہیلی تھی اور اس لڑکے کی ماں اور بہن سے بھی یہی حال معلوم ہوا کہ ہمارے لڑکے کے ساتھ وہ لڑکی ہمبستر نہیں ہوئی اور مسماۃ مقصودا کا بھی یہی بیان ہے کہ نہ میں نے اجازت نکاح کی دی اور نہ کسی نے مجھ سے پوچھا بوجہ اس کے کہ وہ خود ہی جانتے تھے کہ اگر ہم پوچھیں گے تو صاف انکار کر دے گی پس اگر وہ مجھ سے پوچھتے بھی تو میں صاف انکار کر دیتی کیونکہ میں رضامند نہ تھی اور نہ میں وہاں جاکر اس لڑکے سے ہمبستر ہوئی۔ پس حضور کو معلوم ہوئے کہ ہم نے سب حال اچھی طرح دریافت کر کے تحریر کر دیا ہے آپ مسئلہ نکاح کا تحریر کر کے روانہ فرما دیں۔

الجواب؛ واللہ الموفق للصواب۔ قال فی الدر فان استاذنها غیر الاقرب کاجنبی او ولی بعید فلا عبرة لسکوتها بل لابد من القول کالثیب البالغة او ماهو فی معناه من فعل یدل علی الرضاء کطلب مهرها ونفقتها وتمکینها من الوطی ودخوله بها برضاها ظهیریة وقبول التهنئة والضحک سرورا ونحو ذلک بخلاف خدمته او قبول هدیته اه قال الشامی عن المحیط والظهیریة و لو اکلت من طعامه او خدمته کما کانت فلیس برضا دلالةً اه وفیه ایضا قبله باسطر عن الخانیة الولی اذا زوج الثیب فرضیت بقلبها ولم تظهر الرضا بلسانها کان لها ان ترد لان المعتبر فیها الرضا باللسان او الفعل الذی یدل علی الرضا نحو التمکین من الوطی وطلب المهر وقبول المهر دون قبول الهدیة وکذا فی حق الغلام (۲ ج ۲۹۴)۔

سائل نے جو صورت واقعہ بیان کی ہے کہ مسماۃ مقصودن کی عمر نکاح کے وقت بیس سال کے قریب تھی اور اس کا نکاح ماموں اور خالو نے بدون اس سے پوچھے کر دیا اس سے اجازت نہیں لی اور وہ جانتے تھے کہ مسماۃ کی رضا اس جگہ نکاح کی نہیں ہے تو یہ نکاح فضولی کا عقد ہوا جس کی صحت اس پر موقوف تھی کہ مسماۃ کی طرف سے یا تو صراحۃً رضامندی کے الفاظ بعد علم نکاح کے پائے جاتے یا کوئی ایسا فعل پایا جاتا جس سے رضا پر دلالت ہوتی۔ صورت واقعہ سے معلوم ہوا کہ مسماۃ نے خبر نکاح سنکر رضا ظاہر نہیں کی اور نہ وہ خوشی سے بارات کے ساتھ گئی بلکہ ماموں و خالو کے جبر سے گئی اور نہ وہاں جاکر ناکح سے ہمبستر ہوئی نہ اس کو اس کا موقعہ دیا اور وہاں سے آکر اپنی ناراضی کا صاف اظہار کیا تو اگر یہ سب بیانات صحیح اور واقعہ کے مطابق ہیں تو جزئیات مذکورہ کی بنا پر یہ نکاح صحیح نہیں ہوا بلکہ جب مسماۃ نے اس سے ناراضی ظاہر کی اسی وقت کالعدم ہو گیا اور اب مسماۃ مقصودن

جہاں چاہے اپنا نکاح کر سکتی ہے۔ واللہ اعلم۔ ۲۲ رجب ۴۵ھ۔

سوال (۱۵) ہندہ نابالغہ کا باپ جیل خانہ میں تھا ہندہ کے برادر کلاں بالغ نے زید سے ہندہ کا نکاح کر دینے کی بات چیت درست کی رخصتی کے روز باپ بھی آگیا اور کہا کہ اگر زید مجھ کو ۳۰۰ روپیہ دیوے تو میں نکاح کر دینے میں راضی ہوں۔ پس زید نے روپیہ دیدیا اور وہ راضی ہو گیا اور اس کی رضا پر برادر کلاں زید کے مکان میں ڈولی لے جاکر نکاح کر دیا ہندہ ایک ماہ تک زید کے پاس رہی باپ اور برادر وغیرہ خویش و اقارب چند بار آئے گئے بعد ایک ماہ کے بوجہ لالچ دنیوی کے ہندہ کو باپ نے اپنے گھر بٹھا رکھا اور کہا کہ میں تو زید کے ہمراہ نکاح کر دینے پر راضی نہ تھا میرے بیٹے نے نکاح دیا ہے پھر وہ لڑکی بکر کو دیدی، اس کے بعد ایک عالم کو ثالث مقرر کیا اس نے دعوی الرجلین علی امرأۃ واحدۃ کا لحاظ کر کے دونوں زوج اور ہندہ کا باپ اور ہندہ کا وکیل اس کا برادر کلاں وغیرہ کے سامنے بڑی مجلس میں موافق طریقہ شرعیہ دعوی سنا زید کی طرف سے نصاب شہود عدول مسلم جرح موثر سے پایا گیا کہ باپ ۳۰۰ روپیہ ہمارے سامنے لیکر راضی ہوا اور بیٹے نے موافق مرضی باپ کے جاکر نکاح کر دیا۔ قاضی صاحب نے وکیل مسماۃ اور زوج ثانی اور باپ کو کہا کہ گواہوں کو قسم دیتے ہو سب نے کہا کہ ہم نے اس کی بات پر اعتبار کر لیا ہم ان کو قسم نہیں دیتے پس قاضی نے بحضور وکیل ہندہ اور زوج ثانی و والد ہندہ وجلسہ عظیمہ حکم دیدیا کہ زید کا نکاح درست ہے اور بکر کا باطل ہے بعدہٗ مسمات کے وکیل اور والد زوج ثانی نے کہا کہ ہم ۸۰ روپیہ دیتے ہیں اور خلع ہو جانا چاہئے اور خلع کا معنی بھی سنایا گیا کہ خلع طلاق بائن ہوتی ہے۔ اب عرض یہ ہے کہ یہ شہادت باخذ دراہم واسطے راضی ہونے کے اور شہرت اس رضامندی کی عام و خاص پر اور عدم اعتراض باپ کا بوقت رخصتی کے اور ایک ماہ تک کمال اختلاط و انبساط اور بغیر قسم کے گواہی کی تصدیق اور التماس خلع بمعنی طلاق بائن نہ بمعنی طلاق مطلق صلح قاطع نزاع۔ آیا یہ کل امر مثبت رضاء والد ہندہ کے اور موجب صحت نکاح زید کے ہیں یا نہیں بصورت وجود و عدم عبارت کتاب و فصل و باب ضرور قلمبند فرماویں جزاک اللہ تعالیٰ خیر الجزاء فقط۔

الجواب؛ قال فی الدر وله ای للولی اذا کان عصبةً الاعتراض فی غیر الکفوء ما لم یسکت حتی تلد منه اه قال الشامی زاد لفظ یسکت للاشارة الی ان سکوته قبل الولادة لا یکون رضا وان هذه لیست من المسائل التی تزل

Made searchable using ScribeTools.com

فیها السکوت منزلة القول اھ (۲ ج ۴۸۶) ثم قال فی الدر فرضا البعض من الاولیاء قبل العقد او بعدہٗ کالکل الی ان قال وقبضه ای المهر ونحوه مما یدل علی الرضا دلالةً اھ قال الشامی قوله قبل العقد وبعدہٗ فیه ان الرضا قبل العقد یصح علی کل من الاول والثانی (ای النکاح بالکفؤ وبغیر الکفؤ) اھ وقوله ونحوه بالرفع عطفًا علی قبضه ای ونحو قبض المهر کقبض النفقة او المخاصمة فی احدهما وان لم یقبض وکالتجهیز ونحوه فتم اھ (ص ۴۸۸ ج ۲)

صورت مسئولہ میں ہندہ نابالغہ کے باپ کا یہ قول کہ زید مجکو ۳۰ سو روپیہ دیدے تو میں نکاح کردینے پر راضی ہوں اس کی رضا پر دلالۃً دال ہے جبکہ اس کو ۳۰ سو روپیہ دیدیا گیا گو ان روپوں کا لینا اس کو جائز نتھا اگر بطور مہر معجل کے نہوں پھر روپیہ لینے کے بعد اس کے صریح الفاظ کی ضرورت نہیں بلکہ یہ دلالت بھی کافی ہے جیسا کہ عبارت مذکورہ سے معلوم ہورہا ہے کہ قبض مہر وقبض نفقہ وتجہیز ومخاصمہ فی المہر والنفقہ بھی بمنزلہ قول رضا کے ہے اور چونکہ آج کل ہندوستان میں جاہل لوگوں میں لڑکی پر کچھ رقم لینے کا رواج ہورہا ہے تو اس رقم کا مانگنا اور اس پر رضا کو معلق کرنا اور بعد میں اس رقم پر قبضہ کرلینا بھی قرائن رضا سے ہے پس زید کا نکاح صحیح ہوگیا اور بکر کا باطل ہوگیا باقی انبساط آمد ورفت قائم مقام قول رضا کے نہیں ایسے ہی بکر اور والد ہندہ کا یہ کہنا کہ خلع ہوجانا چاہئے یہ بھی اقرار بالنکاح نہیں قال فی الدر وقوله لعبده طلقها رجعیة اجابة للنکاح الموقوف لا طلقها او فارقها لانه یستعمل للمتارکة اھ قال الشامی ای قوله طلقها او فارقها لانه یستعمل للمتارکة فیکون ردًا ویحتمل الاجابة فنحمل علی الرد لانه ادنی لان الدفع اسهل من الرفع اھ (ص ۶۱۳ ج ۲) قلت وایضًا فطلبه الخلع یحتمل الصلح فی الصورة المسئولة فلا یکون اقرارًا بصحة النکاح، واللہ اعلم۔ ۲۲ ذیقعدۃ ۴۵ھ۔

قاضی نابالغ لڑکے اور لڑکی کا ایجاب وقبول کرلے اور ولی حاضر نہ ہو تو نکاح منعقد ہوجائے گا یا نہیں

سوال (۱۶) اگر ولی تصریحًا نہ اجازت دے نہ وقت نکاح کے حاضر ہے خصوص لڑکی کا ولی مگر اور سامان دونوں طرف کے ولی سب کریں مثلاً نسبت ٹھیک کرنا فرش فروش چھوہارہ وغیرہ لوگوں کا بلانا اور اسی قبیل کے تمام کام کریں لیکن قاضی صرف نابالغ لڑکی ولڑکے سے ایجاب وقبول

کرادے تو ایسی صورت میں نکاح ہوجائے گا یا نہیں؟

الجواب؛ اگر قاضی کو لڑکی کے یا لڑکے کے ولی نے بلایا ہے کہ تم آکر میری لڑکی یا لڑکے کا نکاح کردو تب تو اس کی طرف سے قاضی وکیل ہوگیا صرف دوسرے ولی کی طرف سے اجازت کی ضرورت رہی۔ اگر دوسرے ولی نے عقد کے بعد اجازت صراحۃً دیدی یا کوئی فعل ایسا کیا جو اجازت پر دلالت کرے مثلاً لڑکی کے ولی نے جہیز وغیرہ دیا اور لڑکے کے ولی نے جہیز پر قبضہ کیا تو اب دوسرے کی طرف سے بھی اجازت پائی گئی اور نکاح صحیح ہوگیا اور جو افعال سوال میں مذکور ہیں وہ اجازت کے لئے کافی نہیں کیونکہ وہ عقد کے پہلے کے افعال ہیں نہ بعد کے۔ اور اگر قاضی کو لڑکی اور لڑکے کے ولی میں سے کسی نے نہیں بلایا بلکہ وہ خود ہی خبر نکاح سنکر آگیا یا کسی اور شخص کے بلانے پر آگیا اور بدون اجازت احد الولیین کے اس نے نکاح پڑھا تو یہ نکاح موقوف رہا جو بعد اجازت اولیاء طرفین کے نافذ ہوگا۔ اور اگر ان اولیاء میں سے کسی نے اس نکاح کو صراحۃً یا دلالۃً نافذ نہ کیا تو یہ نکاح موقوف ہی رہے گا جس کو یہ صغیرین بعد بلوغ کے نافذ کرسکتے ہیں، بشرطیکہ نکاح کے وقت دونوں عاقل تمیز دار ہوں کہ نکاح کے معنی کو سمجھتے ہوں اور اگر وہ نکاح کو سمجھتے بھی نہوں تو نکاح باطل ہے۔ قال فی الدر وقبضه ای الولی المهر ونحوه مما یدل علی الرضا رضاءً دلالةً اھ قال الشامی کقبض النفقة او المخاصمة فی احدهما وان لم یقبض وکالتجهیز ونحوه اھ (ص ۴۸۸ ج ۲) وفیه ایضًا صغیرة زوجت نفسها ولا ولی ولا حاکم ثم توقف وصح باجازتها بعد بلوغها لان له مجیزًا وهو السلطان اھ قال الشامی والصغیر کالصغیرة اھ وقال ایضًا قوله صغیرة زوجت نفسها ای من کفؤ بمهر المثل والا لم یتوقف لان الحاکم لا یملک العقد علیها بذلک فلا یملک اجازته فکان عقد بلا مجیز نعم لو کان لها اب او جد وزوجت نفسها کذلک توقف لان له مجیزا وقت العقد لان الاب والجد یملکان العقد بذلک اھ (ص ۵۱۵ ج ۲) وفی الخلاصة عن الاجناس کل عقد له مجیز حال وقوعه یقف علی الاجازة ومالا مجیز له حال وقوعه لا یتوقف اھ (ص ۱۷ ج ۲)۔ ۸ محرم ۴۶ھ۔

ماں کی ولایت سے نابالغ کے نکاح کی ایک صورت

سوال (۱۷) کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے ایک عورت کے ساتھ نکاح کیا تھا اور اس کے ساتھ ایک

لڑکا تھا اب اس لڑکے کی شادی اس شخص نے گانوں میں کردی لڑکا نابالغ تھا اور لڑکی بالغ تھی جس عورت کے ساتھ نکاح کیا تھا وہ عورت اس کے یہاں سے چلی گئی اب وہ لڑکا اور لڑکے کی بہو رہ گئی اب اس شخص نے اپنے سوتیلے لڑکے کی منکوحہ بہو کے ساتھ نکاح کرنا چاہتا ہے وہ جائز ہے یا نہیں۔

الجواب؛ جب تک یہ لڑکا بالغ نہ ہو اور بالغ ہو کر اس عورت کو طلاق نہ دے اور طلاق کی عدت نہ گذر جائے اس وقت تک اس عورت سے کسی کا نکاح درست نہیں کیونکہ اس لڑکے کا نکاح اس لڑکی سے درست ہو گیا ہے گو یہ سوتیلا باپ اس کا ولی نہیں مگر لڑکے کی ماں اس کی ولی تھی اور ظاہر یہ ہے کہ ماں کے علاوہ اس کا کوئی ولی نہیں اور یہ نکاح ماں کی رائے و رضا سے ہوا ہے لیکن اگر ماں کی رائے اور رضا سے نہیں ہوا تو سوال دوبارہ کیا جائے اور یہ بھی بتلایا جائے کہ اس لڑکے کا کوئی ولی ماں کے علاوہ ہے یا نہیں اور ماں نے یا اس ولی نے اس نکاح کی خبر سنکر نکاح کو منظور کیا یا اس پر ناراضی و انکار کا اظہار کیا فقط۔ ۱۸ رجب ۴۶ھ

ماموں نے نابالغ بھائی کی موجودگی میں نابالغہ کا نکاح کردیا الخ

سوال (۱۸) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسمیان زید وہندہ کو جبکہ ان دونوں کے والدین کا وفات ہوگیا بوجہ نابالغی بغرض پرورش مسمی بکر جوان دونوں یعنی زید وہندہ کا ماموں ہے اپنے مکان پر لے گیا اور اپنے لڑکے مسمی بقر یدوے ہندہ کا بغیر اجازت زید نکاح کردیا حالانکہ زید وہندہ اب تک نکاح مذکور پر راضی نہیں ہیں اور اب ہندہ تقریباً ماہ دو ماہ سے بالغہ ہے اور عرصہ آٹھ مہینہ سے اپنے بھائی مسمی زید کے یہاں چلی آئی ہے تو صورت مذکورہ میں ہندہ کا نکاح بقر یدوے از روئے شرع درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ صورت مذکورہ میں چونکہ ہندہ قبل بلوغ و بعد بلوغ اپنے ماموں کے نکاح سے کالعۃ تھی لہذا نکاح مذکور صحیح نہیں ہوا مطابق حدیث لانکاح الا بولی کے ولی کا ہونا ضروری ہے اس لئے نکاح صحیح نہیں ہوا ہندہ دوسرا نکاح کرسکتی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

کتبہ محمد عبداللہ مدرس مدرسہ فیض عام۔ ۳۰ رجمادی الاولیٰ ۴۶ھ۔

احمد عفی عنہ مدرس فیض عام۔ ۳۰ ج ۴۶ھ۔

ماموں بھی ولی ہے جیسا کہ صاحب ہدایہ نے اس کی تحقیق کی ہے اور اس اعتبار سے نکاح ہوجائے گا مگر بلوغ اور علم بالنکاح کے بعد خیار فسخ حاصل رہتا ہے۔ امام محمدؒ کے نزدیک ماموں ولی نہیں اور امام ابو یوسف صاحب کی اشہر الروایتین یہی ہے دیکھو ہدایہ اور حسن بن زیاد نے بھی

امام صاحب سے یہی روایت کیا ہے اور الولایۃ الی العصبات بھی اسی کی موید ہے اور خیار فسخ کی تاثیر کے لئے قضا کی شرط ہے جو آجکل قریباً اس دیار میں متعذر الحصول ہے اس لئے اگر کوئی حنفی امام صاحب علیہ الرحمۃ کی دوسری روایت پر فتویٰ دے اور سرے سے نکاح کے انعقاد ہی کا انکار کرے تو اس بیچارہ کے نزدیک کوئی حرج نہیں ہے بہتر ہوگا کہ اس مسئلہ کی تحقیق حضرت مولانا اشرف علی صاحب مدظلہ العالی سے کرلی جاوے۔ ناچیز عبداللطیف نعمانی مدرس دارالعلوم مئو اعظم گڈھ۔

الجواب من تھانہ بھون:

صورت مسئولہ میں چونکہ نکاح بولایت ولی صحیح منعقد ہو چکا ہے بشرطیکہ کفو سے مہر مثل پر ہوا ہو اسلئے اگر ہندہ اس کو بعد بلوغ کے فسخ کرنا چاہے تو قاضی اسلام کے یہاں مرافعہ کرے اور اگر قاضی اسلام میسر نہیں تو صبر کرے یا کسی طرح خاوند کو خلع پر راضی کرے بہرحال بدون قضاء قاضی یا طلاق زوج کے یہ نکاح فسخ نہیں ہوسکتا اور بدون اس کے ہندہ کو کسی دوسرے شخص کے ساتھ نکاح جائز نہیں۔

پہلا جواب کسی غیر مقلد کا معلوم ہوتا ہے وہ بالکل غلط ہے کیونکہ حدیث لانکاح الا بولی سے یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ بدون ولی کے نکاح نہیں لیکن اس کے کیا معنیٰ ہیں آیا یہ کہ باطل ہے یا مناسب نہیں دونوں احتمال ہیں انہوں نے بدون حدیث کے ایک احتمال کو ترجیح کیونکر دی اور اگر ایما امرۃ نکحت نفسھا بدون اذن ولیھا فنکاحھا باطل پیش کریں تو اس کی صحت ثابت کریں اور تصحیح حدیث میں کسی محدث کی تقلید نکریں ورنہ فہم حدیث میں فقہاء کی تقلید سے کیوں عار ہے۔ دوسرے اگر اس کو بھی تسلیم کرلیا جائے تو وہ حدیث سے یہ ثابت کریں کہ خال ولی نہیں اگر حدیث الولایۃ الی العصبات پیش کریں تو اس کی صحت بدون تقلید محدثین کے ثابت کریں۔ پھر حدیث ہی سے عصبات کے ایسے معنیٰ ثابت کریں جو خال پر صادق نہ آتے ہوں۔ نیز یہ بھی بتلائیں کہ اس حدیث میں تو صرف اتنا ہے کہ عصبات کو ولایت حاصل ہوتی ہے یہ کہاں ہے کہ غیر عصبات کو کسی وقت بھی ولایت حاصل نہیں ہوتی حدیث میں کوئی لفظ نفی کا نہیں ہے اگر ان امور کو حدیث ہی سے حل نکر سکیں تو اہل حدیث ہونے کا اور حدیث سے فتویٰ دینے کا دعویٰ نکریں۔

مجیب ثانی حنفی معلوم ہوتا ہے مگر اُن کو امام صاحب کی دوسری روایت ضعیفہ پر فتویٰ

Made searchable using ScribeTools.com

دینے کا خیال ہو رہا ہے۔ مگر یہ خیال غلط ہے۔ کیونکہ ایسے مسائل تو اجتہادات میں بہت کم نکلیں گے جن میں اختلاف علماء یا اختلاف روایات نہ ہو دیکھنا یہ ہے کہ اختلاف کے وقت قوت کس کو ہے قول ضعیف پر فتوی جائز نہیں سو ظاہر ہے کہ امام صاحبؒ سے جو روایت اہل متون نے نقل کی ہے اور متون ہی نقل مذہب کے لئے موضوع ہیں وہ یہی ہے کہ عدم عصبات کے وقت ماں کو اور ذوی الارحام کو ولایت تزویج حاصل ہے اور دلیل سے بھی قوت اسی کو ہے اور امام ابو یوسف بھی امام ابو حنیفہ ہی کے ساتھ ہیں ھذا ھو الاصح الارجح کما صرح بہ فی فتح القدیر وبسط الکلام فی الدلالۃ ص ۳۷،۱۸۲ وفی رد المحتار ص ۲۷،۵۱۴ باب الولی، واللہ اعلم۔ ۱۰ رمضان ۴۶ھ

گونگی بہری لڑکی جس کا کوئی ولی نہ ہو اس کا نکاح کس طرح کیا جائے

سوال (۱۹) علماء دین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ ایک عورت ہے نہ اس کو سنتا ہے اور نہ کچھ وہ زبان سے کہہ سکتی ہے اور عمر اس کی ۲۱ سال کی ہے اور اشارہ بھی کچھ نہیں سمجھتی مگر کھانے اور پینے کا اور پائخانے اور پیشاب کی جس وقت ضرورت ہوتی ہے خود کہہ دیتی ہے اور نہ اس کے کوئی ولی ہے اب اس کا نکاح کس صورت سے کرنا چاہئے فقط والسلام۔

الجواب؛ یہ نہیں ہو سکتا کہ اس لڑکی کا عصبہ کوئی نہ ہو ہاں یہ ممکن ہے کہ عصبہ قریب نہ ہو لیکن عصبہ بعید ضرور ہوگا۔ اگر یہ لڑکی شیخ زادی ہے تو سارے شیخ زادے اس کے عصبہ ہیں ان میں جو زیادہ دور نہ ہو وہ اس کا ولی ہوگا مثلاً جو شیخ زادہ اس کی بستی میں ہے وہ دوسری بستی کے شیخ زادے سے مقدم ہے اور اگر شیخ زادی نہیں بلکہ مغل پٹھان یا جلاہی وغیرہ ہے تب بھی اتنی بات معلوم ہو سکتی ہے کہ اس لڑکی کے باپ کی رشتہ داری کن کن مواضع میں تھی انہی مواضع میں اس کے باپ کی رشتہ داری میں جو شخص سب سے زیادہ قریب ہوگا وہی اس کا عصبہ اور ولی ہوگا، ولی کی اجازت سے اس کا نکاح ہو سکتا ہے، واللہ اعلم۔ ۷ رمضان ۴۶ھ۔

اب وجد کے کئے ہوئے نکاح میں صغیر وصغیرہ کو خیار بلوغ حاصل نہ ہونے کی دلیل

سوال (۲۰) سید سلیمان ندوی نے حنفیہ کے خلاف یہ لکھا ہے کہ اب وجد اگر صغیر وصغیرہ کا نکاح کر دیں تو انہیں خیار بلوغ حاصل ہونا چاہئے کیونکہ خیار نہ ہونے پر حدیث سے ثبوت نہیں۔ بلکہ حدیث میں یہ ہے کہ جن عورتوں نے آکر دربار رسالت میں باپ کے نکاح پر ناگواری ظاہر کی حضورؐ نے بلا اس کے دریافت فرمائے کہ تم بوقت نکاح نابالغ تھیں یا بالغ نکاح فسخ کر دیا جس سے معلوم ہوا کہ تزویج اب کے بعد حق فسخ رہتا ہے۔

مبسوط، بدائع، بذل وغیرہ میں حضرت عائشہؓ کے واقعہ نکاح سے ثبوت دیا ہے مگر حدیث میں خیار نہ دینے کا ذکر ہے نہیں اور عدم ذکر سے استدلال کیسے ہو سکتا ہے۔ انت ومالک لأبیک سے بھی استدلال بظاہر نہیں ہوتا۔ اب کی تزویج کے بعد صغیرہ بکر کو خیار بلوغ نہ ہونے پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے مگر ثبوت نہیں ملتا حضرت کچھ ارشاد فرماویں کہ ثبوت کہاں سے ہوا۔

الجواب؛ اس مسئلہ کی دلیل اجماع امت کافی ہے۔ اب کی تزویج کے بعد صغیرہ بکر کو خیار بلوغ نہ ہونے پر امت کا اجماع ہے۔ اور اجماع خبر واحد سے اقوی ہے۔ فلا حاجۃ إلی الاستدلال بالاخبار وایضاً فالاستدلال بنکاح عائشۃؓ تام فقد ثبت انہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر بریرۃ حین عتقت وقال لبنت حمزۃ حین زوجھا وھی صغیرۃ لھا الخیار اذا بلغت فلو کان الخیار ثابتا للصغیرۃ اذا زوجھا ابوھا لصرح النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین تزوج عائشۃ بان لھا الخیار اذا بلغت والسکوت فی موضع البیان بیان فثبت ان لا خیار للصغیرۃ والحال ھذہ وایضاً نقولہ تعالی وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ اطلق للاولیاء انکاح مولیاتھم التی لا زوج لھا وھذا ھو معنی الایم لغۃ واطلاق ذلک لھم یقتضی تمام العقد بانکاحھم وثبوت الخیار بعد تمام العقد خلاف القیاس فیقتصر علی موردہ وقد خیر صلی اللہ علیہ وسلم الثیب والبکر البالغۃ ولم یخیر الصغیرۃ الا اذا زوجھا غیر الاب کما ورد انہ زوج امامۃ بنت حمزۃ وقال لھا الخیار اذا بلغت (فتح القدیر ص ۳۷،۱۷۵) ولم یثبت انہ خیر صغیرۃ زوجھا ابوھا فلا خیار لھا، واللہ تعالی اعلم۔ ۱۵ صفر ۴۷ھ۔

(تتمہ) وفی الجوھر النقی قال ابن المنذر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ولا تنکح البکر حتی تستأذن وھو قول عام وکل من عقد علی خلاف ما شرع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فھو باطل لانہ الحجۃ علی الخلق ولیس لاحد ان یستثنی من السنۃ الا سنۃ مثلھا فلما ثبت ان ابا بکر الصدیق زوج عائشۃ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھی صغیرۃ لا امر لھا فی نفسھا کان ذلک مستثنی منہ انتھی کلامہ (ص ۷۶ و ۲۷۷) وھذا صریح فی ثبوت نفی الخیار لعائشۃ

اما نقلاً وابن المنذر حجة فی النقل واما لکون السکوت بمعرض البیان بیانًا ففیه تائید لما قلنا اوّلًا فافهم.

بالغہ لڑکی اگر غیر کفو میں نکاح بلا اجازت اولیا کرے تو نکاح باطل ہے

سوال (۲۱) (۱) علمائے دین اس مسئلہ میں کیا ارشاد فرماتے ہیں کہ مومن قوم کا ایک مرد کا نکاح شیخ، سید، پٹھان وغیرہ اقوام کی عورتوں سے ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(۲) اور کیا اس عورت کے اولیاء کو ایسی صورت میں جب اس سے برضائے خاطر اور بعد بلوغت کسی مومن دیندار ذی علم سے نکاح کیا ہے، حق فسخ حاصل ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب: (۱) بدون رضاء عورت کے اولیاء کے نہیں ہو سکتا۔

(۲) اگر کوئی شریف سید شیخ مغل پٹھان عورت اپنے اولیاء کی بدون رضاء و اجازت مجلا سے نکاح کرلے تو یہ نکاح منعقد ہی نہ ہوگا بلکہ ابتداء ہی سے باطل ہے فسخ کی بھی ضرورت نہیں۔ وظاهر الرواية ان النكاح ينعقد وللاولياء حق الفسخ والاعتراض ولكن المتأخرين افتوا برواية الحسن عن ابی حنيفة انه لا يصح ولا ينعقد یہ تو سوال کا جواب ہے مگر اس مسئلہ کی بنا اس پر نہیں کہ قوم مومن شرعًا رذیل ہے فقد قال تعالیٰ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ. فالكرم انما هو بالتقوى والرذالة بالمعصية. بلکہ اس کی بنا اس پر ہے کہ نکاح کے مصالح عادۃً ہم کفوٗ قوم ہی میں حاصل ہوتے ہیں اور یہ مشاہد ہے اس کا انکار نہیں ہو سکتا اس لئے شریعت نے نکاح میں کفاءت کا لحاظ کیا ہے تاکہ مصالح نکاح بخوبی حاصل ہوں البتہ اگر عورت کے اولیا راضی ہو کر غیر کفوٗ سے کردیں تو ان کا راضی ہونا اس کی علامت ہوگی اس غیر کفوٗ سے بھی مصالح نکاح حاصل ہونے کی امید ہے تو اس صورت میں غیر کفوٗ سے بھی عورت کا نکاح درست ہے۔ اور مصالح نکاح صرف میاں بیوی کی رضامندی میں منحصر نہیں بلکہ اس کے ساتھ زوج و زوجہ کی قرابت میں رابطہ اتحاد و محبت و تعاضد و تناصر پیدا ہونا ہی ملحوظ ہے اور یہ بات غیر کفو کے نکاح میں مفقود ہے اِلّا نادرًا والنادر كالمعدوم فلا يعتبر به في الاحكام اور غیر کفوٗ سے نکاح کرکے اگر عورت کا خاوند جلد مرجائے اور لاولد مرجائے یا بچے چھوٹے چھوٹے ہوں تو اب اس عورت کی امداد اس کا خاندان تو ناراضی کی وجہ سے کرے گا نہیں تو اس کو بہت تکلیف ہوتی ہے وغیر ذالک من المصالح اس لئے کفاءت کا نکاح میں لحاظ ہے اور یہ امر قوم مومن ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ اگر کوئی سیدزادی یا شیخزادی

پٹھان یا مغل مرد سے بدون اپنے اولیاء کی اجازت کے نکاح کرلے تو اس کا بھی یہی حکم ہے اور اگر عدم کفاءت میں وہ مرد بڑھا ہوا ہو تو نکاح درست ہے عورت کے ادنیٰ ہونے سے وہ مصالح فوت نہیں ہوتے، واللہ اعلم۔ ۲۴/۲ ج ۴۷ھ۔

باپ نے لاعلمی میں نابالغہ لڑکی کا نکاح فاسق سے کردیا نکاح کے بعد معلوم ہوا کہ وہ شرابی و بدچلن ہے تو باپ کا کیا ہوا نکاح صحیح ہوا یا نہیں

سوال (۲۲) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ لڑکی نابالغہ کا عقد لڑکی کے باپ نے پینتیس ۳۵ سالہ عمر والے شخص کے ساتھ کردیا لڑکی نے بالغ ہوتے ہی اس کے ساتھ جانے یا رہنے سے انکار کردیا کیونکہ وہ شخص شراب خوری اور بدچلنی وغیرہ کے کاموں میں مصروف رہتا ہے اور نماز وغیرہ کا قطعی پابند نہیں محض عیدین کی نماز شاذ و نادر پڑھ لیتا ہے اور لڑکی قرآن شریف و مسائل ضروری سے واقف ہے اور نماز کی بھی پابند ہے شوہر سے طلاق کے لئے کہا جاتا ہے مگر انکار کرتا ہے لڑکی کا باپ بھی اسے شوہر کے ایسے حالات دیکھکر نہیں چاہتا کہ میں ایک ایسی شائستہ اور دیندار لڑکی کو ایسے گمراہ شخص کے ساتھ کردوں جو بالکل احکام شرع کا پابند نہ ہو بروقت عقد ولی جائز کو اس کے ناشائستہ حرکات سے بالکل بے خبری تھی پس ایسی صورت میں اس سے طلاق حاصل کرنے کی کیا صورت ہو سکتی ہے اور لڑکی کا طلاق مانگنا حق بجانب ہے یا نہیں اور ایسے شخص کے ساتھ ولی جائز کا (بے جانے ہوئے) نکاح کردینا جائز ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب: اگر سوال واقع کے مطابق ہے کہ ولی کو اس شخص کی بدچلنی وغیرہ کا نکاح کے وقت علم نہ تھا اور بعد میں علم ہوا اور ولی خود بدچلن نہیں تو یہ نکاح بالکل صحیح نہیں ہوا لڑکی کو طلاق لینے کی کچھ ضرورت نہیں وبدون طلاق ہی کے دوسرے نیک شخص سے نکاح کرسکتی ہے۔

قال فی رد المحتار واما اذا كانت صغيرة فزوجها ابوها من فاسق فان كان عالمًا بفسقه صح العقد ولا خيار لها اذا كبرت لان الاب له ذلك (اى عند الامام لا عندهما ۱۲) مالم يكن ماجنا كما مر فی الباب السابق واما اذا كان الاب صالحًا وظن الزوج صالحا فلا يصح قال فی البزازية زوج بنته رجلاً ظنه مصلحًا لا يشرب مسكرًا فاذا هو مدمن فقالت بعد الكبر لا ارضى بالنكاح ان لم يكن ابوها يشرب المسكر ولا عرف به وغلبة اهل بيتها مصلحون فالنكاح باطل بالاتفاق اھ (ص ۵۴۶ ج ۲) واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴ ذیقعدہ ۴۷ھ۔

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

ولایت نکاح میں حقیقی بہن، ماموں اور اخیافی بھائی سے مقدم ہے

سوال (۲۳) ایک نابالغہ کے والدین فوت ہو گئے اس وقت اُس کا ماموں اور اخیافی بھائی اور حقیقی بہن اور ماں کا پہلا شوہر زندہ ہے، ولایت نکاح ان میں سے کس کو حاصل ہے؟

الجواب؛ صورت مسئولہ میں ولایت نکاح حقیقی بہن کو ہے قال فی الدر فان لم یکن عصبۃ فالولایۃ للام ثم لام الاب ثم للاخت لاب وام ثم للاخت لاب ثم لولد الام الذکر والانثی سواء اھ (ص ۲۷۵ ج ۲) واللہ اعلم۔

۲۰ ذیقعدہ ۴۷ھ۔

ولی عصبہ نابالغہ کے نکاح کا حق ماں کو تفویض کردے تفویض کے بعد ماں نابالغہ کا نکاح کسی سے کردے پھر ولی عصبہ کسی اور سے اس کا نکاح کردے تو کون سا نکاح صحیح ہے

سوال (۲۴) ایک شخص نعمت اللہ مر گیا اور اس نے مرنے سے پہلے اپنے عصبہ کو اور زوجہ کو وصیت کی کہ میری لڑکی نابالغہ شریفن کا نکاح میرے سالے کے لڑکے سے کردینا۔ عصبہ نے بعد موت مورث کے ایک اقرارنامہ اسٹامپ پر تحریر کرکے مسماۃ شریفن کی ماں کے حوالے کیا جس میں یہ لکھا کہ:

"مسماۃ شریفن کا نکاح حسب وصیت نعمت اللہ مسماۃ رحمت (مادر شریفن) کردے گی مجھے یا میرے قائم مقام کو کوئی عذر نہ ہوگا شادی کا خرچہ مسماۃ رحمت برداشت کرے گی"

اس کے بعد لکھتا ہے:

"اور جس کو مسماۃ رحمت پسند کرے گی وہاں مسماۃ شریفن کا نکاح بمرضی خود کرسکے گی مجھے عذر نہ ہوگا"

اس کے بعد قادربخش اور مسماۃ رحمت میں کچھ تنازعہ ہوگیا۔ مسماۃ رحمت نے اس خیال سے کہ مبادا تنازعہ کی وجہ سے یہ شریفن کے نکاح میں بھی گڑبڑ کرے شریفن کا نکاح حسب وصیت نعمت اللہ اپنے بھتیجے سے کردیا یہ خبر پاکر قادربخش نے شریفن کا نکاح دوسرے شخص سے کردیا اب ان دونوں نکاحوں میں سے کونسا نکاح صحیح ہے؟

الجواب؛ صورت مسئولہ میں شریفن کا نکاح وہی صحیح ہے جو اس کی ماں بیوہ نعمت اللہ نے کیا ہے اور جو نکاح اس کے بعد قادربخش نے کیا ہے وہ صحیح نہیں کیونکہ گو قادربخش عصبہ ہے اور دراصل ولایت نکاح اسی کو حاصل تھی مگر اس نے بذریعہ اقرار نامہ تحریری شریفن کے نکاح

کا اختیار اس کی ماں کو سپرد کردیا ہے اس کے الفاظ مندرجہ اقرارنامہ تفویض پر صاف دلالت کرتا ہے اور جو عقد بعد تفویض من لہ الحق صادر ہو وہ صحیح ہوتا ہے قال فی البحر وقولها (ای البالغة للولی) ذلك اليك اذن مطلقا ثم ذكر مسئلة ذكر الولی بين يديها اقواما لا يحصون فسكتت فليس برضا ثم قال وهذا كله اذا لم تفوض الامر اليه اما اذا قالت انا راضية بما تفعله او زوجنی ممن تختاره ونحوه فهو استيذان صحيح اھ (ص ۱۱۲ ج ۳) ولا يخفى وجود التفويض من الولی الى الام فی الصورة المسئولة فهو اذن لها مطلقا بنكاح موليته والاذن قبل العقد كالاجازة بعده لما فی الدر واذنه لعبده فی النكاح ينتظم جائزه وفاسده فيباع العبد لهم من نكحها فاسدا بعد اذنه اھ وفيه قبله وقوله لعبده لملقها رجعية اجازة للعقد الموقوف اھ (ص ۶۱۲ ج ۲) وفی الهداية فی بيع الفضولی واذن المالك بعده لان الاجازة اللاحقة بمنزلة الوكالة السابقة اھ (ص ۷۳ ج ۳)۔ دوسرے قادربخش نے شریفن کا دوسرا نکاح محض ضد اور نفسانیت اور نزاع باہمی کی وجہ سے کیا ہے لڑکی کی مصلحت پر نظر کرکے نہیں کیا اور یہ درست نہیں فكان كمن زوج موليته برجل طمعا فی مال يعطاه رشوة وهذا يبطل الولاية كذا ههنا، واللہ تعالیٰ اعلم۔ ظفر احمد عفا عنہ۔ ۲۱ ذیقعدہ ۴۷ھ

الجواب صحیح عندی، اشرف علی عفی عنہ۔ ۲۱ ذیقعدہ ۴۷ھ۔

بالغہ عورت بدون اذن ولی کفو میں مہر مثل سے کم پر اپنا نکاح کرے تو نکاح صحیح ہوگا یا نہیں

سوال (۲۵) کیا فرماتے ہیں علمائے حنفیہ ان مسائل میں: اگر کسی عاقلہ بالغہ ذات الولی کا نکاح اپنے کفو کے ساتھ اپنی رائے سے مہر مثل سے کم پر نکاح کرلے تو وہ مثل نکاح بغیر الکفو کے غیر صحیح ہوگا یا بنا بر اس فرق کے جو ذیل کی عبارت میں مذکور ہے صحیح ہوگا اور اولیاء کو صرف اتمام مہر کا مطالبہ ہوگا وہ عبارت یہ ہے۔ فی الدر المختار ولو نكحت باقل من مهر ها فللولی الاعتراض حتى يتم مهر مثلها او يفرق القاضی بينهما فی رد المحتار قوله الاعتراض ما نادان العقد صحيح وتقدم انها لو تزوجت غير كفو فالمختار رواية الحسن انه لا يصح العقد ولهم من ذكر مثل هذه الرواية (ای رواية عدم الصحة) ههنا مقتضاه انه لا خلاف فی صحة العقد ولعل وجهه انه لا يمكن الاستدراك ههنا

باتمام مہر المثل بخلاف عدم الکفاءۃ (باب الکفاءۃ) قلت والمراد بما تقدم ما فی الدر المختار وله الاعتراض فی غیر الکفو الی قوله وینبغی فی غیر الکفو بعدم جوازہ اصلاً وھو المختار للفتوی لفساد الزمان۔

الجواب: علامہ شامی نے اس مقام پر جو کچھ لکھا ہے محض ان کی رائے ہے نقل نہیں ہے اور اس رائے پر صاحب تحریر مختار نے اعتراض کیا ہے بلفظ ولکن التعلیل المذکور للافتاء بعدم الجواز فی غیر الکفو جار فی مسئلة التزوج بدون مہر المثل ومقتضی لعدم الجواز تامل اھ (ص ۱۸۵ ج ۱) وفیه ایضاً علی قوله ومقتضاہ انه لا خلاف الخ ما نصه تقدم ان مقتضی العلة انه لا فرق بین المسئلتین اھ ص ۱۹۱ ج ۱ واللہ اعلم۔

قال فی العالمگیریة: ولو زوج ولدہ الصغیر من غیر کفؤ بان زوج ابنه امة او ابنته عبداً او زوج بغبن فاحش بان زوج البنت ونقص من مہرھا او زوج ابنه وزاد علی مہر امرأته جاز وھذا عند ابی حنیفة وعندھما لا یجوز الزیادة والحط الا بما یتغابن الناس فیه قال بعضهم فاما اصل النکاح فصحیح والاصح ان النکاح باطل عندھما ھکذا فی الکافی والصحیح قول ابی حنیفة کذا فی المضمرات واجمعوا علی انه لا یجوز ذلک من غیر الاب والجد ولا من القاضی اھ (ص ۱۸ ج ۲)۔

قلت: ومقتضی تعلیل المتاخرین لروایة الحسن عن ابی حنیفة عدم الجواز عندہ ایضاً خلاصہ یہ کہ اس مسئلہ میں یعنی مہر مثل سے کم کرنے میں صاحبین کا قول تو یہ ہے کہ نکاح صحیح نہیں جبکہ عورت نے خود بلا رضا اولیاء مہر کم کیا ہو یا ولی نے بلا رضا عورت کے کم کیا ہو اور امام صاحب کے نزدیک نکاح صحیح ہے اور مضمرات میں قول امام ہی کو صحیح کہا ہے، لہذا فتوی تو صحت نکاح کے باب میں امام صاحب ہی کے قول پر دیا جائے گا مگر احوط یہ ہے کہ مہر مثل سے مہر کم نہ باندھا جائے کیونکہ خلاف سے بچنا اولی ہے۔ ولیتنبه لهذا فان الناس

عه ولیس الحکم خاصاً بنکاح الصغیرین بل عام للبالغین ایضاً کما فی البدائع، وسیاتی ۱۲

عنه غافلون فیرون نقص المهر سنة وثواباً ولا یعلمون ان فی ذلک نقص حق المرأة وسکوت المرأة البالغة البکر انما یکون رضا لقبول النکاح فقط لا لنقص المهر فان السکوت لا یکون حجة فی الاموال، واللہ تعالی اعلم۔

قال فی البدائع ومنها کمال مهر المثل فی النکاح الحرة العاقلة البالغة نفسها من غیر کفو بغیر رضا الأولیاء فی قول ابی حنیفة حتی لو زوجت نفسها من کفؤ باقل من مهر مثلها مقدار ما لا یتغابن فیه الناس بغیر رضا الاولیاء فللاولیاء حق الاعتراض عنده فاما ان یبلغ الزوج الی مهر مثلها او یفرق بینهما وعند ابی یوسف ومحمد هذا لیس بشرط ویلزم النکاح بدونه حتی یثبت للاولیاء حق الاعتراض وھاتان المسئلتان اعنی هذه المسئلة والمسئلة المتقدمة علیها وھی ما اذا زوجت نفسها من غیر کفؤ وبغیر رضا الاولیاء لاشک انهما یتفرعان علی اصل ابی حنیفة وزفر واحدی الروایتین عن ابی یوسف وروایة الرجوع عن محمد لان النکاح جائز واما علی اصل محمد فی ظاهر الروایة عنه واحدی الروایتین عن ابی یوسف فلا یجوز هذا النکاح فیشکل التفریع فتصور المسئلة فیما اذا اذن الولی لها بالتزویج فزوجت نفسها من غیر کفؤ باقل من مهر مثلها اھ (ص ۳۲۲ ج ۲)۔

وفی البحر تحت قول الکنز من نکحت غیر کفؤ فرق الولی ما نصه وھذا ظاھر فی انعقادہ صحیحا وھو ظاھر الروایة عن الثلاثة والمفتی به روایة الحسن عن الامام من عدم الانعقاد اصلا اذا کان لها ولی لم یرض به قبل العقد وفی الخلاصة وکثیر من مشائخنا افتوا بظاھر الروایة وھذا یدل علی ان کثیرا من المشائخ افتوا بانعقادہ فقد اختلف الافتاء اھ ملخصا (ص ۱۲۸ ج ۳)۔

قلت ولم یثبت افتاءھم بقول الصاحبین ولا بمقتضی تعلیل روایة الحسن فی مسئلة تقلیل المهر عن المثل بل صرح فی الهندیة ان الصحیح فی مسئلة تقلیل المهر عن المثل قول ابی حنیفة ان اصل النکاح صحیح وروایة الحسن عن الامام لیست صریحة فی هذه المسئلة وانما ھی فی الکفاءة فالاحوط الافتاء بالمنع من ذلک ای التقلیل واذا وقع التزویج بالاقل من الاب والجد

Made searchable using ScribeTools.com

فینبغی الافتاء بالانعقاد واما من غیرھا وھی صغیرۃ فلا واللہ اعلم۔

یکم صفر ۴۸ھ۔

نکاح نابالغہ کی ایک صورت کا حکم

سوال (۲۶) علمائے دین ومفتیان شرع متین ایسی حالت میں کیا فرماتے ہیں۔ ہندہ جس کی عمر دس سال یا کچھ زاید ہے سن تمیز کو پوری طرح پہونچ چکی ہے اور نیک وبد کا بخوبی امتیاز ہے لیکن نابالغ ہے والد اس کا بزور وجبر زید کے ساتھ کہ جس کی عمر ساٹھ سال سمجھی جاتی ہے عقد کرنا چاہتا ہے ہندہ زید کے ساتھ کسی طرح راضی نہیں ہے بلکہ خودکشی وجان کھونے پر آمادہ ہے اس کے والد نے مجبور ہوکر ظاہر کیا کہ زید کے ساتھ نہیں بلکہ بکر کے ساتھ کہ جس کی عمر بھی مناسب ہے عقد ہوتا ہے روز نکاح جب ہندہ کو معلوم ہوا کہ وہی زید بوڑھا آدمی ہے دھوکا دیا جاتا ہے نکاح کے خوف سے بھاگ کر دوسرے شخص کے مکان میں چھپی اس کے والد کو جب خبر ہوئی چھری وغیرہ لیکر اس مقام پر پہونچا اور قتل کرنے پر آمادگی ظاہر کی اور بزور اپنے مکان میں پکڑ لایا اور بلا رضامندی ہندہ کے نکاح ہوگیا مگر ہندہ نے ایجاب وقبول نہیں کیا برابر انکار رہا ہندہ رخصت ہوکر زید کے یہاں نہیں گئی بعد چار سال کے محض دباؤ ڈرانے کی غرض سے ایک مقدمہ فوجداری میں ہندہ کے باپ اور اس کے خاص عزیزوں پر زید نے دائر کیا زید کے خاص عزیزوں نے اپنی رہائی وگلوخلاصی ہندہ کے رخصت ہوجانے پر سمجھ کر بزور وجبر رخصت کرادیا اس خوف سے ہندہ وہاں جاکر بیمار ہوگئی اور وہاں بھی وہی نارضامندی برابر رہی اور یکجائی کی نوبت نہیں آئی اب عمر ہندہ کی بیس برس ہے اور اپنے باپ کے مکان میں ہے جان کھونے پر آمادہ ہے مگر زید کے ساتھ رہنے یا اس کے گھر جانے پر رضامند نہیں ہے، فقط اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ زید کے ساتھ جو نکاح ہندہ کا بحالت نابالغی بلارضامندی ہندہ، ہندہ کے باپ نے کردیا تھا وہ صحیح نکاح ہوا تھا یا نہیں اور اب ہندہ بالغ ہوگئی ہے اور دوسرا نکاح دوسرے شخص کے ساتھ کرنا چاہتی ہے بلا زید کے طلاق دئے ہوئے ہوسکتا ہے یا نہیں اور کس طرح سے دوسرا نکاح ہوسکتا ہے؟

تنقیح ۱ کیا ہندہ کے باپ نے اس نکاح میں زید سے کچھ رقم لی ہے یا کچھ رقم لینا طے ہوا تھا۔ یا ہندہ کے باپ کو زید سے کچھ اور طمع تھی صاف صاف لکھا جائے نیز ہندہ کے باپ نے اس نکاح سے پہلے کسی اور لڑکی کے نکاح میں لڑکے والوں سے روپئے

لئے ہیں یا نہیں؟

۲ بروقت نکاح ہندہ کا کوئی اور ولی باپ کے سوا موجود تھا یا نہیں مثلاً ماں، بھائی وغیرہ اور یہ لوگ زید سے ہندہ کا نکاح ہونے پر راضی تھے یا نہیں؟

۳ زید خاندان وغیرہ کی حیثیت سے ہندہ کا ہم کفو ہے یا نہیں؟

ان سوالات کے جواب پر حکم نکاح تبلایا جائے گا۔ فقط حررہ الاحقر ظفر احمد عفا عنہ۔

۵ صفر ۴۸ھ۔

جواب تنقیح: ۱ رقم کی بابت زید اور اس کے بہنوئی نے کچھ لوگوں کے سامنے یہ ظاہر کیا کہ روپیہ دیکر نکاح کیا ہوں بلا رقم خرچ کئے ہوئے بھلا وہ کیوں ہوتا اور ایسا نکاح ہوجانے کے بعد کثرت رائے اس بات پر اتفاق کرتی ہے کہ ضرور کچھ رقم لی گئی اور قبل نکاح زید ہندہ کے باپ کو بہت سے تحفہ تحائف دیتا تھا اور لڑکوں کی شادی نہ تو اس طرح ہوئی ہے جس میں کوئی خاص عزیز مثل بہن وغیرہ کے نہ شریک کئے گئے ہوں اور نہ اس طرح کا بے جوڑ معاملہ کہ جس سے لڑکی خود انکار کردیوے اور زبردستی نکاح مشہور ہو۔

۲ بروقت نکاح ہندہ کی ماں موجود تھی کہ جس کا ارادہ قطعی نکاح کرنے کا نہیں تھا مگر بلحاظ شوہر کے کچھ بس ودم نہیں مار سکتی تھی سوائے ماں کے اور کوئی دوسرا وارث یا عزیز موجود نہیں تھا۔

۳ زید خاندان کی حیثیت سے ہندہ کا ہم کفو نہیں ہے ہندہ کا حسب نسب زید سے کہیں اچھا ہے، زید وہندہ کے باپ سے کبھی کی جان وپہچان نہ تھی اور نہ آمد ورفت تقریب مابین کبھی تھا۔

دوبارہ تنقیح: زید کس بات میں ہندہ سے گھٹا ہوا ہے دونوں کی ذات کیا ہے اس کے جواب کے بعد حکم تبلایا جاوے گا نیز یہ بھی لکھیں کہ جن لوگوں کے سامنے زید اور اس کے بہنوئی نے اس نکاح میں رقم لینا بیان کیا ہے وہ لوگ دیندار معتبر ہیں یا نہیں؟ فقط ظفر احمد۔

جواب تنقیح دوبارہ ۱ زید ہندہ کے مقابلہ میں نہیں ہے۔ کیونکہ حسب نسب بیشتر سے اپنے برادرانہ وغیر برادرانہ میں اچھا سمجھا جاتا ہے اور اب تک اچھا ہے۔ اور اس کا قاعدہ خاص طریقہ اسلام پر ہے اور فرض اسلام وطریقہ مسلمانی کو باقاعدہ ادا کرتی ہے۔ زید کا حسب نسب معمولی درجہ کا ہے اور قاعدہ بالکل خراب ہے یعنی زید کے یہاں کی عورتیں اکثر بازار جانا یا

کہیں دوسری جگہ جانا ہو تو بلا کسی پردہ کے اور بلا کسی امداد یعنی دوسرا مرد جوان کے گھر کا ہو اس کے ساتھ جانا بلکہ خود تنہا دوسری جگہ جانا جو دیگر اشخاص کے دیکھنے میں بالکل معیوب بات سمجھی جاتی ہے اور بات جیت بالکل اہل ہنود کے قاعدہ سے ملتی ہے۔

ع۲ زید و ہندہ ہم قوم ہیں اور شیخ کہے جاتے ہیں۔

ع۳ رقم کے بابت زید اور اس کے بہنوئی نے ایسے شخص کے سامنے بیان کیا ہے جو دیندار اور نہایت معتبر شخص ہیں اور احکام خدا و رسول سے واقف ہیں علاوہ بریں اور کئی جگہ رقم کا تذکرہ برادری غیر برادری میں بذریعہ زید و اس کے عزیزان مثلاً بہن و بہنوئی وغیرہ سے آچکا ہے۔

الجواب؛ فی الدر المختار (ولزم النکاح ولو بغبنٍ فاحش) بنقص مهرها وزيادة مهره (او) زوجها (بغير كفؤ ان كان الولی) المزوج بنفسه بغبن (ابًا او جدًا) وكذا الولی وابن المجنونة (لم يعرف منهما سوء الاختيار) مجانة وفسقًا (وان عرفا) يصح النكاح اتفاقًا وقال الشامی تحت (قوله وان عرفا) بعد الاشكال والجواب: والحاصل ان العالم هو كون الاب مشهورا بسوء الاختيار قبل العقد فاذا لم يكن مشهورا بذلك ثم زوج بنته من فاسق صح وان تحقق بذلك انه سيء الاختيار واشتهر به عند الناس فلو زوج بنتًا اخرى من فاسق لم يصح الثانی لانه كان مشهورًا بسوء الاختيار قبله بخلاف العقد الاول لعدم وجود المانع قبله (ص ۴۹۹ ج ۲)۔

وفی العالمگيرية (ص ۱۸ ج ۲) ولو زوج ولده الصغير من غير كفؤ بان زوج ابنه امةً او ابنته عبدًا او زوج بغبن فاحش بان زوج البنت ونقص من مهرها او زوج ابنه وزاد على مهر امرأته جاز وهذا عند ابی حنيفة رح هكذا فی التبيين وعندهما لا يجوز فی الزيادة والحط الا بما يتغابن الناس فيه قال بعضهم هذا اصل النكاح فصحيح والاصح ان النكاح باطل عندهما هكذا فی الكافی والصحيح قول ابی حنيفة رح كذا فی المضمرات وفی السطر الآتية منه والخلاف فی ما اذا لم يعرف سوء اختيار الاب مجانةً او فسقًا اما اذا عرف ذلك منه فالنكاح باطل اجماعًا

وفی تنقيح الفتاوی الحامدية (ص ۱۲۲ ج ۱) (سئل) فی هاشمی زوج صغيرته بغير هاشمی عالمًا بذلك راضيًا به فهل يصح النكاح۔

(الجواب) نعم والحالة هذه اھ۔

ان سب عبارتوں سے معلوم ہوا کہ اس سوال میں اگر زید کو دین کے اعتبار سے ہندہ کا کفو بھی تسلیم نہ کیا جائے (جس کو جواب تنقیح میں مجمل بیان کیا گیا ہے) تب بھی نکاح صحیح ہو گیا پس ہندہ زید سے طلاق لئے بدون دوسرے شخص سے نکاح نہیں کر سکتی کیونکہ ہندہ کے والد کی طمع (اگر وہ ثابت ہو جائے) اسی نکاح ہندہ میں معلوم ہوئی ہے اس سے پیشتر اس سے ایسا واقعہ نہیں ہوا جو سوء اختیار کی شرط ہے۔ واللہ اعلم کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ۔ ۱۵ ربیع الاول ۴۵ھ۔

باپ نے ایک جگہ نکاح کی وصیت کی تو ولی دوسری جگہ لڑکی کا نکاح کر سکتا ہے

سوال (۲۷) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ مسماۃ پھول بہار کے والد بنام عبد الجلیل نے دختر مذکور کی نسبت زید سے کی تھی اور مرتے وقت یہ وصیت اس کی والدہ اور دادی سے کی تھی کہ پھول بہار کا نکاح زید سے کرنا کہ جس سے کہ میں نے نسبت کی پس صورت مذکور میں پھول بہار کا ولی نکاح بلا اس کی والدہ کی اطلاع کے اس کے والد کی وصیت کے خلاف پھول بہار کا عقد کسی دوسرے سے کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ اس وصیت پر عمل ضروری نہیں ہے اس لئے ولی بلا اطلاع والدہ کے وصیت کے خلاف کر سکتا ہے البتہ اگر اوس جگہ نکاح کرنے میں کوئی شرعی خرابی نہو تو وصیت کا لحاظ کرنا جائز ہے مگر واجب نہیں، فقط احقر عبد الکریم عفی عنہ۔ ۱۹ جمادی الاخری ۴۵ھ۔

الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ۔ ۱۹ جمادی الاخری ۴۵ھ۔

باپ بالغہ لڑکی کا نکاح اس کی رضامندی سے غیر کفو میں کر دے تو نکاح منعقد ہو جائیگا

سوال (۲۸) چہ میفرمائید علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ زید اور عمر نجیب الطرفین پابند صوم و صلوٰۃ ہیں زید اپنی آبائی خاندان سادات سے ہے اور عمر اپنے آبائی خاندان پٹھان سے ہے زید کی رشتہ داری علاوہ سادات کے دیگر خاندان یعنی پٹھان اور شیخوں سے بھی مشترک ہے علیٰ ھذا القیاس عمر کی رشتہ داری بھی علاوہ پٹھانوں کے خاندان سادات اور شیخوں میں مشترک ہے حتیٰ کہ عمر کا نانا خاندان سادات سے ہے کیا ایسی صورت میں زید کی لڑکی عمر کے لڑکے سے منسلک ہو سکتی ہے یا نہیں جواب باصواب سے مطلع فرمائیے؟

Made searchable using ScribeTools.com

تنقیح :- لڑکی بالغہ ہے یا نہیں اگر بالغہ ہے تو وہ اس رشتہ پر راضی ہے یا نہیں اور بالغہ نہیں ہے تو زید لڑکی کی کس مصلحت سے اس جگہ نکاح کرتا ہے یا کسی اپنی غرض سے کرتا ہے مفصل لکھیں اور زید کے باپ دادوں میں تو کوئی پٹھان تو نہیں کیونکہ رشتہ داری کا مفہوم اس کو بھی عام ہے۔ فقط۔

جواب تنقیح :- لڑکی بفضلہ تعالیٰ بالغہ ہے سن پندرھواں سال ہے مگر اس ملک کا یہ رواج نہیں ہے کہ اس کو اس قدر آزادی حاصل ہو کہ اپنے والدین کی موجودگی میں بوجہ شرم ولحاظ کے اپنے تئیں رضامندی ظاہر کر سکے۔

(۲) زید کو کوئی مصلحت یا غرض دنیوی نہیں ہے محض خداوند تعالیٰ کی رضامندی و رضا جوئی درکار ہے بدیں خیال خاندان سادات یا شیخوں میں ہنوز کوئی لڑکا پابند صوم وصلوٰۃ دستیاب نہیں ہوا اور جو ملتے بھی ہیں وہ زمانہ کے بگڑے ہوئے روشن خیال متظلمین وضع میں نظر آتے ہیں۔ برعکس اس کے عمر اور اس کے اولاد بفضلہ تعالیٰ نجیب الطرفین اور پابند صوم وصلوٰۃ ہیں لہذا ایسی صورت میں شریعت کیا اجازت دیتی ہے؟

(۳) زید کے آباء واجداد میں سوائے سادات کے کوئی شیخ یا پٹھان نہیں گذرا البتہ فرقہ اناث سے جملہ مشترک ہیں فقط۔

الجواب؛ اگر لڑکی بالغہ[عہ] ہے اور باکرہ ہے اور اس کا ولی غیر کفوٗ سے نکاح کرتا ہے اور لڑکی اس نکاح پر خاموش رہے یا زبان سے اس کو منظور کرے تو نکاح صحیح ہے غیر کفوٗ سے نکاح کرنا اس صورت میں مضائقہ نہیں رکھتا، واللہ اعلم۔ احقر عبدالکریم عفی عنہ ۸ رجب ۴۵ھ

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ، ۸ رجب ۴۵ھ

ولی خود نابالغہ سے نکاح کرے تو کس کی ولایت واجازت سے نکاح ہوگا

سوال (۲۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ عمر نے انتقال کیا ایک زوجہ ودختر مسماۃ ہندہ وبرادرزادہ حقیقی مسمی بہ زید وبہیرۂ پھوپھی وخالہ زاد برادر چھوڑا ظاہر ہے کہ برادرزادہ حقیقی ولی نابالغہ لڑکی کا ہے اب ولی مذکور کی خواہش ہے کہ اپنا نکاح خود نابالغہ سے کرے دریافت طلب یہ ہے کہ اس نکاح کا ولی کون شخص ہوگا اور

عہ یعنی یا اس کو حیض آنے لگا ہو یا پورے پندرہ سال کی ہوگئی ہو اور اگر حیض نہ آتا ہو اور پورے پندرہ سال کی نہ ہو تو نابالغہ ہے اگر ایسا ہو دوبارہ سوال کیا جاوے ۱۲ از حضرت مظلہم العالی

یہ نکاح کس کی اجازت سے ہوگا۔ بحوالۂ کتاب جواب دیں اللہ آپ لوگوں کو اجر دے گا۔

الجواب من بعض العلماء:

صورت مسئولہ میں برادرزادۂ حقیقی خود نکاح کر سکتا ہے اور وہ خود اجازت دے گا بشرطیکہ لڑکی نابالغہ کا نقصان کسی قسم کا متصور نہ ہو۔ اور دیانت وامانت سے اس عقد کو کرے اگر برادرزادۂ حقیقی نے نکاح کر لیا اور اس میں نابالغہ کا نقصان ہوا تو بعد بلوغ نابالغہ کو حق فسخ کا ہوگا جیسا کہ عبارت شرح وقایہ جلد ثانی ص۳۱ سے ظاہر ہے وصح انکاح الاب والجد عند عدم الاب الصغیر والصغیرۃ بغبن فاحش فی المھر او من غیر کفوٗ لا لغیرھما ای لا یصح لغیر الاب والجد انکاح الصغیر والصغیرۃ بغبن فاحش فی المھر او من غیر کفو اتفاقاً واللہ اعلم بالصواب کتبہ عبدالحمید غفرلہ ساکن قصبہ نگرھنہ،

لقد اصاب من اجاب محمد عبدالاحد کان اللہ لہ ساکن قصبہ نگرھنہ۔

۲۷ رشوال ۱۳۴۸ھ۔

رد من بعض العلماء:

مفتی نے جو یہ جواب لکھا ہے کہ صورت مسئولہ میں برادرزادۂ حقیقی خود نکاح کر سکتا ہے اور وہ خود اجازت دے گا بشرطیکہ لڑکی نابالغہ کا نقصان کسی قسم کا متصور نہ ہو اور دیانت وامانت سے اس عقد کو کرے اھ نمعلوم مفتی رحمنا اللہ ولہ کا اس انعقاد سے کیا مراد ہے اگر عقد لازمی مراد ہے تو عقد لازم نہ ہوگا موقوفی ہوگا۔ اور مفتی رحمنا اللہ ولہ نے جو یہ جواب دیا ہے کہ۔ اگر برادرزادۂ حقیقی نے نکاح کر لیا اور اس میں نابالغہ کا نقصان ہوا تو بعد بلوغ نابالغہ کو حق فسخ کا ہوگا۔ یہ مفتی رحمنا اللہ ولہ کا تساہل ہے کیونکہ اگر چچیرے بھائی نے نابالغہ سے غبن فاحش مہر میں اپنے ساتھ نکاح کر لیا تو یہ نکاح باطل ہوگا موقوفی نہ ہوگا اسی واسطے وقایہ متن والا بولتا ہے صح انکاح الاب والجد عند عدم الاب الصغیر والصغیرۃ بغبن فاحش فی المھر او من غیر کفوٗ لا لغیرھما۔ اگر کوئی کہے۔ کہ اگر چچیرے بھائی نے نابالغہ سے مہر میں غبن فاحش کر کے نکاح کر لیا تو یہ نکاح صحیح ہوگا۔ جیسا کہ شرح وقایہ میں ہے وان فعل غیرھما فلھما ان یفسخا بعد البلوغ تو اس کا جواب یہ ہے کہ شارح وقایہ سے یہاں وہم واقع ہوا ہے جو اس نکاح کو صحیح ہونا بتاتا ہے حالانکہ نہ لازماً نہ موقوفاً کوئی نکاح نہیں ہوا۔ چنانچہ درمختار میں ہے وان کان المزوج غیرھما ای غیر الاب و امیہ لا یصح النکاح من غیر کفوٗ وبغبن فاحش اصلا ومافی صدر الشریعۃ صح

Made Searchable by ScribeTools.com

ولهما فسخه وهم وان كان من كفؤ بهم المثل صح ولكن لهما ان الصغير وصغيرة خيار الفسخ بالبلوغ او العلم بالنكاح بعده انتهى ملخصًا۔

اور درمختار کی شرح شامی میں ہے قوله صح ولهما فسخه اى بعد بلوغهما والجملة قصد بها لفظها مرفوعة المحل على انها بدل من ما او محكيته بقول محذوف اى قائلا وقوله وهم خبر عن ما وعبارة مدد الشريعة فى متنه وصح انكاح الاب و الجد عند عدم الاب الصغير والصغيرة بغبن فاحش ومن غير كفؤ لا غيرهما وقال فى شرحه اى لو فعل الاب او الجد عند عدم الاب لا يكون للصغير والصغيرة حق الفسخ بعد البلوغ وان فعل غيرهما فلهما ان يفسخا بعد البلوغ اه ولا يخفى ان الوهم فى عبارة الشرح وقد نبه على وهمه ابن الكمال وكذا المحقق التفتازانى فى التلويح فى بحث العوارض وذكر انه لا يوجد رواية اصلا و اجاب القهستانى بان صحته بالغبن الفاحش نقلها فى الجواهر عن بعضهم و بغير كفؤ نقلها فى الجامع عن بعضهم قال وهذا يدل على وجود الرواية اه قلت وفيه نظر فان ما كان قولا لبعض المشائخ لا يلزم ان يكون فيه رواية عن ائمة المذهب ولا سيما اذا كان قولا ضعيفًا مخالفا لما فى مشاهير كتب المذهب المعتمدة انتهى كلامه ، وقال فى هامش شرح الوقاية وهذا يدل على وجود الرواية وفيه انه قول غير معتبر والاصح بطلان انكاح غيرهما بغبن فاحش ومن غير كفؤ من اصله انتهى۔

اب صورۃ مسئولہ کا جواب لکھا جاتا ہے کہ نابالغہ کا چچیرا بھائی جو ولی ہے اگر وہی اپنے ساتھ نکاح کرنے کی خواہش رکھتا ہے تو ایسی صورت میں بھی ولی چچیرا بھائی ہی ہوگا اور اپنے ساتھ اپنی اجازت سے مہر بالمثل میں نکاح کر سکتا ہے مگر نابالغہ کو اختیار ہے کہ بعد بلوغ اس نکاح کو قائم رکھے یا فسخ کر دے ۔ ہدایہ میں ہے ويجوز نكاح الصغير والصغيرة اذا زوجهما الولى فان زوجهما الاب او الجد يعنى الصغير والصغيرة فلا خيار لهما بعد بلوغهما و ان زوجهما غير الاب والجد فلكل واحد منهما الخيار اذا بلغ ان شاء اقام على النكاح وان شاء فسخ انتهى ملخصا اور جاننا چاہئے کہ صورت مسئولہ میں چچیرا بھائی نابالغہ کا ولی واصیل ہے یعنی خود اپنے ساتھ اگر مہر بالمثل میں نکاح کرنا چاہتا ہے تو یہ نکاح

صحیح ہوگا مگر نابالغہ کو بعد بلوغ فسخ وعدم فسخ کا اختیار ہے شرح وقایہ میں ہے ويتولى طرفى النكاح واحد ليس بفضولى من جانب وهو على اقسام منها ان يكون الواحد اصيلا وليا كابن العم يزوج بنت عمه الصغيرة انتهى بتغير ما ۔ حاصل کلام اگر چچیرا بھائی نابالغہ چچازاد بہن سے مہر بالمثل میں یا بغیر نقصان فاحش نکاح کرے گا تو صحیح ہوگا ورنہ نہیں واللہ اعلم وعلمہ اتم ۔ کتبہ عبد الرشید بن شوق نیموی عظیم آبادی رحمہما اللہ تعالیٰ ۳۰ شوال ۱۳۴۸ھ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

الجواب من جامع امداد الاحکام

الجواب الثانى صحيح ۔ ولكن خيار الفسخ بعد البلوغ يقتضى قضاء القاضى ويتوقف عليه ولا تنفرد المرأة بفسخ نكاحها بعد البلوغ بدون القضاء و ليس لنا فى الهند قاض شرعى يتولى فسخ مثل هذا النكاح، والله اعلم ۔

ظفر احمد عفا عنه ۔ ۱۵ ذیقعدہ ۴۸ھ ۔

سوال (۲) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہندہ بالغہ کا نکاح اس کے سوتیلے باپ نے زید کے ساتھ کر دیا جس نے اپنے کو شیخ انصاری بتلایا بعد نکاح معلوم ہوا کہ زید نور باف ہے چونکہ یہ نکاح لاعلمی میں غیر کفو میں ہوگیا کیا شرعًا یہ نکاح درست اور جائز ہے؟ بینوا توجروا ۔

دھوکہ سے غیر کفو میں نکاح ہوگیا تو لڑکی اور اولیاء کو فسخ نکاح کا اختیار حاصل ہوگا

الجواب ؛ صورت مسئولہ میں نکاح تو ہوگیا لیکن چونکہ زید نے ہندہ کو اور اس کے اولیاء کو دھوکہ دیا کہ اپنے کو انصاری ظاہر کیا اور یہی سمجھکر وہ لوگ نکاح پر راضی ہوئے اس لئے ہندہ کو اور اس کے اولیاء کو اس نکاح کے فسخ کرانے کا حق حاصل ہے وہ عدالت میں دعوی کر کے نکاح کو فسخ کرا سکتے ہیں اگر حاکم عدالت مسلمان ہو تو اس کا فسخ شرعًا بھی معتبر ہے اگر مسلمان نہ ہو تو اس کے بعد ہندہ کو اپنا مقدمہ برادری کی پنچایت کے سامنے بھی پیش کرنا چاہئے جس میں کسی عالم کو بھی شریک کیا جائے برادری اس نکاح کو فسخ کر دے گی تو شرعًا نکاح فسخ ہو جائے گا جس کے بعد ہندہ دوسری جگہ اپنا نکاح کفو میں کر سکے گی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو رسالہ الناجزہ ، واللہ تعالیٰ اعلم ۔ ظفر احمد عفا عنہ ۔ ۲۶ شعبان ۵۶ھ ۔

Made searchable using ScribeTools.com

بیان الحق والصواب
فی
مسئلۃ الکفاءۃ بالانساب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد الحمد والصلوٰۃ ۔ کلامی لا ینسخ کلام اللہ حدیث صحیح بھی نہیں ، متواتر تو کیا ہوتی اس کی سند میں ایک راوی متہم بالوضع ہے ملاحظہ ہو تنقیح المشکوٰۃ ص ۴۵ ، اور آیت فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ الآیۃ ثیبات کے متعلق ہے جو پہلے ذات ازواج رہ چکی ہیں اس سے مطلقاً تراضی کے اشتراط پر استدلال کرنا عربیت سے نادانی پر مبنی ہے ۔ فقہاء نے تراضی کو ضرور شرط کیا ہے مگر وہ شرط عام ہے خواہ تراضی زوجین ہو اگر دونوں حُر اور بالغ ہوں یا تراضی اولیاء و موالی ہو اگر نابالغ یا غلام باندی ہوں اس آیت سے فقہاء کے اس قول کی نفی نہیں ہوتی کیونکہ یہ آیت مطلقاً ثیبات بالغات کے حق میں ہے ۔ اور اگر بالفرض اس سے مطلقاً اشتراط تراضی پر استدلال کیا جائے تو آگے بالمعروف کی قید بھی تو مذکور ہے جس سے معلوم ہوا کہ یہ تراضی مطلقاً معتبر نہیں بلکہ اسی وقت معتبر ہے جبکہ قاعدۂ معروفہ کے

مبسملاً وحامداً ومصلیاً ۔

مخدوم و مکرم حضرت مولانا ! السلام علیکم ، چونکہ میرا اور آپ کا نیز کل اہل حق کا اعتقاد یہ ہے کہ سوا انبیاءؑ کے کوئی معصوم عن الخطاء نہیں ہے اس لئے اس عریضہ کے لکھنے کی جرأت کرتا ہوں وہ یہ کہ امر مسلّم ہے کہ احکام قرآن کی تنسیخ صرف آیات قرآن سے ہی ہو سکتی ہے حسب لا ینسخ کلامی کلام اللہ حدیث متواتر سے بھی قرآن کے احکام نہیں ترک ہو سکتے ہیں اور اس لئے حضرت عمرؓ نے زینب کی حدیث پر عمل نہیں کیا جب یہ امور مسلمہ ہیں تو کیا استحسان سے نصوص قرآنیہ کو چھوڑنا جائز ہے ؟ حال یہ ہے کہ استحسان بھی قیاس ہی کا ایک قسم ہے یقیناً میرا اور آپ کا اعتقاد یہ ہے کہ جائز نہیں ہے اب عرض یہ ہے کہ تراضی زوجین فی النکاح فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن اذا تراضوا بینھم کے نص صریح سے ثابت ہے اور اس لئے کل فقہاء نے بالاتفاق نکاح کے

انعقاد میں تراضی زوجین شرط اور قید لگایا ہے ویعقد بایجاب وقبول بالتراضی آپ کے سامنے ہے اور یہ بھی مسلّم ہے کہ قبل از بلوغ تراضی نہیں ہے پس اگر کسی نے نابالغ کا نکاح کیا خواہ باپ ہو یا دادا ہو پس وہ نکاح تراضی بعد البلوغ پر موقوف رہنا چاہئے اس لئے کہ باپ دادا کو حق نہیں ہے بغیر مرضی لڑکی کے نکاح کرنے کا خواہ وہ بالغ ہو یا نابالغ چنانچہ خنساؓ کی حدیث میں اس کی تصریح موجود ہے اور قرآن کے نص مذکور سے ثابت ہوتا ہے پھر یہ فتویٰ دینا جیسے کہ آپ نے بہشتی زیور میں تقلیداً درج فرمایا ہے کہ اگر لڑکی کا نکاح باپ دادا نے کیا ہو تو بعد بالغ ہونے کے اس کو توڑنے اور فسخ کرنے کا اختیار نہیں ہے کتنی بڑی جرأت ہے کہ نص قرآن تو باآواز بلند تراضی کا اعلان کرتا ہے اور احناف محض تقلید کی وجہ سے ایک صورت میں بدون تراضی نکاح نافذ قرار دیتے ہیں لڑکی بعد بالغ ہونے کے صاف انکار کرتی ہے کہ میرے باپ نے نکاح میری لاعلمی میں قبل از بلوغ کیا ہے وہ مجھ کو منظور نہیں ہے نکاح اور احناف کہتے ہیں کہ اگرچہ تم راضی نہ ہو اور اس نکاح کو ناپسند کرتی ہو مگر تم کو توڑنے اور فسخ کرنے کا اختیار نہیں ہے اس لئے کہ تمہارے باپ یا دادا نے کیا ہے تو کیا خدا کے یہاں ابوحنیفہؒ احناف کو اس جرأت علی کتاب اللہ سے نجات

موافق ہو اور قاعدۂ معروفہ اسلام میں یہی ہے کہ نابالغ لڑکی کا نکاح ولی کی رضا سے ہوتا ہے اور ولی اگر باپ ہو تو لڑکی کو بعد بلوغ کے اختیار نہیں ہوتا جیسا آئندہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نکاح سے اس کا ثبوت آتا ہے اسی قید بالمعروف سے حنفیہ نے یہ کہا ہے کہ اگر عورت مہر مثل سے کم پر یا غیر کفوٴ سے نکاح پر راضی ہو جائے تو یہ رضا معتبر نہیں کیونکہ خلاف معروف ہے اس وقت ولی کو حق عضل حاصل ہوگا ۔ پس اذا تراضوا بینھم کو دیکھ لینا اور بالمعروف سے قطع نظر کرنا علم نہیں ہے جہل ہے ۔ قال ابن العربی المالکی فی احکام القرآن لہ قولہ تعالیٰ اذا تراضوا بینھم بالمعروف یعنی اذا کان کفوٴ الحالان الآیۃ نزلت فی ثیب مالکۃ امرھا فدل علی ان المعروف المراد بالآیۃ ھو الکفاءۃ وفیھا حق عظیم للاولیاء لما فی ترکھا من ادخال العار علیھم وذلک اجماع من الامۃ اھ ص ۱۲۸۵ وانکحوا الایامیٰ منکم میں اولیاء کو خطاب ہے کہ جن عورتوں کے شوہر نہ ہو ان کا نکاح کر دو ۔ ایم عام ہے ہر غیر ذات زوج کو ، آگے ارشاد ہے والصالحین من عبادکم وامائکم اپنے غلام اور باندیوں

دلا سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ پھر کیونکر ایسی تقلید کو رانہ کی وجہ سے عُسر کے تنگ احاطہ میں مسلمانوں کو قید کیا جاتا ہے اور یُسر کے میدان وسیع میں جانے کی اجازت نہیں دیتے ہیں؟ قرآن تو یوں فرماتا ہے ویوم ینادیہم فیقول ماذا اجبتم المرسلین کیا یہ بھی کہیں سے ثابت ہے کہ خدا ائمہ اربعہ یا اور کسی بزرگ کی تقلید کے بارے پوچھے گا؟

دوسری غرض یہ ہے کہ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم عام ہے اور اس کا یہی معنی ہے کہ اکرم عند اللہ فی الدنیا والآخرۃ متقی اور پرہیزگار ہے خواہ وہ کوئی ذات ہو عرب یا عجم یا جولاہا یا دھنیا یا شیخ یا پٹھان یا شیخ یا سید یا علوی یا انصاری یا اور کوئی کلمہ گو ہو اور احادیث صحیحہ میں اس کی تصریح ہے۔ فاظفر بذات الدین سے عام بذات الدین مراد ہے خواہ کوئی ذات اور کوئی قوم ہو اور کوئی پیشہ کرتا ہو اس سے نہ آپ انکار کر سکتے ہیں نہ اور کوئی منصف مزاج مسلمان اور انکاح میں جو یہ ارشاد ہے اذا وجدت لہا کفوا اس سے

میں سے جو نیک ہوں ان کا بھی نکاح کر دو اسی سے یہ معلوم ہوا کہ نابالغہ اور غلام باندی کے نکاح میں ولی اور مولیٰ کی رضا کافی ہے نابالغہ اور غلام باندی کی رضا شرط نہیں ورنہ یہاں بھی اذا تراضوا کی شرط مذکور ہوتی۔ احناف اور شوافع وغیرہم جو مجتہدین کے واسطہ سے قرآن وحدیث کو سمجھتے ہیں وہ جرأت علی اللہ نہیں کرتے، جرأت علی اللہ وہ کرتے ہیں جو محض قرآن وحدیث کا ترجمہ دیکھکر مجتہد بنے بیٹھے ہیں حالانکہ وہ محض مطالعۂ ترجمہ سے نہ طبیب وڈاکٹر بن سکتے ہیں نہ وکیل وبیرسٹر، یہ محض دین سے بے اعتنائی ہی تو ہے کہ ہر شخص اوس میں اپنی رائے کو دخل دیتا ہے۔

آیت ان اکرمکم عند اللہ اتقکم میں فخر بالانساب کی ممانعت ہے مسئلہ کفارت کی نفی کہاں ہے۔ اور جو شخص مسئلہ کفارت کو فخر بالانساب سمجھتا ہے وہ جاہل ہے مسئلہ کفائت کا مدار اسی تعارف پر ہے جس کا ذکر اس آیت میں ہے وجعلناکم شعوبا وقبائل لتعارفوا۔ جس سے معلوم ہوا کہ شعوب وقبائل کو تعارف میں دخل ہے اور نکاح کی بنیاد ہی تعارف پر ہے بدون تعارف کے جو نکاح ہوگا اس میں مقصد نکاح فوت ہوگا زوجین میں الفت

عہ (حاشیہ بر صفحہ آئندہ

وہی ذات الدین مراد ہے چنانچہ دوسری حدیث صحیح میں اس کی تصریح ہے اذا خطب الیکم من ترضون دینہ وخلقہ فزوجوہ الا تفعلوہ تکن فتنۃ فی الارض وفساد عریض۔ ہر مؤمن باللہ ورسولہ سے اس حدیث میں ہر اس مسلمان کو ارادہ کرے گا جو موصوف بالدین المرضی والخلق المرضی ہو خواہ وہ کوئی ذات ہو پس تفریق بین المومنین جو آپ نے تقلید بہشتی زیور میں درج کیا ہے کہ فلانے کے یہاں نکاح بے جوڑ ہے اور فلانے کے یہاں باجوڑ ہے اور نصوص قرآن وحدیث پر غور نہیں فرمایا ہے، اس کا جواب خدا کو دیں گے کیا ابو حنیفہ یا صاحب ہدایہ وغیرہ کی تقلید حجت عند اللہ ہو سکتی ہے؟ ہاں مولانا یہ جو کچھ ہے کفار اور زمانۂ جاہلیت کا رسم بد ہے جو بدنصیبی اور تقلید کو رانہ سے مسلمانوں میں آگئی ہے آپ کے سامنے حدیث صحیح موجود ہے جس میں آنحضرتؐ نے فخر بالانساب کو مانند ضحک عن الضرطۃ زمانۂ جاہلیت یا کفار کا رسم بد قرار دیا ہے پس کیونکر نصوص قرآن وحدیث سے چشم پوشی کی جاتی ہے اور محض رسم ورواج کی بنا پر اور تقلید کو رانہ کی وجہ سے وہ چیز جس کو آنحضرتؐ

ومحبت نہ ہوگی اس لئے نکاح میں تعارف کی ضرورت ہے جو شعوب وقبائل پر مبنی ہے، اس سے کسی خاندان پر کسی خاندان کی ایسی فضیلت لازم نہیں آتی کہ عمل ہی سے استغنار ہو جائے ان اکرمکم عند اللہ اتقکم کا یہی مطلب ہے۔ پس جو لوگ اس آیت سے ابطال کفارت پر استدلال کرتے ہیں وہ قرآن میں اپنی رائے سے زیادتی کرتے ہیں۔ اگر وہ تدبر سے کام لیتے تو اسی آیت سے کفارت کے مسئلہ کو سمجھ لیتے۔

فاظفر بذات الدین میں مردوں کو خطاب ہے کہ دیندار عورت کو تلاش کرو۔ اور مردوں کے واسطے فقہاء نے کفارت کی شرط کہاں لگائی ہے، مرد جس مسلمان عورت سے چاہے نکاح کر سکتا ہے، کفارت کی شرط عورتوں کے واسطے ہے، اس سے اس حدیث میں کچھ تعرض نہیں اور جو شخص اس سے عورتوں کے لئے خطاب سمجھے وہ عربیت سے محض نابلد ہے۔ البتہ اذا خطب الیکم من ترضون دینہ وخلقہ میں عورتوں کی بابت مَردوں کو خطاب ہے کہ جب تمہارے پاس

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) حدیث میں ہے الارواح جنود مجندۃ ما تعارف منہا ائتلف وما تناکر منہا اختلف فلا دلیل علی کون التعارف فی الآیۃ مخصوصا بتعارف الاشخاص بل ہو عام لتعارف الارواح والاشخاص جمیعا ۱۲ ظ

Made searchable using ScribeTools.com

کفار جاہلیت کی رسم بد فرماتے ہیں حکم اسلام اعتقاد کیا جاتا ہے اور فقہاء نے جو احادیث اپنی کتابوں میں درج کئے ہیں کفارت کے بارے میں ان کو کون تسلیم کرسکتا ہے جو نصوص قرآن واحادیث صحیحہ سے خلاف ہیں۔

کوئی ایسا شخص پیغام لائے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو اس سے اپنی عورتوں کی شادی کردو۔ مگر یہاں فقط دین پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ خلقہٗ بھی فرمایا گیا ہے، اور مشاہدہ ہے کہ شعوب وقبائل کے اخلاق میں باہم زمین وآسمان کا فرق ہوتا ہے، ایک قریشی سید کے جو اخلاق عالیہ ہوں گے وہ کسی جلاہے یا تیلی کے نہیں ہوسکتے، اس قید سے خود کفارت کے اعتبار پر اشارہ موجود ہے مگر کوئی نہ سمجھے تو اس کا کیا علاج؟ نیز اس حدیث میں لفظ فی وجوہ اس بات کو بھی بتلا رہا ہے کہ نکاح میں ولی کی رضا کافی ہے کیونکہ یہاں اولیاء ہی کو خطاب ہے پس نابالغ لڑکیوں کی رضا کو شرط بنانا حدیث میں رائے کو دخل دینا ہے۔

اس سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ ابوحنیفہؒ اور صاحب ہدایہ نے جو کچھ کہا ہے حدیث وقرآن سے سمجھ کر کہا ہے، مگر یہ اس چودھویں صدی کی حریت اور آزادی کا اثر ہے کہ اخلاف امت سلف کو تو برا کہتے ہیں اور اپنی رائے سے دین کو سمجھنا چاہتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فخر بالانساب کی ضرور مذمت کی ہے مگر اعتبار کفارت کی مذمت نہیں فرمائی اور دونوں کو ایک سمجھنا سراسر جہالت ہے کیا حدیث میں یہ نہیں ہے

الناس معادن کمعادن الذھب والفضۃ خیارھم فی الجاھلیۃ خیارھم فی الاسلام اذا فقھوا اور حدیث میں یہ نہیں ہے الائمۃ من قریش اور کیا قرآن میں نہیں ہے لایستوی منکم من انفق قبل الفتح وقاتل۔ جس میں مہاجرین کو غیر مہاجرین سے افضل کہا گیا ہے، کیا قرآن میں نہیں ہے، ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون، جس میں عالم کو جاہل سے افضل کہا گیا ہے، کیا قرآن میں نہیں ہے ام نجعل المتقین کالفجار، جس میں صلحاء کو فاسقوں سے افضل کہا گیا ہے یہی وہ امور ہیں جن کی کفاءت میں رعایت ہے۔

ائمہ احادیث نے تشکر اللہ سعیھم ان چھ کتابوں میں انہی احادیث کو درج کئے ہیں جو ان کی تحقیق اور تنقید میں صحیح تھیں اور جن کو اس وقت تک اہل السنہ والجماعۃ مانتے چلے آتے ہیں پس ان سے خلاف جو احادیث فقہاء نے نقل کئے ہیں ان کو کون تسلیم کرسکتا ہے حضرت مولانا اگر آپ قرآن اور احادیث صحیحہ پر غور فرمائیں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کفارت کے مسائل جو فقہاء نے درج کئے ہیں شاید ان میں سے ایک آدھ قابل عمل ہو۔ قرآن کے بارے خدا فرماتا ہے ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر۔ پس قرآن تو ہر ذی عقل

اوپر بتلایا جاچکا ہے کہ مسئلہ کفارت صرف احادیث ہی نہیں بلکہ نص قرآن سے بھی ثابت ہے مگر کوئی نہ سمجھے تو اس کا کیا علاج؟ کفارت کے متعلق جو احادیث ہیں ان میں سے ایک آدھ بھی قابل عمل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد کیا کافی نہیں؟ پھر اس کا انکار کرنے والا منکر حکم رسول ہوگا یا نہیں؟

ولقد یسرنا القرآن للذکر کی جو تفسیر آپ نے سمجھی ہے وہ تفسیر بالرائے ہے، یقیناً قرآن عربی فصیح وبلیغ ہے، اس کا سمجھنا فصحاء وبلغاء عرب ہی کا منصب ہے محض ترجمہ

عربی دان بخوبی سمجھ سکتا ہے خدا نے قرآن میں جو یہ فرمایا ہے انا خلقناکم الآیۃ اور شعوب اور قبائل بنایا ہے یہ صرف تعارف کے لئے ہے نہ تفاضل کے لئے ولا تنکحوا المشرکین حتی یومنوا اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ جو ایمان لایا وہ ہر مسلمان کا کفو ہوا اور ہر مسلمہ کا نکاح اس سے باجوڑ ہے نہ بے جوڑ خواہ وہ عرب ہو یا عجم یا جولا یا یا دھنیا یا اور کوئی پیشہ کرتا ہو۔

ہاں احادیث میں جو خلق مرضی اور دین مرضی کفاءت فی النکاح کا معیار قرار دیا گیا ہے وہ ضروری اور قابل لحاظ ہے اور طول بالمال اور استطاعت بالباءۃ بھی شرط ہے اور قرآن وحدیث سے ثابت ہے مگر یہ جو احناف نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے کہ اکفاء نومسلم کے لئے کم از کم ابوان فی الاسلام

جاننے سے قرآن سمجھ میں نہیں آسکتا چنانچہ اوپر آیات واحادیث گذر چکی ہیں جن کے سمجھنے میں آپ نے غلط فاحش کا ارتکاب کیا ہے، پھر قرآن اگر ذکر کے لئے آسان ہے تو کیا استنباط احکام کے لئے بھی آسان ہے؟ جو اس کا دعویٰ کرے یقیناً جرأت علی اللہ کا ارتکاب کرتا ہے ذکر واستنباط میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔

ولا تنکحوا المشرکین حتی یومنوا میں صرف یہ کہا گیا ہے کہ کافروں سے مسلمان عورتوں کا نکاح نکرو۔ اس سے یہ کہاں معلوم ہوا کہ اسلام لانے کے بعد سب کے سب برابر ہیں جو یہ دعویٰ کرتا ہے وہ قرآن میں اپنی رائے سے اضافہ کرتا ہے، پھر ولا تنکحوا میں صاف اشارہ ہے کہ عورتوں کا نکاح کرنا نکرنا مردوں کے ہاتھ ہے اسی لئے تو مردوں کو خطاب کیا گیا کہ تم ان کا نکاح کافروں سے نکرو۔

حدیث میں خلق مرضی کی رعایت کا حکم ہے وہی تو فقہاء کی شروط کفاءت کی دلیل ہے کیونکہ شعوب وقبائل کے اخلاق میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

حضرات صحابہ تو سب کے سب ایسے ہی تھے کہ کفر سے اسلام میں داخل ہوئے تھے اس لئے وہ سب کفو تھے ان میں کسی کو

ہونا چاہئے جو نص قرآن سے بالکل خلاف ہے کیوں مانا جاتا ہے صحابہ کرام کے پاک دماغوں میں ہرگز یہ خلاف نصوص خیالات نہ تھے بلکہ لاکھوں کو مشرف باسلام کیا اور جو مسلمان ہوا اگرچہ اس کا باپ کافر ہو وہ کل اہل اسلام کا کفو اور حقوق میں مساوی ہوتا تھا خود صدیق اکبر حضرت ابوبکرؓ کا باپ ابو قحافہ مکہ میں کفار کے ساتھ تھا اور غالباً وہ فتح مکہ سے قبل اسلام نہیں لایا تھا مگر حضرت ابوبکر پر کسی نے یہ طعن نکیا کہ تمہارا باپ کافر ہے اس لئے تم ہمارا کفو نہیں ہیں ایسے ہزارہا امثلہ موجود ہیں اور آپ کے سامنے ہیں پھر کیونکر تقلید کورانہ کی وجہ سے نصوص قرآن وحدیث اور تعامل صحابہ کرام بالائے طاق رکھا جاتا ہے اور تفریق بین المومنین کے گناہ کبیرہ میں مبتلا ہوتے ہیں فرقہ ناجیہ حسب ھم الذین علیٰ ما انا علیہ واصحابی وہی ہیں جو صحابہ کرام کے تعامل کو اپنا دستور العمل بناتے ہیں اور واللہ باللہ ثم باللہ کہ صحابہ کرام میں کفاءت کے یہ خیالات نہ تھے جن کو احناف نے اپنا ایمان واسلام قرار دیا ہے۔

باپ کے کافر ہونے سے دوسرے پر فوقیت لازم نتھی لہٰذا وہاں ابوان فی الاسلام معیار کفاءت کیونکر ہوتا اس کا ثبوت دینا چاہئے کہ صحابہ نے نکاح میں عرب وعجم کا بھی لحاظ نہیں کیا اور حنفیہ کے پاس اس کی دلیل موجود ہے کہ اس کا لحاظ کیا گیا ہے۔ رہی البزار بسند عن سلمان رضی اللہ عنہ قال تفضلکم یا معاشر العرب بفضیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلا تنکح نساءکم ولا تؤمکم فی الصلوٰۃ قال الحافظ ابن تیمیۃ فی اقتضاء الصراط المستقیم وھذا اسناد جید ورواہ الثوری عن ابی اسحٰق عن ابی لیلیٰ عن سلمان انہ قال فضلتمونا یا معاشر العرب باثنین لا تؤمکم ولا تنکح نساءکم اھ ص ۷۶۔ حافظ ابن تیمیہ نے بتلایا ہے کہ یہ حدیث ان فقہاء کی حجت ہے جو کفاءت میں عربیہ کا عجمی کے مقابلہ میں لحاظ کرتے ہیں اور جو شخص احادیث صحیحہ کو صرف صحاح ستہ میں منحصر کرتا ہے وہ اپنی جہالت کا ثبوت دیتا ہے، مؤطا مالک، مسند احمد، مسند شافعی، مسند ابی حنیفہ، مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ، مسند بزار، مسند ابی یعلیٰ جامع سفیان ثوری، جامع وکیع ومستدرک حاکم وغیرہ میں ہزارہا احادیث صحیحہ موجود ہیں۔

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

آج کل آریہ سماجی پلیٹ فارم کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ اسلام لانا اپنے آپ کو نہ صرف عقبیٰ کے عذاب میں گرفتار کرنا ہی بلکہ دنیا میں بھی عذاب میں پڑجانا ہے اس لئے کہ تم کو مسلمان اپنی برادری میں شامل نکریں گے نہ تم کو لڑکی دیں گے اور نہ تمہاری لڑکی سے شادی کریں گے ہاں آریہ سماجی ہو جاؤ اور شدھ ہو جاؤ تو تم کو ہم دل سے اپنی برادری میں شامل کرتے ہیں تم کو لڑکی دیں گے تمہاری لڑکی سے شادی کریں گے۔ آخرت کے بارے میں تو آریہ سماجیوں کا کہنا اگرچہ غلط ہے مگر دنیا کے بارے بالکل درست ہے اور اس وجہ سے دیگر مذاہب والے اسلام قبول نہیں کرتے ہیں خادم کا چشم دید، واقعہ ہے بہار کے علاقہ میں کائستوں کا ایک خاندان مسلمان ہو گیا جن میں بڑے بڑے لوگ تھے، ایک ان میں خان بہادر وکیل محمد جان تھے ان کو اسلام لانے کے بعد لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی کرنے میں بڑی دقت پیش آئی یہ دیکھکر آریہ سماجیوں نے دعوت ارتداد دی اور کہا کہ تم شدھ اور آریہ ہو جاؤ ہم ابھی تمہاری لڑکیوں اور لڑکوں کی شادی اچھے سے اچھے گھرانے میں کرتے ہیں مگر چونکہ وہ راسخ الاعتقاد تھے مرتد نہ ہوئے۔

حدیث مذکور میں جو تکن فتنة فی الارض وفساد عریض وارد ہے وہ یہی آریہ سماج کے مسئلہ کفارت پر اعتراض کرنے سے اگر یہ مسئلہ غلط ہو جائے گا تو ستیارتھ پرکاش اوٹھا کر دیکھو اس میں اسلام کے عقائد و عبادات کا بھی مضحکہ اوڑایا گیا ہے تو کیا دوسروں کے اعتراض سے اپنے سارے گھر ہی کو برباد کردو گے تم تو یہ کہتے ہو کہ مسئلہ کفارت کفار کو اسلام سے روک رہا ہے اور دوسرا کہتا ہے کہ قربانی ان کو اسلام سے روکتی ہے تیسرا کہتا ہے کہ ختنہ کا مسئلہ مانع ہو رہا ہے چوتھا کہتا ہے کہ نماز کا حکم مانع ہو رہا ہے تو بس اسلام ہی ان کی خاطر مٹا دو۔

پھر مسئلہ کفارت کا یہ مطلب کس نے بتلایا ہو کہ عورت مسلمہ کا نکاح غیر کفو میں ہو ہی نہیں سکتا اس کا حاصل صرف یہ ہے کہ نابالغ لڑکی کا نکاح غیر کفو میں نہ کیا جائے کیونکہ نابالغ لڑکی کے نکاح میں تمام مصالح کی رعایت ضروری ہے کیونکہ وہ خود اپنی مصالح کو نہیں سمجھ سکتی۔ اور بالغ عورت کا نکاح غیر کفو میں بدون اس کی مرضی کے نہ کیا جائے، تراضی طرفین کی ضرورت کا تم کو خود اعتراف ہے، نیز عورت بالغہ غیر کفو میں بدون اولیاء کی رضا کے خود نکاح نکرے کیونکہ اذا اتاکم من ترضون دینه وخلقه فزوجوه سے رضائے اولیاء کی ضرورت بھی ثابت ہے نیز ترمذی کی حدیث ہے ایما امرأة نکحت

کفارت کے نامشروع مسائل ہیں جو زمانہ جاہلیت کے کفار کی رسم بد ہیں اور حدیث صحیح اس کا گواہ ہے اور اشاعت اسلام کے لئے سدباب ہیں مگر بدنصیبی اور تقلید کورانہ آبائی سے احناف نے ان کو منزل من اللہ اعتقاد کرلیا ہے۔ یہ میں جو عرض کر رہا ہوں نہ صرف میری رائے ہے بلکہ بڑے بڑے ائمہ سلف کی رائے ہے کفایہ شرح ہدایہ میں سفیان زہری کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ اس کفارت سے جو احناف نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے سخت منکر تھے اور فرماتے تھے کہ عرب اور عجم وغیرہ سب برابر ہیں ان میں تفاضل صرف باعتبار تقویٰ کے ہے، اور کفایہ میں اس کی تردید میں متعدد احادیث ہیں ایک ان میں سے یہ ہے الناس سواسیة کاسنان المشط، علامہ شامی جو بڑے حنفی ہیں اس کی تردید کرتے ہیں آپ کے سامنے یہ کتابیں موجود ہیں آپ نے ضرور ملاحظہ کئے ہوں گے علاوہ بریں نصوص احادیث صحیحہ اور نصوص قرآن سے یہ مسائل احناف خلاف ہیں اور جیسے کہ عرض کر چکا ہوں ولا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا صاف بتاتی ہے کہ ہر کافر اور مشرک بعد ایمان لانے کے ہر مسلم مسلمہ کا کفو ہے۔ اور اس سے نکاح کرنا بے جوڑ نہیں ہے بلکہ باجوڑ ہے بشرطیکہ اس میں دین مرضی اور خلق مرضی ہو اور استطاعت نفسها من غیر ولی فنکاحها باطل باطل باطل، حیرت ہے کہ اہل حدیث نکاح بدون ولی کو جائز نہیں کہتے اور غیر کفو میں بدون ولی کی مرضی کے نکاح کو جائز کرنا چاہتے ہیں۔ اور اگر عورت اور اس کے اولیاء غیر کفو میں نکاح پر راضی ہوں تو اس سے حنفیہ نے کب منع کیا ہے؟ پس آریہ کا اعتراض حنفیہ کے مذہب پر نہیں ہو سکتا حنفیہ تو صرف اتنا کہتے ہیں کہ تراضی عورت و اولیاء شرط ہے یہ نہیں کہتے کہ نکاح مطلقاً صحیح نہیں، یا عورتوں اور مردوں کو غیر کفو سے راضی نہونا چاہیے۔

سفیان زہری کون ہیں؟ آپ کو نام بھی صحیح نہ آیا، اور اگر کوئی ہو تو میں بتلا چکا ہوں کہ کفارت کا ثبوت احادیث صحیحہ اور قرآن کی دلالت سے موجود ہے اس کے مقابلہ میں حنفیہ پر کسی کا قول حجت نہیں۔

الناس سواسیة کاسنان المشط یہ حدیث صحاح میں ہے تو دکھلائی جائے اور غیر صحاح میں ہے تو اس سے احتجاج کا آپ کو کیا حق ہے؟ پھر اس سے مسئلہ کفارت کی نفی کیونکر ہو گئی آدمی آدمی سب برابر ہیں مگر پھر بھی علم و جہل، صلاح و فسق اخلاق وغیرہ کا فرق موجود ہے اس فرق سے کیونکر آنکھیں بند کی جائیں گی پھر شعوب و قبائل کا تعارف

خود حضرت لوط ان لوطیوں سے فرماتے تھے ھؤلاء بناتی ان کنتم فاعلین کا حکم حال یہ ہو کہ نہ مذہب ایک اور نہ قومیت، یہ دوسری بات ہے کہ اسلام نے کافر سے نکاح ناجائز کیا اور حضرت لوط کے مذہب میں جائز تھا مگر کفارت فی الاسلام اس طرح پر جیسے کہ احناف نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے کہاں سے ثابت ہوتا ہے نصوص قرآن وحدیث تو اس کی تردید کرتی ہیں۔

حضرت یعقوبؑ کی ایک بیوی حضرت یوسفؑ کی والدہ تو ان کے خاندان سے تھیں مگر دوسری کنیز تھیں نہ معلوم کس قوم کی تھیں، جامی فرماتے ہیں۔

بیا بنگر کنیزک زادگان را
زلاہ عقل ودین افتادگان را

جب حضرت یعقوبؑ اپنی اولاد کو لیکر مصر گئے تو یقینی امر ہے کہ حضرت یعقوبؑ کے گھر میں بغیر ممکن تھا کہ سب کی شادی آپس میں ہو بلکہ قبطیوں سے خلط ملط ہوا جیسے حضرت یوسف نے زلیخا امرأۃ العزیز سے نکاح کیا جو بت پرست اور قبطیہ تھیں اس طور پر ان کے بھائیوں کے رشتے بھی قبطیوں میں نہ ہوئے گئے ہوں گے۔ جب حضرت موسیٰ مدین گئے تو وہاں ایک مرد صالح کی لڑکی سے شادی کی جو یقیناً ان کے ہم قوم اور ہم نسب نہ تھے حضرت موسیٰؑ

ھؤلاء بناتی سے حضرت لوط کی بیٹیاں مراد نہیں بلکہ اسی قوم کی عورتیں مراد ہے مطلب یہ ہے کہ مرد، مردوں سے مشغول نہیں ہوں بلکہ اپنی عورتوں سے منتفع ہوں جو میری بہو بیٹیاں ہیں، اُمت کی عورتیں نبی کے لئے بمنزلہ اولاد کے ہوتی ہیں، اور جب اس وقت نکاح کے لئے اسلام بھی شرط نہ تھا جیسا آپ کو مسلّم ہے کہ بعد میں اسلام نے اس کو شرط کیا تو یہ کیوں ممکن نہیں کہ بعد میں کفارت کی بھی شرط ہو گئی ہو۔

جن آیات واحادیث سے تم نے ابطال کفارت سمجھا ہے میں بتلا چکا ہوں کہ وہ کفارت پر دال ہیں کما مر

حضرت یعقوب علیہ السلام کی دوسری بیوی غیر خاندان سے تھی یا حضرت یعقوب کی اولاد نے قبطی عورتوں سے نکاح کیا یا حضرت موسیٰ کی بیوی (احادیث سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادی تھیں مگر اہل حدیث کی حدیث بالفاظہ ہو کہ اس کو صرف مشہور کہکر ٹالا جاتا ہے) کس خاندان کی تھیں، حضرت اسماعیل علیہ السلام نے جرہم قبیلہ میں شادی کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف اقوام کی عورتوں سے نکاح کیا اس کو مسئلہ کفارت سے کیا تعلق؟ یہ سب کچھ دلیل ہے اس کی کہ آپ نے کفارت کے مسئلہ کو مطلق نہیں سمجھا، اس کا ثبوت

اسرائیلی اور وہ مرد صالح نہ معلوم کس قوم کے تھے مشہور تو یہ ہے کہ وہ حضرت شعیبؑ پیغمبر تھے مگر قرآن میں ستجدنی ان شاء اللہ من الصالحین ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ مرد صالح تھے۔

حضرت اسماعیلؑ حضرت ہاجرہ کے ساتھ مکہ معظمہ میں رہے جوان ہونے پر جرہم کے قبیلہ کی کئی عورتوں سے نکاح کیا جن میں سے چند کو طلاق دیا، خود سرور کائنات فخر موجودات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ صرف قولاً اپنی امت کو فخر بالانساب کے رسم بد سے ڈرایا اور فرمایا کہ یہ زمانۂ جاہلیت کے کفار کی رسم بد ہے بلکہ فعلاً آپ نے مختلف اقوام کی عورتوں کو اپنے حرم نبویؐ میں داخل کیا تاکہ امت محمدیؐ سے یہ رسم بد کفار جاتا رہے حضرت صفیہ یہودی تھی اور اُمّ ابراہیم حضرت ماریہ قبطیہ فراعنہ کی قوم میں سے تھیں اور یہ دونوں حرم سرائے پیغمبرؐ میں تھیں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے مجوسیہ آتش پرست پارسیہ سے نکاح کیا جس سے سادات کے نسب کا سلسلہ ہے۔

علی ھذا القیاس قرون اولیٰ میں ہزاروں مثالیں ہیں کہ ان بزرگوں نے نکاح میں قومیت کا لحاظ نہ کیا بلکہ حسب ارشاد قرآن فانکحوا ما طاب لکم من النساء جو عورت پسند آئی بشرط مسلمان ہونے کے

دو کہ حضورؐ نے اپنی کسی نابالغ لڑکی کا نکاح غیر کفو سے کیا ہے یا آپ کی کسی لڑکی نے بدون آپ کی رضا کے غیر کفو سے نکاح کیا ہے۔

قرون اولیٰ میں اس کی ہزاروں لاکھوں مثالیں ہیں کہ مردوں نے ہر خاندان کی عورتوں سے شادی کی مگر اس سے مسئلہ کفارت کے خلاف کچھ ثابت نہیں ہوتا، اس کا ثبوت دیا جائے کہ قرون اولیٰ کے مسلمانوں نے اپنی

Made searchable using ScribeTools.com

اس سے نکاح کیا پس ثابت ہوا کہ نکاح کے کفارت کے بارے احناف نے جو قومیت اور پیشہ اور عرب اور عجم کا فرق اپنی کتابوں میں درج کیا ہے وہ نہ صرف نصوص قرآن و حدیث سے خلاف ہے بلکہ تعامل انبیاءؑ سے اور تعامل قرن اولیٰ سے بھی خلاف ہے۔

اور دیگر ممالک اسلام میں یہ رسم بدکفار جاہلیت کا زیادہ لحاظ نہیں ہے صرف ہندوستان میں ہنود کے اثر سے یہ رسم بیجا رہی ہے ظاہر ہے کہ ہندوؤں میں اس بات کا بڑا احتیاط ہے کہ ہر قوم کی شادی اس قوم میں ہونی چاہیئے، یہی رسم ہنود اور کفار مسلمانوں میں جاری ہے اور احناف کی کتابوں میں چونکہ اس کے لئے کچھ مصالحہ ملتا ہے اس لئے دوستوں نے اس کو منزل من اللہ اعتقاد کرلیا ہے اور تفریق بین المومنین کے گناہ کبیرہ میں مبتلا ہوتے ہیں اور واعتصموا بحبل اللہ جمیعًا ولا تفرقوا کے نص صریح پر عمل نہیں کرسکتے ہیں۔

اور نہ صریح ولا یسخر قوم من قوم سے غافل ہو کے ایک دوسرے کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، بلکہ کمینہ اور رذیل کہکر غیبت اور بہتان کے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرتے ہیں بلکہ اپنی نادانی نابالغ لڑکیوں کا نکاح غیر کفوے کیا ہے یا ان کی بالغ لڑکیوں نے بدون رضائے اولیاء غیر کفو سے نکاح کیا ہے اور اس کو جائز سمجھا گیا، بدون اس کے جو کچھ تم نے لکھا ہے اس سے مسئلہ کفارت کے خلاف، نہ تعامل انبیاء کا ثبوت ہوسکتا ہے نہ تعامل خیر القرون کا۔

کفار کی رسم بد تو یہ ہے کہ ان کے مرد بھی اپنی گوت کے سوا نکاح نہیں کرتے۔ مسئلہ کفارت کا یہ مطلب جس نے سمجھا ہے وہ جاہل ہے۔ حنفی مرد ہر خاندان میں نکاح کرتے ہیں اور کرسکتے ہیں ہزاروں کے گھر میں نومسلم عورتیں موجود ہیں جن کو مسلمان کرکے نکاح میں داخل کیا گیا ہے، مسئلہ کفارت کا جو مطلب ہے وہ بار بار مذکور ہوچکا ہے اس کو اعتصام بحبل اللہ کے خلاف سمجھنا سراسر نادانی ہے بلکہ اس کو اتحاد و اتفاق میں بڑا دخل ہے کیونکہ تعارف کا مدار اسی پر ہے اور بدون تعارف کے اتفاق نہیں ہوسکتا۔

لا یسخر قوم من قوم کو مسئلہ کفارت سے کوئی تعلق نہیں۔ اگر مسئلہ کفارت کو کوئی جاہل فخر بالانساب کا ذریعہ بنائے وہ خود اس کا ذمہ دار ہے یہ مسئلہ اس کا ذمہ دار نہیں، اگر کوئی شخص نماز پڑھ کر اپنے کو بزرگ اور ولی

اور جہالت اور تقلید کورانہ آبائی سے اس غیبت اور بہتان کو گناہ نہیں خیال کرتے ہیں بلکہ شیر مادر اعتقاد کرتے ہیں آخر پیغمبر نے غیبت کی تعریف یوں فرمائی ہے ذکرک اخاک بما یکرہ، اور یقینی امر ہے کہ کسی شخص کو جولاہا اور دھنیا وغیرہ کہنا اس کو ناگوار معلوم ہوتا ہے پس یہ یقینی غیبت ہے اور رذیل اور کمینہ کہنا یقینًا بہتان ہے چنانچہ ارشاد ہے فان لم یکن فیہ ما تقول فقد بھتہ بل اول الذکر الفاظ بھی بہتان ہے اس لئے کہ ان لوگوں کو بھی یہ الفاظ کہے جاتے ہیں جو ان پیشوں سے مطلق تعلق نہیں رکھتے ہیں اور معزز پیشوں میں اچھی اچھی حیثیت رکھتے ہیں فاعتبروا یا اولی الابصار۔

اسلام جو خدا کا آخری دین ہے اور مسلمانوں کو خیر الامم کا لقب دیا گیا ہے اور اتحاد اور مساوات اور اتفاق اسلام کا اصل الاصول ہے وہ مسلمانوں میں مفقود اور دیگر ملل باطلہ میں بخوبی موجود ہے آریہ سماجیوں کا ذکر تو ہوچکا کہ جو کوئی شدھ اور آریہ ہو اس کو بلا امتیاز

سمجھنے لگے اور بے نمازیوں کو حقیر جاننے لگے تو کیا اس سے نماز کو کہہ دو گے؟ اگر جولاہا، دھنیا، موچی وغیرہ پیشہ کی وجہ سے کسی قوم کا لقب ہے تو جو لوگ ان القاب سے برا مانتے ہیں وہ اپنے جائز پیشہ کو برا سمجھتے ہیں اور جائز پیشہ کو برا سمجھنا خود برا ہے، اور اگر یہ لقب پیشہ کی وجہ سے نہیں ہے کسی اور وجہ سے ہے تو اس وجہ کو ظاہر کرکے بتلایا جائے کہ یہ الفاظ غیبت میں کیونکر داخل ہوگئے؟ کسی پیشہ ور کو اس کے پیشہ کے نام سے یاد کرنا ہرگز غیبت نہیں کتب رجال دیکھو۔ حلاج، نداف، خیاط، اسکاف وغیرہ القاب بلا تکلف محدثین نے استعمال کئے ہیں بلکہ وہ تو اعمیٰ، اعمش، اعرج وغیرہ بھی استعمال کرتے ہیں جب کہ کسی کا لقب مشہور ہوجائے، اور اس کو غیبت نہیں سمجھا گیا۔ کسان کو کسان، بھنگی کو بھنگی، چمار کو چمار ہی کہا جائے گا اور کیا کہا جائے گا؟ فاعتبروا یا اھل الحدیث مدعی الاجتہاد۔

اپنی جماعت میں داخل کرتے ہیں اور بلا تردد اس سے رشتہ داری کرتے ہیں، عیسائیوں میں چمار سے لیکر برہمن اور چھپری شامل ہیں مگر عیسائی ہونے کے بعد قومیت کی جہالت جاتی رہتی ہے اور بلا امتیاز ایک دوسرے سے ملتے ہیں اور رشتہ داری کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ عیسائیوں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے مگر احناف کے یہ کفارت کے یہ نامعقول مسائل نہ صرف مسلمانوں میں تفریق اور تشتت کا باعث ہیں بلکہ دوسرے اقوام کو اسلام لانے سے روکتے ہیں اور صاف کہتے ہیں کہ ہم مسلمان ہو جائیں گے تو لڑکوں کی شادی کہاں کریں گے؟

آریہ سماج یا عیسائی جیسا کسی قوم کو اپنی لڑکیاں دیتے ہیں دنیا کو معلوم ہے وہ لڑکیاں تو کیا دیتے کسی کو اپنا حقہ بھی نہیں دے سکتے غلط باتیں لکھنے سے واقعات نہیں بدلا کرتے، ہمارے یہاں سیکڑوں ہندو بھنگی چمار مسلمان ہوئے ہیں کسی کو بھی یہ شکایت نہیں کہ مجھے مسلمان عورت نہیں ملتی ہر نومسلم کو اس کے مناسب مسلمان عورتیں ہمیشہ مل جاتی ہیں، اگر تمہاری طرف نومسلموں کو مسلمان عورتیں نہ ملتی ہوں تو ان کو ہمارے پاس بھیجدو، اگر وہ واقعی سچے مسلمان ہوں گے ان کو مسلمان عورتیں ضرور مل جائیں گی، واقعہ یہ ہے کہ نہ ہندوؤں کو نکاح کا بہانہ ہے نہ عیسائیوں کو سب کو اس کا یقین ہے کہ مسلمانوں کی برابر کسی قوم میں مساوات نہیں مگر جن لوگوں کو اپنے جائز پیشے کا نام بھی ناگوار ہے یہ سب ان کی بنائی ہوئی باتیں ہیں۔

پھر اگر حنفیوں کے مسئلہ کفارت سے ہندوؤں کو اسلام سے رکاوٹ ہے تو ہندوستان میں کروڑوں جلاہے، تیلی غیر مقلد موجود ہیں وہ کیوں ان کے سامنے اپنی لڑکیاں پیش نہیں کر دیتے تاکہ ان کو شکایت کا موقعہ نہ رہے، آخر اسلام تو سب ہی کا ہے فقط شریفوں کا نہیں ہے نہ فقط حنفیوں کا ہے، میں بتلا

چکا ہوں کہ مسئلہ کفارت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ غیر کفو میں شادی نکرو صرف اتنا مطلب ہے کہ غیر کفو میں بدون رضائے اولیاء و رضائے عورت کے نکاح نکیا جائے۔

یہ میں عرض کر چکا کہ قرون اولیٰ میں یہ مرض اور یہ تپ کہنا اور رد، زمانہ جاہلیت کے کفار سے چلا آیا ہے شاید کسی کے خیال میں یہ وسوسہ شیطانی آوے کہ تم نے جو مثالیں پیش کی ہیں ان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قرون اولیٰ بلکہ پیغمبروں نے دوسرے اقوام کی عورتوں سے نکاح کیا ہے نہ یہ کہ اپنی لڑکیوں کا نکاح دوسرے اقوام سے کیا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اہل کتاب یعنی یہود اور نصاریٰ کے بارے یہ حکم ہے کہ ان کی عورتوں سے نکاح کر سکتے ہو مگر مسلمان عورتوں کا نکاح ان سے نہیں ہو سکتا۔

پس اہل اسلام کے بارے یہ خیال غلط ہے سب سے بڑھکر تو نص قرآن ہے جس پر ایمان لانا فرض ہے اور قرآن میں یہ صاف حکم ہے و لا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا اور یہ حکم ہے و لا تنکحوا المشرکات حتی یؤمن جس کا صاف مطلب بلا تاویل یہ ہے کہ جو مشرک ایمان لاوے خواہ وہ عجم ہو یا عرب اور جو مشرکہ ایمان لاوے خواہ وہ عربیہ ہو یا عجمیہ ان کے ساتھ رشتہ نکاح باجوڑا اور مناسب ہے اور کفارت کے جو قیود احناف نے اپنی کتابوں

و لا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا سے یہ استدلال کرنا کہ قرون اولیٰ کے مسلمان اپنی لڑکیاں ہر مسلمان کے نکاح میں دیدیا کرتے تھے غلط استدلال ہے آیت کے کسی لفظ سے اس کا ثبوت نہیں ہو سکتا، میں بار بار بتلا چکا ہوں کہ حنفیہ نے جو شروط کفارت کیلئے ذکر کی ہیں نصوص قرآن و احادیث اس کی مؤید ہیں۔ پس جھوٹ اور افترا وہ کرتا ہے جو نہ مسئلہ کفارت کی حقیقت

Made searchable using ScribeTools.com

میں درج کئے ہیں اس نفس قرآن سے چونکہ خلاف ہیں اس لئے وہ جھوٹ اور ناقابل عمل ہیں۔

ہاں یہ دوسری بات ہے کہ اعلیٰ خاندان کے مرد اور عورت حسن خَلق اور حسن خُلق کے لحاظ سے زیادہ تر بالا اور برتر ہوتے ہیں اور اسی لئے خدا نے کوئی پیغمبر چھوٹے گھرانے میں نہیں بھیجا ہے چنانچہ ارشاد ہے مابعث من نبی الا فی احساب قومہ اور حسن صوری اور حسن معنوی، ان دیگر کمالات مرغوبہ ان میں زیادہ ہوتے ہیں اور صفات حسنہ ان میں زیادہ پائے جاتے ہیں اور اس لئے عام طور پر لوگ یہ چاہتے ہیں کہ میرا نکاح بڑھے گھرانے میں ہو یہ بالکل درست ہے اور قرآن کے اس ارشاد کے مطابق ہے فانکحوا ماطاب لکم من النساء یعنی ان عورتوں سے نکاح کرو جو تم کو پسند ہو مگر یہ امور طبعیہ ہیں اور ہر شخص کی طبیعت کی خواہش اور رغبت مختلف ہوتی ہے وللناس فیما یعشقون مذاھب۔ اور اس میں کوئی حرج اور مضائقہ نہیں ہے مضائقہ اور حرج اور ظلم اور نصوص قرآن وحدیث سے خلاف یہ ہے کہ مسلمانوں میں کفارت مخترعہ کی وجہ سے تفریق پیدا کی جاتی ہے اور یہ فتویٰ دیا جاتا ہے کہ فلانے کے یہاں نکاح باجوڑ ہے اور فلانے کے یہاں بے جوڑ ہے۔ حضرت مولانا آپ نے سیکڑوں تصنیفات محض خدا کے لئے لکھی ہیں اگر ان مسائل پر آپ کو سمجھتا ہے نہ قرآن وحدیث کو۔

جبکہ تم کو بھی یہ تسلیم ہے مابعث نبی الا فی احساب قومہ کہ انبیاء علیہم السلام ہمیشہ شریف خاندانوں میں مبعوث ہوا کرتے تھے، کوئی نبی چھوٹے گھرانے میں پیدا نہیں ہوا تو اس سے خود یہ بات ثابت ہوگئی کہ انبیاء کے خاندان کی لڑکیاں چھوٹے خاندانوں میں نہ جاتی تھیں ورنہ ان کے خاندان دوسروں سے بڑے کیونکر رہتے چھوٹے اور بڑے خاندان کا امتیاز باہمی اختلاط کے بعد باقی نہیں رہ سکتا پس تمہارا وہ قول غلط ہوگیا کہ انبیاء کا تعامل مسئلہ کفارت پر تھا۔ نیز جب اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے لئے بڑے گھرانوں کو منتخب فرمایا ہے تو معلوم ہوا کہ کسی خاندان کا بڑا ہونا چھوٹا ہونا خدا کی طرف سے ہے ورنہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب خاندان برابر تھے تو اس حدیث کے کچھ معنی ہی نہیں رہتے کہ انبیاء کیلئے بڑے گھرانے تجویز کئے گئے۔ پس مسئلہ کفارت کا ثبوت خود حق تعالیٰ کے فعل سے ہوگیا۔

اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مسئلہ کفارت کو تفریق بین الامم کا سبب سمجھنا غلط ہے ورنہ لازم آئے گا کہ اللہ تعالیٰ نے خود تفریق کی ہے کہ بڑے گھرانوں میں تو انبیاء بھیجے جلاہوں تیلیوں میں انبیاء نہ بھیجے۔

غور فرمائیں گے اور جو نصوص قرآن وحدیث میں نے پیش کی ہیں انہی کے مطابق ایک رسالہ تصنیف فرمادیں تاکہ مسلمانوں میں سے یہ تفریق فی کفارۃ النکاح جاتی رہے اور مثل آریوں اور عیسائیوں کے واعتصموا بحبل اللہ پر عمل کرکے باہم رشتہ پیدا کریں تو خدا کے یہاں آپ کو بڑا ثواب ملے گا جو قوم ترقی کے میدان میں قدم رکھتی ہے وہ اس تفریق کو بالائے طاق رکھتی ہے قادیانیوں نے بھی اوٹھایا پس آپ نصوص پر غور فرماکر احناف سے اوٹھائیے۔

ھذا والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

فرده الی اللہ والرسول۔

خادم عبداللہ از کالج فیض آباد۔

۴ - ۷ - ۱۳۵۸ھ۔

تم نے خود اعتراف کیا ہے کہ اس انتخاب کا سبب یہ تھا کہ حسن صوری اور حسن معنوی اور دیگر کمالات مرغوبہ ان میں زیادہ ہوتے ہیں اور صفات حسنہ ان میں زیادہ پائے جاتے ہیں اس کے ساتھ ایک مقدمہ یہ بھی ملالو کہ نکاح میں الفت اور محبت اور تعلق دائم کی ضرورت ہے اور وہ بدون توافق طبائع کے نہیں ہوسکتا اور توافق طبائع کا مدار انہی صفات کے اشتراک پر ہے جس کا انکار مکابرہ ہے تو اس سے خود مسئلہ کفارت کا ثبوت ہوگیا اور یہ مقدمہ ہرچند کہ عقلی اور بدیہی ہے مگر حدیث اذا اتاکم من ترضون خلقہ ودینہ فزوجوہ سے بھی ثابت ہے کیونکہ شریف خاندان والی کو چھوٹے خاندان والے کے اخلاق پسند نہیں ہوسکتے، اگر انصاف سے غور کیا جائے گا تو معلوم ہوگا کہ مسئلہ کفارت قرآن وحدیث سے ثابت ہے اس کا انکار نہیں ہوسکتا والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ۔

حررہ الاحقر ظفر احمد عفا اللہ عنہ

۶ رجب ۵۸ھ

تتمہ: یہ تو اعتراضات کا جواب تھا جس میں ضمناً کچھ دلائل بھی آگئے ہیں اب مستقلاً کفارت کے دلائل ملاحظہ ہوں:۔

۱ روی مسلم من حدیث واثلۃ بن الاسقع ان اللہ اصطفیٰ کنانۃ من بنی اسمٰعیل واصطفیٰ من بنی کنانۃ قریشا واصطفیٰ من قریش بنی ھاشم وزاد الترمذی

Made Searchable by ScribeTools.com

ان اللہ اصطفی من ولد ابراھیم اسمٰعیل ومن ولد اسمٰعیل کنانۃ الحدیث قال الحافظ فی التلخیص لایعارض ھذا ما رواہ الترمذی عن ابی ھریرۃ مرفوعا لینتھین اقوام یفتخرون بآبائھم الحدیث لانہ محمول علی المفاخرۃ المفضیۃ الی احتقار المسلم وعلی البطر وغمط الناس وحدیث واثلۃ تستفاد منہ الکفاءۃ ویذکر علی سبیل شکر المنعم۔

ورَوَی الترمذی عن علی رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ یا علی لاتؤخر ثلاثا الصلوٰۃ اذا اتت والجنازۃ اذا حضرت والایم اذا وجدت لھا کفوا ، رجالہ موثقون کما فی الاعلاء وقال البیھقی امثل ما ورد فی اعتبار الکفاءۃ حدیث علی ھذا کذا فی التلخیص ص ۲۶۹ ج ۱ وصححہ الحاکم فی المستدرک واقرہ علیہ الذھبی ص ۱۶۲ ج ۲۔

وقال الشافعی فی اصل الکفاءۃ فی النکاح حدیث بریرۃ لما خیرت لانھا انما خیرت لان زوجھا لم یکن کفوا اھ ای لان الراجح عند المحدثین ان زوجھا کان عبدا کذا فی التلخیص ص ۲۶۹ وحدیث بریرۃ متفق علیہ مشھور۔

وقال ایضا روی الشافعی عن ابن ابی فدیک عن ابن ابی ذئب عن ابن شھاب انہ بلغہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قدموا قریشا ولا تقدموھا ورواہ البیھقی من حدیث علی بن ابی طالب وجبیر بن مطعم وغیرھما وقد جمعت طرقہ فی جزء کبیر اھ ص ۱۲۵ وھذا مما احتج بہ الشافعیۃ علی الکفاءۃ۔

وقال ابن تیمیۃ فی اقتضاء الصراط المستقیم ص ۷۶ وایضا فان عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ لما وضع الدیوان العطاء کتب الناس علی قدر انسابھم فبدأ بأقربھم فاقربھم نسبا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما انقضت العرب ذکر العجم ھکذا کان الدیوان علی عھد الخلفاء الراشدین وسائر الخلفاء من بنی امیۃ وولد العباس الی ان تغیر الامر بعد ذلک وبسبب ھذا الفضل ما اختصوا بہ فی عقولھم والسنتھم واخلاقھم واعمالھم اھ و فیہ دلالۃ علی اعتبار التقدم بالنسب بالاجماع۔

وروی الخلال بسندہ عن عمر رضی اللہ عنہ قال لامنعن فروج ذوات الاحساب

الا من الاکفاء ، احتج بہ احمد بن حنبل وھو الامام فی الحدیث فقال اذا تزوج الموالی العربیۃ فرق بینھما وھو قول سفیان لقول عمر فذکرہ کذا قالہ الموفق فی المغنی ص ۳۷۲ ج ۷ واحتجاج مثل ابن حنبل بحدیث تصحیح لہ

واستدل ابن الجوزی فی التحقیق علی اعتبار الکفاءۃ بحدیث عائشۃ انہ علیہ السلام قال تخیروا لنطفکم وانکحوا الاکفاء ولہ طرق عدیدۃ من حدیث انس وعمر بن الخطاب رواہ ابن ماجۃ والحاکم والبیھقی کذا فی العزیزی وھو صحیح علی قاعدۃ السیوطی وصححہ بالرمز فی الجامع الصغیر ص ۱۲۹۔

کیا ان دلائل کے بعد بھی کسی کو یہ کہنے کا منہ ہے کہ بہشتی زیور میں جو مسئلہ کفاءت کا ذکر ہے وہ ہندوستان کی ہندو اقوام کا اثر ہے نعوذ باللہ من ذلک۔ سوچنا چاہئے کہ یہ الزام کہاں تک پہنچتا ہے جبکہ حدیث وقرآن سے کفاءت کا ثبوت موجود ہے۔ موفق الدین حنبلی امام الحنابلہ نے مغنی میں اعتبار کفاءت پر ائمہ اربعہ کا اجماع نقل کیا ہے ، اشتراط کفاءت میں تو علماء کا اختلاف ہے مگر اعتبار کفاءت میں کسی کا اختلاف نہیں۔ سفیان ثوری کا قول وہی ہے جو امام ابوحنیفہ وغیرہ کا ہے۔ ابن رشد نے بھی کفاءت کے اعتبار پر اجماع نقل کیا ہے نفس اعتبار کفاءت میں کسی کا اختلاف نہیں اگر کچھ اختلاف ہے تو اس کی تفصیلات وفروع میں ہے ملاحظہ ہو ص ۱۰ ج ۲۔ علامہ ابن العربی مالکی نے آیت وَلَا تَعْضُلُوھُنَّ ان ینکحن ازواجھن اذا تراضوا بینھم بالمعروف کی تفسیر میں تصریح کی ہے کہ بالمعروف سے مراد کفاءت ہے پھر فرمایا ہے کہ اعتبار کفاءت پر امت کا اجماع ہے اور یہ عورت کے اولیاء کا حق ہے ملاحظہ ہو ص ۸۵ ج ۱۲۔ ابن حزم ظاہری اگرچہ کفاءت فی الدین کے سوا کسی کفاءت کے قائل نہیں مگر وہ بھی رعایت کفو کو مستحب اور مختار کہتے ہیں قال وانما ذکرنا خیر فی نکاح الاقارب لانہ فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم ینکح بناتہ الا من بنی ھاشم وبنی عبد شمس وقال اللہ تعالیٰ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ص ۲۴ ج ۱۰۔

فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ سے کفاءت کا ابطال نہیں ہو سکتا کیونکہ اس میں مردوں کو اختیار دیا گیا ہے عورتوں کو اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ جس سے چاہیں نکاح کرلیں ، انما المؤمنون اخوۃ فاصلحوا بین اخویکم کو نکاح سے کچھ تعلق نہیں یہاں اصلاح اور مصالحت کا ذکر ہے اور اس باب میں سب مسلمانوں کا بھائی بھائی ہونا متفق علیہ مسئلہ ہے ،

Made searchable using ScribeTools.com

دینی بھائی ہونا کفو ہونے کو مستلزم نہیں . فاسق فاجر بھی دینی بھائی ہے مگر نص موجود ہے ، افمن کان مومنا کمن کان فاسقا لا یستوون ۰

مسئلہ اولیٰ بھی یعنی نابالغہ لڑکی کا نکاح باپ کردے تو اس کو بلوغ کے بعد اختیار نہ ہوگا اجماعی مسئلہ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت ہے ابن حزم ظاہری بھی اس کے قائل ہیں جو قیاس و استحسان سے بمراحل دور ہیں اس کو حنفیہ کا استحسان کہنا جہالت ہے قال فی المحلی وللأب ان یزوج ابنته الصغیرة البکر مالم تبلغ بغیر اذنها ولا خیار لها اذا بلغت قال والحجة فی ذلك انکاح ابی بکر رضی الله عنه النبی صلی الله علیه وسلم عائشة وهی بنت ست سنین وهذا امر مشهور غنیا عن ایراد الاسناد فیه فمن ادعی انه خصوص لم یلتفت الی قوله لقول الله عز وجل لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ . ص ۴۶۰ ج ۹

ولم یثبت انه صلی الله علیه وسلم خیرها ولو فعل لنقل کما نقل تخییره لبریرة حین اعتقت قال ابن المنذر اجمع کل من نحفظ عنه اهل العلم ان نکاح الاب ابنته الصغیرة جائز اذا زوجها من کفؤ یجوز له ذلك مع کراهتها وامتناعها ثم ذکر حدیث عائشة تزوجنی رسول الله صلی الله علیه وسلم وانا بنت ست سنین وزوج علی ابنته ام کلثوم وهی صغیرة عمر بن الخطاب (مغنی ص ۳۷۶ ج ۷) والبسط فی المطولات وفیما ذکرناه بالاختصار کفایة لاهل العلم والانصاف والهدایة والحمد لله ولی الحمد والهدایة وصلی الله علی سیدنا النبی محمد وعلی آله واصحابه اولی الفضل والولایة والحمد لله الذی بعزته وجلالته ونعمته تتم الصالحات .

باب الوکالة بالنکاح

نکاح کے وقت وکیل نے عورت کے نام میں غلطی کردی تو نکاح نہیں ہوا

سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس بارہ میں کہ بروقت نکاح ہندہ اور زینب یہ غلطی ہوگئی کہ ہندہ نے جس شخص کے ساتھ نکاح باندھنے کی اجازت دی تھی اس کے روبرو زینب کا نام

لے دیا گیا اور زینب نے جس شخص کے ساتھ اپنا نکاح باندھنے کی اجازت دی تھی اس شخص کے روبرو ہندہ کا نام لے دیا گیا ان دونوں شخصوں میں سے ہر ایک نے قبول کیا ایسے نکاح کا شرعاً کیا حکم ہے ؟

الجواب ؛ صورت مسئولہ میں نکاح نہیں ہوا . دونوں کا نکاح دوبارہ صحیح نام کے ساتھ ہونا چاہئے . قال فی الدر (ص ۴۵۰ ج ۲) غلط وکیلها بالنکاح فی اسم ابیها بغیر حضورها لم یصح للجهالة وکذا الوغلط فی اسم بنته اه وفی الشامیة تحت قوله لم یصح . والظاهر انه فی مسئلتنا لا یصح عند الکل لان ذکر الاسم وحده لا یمیز فهو عن المرأ والی غیره بخلاف ذکر الاسم منسوبا الی اب آخر فان فاطمة بنت احمد لا تصدق علی فاطمة بنت محمد تأمل وکذا یقال فیما لو غلط فی اسمها اه . وفی العالمگیریة ص ۳ ج ۲ رجل له بنت واحدة اسمها فاطمة قال رجل زوجت منك ابنتی عائشة ولم تقع الاشارة الی شخصها ذکر فی فتاوی الفضلی انه لا ینعقد النکاح والله اعلم بالصواب . ۲۲ محرم سنہ ۴۰ھ .

معتدہ نے کسی کو وکیل بالنکاح بنایا اور جب اس نے نکاح کروادیا تو اس نے کسی اور دوسرے شخص سے خود نکاح کرلیا تو نکاح اول صحیح ہے یا نکاح ثانی

سوال (۲) ایک بیوہ عورت نے اپنی عدت میں ایک شخص کو وکیل مقرر کرکے کہا کہ میرا نکاح بعد گذرنے عدت کے دین محمد سے کردینا بعد گذرنے عدت کے وکیل نے نکاح مسماۃ کا دین محمد سے کردیا جب عورت کو معلوم ہوا کہ میرا عقد وکیل نے دین محمد سے کردیا ہے تو بعد اس کے دوسرے روز عورت نے اپنی رضا سے ایک اور شخص کے ساتھ اپنا عقد کرالیا آیا نکاح اول جو کہ وکیل مقرر کردہ عورت نے کردیا ہے بعد عدت کے وہ صحیح ہے یا نکاح ثانی جو عورت نے اپنی رضاء سے کرایا ہے وہ صحیح ہے مہربانی فرماکر ہر ایک سوال کا جواب عبارت کتب مخصوصہ وحدیث شریف ودلیل شرع کے ساتھ تحریر فرماویں چونکہ سب لوگ کہتے ہیں کہ آیت اور حدیث سے ثابت کرو بہت لوگ رسومات بری سے خراب ہوگئے ہیں اس لئے عند اللہ حوالہ کتاب وصفحہ ونمبر وغیرہ تحریر فرماکر اپنی مہر ثبت فرماکر مشکور فرماویں . فقط .

الجواب ؛ صورت مسئولہ میں جب عورت نے ایک شخص کو وکیل بالنکاح کردیا اور اس کو وکالت سے معزول بھی نہیں کیا تو جو نکاح وکیل نے کردیا ہے وہ نافذ ہوگیا اب عورت نے

جو دوسرا عقد اس کے بعد دوسرے شخص سے کیا ہے وہ بالکل درست نہیں ہوا نکاح اول بدستور باقی ہے لیکن اگر عورت اس دوسرے شخص سے ہم صحبت ہو چکی ہے پس اگر اس کو نکاح اول کی خبر نہ تھی تو اس سے علیحدگی کے بعد ایک عدت دوسری اس عورت کے ذمہ ہوگی۔ بعد انقضاء عدت دین محمد کو اس سے وطی جائز ہوگی باقی نکاح دین محمد کا اس عدت میں بھی باقی رہے گا اور اگر دوسرے شخص کو بھی پہلے نکاح کی خبر تھی تو عورت پر عدت ثانیہ واجب نہوگی۔ فی العالمگیریۃ لو تزوج بمنکوحۃ الغیر وھو لا یعلم انھا منکوحۃ الغیر فوطئھا تجب العدۃ و ان کان یعلم انھا منکوحۃ الغیر لا تجب حتی لا یحرم علی الزوج وطیھا کذا فی فتاوی قاضی خان اھ (ص ۲۷۹ ج ۲)

۲۲ جمادی الثانیہ ۴۲ھ۔

بالغہ عورت اگر غیر ولی کے اجازت طلب کرنے پر سکوت اختیار کرے جبکہ غیر ولی نے خود کو عورت کے ولی کا رسول یا وکیل ظاہر نہ کیا ہو اس صورت میں لڑکی کا سکوت اذن سمجھا جائے گا یا نہیں

سوال (۳) ایک شخص سے ولی نے کہا کہ جاؤ لڑکی سے جو بالغہ باکرہ ہے نکاح کی اجازت لے آؤ اور اس کے کان میں یہ بات ڈال دو کہ تیرا نکاح فلاں شخص سے کیا جاتا ہے۔ اس صورت میں یہ شخص ولی کا وکیل ہوگا یا رسول؟

(۲) اگر یہ شخص جا کر لڑکی سے اتنا ہی کہدے کہ "تیرا نکاح فلاں سے کرتے ہیں" یہ نہیں کہا کہ مجھے ولی نے بھیجا ہے یا میں اس کی طرف سے وکیل یا رسول ہو کر آیا ہوں اور لڑکی نے اس کی بات سن کر سکوت کیا تو اس صورت میں لڑکی کا سکوت معتبر ہے یا نہیں اور یہ سکوت اجازت پر محمول ہوگا یا نہیں؟

الجواب؛ (۱) قال الشامی بعد تفصیل الفرق بین الوکیل والرسول و حاصلہ انہ یصیر وکیلا بالفاظ الوکالۃ ویصیر رسولا بالفاظ الرسالۃ وبالامر۔ لکن صرح فی البدائع ان افعل کذا واذنت ان تفعل کذا توکیل ویؤیدہ ما فی الولوالجیۃ فذکرہ ثم قال وافاد انہ لیس کل امر توکیلا بل لا بد مما یفید کون فعل المامور بطریق النیابۃ عن الآمر فلیحفظ اھ ص ۶۱۷ ج ۴، وفی البحر ان الرسالۃ لا تتضمن الوکالۃ لانھا فوقھا اھ (ص ۱۴۸ ج ۷)۔

چونکہ ولی کا یہ قول کہ جاؤ لڑکی سے اجازت نکاح لے آؤ یا اس کے کان میں یہ بات ڈال دو۔ محتمل ہے وکالت اور رسالت دونوں کو اور کوئی لفظ صریح موجب توکیل موجود نہیں بجز

امر کے اور امر محتمل طرفین ہے اس لئے اس کلام کو رسالت پر محمول کرنا لازم ہے کیونکہ وہ ادنیٰ ہے والادنیٰ ھو المتیقن۔

(۲) اگر اس شخص نے لڑکی سے جا کر اپنی وکالت یا رسالت کا اظہار نہیں کیا۔ تو اس کے قول کو سنکر لڑکی کا سکوت کرنا مفید اذن نہوگا۔

قال الشامی فالرسول لا بد لہ من اضافۃ العقد الی مرسلہ لما مر عن الدرر من انہ معبر وسفیر بخلاف الوکیل فانہ لا یضیف العقد الی المؤکل الا فی مواضع کالنکاح والخلع والھبۃ والرھن ونحوھا فان الوکیل فیھا کالرسول حتی لو اضاف النکاح لنفسہ کان لہ اھ (ص ۶۱۷ ج ۴)۔

وفی البحر تحت قول الکنز وفیما یضیفہ الی المؤکل کالنکاح وغیرہ یتعلق بالموکل الخ ما نصہ امر والحقوق فی کل لا یستغنی الوکیل عن اضافتہ الی موکلہ لان الوکیل فیھا سفیر محض الا تری انہ لا یستغنی عن اضافتہ العقد الی المؤکل ولو اضافہ الی نفسہ کان النکاح لہ فصار کالرسول وھذا الان الحکم فیھا لا یقبل الفصل عن السبب لانہ اسقاط فیتلاشی فلا یتصور صدورہ من شخص و ثبوت حکمہ لغیرہ فکان سفیرا الی ان قال واشار بالکاف فی قولہ کالنکاح الی بقیۃ افراد ھذا النوع ولذا قال فی الھدایۃ من اخواتہ العتق علی مال الکتابۃ والھبۃ وکذا اذا کان الوکیل من جانب الملتمس اھ ص ۱۵۲ ج ۷

قال ابن عابدین فی حاشیۃ البحر وکذا بقیۃ الصور الآتیۃ یقول الوکیل من جھۃ طالب التملک ھب فلانا او تصدق علیہ او اعرہ او اودعہ او ارھن عندک کذا او اقرضہ کذا ولو قال ھبنی او تصدق علی او اعرنی الخ یقع لہ لا للمؤکل اھ الی ان قال فعلی ھذا قولھم التوکیل بالاستقراض باطل معناہ انہ فی الحقیقۃ رسالۃ لا وکالۃ فلو اخرج الکلام مخرج الوکالۃ لم یصح بل لا بد من اخراجہ مخرج الرسالۃ کما قلنا وبہ علم ان ذلک غیر خاص بالاستقراض بل کل ما کان تملیکا اذا کان الوکیل من جھۃ طالب التملک لا من جھۃ المملک (ای یعم ۱۲) فان التوکیل بالتملیک صحیح لا بطلب التملک بل ھو رسالۃ ھذا ما ظھر لی ولم اعثر علی مذکور، قلت وفی الصورۃ المسئولۃ لم یوجد

Made searchable using ScribeTools.com

ما یدل علی کون ھذا الاجنبی وکیلا کما قلنا فی الجواب الاول وان سلمنا ان الامر فیہ یدل علی التوکیل فھو وکیل من جانب الملتمس ای من جھۃ طالب التملک وقد عرفت ان التوکیل بطلب التملک لا یصح بل ھو رسالۃ وقد تقدم ان الرسول لابد لہ من اخراج الکلام مخرج الرسالۃ والا لا یکون رسولاً واذا لم یکن رسولاً لم یکن طالبا للاذن من جھۃ الولی بل من جھۃ نفسہ وھو اذن اجنبی محض فلا یکون سکوت البنت ج عَلَمَ الرضا لکونہ سکوتاً بعد کلام الاجنبی معھا لا کلام رسول الولی۔ واللہ تعالیٰ اعلم و علمہ اتم واحکم۔ ۲۷ صفر ۴۶ھ۔

حکم بایجاب وکیل بالفاظ اذن دادہ است

سوال (۴) بعونہ تعالیٰ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت تاج العلماء سراج الفضلاء مدظلہ العالی!

شرائط ملازمانہ وضوابط تلازمانہ بجا آوردہ بعد عرض ملازمان ثریا مکان برساند کہ محمد رشید احمد وکیل زبیدہ خاتون مع دو شاہد عادل بحضار مجلس در آمدہ ناطق شدہ زبیدہ خاتون دختر محمد نصیر احمد یک ہزار روپیہ مہر متعین نمودہ بمعرفت من نزد اسد اللہ کہ پسر عبد اللہ اذن نکاح دادہ است واسد اللہ قبول نمودہ پس لفظ اذن نکاح دادہ است از الفاظ ایجاب است یا نہ بابراھینِ قاطعہ بزیر کلک نادر سلک آوردہ این ہیچمدان را سرفراز دارین فرمایند زیادہ آفتاب عنایت درخشان باد الی یوم التناد۔

الجواب؛ لفظ اذن نکاح دادہ از الفاظ ایجاب نکاح نیست بلکہ مشعر از توکیل است پس تکلم وکیل بلفظ انشار لازم بود چون وکیل بعد ازاں تکلم بلفظ انشار نکردہ ایجاب محقق نہ شدہ پس تجدید نکاح لازم است واگر در عرف سائل اذن نکاح بمعنی انشار نکاح مستعمل است سوال بار دیگر کردہ باید واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷ رمضان ۴۷ھ۔

فصل فی الجہاز والمہر

زوجہ کے مہر میں سرّاً زیادتی کرنا

سوال (۱) کیا حق مہر نکاح کے بعد (دس یا پندرہ سال بعد) ایزاد ہو سکتا ہے جو منکوحہ کے کہنے پر (جو عموماً دیگر وارثان کا حصہ کم کرنے کی خاطر

کیا جاتا ہے) جائز ہے یا نہ اور کیا ایسے مہر کو دیگر ورثار جائز قرار دیویں یا نہ بالخصوص جو مہر از قسم مکان یا زمین زوج نے خفیہ بذریعہ تمسک بعد مدت دراز نکاح کے تحریر کر دیا ہو اور یہ شرط بھی تحریر کر دی ہو کہ کاغذات سرکار میں داخل خارج کرا دوں گا مگر وہ بھی اپنی پندرہ سالہ بقیہ حیات تحریر تمسک عملدرآمد بھی نہ کرایا ہو اس کو جائز رکھا جاوے یا ناجائز؟ واضح رہے کہ تمسک ایک سوتیلی ماں نے اپنے حق میں کبھی خفیہ تحریر کرایا ہو اور والد مرحوم نے اپنی زندگی میں اپنے لڑکوں سے جو دوسری بیوی سے ہوں ذکر تک بھی نہ کیا ہو اور نہ ہی اس کی بابت اپنی باقی ماندہ حیات میں ۱۵ سالہ کاغذات سرکاری میں عملدرآمد نہ کرا دیا ہو۔

۲۴

الجواب؛ زیادت مہر میں عقد کے بعد جائز ہے خواہ کتنی ہی مدت کے بعد زیادت کی ہو۔ الزیادۃ فی المھر صحیحۃ حال قیام النکاح عند علمائنا الثلاثۃ کذا فی المحیط فاذا زادھا فی المھر بعد العقد لزمتہ الزیادۃ کذا فی السراج الوھاج ھذا اذا قبلت المرأۃ الزیادۃ اھ عالمگیریۃ (ص ۲۹ ج ۲) لیکن جب یہ زیادہ خفیہ طور پر ہوئی ہے اور ورثہ زوج کو اس کا علم نہیں ہے تو عورت کے ذمہ دو گواہ قائم کرنا ہے کیونکہ وہ مدعیٔ زیادت ہے اگر وہ دو گواہ اس پر قائم کر دے کہ زوج نے بعد نکاح کے مہر میں اس قدر زیادت کی تھی یا یہ ثابت کر دے کہ زوج نے زیادت مہر کی تحریر دو گواہوں کے سامنے لکھی تھی اور گواہ بھی اس کی گواہی دیں اور بہر صورت یہ دعویٰ اور گواہی کسی قاضی شرعی کے اجلاس میں ہو اور وہ اس گواہی کو قبول کرلے تو زوجہ مقدار زیادت کو ترکہ سے لے سکتی ہے اور اگر وہ گواہ نہ قائم کر سکے تو بقیہ ورثہ سے قاضی قسم لے کہ ان کو اس زیادت کا علم نہیں اور نہ میت نے یہ تحریر ان کے سامنے لکھی ہے اگر وہ قسم کھالیں تو عورت کا دعویٰ باطل ہے ورنہ اس کا دعویٰ قبول ہوگا اور اگر ورثہ اس کو تسلیم کرلیں کہ یہ تحریر میت کے خط کے مشابہ ہے لیکن اس پر قسم کھالیں کہ میت نے ہمارے سامنے کوئی تحریر نہیں لکھی اور نہ ہم کو اس تحریر کا علم ہے تب بھی ان کی قسم معتبر ہے اور عورت کا دعویٰ باطل ہے کیونکہ مجرد تحریر کا شریعت میں اعتبار نہیں ہے فان الخط یشبہ الخط ھکذا انھمتہ من القواعد ولما لہ جزئیۃ صریحۃ فمن وقف علیھا فلیحررھا واللہ اعلم۔ ۲۶ ربیع الثانی ۴۰ھ۔

ناقابلِ جماع عورت کے مہر کا حکم

سوال (۲) ایک شخص نے نکاح کیا تھا بوقت صحبت دیکھا کہ عورت کے صرف پیشاب کا ایک سوراخ ہے اور پستان بھی ہے مگر صحبت کے قابل نہیں تب اس نے اس کو

طلاق دے دیا اب اس کا مہر ادا کرنا واجب ہے یا نہ۔

الجواب؛ جس عورت کے صرف پیشاب کی جگہ ہے جماع کی جگہ نہیں ہے اس سے خلوت کرنا مؤکد مہر نہیں لہذا جب اس کو طلاق دیدی گئی تو شوہر کے ذمہ نصف مہر ادا کرنا واجب ہے مہر کامل ادا کرنا واجب نہیں قال فی العالمگیریۃ ومن الموانع لصحۃ الخلوۃ ان تکون المرأۃ رتقاء او قرناء او عفلاء او شعراء کذا فی التبیین ص ۲۴ ج ۲۔

۱۸ محرم ۴۱ھ۔

ولی صغیرہ کے معاف کردینے سے مہر ساقط نہیں ہوتا

سوال (۳) کیا فرماتے ہیں علماء دین متین مسئلہ ذیل میں کہ زید نے مسماۃ ہندہ یتیمہ نابالغہ سے نکاح کیا لیکن بوجہ نابالغ ہونے کے خلوت وہمبستری نہیں ہوئی اور ہندہ کسی کے بہکانے سے دن کے وقت بلا اجازت اپنے شوہر کے چوری سے اپنے گھر سے نکل کر اپنی والدہ کے گھر چلی گئی۔ زید نے اس کی اس ناجائز حرکت سے ناراض ہوکر ہندہ کے بھائی ولی کو اور والدہ کو اور محلہ کے پنچوں کو جمع کر کے ہندہ کی یہ ناجائز حرکت ظاہر کی، اس پر پنچوں نے بعد دریافت حالات ہندہ کے بھائی اور والدہ کی رائے سے یہ فیصلہ کر دیا کہ چونکہ ہندہ بلا اجازت شوہر دن کے وقت گھر سے نکل گئی ہے اور شوہر سے فارغ خطی چاہتی ہے اس لئے ہم کو آئندہ زوجین کے باہمی تعلق قائم رہنے کی امید نہیں ہے اور ہندہ کے پھر نکل جانے کا اندیشہ ہے لہذا طرفین کی رضامندی سے سرکاری کاغذ پر اس طرح پر تحریری فارغ خطی ہوگئی کہ زید سے شوہر کا خرچہ معاف کرادیا اور ہندہ کی طرف سے اس کے بھائی ولی نے مہر کی معافی لکھدی۔

اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ اگر ہندہ کا بھائی ولی یا ہندہ خود بالغ ہوکر کسی کے بہکانے سے زید پر مہر کا دعویٰ کرے تو وہ شرعاً مہر کی مستحق ہوسکتی ہے یا نہیں اور ایسی نابالغہ کے مہر کیلئے جس سے صرف نکاح ہوا ہو خلوت اور ہمبستری نہ ہوئی ہو شرعاً کیا حکم ہے وہ مہر کی مستحق ہی یا نہیں؟

الجواب؛ صورت مسئولہ میں اگر زید نے ہندہ کو طلاق دیدی ہے تو ہندہ پر طلاق بائن واقع ہوگئی لیکن ہندہ کے بھائی نے جو ہندہ کی طرف سے مہر کی معافی لکھدی ہے اس سے مہر کی معافی نہیں ہوئی ہندہ اپنے نصف مہر کی مستحق شرعاً ہے قال فی الدر خلع الاب صغیرتہ بمالها او مهرها طلقت فی الاصح کما لو قبلت هی وهی ممیزۃ ولم یلزم المال لانه تبرع اه فان خالعها الاب علی مال ضامنا له ای ملتزما کفیلا لعدم وجوب المال علیها صح والمال علیه کالخلع مع الاجنبی فالاب اولی بلا سقوط مهر

لانه لم یدخل تحت ولایۃ الاب الخ قال الشامی ای سواء کان الخلع علی المهر او علی الف مثلا لکن اذا کان علی المهر فلها ان ترجع به علی الزوج والزوج یرجع به علی الاب لضمانه الخ ص ۹۳۷ ج ۲، قلت وههنا لا یرجع الزوج علی اخ المرأۃ لانه لم یضمن بل انه ابرأ الزوج من جانب المرأۃ وهذا لا یدخل فی معنی الضمان۔ واللہ اعلم۔

۵ ربیع الثانی۔

مہر کے مطالبہ کے واسطے ڈگری کرنا جائز ہے یا نہیں نیز شوہر کے مفلس ہونے کی صورت میں کیا شوہر کے باپ سے مہر کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے

سوال (۴) اگر اسکی دختر کے شوہر کے پاس فی الحقیقت کچھ زر نقد یا جائداد منقولہ وغیر منقولہ نہیں ہے تو اس کے باپ کو شرعاً یہ جائز اور مناسب ہے کہ اگر عدالت انگریزی میں اپنے مطالبہ مہر کی ڈگری کرا کر اس کے شوہر کو بموجب قانون انگریزی قید خانہ میں ڈلوادے کسی صحابی یا سلف صالحین نے کبھی ایسا کیا ہے؟

کوئی شخص اپنی دختر کے شوہر کے باپ کو شرعاً مجبور کر سکتا ہے کہ وہ اپنی لڑکی کے ذمہ کا مہر جبراً اس کی زوجہ کے باپ کو ادا کرے؟

الجواب؛ دائن کو بیشک اتنا حق ہے کہ اگر مدیون ہٹ دھرمی کرتا ہو اور باوجود قدرت کے دین ادا نہ کرتا ہو تو اس کو حبس کرادے لیکن جب حاکم کو یہ بات محقق ہوجائے کہ مدیون تنگدست ہے تو پھر اس کو قید کرنا جائز نہیں علیٰ هذا قید کرانا بھی بصورت مذکور درست نہیں حق تعالیٰ فرماتا ہے وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ یعنی اگر مدیون تنگدست ہو تو زمانہ وسعت تک مہلت دینی اس کو ضروری ہے باقی علاوہ مدیون کے دوسرے شخص کو جب تک وہ ضامن نہ ہوجائے قید کرنا یا کرانا درست نہیں قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى۔ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یجنی جان الا علی نفسه ولا یوخذ المرء بجریمة غیرہ او کما قال واللہ اعلم بالصواب۔

احقر عبد اللطیف عفا اللہ عنہ مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح حق عنایت الٰہی عفی عنہ

الاجوبۃ کلها صحیحۃ احقر ظفر احمد عفا اللہ عنہ

۸ شوال ۴۱ھ۔

الزیادۃ فی مهر احدی الزوجتین بعد العقد هل توجب تسویۃ الاخری فیها ام لا

سوال (۵) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید نے ایک عورت ہندہ سے پانچ ہزار

Made searchable using ScribeTools.com

روپیہ مہر پر نکاح کیا اُس کے بہت مدت بعد دوسری عورت زینب سے پانچ سو روپیہ مہر پر نکاح کیا اور دونوں کو ان کا مہر ادا بھی کر دیا۔ زینب نے ایک روز ارمان کیا کہ تم نے میرا مہر بہت کم رکھا زید نے اس کی دلجوئی کے لئے یہ قصد کیا کہ تین سو چار سو روپئے اس کے مہر میں اور زیادہ کر کے (کیونکہ زیادت بعد العقد بھی اصل کے ساتھ بتصریح فقہاء ملحق ہو جاتی ہے) اتنی رقم یعنی تین سو چار سو اُس کو اور دیدوں خواہ نقد یا کسی مکان کا ایک حصہ کہ زینب کو فی الحال اس حصہ مکان کی ضرورت بھی ہے لیکن زید کو اس میں تردد یہ ہے کہ جس طرح تمام حقوق میں زوجتین کے درمیان تساوی ضروری ہے کہیں یہ زیادت فی مہر احدہما خلاف عدل نہ ہو جاوے اس لئے استفتاء کیا جاتا ہے کہ یہ زیادت فی مہر احدہما جائز ہے یا نہیں اگر کوئی دلیل صریح نہ ہو تو کوئی کلیہ ہی شافی ہو کافی ہے اور تصریح فقہی اگر مل جاوے تو اقرب الی الاقناع ہے فقط۔

الجواب الاوّل من بعض العُلماء:

موافق اس قاعدہ فقہیہ کے کہ زیادت فی المہر بعد العقد ملحق باصل المہر ہے اور ہبہ مبتدء نہیں ہے کما یقول بہ الامام زفر رحمہ اللہ تعالیٰ زیادت فی مہر احدی الزوجات درست ہے خصوصاً اس زوجہ کے مہر میں زیادتی کرنا جس کا مہر اصل سے کم ہو اور اضرار زوجہ ثانیہ اس سے مقصود نہ ہو (اور اس کو حیلہ ترک عدل و تسویہ بین جو کہ واجب ہے نہ بنایا جائے) خلاف عدل نہیں معلوم ہوتا۔ فتح القدیر کے جزئیہ ذیل سے بھی یہی مفہوم ہو سکتا ہے کہ زیادت فی المہر اگر بطریق رشوت نہ ہو تو درست ہے عبارت اُس کی یہ ہے (قولہ وان رضیت احدی الزوجات بترک قسمہا لصاحبتہا جاز) ھذا اذا لم یکن برشوۃ من الزوج بان زادھا فی مھرھا تفعل او یتزوجھا بشرط ان یتزوج اخری فیقیم عندھا یومین وعند المخاطبۃ یوماً فان الشرط باطل ولا یحل لھا المال فی الصورۃ الاولیٰ فلہ ان یرجع فیہ الخ اور عنایہ کی یہ عبارت بھی جواز کی طرف مشیر ہے قولہ خلافاً لزفر فانہ یقول الزیادۃ ھبۃ مبتدأۃ لا تلتحق باصل العقد ان قبضت ملکت والا فلا الخ اس سے معلوم ہوا کہ ائمہ ثلثہ زیادت کو ہبہ مبتدأۃ قرار نہیں دیتے کہ اس کو خلاف عدل کہا جائے کیونکہ یہ تصریح ہے کہ ہبات میں بھی تسویہ بین الزوجات

ضروری ہے کما فی العینی علی البخاری وتمام العدل ایضاً بینھن تسویتھن فی النفقۃ والکسوۃ والھبۃ ونحوھا فقط واللہ تعالیٰ اعلم کتبہ .....

۵ ربیع الثانی ۳۶ھ

الجواب صواب

محمد ..... عفا اللہ عنہ

الجواب الثانی من جامع امداد الاحکام

اقول وباللہ التوفیق . زیادت فی المہر کا ملحق باصل العقد ہونا اس کو مستلزم نہیں کہ اس کے جملہ احکام مثل مہر کے ہوں چنانچہ زیادت کا دخول سے متنصف ہونا اور قبل دخول متنصف نہ ہونا اس پر دال ہیں۔

نیز اس زیادت کا ملحق باالاصل ہونا اس کو بھی مستلزم نہیں کہ اس کے لئے ہبہ کے احکام مطلقاً نہ ثابت ہوں۔ دراصل اس مسئلہ میں حنفیہ کا امام زفر اور شافعی وغیرہ سے جو اختلاف ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ حنفیہ اس کو محض ہبہ مستانفہ نہیں سمجھتے بلکہ اس کے لئے کچھ احکام ہبہ کے اور کچھ احکام مہر کے ثابت کرتے ہیں اور زفر و شافعی اس کو من کل وجہ ہبہ مستانفہ سمجھتے ہیں ائمہ ثلثہ حنفیہ اس کو ہبہ ابتداءً و مہر انتہاءً کہتے ہیں اسی لئے وہ اس زیادت کو حق متعاقدین میں بحکم مہر کہتے ہیں اور حق ثالث میں ہبہ و تبرع کما یظھر من کلام الفقھاء ودلیلہ شرط بقاء الزوجیۃ لجواز ھذہ الزیادۃ علی الظاھر کما فی الدر۔ فلو کان کالمھر فی جمیع الاحکام لم یکن بقاء الزوجیۃ شرطا لان المھر یبقی ولو انعدمت الزوجیۃ کما لا یخفی۔

قال فی النھر والظاھر عدم الجواز بعد الموت والبینونۃ والیہ یرشد تفسیر المحیط بحال قیام النکاح اذ نقلوا ان ظاھر الروایۃ ان الزیادۃ بعد ھلاک المبیع لا تصح وفی روایۃ النوادر تصح ومن ثم جزم فی المعراج وغیرہ بان شرطھا بقاء الزوجیۃ حتی لو زادھا بعد موتھا لم تصح (ای لعدم المحل وقت الزیادۃ ۱۲) والالتحاق باصل العقد وان کان یقع مستندا الا انہ لا بد

ان یثبت اولا فی الحال ثم یستند اھ اور طحطاوی نے عدم اشتراط بقاء زوجیۃ کو گو ترجیح دی ہے مگر اس کی بناء التحاق باصل العقد پر نہیں رکھی بلکہ یہ کہا ہے و کون ظاھر الروایۃ عدم الصحۃ الزیادۃ بعد ھلاک المبیع لا یقتضی ان یکون ظاھر الروایۃ ھنا الفرق بین الفصلین قام عند المجتھد فانہ فی النکاح اھ اللہ تعالیٰ بعدم نسیان الفضل بین الزوجین وھذہ الزیادۃ من مراعاۃ الفضل اھ شامی (ص ۵۵۲ ج ۲) قول اول میں شرط بقاء زوجیت کی وجہ یہ تھی کہ صحت زیادت کے لئے وجود محل ضروری ہے اور قول ثانی نے زیادت کو مراعات فضل میں داخل کر کے اس شرط کی نفی کر دی بہر حال یہ مسئلہ سب کو تسلیم ہے کہ زیادت مہر من کل وجہ مثل مہر کے نہیں ہے۔ بلکہ درحقیقت یہ ہبہ من وجہ ہے اور مہر من وجہ ہے۔ ہبہ کی حیثیت سے بعض احکام میں یہ اصل مہر سے منفصل ہے مثلاً بحالت مرض موت مہر مثل پر زیادت باطل ہے لما فیہ من ابطال حق الورثۃ قال فی الدر ومالزمہ فی مرضہ لسبب معروف ببینۃ او بمعاینۃ قاض علی ما اقر بہ فی مرض موتہ ولو ودیعۃ والسبب المعروف مالیس بتبرع کنکاح مشاھد ان بمھر المثل اما الزیادۃ فباطلۃ وان جاز النکاح اھ (ص ۷۰۸ ج ۴) فھذا کما ترٰی قد ادخل الشھادۃ ھنا فی التبرع وھذا اذا کانت الزیادۃ فی صلب العقد ولو کانت بعد العقد فتبطل بالاولیٰ وان کان المھر اقل من المثل والعلۃ کونہ تبرعا فی الاصل ابتداءً کما لا یخفی۔ اور مہر کی حیثیت سے اس زیادت کے لزوم میں قبضہ شرط نہیں اگر ہبہ محضہ ہوتا تو بدون قبض کے لزوم نہ ہوتا پس حنفیہ کا اس زیادت کو ملحق باصل العقد کہنا صرف بایں معنیٰ ہے کہ یہ لزوم میں محتاج قبض نہیں کما یدل علیہ قول صاحب العنایۃ خلافا للزفر فانہ یقول الزیادۃ ھبۃ

عہ ھذا صریح فی ان تلک الزیادۃ تلتحق باصل المھر بعد ثبوتہ فی الحال وثبوتہ انما ھو بصورۃ الھبۃ والشیٔ اذا ثبت ثبت بلوازمہ فیثبت لھا احکام التبرع فی الجملۃ ۱۲ منہ

مستانفۃ لا تلتحق باصل العقد ان قبضت ملکت والا فلا الخ باقی تمام احکام اس کیلئے ہبہ کے ثابت ہیں مثلاً قبول مرأۃ کا شرط ہونا اور زوجیت کا باقی رہنا وغیرہ وغیرہ جو اصل مہر میں شرط نہیں نیز اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ زیادت فی المہر دراصل زیادت فی ثمن المبیع پر قیاس کیا گیا ہے اور زیادت فی ثمن المبیع کے متعلق درمختار میں یہ تصریح ہے لکن انما یظھر فی الشفعۃ فی الحط فقط قال الشامی لانہ فی الزیادۃ ابطال حق الشفیع الثابت قبلھا فلا یملکانہ فلہ ان یاخذ بدون الزیادۃ اھ (ص ۳۶ ج ۶) فعلم ان الزیادۃ فی العقد لا تسقط ولا تبطل حقا ثابتا للغیر قبلھا۔

اب صورت مسئولہ کا حکم واضح ہو گیا وہ یہ کہ منکوحہ ثانیہ سے جو قلیل مہر پر نکاح کیا گیا ہے اگر یہ مہر مثل تھا تب تو اس کا مستحق زیادت نہ ہونا ظاہر ہے اور اگر مہر مثل نہ تھا بلکہ اس سے کم تھا تو اس نے اپنے حق کو وقت نکاح خود ہی ساقط کر دیا ہے والساقط لا یعود۔ اور اس سے نکاح ہو جانے کے بعد زوجہ اولیٰ کا ہبہ ونفقہ وغیرہ میں حق مساوات ثابت ہو چکا ہے لہذا ثانیہ کے مہر میں زیادت کرنے سے گو وہ اصل عقد کی طرف مستند ہو زوجہ اولیٰ کا حق مساوات باطل نہیں ہو سکتا کیونکہ زیادت فی العقد باوجود استناد الی الاصل کے کسی حق ثابت قبلہا کو باطل نہیں کر سکتی کما مر فی مثال الشفیع، پس اس زیادت کا ثمرہ صرف یہ ہوگا کہ وہ مہر میں داخل ہو کر محتاج قبض فی اللزوم نہیں رہے گا باقی احکام تبرع وہبہ کے بحالہا باقی رہیں گے۔ اور اگر زیادت فی المہر کو اصل سے ملحق کر کے موجب العدل والتسویہ نہ مانا جائے تو اس میں ھدم باب القسم باسرہ لازم آئے گا کیونکہ پھر تو ہر شخص جو کچھ چاہے گا کسی ایک زوجہ کو دے دیا کرے گا اور یہ کہہ دے گا کہ میں تیرے مہر میں یہ زیادت کر رہا ہوں اور جس جزئیہ کے مفہوم سے مجیب اول نے استدلال کیا ہے وہ استدلال بھی صحیح نہیں، یہ جزئیہ تو غور کرنے کے بعد اس امر پر دال ہے کہ زیادت فی المہر من کل وجہ بحکم مہر نہیں بلکہ اس کی حالتِ موجودہ کے احکام بھی اس کے لئے ثابت ہوتے ہیں۔ غور کرنا چاہئے کہ اس صورت میں زیادت فی المہر کو جو رشوت

عہ تلت ھذا صریح فیما ذکرتہ قبل ان ھذہ الزیادۃ مھر انتھاءً فی حق المتعاقدین وتبرع زائد فی حق الثالث فلذا لم یعد ھا من الثمن فی حق الشفیع ۱۲ منہ

Made searchable using ScribeTools.com

کہا گیا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس زیادت کو قسم کا مقابل کیا گیا ہے اور یہ تقابل اس زیادت کی حالت موجودہ قبل الاستناد ہے ورنہ بعد الاستناد تو یہ زیادت مہر کا جزو ہو کر عوض بضع ہے اور بضع شرعاً متقوم ہے اس کا معاوضہ رشوت کبھی نہیں ہو سکتا پس فقہاء کا اس زیادت کو رشوت کہنا صاف بتلا رہا ہے کہ زیادت فی المہر کے لئے مطلقاً احکام مہر ثابت نہیں ہوتے بلکہ اس کی صورت موجودہ کے احکام بھی ثابت ہوتے ہیں پس جس صورت میں کہ زیادت بعوض ترک قسم ہو اس وقت تو رشوت ہونے کی وجہ سے باطل ہے کیونکہ قسم متقوم نہیں جس کا عوض دیا جائے اور جس صورت میں کہ عوض ترک قسم نہ ہو اس وقت یہ اِحْدَی الزَّوجتین کے ساتھ صلہ زائدہ ہے پس صلہ زائدہ کے احکام ثابت ہو کر استناد الی الاصل کے احکام ثابت ہوں گے اور اس کے لئے صلہ زائدہ کے احکام کا فی الجملہ ثابت ہونا اوپر عبارات درمختار و ردالمحتار وغیرہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ مریض کی زیادت کو فقہاء نے تبرع میں داخل کر کے بدون اجازت ورثہ باطل کہا ہے علیٰ ھذا اس زیادت کو بیع کی صورت میں مبطل حق شفیع نہیں مانا گیا اور اس کے لئے قبول وغیرہ کو شرط قرار دیا گیا ہے اسی طرح یہاں بھی اس زیادت سے زوجہ ثانیہ کا حق مساوات جو ثابت قبل الزیادت ہے باطل نہیں ہو سکتا ھذا واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

۴ رشعبان ۴۳ھ

ایسی عورت کے مہر کا حکم جو رضاعی بہن ہو اور لاعلمی میں ان کا نکاح ہو گیا ہو

سوال (۶) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید اور ساجدہ نے ایام طفلی میں مختلف الاوقات یکے بادیگرے مسماۃ ہندہ کا دودھ پیا اور جب یہ دونوں کچھ تھوڑا سن تمیز کو پہنچے تو ایام نابالغی ہی میں مسائل اور احکام دینی کی ناواقفیت کی وجہ سے زید اور ساجدہ کا باہم عقد ہو گیا اور بلوغیت کے بعد کچھ عرصہ تک ان کے درمیان تعلقات شوہری اور زوجیت کے قائم رہے بعد ازاں جب مسئلہ رضاعت سے واقفیت حاصل ہوئی اور بہ تحقیقات اپنے درمیان رضاعی بھائی بہن ہونا پایۂ ثبوت سے درجہ یقین کو پہونچا ہوا پایا تو مسماۃ ساجدہ نے زید سے کنارہ کشی اختیار کر کے اس کے گھر سے اپنے میکہ چلی آئی اور زبانی اور تحریری اطلاع اپنے مورثان کو اس امر کی دی کہ اب میں ہرگز زید کے ساتھ تعلقات زوجیت کے نہیں رکھنا چاہتی اس معاملہ میں اگر آپ لوگ سختی بھی کیجئے یا جان سے مار ڈالئے تب بھی میں زید

کے گھر نہ جاؤں گی اور نہ اس سے پھر زوجیت کے تعلقات قائم کروں گی زید نے بھی ثبوت رضاعت کے بعد سکوت اختیار کیا اور نہ پھر کبھی ساجدہ کو اپنے گھر بلایا۔ اس تفرقہ کو چھ سات مہینہ گذرے ہوں گے کہ قضاء الٰہی سے زید کا انتقال ہو گیا چونکہ زید صاحب جائداد تھا اس لئے طمع دنیا سے اب مسماۃ ساجدہ بحق زوجیت وراثتاً و بالعوض دین مہر کے دعویدار ہے تو اس صورت میں کیا مسماۃ ساجدہ زید مرحوم کی جائداد سے بحق زوجیت وراثتاً ترکہ شرعی اور دین مہر پانے کی مستحق ہو سکتی ہے؟

الجواب؛ ساجدہ اس صورت میں مہر مثل کی تو مستحق ہے اگر زید سے ہمبستری ہو چکی ہو مگر میراث کی مستحق نہیں اور مہر مثل خاندانی مہر کو کہتے ہیں ساجدہ کے جدی خاندان میں عورتوں کا عموماً جو مہر باندھا جاتا ہو اس میں ساجدہ کی حیثیت و صورت وغیرہ کا بھی لحاظ کیا جائے گا کہ اس جیسی عورت کا مہر کتنا ہوا کرتا ہے وہ ساجدہ کا مہر مثل ہے اب اگر وہ مہر مقررہ کے برابر ہی ہے تو مہر مقررہ ملے گا اگر کم ہے تو کم ملے گا اگر زیادہ ہے تو مقررہ سے زیادہ نہ ملے گا۔ قال فی الدر ویجب مھر المثل فی نکاح فاسد وھو الذی فقد شرطا من شرائط الصحۃ کشھود اھ قال الشامی ومثلہ تزوج الاختین معاً ونکاح الاخت فی عدۃ الاخت ونکاح المعتدۃ والخامسۃ فی عدۃ الرابعۃ اھ (ص ۲۷۴ ج ۲) قلت ونکاح المحارم عدہ بعضھم فی الباطل ولکن قال الشامی والحاصل انہ لا فرق بینھما (ای الفاسد والباطل) فی غیر العدۃ اھ (ص ۲۷۵ ج ۲) علی ان ھذا النکاح لعلہ بشبھۃ لان الزوجین انما تیقنا بالرضاع بینھما بعد بلوغھما بزمان کما یظھر من السوال فیکون الوطی وطیا بالشبھۃ والموطوءۃ بشبھۃ تستحق مھر المثل کما صرحوا بہ واما حرمان المیراث فلما صرح بہ فی الدر (ص ۲۷۴۵ ج ۲) ویستحق الارث باحد ثلاثۃ برحم ونکاح صحیح فلا توارث بفاسد ولا باطل اجماعاً اھ، واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷ رشعبان ۴۳ھ۔

مہر کا ادا کرنا یکمشت ضروری ہے یا قسط وار بھی درست ہے

سوال (۷) شوہر کو وزانہ بارہ آنہ کی آمد ہے اس میں مہر ماہانہ دس روپیہ دیتا ہوں اور اس کے سوائے کوئی ملک وغیرہ نہیں آیا وہ ماہانہ دس روپیہ قبول کر سکتی ہے؟

الجواب؛ بحالت قیام نکاح تو اقساط کے ساتھ مہر ادا کرسکتا ہے اور بعد طلاق و خلع کے عورت یکمشت کل مہر وصول کرنے کی مستحق ہے اور اس وقت اقساط کا مقرر کرنا شوہر کے اختیار میں نہیں بلکہ حاکم کی رائے پر ہے۔

حکم منع المرأة نفسها عن زوجها بقبض المعجل والتفصیل فی ذلك

سوال (۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ خالدہ خانم اپنے شوہر خالد سے قبل دخلی یعنی رخصت ہونے سے پہلے کل زرِ مہر یا کوئی جزو زرِ مہر لینے کی عند الشرع مستحق ہے یا نہیں؟ (بینوا توجروا) اگر مہر معجل ہو یا مؤجل ہر دو صورت میں مستحق ہے یا کیا؟

الجواب؛ قال فی الدر ولها منعه من الوطی ودواعیه والسفر بها ولو بعد خلوة رضیتها لاخذ ما بین تعجیله من المهر کله او بعضه او اخذ قدر ما یعجل لمثلها عرفا به یفتی لان المعروف کالمشروط ان لم یؤجل او یعجل کله فکما شرطا لان الصریح یفوق الدلالة الا اذا جهل الاجل جهالة فاحشة فیجب حالا الا التاجیل بطلاق او بموت فیصح للعرف لها قال الشامی عن شرح الجامع لقاضی خان انه لو کان المهر مؤجلا لیس لها المنع قبل حلول الاجل ولا بعده وکذا لو کان المؤجل بعضه واستوفت العاجل وکذا لو اجلته بعد العقد ثم قال وعلی قول ابی یوسف لها المنع الی استیفاء الاجل فی جمیع هذه الفصول اذا لم یکن دخل بها الخ قال فی الدر وعن الثانی لها منعه ان اجله کله وبه یفتی استحسانا ولو الجیة اه قال الشامی وهذا اذا لم یشترط الدخول قبل حلول الاجل فلو شرطه ورضیت به لیس لها الامتناع اتفاقا اه (ص ۵۸۸ و ۵۸۹ ج ۲)۔

اس سے معلوم ہوا کہ مہر کی مختلف صورتیں ہیں:

۱۔ کل مہر معجل ہو یا بعض معجل ہو یعنی وقت نکاح کے تصریح کر دی گئی ہو کہ مہر کا کل یا بعض معجل ہوگا اس صورت میں عورت کو قبل رخصت و خلوت کل یا بعض جو بھی معجل طے ہوا ہو طلب کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

۲۔ بعض معجل ہو اور بعض مؤجل ہو تو معجل کے وصول کے بعد بقیہ کے بھی مطالبہ کا حق عورت کو ہے لیکن اس کے وصول ہونے پر اپنے نفس کی تسلیم کو موقوف نہیں کرسکتی۔

(۳) کل مؤجل ہو اور اجل طلاق یا موت ہو تو عرف کی وجہ سے تاجیل مجہول صحیح ہے اور اس صورت میں عورت کو طلب مہر کا تو حق ہے مگر اس کے کسی جزو یا کل کے وصول ہونے پر اپنے نفس کی تسلیم کو موقوف نہیں کرسکتی بلکہ اگر شوہر بدون کچھ مہر دئے اس کو اپنے پاس رکھنا چاہے تو اس کو حق امتناع نہ ہوگا۔ البتہ امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ مہر کل مؤجل ہو تو عورت کو حق امتناع ہے مگر یہ جب ہے کہ شوہر نے دخول قبل الاداء کی شرط نہ کی ہو اور یہ شرط کرلی ہو تو اتفاقاً عورت کو حق امتناع نہیں۔

میں کہتا ہوں کہ آج کل مرد کو اس شرط کی ضرورت نہیں۔ بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ مہر کل مؤجل ہونے کی صورت میں اگر عورت نے یہ شرط کرلی ہو کہ قبل اداء مہر میں دخول کو منظور نہ کرونگی تو اس کو حق امتناع ہے ورنہ نہیں۔ کیونکہ کل مہر کو مؤجل کرنا ہندوستان میں رائج ہے اور اس کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ دخول اداء مہر پر موقوف نہیں والمعروف کالمشروط پس اگر عورت نے اس امر معلوم عرفاً کی صراحۃً نفی نہیں کی تو گویا وہ بھی دخول قبل اداء پر راضی ہوگئی، ھذا واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۲۸ ذیقعدہ ۴۴ھ

صحیح مہر معلوم نہ ہو اور وارث اپنے دعویٰ پر گواہ نہ رکھتے ہوں تو مہر مثل پر فیصلہ ہوگا

سوال (۹) عبداللہ خاں مرحوم نے دو شادیاں کیں پہلی بیوی کا انتقال ہوگیا اُس کی اولاد موجود ہے اور دوسری بیوی زندہ موجود ہے اور اس سے دو بچے ہیں۔ عبداللہ خان اور ان کے والد نے اس پہلی بیوی کا مہر کسی مقدمہ کی شہادت میں اپنا بیان یہ دیا ہے کہ میری بیوی کا مہر ایک ہزار روپیہ ہے اور ان کے والد نے بھی یہی بیان دیا ہے کہ میرے لڑکے کی بیوی کا دین مہر ایک ہزار روپیہ ہے۔ عبداللہ خان کی بیوی کی بہنوں کا مہر ۵۔ ۵ ہزار روپیہ ہے اور ان کی پھوپھیوں کا مہر بھی ایک ہزار روپیہ ہے اور ان کے والد یعنی صاحبداد خان کی بیوی کا مہر بھی پانچ ہزار روپیہ ہے اور ان کے لڑکوں کی بیویوں کا مہر بھی پانچ پانچ ہزار روپیہ ہے اب عبداللہ خان کی اوّل بیوی کی اولاد یہ دعویٰ کرتی ہے کہ ہماری والدہ کا مہر پچیس ۲۵ ہزار روپیہ ہے۔ جس سے ان کا مقصود یہ ہے کہ دوسری بیوی اور اس کی اولاد کو محروم کرکے خود ہی اپنے والد کی جائیداد پر قابض رہیں اور اپنے سوتیلی ماں اور بھائی بہن کو کچھ نہ دیں، دریافت طلب یہ امر ہے کہ ایسی صورت میں عبداللہ خان مرحوم کی پہلی بیوی کا مہر از روئے شرع شریف کیا قرار دیا جاوے؟ عبداللہ خان نے جو وصیت نامہ

Made searchable using ScribeTools.com

مرنے سے پیشتر لکھا ہے اُس میں سب بہن بھائی کو لکھا ہے کہ اتفاق سے رہنا اور دوسری بیوی زندہ کا مہر ایک ہزار روپیہ لکھا ہے جو واقعی ٹھیک ہے مگر پہلی بیوی کے مہر کا کچھ ذکر نہیں لکھا خدا معلوم ادا کر گیا یا مرحومہ نے معاف کر دیا اس کا علم اللہ کو ہے۔

الجواب؛ اگر زوجہ اولیٰ کی اولاد اپنے دعویٰ پر دو عادل گواہ نہیں رکھتے تو مہر مثل پر فیصلہ کیا جاوے اور مہر مثل میں عورت کے خاندان کا اعتبار ہے سوال میں ظاہر کیا ہے کہ عبداللہ خان کی سالیوں کا مہر ۵ - ۵ ہزار روپیہ ہے بس اس کے مطابق پانچ ہزار روپیہ عبداللہ خان کی زوجہ اولیٰ کا مہر قرار دیا جاوے کما فی الدر المختار (وبعد موتهما فی القدر القول لورثته و) فی الاختلاف (فی اصله) القول لمنکر التسمیة (لم یقض بشیء) مالم یبرهن علی التسمیة (وقالا یقضی بمهر المثل) کحال حیاة (وبه یفتی) وفی الشامی تحت قوله لم یقض بشیء) لان مهر المثل یختلف باختلاف الاوقات فاذا تقادم العهد یتعذر الوقوف علی مقداره فتح وهذا یدل علی انه لو کان العهد قریبا قضی به بحر قلت وبه صرح قاضی خان فی شرح الجامع (ص ۵۹۴ ج ۲) .

احقر عبدالکریم عفی عنہ ۱۹ر جمادی الثانیہ ۴۴ھ .
الجواب صحیح ، ظفر احمد - ۱۹ر ج ۲ ۴۴ھ .

جو شخص بیوی کو مہر نہ دے اور نہ نیت ادا کی ہو تو اس کی اولاد کو ولد الحرام کہہ سکتے ہیں یا نہیں

سوال (۱۰) کوئی شخص بہت زیادہ اپنی حیثیت سے مہر مقرر کرے جو محض ایک برادری کی رسم کے لحاظ سے ہو اتنی رقم اس کی حیثیت کے اعتبار سے ادا کرنا ناممکن ہے مہر دینے کی نسبت کہتا ہے کہ یہ ایک فرضی بات ہے کون دیتا کون لیتا ہے اگر اتنا مہر مقرر نہ کروں تو نکاح ہی نہ ہو تو ایسے شخص کی اولاد کو کوئی ولد الزنا کہے یا سمجھے تو گناہ ہوگا یا نہیں ؟

الجواب؛ اس شخص کی اولاد کو ولد الزنا کہنا حرام ہے اور حرامی سمجھنا بھی بمعنی متعارف جائز نہیں اور حدیث میں جو ایسے شخص کو زانی کہا گیا ہے اس سے مراد گناہ میں مثل زانی کے ہوتا ہے۔ اور مثل زانی پر احکام زانی کے جاری کرنا درست نہیں۔

حکم تجدید نکاح بزیادت مہر از مہر سابق اور اس صورت میں شوہر کے ذمہ کونسا مہر واجب ہوگا

سوال (۱۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید عمر ۲۵ سال

اور عابدہ عمر ۱۴ سال ہر دو باوجود بالغین ہونے کے ان کے باہم عقد نکاح اس صورت میں واقع ہوا کہ وکیل اپنے دو شاہدوں کے ہمراہ ایک عام جلسہ میں آکر عابدہ اور اس کے والد کے وکیل بنانے کا اقرار دونوں شاہدین سے کرا کر زید کے ساتھ عابدہ کا نکاح ایک سو پچیس[۱۲۵] روپیہ مہر مؤجل پر ایجاب قبول کرا ہی دیا تھا کہ عابدہ کا ماموں اس جلسہ میں آتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ مہر بالکل کم ہے چالیس[۴۰] تولہ سونا چاہئے اور اسی پر اصرار کر کے عابدہ کے والد کو بھی مجبور کیا حتی کہ ثانی نکاح چالیس تولہ سونے پر کرا ہی چھوڑا حالانکہ زید زوج ایک سو پچیس[۱۲۵] روپیہ کا بار بھی نہیں اٹھا سکتا اور اس نے تقریب نکاح کا خرچ جو قرض لیکر کیا تھا اس کے ضائع ہو جانے کے خوف سے اور شریعت کی لاعلمی کی وجہ سے طوعاً و کرہاً نکاح ثانی بھی قبول کر لیا۔

(۱) عند الشرع کونسا نکاح منعقد ہوا اوّل یا ثانی ؟ (۲) زوجہ کا ماموں نکاح ثانی بالجبر کرانے کا مستحق ہے یا نہیں ؟ (۳) نکاح اوّل کا مہر واجب الادا ہے یا ثانی کا ؟ (۴) مہر مؤجل زوجہ کو کس وقت ادا کیا جا سکتا ہے ؟

اس کے چار ماہ بعد زوج وزوجہ میں باہمی تنازع ہوا اور عابدہ کے والد نے عابدہ کو بے اجازت زید کے مکان سے لیجا کر اپنے مکان پر بٹھا رکھا ہے اور زید کے ہاں آنے نہیں دیتا آیا عابدہ کا نان ونفقہ زید پر واجب الادا ہے یا نہیں مع حوالہ کتب معتبرہ ارقام فرما کر عند اللہ ماجور وعند الناس مشکور ہوں ؟

الجواب؛ قال فی العالمگیریة الزیادة فی المهر صحیحة حال قیام النکاح عند علمائنا الثلاثة کذا فی المحیط فاذا زادها فی المهر بعد العقد لزمته الزیادة کذا فی السراج الوهاج هذا اذا قبلت المرأة الزیادة سواء کانت من جنس المهر اولا من زوج اوولی . کذا فی النهر الفائق والزیادة تتأکد باحد معان ثلثة اما بالدخول او بالخلوة الصحیحة واما بموت احد الزوجین الخ ولو تزوج امرأة بالف درهم ثم جدد النکاح بالفین اختلفوا فیه ذکر الشیخ الامام المعروف بخواهر زاده فی کتاب النکاح ان علی قول ابی حنیفة رح ومحمد رح لا یلزمه الالف الثانیة ومهرها الف درهم وعلی قول ابی یوسف یلزمه الالف الثانیة وبعضهم ذکر الخلاف علی عکس

Made Searchable by ScribeTools.com

هذا قال بعض مشائخنا المختار عندنا ان لا یلزمه الالف الثانیة کذا فی الظهیریة (قلت وهذا اذا کان المقصود بالتجدید تجدید النکاح هزلاً وتلعبًا) فنی العالمگیریة ایضًا عقب ذلك مانصه وفتوی القاضی الامام علی انه لا یجب بالعقد الثانی شیئ الا اذا اعنی به الزیادة فی المهر فحینئذ یجب المهر الثانی کذا فی الخلاصة اه (ص ۲۹ ج ۲)

پس صورت مسئولہ میں نکاح ثانی تو لغو ہے لیکن چونکہ اس سے مقصود محض زیادت مہر تھی اس لئے مہر وہی واجب ہوگا جو دوبارہ مقرر کیا گیا ہے کیونکہ زید زوج نے اس کو برضا منظور کیا ہے اس پر اکراہ شرعی کا تحقق نہیں ہوا اور گو ماموں اس صورت میں ولی نہ تھا مگر اول تو اس نے والد عابدہ کو اپنے ساتھ متفق کر کے ایسا کیا ہے دوسرے مدار تو زوج کے منظور کرنے پر ہے جب اس نے دوسرے نکاح کے مہر کو منظور کر لیا تو اس کی طرف سے زیادت فی المہر کا تحقق ہو گیا پس اگر زوجہ مسماۃ عابدہ نے بھی اس زیادت کو قبول کر لیا ہو یعنی اس کو دوسرے نکاح کی مہر زائد پر ہونے کی اطلاع ہوئی ہو اور اس پر اس نے سکوت کیا اور نکاح ثانی سے انکار نہیں کیا تو یہ مہر لازم ہو گیا جو دخول یا خلوت سے مؤکد بھی ہو گیا اور اگر اس کو اطلاع نہیں ہوئی تو سوال دوبارہ کیا جائے۔

اور مہر مؤجل ہر ملک میں وہاں کی اصطلاح کے موافق ہے بعض جگہ طلاق یا موت کے وقت واجب الادا ہوتا ہے اور بعض بلاد میں وقت مطالبہ زوجہ کے ہم کو بنگال کی اصطلاح معلوم نہیں اس لئے کچھ نہیں کہہ سکتے۔

اور عابدہ جو اپنے باپ کے گھر چلی گئی ہے تو اس کے متعلق بھی یہ بات دریافت طلب ہے کہ وہ مہر کے متعلق کسی جھگڑے کی وجہ سے گئی ہے یا کسی اور بات پر جھگڑا ہوا ہے؟

اور یہ بھی لکھا جائے کہ بنگال میں مہر مؤجل کا ادا مطالبۂ زوجہ پر واجب ہوتا ہے یا طلاق و موت پر؟

اور صورت مسئولہ میں کل مہر مؤجل تھا یا کوئی حصہ معجل بھی تھا اور جو حصہ معجل تھا وہ عابدہ کو وصول ہو گیا یا نہیں؟ واللہ اعلم۔

۸ ربیع الاول ۴۶ھ

سوال (۱۲) بعد آداب کے عرض یہ ہے کہ میرے عزیز رحمن بیگ سلمہ کی شادی قریب گیارہ سال ہوئے ایسی عورت جو کسی علت کے سبب جماع کے قابل نہ ہے اس کے مہر وغیرہ کا کیا حکم ہے

جب ان کی خالہ کی لڑکی سے ہوئی تھی جب لڑکی بالغ ہوئی ہم بستری کے لئے اپنے شوہر کے پاس سوئی شوہر ہمبستری یعنی جماع کے لئے آمادہ ہوا تو اندام نہانی میں ایک ہڈی حائل ہوئی جس کی وجہ سے جماع کرنے سے مجبور رہا دوسرے روز صبح زنانہ شفاخانہ کی لیڈی نے ملاحظہ کیا تو بعد معائنہ کہا کہ یہ عورت مرد کے قابل نہیں ہے اور نہ ہی اس کے پستان چھاتیاں ابھری ہیں مردوں کا سا سینہ صاف ہے۔ اس وقت لڑکی کی عمر ۲۲ سال ہے، عرصہ تک میاں بیوی نے راز کو پوشیدہ رکھا، شفاخانہ کے معائنہ کرانے کے بعد بھی، آخر جب عزیزوں نے مجبور کیا تب صاف صاف بیان کیا، لیڈی ڈاکٹرنی جو انگریزی میم تھی پھر دوبارہ دیکھا اور کہا کہ لڑکے کی شادی دوسری کرو یہ عورت مرد کے کام کی نہیں ہے لہذا عرض ہے کہ جب دوسری شادی عزیز کی ہو جاوے گی تو اس پہلی عورت کا جو ناقابلِ مرد ہے اس کا کیا حق اپنے شوہر پر رہے گا یا نہیں رہے گا، مہر پانچ سو روپیہ کا ہے طلاق ابھی نہیں دی ہے دوسری شادی جب ہی ہو گی جب اس پہلی سے نجات ملے گی دوسری شادی جہاں ہو گی بات چیت سب طے ہو گئی ہے مگر اس ہی بناء پر اڑی ہوئی رکی ہوئی ہے کہ پہلی عورت مہر لینے کا حق رکھتی ہے یا نہیں۔ طلاق دینے کے بعد شوہر پر جو کچھ مہر وغیرہ کا حق حقوق ہے۔ براہِ کرم بہت جلد اطلاع دیں کہ اس کو طلاق دیکر دوسری شادی کی جاوے اور یہ نکاح بھی اس عورت سے جائز ہوا یا ناجائز جب کہ وہ مرد کے قابل ہی نہ تھی حدیث سے سب باتوں کے جواب سے شاد فرماویں؟

الجواب؛ قال فی الدر والخلوة بلا مانع حسی وطبعی وشرعی و رتق بفتحتین التلاحم قرن بالسکون عظم وعفل بفتحتین غدة وصغر لایطاق معه الجماع کالوطأ فیما یجیئ ای فی ثبوت النسب وتاکد المهر الخ ص ۲۷۵۵۹ وفیه ایضًا ویجب العشرة ان سماها او دونها ویجب الاکثر منها ان سمی الاکثر ویتاکد عند وطأ او خلوة صحت او موت احدهما ویجب نصفه بطلاق قبل وطأ او خلوت (صحت) وعاد النصف الی ملك الزوج بمجرد الطلاق اذ لم یکن مسلمًا لها وان کان مسلمًا لها لم یطل ملکها منه بل توقف عوده الی ملکه علی القضاء او الرضی اه ص ۲۷۵۴۴۔ وفیه ایضًا فی باب القسم یجب ان یعدل فیه ای فی القسم بالتسویة

Made searchable using ScribeTools.com

فی البیوتۃ وفی الملبوس والمأکول والصحبۃ لا فی المجامعۃ کالمحبۃ بل یستحب بلا فرق بین فحل وخصی وعنین ومجبوب ومریض وصحیح وصبی دخل بامرأتہ وبالغ لم یدخل بحر بحثا واقرہ المصنف ومریضۃ و صحیحۃ وحائض وذات نفاس ومجنونۃ لا تخالف وتتقاء وقرناء و وصغیرۃ یمکن وطیھا اھ (ص ۶۵۵ ج ۲)۔

ان عبارات سے امور ذیل مستفاد ہوئے کہ اس عورت سے نکاح درست ہوگیا اور

(۱) اگر اس عورت کو طلاق دے دی گئی تو وہ نصف مہر کی مستحق ہوگی۔

(۲) اور اگر طلاق نہ دی گئی تو زوج کے مرنے پر وہ مہر کامل کی مستحق ہوگی اسی طرح اگر یہ زوجہ مرگئی تو اس کے ورثہ شوہر سے پورے مہر میں حقدار ہوں گے۔

(۳) اگر طلاق نہ دی گئی بلکہ اس کی موجودگی میں دوسرا نکاح کیا گیا تو یہ زوجہ بھی دوسری کی طرح نفقہ وسکنیٰ اور شب باشی میں مساوات کی مستحق ہوگی اس کا حق ان امور میں دوسری سے کم نہ ہوگا ہاں صرف جماع مساوات کی مستحق نہیں کیونکہ وہ جماع کے قابل ہی نہیں اگر قابل بھی ہوتی جب بھی جماع میں مساوات کرنا واجب نہیں صرف مستحب ہوگا واللہ اعلم۔

۱۱ رجمادی الاولیٰ ۴۶ھ۔

ایسی عورت جو کسی علت کے سبب جماع کے قابل نہ رہے اس کے مہر وغیرہ کا کیا حکم ہے

سوال (۱۳) ایک کنواری عورت کے والدین جس کی عمر سترہ برس کی ہے اس کی شادی (ایک شریف نوجوان پردیسی کسی شخص سے کرتے ہیں) بعد رخصتی شب عروسی کے اول وقت میں جبکہ عورت کی ساس کچھ مطابق رسم نصیحت پند کرنے جاتی ہے تو عورت نہایت شرم سے اپنی ساس سے کہتی ہے کہ اماں جو کچھ آپ نے فرمایا یہ درست ہے میں اس کو سُنکر کیا کروں میں اس قابل ہی نہیں کہ میں ان کے پاس یا وہ میرے پاس آسکیں میں مجبور ہوں زیادہ دریافت حال پر عورت نے کہا کہ میرا جسم اور عورتوں کا سا نہیں ہے قدرت نے پیشاب کے واسطے صرف چھوٹا سا سوراخ عطا کیا ہے تو اسپر اس کی ساس دو عورتوں کو بلاتی ہے اور اس کا جسم دیکھکر تصدیق کرتی ہے کہ دلہن کا بیان سچ ہے۔

عہ اور اُن ورثہ میں شوہر بھی ہے اس کا حصہ شرعی مہر میں سے معاف ہوجاوے گا ۱۲ اشرف علی

کہا جاتا ہے کہ شادی کیوں کرائی۔ وہ جواب دیتی ہے کہ میرے ماں باپ میں ایک وقت بحث بھی ہوئی مگر میرے والد نے والدہ کو ڈانٹا جو میں نے سُنا اور مجھے بھی خاموش کردیا گیا میں مجبور تھی۔ چنانچہ لڑکے کو ہنوز اس عورت کے پاس نہیں جانے دیا اس کے والدین کو بلایا گیا وہ اپنی خطا پر نادم ہوکر لڑکی کو گھر واپس لے گئے اور کہا کہ ہم علاج کرا کر واپس کریں گے علاج کرایا گیا چار برس سے ہنوز آرام نہیں ہوا۔ لڑکا حیران ہے کہتا ہے کہ طلاق ہی دلادو میں دوسری جگہ شادی کرلوں میری عمر مت ضائع کرو اس عورت کے ماں باپ زور دیتے ہیں کہ مہر اور ہمارا سامان واپس کردو۔ لڑکا غریب ہے مجبور ہے لڑکا کہتا ہے میرا اس میں کیا قصور ہے کیا مجھے آپ نے آگاہ کیا میری شادی کرنے کا کیا یہی نتیجہ ہے شادی اسی لئے ہوتی ہے کہ ایسے دھوکہ دیا جاوے محض کسی ناجائز لالچ سے جس کی تم کو خبر تبھی افسوس ہے۔ امید ہے کہ باُمید فتویٰ مرحمت فرماویں اور چونکہ حضور سادہ کارڈ پر جواب صادر فرماویں گے کچھ تفصیل ضرور ہوگی کہ ہر آدمی وقت فیصلہ سمجھ سکے حضور کے جواب کا انتظار ہے (۱) یہ کہ ایجاب قبول ہوئے یا نہیں؟ (۲) نکاح ہوا یا نہیں (۳) اس دھوکہ کی صورت میں مہر واجب ہوا یا نہیں؟ جبکہ یہ عورت اور اُس کے ماں باپ کا قصور ہے زیادہ والسلام۔

۲۵

الجواب؛ صورت مسئولہ میں نکاح درست ہوگیا کیونکہ صحت نکاح کے لئے عورت کا عورت ہونا کافی ہے قابل جماع ہونا ضروری نہیں۔ اب اگر اس کو طلاق دی گئی تو چونکہ یہ طلاق قبل از دخول وخلوت صحیحہ ہے اس لئے شوہر پر مہر کامل تو واجب نہوگا ہاں نصف مہر واجب ہوگا۔ اور مہر عورت کا حق ہے جو نکاح سے واجب ہوجاتا ہے، عورت یا والدین کے قصور سے مہر ساقط نہیں ہوسکتا ہاں اگر بیوی مہر کو معاف کردے تو وہ اپنا حق معاف کرسکتی ہے، واللہ اعلم۔ ۲۲ ررجب ۴۶ھ۔

جہیز وغیرہ دینے کا حکم

سوال (۱۴) بعد سلام مسنون دیگر ممالک کی مجھے خبر نہیں مگر ہندوستان میں عام طور پر رواج ہے کہ شادی میں لڑکے اور لڑکی کو سسرال سے شادیانہ کپڑے دیئے جاتے ہیں میرے خیال میں عوام اور خواص سب ہی اس کو لازم اور واجب سمجھتے ہیں کیونکہ کوئی شادی آج تک ایسی نہ دیکھی گئی اور نہ سُنی گئی کہ جس میں کپڑے نہ دیئے گئے ہوں کپڑے دینے کے لئے لوگ بہت کچھ اہتمام کرتے ہیں اور شادی کا ایک ضروری جزو سمجھتے ہیں کیا یہ ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ لوگ قولاً اور فعلاً ثابت کررہے ہیں۔ جناب حضرت نبی کریم

صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنی متعدد شادیاں کیں۔ ان کی بنات طیبات کی شادیاں ہوئیں کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان شادیوں میں کپڑے لئے دیئے تھے۔ حضرات صحابہؓ اور صحابیاتؓ کی شادیوں میں کپڑوں کے لین دین رائج تھی۔ حضرات تابعین اور تبع تابعین نیز ائمہ دین متین کے زمانے میں یہ رسم ورواج تھا یا نہیں اگر نہیں تھا تو کب سے رواج ہوا شادیوں میں شادیانہ کپڑے لئے دیئے جائیں یا نہیں۔ جو حکم شرعی ہو مفصل مدلل تحریر فرما کر مخلوقات خدا کو راہ راست سے واقف فرمائیں اور عند اللہ ماجور ہوں۔

الجواب؛ باپ کا اپنی لڑکی کو نکاح کے وقت جہیز دینا سنت نبویہ سے ثابت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا کو شادی کے وقت جہیز[عہ] دیا ہے۔ اسی طرح نکاح کے وقت شوہر کا عورت کو زیور کپڑے وغیرہ دینا سنت سے ثابت ہے۔ حضرت علیؓ نے جس وقت نکاح کے بعد حضرت فاطمہؓ کے پاس جانا چاہا تو حضور نے فرمایا اعطها شيئا قال ما عندی ما اعطيها قال فاين درعك الحطمية الحديث وفی حديث الواهبة نفسها لرسول الله صلی الله عليه وسلم و لم يكن له فيها غرض فقام رجل وقال زوجنيها يا رسول الله ان لم يكن لك بها حاجة فقال هل عندك ما تعطيها قال لا الا ازاری قال فالتمس شيئا ولو خاتما من الحديد الحديث كلاهما صحيح.

ان روایات سے ثابت ہے کہ شوہر کو عورت کے پاس جانے سے پہلے اُس کو کچھ دینا چاہئے یہ عورت کا حق ہے۔

پس شادی میں کپڑے زیور وغیرہ دینے کا جو رواج ہے یہ رواج فی نفسہٖ خلاف شرع نہیں۔ البتہ اس میں افراط وغلو مناسب نہیں کہ اس قدر اہتمام کیا جائے جس سے پریشانی ہو اور قرض کا بار عظیم ہو جائے۔ باقی اپنی حیثیت کے موافق اہتمام کرنا شریعت کے موافق ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

اور لڑکے کو جو جوڑا دیا جاتا ہے اس کا ثبوت جزئی تو نہیں ہے مگر کلی ثبوت حدیث

عہ قلت ذكر الحافظ حديث جهازها وكذا حديث علیؓ اعطها درعك الحطمية فی ترجمة فاطمة من الاصابة (ص ۱۵۸ و ۱۵۹ ج ۸) ۱۲ ظفر

تهادوا تحابوا سے اس کا بھی ہے کیونکہ اس کا منشا محض اکرام ومحبت کا اظہار ہے اگر غلو نہو تو اس کا بھی مضائقہ نہیں، واللہ اعلم۔ ۱۲ ربیع الاول ۴۷ھ۔

ادائیگی مہر میں شوہر اور بیوی کے درمیان بعض شرائط کا حکم

سوال کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے ایک عورت سے کہ تمہارے دو ہزار روپیہ مہر ہے مگر اس شرط پر کہ تم کو اگر میں نے بلا کسی وجہ کے طلاق دے دیا یا گھر سے نکال دیا تو مہر دے دوں گا خواہ معجل ہو یا غیر معجل ہو کوئی تخصیص نہیں ہے اگر اس قسم کے وجوہات پیش نہ آئے تو مہر نہ دوں گا آیا یہ شرط فاسد ہے یا صحیح ہے نیز اس صورت میں مہر مثل ہوگا یا رقم مذکورہ مبلغ دو ہزار روپیہ جو متعین ہے ادا کرے گا اور عورت کی طرف سے یہ عہد ہے کہ ہر طرح سے خاوند کی فرمانبردار رہوں گی۔ اور اگر خاوند کی مرضی کے خلاف کوئی کام مجھ سے سرزد ہوئے تو معاہدہ مندرجہ بالا کالعدم وباطل تصور ہوگا آیا اس آخری شرط کے ماننے کے بعد مہر مثل ہوگا یا نہیں صاف تحریر فرماویں۔ بغرض مزید تفصیل نقل اقرار نامہ بھی ارسال ہے۔

نقل اقرار نامہ ملخصاً

منمقر نے مسماۃ لطیفن الخ سے نکاح ثانی کر کے اپنی زوجیت میں لایا ہے مسماۃ مذکور کا مہر دو ہزار روپیہ شرائط ذیل پر قرار پایا ہے کہ ہر دو معاقدین کا خداوند عالم اتفاق ومحبت سے زندگی بسر کرادے۔ اگر خاوند بلا کسی وجہ یا قصور کے طلاق دے یا گھر سے نکال دے تو مبلغ دو ہزار روپیہ دینا پڑے گا۔ آگے چلکر بیوی کا اقرار ہے

اگر خاوند کی مرضی کے خلاف کوئی کام مجھ سے سرزد ہووے گا تو یہ معاہدہ مندرجہ بالا کالعدم وباطل تصور ہوگا اور منمقر خاوند کو کوئی عورت شادی شدہ یا نکاح ثانی میری موجودگی میں رکھنے کا ہرگز اختیار نہ ہوگا۔

دیگر یہ بھی فرماویں کہ خاوند کے کاروبار خانگی بذمہ عورت کون کون سے ضروری ہیں؟ زیادہ والسلام۔

الجواب؛ یہ شرط فاسد ہے اور عورت مدخول بہا ہے تو وہ ہر حالت میں دو ہزار کی مستحق ہے خواہ اس کو طلاق دی جائے یا نہ دی جائے گھر سے نکالا جائے یا نہ نکالا جائے اور صورت مسئولہ میں مہر مثل کا کوئی احتمال نہیں لعدم التردید فی

Made searchable using ScribeTools.com

کمیۃ المھر وعدم تعلیقہ علی شیٔ وانما علق اداءہ وعدم اداءہ علی شرائط بعد ما جعل المھر الفین کما ھو ظاھر من نقل اقرارنامۃ، واللہ اعلم۔

اور عورت کے عہد سے بھی مہر کا ابطال نہیں ہوا بلکہ وہ عہد ہی لغو ہے وہ جب تک صراحۃً معاف نہ کرے اور خوشی سے معاف نہ کرے تو معاف نہ ہوگا۔

اور بیوی کے ذمہ چار باتیں لازم ہیں جن پر شوہر اس کو مجبور کر سکتا ہے:

(۱) جب شوہر مجامعت کے لئے بلاوے اور عورت بیمار نہ ہو تو انکار نہ کرے۔

(۲) شوہر اگر زینت کا طالب ہو تو اس کے لئے زینت وآرائش کیا کرے بشرطیکہ زینت خلاف شرع نہ ہو۔

(۳) شوہر کے گھر سے بدون اس کی اجازت کے باہر قدم نہ رکھے نہ کسی نامحرم کے سامنے چہرہ کھولے۔

(۴) جس شخص کا گھر میں آنا شوہر کو گوارا نہیں اس کو گھر میں آنے کی اجازت نہ دے۔

ان امور کے سوا اور کسی بات پر مرد عورت کو مجبور نہیں کر سکتا اگر مجبور کرے گا، گنہگار ہوگا۔ البتہ عورت کو دیانۃً واجب ہے کہ شوہر جس مباح شرعی کا امر کرے اور اس کی طاقت سے باہر کام نہ ہو اس کو بجالائے خواہ شوہر کو اس کے حکم کا حق ہو یا نہ ہو گو وہ بلا استحقاق کسی زائد کام کا بدون رضا کے حکم کرے گا تو گنہگار ہوگا۔ لیکن اگر وہ عمل شرعاً مباح اور عورت کی قدرت میں داخل تھا تو عورت بھی مخالفت امر زوج سے گنہگار ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

یکم ذی الحجہ ۴۷ھ۔

مہر مثل کی تحقیق نہ ہو سکے یا وہ عرفاً مختلف ہو تو کس مہر پر فیصلہ کیا جائے

سوال (۱۶) مہر مثل کی تعریف جو فقہاء نے لکھی ہے اگر اس کی تحقیق نہ ہو سکے یا وہ عرفاً مختلف ہو تو پھر کس مہر پر فیصلہ کیا جاوے گا یا مہر مسمیٰ ہی ہر حالت میں معتبر ہوگا؟

الجواب؛ فقہاء نے جو مہر مثل کی تعریف لکھی ہے اس کی تحقیق کی ضرورت وہاں ہے جہاں اختلاف صفات زوجین سے مہر خاندانی مختلف ہو جاتا ہے اور جہاں مہر خاندانی ہر حال میں واحد ہو کہ خاندان کی ہر لڑکی کا مہر اس سے کم نہ ہوگا اور غالب احوال میں زیادہ بھی نہیں ہوتا الا نادراً لعارض تو وہاں مہر خاندانی ہی مہر مثل ہوگا اور ہندوستان میں اکثر مقامات پر ہر قوم کا مہر ہر شہر میں رواجاً معین ہے اس سے کم وبیش نہیں ہوتا

پس اسی کو مہر خاندانی کہا جائے گا اور اگر کسی قوم میں مختلف مہور ہوں تو ہر لڑکی کی پھوپیوں، اور چچازاد بہنوں کا مہر اس کے حق میں مہر مثل ہوگا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

یکم صفر ۴۸ھ۔

سقوط مہر کے متعلق "بیان القرآن" کی ایک عبارت کی تشریح

سوال (۱۷) آپ کے مترجم قرآن عظیم کے والمحصنٰت کے حاشیہ پر یہ مضمون مرقوم ہے کہ اگر صحبت یا خلوت نہیں ہوئی اور[1] مرد چھوڑ دے تو نصف مہر لازم ہوگا یہ تو ظاہر ہے اور آگے یہ لکھا ہے کہ اگر عورت ایسا کام کرے جس سے نکاح ٹوٹ جاوے تو پھر بالکل مہر لازم نہ آئے گا اس سے کفر مراد ہے یا اور کچھ ہے؟

الجواب؛ عورت کی جانب سے نکاح ٹوٹنے کی صورت ایک یہ بھی ہے کہ عورت مرتد ہو جاوے اور اس کے علاوہ دوسری صورتیں بھی ہیں مثلاً (۱) مرد وعورت کا نکاح ہوا تھا مرد مسلمان ہو گیا اور عورت نے اسلام سے انکار کر دیا۔ (۲) یا عورت نے خاوند کے بیٹے سے بشہوت تقبیل کی۔ (۳) یا رضاع کا تحقق ہوا (یعنی ایک بالغہ سے کسی نے نکاح کیا اور ایک چھوٹی بچی سے جس کی عمر دو سال سے کم ہو اور کبیرہ نے صغیرہ کو دودھ پلا دیا اور اب تک اس سے دخول نہ ہوا تھا تو کبیرہ کا مہر ساقط ہو گیا اور دونوں حرام ہو گئیں کما فی العالمگیریۃ ص ۲۷۰ اذا تزوج الرجل صغیرۃً وکبیرۃً فارضعت الکبیرۃُ الصَّغیرۃَ حرمتا علی الزوج ثم ان لم یدخل بالکبیرۃ فلا مھر لھا الخ) یا (۴) خیار بلوغ وعتق کی حالت میں عورت نے نکاح فسخ کر دیا۔ (۵) یا کفو نہ ہونے کے سبب، کما فی العالمگیریۃ ص ۲۷۲ وان جاءت الفرقۃ من جھتھا فلا تجب (ای المتعۃ) کردتھا وابائھا الاسلام وتقبیلھا ابن الزوج بشھوۃ والرضاع و خیار البلوغ وخیار العتق وعدم الکفاءۃ الی ان قال وکل موضع لا تجب المتعۃ فیہ عند عدم التسمیۃ لا نصف المسمیٰ عند وجودھا کذا فی التبیین۔

کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ۔

عورت مہر کا روپیہ کس کس کام میں لا سکتی ہے

سوال (۱۸) زید نے اپنی زوجہ کا مہر ادا کر دیا مہر کا روپیہ زید کی زوجہ کے پاس موجود ہے اب وہ مہر کا روپیہ خیرات کر دیوے یا کسی مسجد یا مدرسہ وغیرہا میں صرف کر دیوے تو جائز ہے یا نہیں علاوہ اس کے مہر کا روپیہ کس کام میں لانا چاہئے؟

[1] یعنی اگر صحبت یا خلوت صحیحہ سے پہلے شوہر اپنی بیوی کو طلاق دیدے۔ (دلاور حسین کملائی)

الجواب؛ اس کی ملک ہے اس کو پورا اختیار ہے جو چاہے کرے۔

تنبیہ:۔ اگر یہ روپیہ اتنا ہے کہ حج ہو سکے اور اس نے حج نہ کیا ہو تو حج کرنا فرض ہے اور اگر حج کے لئے کافی نہ ہو یا حج کر چکی ہو تو خواہ جمع رکھے اور زکوٰۃ ادا کرتی رہے یا شوہر کو دیدے یا اقارب وغیرہ پر صدقہ یا ھدیہ صرف کر دے ہر طرح اختیار ہے۔

۱۵ رمضان ۴۸ھ۔

مہر مثل کے بارے میں

سوال (۱۹) زید ولی بالغ جو حقیقی بھائی ہندہ نابالغہ کا ہے اس نے ہندہ سے گواہوں کے سامنے بعوض پندرہ ہزار روپیہ دین مہر کے اپنا نکاح کر لیا اور اس دیار میں مہر معین نہیں ہے کسی کا چالیس ہزار کسی کا تیس ہزار کسی کا پچیس ہزار کسی کا بیس ہزار کسی کا پندرہ ہزار کسی کا دس ہزار علیٰ ھذا القیاس ہوا کرتا ہے۔ اور ہندہ کی دادھیالی عورتوں میں یا اس قبیلہ میں جو ہندہ کے باپ کے قبیلہ کے مماثل ہو۔ کوئی ایسی عورت جو اپنے نکاح کے وقت میں ہندہ کے ساتھ مساوات و مماثلت رکھتی ہو نہیں موجود ہے کہ اس عورت کا جو مہر مقرر ہوا ہو وہی مہر ہندہ کا قرار دیا جائے تو یہ پندرہ ہزار مہر غبن فاحش ہے یا نہیں اور جبکہ ایسی کوئی عورت جو دونوں میں عقد کے وقت مساوات ہو نہیں ملتی ہے تو یہ نکاح صحیح ہوگا یا نہیں۔ اگر نہیں صحیح ہے تو صحیح ہونے کی کیا صورت ہے بینوا توجروا۔

الجواب من بعض العلماء۔

سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا انك انت العليم الحكيم۔ جبکہ اس دیار میں تقدیر مہر بمقدار معین نہیں ہے اور نہ کوئی ایسی عورت خاندانی موجود ہے جس میں ہندہ کے اوصاف کا اجتماع ہو تو ولی بالغ کو نابالغہ سے چالیس ہزار یا پچیس ہزار میں اپنے ساتھ نکاح کرنا تھا تاکہ پندرہ ہزار میں غبن متصور نہ ہوتا چونکہ ولی نے اپنے ساتھ پندرہ ہزار میں بلا وجود عورت متساویہ مماثلہ نکاح کیا ہے لہذا یہ نکاح صحیح نہ ہوگا ولی کو پھر نکاح بالمہر مقرر کے کرنا چاہئے کہ اگر پہلا نکاح صحیح نہ ہوا ہو تو نکاح ثانی صحیح ہوگا۔ فتاوی ہندیہ میں ہے واذا زوج غير الاب والجد الصغيرة فالاحتياط ان يعقد مرتين مرة بمهر مسمى ومرة بغير مهر مسمى لامرين احدهما انه لو كان فى التسمية نقصان لا يلزم النكاح الاول ويلزم الثانى بمهر المثل والثانى ان الزوج لو كان حلف بطلاق امرأة يتزوجها بلفظ ان اتزوج او بلفظ كل امرأة اتزوجها

ينعقد الثانى بمهر المثل وتحل انتهى وهكذا فى فتاوى قاضى خان وقال فى رد المحتار (ص۵) نقلاً عن البحر ولذا ذكره فى الخانية وغيرها ان غير الاب والجد اذا زوج الصغيرة فالاحوط ان يزوجها مرتين مرة بمهر مسمى ومرة بغير التسمية لانه لو كان فى التسمية نقصان فاحش ولم يلزم النكاح الاول يلزم الثانى وليس للتزويج من غير كفؤ حيلة كما لا يخفى۔

ہاں اگر کوئی عورت ہندہ کے دادھیالی عورتوں میں سے یا اس قبیلہ میں سے جو ہندہ کے باپ کے قبیلہ کے مماثل ہو۔ ایسی عورت ہو کہ جو اوصاف ہندہ میں ہوں وہ اس عورت میں بھی ہوں تو اس عورت کا جو مہر ہے وہی ہندہ کا ہوگا، اگر اس عورت کا مہر پندرہ ہزار مقرر ہوا تھا تو ہندہ کا بھی پندرہ ہزار یا آٹھ نو ہزار تک ہو سکتا ہے ایسی صورت میں دوبارہ نکاح کی حاجت نہیں۔ اور مہر بالمثل کی تعریف عالمگیری میں یہ لکھی ہے۔ ومهر مثلها يعتبر بقوم ابيها اذا استويا سنا وجمالا وبلدا وعصرا ودينا وبكارة وكذا يشترط ان تستويا فى العلم والادب وكمال الخلق وان لا يكون لهما ولد۔ كذا فى التبيين انتهى، واللہ اعلم بالصواب

محمد عبد الرشید
ذوالقعدۃ ۴۸ھ۔

الجواب من جامع امداد الاحکام:

اس میں شک نہیں کہ دوبارہ تسمیہ مہر نکاح کر لینا احوط ہے لیکن مہر مثل دادھیالی خاندانی ہی میں منحصر نہیں بلکہ اگر کسی عورت کا مثل دادھیالی خاندان میں نہ ہو تو ننھیالی خاندان سے مہر مثل اس کا معلوم کیا جائے اگر اس میں بھی نہ مل سکے تو دوسرے اجنبی خاندانوں میں جو خاندان اس عورت کے باپ کے خاندان کا عرفاً مماثل ہو اس سے مہر مثل معلوم کیا جائے نیز یہ امر بھی قابل تنبیہ ہے کہ مہر مثل میں جن اوصاف کے اندر عورتوں کی مماثلت کو فقہاء نے بیان کیا ہے اس سے یہ مراد نہیں کہ سب اوصاف میں مماثلت شرط ہے بلکہ بعض اوصاف میں بھی مماثلت کافی ہے صرح به فى الشامية (ص۲۷۵۸۳) اس کے بعد امید ہے کہ اس عورت کا مثل اس کے دادھیالی خاندان میں بھی مل جائے گا۔

واللہ اعلم۔ ۱۵ ذیقعدہ ۴۸ھ۔

Made searchable using ScribeTools.com

فصل فی القسم عند تعدد الازواج

دن کے وقت بیویوں کے درمیان عدل کرنا واجب نہیں

سوال (۱) بہشتی زیور سے معلوم ہوا ہے کہ بیبیوں کے درمیان رات میں برابری ضرور چاہئے دن میں برابری نہیں ہے تو اگر کسی بی بی کی باری میں اس کے یہاں دن کو کھانا کھا کر دوسری بی بی کے گھر پر جس کے یہاں باری نہیں ہے دن کو علیحدہ چارپائی پر جا کر سو رہے تو درست ہے یا نہیں ؟

الجواب؛ یہ صورت درست ہے، واللہ اعلم ۲۷ شوال سنہ ۴۰ھ۔

بیویوں کے درمیان عدل کرنے کے معنیٰ اور فقہاء کے کلام پر ایک اشکال کا جواب

سوال (۲) متعدد ازواج میں عدل کا حکم قرآن سے ثابت ہے اور وہاں اسے عام رکھا گیا ہے جس کے معنیٰ یہ سمجھ میں آتے ہیں کہ کم از کم امور اختیاریہ میں تو من کل الوجوہ عدل ہونا چاہئے یعنی سفر میں اور نفقہ میں اور وطی میں، سفر میں بھی پھر فقہاء نے اجازت دی ہے کہ خواہ جسے لے جاوے۔ نفقہ میں موسرہ اور معسرہ کی حالت کا اعتبار کیا ہے جس سے ممکن اور اغلب ہے کہ ایک کی حیثیت سو روپیہ ماہوار کی ہو اور ایک کی دس روپیہ ماہوار کی۔ وطی میں بھی عدل نہیں ہے بلکہ اختیاری زوجہ پر موقوف ہے۔ اس کے بعد عدل واقعی نہیں رہتا بلکہ ایک فرضی دکھاوے کی صورت رہ جاتی ہے کہ قسم میں دونوں برابر رہیں۔

الجواب؛ آپ نے عدل کے معنی تسویہ سمجھے ہیں اس لئے غلط فہمی ہوئی عدل کے معنی جور[1] کے مقابل ہیں یعنی ہر چیز کے ساتھ اس کے مناسب اور حق واجب کے موافق برتاؤ کرنا پس اگر زوجتین یسار و اعسار میں مساوی ہیں تو نفقہ میں تسویہ ورنہ حسب حیثیت عدل واجب ہے۔ تعدد ازواج کی صورت میں تسویہ صرف بیتوتہ وصلات زائدہ میں واجب ہے جبکہ سب حرائر ہوں بقیہ امور میں عدل ہی واجب ہے نہ کہ تسویہ۔ ۸ شوال۔

مسائل متفرقہ متعلقہ نکاح

حضرت امام حسینؓ اور حضرت شہر بانو کے نکاح کی تحقیق

سوال (۱) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں جو مال غنیمت میں آیا تھا اس میں حضرت شہر بانو رضی اللہ عنہا آئیں تھی اور وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے صاحبزادہ بڑے صاحب کو بغیر نکاح کئے ہوئے دے دی گئیں

[1] یعنی ظلم۔ دلاور حسین بنگلہ دیشی۔

چونکہ اتنا تو مجھے معلوم ہے کہ جو مال غنیمت میں اس زمانہ میں آیا کرتا اور اس میں عورتیں یا لڑکے آتے تھے وہ ویسی ہی تقسیم کر دیا جایا کرتا تھا یا آزاد کر دیا جاتا تھا ان سے نکاح اللہ تعالیٰ نے جائز نہیں رکھا تھا اور یہ شیعہ لوگ جو ہیں وہ کہتے ہیں کہ نکاح ہوا ہے۔ ہمارے بھوپال میں ایک شخص سید صاحب مشہور ہیں وہ تو سنت جماعت ہیں انہوں نے اپنے مکان میں ایک شیعہ صاحب یعنی میر صاحب کو مہمان ٹھیرا لیا ہے وہ شخص رات دن ہر شخص سے مناظرہ کیا کرتا ہے چونکہ میں بھی ان کے مکان میں رہتا تھا ایک روز مجھ سے میر صاحب نے گفتگو کری، میں نے ان سے سوال کیا کہ ایک بات تم بتاؤ انہوں نے حامی بھری اور فرمایا کہ کہئے میں نے پھر ان سے سوال کیا کہ میر صاحب آپ ہر شخص سے مناظرہ کرتے ہیں ایک بات کا ہماری جواب دے دو حالانکہ میں نے ان سے صرف پہلے اتنا دریافت کیا کہ تم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت کو حق مانتے ہو تو پھر نکاح تم حضرت شہر بانو کا کہاں سے ثابت کرتے ہو چونکہ ہم نے تو سنا ہے کہ نکاح ثابت نہیں ہے اور نہ نکاح ہوتا ہے جب مال خلافت میں آتا ہے تو ان کا نکاح رب العالمین نے جائز نہیں رکھا ہے لہذا میر صاحب غلطی پر ہو اور نیز میں نے ان کو یہ کہا کہ جو لوگ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت کو حق مانتے ہیں اور یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ اس حالت میں اللہ تعالیٰ نے نکاح جائز نہیں رکھا ہے وہ سید تو حلالی اور جو اس کو نہیں مانتے ہیں وہ حرامی ہیں

الجواب؛ غنیمت میں جو باندیاں آتی ہیں اُن کے ساتھ باندی رکھکر تو بیشک نکاح جائز نہیں۔ لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ جس شخص کو باندی دی جائے وہ اس باندی کو آزاد کر کے اس سے نکاح کر لے تو ممکن ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے شہر بانو رضی اللہ عنہا کو آزاد کر کے ان سے نکاح کر لیا ہو بدون تحقیق کے اس احتمال کو رد نہیں کیا جا سکتا نیز سائل کا یہ قول بھی غلط ہے کہ جو سید لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کو نہیں مانتے وہ حرامی ہیں، حرامی یا حلالی ہونے میں خلافت کے ماننے نہ ماننے کو کیا دخل ہے فقط۔ ۲۶ ربیع الثانی سنہ ۴۵ھ

بیوی پر گھر کا کام اور روٹی پکانا واجب ہے یا نہیں

سوال (۲) بیوی کے ذمہ شوہر کے لئے روٹی پکانا اور گھر کے کام کاج کرنا واجب ہیں یا نہیں ؟

الجواب؛ زوجہ کے ذمہ شوہر کی خدمت و اعمال بیت دیانۃً واجب ہیں قضاءً نہیں لہذا شوہر اس کو مجبور نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر انکار کرے گی گنہگار ہوگی (بشرط قدرتها

وعدم عجزها) قال فی الدر[1] استاجر امرأته لتخبز له خبزا للاکل لم یجز وللبیع جاز - صیرفیة - قال الشامی قوله لم یجز لان هذا العمل من الواجب علیها دیانةً ..... وافاد المصنف آخر الباب ان استیجار المرأة للطبخ والخبز وسائر اعمال البیت لا تنعقد ونقله عن المضمرات ط قلت کأنه لانه واجب علیها دیانةً ثم راجعت باب النفقة فرأیته علل به وزاد ولو شریفة لانه علیه السلام قسم الاعمال الخ وهذا یدل علی ما قدمنا من ان المفتی به عند المتاخرین فی الاستیجار علی الطاعات ما نصوا علیه لاکل طاعة اھ ص ۵۹ ج ۵ - ۳ شعبان ۴۱ھ

منکوحہ نومسلمہ اگر بت خانہ میں جاکر افعال شرکیہ کرے تو مسلمہ ہے یا نہیں

سوال (۳) ایک مسلمان شخص نے ایک مشرکہ عورت کو کلمہ وغیرہ پڑھا کر نکاح میں لایا بعد نکاح کے وہی عورت اپنے بت خانوں میں جاتی ہے اور وہاں کے رسم وغیرہ بھی بجالاتی ہے اور اسکے لڑکے وغیرہ تو سخت تعصب کرتے ہیں کہ مسلمان مذہب کچھ نہیں جب تمام گھر والے بت خانے میں جاتے ہیں تو ان کے خاوند بھی ساتھ جاتے ہیں جو کچھ مشرکوں کے یہاں رسم ورواج ہے سب دیکھ بھال کرتے ہیں نہ اپنی عورت کو منع کرتے ہیں نہ اولاد کو ایسے گھروں میں دعوت ہونے سے کچھ کھا سکتے ہیں یا نہیں اگر کسی قوم کے پیشوا نے کھائی تو اس کے پیچھے اقتداء کرنا جائز ہے یا نہیں حالانکہ یہ پیشوا خوب حالت سے واقف ہے اگر نہیں دیکھا تو سنا ضرور ہے۔

الجواب؛ جب وہ عورت بدستور بت خانہ میں جاتی ہے اور وہاں جاکر افعال شرکیہ کرتی ہے اور اسکی اولاد یہ کہتی ہے کہ مسلمان مذہب کچھ نہیں تو یہ عورت اور اس کی اولاد مرتد ہے اور اگر شوہر بھی ان کے افعال شرکیہ سے راضی ہے تو وہ بھی مرتد ہے اس کے ساتھ سلام وکلام وتعلقات وغیرہ نہ رکھنا چاہئیں جب تک کہ یہ سب ان افعال سے توبہ کریں اور توبہ کے بعد تجدید نکاح بھی لازم ہے مقتداؤں کو ایسے شخص کے یہاں دعوت قبول نہ کرنا چاہئے لیکن اگر کوئی بیحیائی سے قبول کرے تو اس کے پیچھے نماز درست رہے گی۔ واللہ اعلم۔

۶ شعبان ۴۳ھ

سالی سے زنا کرنے سے بیوی حرام نہیں ہوتی

سوال (۴) اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی بہن سے زنا کرے اور حمل قرار پائے یا نہیں تو اس کی اصل بیوی اس کے تحت میں رہے گی یا نہیں؟

[1] تحت فروع قبیل باب ضمان الأجیر من کتاب الاستیجار ۶: ۶۲ - ایچ - ایم سعید کمپنی - دلاور سین بکلڈپو۔

الجواب؛ بیوی کی بہن سے زنا کرنے سے اصل بیوی حرام نہیں ہوتی اس کا نکاح بحالہ باقی ہے ہاں زانی کو گناہ شدید ہوگا۔

شوہر اپنی بیوی کو والدین کے گھر سے جبراً لا سکتا ہے

سوال (۵) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس صورت میں کہ ایک شخص کی منکوحہ عقد نکاح کے ایک سال بعد اپنے والدین کے گھر چند روز کے لئے بغرض ملاقات گئی فی الحال عرصہ دو سال کا ہوتا ہے کہ زوجہ مذکورہ اپنے والدین کے گھر ہے شوہر اب تک برابر نان ونفقہ سے خبر گیری کرتا رہا اور چاہتا ہے کہ اپنی بیوی کو اپنے گھر لے آوے مگر بیوی کے والدین بعضے مصالح دنیویہ کی وجہ سے رضامندی سے چھوڑنا نہیں چاہتے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا شوہر کو شرعاً اختیار ہے کہ بجبر واکراہ اپنی بیوی کو یا باستعانت قانون گورنمنٹ اپنی گھر لے آوے اگر ایسا اختیار ہے تو کتاب کا حوالہ بقید صفحہ تحریر فرما کر ممنون فرماویں۔

الجواب؛ فی تنویر الابصار ولها منعه من الوطی والسفر بها ولو بعد وطی وخلوة رضیتها لاخذ ما بین تعجیله او قدر ما یعجل لمثلها عرفا ان لم یعجل کله وقال الشامی (قوله والسفر) الاولی التعبیر بالاخراج کما عبر فی الکنز لیعم الاخراج من بیتها کما قاله شارحوه ط (قوله لاخذ ما بین تعجیله) علة لقوله ولها منعه او غایة له واللام بمعنی الی (قوله او قدر ما یعجل الخ) ای ان لم یبین تعجیله او تعجیل بعضه فلها المنع لاخذ ما یعجل لمثلها عرفا وفی الصیرفیة الفتوی علی اعتبار عرف بلدهما الخ (ص ۵۸۷ و ۵۸۸ ج ۲)۔

پس اگر وہ شخص مہر معجل ادا کر چکا ہے تو اس کو اختیار ہے کہ باوجود عورت یا اس کے والدین کی رضامندی نہ ہونے کے عورت کو لے آوے اور اگر مہر معجل ادا نہیں کیا تو جب تک ادا نہ کیا جاوے اس وقت تک عورت کو اختیار ہے کہ وہ آنے سے انکار کر دے

کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۵ ج ۲ ۴۴ھ

اور اگر عرف یہ ہو کہ مہر کل مؤجل ہوتا ہو جو موت یا طلاق ہی کے وقت مانگا جاتا ہے جیسا کہ ہماری اطراف میں عرف ہے تو پھر عورت کو انکار کا کچھ حق نہیں اور مسافت قصر سے کم مسافت میں شوہر جہاں چاہے اس کو لیجائے اور اپنے گھر پر تو جبراً لا سکتا ہے فقط ظفر احمد عفا عنہ ۱۶ ج ۲ ۴۴ھ

Made searchable using ScribeTools.com

بیوی سے کتنی مدت تک نہ ملنے کی اجازت ہے

سوال (۶) کیا یہ صحیح ہے کہ انسان اگر سفر میں جائے کسی ضروری کام کے لئے اور اس کا وہ کام اب تک ختم نہ ہوا اور اس میں چار ماہ ہو جائیں تو بیوی سے چار ماہ میں نہ ملنے سے وہ گنہگار ہوتا ہے ؟ یا کہ وہ مختار ہے کہ جہاں تک چاہے سفر میں رہ سکے۔

الجواب؛ اس صورت میں گناہ ہونا مطلقاً لازم نہیں بلکہ قاعدہ یہ ہے کہ بیوی سے دیانۃً اتنی مدت تک نہ ملنے سے گناہ ہوتا ہے جس میں اندیشہ اس کی عفت زائل ہونے کا ہو یا یہ اندیشہ ہو کہ اس کو غیر مردوں کی طرف التفات ہوگا اب اس کو ہر شخص اپنی بیوی کی حالت میں غور کر کے دیکھ لے کہ اس کی بیوی کتنی مدت تک مرد سے صبر کر سکتی ہے اور کتنی مدت میں اس کو مرد کی طرف اشتیاق ہوتا ہے بعض فقہاء نے اندازہ سے چار ماہ اس کی مدت مقرر کی ہے وھی مدۃ الایلاء وبھا امر عمرؓ ان لا یحبس رجل فوقھا فی الجیش. مگر اختلاف حالات وامزجہ سے اس میں کمی بیشی بھی ہو سکتی ہے، واللہ اعلم۔ ۱۲ رجب ۱۳۴۶ھ

کیا عورت کا مرد پر حق ہے کہ وہ رات کو اپنے بستر پر لٹائے

سوال (۷) کیا مرد پر عورت کا حق ہے کہ رات کو اپنے بستر پر لٹاوے یا فقط ایک گھر میں۔ یا کچھ بھی ضروری نہیں دوسرے گھر میں بھی رکھ سکتا ہے اور ایفائے حق جماع کے لئے کبھی کبھی اپنے پاس لانے سے ادائے حق سے سبکدوش ہو جائے گی غرض رات کو سونے میں عورت کا حق کہاں پر سونا ہے ؟

الجواب؛ مرد کے ذمہ عورت کو اپنے بستر پر لٹانا واجب نہیں

یہ واجب ہے کہ رات کو اسی گھر میں سوئے جہاں عورت سوتی ہے بلکہ دیانۃً یہ واجب ہے کہ عورت کے پاس جانے میں اتنی دیر نہ کرے جس سے عورت کے فساد خیال کا خطرہ ہو البتہ اگر کسی کے دو بیویاں ہوں اور وہ ایک گھر میں سوتا ہو تو اس پر دوسری کے گھر سونا بھی واجب ہے تسویۃً وعدلاً فی البیتوتۃ۔ اور یہ اس وقت ہے جبکہ عورت کو خاوند کے باہر لیٹنے سے وحشت نہ ہوتی ہو اور اگر وحشت ہوتی ہو تو سوال دوبارہ کیا جائے اور یہ بھی بتلایا جائے کہ دفع وحشت کی اور کوئی صورت ہو سکتی ہے یا نہیں، فقط۔

۱۵ ذیحجہ ۴۷ھ

خرید کردہ آزاد عورت سے بغیر نکاح وطی کا حکم

سوال (۸) اکثر پہاڑی مقامات پر خرید و فرخت مستورات کی ہوتی ہے کبھی ہندوستانی خرید کردہ عورت سے (کنیز یا حرم یا

باندی) بغیر نکاح وطی جائز ہے یا نہیں اور ناجائز ہے تو بغیر موجودگی گواہان محض ایجاب و قبول اور تعین مہر کے نکاح ہو سکتا ہے یا موجودگی گواہان ضروری ہے؟ فقط

الجواب؛ اول تو اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں دوسرے جن روایات میں جواز ہے ان میں قید ہے کہ وہ کفار اس کو جائز سمجھیں اور یہ بھی ہنوز متحقق نہیں (اشرف علی) اس لئے ان خرید کردہ عورتوں کو باندی بنا کر اون سے وطی وغیرہ کرنا جائز نہیں نکاح کر لینا چاہئے اور نکاح کے لئے دو گواہوں کا ہونا شرط ہے بدون دو گواہوں کے نکاح نہ ہوگا فقط۔

احقر عبد الکریم عفی عنہ ۱۴ صفر ۴۵ھ الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ

بدون ادائیگی مہر معجل بیوی سے مجامعت درست ہے یا نہیں

سوال (۹) در مسئلہ مرقومہ علماء محققین چہ میفرمایند۔

بدون مہر معجل مجامعت رواست یا نہ ؟

الجواب؛ مہر معجل ادا کرنے سے قبل عورت کو حق ہے کہ ہمبستری اور خلوت سے انکار کر دے شوہر کو جبر کرنا جائز نہیں ہے اور اگر ایک مرتبہ خلوت یا ہمبستری کی اجازت دیدی اور بعد میں پھر انکار کر دے تب بھی امام صاحبؒ کے نزدیک انکار کا حق رکھتی ہے پس اس صورت میں شوہر کو اس پر جبر کرنا بھی مختلف فیہ ہے امام اعظمؒ کے نزدیک اس صورت میں بھی جبر حلال نہیں ہے کما قال الشامی تحت قول الدر (لھا منعہ) واشار الی انہ لا یحل لہ وطیھا علی کرہ منھا ان کان امتناعھا لطلب المھر عندہ وعندھما یحل کما فی المحیط بحر وینبغی تقیید الخلاف بما اذا کان وطئھا اولا برضاھا اما اذا لم یطأھا ولم یخل بھا کذلک فلا یحل اتفاقا۔ اور حق منع میں چونکہ امام صاحب کا قول مفتی بہ ہے لہذا حرمت استمتاع میں بھی (جو کہ اس کی فرع ہے) انہیں کا قول معتبر ہوگا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ الاحقر عبد الکریم۔ ۲۹ رجمادی الاولیٰ ۴۸ھ

بیوی کے بعض حقوق کی وضاحت

سوال (۱۰) السلام علیکم۔ بعد قدمبوسی مسنونہ کے گذارش ہے کہ احقر نے پہلے خط میں دو ضروری مضمون کے متعلق سوال کیا تھا ان میں سے ایک کا جواب کافی مل گیا دوسرے کے متعلق سوال فرمائے ہیں وہ مضمون خانگی انتظام کے متعلق تھا۔ یعنی احقر کو نوکری کرنے کی وجہ سے ہمیشہ سفر میں رہنا پڑتا ہے اور گھر میں

مربی نہ رہنے کی وجہ سے بیوی صاحبہ کو خورد و پوش دیکر ان کے والد صاحب کے گھر میں رکھتا ہوں انہوں نے بھی رضامندی ظاہر کر کے قبول کر لیا۔ مگر بیوی صاحبہ بوجہ خانگی چون وچرا کے جو عورتوں میں ہوتا ہے وہاں رہنے پر راضی نہیں اس پر حضور والا نے سوال فرمائے ہیں (اپنے پاس کیوں نہیں رکھتے) جواب دیا تھا کہ اپنے پاس رکھنے کا دو صورت ہے ایک یہ کہ اپنا گھر رکھوں اور خود بھی بوجہ مربی نہ ہونے کے نوکری چھوڑ کر مکان رہوں ان میں کئی طرح کی خرابی ہے ایک یہ کہ ملک میں عام وخاص سب لوگ بدعت و رسوم کے عادی ہیں مکان پر رہ کر ان کے شرور سے محفوظ رہنا دشوار ہوگا، دوسرے ملک میں حلال روزی کی کوئی صورت نہیں لہذا معیشت میں تنگی ہونے کا اندیشہ ہے، تیسرا جمعیت قلب جو اہم ہے فوت ہونے کا اندیشہ ہے۔ ثانی صورت یہ ہے کہ جہاں نوکری کرتا ہوں ان کو بھی وہاں لیجاؤں مگر یہ بھی دو وجہ سے نہیں ہو سکتا ہے ایک یہ کہ وہ اور ان کے والد صاحب سفر میں جانے پر راضی نہیں، دوسرا یہ کہ جہاں نوکری کرتا ہوں وہ محض ایسا گاؤں ہے کہ جو وظیفہ احقر کو ملتا ہے اس سے کوئی مسافر اپنے اہل وعیال کے ساتھ وہاں رہنے کا انتظام کرنا بڑا دشوار ہے۔ اب قابل دریافت یہ ہے کہ باوجود ان موانع کے ان کی رضامندی کو لحاظ کر کے گھر میں مقیم ہونا پڑے گا یا حسب دستور خورد و پوش دیکر ان کے والد صاحب کے گھر رکھا جائیگا اس پر حضور والا نے ارشاد فرمائے ہیں (یہ مشورہ ہے یا مسئلہ، مشورہ دینا میرا معمول نہیں مسئلہ کسی خاص شبہ کے سبب پوچھا جاتا ہے اس میں کیا شبہ ہوا جو حکم شرعی پوچھنے کی ضرورت ہوئی) جواباً عرض کرتا ہوں یہ مسئلہ ہے مشورہ نہیں۔ اس میں خاص شبہ ہوا کہ اپنی مصلحت و منافع پر نظر کر کے بیوی صاحبہ کو باوجود عدم رضا ان کی حسب دستور خورد و پوش دیکر ان کے والد صاحب کے پاس رکھنا احقر کے لئے شرعاً جائز ہوگا یا نہیں۔ از روئے شفقت کے جواب سے ممنون فرمادیں۔

الجواب؛ عورت کا یہ مطالبہ پورا کرنا تو ضروری ہے کہ اس کو الگ مکان دیا جاوے اور اس کو اس پر مجبور کرنا درست نہیں کہ اپنے والد کے ساتھ رہے۔ البتہ عورت کا یہ مطالبہ کہ اس بستی میں نہ رکھا جاوے اس کا پورا کرنا ضروری نہیں ہے۔ پس والد صاحب کے مکان کا کوئی مستقل حصہ جس میں کسی اور کا دخل نہ ہو یا اس کے متصل کوئی دوسرا مکان جیسا موقعہ ہو عورت کے واسطے لے دینا کافی ہے۔ ایک ضروری امر قابل غور رہا

یہ ہے کہ خاوند کی آمد و رفت عورت کے پاس بقدر ضرورت ہوتی رہتی ہے یا نہیں اگر عورت کی ضرورت (یعنی خواہش نفسانی) کا لحاظ کر کے اس کی آمد و رفت کافی مقدار میں ہو جاتی ہے تب تو یہی جواب ہے جو ۱ میں لکھا گیا ورنہ دیانۃً یہ ضروری ہے کہ عورت کو اپنے ہمراہ رکھے یا آمد و رفت میں بقدر ضرورت اضافہ کرے، واللہ اعلم۔ احقر عبد الکریم عفی عنہ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ۔ ۲۸ شوال ۴۸ھ۔

کتاب الطلاق

باب ایقاع الطلاق

سوال (۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے زوجہ کو یہ کہا کہ میں نے تجھ کو صاف دل سے چھوڑ دیا ہے اور اس کی بہن میں کھانا پکانے کی بابت نزاع ہوا بہن کہتی ہے کہ جب تم نے نکاح کر لیا ہے تو تم بیوی کو کیوں نہیں لاتے؟ میں نے سنا اور اس مکان میں جا کر معلوم کیا کہ تمہاری بیوی حاملہ ہے تم وہاں جاتے ہو اس کو کیوں نہیں لاتے؟ زید نے جواب میں کہا میں تو بھادوں (نام ایک مہینہ کا ہے) میں گیا پھر نہیں گیا میں اس کو نہیں لاؤنگا مَیں نے اس کو چھوڑ دیا ہے میں نے تین بار کہا ہے میں نے صاف دل سے چھوڑ دیا ہے پھر پوچھنے سے وہ کہتا ہے کہ میں نے طلاق دیا ہے میں نے طلاق دیا ہے زبان بندی بالا کا حاصل یہ ہے کہ زید کی بہن کے پاس طلاق کی جو خبر دی اس سے عورت اوس کی مطلقہ ہوگی یا نہیں زبان بندی بالا خبر ہے یا انشاء بصورت اول خبر سے طلاق ہو سکتی ہے یا کیا اور حسب زبان بندی زید کے ایقاع پایا گیا یا نہیں بغیر ایقاع کے طلاق واقع ہوگی یا نہیں اور جمیع عقود میں انشاء شرط ہے یا نہیں؟ مخفی نہ رہے کہ ماجرائے مذکور میں پیشتر اس کے زید نے طلاق بالکل نہیں دی اب سوال یہ ہے کہ اس خبر سے طلاق واقع ہوئی یا نہیں برحق جواب حسب مسائل فقہ واصول کے تحریر فرمائیے ماجور ہوں گے۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں قائل کا یہ قول کہ میں نے صاف دل سے چھوڑ دیا ہے، اس کا قرینہ ہے کہ اس کی مراد انشاء ہے خبر نہیں لہذا منکوحہ زید پر تین طلاق واقع

Made searchable using ScribeTools.com

ہوگئیں اب بدون تحلیل کے کسی طرح اس سے نکاح درست نہیں، واللہ اعلم۔

لہ ۷ جمادی الاولیٰ سنہ ۴۰ھ۔

"ہم تم کو طلاق دیدیں گے" کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوتی

سوال (۲) شوہر نے ایک قصور کے متعلق اپنی بی بی سے پوچھا اس کی بی بی نے اپنے قصور کا اقرار کیا، شوہر نے اپنی بی بی کے قصور کے اقرار کو خوب سمجھ لیا وہ اپنے قصور کے اقرار سے سراپا قصوروار ہے لیکن شوہر نے اقرار کو اپنی بی بی کے اوپر ایسی حیثیت سے ظاہر کیا اور کہا کہ جس میں بی بی کو معلوم ہو کہ شوہر نے ہمارے قصور کے اقرار کو سمجھا نہیں ہم بے قصور ثابت ہوئے اور شوہر کو بھی منظور تھا کہ جس میں بی بی کے اوپر اس کے قصور کے اقرار پر اس کے قصور کی ناسمجھی میری ظاہر ہو، اس خیال سے شوہر نے بی بی کے اوپر اسکے قصور کی ناسمجھی اپنی ظاہر کی اور سوچا کہ اگر قصور پر سزا کرے تب بھی بڈر ہو جائے گی اور نہیں سزا کرے جب بھی بڈر ہو جائے گی۔ بلکہ مناسب یہ سمجھا کہ اس کے قصور کے اقرار پر اس کے قصور کی ناسمجھی اپنی ظاہر کرکے اس کو ڈرایا اور کہا کہ اگر ایسا قصور تم کئے ہوتی تم سے ہوئی ہوتی تو تم کو ہم طلاق دیدیتے اور حقیقت میں بی بی کا قصور ہی اور قصور کے اقرار کو سمجھتے ہوئے شوہر نے ایسا جملہ کہا ہے اور اس کے ہفتہ روز کے بعد کسی قصور پر غصہ ہو کر کہا کہ اگر تم کو ہم طلاق نہیں دیں تو تم ہم کو چمار کہنا تم کو ہم طلاق دیدیں گے تین مرتبہ ایسے جملہ کو شوہر نے کہا ہے لیکن شوہر کو طلاق کے جملوں کا کچھ یاد خیال نہیں ہے بوجہ سہو و شک کے سخت مجبور ہے اگر کوشش کرتا ہے کہ یاد و خیال کریں تو چند طرح کے وہم طلاق کے جملوں کا خیال دل میں پیدا ہوتا ہے کہ شاید یہ جملہ کہا ہو شاید یہ جملہ کہا ہو شاید یہ جملہ کہا ہو غرض ہر چند طرح کے وہمی جملے خیال میں آتے ہیں شوہر کو اپنی تشفی بخش کوئی جملہ یاد و خیال نہیں ہے اور نہ کچھ بیان کرسکتا ہے ایسی حالت میں . . . . . .

. . . . . شوہر نے بی بی سے پوچھا کہ فلان فلان وقت میں ہم نے طلاق کا جملہ تم کو کس طرح کہا تھا بی بی نے بیان کیا کہ فلان وقت میں آپ نے کہا ہے کہ اگر ایسا قصور تم کئے ہوتی تم سے ہوئی ہوتی تو تم کو ہم طلاق دیدیتے اور اس کے ہفتہ روز کے بعد آپ نے کہا ہے کہ اگر تم کو ہم طلاق نہیں دیں تو ہم کو چمار کہنا تم کو ہم طلاق دیدیں گے بی بی کے بیان پر شوہر کو کامل تشفی اور یقین اور پورا وثوق ہے اور بی بی کے بیان کو ہم حق سمجھتے ہیں[1] اور بی بی نیک بخت حق گو اور پرہیزگار ہے اس کے بیان پر استفتا ارسال خدمت ہے جواب سے سرفراز فرمایا جاوے؟

[1] یعنی جرم

الجواب؛ صورت مسئولہ میں طلاق نہیں ہوئی فقد صرح الفقہاء بعدم وقوع الطلاق بصیغۃ المضارع الا اذا غلبت فی الحال، واللہ اعلم۔ ۲۶

۶ جمادی الاولیٰ سنہ ۴۰ھ۔

انتہائی غصہ کی حالت میں طلاق دی تو کیا حکم ہے

سوال (۳) ایک شخص کے گھر میں اسکی بیوی، بہن اور بھائی کے درمیان جھگڑا ہو رہا تھا اتنے میں وہ شخص گھر آکر اس کے چھوٹے بھائی کو جھگڑا فرو ہونے کیلئے مارا اس سے اس کی ماں اس شخص مذکور پر غصہ ہوئی اور بہت گالی دی اس کے بعد وہ شخص غصہ میں آکر کہا کہ میں ہفتہ عشرہ میں مکان چھوڑ کر دوسری جگہ چلا جاؤں گا اس کے بعد اس کی ماں بولی کہ تم اس بدصورت عورت کے لئے مکان چھوڑنا چاہتے ہو اسی وقت وہ شخص بہت غصہ میں تھا کہ مارے غصہ کے سارا بدن کانپتا تھا ایک مکان پر اطمینان سے کھڑا ہو نہیں سکتا تھا چہرہ اور آنکھیں سرخ ہو گئے تھے اسی وقت اس کی زبان سے "ایک طلاق دو طلاق تین طلاق دیا میں" نکل آیا اس کے بعد جب خیال ہوا تو بے اختیار رونے لگا اور کہتا تھا کہ میں نے یہ کیا کیا میرے دل میں طلاق دینے کا ارادہ نہیں تھا خدا جانے کس طرح میرے منہ سے یہ کلمہ نکل آیا۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں اس شخص کی عورت کو اپنے خاوند سے الگ ہو جانا چاہئے اور وہ یہی سمجھے کہ مجھ کو تین طلاق دی گئی ہیں اس کو ہرگز جائز نہیں کہ وہ شوہر کو اپنے اوپر قابو دے یہ حکم تو عورت کے لئے ہے۔ اور مرد کو چاہئے کہ اگر اس کے نزدیک واقعی غصہ میں اس کی عقل و حواس درست نہ رہے تھے اور اس کو یہ بھی معلوم نہ تھا کہ میں زبان سے کیا کہہ رہا ہوں تو وہ کسی حاکم مسلم کے پاس جاکر یہ دعویٰ کرے کہ میں غصہ میں مغلوب الحواس وزائل العقل ہو گیا تھا اور طلاق میں نے بالکل بے خبری کی حالت میں دی ہے حاکم اس سے گواہ طلب کرے گا اس کے بعد اگر حاکم شرعی یہ فیصلہ کردے کہ میرے نزدیک یہ طلاق واقع نہیں ہوئی تب وہ عورت اس کے لئے حلال ہو سکتی ہے اور بعد حاکم مسلم کے فیصلہ کے عورت کو بھی اس شخص کے پاس رہنا جائز ہوگا اور بدون حکم حاکم کے ہرگز عورت کو اس کے پاس رہنا جائز نہیں کیونکہ بظاہر تین طلاق پڑ چکی ہیں، واللہ اعلم۔ ۲۸ جمادی الثانیہ

شوہر نے طلاق دی مگر یاد نہیں کہ دو دیں یا تین

سوال (۴) زید نے اپنی زوجہ کو طلاق دی مگر یہ یاد نہیں کہ تین طلاق دی یا دو اور کسی جانب رجحان بھی نہیں صورت

Made Searchable by ScribeTools.com

مسئولہ میں طلاق بائن واقع ہوگی یا مغلظہ ؟

الجواب؛ قال فی الخلاصۃ رجل حلف بالطلاق وشک الرجل انہ طلق واحدۃ او ثلاثا فھی واحدۃ حتی یستیقن او یکون اکثر ظنہ علی خلافہ اھ ص ۱۲۰ ج ۲ ۔ صورت مذکورہ میں دو طلاق مانی جاویں گی لیکن اگر عورت کو تین طلاق میں شک نہو تو اس کو شوہر کے پاس رہنا جائز نہیں اور اگر اسے بھی شک ہو تو اس کے لئے وہی حکم ہے جو اوپر مذکور ہوا، واللہ اعلم ۔ حررہ ظفر احمد بامرسیدہ حکیم الامت ۹ رشعبان ۔

صیغۂ مضارع میں طلاق دینے کا حکم

سوال (۵) ہدیہ سلام مسنون ۔ کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی دختر محمودہ بالغ کا عقد شرعی مظہر بالغ پسر عمرو سے اس کی خواہش پر بالعوض پانچہزار اشرفی زرسرخ محمدشاہی مہر کے بلا اجازت و اطلاع عمرو کے کردیا، نکاح کے بعد مطلع ہونے پر عمرو اور اس کے دیگر اعزا نے اس نکاح سے اظہار ناخوشی کیا، اور مظہر کو کہ اس وقت تک زید کے پاس مقیم تھا اس ارادہ سے طلب کیا کہ میں مظہر کا دیگر اعزا کی خوشی و رضامندی سے دوسرا عقد کروں گا، عمرو کی ایسی تحریر آنے پر مظہر نے اپنے باپ کے پاس جانے کی اجازت طلب کی اور یہ کہا کہ اور لکھ دیا کہ میں حسب طلب اپنے والد عمرو کے وطن جاتا ہوں اگر وہاں پہنچکر میرے اس نکاح کے معاملہ نے کوئی دوسری نوعیت اختیار کی اور میرا عقد ثانی کسی دوسری جگہ قرار پایا یا اندر میعاد دس ماہ کے میں نے وطن سے واپس آکر محمودہ کی رخصتی نہ کرائی تو یہ تحریر میری محمودہ دختر زید کے حق میں بطور طلاق کے متصور ہوگی اور بعد انقضاء میعاد معینہ زید کو اپنی دختر محمودہ کے دوسرے عقد کردینے کا اختیار ہے میری طرف سے کوئی رکاوٹ نہ ہوگی اب میعاد معینہ میں صرف عرصہ دو ماہ کا باقی ہے اور مظہر کی واپسی کی اس وقت تک کوئی امید نہیں معلوم ہوتی میعاد معینہ گذر جانے کے بعد محمودہ منکوحہ کے حق میں شریعت غرا کا کیا حکم ہے جبکہ محمودہ اور مظہر کے درمیان خلوت بھی نہ ہوئی ہو اور ایسی صورت میں مہر کے واسطے کیا حکم ہے ؟

الجواب؛ صورت مذکورہ میں اگر دس ماہ میعاد معینہ کے اندر مظہر نے محمودہ کی رخصتی نہ کرائی تو محمودہ پر ایک طلاق بائن واقع ہوجائے گی ۔ اور ہرچند کہ قول مظہر بطور طلاق متصور ہوگی الخ صیغہ مضارع کا ہے اور مضارع سے وقوع طلاق نہیں ہوتا مگر جب مضارع بمعنی حال غالب ہوجائے تو فقہاء نے اس سے وقوع طلاق کی تصریح کی ہے اور آجکل

تعلیمیافتہ جماعت نے کچھ ایسا محاورہ اختیار کرلیا ہے کہ وہ حال کے موقع میں اکثر صیغہ مضارع کا استعمال کرتے ہیں لہذا ہمارے نزدیک اس کلام میں مضارع سے حال ہی مراد ہے اور بعد میعاد معینہ گذر جانے کے محمودہ پر طلاق عائد ہوجائے گی جس کا قرینہ یہ ہے کہ اس کے بعد کلام مظہر میں یہ لفظ بصورت حال مذکور ہے اور بعد انقضاء میعاد معینہ زید کو اپنی دختر محمودہ کا دوسرا عقد کرنے کا اختیار ہے الخ یہ صیغہ انشاء اور ایقاع پر صاف دلالت کررہا ہے، قال فی تنقیح الفتاوی الحامدیۃ : (سئل) فی رجل قال لزوجتہ تکونی طالقۃ ثلثا بصیغۃ المضارع وغلب استعمالہ فی الحال عرفا فھل یقع علیھا الطلاق ؟ (الجواب) نعم کما افتی بہ الخیر الرملی، واطال الکلام علی حاشیتہ علی البحر فراجعھا، اھ ص ۴۰۶ ج ۱ ۔

اور صورت مذکورہ میں محمودہ پر عدت لازم نہوگی وہ بلا عدت دوسرا نکاح کرسکتی ہے، اور مظہر سے وہ نصف مہر وصول کرلینے کی مستحق ہوگی واللہ اعلم ۔ ظفر احمد عفا عنہ ۔

صح الجواب ، اشرف علی ، ۲۲ رمضان ۴۱ھ ۔ ۲۲ رمضان ۴۱ھ ۔

"طلاق دادم" کہنے کے بعد طلاق بائن کا لفظ بولنے کا حکم

سوال (۶) السلام علیکم ۔ در رمضان شریف ۴۱ھ یک استفتاء در خدمت گرامی عرض داشتہ شد خلاصہ مضمونش آنکہ شخص جاہل زن خود را گفت طلاق دادم طالب علمی او را تلقین نمود کہ برائے انفصال مناقشہ بگو کہ طلاق بائن دادم آن جنیں گفت بعدہٗ دیگر طالب علم گفت کہ بائن را نمی فہمند برائے اطمینان جانبین گفتہ آید کہ جواب دادم باز آن شخص چنیں گفت از آنجناب جواب مورخہ ۴ رشوال ۴۱ھ چنیں رسید کہ طلاق مغلظ واقع شد ۔ واز جانب حضرت مفتی صاحب دیوبند جواب ارشاد گردید کہ دریں صورت طلاق بائن شدہ است مغلظ نشدہ است توجیہ جواب حضرت مفتی صاحب در فکر قاصر نمی آید مگر وجہ مؤید جواب ایشاں در بیاض واحدی منقولاً عن بیاض ہاشمی در جواب استفتاء ہمرنگ استفتاء مادیدہ شد کہ البائن لا یلحق بالبائن پس در صورت مسئولہ عنہا ہم حسب ارشاد مفتی صاحب عم فیضہ صرف طلاق بائن واقع خواہد شد نہ مغلظ چنانچہ رقمزاد آنجناب است زیرا کہ دریں صورت یک رجعی ارادۃً ودو بائن بالتفریق تقلیداً ازاں شخص صادر گشتہ پس از یک رجعی ویک بائن تغلیظ نمیگردد ودو بائن دیگر بہ بائنِ اوّل

Made searchable using ScribeTools.com

ہم لاحق نمیشود تاکہ حکم سہ طلاق کردہ آید باید کہ برجواب خود ثانیا نظر غائر گماشتہ از تحقیق خود ما مستمندان را مستفید فرمایند واصل سوال وجواب را از دفتر فتاویٰ تلاش فرمایند فقط

الجواب؛ اگر میں نے اس صورت مسئولہ میں طلاق مغلظ کا فتویٰ دیا ہے تو میں اس سے رجوع کرتا ہوں اس صورت میں صرف دو ہی طلاق واقع ہوئیں مگر دونوں بائن ہیں، تجدید نکاح سے تعلق زوجیت قائم ہوسکتا ہے۔ غالباً منشاء میرے اس فتویٰ کا یہ ہوا کہ شخص مذکور نے دوبارہ لفظ طلاق بائن دادم لکھا ہے اور یہ لفظ محض بائن نہیں ہے بلکہ بائن صریح ہے کہ اس سے بدون نیت کے وقوع طلاق ہوجاتا ہے پس میں نے اس کو صریح سمجھکر بائن کو اس کے ساتھ ملحق کرلیا اور اس صورت میں صاحب نہر و بحر کا قول یہی ہے جو میں نے لکھا ہے مگر محقق یہ ہے کہ بائن صرف صریح رجعی سے ملحق ہوتا ہے نہ صریح بائن سے حقہ الشامی (۳ ۲۷۷ ۲) لہذا قول محقق کو اختیار کرکے میں اپنے پہلے قول سے رجوع کرتا ہوں والسلام

شوہر نے عصار سے تین لکیریں کھینچیں اور کہا "ایک دو تین میرے گھر سے چلی جا"

سوال (۷) کیا فرماتے ہیں علماء دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ مجھ مسمی عبداللہ ولد اللہ دیا قوم اوان ساکن موضع ارڑ ضلع جہلم تحصیل پنڈ دادنخاں۔ احقر عرصے بیمار تھا میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ تم مجھ کو تمام زیور دو جس سے میں اپنی بیماری کا علاج کراؤں فروخت کرکے، میری عورت نے کہا میرے پاس زیور نہیں اور جس جگہ احقر نے زیور رکھا تھا وہاں بھی تلاش کیا مجھ کو نہ ملا اور پھر میں نے اپنے عزیزوں سے دریافت کرایا میری عورت نے ان کو بھی یہ کہہ دیا کہ زیور میرے پاس نہیں اسی کے پاس یعنی عبداللہ کے پاس ہے، میں نے پھر اپنی عورت سے کہا کہ اگر تم مجھ کو زیور نہ دوگی تو میں تم کو لاٹھی سے ماروں گا اس نے پھر بھی نہیں بتلایا میں نے اس سے کہا کہ تو یہ تین لکیر لاٹھی سے کھینچ دیتا ہوں کہ ایک دو تین گھر سے نکل جا اور اتنے زیور نہ دیوے گی گھر میں نہ آنے دوں گا عورت اپنے بھائی اور ماں کے پاس چلی گئی تھوڑے عرصہ کے بعد اس کے بھائی اور ماں نے کہا کہ تم زیور ہم کو دو جس سے ہم گذر کریں اس نے ان کو جواب دیدیا کہ زیور میرے پاس نہیں ہے انہوں نے اس کو تنگ کیا اس گاؤں کا ایک آدمی ہمارے یعنی عبداللہ کے گاؤں کا گیا ہوا تھا اس عورت نے کہا کہ تم میرے خاوند سے کہہ دینا کہ مجھ کو لیجاؤ اس نے میرے سے آکر کہا کہ تمہاری عورت کہتی ہے کہ مجھ کو لیجاؤ میں نے اس آدمی کو جواب دیا کہ تم پھر کبھی جاؤ تو اس سے یہ کہنا کہ اگر تو تمام زیور دیوے تو چلی آوے ورنہ خیر

اس نے کہا یعنی عورت نے کہا کہ میں تمام زیور دے دوں گی مجھ کو میری عورت نے بہت آدمیوں میں جھوٹا کر دیا تھا کہ زیور میرے پاس نہیں ہے عبداللہ کے پاس ہے میں نے اسی وجہ سے اس آدمی سے کہا کہ تم زیور لے آؤ تاکہ ان آدمیوں کو کل حال معلوم ہوجاوے کہ واقعی زیور عورت کے پاس ہے۔ وہ آدمی زیور اور عورت کو لے آیا میں نے وہ زیور اس آدمی کے پاس امانت رکھی کہ ابھی تم ہی رکھو جب کبھی موقع ہوگا تم ان ہی آدمیوں میں مجھ کو دینا جس کے سامنے مجھ کو عورت نے جھوٹا بنایا کچھ عرصہ کے بعد اس نے عورت اور مجھ کو بہت آدمیوں کے سامنے زیور دیدیا، اب میری عورت میرے گھر میں ہے ہمارے گاؤں کے آدمی کہتے ہیں کہ تیرا نکاح نہیں رہا ہمارے گاؤں میں شیعہ لوگ بہت رہتے ہیں وہ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ تم پنجوقتی نماز پڑھتے ہو پھر بے نکاحی عورت گھر میں رکھے ہو، اب میرا نکاح رہا یا کہ نہیں آپ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب کے اور شبیر علی صاحب کے بھی دستخط کرادیں اور حوالۂ حدیث کا بھی دیدیں عین عنایت ہوگی اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرماویں اس مسئلہ کی خوب صفائی کردیویں، فقط والسلام۔

الجواب؛ اگر سائل نے ایک دو تین کہتے ہوئے زبان سے لفظ طلاق نہیں کہا تو محض لکیریں کھینچکر ایک دو تین کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوئی قال فی العالمگیریۃ امرأۃ قال لھا زوجھا انا استنکف عنک فقالت المرأۃ کالبزاق فی الفم فان کنت تستنکف عنھا فارم بھا فقال الزوج تف تف ورمی بالبزاق وقال رمیت ونوی الطلاق لا تطلق کذا فی الظھیریۃ اھ ص ۲۷۰ ۲ وفیہ ایضاً: ولو قالت طلقنی فضربھا وقال لھا اینک طلاق لا یقع وفی مجموع النوازل سئل شیخ الاسلام عمن ضرب امراتہ وقال وارطلاق قال لا تطلق و سئل الامام احمد القلانسی عمن وکز امرأتہ وقال اینک یدک طلاق ثم وکزھا ثانیا وقال اینک دو طلاق وکذا الثالث تطلق ثلثاً فشیخ الاسلام یقول سمی الضرب طلاقاً فیبطل والامام احمد یقول سمی الطلاق فیقع اھ (ص ۲۷۲ ۲) قلت وفی الصورۃ المسئولۃ لم یسم الطلاق بل خط خطوطا وقال یک و دو و سہ فلا تطلق علی قول احدٍ، واللہ اعلم۔

۲۶ صفر ۴۳ھ۔

کابین نامہ کے مطابق طلاق واقع ہو جانے کا حکم

سوال (۸) ایک شخص مسمی حافظ زین العابدین جو کہ جمعہ و عیدین کے پیش امام اور مقتدا ہیں۔ اپنی بی بی کی کابین نامہ میں یہ شرط لکھوا کر اپنے ہاتھ سے دستخط کر کے خود جا کر رجسٹری کروا دیا۔ کہ (آپ کی و آپ کی ولی وارث کی بلا اجازت اور آپ کی کل مہر ادا کر کے اس کابین نامہ کی پشت پر وصول دینے کے بغیر غیر کوئی عورت سے نکاح بیاہ نکروں گا۔ اگر کروں تو وہ عورت اسی وقت میرے حق میں ایک دو تین طلاق ہو گی) اتفاقاً بی بی سے کوئی بات میں ناموافقت ہوئی تب وہ طیش میں آ کر نہ بی بی سے اجازت لیا نہ بی بی کے ولی وارث سے اجازت لیا۔ نہ مہرانہ کو ادا کیا۔ دوسری ایک عورت سے نکاح کر لیا اور اس کے ساتھ خفت جفت بود باش خانہ داری کرنے لگا۔ پس مطابق شرع شریف کے اس کی دوسری عورت مطلقہ لبسہ طلاق ہو گی یا نہ۔ اور اس عورت کے ساتھ خلوت صحبت کرنا اس کے لئے زنا میں محسوب ہو گا یا نہ۔ اور اس سے اگر اولاد ہو تو حلال زادہ ہو گی یا نہ۔ اور اس شخص کے پیچھے اقتدار درست ہو گی یا نہ؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں دوسری عورت سے نکاح کرتے ہی اس پر تین طلاق واقع ہو گئی ہیں اب بدون حلالہ کے وہ عورت زین العابدین کے لئے حلال نہیں نہ اس سے زنا و شو کا معاملہ درست ہے اور اس حالت میں جو وطی ہو گی وہ حنفیہ کے نزدیک زنا ہو گی مگر اولاد کو حرامی نہ کہا جائے گا لانہ کالوطی بشبہة ولان وقوع الطلاق فی هذه الحالة مختلف فیه بین الائمة فافهم، واللہ اعلم۔ اس شخص کی اقتدار مکروہ ہے نماز تو ہو جائے گی مگر دوسرا نیک امام میسر آ سکتا ہو تو اس کے پیچھے نماز مکروہ ہو گی اور اگر دوسرا امام میسر نہ ہو اور نہ اسکو الگ کرنے کی قدرت ہو تو بلا کراہت نماز درست ہے، واللہ اعلم۔

۱۳ ذیقعدہ ۴۲ھ۔

اس صورت میں طلاق کا حکم جبکہ زوج منکر ہو اور گواہ ایک مرد اور ایک عورت ہو

سوال (۹) کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ شوہر زوجۂ نابالغہ کو غصہ کے سبب تو ماں اور بہن ہیں دو چار مرتبہ کہدیا کسی نے کہا بیوقوف کیا کہہ رہا ہے کہتے ہی طلاق طلاق سات یا آٹھ بار کہدیا دوسرے یا تیسرے روز اس شخص سے تحقیق کی گئی تو اس نے انکار کر دیا کہ میری زبان سے یہ الفاظ نہیں نکلے (یعنی جو الفاظ اوپر ذکر کئے گئے ہیں) لیکن ایک مرد اور ایک عورت گواہ ہیں اس باب میں شرع شریف کا کیا حکم ہے۔ دیگر مذکورۂ بالا صورت میں دو مرد اگر گواہ ہوں تو کیا حکم ہے؟

الجواب؛ شوہر کا تو ماں اور بہن میں بچہ کہنا تو لغو ہے اس سے کچھ نہیں ہوتا مگر اس کے بعد جو اس نے سات آٹھ بار طلاق کا لفظ کہا ہے اور اب اس سے انکار کرتا ہے تو اس کا حکم یہ ہے کہ اگر زوجہ نے طلاق کا لفظ تین بار سن لیا ہو تو اس پر واجب ہے کہ اپنے کو مطلقہ مغلظہ یعنی مطلقۃ الثلاث سمجھے اور شوہر سے علیحدہ ہو جائے اور اس کو اپنے اوپر ہرگز قابو نہ دے۔ اور اگر زوجہ نے خود یہ الفاظ نہیں سنے تو اگر دو نیک مردوں یا ایک نیک مرد اور دو نیک عورتوں نے اس سے ایسا بیان کیا کہ شوہر نے طلاق کا لفظ تین مرتبہ یا اس سے زائد دفعہ استعمال کیا ہے جب بھی یہی حکم ہے۔ اور اگر ایک مرد اور ایک عورت گواہ ہے تو اس سے قضاءً ثبوت طلاق نہیں ہو سکتا جب تک شوہر خود اقرار نہ کرے البتہ اس صورت میں اگر خبر دینے والا ثقہ ہو یا ثقہ تو نہ ہو مگر عورت کے دل کو یہ بات لگی کہ یہ مرد یا عورت سچ کہہ رہی ہے تو اس کو شوہر سے الگ ہو جانا ضروری ہے اور بعد عدت گذارنے کے دوسرا نکاح کسی دوسرے سے کر سکتی ہے گو اولیٰ یہ ہے کہ الگ تو ہو جائے مگر نکاح غیر سے نکرے قال فی الدر عن الجوهرة اخبرها ثقة ان زوجها الغائب مات او طلقها ثلثاً واتاها منه كتاب على يد ثقة بالطلاق ان اكبر رأيه انه حق فلا بأس ان تعتد وتتزوج الخ قال الشامی وقوله فلا بأس يفيد ان الاولى عدمه اھ (ص ۱۰۱۴ ج ۲) وفيه ايضاً تحت قوله على يد ثقة هذا غير قيد اھ وفيه (ص ۷۰۹) والمرأة كالقاضی اذا سمعته او اخبرها لا يحل لها تمكينه اھ۔ ۳ ذوالحجة ۴۲ھ۔

ازالۃ الاغلاق من اضافۃ الطلاق طلاق میں عورت کی طرف اضافت کی تحقیق

سوال (۱۰) کیا فرماتے ہیں علماء کرام رحمکم اللہ تعالیٰ اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کہتے ہیں کہ میں نے اپنی بی بی کو ایک کام خانگی کرنے کو کہا وہ نہیں کی اس لئے میں نے ان کو لات وغیرہ کچھ مارا پھر بھی وہ کام نہیں کی پھر جب اور مارنے کو ارادہ کیا وہ میری ماں کے پیچھے بھاگی اور ماں حائل ہونے کی وجہ سے نہیں مار سکا تب میں نے یوں کہا کہ ایک طلاق دو طلاق تین طلاق بائن اس گھر کا کھانا اگر کھائے گی تو حرام کھائے گی ان سے جب پوچھا کہ یہ جو تم نے کہا کہ اس گھر کا اگر کھانا کھائے گی تو حرام کھائے گی کس کو کہا کیا تمہاری ماں کو کہا یا تمہاری بی بی کو کہا؟ اس نے جواب دیا کہ طلاق جس طرف جائے گی یہ بھی اس طرف جائے گا اب بحکم شرع کیا اس کی بی بی مطلقہ لبسہ طلاق ہو گی؟ بینوا بالدلیل

Made searchable using ScribeTools.com

اس مسئلہ میں علماء دو فریق ہیں۔

فریق اول کہتے ہیں کہ مطلقہ بسہ طلاق ہوگی چونکہ صریح الفاظ سے طلاق دیا اگرچہ تم کو یا نام لیکر نہیں دیا مگر اضافت معنویہ موجود ہے بوجہ واقعہ مذکورہ کے اور وہی اضافت معنویہ وقوع طلاق کا شرط ہے لما فی الشامی لترکہ الاضافۃ ای المعنویۃ فانہا الشرط اور اگرچہ لفظ دیا نہیں کہا مگر لفظ طلاق مصدر ہونے کی وجہ سے طلاق واقع ہوگی دیا وغیرہ کا محتاج نہیں ہے لما فی الشامی قولہ وفی انت الطلاق او الطلاق الخ بیان لما اذا اخبر عنہا بمصدر معرف او منکر او اسم فاعل بعد مصدر کذلک۔ پس صورت مسئولہ میں طلاق ہو جائے گی فقط

فریق ثانی کہتے ہیں کہ صورت مذکورہ میں طلاق واقع نہوگی چونکہ اضافت نہیں ہے اور لفظ دیا وغیرہ کچھ نہ کہا۔ دلیل ان کی عبارت قاضی خان کی ہے کہ " ارتو زن من سہ طلاق " لا تطلق امرأتہ لانہ ما اضاف الطلاق الیہا ، وقولہ رجل قال لامرأتہ اگر توزن من سہ طلاق مع حذف الباء لا یقع الخ

الجواب: فریق اول کا قول صحیح ہے اضافت طلاق جو شرط وقوع ہے اس میں اضافۃ معنویہ کافی ہے اور خطاب کے وقت اضافۃ معنویہ موجود ہوتی ہے قال الشامی والخطاب من الاضافۃ المعنویۃ وکذا الاشارۃ وصرح قبلہ ان الشرط ھی المعنویۃ لا اللفظیۃ قال ولا یلزم کون الاضافۃ صریحا فی کلامہ لما فی البحر لو قال طالق فقیل لہ من عنیت فقال امرأتی طلقت امرأتہ اھ الی ان قال نا قلا عن البحر امرأۃ طالق او قال طلقت امرأۃ وقال لم اعن امرأتی یصدق اھ ویفہم منہ انہ لو لم یقل ذلک تطلق امرأتہ لان الظاھر ان من لہ امرأۃ انما یحلف بطلاقہا لا بطلاق غیرھا اھ (ص ۲۷۰ ج ۲) ملخصاً۔ اور خانیہ وغیرہ میں جو مذکور ہے کہ ارتو زن من سہ طلاق لا تطلق لانہ ما اضاف الطلاق الیہا۔ اس میں اور صورت واقعہ میں فرق یہ ہے کہ جزئیہ[عہ] خانیہ اس

عہ پہلے یہاں یہ لکھا گیا تھا کہ جزئیہ خانیہ دیانت پر محمول ہے اور قضاءً طلاق بدون اضافت صریحہ کے بھی واقع ہے جبکہ اضافت معنویہ خطاب و اشارہ موجود ہو چونکہ عورت مثل قاضی کے ہے اس لئے دیانت پر (باقی بر صفحہ آئندہ)

صورت میں ہے جبکہ قرائن سے اضافت الی الزوجۃ متعین نہو لان الکلام محتمل الصرف عن زوجتہ اذا لم یضف الطلاق الیہا۔ اور صورت مسئولہ میں قرائن قویہ حالیہ و مقالیہ ارادہ اضافت طلاق الی الزوجۃ متعین ہے اما الحال فالغضب وارادۃ ضربہا واما المقال فقولہ طلاق جس طرف جائے گی یہی بھی اسی طرف جائے گی اھ پس صورت مسئولہ میں قضاءً بھی طلاق واقع ہو چکی ہے اور دیانۃً بھی لما سیاتی۔ قال الشامی عن القنیۃ عازیا الی البرہان لصاحب المحیط رجل دعتہ جماعۃ الی شرب الخمر، فقال انی حلفت بالطلاق انی لا اشرب وکان کاذبا فیہ ثم شرب طلقت وقال صاحب التحفۃ لا تطلق دیانۃً اھ وما فی التحفۃ لا یخالف ما قبلہ لان المراد طلقت قضاءً فقط لما مر انہ لو اخبر بالطلاق کاذبا لا یقع دیانۃً بخلاف الہازل فہذا یدل علی وقوعہ وان لم یضفہ الی المرأۃ صریحا نعم یمکن حملہ علی ما اذا لم یقل انی اردت الحلف بطلاق غیرھا فلا یخالف ما فی البزازیۃ اھ وھو ما ذکرہ اولا قال لہا لا تخرجی من الدار الا باذنی فانی حلفت بالطلاق فخرجت لا یقع لعدم ذکر حلفہ بطلاقہا ویحتمل الحلف بطلاق غیرھا فالقول لہ قال الشامی المفہوم من کلام البزازیۃ انہ لو اراد الحلف بطلاقہا یقع لانہ جعل القول لہ فی صرفہ الی طلاق غیرھا اھ (ملخصاً متفرقا، ص ۲۷۰ ج ۲) پس جن جزئیات میں اضافت صریحہ نہونے کی وجہ سے عدم وقوع کا حکم مذکور ہے ان کا مطلب یہی ہے کہ اگر زوج ارادہ طلاق زوجہ کا انکار کرے اور قرائن بھی ارادۂ زوجہ پر قائم نہوں تو طلاق واقع نہوگی لیکن اگر قرائن اضافت الی الزوجۃ پر قائم ہوں تو قضاءً بہر حال واقع ہے جبکہ اضافت معنویہ خطاب یا اشارہ موجود ہے، اور عورت مثل قاضی کے ہے وہ اپنے کو مطلقہ ہی سمجھے اور انکار زوج کو ہرگز قبول نکرے، اور صورت مسئولہ میں تو زوج ارادہ طلاق زوجہ کا منکر بھی نہیں پس اس صورت میں تو قضاءً و دیانۃً ہر طرح طلاق واقع ہو چکی۔ واللہ اعلم۔ ۹ رجمادی الاولی ۱۳۴۵ھ۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) فتوی نہیں دیا جا سکتا اھ پھر اس کو حضرت شیخ کے ارشاد سے بدلا گیا اور تحریر " ازالۃ الاغلاق " جواب سابق ہی پر لکھی گئی ہے ۱۲ منہ

تفصیل الجواب

المُلقب

بازالۃ الاغلاق عن اضافۃ الطلاق

اقول وبہ نستعین ۔ جواب سابق پر دو شبہے کئے ہیں ۔ ایک یہ کہ خانیہ وغیرہ کا جزئیہ "ارتوزن من سہ طلاق" بحذف الباء لاتطلق لانہ ما اضاف الطلاق الیھا عدم وقوع طلاق میں مطلق ہے اس کو دیانت کے ساتھ کس دلیل سے مقید کیا گیا ہے

دوسرے یہ عبارت بزازیہ لا تخرجی الا باذنی فانی حلفت بالطلاق لایقع لعدم ذکر حلفہ بطلاقھا ویحتمل الحلف بطلاق غیرھا فالقول لہ سے مفہوم یہ ہوتا ہے کہ اگر زوج ارادۂ طلاق مخاطبہ کا انکار کرے تو قضاءً بھی اس کا قول معتبر ہوگا ۔ اسی طرح جزئیہ بحر لو قال امرأۃ طالق او طلقت امرأۃ ثلثاً وقال لم اعن امرأتی یصدق سے بھی تصدیق قضاءً مفہوم ہوتی ہے اور جواب سابق میں یہ کہا ہے کہ قضاءً صورت مسئولہ میں انکار ارادۂ طلاق مخاطبہ کی تصدیق نہ ہوگی اس کی کیا وجہ

اشکال اوّل کا جواب یہ ہے کہ کلام فقہاء میں ایسے جزئیات کا حکم جن میں اضافت لفظیہ نہیں ہے (اور اضافت معنویہ یعنی مخاطبت موجود ہے) مختلف مذکور ہے ۔ کہیں حکم وقوع طلاق ہے اور کہیں عدم وقوع طلاق ۔

خلاصہ میں ہے لو قالت طلقنی ففعل بھا وقال اینک طلاق لایقع ولو قال اینکت طلاق یقع یہاں تو اینک طلاق میں اضافت لفظیہ نہ ہونے کی وجہ سے عدم وقوع کا حکم ہے اس کے بعد ہے وفی مجموع النوازل سئل شیخ الاسلام عمن ضرب امرأتہ وقال دار الطلاق قال لاتطلق وسئل الامام احمد القلانسی عمن وکز امرأتہ وقال اینک یک طلاق ثم وکزھا ثانیاً وقال اینک

عہ جس کی طرف حاشیہ ۳۹۶ میں اشارہ کیا گیا ہے ۱۲ منہ

دو طلاق وکذا الثالث قال تطلق ثلاثا ۔ شیخ الاسلام یقول سمی الضرب طلاقاً فبطل والامام احمد یقول سمی الطلاق ضربا اھ (ص ۲۷۶ ج ۲) ۔ اس میں یہ اختلاف تو مذکور ہے کہ ضرب کو طلاق کہا ہے یا طلاق کو ضرب، لیکن یہ کسی نے نہیں کہا کہ اینک طلاق میں اضافت نہیں اس لئے طلاق نہیں ہوئی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اضافت کا تحقق دونوں کے نزدیک ہے حالانکہ اوپر اینک اور اینکت میں جو فرق کیا گیا ہے اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اینک میں لفظی اضافت نہیں تو ماننا پڑے گا کہ دوسری جگہ اضافت معنویہ کی وجہ سے (جو کہ مخاطبت ہے) وقوع کا حکم کیا گیا ہے، اب اس کے سوا کیا وجہ تطبیق ہوگی کہ جزئیہ اولیٰ کو دیانت پر حمل کیا جائے اور ثانیہ کو قضاء پر ورنہ ایک کو خطا پر حمل کرنا ہوگا ۔

اس کے بعد خلاصہ ہی میں ہے فی الفتاویٰ وفی المحیط (فی) دار طلاق ینوی لعدم الاضافۃ وقیل یقع بغیر نیۃ وھو الاشبہ اھ (ص مذکور) اس میں بھی میرے نزدیک قول اوّل دیانت پر اور ثانی قضاء پر محمول ہے کیونکہ دار طلاق میں واقعی اضافت لفظیہ نہیں جس سے یہ مطلب صریح حاصل ہو کہ اپنے اوپر طلاق سمجھے لیکن اضافت معنویہ کی وجہ سے اشبہ یہ ہے کہ قضاءً بلانیت کے طلاق پڑ جائے ۔

اسی طرح خلاصہ (ص ۱۳۰ ج ۲) میں ہے رجل قال لامرأتہ ہزار طلاق اگر فلان کار کنی واراد بہ التعلیق لا یتعلق الطلاق بذلک الفعل ولو قال اگر فلان کار کنی ہزار طلاق یتعلق کذا قال صاحب المحیط ومن المتاخرین من قال یتعلق فی الوجھین لان طریق الصحۃ عند تقدیم الشرط ادراج الخطاب وھذا قائم عند تاخیر الشرط اھ قلت فقد اجمعوا ای صاحب المحیط والمتاخرون علی وجود الاضافۃ فی صورۃ تقدیم الشرط وان معنی قولہ اگر فلان کار کنی ہزار طلاق ای تو بہزار طلاق واختلفوا فی صورۃ التاخیر لان الخطاب لم یوجد الا بعد قولہ ہزار طلاق فافہم ۔

اسی طرح خلاصہ میں ہے وفی نظم الزندویسی لو قال لامرأتہ فی حالۃ الغضب دور فتہ است وسہ رفت وقد کان طلقھا قبل ھذا تطلیقتین ولا نیۃ لہ لایقع الثالث (ص ۲۷۷ ج ۲) ـــــــــ اور ظاہر ہے

Made Searchable using ScribeTools.com

کہ قیود[عہ] فقہیہ احترازی ہوتی ہیں پس دلالۃ لہ کی قید سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر نیت ہو تو دو رفتہ است وسہ رفت سے تین طلاق پڑجائیں گی حالانکہ یہاں اضافت لفظیہ نہیں۔ اور اس مسئلہ میں نیت کی قید اس وجہ سے نہیں ہے کہ اضافت لفظیہ کے فقدان میں قضاءً نیت کی ضرورت ہے بلکہ یہ قید اس وجہ سے ہے کہ لفظ دو و سہ دو طلاق و سہ طلاق کے معنی میں صریح نہیں بلکہ کنایہ ہے اور کنایہ بھی وہ جس میں بہر حال نیت کی ضرورت ہے جیسے انت واحدۃ۔ پس اگر وضع مسئلہ لفظ دو وسہ سے نہوتی بلکہ دو طلاق رفت وسہ طلاق رفت ہوتا تو نیت کی کچھ ضرورت نہوتی اگر پھر بھی نیت کی ضرورت ہوتی تو دو وسہ کے ساتھ وضع مسئلہ لغو ہوگی اور ظاہر ہے کہ دو طلاق رفت وسہ طلاق رفت میں بھی اضافت لفظیہ نہیں ہے۔

پس اس اختلاف کو دیکھکر میں سمجھتا ہوں کہ "ارتوزن من سہ طلاق" میں جو اضافت لفظیہ کے نہونے سے حکم عدم وقوع دیا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ دیانۃً وقوع نہ ہوگا جبکہ زوج ارادۂ طلاق مخاطبہ کا انکار کرے اور قضاءً واقع ہے (کیونکہ اضافت معنویہ مخاطبت موجود ہے جس کی بنا پر انیک طلاق میں حکم وقوع دیا گیا ہے۔

اور اگر یوں کہے اگر فلان کار کنی بیک طلاق نفعلت طلقت معناہ بیک طلاق ہستی خلاصہ (ص ۹۸ ج ۲) اس میں قضاءً و دیانۃً ہر طرح طلاق واقع ہے کیونکہ اضافت معنویہ کے ساتھ اضافت لفظیہ بھی موجود ہے (الاقتضاء حرف الیاء متعلقا محذوفا وھو ہستی و المقتضی کالملفوظ)۔

علاوہ ازیں اشکال ثانی کے جواب میں جو وجوہ مذکور ہیں وہ بھی اسی کو مقتضی ہیں کہ جس کلام میں اضافت لفظیہ نہ ہو اور معنویہ موجود ہو وہاں قضاءً وقوع[عہ] طلاق ہوگا گو دیانۃً

عہ وزد قد کان طلقھا کی قید کا کیا نفع ہے۔

عہ سئل العلامۃ عبد الحی اللکنوی عن رجل قال لامرأتہ المدخول بھا بلفظ واحد طلاق ست طلاق ست طلاق ست پس از دے پرسیدہ شد کہ چند طلاق دادی او بجواب گفت کہ من صرف در تائید یک طلاق باقی الفاظ را ادا کردہ ام فاجاب بوقوع الطلقات الثلث قضاءً وان القاضی لا یقبل ارادتہ التاکید وان دین (ص ۲۷۸ ج ۲ مع الخلاصۃ) ۱۲ منہ

* * *

نیت زوج معتبر ہو۔

رہا یہ کہ خانیہ وغیرہ میں لا تطلق مطلق ہے اس کا مقید کرنا صحیح نہیں کیونکہ فقہاء موقع تقیید میں اطلاق نہیں کیا کرتے۔ تو یہ اشکال اس لئے مسلم نہیں کہ جزئیات فقہیہ میں غور کرنے سے ایسی نظائر بہت ملیں گی کہ فقہاء نے مقام تقیید میں اطلاق کیا ہے۔ چنانچہ جواب سابق میں شامی سے جو برہان محیط کا جزئیہ نقل کیا گیا ہے رجل دعتہ جماعۃ الی شرب الخمر الخ اس میں طلقت مطلق ہے جس کو شامی نے قضاءً سے مقید کیا ہے لان المراد طلقت قضاءً الخ و نظائرہ کثیرۃ کما لا یخفی۔

اب رہا **دوسرا اشکال** کہ لو قال امرأۃ طالق او قال طلقت امرأۃ ثلاثا وقال لما عن امرأتی یصدق اھ سے مفہوم ہوتا ہے کہ عدم اضافت لفظیہ کی صورت میں قضاءً و دیانۃً ہر طرح تصدیق ہوگی اور جواب سابق میں تصدیق کو دیانت سے مقید کیا گیا ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ بیشک اس جزئیہ میں تو اگر زوج ارادۂ طلاق زوجہ کا انکار کرے تو قضاءً و دیانۃً ہر طرح تصدیق ہوگی لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جب اضافت لفظیہ نہو اور اضافت معنویہ ہو تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ بات یہ ہے کہ امرأۃ طالق او طلقت امرأۃ میں نفی ارادۂ زوجہ معروفہ کی تصدیق قضاءً اس لئے ہوتی ہے کہ دراصل حالاً اس کلام اضافت نہ لفظی[عہ] ہے نہ معنوی ہے بلکہ صرف ایک قرینۂ خارجیہ سے یعنی عادت سے اضافت پیدا کی گئی ہے وھو قولہ لان العادۃ ان من لہ امرأۃ انما یحلف بطلاقھا لا بطلاق غیرھا بخلاف صورت مسئولہ کے کہ اس میں عورت کو مخاطب کر کے ایک طلاق دو طلاق کہا ہے گو لفظ تجھ کو وغیرہ نہیں مگر وہ سامنے موجود ہے اور اسی کو سنایا گیا ہے اور خطاب کا قصد ہے اس لئے اضافت معنویہ بوجہ خطاب کے موجود ہے اب اگر ارادۂ زوجۂ مذکورہ کی نفی کرے گا تو یہ قول قضاءً قبول نہ ہوگا چنانچہ اگر بجائے امرأۃ طالق وطلقت امرأۃ

عہ کیونکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ ایک عورت کو طلاق یا ایک عورت کو میں نے طلاق دی جس میں ارادۂ زوجہ پر کوئی دلیل نہیں بلکہ اخبار عن الغیر کا بھی احتمال ہے کیونکہ مرد وکالۃً غیر منکوحہ کو بھی طلاق دے سکتا ہے ۱۲ منہ

یا امرأته طالق کہے تو اس کی زوجہ معروفہ پر قضاءً طلاق واقع ہو جائے گی اور اُس کے ارادہ کی نفی معتبر نہ ہوگی گو صراحۃً یہاں بھی اضافت طلاق کی زوجہ معروفہ کی طرف نہیں کہ نہ اشارہ ہے نہ تسمیۃ بلکہ اضافت اُس عورت کی طرف ہے جو کہ اس کی ہو جس میں غیر معروفہ کا بھی احتمال ہے۔ مگر چونکہ زوجہ معروفہ ایک ہی ہے اس لئے معنیٔ اضافت اسی کی طرف ہے اور اُس کی نفی لغو ہے قال فی البحر لو قال امرأته طالق ولم یسم وله امرأة معروفة طلقت استحسانًا ولو قال لی امرأة اخری وایاها عنیتُ لایقبل إلا ان یقیم البینة اھ (ص ۲۵۴ ج ۳) رہا یہ کہ عبارت بزازیہ قال لها لاتخرجی من الدار الا باذنی فانی حلفت بالطلاق فخرجت لایقع لعدم ذکر حلفه بطلاقها۔ ویحتمل الحلف بطلاق غیرها فالقول لهٗ اھ سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ قضاءً اُس کا قول معتبر ہے اگر وہ غیر کا ارادہ بیان کرے اور مخاطبہ کی نفی کرے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ قضاءً یہ جب معتبر ہوگا جبکہ اس کے کوئی اور بیوی بھی مخاطبہ کے سوا ہو ورنہ نہیں قال ابن عابدین فی حاشیة البحر ان قول البزازیة هنا لایقع ای قضاءً فیه مخالفة لهذا (ای لما فی القنیة عن المحیط رجل دعته جماعة الی شرب الخمر فقال انی حلفت بالطلاق انی لا اشرب وکان کاذبًا فیه ثم شرب طلقت اھ ای قضاءً) ویمکن ان یوفق بینهما بان ما فی البزازیة محمول علی انشاء الحلف لا علی الاخبار وما فی القنیة علی الاخبار لقوله وکان کاذبا فیه ولکن بعد هذا یرد علی ما فی القنیة ان قوله بالطلاق یحتمل الحلف بطلاق امرأة اخری الا ان یحمل علی انه لیس له امرأة اخری غیرها فیکون اخبارًا عن طلاق مضاف الیها وما فی البزازیة محمول علی ان له غیرها والا لایصدق بدلیل ما یأتی عن الظهیریة من قوله لو قال امرأته طالق ولم یسم وله امرأة معروفة طلقت استحسانا وان قال لی امرأة اخری وایاها عنیت لایقبل قوله الا ان یقیم البینة اھ (ص ۲۵۳ ج ۳) بہر حال امرأة طالق وطلقت امرأة میں قضاءً اُس کے قول کی تصدیق کا منشا خلو کلام

عه یہاں تو صریح اضافت موجود ہے۔

عن الاضافة حالًا ہے اور عبارت بزازیہ میں اگر لایقع کو قضاءً پر محمول کیا جائے نہ کہ دیانت پر تو اس کا محمل یہ ہے کہ حالف کے چند بیویاں ہوں۔ اور اگر کسی کے صرف ایک بیوی ہو اور وہ اس کو لڑائی جھگڑے میں ایک طلاق دو طلاق بدون اضافت لفظیہ کے کہے تو قضاءً نفی قصد مخاطبہ کی قبول نہ ہوگی کیونکہ اضافت معنویہ موجود ہے وہو الخطاب اور کوئی بیوی سوائے مخاطبہ کے ہے نہیں تو پھر کیونکر نفی کو مانا جائے فان القاضی انما یتبع الظاهر واللہ یتولی السرائر صرحوا به فی مواضع شتی۔ خلاصہ میں ہے سکران هرب منه امرأته فتبعها ولم یظفر بها فقال بالفارسیة سہ طلاق ان قال عنیت امرأتی یقع اھ (ص ۶۷ ص ۲) اور ظاہر ہے کہ قیود فقہیہ احترازی ہیں تو اس میں لم یظفر بها کی قید بتلاتی ہے کہ اگر وہ سہ طلاق ایسی حالت غضب میں عورت کے سامنے کہدے تو اس صورت میں قضاءً عنیت امرأتی کہنے کی ضرورت نہ ہوگی، واللہ اعلم۔

۱۱ ر ج ۱ ۴۵ھ۔

فذلکة الکلام

بعد جوابات اشکالات کے اب اصل مسئلہ کے متعلق یہ عرض ہے کہ اس میں تو شک نہیں کہ باب طلاق میں دیانت کا مدار صحت معنی پر ہے اور قضاء کا مدار تبادر معنی ہے۔ گو اس سے دوسرے معنی لینا بھی صحیح ہوں لیکن جب وہ متبادر کے خلاف ہوں گے تو قضاءً قبول نہ ہونگے اور معنی متبادر ہی کو صریح کہا جاتا ہے قال فی الدر وصریحه مالم یستعمل الا فیه اھ قال الطحطاوی وقع نظیره لصاحب النهر حیث قال هو ما استعمل فی الطلاق دون غیره وهما قاضیان بان اللفظ لو استعمل فی غیر الطلاق ولو نادرًا یقدح فی صراحته فیه مع انهم نصوا علی ان الترکی یستعمل هذا اللفظ للطحال ولا یصدق قضاءً انه اراده بل یحکم علیه بالطلاق ان یقال ان المراد بالحصر کثرة الاستعمال فعلی هذا لو قال صریحه ماکثر استعماله فیه لکان اولی اھ (ص ۱۷۷ ج ۱) قلت وکذا

صاحب البحر والفتح والشامیة مثله ۔ پس اب دیکھنا چاہیئے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے لڑائی کی حالت میں ایک طلاق دو طلاق کہے یا فارسی میں ارتوزن منی سہ طلاق کہے تو اس سے متبادر یہی ہے کہ تجکو ایک طلاق دو طلاق اور ارتوزن منی بسہ طلاق ہستی اور اس کا خلاف کچھ متبادر نہیں گو لغۃً صحیح ہوسکتا ہے جیساکہ صاحب بزازیہ نے کہا ہے کہ لاتخرجی الا باذنی فانی حلفت بالطلاق میں کسی دوسری عورت کی طلاق کا بھی احتمال ہے مگر یہ احتمال ایسا ہی ہے جیسا انت طالق میں طلاق عن الوثاق وعن القید کا احتمال اور یا طالق میں سب وشتم کا احتمال کہ قضاءً مسموع نہوگا گو دیانۃً بوجہ صحت معنی کے مسموع ہوجائے پس سوا اس صورت کے جو شامی نے بیان کی ہے کہ بزازیہ کے قول کو اس پر محمول کیا جائے کہ مرد کی دوسری بیوی بھی معروف ہو اور کوئی وجہ اس کلام کی صحت کی نہیں اور جب یہ ثابت ہوگیا کہ بیوی کو خطاب کرکے ایک طلاق دو طلاق کہنا اور ارتوزن منی سہ طلاق کہنا اس سے متبادر یہ ہے کہ ارتوزن منی بسہ طلاق ہستی، تو اب اس میں عدم وقوع کا مطلقاً حکم کیونکر صحیح ہوسکتا ہے؟ بلکہ ان کو دیانت پر حمل کرنا لازم ہے لایقال الصریح انت طالق واذالم یکن لفظ انت مذکورًا لایبقی صریحًا فکیف یحکم بالوقوع قضاءً اذا انکر ارادۃ المخاطبۃ بہ قلت لفظ انت لادخل لہ فی الصراحۃ ویبقی الکلام صریحًا بدونہ اذا کان معنی الخطاب متبادرًا قال ابن عابدین فی حاشیۃ البحر الصریح ما فیہ مادۃ طلق کطالق وطلاق وتطلیق ونحوہ فقولہ انت طالق صریح ولا مدخل لقولہ انت فی صراحتہ اھ (ص ۲۶۱ ج ۳)۔ ولعل الکلام فی البحث عن المسئلۃ قد تم وعم والحمد للہ علی ما علم وافہم ۔

۱۱ ر ۱۲ ۴۵ھ

حضرت شیخ نے اس تحریر کو ملاحظہ فرماکر ارشاد فرمایا کہ میرے نزدیک فقہاء کی عبارات مطلقہ درباب عدم وقوع بسبب عدم اضافت کو دیانت پر محمول کرنا تقیید اطلاق ہے کیونکہ لایقع میں نکرہ تحت نفی ہے جو عام ہے اس کو بلا دلیل خاص نہیں کرسکتے ہاں یقع نکرہ تحت الاثبات ہے جو عموم میں نص نہیں اس لئے بہتر یہ ہے کہ اس کو عدم وجود قرائن پر محمول کیا جائے اور عبارات مفیدہ کو قرائن پر کمافی الجواب ۔ قلت والیہ یمیل قلبی لکن فی النفس بعد شیء ولعل اللہ یحدث بعد ذلک امرًا ۔

طلاق میں عورت کے قول کا اعتبار جبکہ میاں بیوی میں اختلاف ہو

۲۷

(سوال) بیان زوجہ کا :۔ زوجہ وشوہر دونوں ایک جگہ اس طرح ہے کہ زوجہ دالان کے اندر تھی اور شوہر سائبان میں تھا، اور دالان میں تین دروازے تھے جس میں سے دو دروازے بند تھے اور صرف ایک دروازہ کھلا تھا، میں نے دالان کے اندر سنا کہ شوہر نے مجھ کو کہا کہ "میں نے تم کو طلاق دیا" مجھے اٹکل سے معلوم ہوا کہ یہ الفاظ تین دفعہ کہا تھا میں نے لفظ "نہ" نہیں سنا تھا فقط ۔

بیان شوہر کا :۔ میں نے اپنی چھوٹی بہن کو بھیجا کہ جاکر اپنی بھاوج کو بلالاؤ چنانچہ وہ گئی اور واپس آکر کہا کہ نماز پڑھکر آویں گی، میں نے کہا اچھا ۔ وہ تھوڑی دیر کے بعد آئیں اور کہا کہ کیا ہے؟ میں نے کہا کہ نیند معلوم ہوتی ہے سونے دو ۔ چند منٹ گفتگو ہوتی رہی میں آنکھ بند کئے پڑا رہا کہ وہ اندر مکان کے گئیں میں نے کہا کہ کہاں جاتی ہو جواب ملا کہ آتی ہوں ۔ میں نے کہا اچھا ۔ وہ اندر سے کہنے لگیں کہ طلاق کا لفظ کیسا کہا ہے؟ میں نے فوراً جواب دیا کہ طلاق کیسا میں نے نام بھی نہیں لیا ہے، انہوں نے کہا کہ شاید سننے میں فرق ہوگیا ہو، میں خاموش تھا، انہوں نے کہا کہ جانتے ہو طلاق کیسے دیا جاتا ہے میں نے کہا کہ نہیں، کہا کہ اس طرح دیا جاتا ہے" میں نے تم کو طلاق دیا" میں نے کہا ہوں، کہا کہ کہو، اس وقت میں نے کہا کہ ہم نے تم کو طلاق نہ دیا، انہوں نے کہا کہ نہ کا لفظ نہیں کہا جاتا ہے، میں نے کہا کہ ہاں نہ کا لفظ میں نے بہت زور سے نہیں کہا ہے میں سائبان میں تھا اور وہ دالان میں تھیں میں نے پھر کہا کہ طلاق وغیرہ کا نام میں نے نہیں لیا ہے اس کا خیال مت کرنا تب انہوں نے کہا کہ ہاں ہمارے سننے میں فرق پڑ گیا ہوگا فقط ۔

استفتاء :۔ زوجہ وشوہر کا بیان اوپر لکھا گیا ہے گواہ دونوں میں کسی کے پاس نہیں ہیں عرصہ دس بارہ سال کا ہوا کہ یہ واقعہ ہوا تھا اس وقت سے دونوں علیحدہ ہے اور پردہ رہا اب زوجہ وشوہر دونوں راضی ہیں اور دریافت کرتے ہیں کہ اگر شرع شریف اجازت دے تو آپس میں میل کرلیں کیا حکم علماء کا ہے احکام شرع سے آگاہ فرماویں اجر عظیم اللہ تعالیٰ سے پاویں گے فقط ۔

الجواب ؛ صورت مسئولہ میں اگر زوجہ کو خوب پختگی سے یہ یاد ہے کہ شوہر

نے (میں نے تم کو طلاق دیا) تین بار کہا تھا تو اب اس کو اس شوہر کے پاس رہنا جائز نہیں اور بدون حلالہ کے دوسرا نکاح بھی اس سے نہیں کر سکتی اور اگر تین بار کے سننے میں شک ہو یعنی تین دفعہ لفظ مذکور کہنے کا ایسا یقین نہیں کہ اس پر حلف کر سکے تو وہ بدونِ حلالہ کے تجدید نکاح کر کے اس شخص کے پاس رہ سکتی ہے گو بیان شوہر کے مطابق تجدید نکاح کی بھی ضرورت نہیں تھی مگر جب عورت کو طلاق کا لفظ بدون لفظ "نہ" کے مسموع ہوا ہے تو اس کو بدون تجدید نکاح کے اس کے پاس رہنا اُس وقت بھی جائز نہیں جبکہ تین بار میں شک ہو لأن المرأة کالقاضی فلا تؤمر الا بعلمها و سماعها ولزوم التجدید لمضی العدة وَالا فالطلاق وقع رجعیا لو اقل من الثلث، واللہ اعلم۔

۸ رجمادی الاخریٰ ۴۳ھ۔

(سوال) ایک شخص نے کسی کی ایک نابالغہ لڑکی سے ارادہ نکاح کا کیا اور اپنے مربّی بزرگوں سے چند آدمیوں کو لڑکی کے باپ کے پاس بھیجا۔ یا تاکہ نکاح کا پیغام کریں اور بات چیت ٹھیک کریں وے لوگ لڑکی کے باپ کے پاس گئے اور نکاح کی درخواست کی۔ لڑکی کے باپ نکاح دینے پر راضی ہوا لیکن یہ بات کہا کہ کابین نامہ نکاح کا قبل عقد نکاح کے رجسٹری کروا دینا ہوگا۔ اور کابین نامہ کے شرائط میں اپنی مرضی کے موافق لکھاؤں گا دوسری کوئی کابین نامہ پر حوالت و برات نہیں۔ اگر یہ بات منظور ہو تو میں اپنی لڑکی اسے نکاح دے سکتا ہوں، وے لوگ اس بات پر راضی ہو گئے اور جا کر ناکح کو آگاہ کیا ناکح نے کابین نامہ لکھوانے کے واسطے کاغذ مہر کر کے لڑکی کے باپ کے پاس بھیجدیا اور کاتب کی اُجرت بھی ایک روپیہ بھیجدیا۔ پس لڑکی کے باپ نے کابین نامہ لکھوایا اور ناکح کے پاس بھیجا اور ایک شخص نے کابین نامہ مرقومہ ناکح کو پڑھکر سنایا۔ پس ناکح نے کابین نامہ سُنکر اور شرائط و مضامین سے آگاہ ہو کر کابین نامہ پر اپنی دستخط کر کے رجسٹرار کے پاس لے گیا۔ اور اپنا تھام[1] اس پر ایک دو تین طلاق ہو جائیگی۔ اس اقرار نامہ کی خلاف ورزی پر زوجہ ثانیہ پر طلاق واقع ہوگی یا نہیں

[1] نشان انگوٹھا۔

چسپا کئے پھر دستخط کر کے اپنی طرف سے فیس دے کے کابین نامہ کو رجسٹری کروا دیا۔ بعد اس کے اس لڑکی سے عقد نکاح ہو گیا۔ واضح رہے کہ کابین نامہ مذکورہ میں یہ شرط لکھی گئی تھی کہ (آپ[1] کی اور آپ کے ولی وارث کی بلا اجازت اور آپ کے مہرانے کا کل روپیہ نقد ادا کر کے پشت کابین نامہ ہذا پر وصول لکھوا دینے کے بغیر اگر کوئی غیر عورت سے نکاح کروں تو وہ عورت اسی وقت ایک[2] دو تین طلاق ہو جائے گی) اب اس شخص نے اس بیوی کے اوپر ایک دوسری عورت سے نکاح کر لیا اور اس کے ساتھ بود و باش کرنے لگا۔ نہ بی بی سے اجازت لی اور نہ بی بی کے ولی وارث سے پوچھا۔ اور نہ زر نقد مہرانہ ادا کر کے پشت کابین نامہ پر وصول لکھوا دیا۔ پس اس صورت میں اس کی دوسری عورت مطلقہ بسہ طلاق ہو گئی یا نہیں۔ اور اس عورت کے ساتھ خلوت، صحبت کرنا زنا میں محسوب ہوگا یا نہیں اور وہ شخص اس وقت یہ عذر پیش کرتا ہے کہ یہ کابین نامہ میں نے رجسٹری کروایا سو صحیح ہے اور دستخط و تھام بھی میرا ہی ہے لیکن میں نے قبل عقد نکاح کے بین نامہ دیا۔ اور میں نے زبانی اقرار نہیں کیا۔ اور نہ کسی کو اپنے اقرار پر گواہ رکھا۔ اور نہ کسی کو لکھنے کے واسطے حکم دیا۔ پس اس صورت میں اس کا یہ سب عذر سُنا جائے گا یا نہیں۔ اور کابین نامہ قبل عقد نکاح کے ہونا شرط مذکورہ کو مضر ہے یا نہیں۔ اور رجسٹری کردہ کابین نامہ مثل اقرار ای باللسان کردہ خط کے ہے یا نہیں۔ اور رجسٹری سے اقرار خط[1] کا ثابت ہوتا ہے یا نہیں، اور رجسٹری کردہ خط کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ صورت مذکورہ میں دوسری عورت پر نکاح کرتے ہی تین طلاق واقع ہو گئیں اور اس سے وطی و خلوت سب داخل زنا ہے الا انها لو اثبت منه باولاد بهذا الوطی لا تکون اولاد الزنا و مسلوبة النسب بل تعد ولد الحلال لکونه وطیا بشبهة۔ اور شخص مذکور کے جملہ اعذار لغو ہیں جب ناکح نے کابین نامہ خود خرید کر بھیجا اور لڑکی کے باپ کو اختیار دیا کہ جو چاہو لکھوالو،

---

[1] اپنی زوجہ کو خطاب کرتا ہے۔ [2] ای اقرار بالا۔

Made searchable using ScribeTools.com

اور خود اجرت کتابت دی اور اس کو سُن لیا اور شرائط و مضامین سے آگاہ ہو کر اس پر دستخط کر دئے اور اس کو خود رجسٹری کرایا اور اب بھی اقرار ہے کہ یہ دستخط وغیرہ سب میرے ہیں تو یہ بمنزلہ قول باللسان کے ہے قال فی الشامیة ولو استکتب من آخر کتابا بطلاقها وقرأه علی الزوج وختمه وعنونه وبعث به الیها فاتاها وقع (الطلاق) ان اقر الزوج انه کتابه اھ (ص ۲۷۰۴ ج ۲)

واللہ اعلم۔ ۲۲ رجب ۴۳ھ۔

تتمہ جواب؛ اقول وباللہ التوفیق۔ صورت مسئولہ میں چونکہ کابین نامہ قبل نکاح لکھا گیا ہے اس لئے اس میں چند صورتیں ہیں ایک یہ کہ یوں لکھا ہو کہ اگر میں تجھ سے نکاح کرلوں پھر تیری یا تیرے ولی کی اجازت کے بغیر اور مہر وغیرہ ادا کئے بغیر کسی عورت سے نکاح کروں تو اس کو طلاق، اس صورت میں تو جب عورت مخطوبہ سے نکاح کر کے کسی عورت سے اس کی یا ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کریگا تو منکوحہ ثانیہ پر طلاق پڑ جائے گی۔ دوسری صورت یہ ہے کہ یوں لکھا جائے کہ جب تک تو میرے نکاح میں رہے پھر میں تیری یا تیرے ولی کی اجازت کے بغیر اور بدون مہر کل ادا کئے کسی سے نکاح کروں الخ اس صورت میں منکوحہ ثانیہ پر طلاق واقع نہیں ہوگی قال فی العالمگیریة قال لاجنبیة مادمت فی نکاحی نکل امرأة اتزوجها فهی طالق ثم زوجها فتزوج علیها امرأة لایقع ولو قال ان تزوجتك فمادمت فی نکاحی نکل امرأة اتزوجها علیها والمسألة بحالها یقع کذا فی الوجیز للکردری (ص ۱۰۱ ج ۲) قال سیدی حکیم الامة: والفرق بینهما ان فی الاول علق طلاق الثانیة علی بقاء نکاح الاولی والبقاء لایتصور بدون الحدوث فلا یصح تعلیق شیء علی بقاء النکاح اذا کان الخطاب مع الاجنبیة فیلغوا الکلام ولا یقع به علی الثانیة شیء۔ وفی المسئلة الثانیة علق الطلاق علی انشاء النکاح بالمخاطبة ویصح انشاء النکاح بکل اجنبیة فیصح التعلیق واذا تزوج علیها اخری طلقت اھ پس صورت مسئولہ کا جو جواب دیا گیا ہے وہ اس بناء پر ہے کہ اس کابین نامہ کی عبارت کاملہ سے تعلیق طلاق کو منکوحہ ثانیہ

علی انشاء النکاح بالاولیٰ ہو اور اگر تعلیق انشاء النکاح بالاولیٰ پر نہیں ہے بلکہ اس کے نکاح کے بقاء پر طلاق ثانیہ کو معلق کیا ہے تو وقوع طلاق نہ ہوگا چونکہ عبارت کابین نامہ مختصر تھی اور وہ کسی ایک مراد میں نص نہ تھی اس لئے تردد ہو گیا آپ ان لوگوں کے محاورات وطرز کتابت سے واقف ہیں جس صورت میں داخل سمجھیں اس کا حکم لگادیں۔

۲۰ رجب ۴۳ھ۔

مجھ کو تمہاری لڑکی کی ضرورت نہیں الخ کے الفاظ سے طلاق نہیں ہوتی

(سوال) (۱) زید نے اپنی لڑکی کی شادی عمرو سے کہہ دی (۲) عرصہ ڈیڑھ سال کا ہو گیا عمرو نے لے جانے سے انکار کر دیا (۳) اگر اس سے طلاق کے واسطے کہا گیا تو کچھ جواب نہیں دیا (۴) کچھ عرصہ کے بعد اس نے ایک خط لکھا جو کہ میرے پاس موجود ہے اور اس میں لکھتا ہے کہ "یا تو ۸ یوم کے اندر میری بیوی کو روانہ کرد و ورنہ میری تمہاری رشتہ داری نہیں ہے، اور نہ مجھ کو تمہاری لڑکی کی ضرورت" مکرر دو فقرے یہ لکھتا ہے کہ مجھ کو ضرورت نہیں چاہیئے تم کچھ کرو میں بڑا نیک ہوں اور شادی کرلوں گا"۔

(۵) بندہ بہت غریب آدمی ہے خود نان و نفقہ کو محتاج ہے تو کیا میں دوسرا نکاح لڑکی کا کر سکتا ہوں؟

(۶) مکرر فقرہ جو اس نے لکھا ہے وہ یہ ہے کہ "میں قسم کھا کے کہتا ہوں کہ تمہاری لڑکی کی مجھ کو کچھ ضرورت نہیں ہے"۔

الجواب؛ عمرو نے جو لکھا ہے کہ مجھ کو تمہاری لڑکی کی ضرورت نہیں ہے اس لفظ سے طلاق نہیں ہوئی کما فی فتاوی قاضی خاں (ص ۲۱۷ جلد ۲) ولو قال لاحاجة لی فیك ونوی الطلاق لایقع اھ وهکذا فی العالمگیریة ص ۶۹ ج ۲

عبد الکریم عفی عنہ۔ الجواب صحیح ظفر احمد عفا عنہ

حکم طلاق بلفظ اگر گہے نزد تو کلام دروغ گویم تا بعد نکاح زوجہ ام سہ طلاق خواہد شد

(سوال) اگر کوئی شخص پرچہ پر لکھے یا اور کسی شخص کو خطاب کر کے کہے کہ من از امروز تا زندگی نزد تو کلامے دروغ نخواہم گفت۔ اگر گہے نزد تو کلام دروغ گویم تا بعد نکاحم۔ زوجہ ام سہ طلاق بائن خواہد شد بعد دو ماہ چنداں نکاح کنم۔ ہر زوجہ ام را اکنون طلاق بائنہ دادم بعد دو ماہ اگر وقتے نزد تو دروغ گویم۔ سچ مچ یہی عبارت کہا اور لکھا اور کاتب و قائل نے

Made Searchable by Scribe Tools.com

یہ کلام قبل نکاح و بعد نکاح بارہا ساتھ مخاطب مذکور کے جھوٹ بات کہا تو کیا زوجہ پر قائل وکاتب کی طلاق پڑگئی ؟ اور اگر مطلقہ ہو جائے تو جتنے نکاح کرے گا تو سب عورت مطلقہ ہو جائے گی یا نہ اور اگر سب عورت مطلقہ ہو جائے تو کیا وہ شخص تمام عمر بے زن رہے گا یا واسطے قائم رہنے نکاح کے کوئی صورت ہو سکتا ہے اور اگر ہو سکے تو وہ صورت کیا از روئے مہربانی جواب سے مشکور وممنون فرماویں۔

الجواب؛ صورت مسئولہ میں قائل کے کلام میں دو جملے ہیں ایک "اگر گہے نزد تو کلام در دروغ گویم تا بعد نکاح زوجہ ام سہ طلاق بائن خواہد شد بعد دو ماہ" یہ تو تعلیق ہے اس کا حکم یہ ہے کہ اگر قائل نے مخاطب سے کلام در دروغ قبل از نکاح کر لیا اور پیچھے نکاح کیا اور نکاح کے بعد دروغ نہیں کہا تو منکوحہ پر طلاق واقع نہ ہوگی اور اگر نکاح پہلے کیا اور کلام در دروغ بعد میں کیا تو منکوحہ اولیٰ پر طلاق ثلث واقع ہو جاوے گی بعد دو ماہ کے، اور اس کے بعد تعلیق ختم ہو جاوے گی۔ دوسری بیوی پر دروغ سے طلاق واقع نہ ہوگی قال فی الشامیۃ قال کل امرأۃ اتزوجھا فھی طالق ان کلمت فلانا فکلم ثم تزوج لا یقع الطلاق علیھا وان کلم ثم تزوج ثم کلم طلقت المتزوجۃ بعد کلام الاول خانیہ (ص ۸۱۳ ج ۲) وفی الدر کلمات الشرط ان، واذا، واذا ما، وکل، وکلما، ومتی، ومتی ما۔ وفیھا تنحل الیمین اذا وجد الشرط مرۃ الا فی کلما "قلت ولفظ گہے" فی الفارسیۃ بمعنی "متی" واللہ اعلم۔ اور جملہ ثانیہ میں تعلیق نہیں ہے بلکہ اکنوں طلاق دادم انشار حال پر دال ہے اس سے کسی منکوحہ بعد الکلام پر طلاق کا وقوع نہ ہوگا۔ واللہ اعلم۔ ظفر احمد

اگر تو اپنے باپ سے ملے گی یا اپنے باپ کے گھر جائیگی تو تجھ پر طلاق، اور عورت باپ کے مرنے کے بعد باپ کے گھر گئی تو طلاق نہیں ہوگی

(سوال) کیا فرماتے ہیں علماء دین مفتیانِ شرع چراغ راہ دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے اپنی عورت سے کہا کہ اگر تو اپنے باپ سے ملے گی یا اپنے باپ کے گھر جاوے گی تو تجھ پر طلاق ہے آپ مع کتب معتبرہ وعبارت عربی ارسال فرماویں کہ آیا اس کا نکاح فاسد ہو گیا یا کہ نہیں جبکہ اپنے باپ کے گھر بعد اپنے باپ کے انتقال کے گئی، بینوا توجروا۔

الجواب؛ بظاہر شوہر کے ان الفاظ سے "کہ اگر تو اپنے باپ کے گھر جاویگی الخ

وہی مراد ہے جو پہلے جملہ سے مراد ہے یعنی باپ سے گھر جا کر ملنا اس لئے بعد انتقال والد کے اگر یہ عورت اس کے گھر گئی تو طلاق واقع نہ ہوگی اور اگر اس جملہ سے مستقلاً باپ کے گھر سے روکنا مراد ہے جب بھی طلاق واقع نہ ہوگی کیونکہ گھر کو باپ کی طرف مضاف کیا گیا ہے اور موت سے یہ اضافت منقطع ہو گئی قال فی الشامیۃ لو مات مالک الدار (فیما اذا حلف لا یدخل دار زید) فدخل لا یحنث لانتقالھا للورثۃ ولو کان علیہ دین مستغرق قال محمد بن مسلمۃ یحنث وقال ابو اللیث لا وعلیہ الفتوی لانھا وان لم یملکھا الورثۃ وبقیت علی حکم ملک المیت ولکن لم تکن مملوکۃ لہ من کل وجہ اھ (ص ۱۲۸ ج ۳) واللہ اعلم

ربیع الاول ۴۴ھ۔

اگر تو چاند جیسی حسینہ نہیں تو تجھ پر تین طلاق کہنے سے بیوی پر طلاق واقع نہیں ہوگی

(سوال) ایک شخص نے اپنی زوجہ کو کہا کہ اگر تو چاند جیسی حسینہ نہیں تو تجھ پر تین طلاق ہیں اب ایک مولوی صاحب نے کہا ہے کہ اس پر طلاق نہیں واقع ہوئی کیونکہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم ہم نے جنس انسان کو اچھی صورت میں پیدا کیا ہے، تو اگر عورت جیسی بھی قبیحۃ المنظر ہو وہ چاند سے خوبصورت ہے۔ اور ایک مولوی صاحب نے فرمایا ہے کہ طلاق واقع ہو جاتی ہے خدا تعالیٰ فرماتا ہے جعل الشمس ضیاء والقمر نورًا تو گویا قمر نورانی چیز ہے اور عورت چاند جیسی منورہ نہیں اس واسطے طلاق واقع ہو گئی۔ تحریر فرماؤ کہ کس کی دلیل قوی ہے ؟

الجواب؛ الضوء والنور ما یفرق البصر والحسن والجمال ما یمیل بالقلب ویجلبہ الیہ عرفا صورت مذکورہ میں ہمارے نزدیک طلاق واقع نہیں ہوئی کیونکہ گو چاند کا عورت سے انور ہونا یقینی ہے مگر احسن ہونا یقینی نہیں کیونکہ حسن کا مدار صرف نور پر نہیں بلکہ اور بہت سی اداؤں کو بھی اس میں دخل ہے قال الشاعر ؎ ففیک من الشمس المنیرۃ ضوءھا ؛ ولیس لھا منک التبسم والثغر وقال آخر ؎

خوبی ہمیں کرشمہ ناز و خرام نیست ؛ بسیار شیوہ ہاست بتاں را کہ نام نیست

اس لئے چاند کا اس عورت سے احسن ہونا مشکوک ہو گیا و لا یقع الطلاق بالشک

Made searchable using ScribeTools.com

قلتُ ثم ظفرت بجزئية صريحة فی الباب ذكره العلامة المحدث ابوبكر ابن العربی فی احكام القرآن له فی تفسير سورة التين وقد اخبرنا المبارك بن عبد الجبار الازدری اخبرنا القاضی ابو قاسم علی بن ابی علی القاضی المحسن عن ابيه يومًا كان عيسی بن موسی الهاشمی يحب زوجه حبًا شديدًا فقال لها يومًا انت طالق ثلاثا ان لم تكونی احسن من القمر فنهضت واحتجبت عنه وقالت طلقتنی وبات بليلة عظيمة ولما اصبح غدا الی دار المنصور فاخبره الخبر وقال يا امير المؤمنين ان تم علی طلاقها تصلفت نفسی غما وكان الموت احب الی من الحياة واظهر للمنصور جزعًا عظيمًا فاستحضر الفقهاء واستفتاهم فقال جميع من حضر قد طلقت الارجلًا واحدًا من اصحاب ابی حنيفة فانه كان ساكتًا فقال له المنصور مالك لا تتكلم فقال له الرجل بسم الله الرحمن الرحيم والتين والزيتون وطور سينين وهذا البلد الامين لقد خلقنا الانسان فی احسن تقويم يا امير المؤمنين الانسان احسن الاشياء ولا شئ احسن منه فقال المنصور لعيسی بن موسی الامر كما قال فاقبل علی زوجتك فارسل ابو جعفر المنصور الی زوجته ان اطيعی زوجك ولا تعصيه فما طلقك فهذا يدل علی ان الانسان احسن خلق الله باطنًا وهو احسن خلق الله ظاهرًا جمال هيئته وبديع تركيب الرأس بما فيه والصدر بما جمعه والبطن بما حواه والفرج وما طواه واليدان وما بطشتا والرجلان وما احتملتا وكذلك قالت الفلاسفة انه العالم الاصغر اذ كل ما فی المخلوقات اجمع فيه هذا علی الجملة وكيف علی التفصيل يتناسب المحاسن فهو احسن من الشمس والقمر بالمعنيين جميعًا (ص ۳۱۳ ج ۲) ۲ رمضان المبارك ۴۴ھ۔

بطور وظیفہ صیغۂ طلاق کہنے سے قضاءً طلاق ہو جاتی ہے

ایک مولوی صاحب نے ایک جاہل کو تعلیم دی کہ تو کہا کر کہ یا امرأتی انت طالق ثلاثا تو خدا تجھ کو بہت سامان دے گا اب وہ گھر بیٹھکر یہ وظیفہ اپنی عورت کو سناتا رہا اور عورت بھی

خوب توجہ سے سنتی رہی آیا طلاق اس عورت پر واقع ہوگئی یا نہ جواب دلیل سے تحریر فرماویں؟

الجواب؛ اس جاہل کی بیوی پر دیانۃً اس وظیفہ سے طلاق واقع نہیں ہوئی اور قضاءً واقع ہوگئی پس مرد کو تو اس عورت سے استمتاع جائز ہے لیکن عورت کو اگر یہ معلوم ہو جائے کہ مرد نے میرے پاس جو وظیفہ پڑھا تھا اس کے معنی طلاق کے ہیں تو اس کو اس مرد کے پاس رہنا جائز نہیں وہ اپنے کو مطلقہ ہی سمجھے اور اگر اُسے یہ معلوم نہیں ہوا تو اس کو بتلانا ضروری نہیں قال فی الشامية قالت لزوجها اقرأ علی اعتدی انت طالق ثلاثا ففعل طلقت ثلاثا فی القضاء لا فيما بينه وبين الله اذا لم ينو الزوج ولم يعلم بمعناه اھ (ص ۹۹۸ ج ۲) ۳۰ ربیع الاول ۴۳ھ

حکم طلاقِ ہازل

(سوال) زید کو دو زوجہ ہے ثانیہ کو طلاق دینے کے واسطے دو ایک بار لوگوں کو بلایا ولیکن طلاق نہیں دی بعد چند روز ایک آدمی نے ان سے پوچھا کہ میں نے سُنا کہ تم عورت ثانیہ کو چھوڑ دی زید نے بولا ہاں چھوڑ دی بعد اس کے پوچھا کتنے طلاق دی وہ بولا تین طلاق اس وقت دو مرد اور دو عورت نے اس اقرار کو سنا۔ اس وقت انہوں سے دوسرے شخص نے پوچھا کہ یکبارگی صاف کردی زید نے بولا ہاں یکبارگی صاف۔ گواہوں سے ایک آدمی نے کہا کہ تمہاری عورت مطلقہ ثلاثہ ہوگئی، زید نے بولا نہیں ایسا ہی طلاق سے ہرگز طلاق نہ ہوگی۔ زید جاہل ہے مسئلہ طلاق نہیں جانتا ولیکن وہ بولتا ہے کہ میں حقیقت میں طلاق نہیں دی سائلوں کا جواب کہا۔ اور زید دعوی کذب اور ہزل کا کرتا ہے لیکن اس میں گواہ نہیں یعنی اقرار کذب کا اور ہزل کا گواہ نہیں۔ جیساکہ کتب فقہ میں الا اذا اشهد قبل ذلك لکھا ہے مگر اس قدر جو اوپر گذرا یعنی دو ایک دفعہ لوگوں کو طلاق دینے کے واسطے بلائیں طلاق نہیں دی ولیکن انہوں کو خبر کذب کا گواہ نہیں بنائیں، اب وہ لوگ خبر کذب اور ہزل کا گواہ ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ ایک مولوی صاحب نے اس حادثہ میں حکم تین طلاق قضاءً کیا ہے نہ دیانۃً اور دلیل ان کی یہ ہے شامی کتاب الطلاق لو اقر بالطلاق كاذبًا الی قوله وقع قضاءً چونکہ قبل تکلم ایسا گواہ نہیں، بنایا کہ تم لوگ گواہ رہیو کہ میں اقرار خبر کذب اور ہزل کا کروں گا فی الواقع طلاق نہیں دوں گا۔ اگر کوئی ایک عورت قضاءً تین طلاق ہو جاوے تو اس عورت کیسے بدون تفریق کے اپنے شوہر کے ساتھ میاں بیوی جیسا برتاؤ کرنا جائز ہے؟ اس حادثہ میں دوسرے

مولوی صاحب دیانۃً اور قضاءً عدم وقوع طلاق کا کہدیا اور بدون تفریق کے زید کے ساتھ برتاؤ کا حکم دیا چونکہ عندالله طلاق نہیں اور دلیل ان کا یہ ہے درمختار مع ردالمحتار قولہ اد هازلاً کی تفسیر میں علامہ شامی نے دلیل خانیہ اور تلویح سے استدلال کیا اور زید جو لوگوں کو طلاق دینے کے واسطے بلایا لیکن انہوں کے سامنے طلاق ندی اس کو منزلہ میں شہادت خبر کاذب اور ہزل کا گردانتا ہے اگرچہ زید ویسا نہیں کہتا۔ مولینا تھانوی صاحب نے ایک فتوی وقوع قضاءً وعدم وقوع دیانۃً تتمہ جلد ثانی کتاب الطلاق صلا میں لکھا ہے وہاں بھی خانیہ اور تلویح کی عبارت سے دلیل پیش کی اس کی کیا توجیہ ہے؟ زید نے دوسری مجلس میں بھی مذکورہ گواہوں کے سوائے اور دو آدمی کے پاس اقرار بالا کیا پوچھا گیا کہ عورت کو چھوڑ دی؟ زید نے بولا ہاں چھوڑ دی کتنے طلاق دی؟ بولا تین طلاق اور بالکل صاف کر دیا۔ فقط۔

الجواب ؛ فقہاء نے تصریح کی ہے المرأة كالقاضي فلا يحل لها ان تمكنه اذا سمعت منه ذلك او علمت به لانها لا تعلم الا الظاهر اه فتاوی حامدیہ (ص ۱۳۷ ج ۱) ومثله في الشامية وغيرها ایضاً پس بعض علماء نے جو یہ کہا ہے کہ اقرار کاذبًا سے قضاءً طلاق ہوتی ہے نہ کہ دیانۃً یہ تو صحیح ہے لیکن اس میں اتنی قید کی اور ضرور ہے کہ اگر عورت نے زوج کے منہ سے الفاظ طلاق خود سن لئے یا کسی عادل نے اس کو خبر دی ہو تو عورت کو تمکین زوج من نفسہا جائز نہیں بلکہ اس پر لازم ہے کہ اپنے مطلقہ ثلاث مغلظہ ہی سمجھے اور دو ایک دفعہ لوگوں کو طلاق دینے کے لئے بلانا اشہاد نہیں ہے بلکہ اشہاد یہ ہے کہ ان سے یہ کہہ دیا جاتا کہ میں کاذبًا یا ہازلًا ایسا کہوں گا۔ اور یہ بھی اس وقت ہے جبکہ زید اس اقرار میں اقرار کاذبًا کا دعوی کرتا ہو اور اگر ہزل کا مدعی ہے پھر تو قضاءً ودیانۃً وقوع طلقات ثلاث ہو چکا اس صورت میں تو چاہے عورت کو علم نہ بھی ہو جب بھی یہ شخص اس بیوی کو اپنے پاس نہیں رکھ سکتا قال في الدر اد هازلاً قال الشامي اى فيقع قضاءً وديانةً كما يذكره الشارح وبه صرح في الخلاصة وكذا في البزازية اه (ص ۲۹۴ ج ۲) والله اعلم۔

نوٹ :- ہم نے امداد الفتاوی تتمہ جلد ثانی (ص ۱۰۱) کا مطالعہ کیا اس میں بھی یہی حکم ہے جو جواب ہذا میں مذکور ہے، فلیراجع بتدبر، فقط۔ ۱۷ ذیقعدہ ۴۳ھ

طلاق کی ایک صورت کا حکم (سوال)، احمد نے اپنی عورت کو ایک کاغذ کے اوپر اس طرح طلاق لکھی کہ میں ڈابھیل کا رہنے والا احمد اسماعیل گارڈی میں اپنی عورت مسماۃ مریم کو جو کہ میرے ساتھ رہتی نہیں ہے آج کے روز اپنی خوشی اور ہوشیاری وعقل سے میں اس کو فارغ خطی دیتا ہوں میں نے آج کے روز سے اس کو اپنے نکاح سے فارغ کر دیا ہے میں نے اپنی راضی وخوشی سے طلاق دی ہے اس میں کسی کا کچھ چلے گا نہیں میں نے طلاق دیتے وقت پانچ آدمی کے روبرو فارغ خطی دی ہے یہ صحیح ہے دستخط احمد اسماعیل بقلم خود، شاہد اسماعیل ابراہیم بقلم خود، شاہد صالح محمد بقلم خود، شاہد صالح ابراہیم بقلم خود، شاہدہ ابراہیم کی عورت، شاہدہ خدیجہ پٹیل کی عورت۔ ان پانچ شاہدوں کا یہ اقرار ہے کہ بلاجبر احمد نے ایک کاغذ کے اوپر طلاق اس طرح سے لکھی اور زبانی بھی ہمارے روبرو میں مریم کو تین مرتبہ طلاق دی، اس واقعہ کے بعد تین چار اشخاص احمد کے پاس گئے اور اس سے اس کے متعلق پوچھا تو احمد نے اس بات کا اقرار کیا کہ میں مریم کو طلاق دے چکا ہوں یہ صحیح بات ہے اور کئی آدمی کو وہ کہتا رہا کہ میں طلاق دے چکا ہوں ابھی تک وہ اس طرح کہتا رہتا ہے یہ طلاق سب لوگوں میں مشہور ہو چکی اس کے بعد یہ واقعہ ہوا کہ احمد کا بھائی محمود اس کو ڈاکٹر کے پاس لے گیا اور احمد کو دیوانہ ثابت کیا اور مریم کے ماموں کے پاس وکیل کی معرفت نوٹس بھیجا کہ یہ دیوانہ ہو گیا ہے اس نے طلاق نہیں دی ہے اور اگر دی ہے تو وہ دیوانہ ہے میں اس کا والی ہوں اس کا طلاق دینا صحیح نہیں، مریم کے ماموں نے یہ جواب دیا کہ طلاق ہو چکی ہے اور احمد دیوانہ نہیں ہے وہ تجارت کرتا ہے سنا بمبئی جاتا آتا ہے مال خریدتا ہے بیچتا ہے اس کے روپئے وصول کرتا ہے روپئے امانت رکھتا ہے وہاں سے لیتا دیتا ہے ڈاکخانہ میں اس کے نام سے اس کا بڑا بھائی روپئے رجسٹری خط وغیرہ بھیجتا ہے وہ وصول کرتا ہے اور حساب کتاب سب اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے تنہا نوساری سورت وغیرہ جاتا ہے وہاں سے بھی مال لاتا ہے اور خرید وفروخت کرتا ہے اس لئے یہ دیوانہ نہیں ہے صورت مسئولہ میں طلب امر یہ ہے کہ یہ طلاق ہوئی یا نہیں اور مریم اس کے نکاح سے نکل گئی یا نہیں بینوا توجروا۔

الجواب ؛ اگر احمد واقع میں دیوانہ نہیں ہے تو ڈاکٹر کے ثابت کرنے سے کچھ نہیں

Made searchable using ScribeTools.com

ہوتا اور دیوانہ وہ ہے جو بے سمجھی کی الٹی سیدھی باتیں بکتا ہو اور مارتا اور گالیاں بکتا ہو اور اگر گالیاں نہ بکتا ہو نہ مارتا ہو مگر بے سمجھی کی الٹی سیدھی بہکی ہوئی باتیں کرتا ہو تو وہ بھی ایک قسم کا جنون ہے پس اگر احمد عقل کی باتیں کرتا ہو جیسا کہ سوال میں خرید و فروخت وغیرہ درج ہو تو وہ مجنون نہیں اور طلاق واقع ہوگئی و نیز اگر اس کو بعد طلاق دینے کے جو مجنون ثابت کیا گیا ہے اس سے یہ کہاں ثابت ہوا کہ طلاق دینے کے وقت بھی وہ مجنون تھا پس جب اس امر کے شاہد موجود ہیں کہ عقل و ہوشیاری سے طلاق دی گئی ہے تو بعد میں اگر واقع میں مجنون بھی ہو جاتا تو جو طلاق واقع ہو چکی ہو وہ کیسے باطل ہو سکتی ہو پس مریم اس کے نکاح سے نکل گئی اور بدون حلالہ کے اب اس کا نکاح احمد سے نہیں ہو سکتا قال الشامی تحت قول الدر (والمعتوہ) من العتہ وھو اختلال فی العقل ھذا ذکرہ فی البحر تعریفا للجنون وقال یدخل فیہ المعتوہ واحسن الاقوال فی الفرق بینھما ان المعتوہ ھو قلیل الفھم المختلط الکلام الفاسد التدبیر لکن لا یضرب ولا یشتم بخلاف المجنون اھ

احقر عبد الکریم گمتھلوی عفی عنہ۔ ۲۰ شوال ۴۳ھ۔

الجواب صحیح ظفر احمد عفا اللہ عنہ۔ ۲۰ شوال ۴۳ھ۔

طلاق اور رجعت کی ایک صورت کا حکم

(سوال) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسمی زید نے ایک عورت مسماۃ ہندہ سے نکاح کیا اور قبل جانے مسماۃ مذکورہ کے اپنے سسرال کے مسمی مذکور الصدر نے اسے ایک طلاق رجعیہ دے دی، اب بوجہ ہونے ناشدنی باہم زوج اور زوجہ مذکورہ کے، مسماۃ مذکورہ قسم اٹھاتی ہو کہ مسمی مذکور نے ابتداء نکاح سے لیکر اب تک میرے ساتھ ہرگز دخول اور خلوت نہیں کی ہو اور مسمی مذکور کہتا ہو کہ میں نے اپنی عورت مذکورہ سے دخول وغیرہ کیا ہے اور اپنے اس دعوی پر گواہ پیش کرتا ہو گواہوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں رمضان ولد حاجی، قطب الدین ولد میر، نور حسن ولد حیات بخش، اللہ دتا ولد اللہ لوک، ان میں سے رمضان اور قطب الدین کا یہ بیان ہے کہ ہم نے زید اور ہندہ مذکورہ کو ایک مکان میں اکٹھا دیکھا ہو جو کہ ان کے پاس تیسرا شخص نہ تھا بلکہ اتنی بات تھی کہ غلہ گندم مسمی مذکور مکان کے سقف پر چڑھا رہا تھا اور باقیوں کا بیان ہے کہ مسمی مذکور کو اپنے سسرال کے یہاں شب و روز آتے جاتے دیکھا ہے۔ کیا یہ طلاق رجعی ہو سکتی ہے یا کہ نہیں اگر طلاق رجعیہ ہو

تو نکاح ان کا برحال ہو یا کہ نہیں کیونکہ مسمی مذکور عدت ہی میں رجوع کر چکا ہو اگر یہ طلاق رجعیہ نہیں تو تجدید نکاح کی ضرورت ہو یا کہ نہیں اگر عورت نکاح نہ کرے تو دوسرے سے نکاح کر سکتی ہے یا کہ نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب؛ طلاق قبل الدخول (خواہ بعد خلوۃ صحیحہ ہو) بائنہ واقع ہوتی ہے اور جب زوجین میں درباره دخول اختلاف ہو تو خلوت ثابت ہونے پر خاوند کا قول معتبر ہوتا ہو اور اگر خلوۃ کا ثبوت نہ ہو تو عورت کا قول معتبر ہوتا ہو۔ اور واقعہ مذکورہ میں شب و روز سسرال میں آنے جانے کی شہادت شہادت علی الخلوۃ نہیں ہو باقی رہی شہادت قطب الدین اور رمضان کی سو اس میں یہ دیکھنا چاہئے کہ جس مکان میں زید اور اس کی بیوی تھے اس کا دروازہ بند تھا یا کھلا ہوا اگر کھلا ہوا تب تو خلوت ثابت نہیں ہوتی اور اگر دروازہ بند تھا تو خلوت ثابت ہو جاوے گی بشرطیکہ اس روز رمضان کا روزہ نہ ہو اور دونوں میں سے کوئی ایسا بیمار نہ ہو کہ صحبت نہ ہو سکے اور عورت حائضہ نہ ہو فی الدر المختار (ولو خلا بھا ثم انکرہ) ای الوطء (ثم طلقھا لا) یملک الرجعۃ لان الشرع لم یکذبہ ولو اقر بہ وانکرتہ فلہ الرجعۃ ولو لم یخل بھا فلا رجعۃ لہ لان الظاھر شاھد لھا والوالجیۃ وقال الشامی تحت (قولہ لان الشرع لم یکذبہ) لانہ لا یملک الرجعۃ الا فی عدۃ الدخول لا فی عدۃ الخلوۃ الخ ص ۸۸۱ ج ۲ وفی العالمگیریۃ (ص ۲۲۴ ج ۲) وفی البیوتات الثلثۃ او الاربعۃ واحد بعد واحد اذا خلا بامرأتہ فی البیت القصوی ان کانت الابواب مفتوحۃ من ارادان یدخل علیھما یدخل من غیر استیذان لا یصح الخلوۃ وکذا لو خلا بھا فی بیت من دار ولبیت باب مفتوح فی الدار اذا ارادان یدخل علیھما غیرھما من المحارم والاجانب یدخل لا یصح الخلوۃ کذا فی فتاوی قاضی خاں وفیہ ایضا والخلوۃ الصحیحۃ ان یجتمعا فی مکان لیس ھناک مانع یمنعہ من الوطئ حسا او شرعا او طبعا کذا فی فتاوی قاضی خاں۔ پس اگر خلوت ثابت ہو جاوے تو زید کی رجعت صحیح ہو گئی جب کہ رجعت عدت میں تھی اور جب رجعت ہو چکی تو دوبارہ نکاح کی

ضرورت نہیں اور اگر خلوت ثابت نہ ہو تو طلاق بائن واقع ہوگئی عورت جس سے چاہے نکاح کرے خواہ زید سے یا اور کسی سے۔ واللہ اعلم - احقر عبدالکریم گمتھلوی عفی عنہ۔

۵ رذوی القعدہ ۴۳ھ۔

اور ثبوت رجعت محض شوہر کے قول اور گواہوں کے بیان سے بدون حاکم یا حکم مسلم کے سامنے بیان کئے نہ ہوگا اور اگر گواہ حاکم یا حکم مسلم کے سامنے گواہی دیں کہ ہم نے دونوں میاں بی بی کو باقاعدہ خلوت میں یکجا دیکھا ہے اور وہ گواہی قبول کرلے تب ثبوت رجعت ہوگا۔ فقط۔ الجواب صحیح - ظفر احمد عفا عنہ، ۵ رذیقعدہ ۴۳ھ۔

طلاق کے ساتھ لفظ انشاء اللہ ماشاء اللہ کہنے کا حکم

(سوال) صورت مرقومۃ الذیل کا حکم تحریر فرماکر ممنون ومشکور فرماویں۔

کوئی شخص اپنے بھائی کی بیوی کے ساتھ کچھ گفتگو کر رہا تھا اتفاقاً کسی بات کی وجہ سے وہ اس عورت پر ناشاد ہوکر اپنے باپ سے انصاف چاہا اس وقت شخص مذکور کی ایک بہن بول اٹھی کہ تم جس بات سے اپنے بھائی کی بیوی پر خفا ہو رہے تمہاری بیوی بھی تو اس طرح کی باتیں تمہیں کہتی ہے دریغ نہیں کرتی ہے اس نے کہا میں تو نہیں جانتا اگر وہ واقع میں ایسا کہتی ہے تو تم ہی اُسے دیکھ بھال کر لائی ہو پھر بہن نے کہا کہ تم بھی تو دیکھ کر لائے ہو اس وقت اس نے کہا کہ اگر تم کہتی ہو کہ میں دیکھ بھال کر لایا ہوں تو ایک دو تین طلاق انشاء اللہ۔

پھر اُس نے اِس واقعہ کو کسی منشی جی سے سناتے وقت کہا کہ میں نے ایک دو تین طلاق دیا ماشاء اللہ، بار دیگر اُسے پوچھنے سے کہتا ہے میں نے ایک دو تین طلاق دیا انشاء اللہ منشی جی سے ماشاء اللہ کہنے پر جرح قدح کہتا ہے کہ میں نے اس دفعہ ماشاء اللہ غلطی سے کہا ہے ورنہ پہلے ہی میں نے انشاء اللہ کہا ہے۔

باپ کی شہادت: باپ کہتا ہے کہ میں نے یہ سُنا "میں نے اس بیوی کو ایک دو تین طلاق دیا" باپ گھر کے اندر تھا اور مطلقہ آنگن میں۔

بہن کی شہادت: وہ کہتی ہے کہ میں نے یہ سُنا "میں نے ایک دو تین طلاق دیا ماشاء اللہ" پھر اسے پوچھنے سے کہتی ہے کہ میں نے یہ سُنا "میں نے ایک دو تین طلاق دیا انشاء اللہ"

اپنی بیوی کی شہادت: وہ کہتی ہے کہ میں نے سُنا "ایک دو تین طلاق دیا ماشاء اللہ

اپنے بھائی کی بیوی کی شہادت: وہ کہتی ہے کہ میں نے سُنا "میں نے ایک دو تین طلاق دیا، فقط۔

الجواب: چونکہ انشاء اللہ اور ماشاء اللہ کہنے کا ایک ہی حکم ہے اس لئے ہر حال میں طلاق واقع نہیں ہوئی چاہے اس نے انشاء اللہ کہا ہو چاہے ماشاء اللہ فی الدر المختار ومثل ان الا وان لم واذا وما ولم یشا وفی الشامی تحت (قولہ وما) ای ماشاء اللہ تعالیٰ فلا یقع الخ (ص ۲۴۱ ج ۲) وفی العالمگیریۃ (ص ۱۱۸ ج ۲) لو قال انت طالق ماشاء اللہ کان وکذا لو قال انت طالق الا ماشاء اللہ لا یقع شئ کذا فی فتاوی قاضیخان۔ کتبہ الاحقر عبدالکریم عفی عنہ، ۹ ربیع الثانی ۴۴ھ

الجواب صحیح ظفر احمد، ۹ ربیع الثانی ۴۴ھ۔

مجھ کو ضرورت نہیں، یا طلاق ہی سی ہے، سے طلاق کا حکم

(سوال) التماس ہے کہ ایک شخص اپنے بیوی بچے کو چھوڑ کر ایک غیر مذہب کی عورت لیکر فرار ہوگیا تھا اس کی عورت نے کئی سال تک اس کا انتظار کیا مگر وہ واپس آیا نہ کوئی خبر بھیجی مجبوریہ اپنے ایک برادری کے شخص کے یہاں ایک دوسرے گاؤں میں آکر رہنے لگی بعد کو اس کا خاوند معہ فرار شدہ عورت کے اپنے مکان پر آگیا اس نے اپنی بیوی بچے کی پروانہ کی اب اس عورت نے اپنے خاوند کے پاس دو شخص ایک اپنی برادری کا دوسرا مسلم جاٹ بھیجے اور ان دونوں سے اس عورت نے کہہ دیا کہ میری طرف سے میرے خاوند کو کہہ دینا کہ مجھ کو آکر لے جاؤ اگر وہ کسی وجہ سے میرا لیجانا پسند نہ کرے کیونکہ اس کے پاس عورت موجود ہے تو میری طرف سے حکم شرع لے لینا یعنی طلاق کا سوال کر دینا اور جواب لینا لہذا یہ ہر دو شخص اس کے پاس گئے اور اس شخص سے عورت کی طرف سے اول سوال لیجانے کا کیا اس پر وہ جواب دیتا ہے مجھ کو ضرورت نہیں، تب بعد کو سوال دوسرا یعنی طلاق کا کیا گیا تو جواب دیتا ہے کہ طلاق ہی سی ہے مکرر کہا گیا تو پھر کہتا ہے مدت سے طلاق ہی سی ہے۔ اب عرض ہے کہ یہ لفظ عورت پر طلاق پڑنے والے ہوئے یا نہیں برائے کرم مفصل حکم سے جلد مطلع فرمائیں؟ عین عنایت ہوگی زیادہ حد ادب، فقط۔

الجواب: صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی ونظیرہ فی العالمگیریۃ ص ۲۷۲ ج ۲ ولو قال لھا بعد ما طلبت منہ الطلاق گفتہ گیر لا یقع وان نوی کذا فی [illegible] واللہ سبحانہ اعلم کتبہ عبدالکریم عفی عنہ۔ الجواب صحیح، ظفر احمد عفا اللہ عنہ۔ ۹ ربیع الثانی ۴۴ھ

Made searchable using ScribeTools.com

مسئلہ طلاق

(سوال) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین نیچے لکھے ہوئے مسئلہ میں کہ زید کی دو بی بیاں ہیں ان دونوں نے آپس میں جھگڑا کیا زید کے نسبتی بھائی (یعنی بی بی کلثوم کے بھائی نے) اگر زید سے پوچھا کہ ترے گھر میں ہمیشہ اسی طرح کیوں جھگڑا ہوتا ہے پس زید نے بولا کہ تری بہن کو (کلثوم کو) لیجاؤ کہ میں نے اس کو رخصت دی ہوں کہ تین مہینہ ہوئے بعد اس کی نسبتی بھائی نے ثالث کو جمع کیا پس ثالث نے زید سے پوچھا کہ تم ایسی باتیں کیوں کہتے ہو؟ زید نے جواب دیا جو بولا سو بولا پس ابھی میں نے بی بی مذکورہ (یعنی کلثوم کو طلاق بائن دی پس بعد اس کی زید وہاں سے اٹھ کر تھوڑا دور جاکر غضبناک ہوکر مارنے لگا اور کہا بی بی مذکورہ کو کہ تم گھر سے باہر ہو اور زیورات رکھ کر چلے جاؤ اس کے بعد بی بی مذکورہ اپنے بھائی کے ساتھ چلی گئی ۔ غرض یہ ہے کہ جناب بی بی مذکورہ پر تین طلاق واقع ہوئی یا نہیں اور اس شوہر نے بی بی مذکورہ کو رکھ سکتا ہے یا نہیں اگر رکھ سکتا ہے تو کس طرح؟ بینوا توجروا ۔

الجواب ؛ صورت مسئولہ میں کلثوم پر دو طلاق بائنہ واقع ہوگئیں ایک تو میں نے اس کو رخصت دی ہوں کہنے سے کیونکہ حالت غضب میں اس لفظ سے بدون نیت طلاق پڑجاتی ہے فی تنویر الابصار ونحو اعتدی الی سرحتك فارقتك لا یحتمل السب والرد ففی حالة الغضب تتوقف الاقسام علی نیته وفی الغضب الاولان وقال الشامی تحت (قوله الاولان) ای ما یصلح ردا وجوابا وما یصلح سبا وجوابا ولا یتوقف ما یتعین للجواب (ص ۲۶۴ ج ۲) قلت وفی اللغة الهندیه رخصت دی مثل سرحتك اور دوسری طلاق صریح دی ہے اور تیسری طلاق گھر باہر ہو الخ سے واقع ہونے کے لئے نیت کی ضرورت ہو بدون نیت حالت غضب ومذاکرات طلاق میں بھی اس لفظ سے طلاق واقع نہیں ہوتی کما فی تنویر الابصار ایضا فنحو اخرجی واذهبی وقومی یحتمل ردا وقال الشامی ای ویصلح جوابا ص ۲۶۱ ج ۲ ومر توقف هذا القسم علی النیة فی حالة الغضب وفیه ایضا (ص ۲۶۵ ج ۲) وفی مذاکرة الطلاق یتوقف الاول وفی الشامی ای ما یصلح للرد والجواب پس اگر زید نیت طلاق سے انکار کرتا ہے اور وہ حاکم اسلام یا عورت کے سامنے قسم کھا جاوے کہ میں نے اس لفظ سے طلاق کی نیت نہیں کی تو تیسری طلاق واقع نہیں ہوئی اور زید وکلثوم کا نکاح ہوسکتا ہے اور اگر زید نے لفظ مذکور سے طلاق کی نیت کی تھی تو تین طلاق واقع ہوگئیں اور زید وکلثوم کا نکاح جائز نہیں فی الدر

القول له فی عدم النیة ویکفی تحلیفها له فی منزله فان ابی رفعته للحاکم فان ثکل فرق بینهما مجتبی (شامی ص ۲۶۴ ج ۲) احقر عبدالکریم عفی عنہ ۱۵ ربیع الاول

۲۸

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا اللہ عنہ، ۱۶ ربیع الاول ۴۴ھ

طلاق ان مطلقہ وغیرہ الفاظ سے بیوی کو مخاطب کرنے سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں

(سوال) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید نے ہندہ کو بعض اوقات خانگی کشیدگی اور جھگڑوں میں بطور تنبیہ اور اظہار نفرت وبیزاری کے طلاق ان مطلقہ، طلاق پانے کے قابل ۔ وغیرہم کلمات کہدیئے اگرچہ زید نے ایسے کلمات ناراضگی میں منہ سے نکالے لیکن ہندہ کو کبھی اس قسم کا خیال بھی نہیں گذرا۔ وہ محض معمولی خانگی جھگڑوں پر محمول کرتی رہی اور نہ یہ کلمے کسی تیسرے شخص کی موجودگی اور مواجہ میں کہے گئے غرض بجز زید کے کسی کے وہم وگمان میں بھی طلاق کا مذکور نہیں ۔ اب زید ان کلمات کے منہ سے نکال دینے کی وجہ سے چند روز سے اپنی زوجہ ہندہ کو مشکوک نظر سے دیکھتا ہے اور متردد ہے کہ کہیں ہندہ پر طلاق تو نہیں پڑگئی، ہندہ کی گود میں زید کا شیر خوار بچہ بھی ہے اور فریقین کردنی ناکردنی پر توبہ استغفار کرکے رجوع کرنے پر مائل ہیں نیز زید کی خانہ آبادی بھی ہندہ کے دم سے متصور ہے اب مستفسر ہے کہ شرعاً ایسی لغویات کی کیا اصل ہے اور اب رجوع وانابت کے لئے کیا حکم ہے ؟

الجواب ؛ قال فی الدر ولو قال لها کوفی طالقا ..... او یا مطلقة وقع (ای من غیر نیة لانه صریح ۱۲ شامی وفیه ایضا عن التاترخانیة عن المحیط قال انت طالق ثم قال یا مطلقة لا تقع اخری اھ ص ۲۷۳ ج ۲)

صورت مسئولہ میں یہ لفظ تو موجب طلاق نہیں کہ "طلاق پانے کے قابل" البتہ طلاقن اور مطلقہ کہکر پکارنے سے زوجہ پر ایک طلاق رجعی واقع ہوچکی ہے اگر اس واقعہ کو زیادہ عرصہ نہیں گذرا اور عدت پوری نہیں ہوئی تو زبان سے بیوی کو اتنا کہدیا جائے کہ میں نے رجعت کرلی اور عدت پوری ہوچکی ہے تو نکاح دوبارہ کرسکتا ہے بشرطیکہ عورت بھی تجدید نکاح پر راضی ہو ورنہ وہ جس سے چاہے نکاح کرسکتی ہے اور آئندہ ایسی لغویات سے احتراز کرنا لازم ہے قلت ولا یقع الثانیة ولا الثالثة بقوله یا مطلقة لانها اتصفت بها بالاول فیکون حکایة له ۔ واللہ اعلم۔

۲۴ ربیع الاول ۴۶ھ۔

ساس کے مطالبۂ طلاق پر شوہر کے یہ کہنے سے کہ جادی، جادی۔ طلاق رجعی و مغلظہ واقع ہونے میں ترددکا بیان

(سوال) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین اس صورت میں کہ زید اور اس کی ساس میں کچھ جھگڑا ہوا اور زید کی ساس نے زید سے کہا کہ تو میری لڑکی کو طلاق دیدے، زید چونکہ غصہ کی حالت میں تھا اس نے فوراً طلاق دیدی اس کے بعد جب زید سے اس کی بیوی کو جدا کیا گیا تو زید یہ کہتا ہے کہ چونکہ میں نے صرف دو مرتبہ ان الفاظ میں طلاق دی ہے کہ جادی جادی اس لئے صرف دو طلاقیں واقع ہوئیں اور مجھے رجعت کا حق ہے لیکن طلاق دیتے وقت جو لوگ موجود تھے ان کے بیانات مختلف ہیں ایک شخص کہتا ہے کہ زید نے یہ بھی نہیں کہا کہ جادی۔ جادی۔ ایک بیان کرتا ہے کہ میں نے یہ نہیں سُنا کہ زید نے یہ کہا ہو کہ جادی، جادی بلکہ زید کی ساس طلب کرتی تھی اور زید یہ جواب دیتا تھا کہ دیدوں گا۔ اور ایک شخص جو کہ معتبر بھی سمجھا جاتا ہے یہ بیان کرتا ہے کہ میرے سامنے زید نے دو مرتبہ طلاق دی اور میں نے زید کو اس فعل سے روکا اور میں وہاں سے فوراً چلا گیا۔ اور دو آدمی یہ بیان کرتے ہیں کہ زید نے تین مرتبہ سے زیادہ طلاق دی اور کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو کہ یہ کہتے ہیں کہ زید نے تین مرتبہ سے زیادہ دی ہو لیکن جب ان سے کہا جاتا ہے کہ مجمع میں چل کر جہاں اور لوگوں سے تحقیق کی جاری ہو بیان کرو تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم کسی کے جھگڑے میں شریک نہیں ہوتے۔

اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ ایسی صورت میں شریعت کا کیا حکم ہے کہ زید کی بیوی پر طلاق ہوئی یا نہیں اور اگر ہوئی تو کیسی طلاق ہوئی آیا زید کو رجعت کرنے کا حق حاصل ہے یا نہیں بینوا توجروا

تنقیح :- صورت مسئولہ میں سائل کو یہ بھی بتلانا چاہئے کہ زید کی بیوی کیا کہتی ہے وہ قول زید کی تصدیق کرتی ہے یا اُن لوگوں کے قول کی جو تین طلاق یا اس سے زائد کے شاہد ہیں اور یہ شاہد شریعت کے پابند اور عادل ہیں یا نہیں اس کے بعد حکم بتلایا جائے گا۔ فقط۔

ظفر احمد عفا عنہ ۳۰ ربیع الثانی ۴۹ھ

جواب تنقیح :- (۱) زید کی بیوی اُن لوگوں کے قول کی تصدیق کرتی ہے جو تین طلاق یا اس سے زائد کے شاہد ہیں۔

(۲) یہ شاہد نماز پابندی سے نہیں پڑھتے اور چونکہ نائی ہیں حجامت بھی ہر قسم کی بناتے ہیں

لوگوں کی ڈاڑھیاں مونڈتے ہیں غرض پابند شریعت نہیں ہیں۔

الجواب ؛ صورت مسئولہ میں اگر زید کی بیوی اس مجلس میں موجود تھی جبکہ زید نے جادی جادی کہا تھا اور زوجہ زید کہتی ہے کہ اُس نے تین بار یا اس سے زائد یہ لفظ کہا ہے تو اس عورت کو زید کے پاس رہنا جائز نہیں وہ اس سے علیحدہ ہو جاوے اس پر بوجہ اس کے اقرار طلقات ثلث کے زید کے پاس رہنا جائز نہیں اور زید اگر تین طلاق کا منکر ہے تو اس کو اس عورت کا اپنے پاس رکھنا جائز ہے گو عورت کو اس کے پاس رہنا جائز نہیں اب اس اختلاف کا ارتفاع مفتی کے فتوے سے نہیں ہو سکتا مفتی اس صورت میں مرد و عورت کو الگ الگ فتویٰ دے گا اس کے ارتفاع کی صورت یہ ہے کہ زوجین کسی حاکم مسلم یا حکم عالم کے پاس مرافعہ کریں وہ تحقیق بقاعدۂ شرعیہ کر کے اس واقعہ کا جو فیصلہ کر دے اس پر زوجین کو عمل جائز ہوگا اور اگر زوجۂ زید خود اس مجلس نزاع و طلاق میں موجود نہ تھی بلکہ صرف شہود کے بیان سے اس کو علم ہوا ہے تو سوال دوبارہ کیا جائے۔ واللہ اعلم۔ ۱۱ جمادی الاولیٰ ۴۶ھ۔

اس تحریر کے بعد احقر کی رائے بدل گئی اور یہ سمجھ میں آیا کہ اگر صورت مسئولہ میں زید نے طلاق کا لفظ زبان سے نہیں کہا بلکہ صرف جادی جادی مکرر کہا اور عورت کہتی ہے کہ زید نے لفظ جادی تین بار یا زائد کہا ہے اور وہ بھی طلاق کا لفظ سُننا بیان نہیں کرتی تو صرف لفظ جادی کے تین بار یا زائد کہنے سے تین طلاق بدون نیت زید کے واقع نہیں ہو سکتیں اور زید کی نیت تین طلاق کی نہ تھی جیسا کہ سوال سے معلوم ہوا اس لئے اس کی زوجہ پر تین طلاق واقع نہیں ہوئیں اور اگر عورت تین مرتبہ اس لفظ کے سننے کی مدعی ہے کہ جا طلاق دی تو اس صورت میں اس اختلاف کو حاکم یا حکم مرتفع کرے گا ووجہ ذلک انا اوقعنا الطلاق بلفظ جادی لکونہ فی معنی نعم وقد رأیت فی الخلاصۃ سئل محمد عن رجل قیل لہ أطلقت امرأتک ثلاثا فقال نعم قال القیاس ان یقع الثلاث ولکن استحسن واجعلہا واحدۃ اھ (ص ۸۵ ج ۲) وفی الخلاصۃ ایضاً وفی ایمان مجموع النوازل سئل نجم الدین عن امرأۃ قالت لزوجہا مراطلاق کن مراطلاق کن فقال

عہ قلت وھو نظیر قولہ نعم او بلی فی جواب من سئل اطلقت امرأتک وقد صرح فی الدر والشامیۃ بوقوع الطلاق بہما بلا نیۃ (ص ۲۷۶ ج ۲) فجعلہ کالصریح لکون السوال فیہ معادا واللہ اعلم

الزوج کردم کردم قال تطلق ثلاث وکذا اجاب السید الامام اشرف بن محمد بن شجاعؒ قال الشیخ الامام عمر بن ابی بکرؒ تطلق واحدۃ اھ (ص ۵۲/۲)
قلت وجہ الاول حمل التکرار فی قولہ کردم فی جواب التکرار فی قولہا مراطلاق کن وھو الظاھر[عہ] فکان کل فرد منہ انشاءً وحملہ الشیخ عمر علی التاکید لکونہ محتملا ایضاً والتاکید فی لفظ الطلاق انما لا یجعل واحدۃً قضاءً للاجماع ولا اجماع فی تکرار مثل قولہ کردم بدون لفظ الطلاق فیتوقف کونہا ثلاثاً علی نیۃ القائل ولا یقع فوق الواحدۃ بدون النیۃ ھذا ما ظھر لی قلت وھذا الاختلاف انما ھو فیما اذا کررت المرأۃ قولہا مراطلاق کن ثلاثا واما اذا لم تکرر وقالت مرۃً مراطلاق کن وکرر الزوج قولہ کردم فی جوابہا فالظاھر انہ لا یقع الثلاث بدون النیۃ عندھم جمیعاً لعدم ما یدل علی کونہ انشاء براسہ وفی الصورۃ المسئولۃ لم یثبت تکرار قول المرأۃ ولم ینو الزوج بتکرار قولہ جادی الثلاث فلا یقع الا واحدۃ او ثنتان حسب ما نوی واللہ اعلم۔ ۱۴ر جمادی الاولیٰ ۴۶ھ

مکرر آنکہ ان دونوں جوابوں کو احقر نے حضرت حکیم الامۃ دامت برکاتہم کی خدمت میں پیش کیا فرمایا کہ جواب اول تو قواعد عامہ کے موافق ہے اور جواب ثانی میں جو جزئیات نقل کی گئی ہیں اُن کا مبنی صحیح سمجھ میں نہیں آیا اور جو مبنی ظاہر کیا گیا ہے وہ کچھ جی کو نہیں لگا (اور احقر کاتب بھی اس مبنی کی صحت میں متردد ہے) لیکن چونکہ یہ جزئیات جواب اول کے ظاہراً منافی ہیں اس لئے اس جواب سابق میں بھی تردد ہے اور ثانی میں بھی تردد ہے بوجہ دلیل جزئیات مفہوم نہ ہونے کے، دوسرا سبب تردد یہ بھی ہے کہ ہر زبان کے محاورات جدا ہوتے ہیں اُن میں توافق ضرور نہیں اس لئے دونوں جوابوں کو قلم زد کر دیا گیا ہے کسی اور محقق عالم سے استفتار کر لیا جائے اور یہ سب روایات اس کے سامنے پیش کر دی جائیں واللہ اعلم۔

۱۵ر جمادی الاولیٰ ۴۶ھ۔

ان الفاظ سے طلاق کا حکم کہ ہمارے چلے جانے ہی کو تین طلاق سمجھا جائے گا؛

(سوال) جناب مولانا صاحب گذارش خدمت اقدس ہے کہ کسی نے اپنی لڑکی کو گھر میں خانہ داماد رکھ کر شادی کی تھی

عہ وھو الذی صححہ فی الہندیۃ ص ۴۷۳ ج ۲ - ۱۲ ظفر

لیکن بعد عقد نکاح کے اس داماد کو مربیان محلہ داران نے یہ شرط سنائی کہ اگر تم اس بی بی سے یا بیوی کے گھر والوں سے کسی سے جھگڑا فساد کر کے تین ماہ دس دن اور کہیں چلے جاؤ گے تو اس بیوی کا اپنی زوجیت میں کوئی دعویٰ نہیں کر سکتے ہو یعنی جب تین مہینہ دس دن گذر جائیں گے تو وہ بیوی اپنی خوشی سے دوسرا خاوند قبول کر سکتی ہے اس میں تمہارا کوئی عذر نہ ہوگا تمہارے چلے جانے ہی کو تین طلاق سمجھا جائے گا اس نے کہا ہاں میں نے قبول کیا اب وہ خانہ داماد بعد عرصہ چار سال کے اپنی ساس سے جھگڑا کر کے دوسری جگہ میں چلا گیا سال بھر تک اسی حالت جدائی میں رہا اب جو مربیان محلہ داران بیوی سے اور اس کی ماں سے پوچھتے ہیں تو وہ کہتی ہیں کہ اگر شریعت اجازت دے تو پھر میں اپنے داماد کو گھر میں بلا لوں گی یا انہیں کے ساتھ اپنی لڑکی دے دوں گی لیکن اس کے قبل دو تین مہینہ کے انہیں مربیان نے انہوں سے دریافت کیا اس وقت دونوں ماں بیٹی نے ناراضی ظاہر کی اور ماں نے کہا میں اپنی بیٹی کو ہرگز نہیں دوں گی۔ اب معلوم ہوتا ہے کہ داماد پر کسی صورت وہ راضی ہو گئی ہیں آیا اس رضامندی سے ان کا نکاح باقی رہا یا جاتا رہا؟ موافق کتاب اللہ وسنت رسول اس کے جواب عنایت کیجئے۔

الجواب؛ اگر صورت واقعہ یہی ہے جو سوال میں درج ہے اور مربیان محلہ داران کے الفاظ یہی تھے جو مذکور ہوئے تو شوہر کے اس کہنے سے کہ ہاں میں نے قبول کیا یہ کلام تعلیق طلاق یا تعلیق تفویض کو موجب نہیں اور شوہر کے چلے جانے سے طلاق واقع نہیں ہوئی۔

لان قول القائل اپنی بیوی کو اپنی زوجیت میں کوئی دعویٰ نہیں کر سکتے لیس من الفاظ الطلاق وکذا قولہ تو وہ بیوی اپنی خوشی سے دوسرا خاوند قبول کر سکتی ہے۔ واما قولہ تمہارے چلے جانے ہی کو تین طلاق سمجھا جاوے گا فقد جعل فیہ غیر الطلاق طلاقاً وھو لغو وفیہ ایضاً من لفظ المضارع المفید للاستقبال المحتمل للوعد فلا یکون قبولہ طلاقاً ولا تعلیقاً سئل شیخ الاسلام عمن ضرب امرأتہ وقال دار طلاق قال لا تطلق، شیخ الاسلام یقول سمی الضرب طلاقاً فیبطل اھ عالمگیریہ ج ۲ ص ۳۷۳، قلت وفی الصورۃ المسئولۃ جعل الغیابۃ طلاقاً صراحۃً ولم یتکلم احد بما یفید تعلیق الطلاق اصلاً، واللہ اعلم۔ ظفر احمد۔

۱۷ر جمادی الاخری ۴۶ھ۔

فرار عن الطلاق کی نیت سے بیوی کا نام بدل کر طلاق دے دی تو طلاق واقع نہیں ہوگی

(سوال) کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اندریں مسئلہ کہ زوجہ منکوحہ جناب علی منشی مسماۃ ایم النساء بی بی بنت فرمان ملا بمرض دردشکم احیاناً چار پانچ روز مبتلا رہتی ہے اور اس کی بجز ایک لڑکی کے اور کوئی اولاد بھی نہیں۔

ازیں جہت دوسرا نکاح کرنے کے ارادہ سے ایک دولہن اپنے مکان میں لایا بعد ازاں بقصد عقد بست مجلس میں بیٹھ گیا تو اقرباء و اولیاء مخطوبہ میں محی الدین سردار دفعۃً از دست خود ایک کاغذ جناب علی کے سامنے رکھ دیا اور بہ تحدید شدت مکرر سکرر یہ کہتے رہے کہ تم اپنی اگلی بی بی کو طلاق نامہ لکھ دو تو ہم دوسری دولہن سے تمہارا عقد کردیں گے۔ تب جناب علی چند منٹ سکوت ہوکر کشمکش و پیچ میں رہا آخرالامر سوچ بچار سے کچھ کام نہ چلا پھر اپنی پہلی ایم النساء کے نام کو قصداً بدل کر امرجان بی بی بنت فرمان ملا کو میں نے تین طلاق دیا اس مضمون کو لکھ دیا، لیکن زبان سے کچھ نہیں کہا اس تحریر تسمیہ تبدیل وعدم نیت سے طلاق واقع ہوگئی یا نہیں؟ بینوا بحوالۂ دلیل توجروا عند اللہ الجزیل۔

الجواب؛ اگر جناب علی کی نیت طلاق کی نہ تھی اور اس نے اپنی بی بی کا نام اسی ارادہ سے بدلا ہے کہ بی بی پر طلاق واقع نہ ہو تو اس کی زوجہ ایم النساء پر طلاق واقع نہیں ہوئی قال فی العالمگیریۃ ولو قال امرأتہ عمرۃ بنت صبیح طالق وامرأتہ عمرۃ بنت حفص ولا نیۃ لہ لا تطلق امرأتہ وکذا اذا سمی بغیر اسمہا ولا نیۃ لہ فی طلاق امرأتہ فان نوی طلاق امراتہ فی ہذہ الوجوہ طلقت امرأتہ کذا فی الذخیرۃ اھ ملخصا (ج ۲ ص ۵۸) اور اگر صورت سوال میں اکراہ بمعنی اکراہ شرعی متحقق ہو تو یہ ایک دوسری وجہ عدم وقوع طلاق کی ہوجائے گی کیونکہ کتابت طلاق بالاکراہ موجب طلاق نہیں صرح بہ فی الدر والشامیۃ فی فصل الطلاق بالکتابۃ، واللہ اعلم۔

۷ رمضان ۴۶ھ

حکم طلاق بلفظ طلاق ہی سمجھو

(سوال) مخدوم گرامی اعلی حضرت قبلہ وکعبہ ام عالیجناب مولانا صاحب مدظلہ العالی!

السلام علیکم معاملہ نکاح لڑکی مسماۃ جمیلہ خاتون کے متعلق حسب الارشاد جملہ صاحبان کے بیانات تحریری علیحدہ علیحدہ لکھوا کر حضور انور میں پیش کرنا چاہتا ہوں، فقط والسلام۔

نوٹ :- یہ چھ عدد تحریرات تھیں۔ ۱ میں زوج کا کوئی لفظ موجب طلاق نہیں صرف ایک لفظ مذکور ہے کہ میں نے طے کر لیا ہے کہ میں علیحدگی کردوں (جو مضارع کا صیغہ ہی تحریر دوم میں یہ لفظ بھی نہیں بلکہ صرف اس قدر ہے کہ زوج نے اول یہ کہا کہ فلاں فلاں صاحب میرے ساتھ مظفر نگر چلیں میں وہاں اس معاملہ کا تصفیہ کردوں گا پھر اس سے کہا گیا کہ وہاں جانے کی کیا ضرورت ہے جب تم تصفیہ کے لئے تیار ہو تو ابھی کردو اس کے جواب میں زوج نے کہا کہ میں اپنے والدین سے مشورہ کے بعد بتلاؤں گا۔

بقیہ تحریرات میں جو الفاظ تھے ان کو جواب اول میں نقل کیا گیا ہے اور انہی سے بحث کی گئی ہے ۱۲ ظفر

الجواب الاول؛ ان تحریرات میں تحریر سوم و چہارم و ششم میں یہ لفظ مذکور ہے کہ محمود نے کہا "اب بھی جواب دینے کو طیار ہوں میری طرف سے جواب ہی سمجھیں" اس کے بعد کسی میں یہ ہے کہ "ذرا میں چرتھا دل ہو آؤں وہاں سے آکر تصفیہ کردوں گا" کسی میں یہ ہے کہ "مجھ کو دعوی مہر کا کھٹکا ہے اس لئے مظفر نگر چل کر تم معافی نامہ مہر لکھ دو پھر میں طلاق نامہ لکھ دونگا"

بہرحال لفظ جواب سمجھیں طلاق کا صریح لفظ نہیں بلکہ کنایہ ہے اور کنایہ بھی ایسا جو مذاکرۂ طلاق میں بھی محتاج نیت ہے بوجہ لفظ سمجھیں بڑھانے کے جو ترجمہ گیر و انگار کا ہے جس میں فقہاء نے نیت کی ضرورت کی تصریح کی ہے۔

عالمگیری میں ہے امرأۃ قالت لزوجہا مرا طلاق دہ فقال الزوج دادہ گیراو کردہ گیران نوی یقع ویکون رجعیا وان لم ینو لا یقع ولو قال دادہ انگار او کردہ انگار لا یقع وان نوی (ج ۲ ص ۷۲) قلت وھذا یدل علی الفرق بین گیر و انگار فی عرفہم ولیس ذلک فی بلادنا بل ترجمۃ کل واحد منہما عندنا واحدۃ۔ وھذا کما تری قد صرحوا فیہ بالوقوع بالنیۃ مع کون التکلم بہ بعد مذاکرۃ الطلاق۔

اور تحریر پنجم میں یہ لفظ ہے کہ محمود نے یوں کہا کہ "میں تو رات بھی طلاق کی بابت کہا تھا میں تو رات بھی طیار تھا اور اس وقت بھی طیار ہوں جیسا زبان سے کہدیا ویسے دے دی، اب تو کاغذ وغیرہ لکھنا باقی ہے وہ بھی لکھ دوں گا"

یہ بھی طلاق دینے میں صریح نہیں کیونکہ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ جیسا زبان سے کہدیا کہ میں طیار ہوں ویسا ہی یہ کہنا ہو کہ طلاق دے دی اور اس سے بھی طلاق کا وقوع نہیں

Made searchable using ScribeTools.com

ہوسکتا ۔ بہر حال صورت مسئولہ میں جب تک شوہر یہ نہ کہے کہ میں نے یہ الفاظ (جن سے اس وقت جواب میں بحث کی گئی ہے) طلاق کی نیت سے کہے تھے اُس وقت تک طلاق نہیں واقع ہوئی، فقط۔ ظفر احمد عفا اللہ عنہ ۳ ربیع الاول ۴۷ھ

الجواب الثانی

من بعض علماء دیوبند

اللّٰھم انت الموفق للصواب

مجھ سے کہا گیا ہے کہ بعض اکابر نے امر کیا ہے کہ اس مسئلہ کے متعلق تو اپنا خیال ظاہر کر ۔ اس لئے میں اظہار خیال پر مجبور ہوں اور چونکہ میرا منصب فتویٰ نویسی نہیں ہے اور مفتی کیلئے جس وسعت نظر کی ضرورت ہے میں اس کے بعید تر مقام پر بھی نہیں رکھا جا سکتا ہوں، اس لئے اگر اس میں غلطی ہو تو مستبعد نہیں اور اگر صحیح ہو تو اس کو آمر مدظلہ کی کرامت خیال فرمایا جاوے ۔ اس گذارش کا منشا فقط یہ ہے کہ میری یہ تحریر چند پریشان خیالوں کا مجموعہ ہے اگر اکابر امت اس کی تصدیق کریں تو قابل عمل ہے ورنہ ردی کاغذ سے زیادہ اس کی وقعت نہیں ۔ میں ان تمام کاغذات منسلکہ کو دیکھنے کے بعد سمجھتا ہوں کہ صورت زیر بحث میں طلاق بائنہ واقع ہوگئی ہے کیونکہ حسب بیان مستفتی زوجہ غیر مدخول بہا ہے ۔

اس خیال کی بنیاد امور ذیل ہیں :

۱ اگر اس تدقیق میں وقت صرف نہ کیا جاوے کہ "داموہ گیر" اور "جواب ہی سمجھیں" میں ترجمۃً فرق ہے تاہم جب یہ مان لیا گیا کہ اس قسم کے الفاظ کنایات طلاق میں سے ہیں تو پھر طلاق نہ ہونا دشوار ہے کیونکہ وہ صریح سے صریح الفاظ اظہار نیت کے لئے بول رہا ہے کہتا ہے کہ پہلے بھی طیار تھا اب بھی طیار ہوں پھر گران الفاظ سے نیت طلاق کا پتہ نہیں چلتا ہے تو اور کس طرح چلے گا ۔ ہمارے پاس قائل کے الفاظ ہی ایسی چیز ہیں جن سے ہم اس کے ارادہ اور نیت کا پتہ چلا سکتے ہیں اور اگر ایک شخص کے الفاظ ہی اس کی نیت کو نہیں بتلا سکتے ہیں تو اگر کوئی شخص بصراحت بھی کہے کہ میری نیت یہ تھی قابل اعتبار نہ ہونا چاہئے ۔ اس سے بھی قطع نظر نہ ہونا چاہئے کہ قتل عمد میں صرف آلہ جارحہ کے استعمال کو نیت قتل کے اظہار کا قطعی ذریعہ مان لیا گیا ہے ۔ اگر قاتل بالآلات الجارحہ قسمیں کھا کر نیت قتل کا انکار کرے تو معتبر نہیں ہوتا تو جب قصاص ایسی مہتم بالشان چیز میں ایک قوی قرینہ کو اس قدر درجہ

دے دیا گیا کہ نیت کا انکار معتبر نہیں تو اگر کسی شخص کے الفاظ اس کی نیت کو ظاہر کریں تو نیت پر جزم کرنا امر مستبعد نہیں ۔ پس اگر باوجود مذاکرۂ طلاق کے ان الفاظ میں نیت طلاق شرط بھی ہو تب بھی نیت طلاق موجود ہے ملاحظہ ہو کاغذ ۳ ۴ ۵ ۶ ۔ ۲۹

۲ تحریر ۵ سے یہ بھی ظاہر ہے کہ زوج نے کہا کہ "جیسا زبان سے کہدیا ویسے دیدی اب تو کاغذ وغیرہ لکھنا باقی ہے" اس سے صاف ظاہر ہے کہ زوج کے نزدیک تعلقات زوجیت کے انقطاع کے تمام مراحل طے ہوگئے صرف کاغذ پر لکھنا باقی ہے اور ظاہر ہے کہ طلاق لسان سے ہے نہ کتابت سے پس طلاق واقع ہوگئی ۔

۳ میرا خیال ہے کہ زوج کے یہ الفاظ کنایہ کی اس قسم میں داخل ہیں جن کو "صالح للجواب عن سوال المرأۃ طلاقھا فقط" میں داخل کیا جا سکتا ہے ان میں رد وغیرہ کا احتمال میری فہم سے بالا ہے اور اس قسم کے الفاظ کا حکم فتاوی النقویہ میں اس طرح ہے فی حال الرضاء لا یقع الطلاق بشیء منھا والقول لہ مع یمینہ وفی حال لمذاکرۃ الطلاق یقع بالصالح للجواب والرد بالنیۃ ویقع الطلاق بالصالح للجواب فقط والصالح للجواب والشتم بدون النیۃ وفی حال الغضب یقع بالصالح للجواب فقط بلا نیۃ ویقع بالصالح للجواب والرد والصالح للجواب والشتم بالنیۃ ۔ اسی کے حاشیہ پر ملتقی الابحر سے نقل کیا ہے فلو انکر النیۃ صدق مطلقا حالۃ الرضاء ولا یصدق قضاءً عند مذاکرۃ الطلاق فیما یصلح للجواب دون الرد والشتم ۔

پس میرے خیال میں مذاکرۂ طلاق کی صورت میں یہ الفاظ محتاج نیت بھی نہیں ہیں ۔

خلاصۂ گذارش یہ ہے کہ یا تو یہ الفاظ محتاج نیت ہی نہیں ہیں اور اگر ہیں تو زوج ہی کے الفاظ اس کی نیت طلاق کو بتا رہے ہیں اور حسب بیان مستفتی زوجہ غیر مدخول بہا ہے لہذا زوجہ مطلقہ بائنہ ہے بلا انقضاء عدت اس کا نکاح دوسرے شخص سے کیا جا سکتا ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم ۔ محمد اعزاز علی غفرلہ ۷ ربیع الثانی ۱۳۴۷ھ ۔

اقول وباللہ التوفیق

احقر کی رائے میں بھی اس صورت میں طلاق بائنہ واقع ہوگئی جس کی تفصیل تحریر بالا میں مذکور ہے ۔ فالجواب صحیح فقط واللہ تعالیٰ اعلم ۔

کتبہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ دیوبندی ۔ ☐ نشان مہر

Made Searchable by ScribeTools.com

احقر بھی حضرت مفتی صاحب کی تحریر سے اتفاق رکھتا ہے۔

الجواب صحیح، احقر محمد حمید حسن عفی عنہ دیوبندی۔

الجواب صواب، نبیہ حسن عفا اللہ عنہ۔ الجواب صحیح مسعود احمد عفا اللہ عنہ دار العلوم دیوبند، ربیع ۲ ۴۷ھ

الجواب صحیح، احقر الزمان گل محمد خان خادم دار العلوم دیوبند۔

الکلام علی ثانی الجواب

(من جامع امداد الاحکام)

واللہ الملہم للصواب

اقول وباللہ التوفیق وھو خیر معین ورفیق۔

① فاضل مجیب نے مدا میں جس تدقیق میں وقت صرف نہیں کیا درحقیقت وہی قابلِ غور ہے اور اس میں ان کو تامل وغور کرنا اور وقت صرف کرنا لازم تھا کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ ہم لوگ مجتہد نہیں بلکہ مقلد ہیں پس ہم کو فقہاء کے کلام میں غور کرکے کوئی نظیر واقعہ مسئولہ کی نکالنا چاہئے تاکہ جواب محض قیاس مقلد پر مبنی نہ ہو بلکہ کلام فقہاء پر مبنی ہو۔ سو ہم نے جو اس واقعہ میں غور کیا تو متکلم کے لفظ "آپ میری طرف سے جواب ہی سمجھیں" کی چند نظائر کلام فقہاء میں ہم کو ملی ہیں ایک "دادہ گیر وکردہ گیر" جس کو جواب اول میں نقل کیا گیا ہے عالمگیری (ج ۲ ص ۷۵) میں اس جزئیہ کو زیادہ وضاحت کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ولفظہ فی النسفیۃ سئل عن امرأۃ قالت لزوجہا باتونمی باشم قال نا باشیدہ گیر فقالت ایں چہ سخن بود آن کن کہ خدائے تعالیٰ ورسول خدا فرمود۔ نیکو بگو طلاق تا برو م فقال طلاق کردہ گیر برو۔ ھل یقع الطلاق ان نوی الایقاع؟ یقع واحدۃ اھ وفی الخلاصۃ ولو قالت مرا یلہ کن فقال یلہ کردہ گیر ان نوی یقع اھ (ج ۲ ص ۹۷)، اور ظاہر ہے کہ طلاق کردہ گیر اور یلہ کردہ گیر الفاظ کنایات طلاق میں سے ہیں ورنہ بعد نیت کے بھی اُن سے وقوع نہ ہوتا مگر بایں ہمہ بعد طلب طلاق ومذاکرۂ طلاق کے بھی وقوع طلاق کو

عہ قلت وقد صرح فی العالمگیریۃ ان قولہ یلہ کردم تراتفسیر قولہ طلقتک عرفا حتی یکون رجعیًا ویقع بدون النیۃ اھ ج ۲ ص ۷۲۔ وانما صار کنایۃ لزیادۃ قولہ گیر فافہم ۱۲ منہ

مقید بالنیۃ کیا گیا ہے۔ اور یہاں یہ بات قابل تنبیہ ہے کہ فقہاء نے جن الفاظ میں باوجود مذاکرۂ طلاق کے بھی وقوع طلاق کے لئے نیت کو شرط قرار دیا ہے وہاں مطلب یہ ہے کہ متکلم بوقت تکلم کے ان الفاظ سے ایقاع طلاق کی نیت کرے محض قرائن نیت کافی نہ ہوں گے ورنہ مذاکرۂ طلاق کے بعد جو کہ نیت کا قوی قرینہ ہے کما صرحوا بہ قاطبۃً نیت کا شرط کرنا محض فضول ولغو ہوگا۔ اس سے فاضل مجیب کے اس قول کا جواب معلوم ہوگیا کہ:

"جب یہ مان لیا گیا کہ الفاظ کنایات طلاق سے ہیں تو پھر طلاق نہ ہونا دشوار ہے کیونکہ جو صریح سے صریح الفاظ اظہار نیت کے لئے بول رہا ہے کہتا ہے کہ پہلے بھی طیار تھا اب بھی طیار ہوں الخ"

کیونکہ اول تو اس میں صرف آمادگی کا اظہار ہے اور آمادگی بر طلاق عزم طلاق کو مستلزم نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ آمادگی کسی مصلحت یا شرط کے ساتھ مشروط ہو کہ بدون اس کے تحقق کی آمادگی ہی متحقق نہ ہوگی تا لعزم چہ رسد اور واقعہ مسئول عنہا میں زوج نے جس قدر بھی آمادگی طلاق پر ظاہر کی ہے وہ اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ اول دین مہر کی طرف سے اس کا کافی اطمینان ہو جائے بدون اس شرط کے تحقق کے نہ اس کی طرف سے آمادگی کا تحقق ہے نہ عزم کا اور اس شرط کے ذکر پر تمام شہود متفق ہیں پس اول تو آمادگی بر طلاق عزم طلاق کو مستلزم نہیں اور اگر ہو بھی تو ان قرائن کی حیثیت مذاکرۂ طلاق سے زیادہ نہیں مگر فقہاء نظائر مذکورہ میں باوجود مذاکرہ کے جو ان کے نزدیک قرینہ قویہ نیت طلاق کا ہے پھر بھی نیت زوج کو ضروری بتلاتے ہیں جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ ان الفاظ کے تکلم کے وقت ایقاع طلاق کی نیت شرط ہے جو بدون اقرار زوج کے معلوم نہیں ہو سکتی۔

اس کے بعد میں فاضل مجیب کو اس پر بھی متوجہ کرتا ہوں کہ انہوں نے اس مقام پر قتل کی نظیر بیان کرنے میں سخت مسامحت کی ہے کیونکہ قتل افعال حسیہ میں سے ہے، عقود وفسوخ کی جنس سے نہیں ہے عقود وفسوخ کا تحقق محض الفاظ سے ہوتا ہے اس لئے وہاں صریح وکنایات اور نیت سے بحث لازم ہے اور افعال حسیہ کا وجود الفاظ سے نہیں ہوتا بلکہ فعل حسی سے ہوتا ہے وہاں نیت سے کچھ بحث نہیں۔ پس جب فعل حسی یعنی قتل بالجارحہ کا تحقق ثابت ہوگیا اب نیت قتل کا انکار نفی قتل میں لغو ہے۔ اور اگر طلاق ونکاح کا تحقق بھی ایجاب وقبول یعنی الفاظ سے نہ ہوا کرتا بلکہ کسی عمل سے ہوتا تو بعد ثبوت

Made searchable using ScribeTools.com

عمل یہاں بھی نیت کی بحث کو لغو کہا جاتا اور قتل و زنا میں بھی اگر ایسی صورت ہو جہاں ثبوت زنا و قتل کا مدار بینہ پر نہ ہو بلکہ صرف اقرار ملزم پر ہو اور اس صورت میں ملزم یوں کہے کہ "آپ مجھ کو ہی قاتل سمجھ لیں" یا یوں کہے کہ "مجھی کو زانی سمجھ لیں" تو ہم یقین کرتے ہیں کہ ایسے محمل و محتمل اقرار سے فاضل مجیب بھی اُس کو محل قصاص و محل رجم نہ قرار دیں گے۔

فاضل مجیب کو طلاق کی نظیر میں نکاح و بیع وغیرہ کا ذکر مناسب تھا جو مثل طلاق کے الفاظ سے ثابت ہوتے ہیں۔ اب وہ غور کریں کہ اگر کوئی شخص نکاح کی مجلس میں ایجاب کے بعد یہ نہ کہے کہ میں نے قبول و منظور کیا بلکہ یوں کہے کہ آپ میری طرف سے قبول ہی سمجھیں تو کیا اس کو بدون نیت کے صریح قبول مانا جائے گا گو وہ اس سے پہلے قبول نکاح پر کیسی ہی آمادگی اور طیاری ظاہر کر چکا ہو؟ یقیناً یہاں آپ بھی یہی کہیں گے کہ یہ الفاظ قبول میں صریح نہیں بلکہ نیت پر مدار رکھا جائے گا اگر اس نے اس لفظ سے انشاء قبول کی نیت کی ہے تو قبول ہے ورنہ محض وعدہ ہے قال فی الخلاصة لو قال لامرأة اجنبية خويشتن بزنى بدهٔ فقالت داده ليران نوت وهناك شهود صح قال واما فى البيع والاجارة وكل ما يتعلق بالمال بان قيل لرجل بع هذه الدار منى فقال فروخت گيرو قبل فلان فلا يصح اھ (ج ۲ ص ۹۷)۔

دوسری نظیر واقعہ مسئولہ کی فقہاء کے کلام میں دادہ انگار و کردہ انگار ہے جس میں فقہاء نے تصریح کی ہے کہ باوجود نیت کے بھی وقوع طلاق نہ ہوگا۔ قاضی خان نے اس کو زیادہ وضاحت سے بیان کیا ہے امرأة قالت لزوجها مرا طلاق ده وقال الزوج داده انگار او قال كرده انگار لا يقع الطلاق وان نوى كانه قال لها بالعربية احسبى انك طالق وان قال ذلك لا يقع وان نوى اھ (ج ۲ ص ۲۱۰) اسی قاضیخان میں (ج ۲ ص ۲۱۴) ہے ولو قيل لرجل اطلقت امرأتك؟ فقال عدها مطلقة او احسبها مطلقة لا تطلق امرأته اھ اور اگر تامل صادق سے کام لیا جائے تو لفظ جواب ہی سمجھیں گے ترجمہ طلاق دادہ گیر سے زیادہ قریب طلاق دادہ انگار و احسبى انك طالق وعدها مطلقة ہے اور ان میں فقہاء باوجود نیت کے بھی وقوع طلاق کے قائل نہیں اور دادہ گیر کا ترجمہ صحیح یہ ہے کہ "طلاق ہی مان لو"، پس صورت مسئولہ میں اگر متکلم نے یوں کہا ہوتا کہ "آپ میری طرف سے جواب ہی مان لیں" تو بیشک لفظ طلاق دادہ گیر

کی صریح نظیر تھی جس سے بشرطانیت ایقاع بوقت تکلم وقوع طلاق کا ہو جاتا اور جواب ہی سمجھیں میں حکم وقوع طلاق دشوار ہے اور بدون نیت بوقت تکلم کے تو دشوار تر ہے فاضل مجیب وقت صرف کر کے اس میں دوبارہ غور کریں۔

(۲) فاضل مجیب نے اس نمبر میں سخت مسامحت سے کام لیا ہے کہ زوج کے قول کو نقل کر کے یہ نہیں بتلایا کہ ایقاع طلاق کا حکم کس لفظ کی وجہ سے ہے زوج کے الفاظ یہ ہیں "میں نے تو رات بھی طلاق کی بابت کہا تھا میں تو رات بھی طیار تھا اور اس وقت بھی طیار ہوں جیسا زبان سے کہدیا ویسے دے دی اب تو کاغذ وغیرہ لکھنا باقی ہے وہ بھی لکھدونگا" فاضل مجیب کو چاہیئے تھا کہ اس کلام میں وہ لفظ معین کرتے جس سے ایقاع طلاق ثابت کیا گیا ہے وہ کہتے ہیں کہ زوج کے نزدیک تعلقات زوجیت کے انقطاع کے تمام مراحل طے ہو گئے صرف کاغذ پر لکھنا باقی ہے الخ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فاضل مجیب کے نزدیک لفظ "اب تو کاغذ وغیرہ پر لکھنا باقی ہے" سے وقوع طلاق کا ہوا ہے حالانکہ یہ لفظ الفاظ ایقاع میں سے ہرگز نہیں اگر کسی شخص نے ایک مرتبہ بھی انشاء طلاق و ایقاع کا لفظ زبان سے نہ نکالا ہو اور وہ لاکھ مرتبہ یہ کہتا پھرے کہ "اب تو کاغذ وغیرہ لکھنا باقی ہے" تو ہرگز کوئی مفتی اس لفظ سے ایقاع طلاق کی جرأت نہیں کر سکتا اور اگر لفظ "جیسا زبان سے کہدیا ویسا دیدی" کو موجب وقوع سمجھا گیا ہے تو فاضل مجیب کو لازم تھا کہ سیاق و سباق کے ساتھ ملا کر اس مہمل جملہ کا مطلب بھی واضح کرتے تاکہ دوسروں کو غور کا موقعہ ملتا کہ فاضل مجیب نے اس کے کیا معنی سمجھے اور اس کو کس قاعدہ سے موجب ایقاع طلاق قرار دیا ظاہر ہے کہ اس جملہ میں لفظ جیسا ویسا تشبیہ کا حرف ہے جس سے قائل نے ایک شے کے دینے کو زبان سے کہی ہوئی بات کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور زبان سے جو بات اس سے پہلے کہی گئی ہے وہ یہ ہے کہ "میں رات بھی طیار تھا اور اس وقت بھی طیار ہوں" جس کا حاصل صرف یہ ہے کہ وہ آمادگی بر طلاق کو اعطاء طلاق کے ساتھ تشبیہ دے رہا ہے یعنی تم میری اس ظاہر کردہ آمادگی کو مثل طلاق دینے ہی کے سمجھو اب ہم منتظر ہیں کہ فاضل مجیب فقہ کی کس جزئی سے اس کا ثبوت دیں گے کہ تشبیہ آمادگی بر طلاق باعطاء طلاق یا اس کا عکس موجب وقوع طلاق ہے میرا خیال ہے کہ وہ اس کو ہرگز ثابت نہیں کر سکتے پھر حیرت ہے کہ متکلم کے کلام کا تو کوئی جزء موجب وقوع نہیں اور فاضل مجیب اس کا خلاصہ اپنی

عبارت میں نکال کر حکم وقوع کر رہے ہیں ۔

اس کے بعد فاضل مجیب نے دوسری مسامحت یہ کی کہ اس امر میں غور نہیں کیا کہ جس لفظ سے وہ نمبر دوم میں بحث کر رہے ہیں اس کا ناقل وشاہد صرف ایک شخص ہے اور ایک شخص کا قول باوجود عدالت کے بھی باب طلاق میں حجت نہیں پھر جس لفظ کے ناقل دو تین بھی ہیں ان میں بھی عدالت شرط ہے فاضل مجیب کو حکم وقوع لگانے سے پہلے یہ معلوم کر لینا ضروری تھا کہ عدد شہادت کامل ہے یا نہیں؟ اور شہود عادل ہیں یا نہیں، اور کوئی وجہ مخاصمت بالزوج یا اتحاد مع الزوجہ تو موجود نہیں اور اس کی ضرورت مجیب اول کو نہ تھی کیونکہ اس نے عدم وقوع کا فتویٰ دیا ہے ولا حاجة فی عدم الوقوع الی هذه الشرائط هذا وقد صرح الفقهاء بلزوم الافتاء بالقضاء لا بالدیانة کما فی اوائل رد المختار واواخر الحامدیة ۔

③ اس نمبر میں فاضل مجیب نے فیصلہ کیا ہے کہ میرے خیال میں زوج کے یہ الفاظ کنایہ کی اس قسم میں داخل ہیں جن کو صالح للجواب عن سوال المرأة طلاقها فقط میں داخل کیا جا سکتا ہے الخ

اس کے متعلق عرض ہے کہ ہمارا اور آپ کا محض خیال فتویٰ میں کافی نہیں بلکہ زوج کی طرف جو الفاظ شہود نے منسوب کئے ہیں ان کو فقہاء کے کلام میں غور کر کے کسی جزئی پر منطبق کرنے کی ضرورت ہے کہ یہ لفظ فلاں لفظ کی نظیر ہے جو محض صالح للجواب ہے، اس لئے یہ بھی محض صالح للجواب ہے اس کے بعد حکم وقوع صحیح ہوگا والا فلا اور محض قاعدہ کلیہ بیان کر دینا کافی نہیں اس سے تو ہر طالب علم واقف ہے۔

آپ کا یہ ارشاد بالکل صحیح ہے کہ ان میں رد وشتم کا احتمال فہم سے بالا ہے لیکن ان الفاظ میں احتمال وعد وتسلیہ ضرور ہے ہمارے محاورہ میں وعدہ کے وقت کہا کرتے ہیں کہ اس کام کو ہوا ہی سمجھو، تم میرے پیغام کو نکاح ہی سمجھو، میری بات کو قبول ہی سمجھو۔ اسی قبیل سے یہ قول ہے کہ آپ جواب ہی سمجھیں ۔ یعنی جواب ہوا ہی چاہتا ہے ۔ اور جب یہ کلام محتمل وعد وتسلیہ ہے تو پھر یہ کہنا کیونکر صحیح ہے کہ یہ صالح للجواب عن سوال الطلاق فقط میں داخل ہے ۔ فاضل مجیب غور فرمائیں کہ عورت کے سوال طلاق کے بعد شوہر کا یہ کہنا طلاق دادہ گیر یا یلہ کردہ گیر اس میں کیا احتمال رد وشتم کا ہے ؟ ہرگز نہیں، بلکہ

ظاہر یہ ہے کہ یہ لفظ جواب سوال طلاق کے سوا کسی شئ کو رد وشتم میں سے محتمل نہیں مگر چونکہ اس میں وہی احتمال وعدہ کا اور امید دلانے کا ہے اس لئے فقہاء نے اس میں باوجود مذاکرۂ طلاق کے نیت ایقاع کو شرط کیا ہے اور طلاق انکار واحسبی انك طالقة وعدها مطلقة واحسبها مطلقة میں باوجود نیت کے بھی عدم وقوع کی تصریح فرمائی ہے کیونکہ یہ لفظ معنیٔ وعدہ میں صریح ہے جس کی نظیر[عہ] یہ ہے کہ کوئی سوال طلاق کے بعد یوں کہے طلاق کنم طلاق کنم تو اس سے بوجہ معنیٔ وعد کے وقوع نہ ہوگا قال فی الهندیة قالت لزوجها من باتونمی باشم فقال الزوج مباش فقالت طلاق بدست تواست مرا طلاق کن فقال الزوج طلاق میکنم وکرر ثلاثا طلقت ثلاثا بخلاف قوله کنم لانه استقبال فلم یکن تحقیقاً بالشك وفی المحیط لو قال بالعربیة اطلق لا یکون طلاقا ای مع النیة کما صرحوا به ۱۲ منه الا اذا غلب استعماله للحال ۱ (ج ۲ ص ۴۷۴) ۔

یہ تو جملہ اولی کے متعلق گذارش تھی اب جملہ ثانیہ کے بابت جو تحریر ۵ میں ہے عرض ہے کہ لفظ جیسا زبان سے کہدیا ویسے دیدی اب تو کاغذ وغیرہ لکھنا باقی ہے الخ یہ الفاظ طلاق میں سے ہے ہی نہیں کیونکہ اس میں محض تشبیہ اعطاء طلاق بالقول السابق ہے اور اس سے وقوع طلاق کا کوئی احتمال نہیں پھر اس قول میں کہ جیسا زبان سے کہدیا ویسے دے دی اضافت طلاق الی المرأة بالکل نہیں ہے نہ لفظاً کما هو ظاهر نہ معنیً کیونکہ عورت کو خطاب نہیں نہ بوقت اس کلام کے وہ سامنے تھی اور طلاق کا جو ذکر اس سے پہلے ہو رہا تھا وہ بھی ابہام کے ساتھ بدون اضافت کے تھا قال فی الخانیة امرأة قالت طلقنی ثلاثا فقال الزوج اینک هزار طلاق لا تطلق امرأته لانه کلام محتمل (ج ۲ ص ۲۱۵) ای لعدم الاضافة بخلاف قوله اینکت هزار طلاق حیث تطلق ثلاثا کما فی الخلاصة والله تعالیٰ اعلم اور عدم اضافت کا احتمال لفظ اول میں بھی ہے یعنی قول زوج آپ جواب ہی سمجھیں میں کیونکہ بجز ایک شاہد کے

عہ اور یہ بھی پوری نظیر نہیں کیونکہ مضارع میں بعد نیت کے وقوع ہو جاتا ہے اور الفاظ مذکورہ میں بعد نیت کے بھی وقوع نہیں ہوتا لیکن اس کو محض اس بات کے بتلانے کے لئے ذکر کیا گیا ہے کہ معنی وعد کا احتمال وقوع طلاق کی نفی کر دیتا ہے ۱۲ منہ

Made searchable using ScribeTools.com

کسی نے اضافت کی تصریح نہیں کی پس فاضل مجیب کو حکم وقوع طلاق کرتے ہوئے سب پہلوؤں پر غور کرنا لازم تھا اور باب طلاق میں اضافت کا مسئلہ ایسا مشکل ہے جس کو بہت ہی کم لوگ حل کر سکتے ہیں لاختلاف اقوال الفقہاء فیہا، وتشابہ النظائر وتشاکلہا ہذا ما عندی ولم ألُ جہدًا فی تحقیق المسئلۃ وتنقیحہا وشرحہا وتلقیحہا وفوق کل ذی علم علیم، فاللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

حررہ ظفر احمد ۱۱ ربیع الثانی ۴۷ھ۔

تحقیق مسئلہ ہدم بزبان عربی

الاستفتاء :- رجل طلق امرأتہ مرتین واثناء عدتہا مارا جعہا وما امسکہا وما طلقہا ثالثۃ حتی انقضت عدتہا وبانت منہ وہی منفردۃ منہ فی بیتہا وبعد برہۃ من الزمان سنح لہ ان ینکحہا نکاحًا جدیدًا فنکحہا لکن بعد مدۃ حدث حادث ما، فطلقہا طلقۃ واحدۃ. فی ہذہ الصورۃ یقول عامۃ الفقہاء الاعلام انہا فی ہذہ الطلقۃ الواحدۃ حرمت علیہ حرمۃ غلیظۃ حتی لا تحل لہ حتی تنکح زوجًا غیرہ وہذا لا یفقہہ حق التفقہ وما ذکروا فی الکتب لا ینتقح البتۃ بل ینصرح خلافہ فیالہ من داء عقام ولعمری من این اخذوا ہذا الحکم الشدید الضیق کثیر الحرج غایتہا أمن القرآن الحکیم او من السنۃ السنیۃ الصحیحۃ ومن القرآن الشریف لا تصل الی ایدیہم الا آیۃ اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ الآیۃ وکلما یغور النظر فی الآیۃ یجدہا آبیۃ من ان یمکن منہا اخذہ کیف والآیۃ تحکم بان الرجل اذا نکح امرأۃ یملک طلقات ثلثۃ فان طلق مرتین فلہ اختیاران ما یراجعہا ویمسکہا او یسرحہا

عہ لم یتعرض القرآن بذلک صریحا وانما ثبت ذلک بسنۃ، فان کانت السنۃ حجۃ فی ذلک فلتکن حجۃ فی غیرہ من الاحکام ۱۲ منہ

ای یطلقہا مرۃ ثالثۃ حیث فسر النبی صلعم کذا فی جواب سوال الصحابی فاین الثالثۃ؟ قال او تسریحہا فالصورۃ المحکومۃ علیہا فی القرآن ان الزوج اذا طلق امرأتہ مرتین فلہ ان یراجعہا او یطلقہا ثالثا فی اثناء عدتہا اذ الرجعۃ انما تتصور فی العدۃ والطلقۃ الثالثۃ تنفذ اذا وقعت فی العدۃ فان طلقہا کذا انلا تحل لہ حتی الآیۃ فقولہ تعالیٰ فان طلقہا اعادۃ للتسریح المذکور یترتب علیہا الحکم الآتی وانت خبیر انما الآیۃ تقتضی ان الطلقۃ الثالثۃ اخرجتہا عن صلوحہا للحلیۃ النکاح الجدید بالمطلق حتی تنکح زوجا غیرہ والصورۃ المستشکلۃ وراء تلک الصورۃ لا یوافقہا بل یبائنہا اذ فی ہذا ما امسکہا وما سرحہا بل ترکہا علی حالہا حتی بانت وعادت الی حالتہا الاولی حیث لا تحل لہ حتی ینکحہا نکاحًا صحیحًا جدیدًا اذ النکاح بانقضاء العدۃ قد انعدم بالمرۃ وانصرم بالکلیۃ ولم یبق اثرہ البتۃ الیس حین بانت منہ بانقضاء عدتہا صارت اجنبیۃ منہ ولم تصلح محلًا بالتصرف ولا یحل لہ وطیہا ولا مسہا بشہوۃ ولا ینفذ تطلیقہا ثالثًا اذ التطلیق انما تتصور فی النکاح اما قبل حدوثہ او بعد زوالہ فلا اذ لم یصادف محلًا وہل تجب علیہ بعد انبتات عدتہا نفقتہا او کسوتہا وغیر ذلک ولا اظن احدًا ہجس بہ نفسہ فتفوہ بہ الیوم ان مات ہو لا تعتد ہی عدۃ الوفاۃ ولا ترثہ وہو لا یرثہا ان ماتت ہی حین بانت منہ بانقضاء العدۃ فبعدہ ان نکحہا کان نکاحًا جدیدًا ولا بد

عہ لانہ لو توقف نفاذہا علی العدۃ؛ بل تنفذ بعد العدۃ أیضا إذا یزوجہا ثانیا، وقولہ تعالیٰ "أو تسریح بإحسان" — یعم التسریح فی العدۃ وبعدہا، فمن أین للسائل أن یقیدہ بزمان العدۃ؟ ۱۲ منہ۔

عہ لقائل أن یقول: إذا طلق الرجل امرأتہ ثلاثا فکیف حرمہا اللہ تعالیٰ علیہ حتی تنکح زوجا غیرہ؟ فہل إذا انکحت غیرہ یکون نکاحہ بہا نکاحا جدیدا؟ ولا یکون کذلک إذا انکحہا بغیر ذلک، مع أنہا صارت أجنبیۃ عنہ، لا یرثہا ولا ترثہ، فإن کان التزوج بزوج آخر یغیر المرأۃ عن حالہا، ولا تتغیر بدون ذلک، ای: الحل، فکذا یجوز أن لا یتغیر حال امرأۃ بقضاء عدتہا بعد طلقتین کل التغییر وإن کان قد تغیر تغییرا ما، فافہم ۱۲ منہ۔

اذا الایجاب والقبول جدیدان والتراضی جدید والمهر جدید وکذا الشهود
ولا یمکن ان یکون هذا النکاح هو الاول والا یلزم اعادة المعدوم او تحصیل
الحاصل وقوانین الشرع لا تساعده شیئا وهی حینئذٍ تکون تصلح لنکاح کل
احد وخطبته واذ النکاح الاول کان باقیا کانت لم تصلح فاذن قد
ثبت ان النکاح الاول وتوابعه بمعزل من ان یعد او ینضاف الی هذا
وصار کان لم یکن شیئا مذکورا وانقضاء عدة الطلقة الثانیة لا یخرجها
عن صلاحها لمحلیة النکاح الجدید بالمطلق نعم ازال مالکیة للطلقة الثالثة
بالبرة وبعبارة اخری وطی الزوج الثانی فی الصورة المحکومة علیها فی
القرآن الشریف لا یملکه للطلقات الثلاثه جدیدا بالذات بل بالعرض
انما یأهله لان ینکحها جدیدا فهذا النکاح الجدید یصیره مالکا للطلقات
الثلاثة بالذات او هو یملک بنفسه للطلقات الثلاثة بعد النکاح و
حیث لا یتوقف نکاحا جدیدا ایضا لا یتوقف مالکیته للطلقات الثلاثة
البتة والاثر المروی یحدث عن رجل من تومه عن رجل من اصحابه صلعم
فیه ضعف ومجهول بتین کیف یوخذ منه الحکم الشدید الضیق کثیر
الحرج ینبغی لرجل فقیه ان یسلک مسلک الیسر والرفق دون العسر و
الرتق مهما امکن یرید الله بکم الیسر ولا یرید بکم العسر وما جعل
علیکم فی الدین من حرج سیما اذا قامت علیه الحجة فهی المحجة کیف

عه وان ادعی احد ان توقف جواز النکاح بعد الطلقات الثلاث علی النکاح بزوج
آخر من الحرج فهل یقول السائل بجوازه بدونه ؟ ۱۲ منه .

یجترأ احد وکیف یسوغ لفقیه ان یحرم فرجا عه علی من اباحه الله تعالی
لیعین من النکاح ویحل علی رجل حرامها علیه ولیس معه حجة قویة نضیجة
ولا سنة صریحة صحیحة ونحن نذعن ان الصحابة کانوا اعمق علما و
اروق فهما واحق حکما وادق فقها ورئیا فنتحیر کیف سلکوا هذا
المسلک الوعرة بل نظن وقع الغلط فی النقل عنهم عه نعم یتضح هذا فی ما
اذا امسکها وراجعها واعادها الیه فی اثناء عدتها حیث تعود الیه
بما بقی وقول ابن عباس رضی الله عنه نکاح جدید وطلاق جدید
لعمری هو اشبه واحق واحری بالقبول ولا یتوقف هذا علی نکاح زوج
الثانی او اصابته اذ لا اثر له ولا تعلق بوجه ما البتة لیس الا وذکر
الزوج الثانی انما هو بالاتفاق اذ الحادث لعله قد اتفق کذا واما
بالحکم فلا مساس له البتة کما لا یخفی وتحس اثرا او تشم رائحة من
قول حبر الائمة ابن عباس رضی الله تعالی عنه نکاح جدید وطلاق
جدید ان تجدد النکاح انما تکون اذا اصابها زوج آخر کلا ولم یثبت
ولم یتحقق فیها قضاء رسول الله صلی الله علیه وسلم بذلک کیف ولو
کان فما بال حبر الائمة امام الائمة نحریر النجمة اذ قد خفی علیه مثل
هذا القضاء مع سعة الفضاء والعجب علی العجب من الفقهاء الاعلام کیف سطحوا للعه النظر

عه وکیف یجوز لعالم ان یحلل فرجا حرمه الله ورسوله لا حد ۱۲ .

عه واختلط الصور بعضها ببعض وهو برئ منه وکیف ما هو والله اعلم ۱۲
من السائل .

سه علی الناقل تصحیح النقل فان ابن عباس لم یقل بذلک الا اذا ما تزوجها بعد
تحلل النکاح بزوج غیره ۱۲ .

للعه یا عجبا ممن لا یحسن العربیة ولا کتابة کیف یطعن علی الفقهاء الاعلام ویجعل نظرهم
سطحیا ونظره غائرا وهل هذا الا الضلال ۱۲ ظفر .

Made searchable using ScribeTools.com

ھھنا غایة السطیحة ولم یعقوھا قلیلاً فزعموا بما ھو مخالف العقل و النقل ھذا ولعل اللہ یحدث بعد ذلک امراً ۔

الجواب؛ اقول وباللہ التوفیق ۔ کلما ذکرہ السائل اغلوطة محضة لا یلتفت الیھا مؤمن فی قلبہ حب اللہ ورسولہ وعزة الایمان ولیت شعری ھل ھو مجتھد ام مقلد فان کان مجتھداً فلیجعل نفسہ عرضة لا متحان لکی یکرم او یھان وایضاً فلا یجوز لمجتھد احداث قول قد اجمع السابقون من المجتھدین علی بطلانہ وان کان مقلداً فلیس لہ الا التسلیم لما قالہ الفقھاء المجتھدون قبلہ ومن این لہ ان یعترض علی النقل الصحیح والا فیرتفع الامان عن الشریعة المطھرة علی مبلغھا الف الف تحیة ۔ ھذا وقد اجمع المجتھدون من الفقھاء والمحدثون من العلماء والراسخون من الفضلاء علی ان المرأ اذا طلق امرأتہ ثلاثا مجتمعة او متفرقة سواء کان بعد ماتن وجھا ثانیا بشرط عدم تخلل نکاحھا بزوج آخر دونہ فھی طالق علیہ ثلاثا لا تحل لہ حتی تنکح زوجا غیرہ واما ابن عباس فانما قال نکاح جدید وطلاق جدید اذا تزوجھا الاول بعد تخلل نکاحھا بزوج آخر فقال یھدم الواحدة والثنتین و الثلاث وبمثلہ قال ابن عمر کما فی کتاب الآثار لمحمد بن حسن (رض) ولم یقل ذلک اذا تزوج بھا من غیر تخلل النکاح بغیرہ ومن ادعی فعلیہ البیان والی اللہ المشتکی مما احدثہ ھذا السائل فی الشرع فلم یسبقہ احد الیہ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

وایضا فان قولہ تعالیٰ او تسریح باحسان لیس بصریح فی الطلقة الثالثة وانما یوخذ منھا ذلک ببیان الصحابة عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولیس فی القرآن ان الرجل یملک علی زوجتہ ثلاث تطلیقات وانما فیہ الطلاق مرتان فلما کان بیان الرسول بنقل اصحابہ حجة فی تفسیر التسریح بالاحسان بالطلاق الثالث فلیکن کذلک قولھم ان التسریح یعم ما اذا طلقھا ثالثا فی النکاح الاول او فی الثانی او فی الثالث

مالم یتخلل النکاح بزوج آخر غیرہ فافھم ۔

۸ر جمادی الاولیٰ ۴۸ھ

حکم لزوم کفارہ وعدم وقوع طلاق جبکہ شوہر یہ حلف اٹھائے کہ خدا کی قسم تیرے ہاتھ کا کھانا کھاؤں تو اپنی ماں سے زنا کروں

(سوال) کسی نے حالت غصہ میں اپنی زوجہ کو کہا کہ تیرے ہاتھ سے کبھی نہیں کھائیں گے خدا کی قسم اگر کھائیں تو میں میرے ماں کے ساتھ زنا کروں گا کئی دن بعد اس نے اس کے ہاتھ سے کھانا شروع کر دیا اس پر طلاق واقع ہوگا یا نہیں اگر واقع ہو تو کے طلاق اور کیا کرنا ہوگا اور اگر نہ ہو تو حلف صادق آئے گا یا نہیں اور اگر صادق ہو تو کفارہ لازم ہوگا یا نہیں اگر ہو تو کیسا بالتفسیر لکھنا، فقط؟

الجواب؛ صورت مسئولہ میں یعنی جبکہ بیوی سے یوں کہا خدا کی قسم اگر تیرے ہاتھ کا کھانا کھاؤں تو اپنی ماں کے ساتھ زنا کروں اور پھر اس کے ہاتھ کا کھانا کھالیا تو اس سے طلاق واقع نہ ہوگی بلکہ قسم کا کفارہ دینا لازم ہوگا ۔ واللہ اعلم ۔

کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ، ۹ر شوال ۴۵ھ ۔

الجواب صحیح، ظفر احمد عفا عنہ ۔ ۱۰ر شوال ۴۵ھ ۔

دقوع طلاق کے لئے الفاظ طلاق پر تلفظ شرط ہے

(سوال) معروض یہ ہے کہ ایک شخص نے بلا تلفظ یعنی دونوں ہونٹ بند ہونے کی حالت میں اپنی زوجہ کو طلاق دی اور کچھ حرکت دونوں ہونٹ میں اور زبان میں بھی اندر ہی اندر ہوئی یعنی ہلنا پایا گیا غرض دونوں ہونٹ ایک دوسرے کے ساتھ ملے رہے اور زبان میں اندر ہی اندر حرکت ہوئی اور دونوں ہونٹ میں بھی حرکت ہوئی بند ہونے کے حالت میں جس قدر حرکت ہو سکے اور بے تلفظ اپنی زوجہ کو طلاق دی یہ طلاق واقع ہوئی یا نہ ہوئی امید ہے کہ جواب سے ممنون فرماویں ؟

الحاصل یہ طلاق دینا تلفظ کے ساتھ نہ ہوا اور دل ہی دل میں بھی نہیں بلکہ بین بین جیسا کہ تفصیلاً عرض کیا گیا زبان میں اور دونوں ہونٹوں میں بند ہونے کی حالت میں جس قدر حرکت ہو سکے حرکت پائی گئی مگر تلفظ قطعاً نہیں جب تلفظ نہیں تو دل ہی دل میں شمار کیا جاوے یا نہیں ؟

الجواب؛ صورۃ مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی کیونکہ وقوع طلاق کے لئے تلفظ شرط ہے اور منہ بند کر کے جو زبان کو حرکت دی گئی ہے وہ تلفظ نہیں ہے لان المشائخ

اختلفوا فی حد النطق والتلفظ علی ثلثة اقوال فبعضهم قالوا هو خروج صوت یصل الی اذنه (ای ولو حکما کما کان هناك مانع من صمم او جلبة اصوات او نحو ذلك قاله الشامی) وبعضهم قالوا هو خروج الصوت من الفم وان لم یصل الی اذنه لکن بشرط کونه مسموعا فی الجملة حتی لو ادنی صماخه الی فیه یسمع والقول الثالث انه یکفی تصحیح الحرف کما هو المذکور فی البحر رد المحتار وفتح القدیر وغیرها من کتب الفقه ولا یخفی ان الصورة المسئولة لا یصدق علیه حد التلفظ علی احد من الاقوال الثلثة اما علی الاول والثانی فظاهر لا یحتاج الی البیان واما علی الثالث فنقول ان المراد بکفایة تصحیح الحروف ان مجرد خروج الصوت (ای الهواء المتموج) من الفم یکفی وان لم یکن مسموعا قط ولیس مرادهم ان مجرد تحریك اللسان ووضعه علی المخارج یکفی بدون الصوت لان الصوت ماخوذ فی حد الحرف کما قال صاحب کشاف الاصطلاحات عرفه القراء بانه صوت معتمد علی مقطع محقق او مقدر وعرفه ابن سینا بانه کیفیة للصوت بها یمتاز الصوت عن صوت آخر (ص ۳۱۹) والصوت کیفیة تحدث فی الهواء من تموجه بسبب قرع او قلع مع المقاومة کما فی حاشیة المیبذی عن العلمی. فثبت ان تصحیح الحروف لا یتاتی بدون التموج فی الهواء و لا یخفی ان التموج لا یحدث بغیر انفتاح الشفتین، والله اعلم.

فائدہ :- القول الاول اصح وارجح لاعتماد اکثر علماء نا علیه کما نقله الشامی عن فتاوی الخیریة واختاره صاحب التنویر فی القراءة وقال بعده یجری ذلك فی کل ما یتعلق بنطق کتسمیة علی ذبیحة ووجوب سجدة تلاوة وعتاق وطلاق وقال صاحب الدر متفرعا علیه فلو طلق او استثنی ولم یسمع نفسه لم یقع فی الاصح ولکن القول الثالث ایضا مصحح کما فی الشامی عن الخیریة ایضا فینبغی الاخذ بالاحوط ای یعمل بالاول فی القراءة والتسمیة و الاستثناء وبالثالث فی السجدة والعتاق والطلاق وهذا آخر ما اردنا ایراده فی هذا المقام بتوفیق الملك العزیز العلام، کتبه الاحقر عبد الکریم عفی عنه ۸ ذیقعده ۱۳۵۱ھ

حکم طلاق مدہوش وغیرہ

(سوال) چه میفرمایند علمائے شریعت غرا و فضلائے ملت بیضاء اندرینکه شخصے مسمی بطفیل علی چهار پنج سال میگذارد که وے بمرضے شدید تا مدت مدید مبتلا گشته بود که اندرون دهان او دُمّلی هائل وجراحتی عظیم پیدا شد تکالیف شاقه وآلام و اوجاع متنوعه ازان کشیده بود دو سه بار طبیب نشتر زده آنرا شگافته انواع مواد فاسده از لیم واز وآب وخون فاسد ازان برآورده بود بالجمله قریب بمرگ رسیده بود و بر بستر موت خفته اما بسبب بقائے مدت حیات بحکم این مقوله صادقه بیت ؎

اگر در حیاتت بمانده است دیر ؎ نه مارت گزاید نه شمشیر و شیر

آهسته آهسته ازین مرض هائل سبکدوش گردید اما اثرش تا هنوز باقی ست که اگر خلاف مرضی چیزے از کسی از زن وفرزند و مادر و برادرش سرزد شود چنان در طیش آید که چشمش خیره ودماغش متغیر وعقلش مختل گردد واقوال وافعال برون از حد اعتدال وخارج از جاده استقامت ازو سرزد شود همچون مدهوشان ومجنونان اما بیخبر محض نشود وادراک وعلم و ارادہ بالکلیه زوال پذیر نگردد باری وے درچنین حالت اختلال عقل زن خود را سه طلاق داد آیا شرعًا زنش مطلقه ثلاث شده است یا نه وکسیکه حالش دو سه بار چنین شده اگر دعوی تطلیق در انچنان حالت نماید شرعًا قولش معتبر شود یا نه؟ بینوا توجروا

جواب آمده از بنگال بغرض تصدیق

درصورت سوال آن شرعًا مطلقه نشده است فی رد المحتار انا لم نعتبر اقوال المعتوه مع انه لا یلزم فیه ان یصل الی حالة لا یعلم فیها ما یقول ولا یرید وایضا فیه والذی یظهر لی ان کلام المدهوش والغضبان لا یلزم فیه ان یکون بحیث لا یعلم ما یقول بل یکتفی فیه بغلبة الهذیان واختلاط الجد بالهزل کما هو المفتی به فی السکران. وایضا فیه فان بعض المجانین یعرف ما یقول ویریده ویذکر ما یشهد الجاهل به بانه عاقل ثم یظهر منه فی مجلسه ما ینافیه فاذا کان المجنون حقیقة قد یعرف ما یقول ویقصده فغیره بالاولی فالذی ینبغی التعویل علیه فی المدهوش ونحوه ان اناطة الحکم بغلبة الخلل فی اقواله وافعاله الخارجة عن عادته وکذا یقال فیمن اختل

Made searchable using ScribeTools.com

عقله لکبر او لمرض او لمصیبة فاجأة فما دام فی حال غلبة الخلل فی الاقوال و الافعال لا تعتبر اقواله وان کان یعلمها ویرید ها لان هذه المعرفة والارادة غیر معتبر لعدم حصولها عن ادراک صحیح کما لا تعتبر من الصبی العاقل انتهی ۔ ازیں عبارات بخوبی مدرک گردید کہ زن طفیل علی مطلقہ ثلاث نشدہ است اگرچہ وی در انحالت اختلال عقل بعلم و ارادہ وقصد ایقاع طلاق دادہ باشد بسبب عدم صحت ادراک او دعوی تطلیق او در آنچناں حالت شرعاً معتبر و مقبول نگردد فی رد المحتار واذا کان یعتاده بان عرف منه الدهش مرة یصدق بلا برهان، فی الهدایة: فصار کما اذا قال طلقت او اعتقت وانا مجنون والجنون منه کان معهودًا فی حاشیة الهدایة قوله کما اذا قال الخ فالقول قوله حتی لا یقع الطلاق والعتاق لاضافته الی حالة منافیة للایقاع ۱۲ ع انتهی فقط واللہ اعلم بالصواب ۔

المجیب احقر فیض اللہ عفی عنہ مدرس ومفتی مدرسہ معین الاسلام ہاٹہزاری چاٹگام

اصاب فیما اجاب فقد اصاب المجیب المجیب مصیب

خلیل الرحمن عفی عنہ یعقوب عفا اللہ عنہ ۔ عبد الوہاب عفی عنہ

جواب از خانقاہ

یہ تو صحیح ہے کہ مدہوش کی طلاق واقع نہیں ہوتی ولیکن اولاً اسکی تحقیق ضروری ہے کہ وہ مدہوش ہے یا نہیں. یعنی جو حالت سوال میں لکھی ہے اگر اسکو کم از کم دو ثقہ اور شناخت رکھنے والے آدمیوں نے معائنہ کر کے تجویز کیا ہو کہ یہ شخص مدہوش ملحق بالمجنون ہے تب مدہوش ہونا ثابت ہوگا اور اگر یہ معائنہ اسوقت ہوا ہو جسوقت کہ اس نے طلاق دی ہے تب تو یہ دو گواہ کسی حاکم یا محکم کے سامنے گواہی دیدیں اسپر عدم وقوع کا حکم ہو جائے گا اور اگر طلاق کے واقعہ سے قبل معائنہ ہوا ہو تو معائنہ پر گواہی لینے کے بعد خاوند سے قسم بھی لی جاوے کہ اسوقت اس کا ہوش ٹھکانے نہ تھا تب عدم وقوع کا حکم دیا جائے بدون یمین اور بینہ کے عدم وقوع کا فتویٰ دینا درست نہیں فتویٰ میں ضروری قیود کا ذکر کرنا لازم ہے ورنہ جاہل لوگ فتویٰ دیکھتے ہی اپنا مطلب نکال لیتے ہیں قیود و شرائط کیطرف اصلا التفات نہیں کرتے، فقط والسلام۔

کتبہ الاحقر عبد الکریم عفی عنہ، ۱۴ محرم الحرام ۵۲ھ